# فہرست مضامین فتاوی دارالعلوم دیوبند، مدلل ومکمل جلد ششم

## کتاب الزکوٰۃ


پہلا باب: شرائط اور صفت زکوٰۃ ۴۷
زکوٰۃ کا حکم کب نازل ہوا؟ ۴۷
ایک مسئلہ کی تحقیق ۴۷
نابالغ کے مال میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں ۴۷
مقدار نصاب کیا ہے اور زکوٰۃ ہر سال ہے یا صرف ایک مرتبہ ۴۸
جب یہ پتہ نہ ہو کہ وہ نصاب والا کب سے ہے تو کیا کرے ۴۸
دختر کے روپے میں زکوٰۃ ۴۹
مال کی ہر قسم کی زکوٰۃ علیحدہ علیحدہ وقتوں میں ۴۹
کتابیں جو مروتاً دی جاتی ہیں ان میں زکوٰۃ ہے یا نہیں ۴۹
قرض حسنہ کی زکوٰۃ ۴۹
جس کے پانچ سو روپے ہیں اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں ۴۹
مہر مانع کی زکوٰۃ نہیں ۴۹
امانت کے روپے سے زکوٰۃ ادا کی جاسکتی ہے ۵۰
ٹکٹ اور نوٹ سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں ۵۰
زکوٰۃ ہر سال دی جائے گی ۵۰
عورت بغیر اطلاع شوہر اپنے زیور و سامان کی زکوٰۃ دے سکتی ہے یا نہیں ۵۰
امین پر مال امانت کی زکوٰۃ ہے یا نہیں ۵۱
بغرض حفاظت جو رقم دی گئی ہے اس پر زکوٰۃ کب سے ہے ۵۱
مدرسہ کے چندہ میں زکوٰۃ نہیں ہے ۵۱
مال حرام سے زکوٰۃ دینا کیسا ہے ۵۱
مکان کی مالیت پر زکوٰۃ ہے یا آمدنی پر ۵۲
زیور و نقد پر زکوٰۃ ہے یا نہیں ۵۲
زکوٰۃ کس حساب سے دی جائے اور کب ۵۲

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| بیوی کے صاحب نصاب ہونے سے شوہر صاحب نصاب نہیں ہوتا | ۵۲ |
| قرض دار جس کی ذاتی آمدنی بھی ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۲ |
| صاحب نصاب کی تعریف | ۵۳ |
| جس کے پاس ۳۶ تولہ چاندی اور ۵ تولہ سونا ہے وہ صاحب نصاب ہے یا نہیں | ۵۳ |
| مہتمم مدرسہ کے پاس مدرسہ کی جو رقم جمع رہتی ہے اس میں زکوٰۃ نہیں | ۵۳ |
| قرض کی زکوٰۃ وصولی کے بعد دی جائے گی | ۵۳ |
| رہن کے ذریعہ جو روپیہ قرض لیا گیا ہے اگر وہ سال بھر رکھا رہے تو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۴ |
| مہر میں جو زیور دیا گیا اس کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے | ۵۴ |
| نیوتہ والے روپے کی زکوٰۃ | ۵۴ |
| ہزار روپیہ ہو مگر اس میں پانچ سو نیوتہ کا باقی ہو تو کیا اس پر زکوٰۃ آئے گی | ۵۴ |
| زید کا مال والدین اور بھائی کی قبضہ میں رہا اب اس کے تصرف میں آیا ہے تو وہ کب سے زکوٰۃ دے | ۵۵ |
| بذریعہ حیلہ زکوٰۃ لینا درست ہے یا نہیں | ۵۵ |
| مفتی بہ نصاب زکوٰۃ کیا ہے | ۵۵ |
| کرایہ کے مکان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۶ |
| مہر کا روپیہ جو شوہر کے ذمہ ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۶ |
| کھیت کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں ہے | ۵۶ |
| کھا پی کر جس کے پاس بقدر نصاب جتنا بچے سال گذرنے کے بعد اس کی زکوٰۃ دے | ۵۶ |
| نقد مال اور خرچ وغیرہ کی زکوٰۃ کس طرح دے | ۵۶ |
| جس مالک نصاب پر دین مہر سے زیادہ مال ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۷ |
| گزشتہ سال کی زکوٰۃ فرض ہے | ۵۷ |
| جو مکان کرایہ پر ہو اس کی زکوٰۃ کا کیا طریقہ ہے | ۵۷ |
| مکان سے جو کرایہ آئے اس کی زکوٰۃ | ۵۷ |
| زیورات جو برابر نہ پہنے جائیں ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۷ |
| مندرجہ ذیل اشیاء میں سے کن چیزوں پر زکوٰۃ ہے | ۵۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| قرضدار پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۸ |
| خرید کردہ قیمت پر زکوٰۃ ہوگی یا موجودہ نرخ پر | ۵۸ |
| سال کی بچت پر زکوٰۃ کس حساب سے ہے | ۵۸ |
| مالدار بچہ کے مال میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۸ |
| عورت کے زیور، سواری کے گھوڑے اور ہل جوتنے کے بیلوں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۵۸ |
| امارت شرعیہ بہار کے بیت المال میں اگر زکوٰۃ نہ بھیجے، بطور خود تقسیم کردے تو کیا حکم ہے | ۵۹ |
| اثاث البیت کی مراد | ۵۹ |
| زکوٰۃ کے نقد روپے اگر اپنے روپے سے ملالے اور بتدریج زکوٰۃ دے دے تو کیسا ہے | ۵۹ |
| خاص ضرورت کے لئے جو رقم جمع کرے اس میں زکوٰۃ | ۶۰ |
| وکیل نے دوسرے مستحق کو زکوٰۃ دے دی تو کیا حکم ہے | ۶۰ |
| بیس ہزار قرض ہو اور بچت نہ ہو تو زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں | ۶۰ |
| ایک سال کی زکوٰۃ نہ دے تو دوسرے سال کیا کرے | ۶۱ |
| عورت کو جو زیورات والدین نے دیئے ان کی زکوٰۃ عورت پر ہے یا شوہر پر | ۶۱ |
| زیور کا مالک والدہ کو بنایا تو زکوٰۃ کس پر ہے | ۶۱ |
| سال پورے ہونے کے دو تین ماہ تاخیر سے زکوٰۃ کی رقم دے تو یہ کیسا ہے | ۶۱ |
| زمین کی قیمت بقدر نصاب ہے مگر پیداوار نہیں، تو کس کا اعتبار ہوگا | ۶۱ |
| شرکت کی تجارت میں جو زکوٰۃ نکلی اگر دوسرا شریک نہ دے تو کیا حکم ہے | ۶۲ |
| مندرجہ ذیل استعداد رکھنے والے پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۲ |
| قرضہ مجرا کرکے مالیت کی زکوٰۃ دی جائے | ۶۳ |
| بیٹا جو مال ماں باپ کے تصرف میں دے دے اس کی زکوٰۃ کس پر ہے | ۶۳ |
| بارہویں مہینہ جس روپے سے مکانات خریدے کیا اس پر بھی زکوٰۃ ہے | ۶۳ |
| سو روپے ایک بھائی اور دو بہنوں میں ہوں تو زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں | ۶۳ |
| جتنی زکوٰۃ واجب ہو اس سے زیادہ دینا کیسا ہے | ۶۴ |
| جس کے پاس بارہ سو روپے ہیں اور وہ گیارہ سو کا مقروض ہے تو کتنے کی زکوٰۃ دے | ۶۴ |
| وکیل زکوٰۃ میں تصرف نہیں کرسکتا ہے | ۶۴ |
| کیا زکوٰۃ کا کوئی مہینہ متعین ہے | ۶۴ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مالک کے مال سے نفع اٹھانے والے زکوٰۃ ادا کریں تو کیا حکم ہے | ۶۴ |
| سال بھر خرچ کے بعد جو غلہ رہ گیا اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۵ |
| کیا اراضی و باغات زیورات کی طرح موجب زکوٰۃ ہیں اور قرض ہو تو کیا کیا جائے | ۶۵ |
| زرعی جائیداد میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۵ |
| انگریزی روپے سے نصاب کی مقدار کیا ہے | ۶۵ |
| سو روپے کی زکوٰۃ کیا ہے | ۶۶ |
| دلہن کو جو زیور دیا جاتا ہے اس کی زکوٰۃ کس پر ہے | ۶۶ |
| مندرجہ ذیل صورت میں کتنے کی زکوٰۃ دے | ۶۶ |
| زکوٰۃ میں مہینہ کا اعتبار ہے یا تاریخ کا | ۶۶ |
| نابالغ کا مال جو شرکت میں ہے اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۶ |
| نابالغین کی جو امانت والدین کے پاس ہو اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۷ |
| جو پیداوار کھانے کے لئے کافی نہ ہو کیا اس میں بھی زکوٰۃ ہے | ۶۷ |
| جس روپے کے وصول ہونے کی امید نہیں کیا اس میں بھی زکوٰۃ ہے | ۶۷ |
| سال میں جو رقم گھٹتی بڑھتی رہتی ہے اس کی زکوٰۃ کیسے ادا ہوگی | ۶۷ |
| گھر کا زیور تمام گھر والوں میں تقسیم ہو کر نصاب بنے گا یا مجموعہ | ۶۸ |
| آلات تجارت میں زکوٰۃ | ۶۸ |
| جو روپیہ دھوکہ دے کر غریب کو دے دیا، نیت سے زکوٰۃ ہوگی یا نہیں | ۶۸ |
| نصاب زکوٰۃ کیا ہے | ۶۸ |
| مکان وغیرہ کی زکوٰۃ کا حکم | ۶۹ |
| زکوٰۃ خریداری والی قیمت پر ہے یا بکری والی پر | ۶۹ |
| بازار سے کیا مراد ہے؟ مقامی یا کوئی اور عطر میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۶۹ |
| عطر اور روغن کی زکوٰۃ کی لاگت والی قیمت پر دی جائے یا بکری والی پر | ۶۹ |
| ختم سال پر کل مال کی لاگت جوڑ کر زکوٰۃ دی جاتی ہے، درست ہے یا نہیں | ۷۰ |
| قرض کی زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۷۰ |
| حولان حول | ۷۰ |
| گوٹہ پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۷۰ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| **دوسرا باب: زکوٰۃ کی ادائیگی** | ۷۱ |
| روپے کے عوض اٹھنی چونی دینے سے زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے | ۷۱ |
| نوٹ کے بارے میں وجوب اور ادائیگی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے | ۷۱ |
| زکوٰۃ کی رقم چوری ہوگئی تو کیا دوبارہ زکوٰۃ نکالے | ۷۱ |
| جو قرض تھوڑا تھوڑا وصول ہوتا رہا اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے | ۷۱ |
| زکوٰۃ میں گھر کا کپڑا وغیرہ دینا کیسا ہے | ۷۱ |
| مدرسہ مہتمم کو زکوٰۃ دینے سے ادا ہوتی ہے یانہیں | ۷۲ |
| حرام کی کمائی میں زکوٰۃ ہے یانہیں | ۷۲ |
| نوٹ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یانہیں | ۷۳ |
| زکوٰۃ کی رقم الگ کردی تھی کچھ تقسیم کی اور کچھ چوری ہوگئی کیا حکم ہے | ۷۳ |
| غصب اور رشوت کے مال پر زکوٰۃ ہے یانہیں | ۷۳ |
| حدیث کی کتابوں پر زکوٰۃ ہے یانہیں | ۷۳ |
| زکوٰۃ کی رقم بذریعہ رجسٹری بھیجی گئی مگر موصول نہ ہوئی تو کیا حکم ہے۔ | ۷۴ |
| بیوہ کا قرض اس نیت سے ادا کرنا کہ زکوٰۃ میں وضع کرلوں گا کیا حکم ہے | ۷۴ |
| مدرسہ میں روپیہ جمع کرانے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یانہیں | ۷۴ |
| بلا طلب دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یانہیں | ۷۴ |
| جس قرض کے وصول ہونے کی امید نہ تھی دفعتاً مل گیا، کیا حکم ہے | ۷۵ |
| مشین کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یانہیں | ۷۵ |
| کرایہ کی نیت سے جو مکان خریدا، اس کی زکوٰۃ | ۷۵ |
| لڑکا باپ کی طرف سے زکوٰۃ ادا کردے تو کیا حکم ہے | ۷۵ |
| زکوٰۃ دیتے وقت فقیر سے کہے کہ للہ یہ رقم میرے بیٹے کو دے دو تو زکوٰۃ ادا ہوگی یانہیں | ۷۶ |
| زکوٰۃ نکال کر علیحدہ کردے اور بتدریج مستحقین پر خرچ کرے، کیا حکم ہے | ۷۶ |
| اگر زیادہ خرچ ہوجائے تو آئندہ کی زکوٰۃ میں وہ رقم محسوب ہوگی یانہیں | ۷۶ |
| وصولی سے پہلے قرض کی زکوٰۃ اگر ادا کرتا رہے تو ادا ہوگی یانہیں | ۷۶ |
| آلات پر زکوٰۃ ہے یانہیں | ۷۶ |
| جو مکان سال میں چھ ماہ کرایہ پر چلے، اس کا کیا حکم ہے | ۷۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| دلالی کے پیشے سے جو رقم جمع کی اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۷۷ |
| جھوٹی دلالی سے جو رقم جمع کی اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۷۷ |
| مہتمم مدرسہ کے حوالہ کرنے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں | ۷۷ |
| ایک چیز کی کم قیمت پر زکوٰۃ دی بعد میں قیمت زیادہ ہوگئی تو کیا حکم ہے | ۷۷ |
| کرایہ کے مکان پر زکوٰۃ | ۷۸ |
| قرضہ کی زکوٰۃ بعد وصولی | ۷۸ |
| زکوٰۃ کی جو رقم چوری ہوگئی اس کا کیا حکم ہے | ۷۸ |
| جائز و ناجائز رقم ملی ہوئی ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے | ۷۸ |
| جس کو زکوٰۃ کی رقم تقسیم کرنے کو کہا، اس نے خود خرچ کر لی | ۷۹ |
| ڈگری کے ذریعہ جو مال ملے اس کی زکوٰۃ کب سے واجب ہوگی | ۷۹ |
| گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ ضروری ہے یا نہیں | ۸۰ |
| جو روپے زکوٰۃ کی نیت سے رکھے ہوں اور وہ غائب ہوجائیں تو پھر ادا کرے | ۸۰ |
| رمضان کے علاوہ مہینوں میں ادائیگی زکوٰۃ درست ہے | ۸۱ |
| گھر کے آدمی زکوٰۃ کی نیت سے خیرات کردیں تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں | ۸۱ |
| زکوٰۃ کی رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں | ۸۱ |
| حیلہ سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں | ۸۱ |
| اراکین مدرسہ کیسے ہوں | ۸۱ |
| ظاہر حال جن کا خلاف شرع ہو وہ اراکین مدرسہ ہوسکتے ہیں یا نہیں | ۸۲ |
| مذکورہ صورت میں زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی | ۸۲ |
| ادائیگی زکوٰۃ کی ایک صورت | ۸۲ |
| زکوٰۃ کا روپیہ اپنی ضرورت میں خرچ کرلیا، پھر ادا کردیا | ۸۲ |
| زکوٰۃ میں حیلہ | ۸۳ |
| **تیسرا باب: جانوروں کی زکوٰۃ** | ۸۴ |
| زراعت یا دودھ کے لئے جو جانور ہیں، کیا ان میں زکوٰۃ ہے | ۸۴ |
| جن مختلف جانوروں کو چارہ گھر دیا جاتا ہے، ان میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۸۴ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۸۴ | ان جانوروں کی زکوٰۃ جو استعمال میں ہوں |
| ۸۵ | بکری کی زکوٰۃ |
| ۸۵ | جانوروں کی زکوٰۃ |
| ۸۶ | **چوتھا باب: سونا، چاندی اور نقد کی زکوٰۃ** |
| ۸۶ | سونے چاندی کے نصاب میں تفاوت کیوں ہے |
| ۸۶ | ماہوار کے حساب سے زکوٰۃ کی ادائیگی کیسی ہے |
| ۸۶ | چاندی کی زکوٰۃ میں کس نرخ کا اعتبار ہوگا |
| ۸۶ | جس کے پاس سونا چاندی میں ایک کا نصاب ہو دوسرے کا نہیں تو وہ کیا کرے |
| ۸۷ | نوٹ کی زکوٰۃ |
| ۸۷ | زیور پر زکوٰۃ ہے یا نہیں اور وجوب مرد پر ہے یا عورت پر |
| ۸۷ | بیوہ کے نقد روپے پر زکوٰۃ ہے گو وہ ضرورت مند ہو |
| ۸۸ | دوسوتولہ چاندی کی زکوٰۃ |
| ۸۸ | کیا سونے چاندی دونوں کے زیورات نصاب میں لائے جائیں گے |
| ۸۸ | سونے چاندی کا نصاب ہندوستانی وزن سے |
| ۸۹ | سونے چاندی کے زیورات کی زکوٰۃ |
| ۸۹ | جو زیور ہمیشہ نہیں پہنے جاتے ان پر بھی زکوٰۃ ہے |
| ۸۹ | جس کے پاس بقدر نصاب دونّی چونّی ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں |
| ۹۰ | زکوٰۃ کا روپیہ بیمہ سے بھیجا جائے یا منی آرڈر سے کمائے ہوئے روپے کی زکوٰۃ |
| ۹۰ | جو رقم حج کے لئے دی اور اس پر سال گذر گیا، اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں |
| ۹۰ | مکانات کے کرایہ پر زکوٰۃ |
| ۹۰ | جن زیورات میں کھوٹ ملا ہوتا ہے ان کی زکوٰۃ |
| ۹۱ | حج کے لئے جو روپیہ کئی سال سے رکھا ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں |
| ۹۱ | دو عبارتوں میں تطبیق |
| ۹۱ | زیورات اور نقد سب پر زکوٰۃ واجب ہے |
| ۹۲ | بہشتی زیور کی ایک عبارت کا مطلب |
| ۹۲ | سونے کی زکوٰۃ چاندی سے |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| جو زیور والد یا خسر سے ملا ہے اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۹۲ |
| جو زیور صرف استعمال کے لئے دیئے گئے ہیں ان میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۹۲ |
| ان زیورات کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے جن میں نگ وغیرہ جڑے ہوں | ۹۳ |
| شوہر کی اجازت کے بغیر زیور بیچ کر زکوٰۃ کی ادائیگی درست ہے یا نہیں | ۹۳ |
| کامدار کپڑوں کی زکوٰۃ | ۹۳ |
| شوہر جب بیوی کو مالک بنادے تو زکوٰۃ کس پر ہے | ۹۴ |
| زیورات کی زکوٰۃ کب سے دے | ۹۴ |
| نوٹ بھنانے پر بٹہ لینا کیسا ہے اور نوٹ پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۹۴ |
| سونے چاندی کے زیورات ملا کر نصاب پورا ہوتا ہے تو زکوٰۃ آئے گی یا نہیں | ۹۵ |
| سونے کی قیمت بازار کے نرخ سے ہوگی | ۹۵ |
| جو آمدنی بتدریج بڑھی اس کی زکوٰۃ کیسے دی جائے | ۹۶ |
| کوئی روپیہ قرض لے کر رکھے رہا تو زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے | ۹۶ |
| سونے چاندی کی زکوٰۃ میں کس کی قیمت کا اعتبار ہے | ۹۶ |
| حصہ کی چیز زکوٰۃ میں خود اسی کو لوٹا دے تو کیا حکم ہے | ۹۷ |
| نقد و زیورات کی زکوٰۃ | ۹۷ |
| جس روپے سے مکان خریدا گیا اس پر زکوٰۃ واجب ہے | ۹۸ |
| جو روپیہ مالک اراضی کو رہن میں دیا گیا اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے | ۹۸ |
| صرف زیور کی وجہ سے زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں | ۹۸ |
| جو روپیہ ملازمت کی ضمانت میں سرکار کے پاس جمع کیا ہے کیا اس پر زکوٰۃ ہوگی | ۹۹ |
| جواہر کے زیورات میں زکوٰۃ نہیں | ۹۹ |
| ایسے طلائی زیورات کی زکوٰۃ جس میں جواہرات جڑے ہوں | ۹۹ |
| اس زیور کی زکوٰۃ جس میں ایک حصہ چاندی اور دو حصے جواہرات ہوں | ۹۹ |
| سونے چاندی کی قیمت نہ معلوم ہونے پر پیشتر کی قیمت سے زکوٰۃ دی جائے یا نہیں | ۹۹ |
| عورت کا زیور جو رہن ہے اس کی زکوٰۃ | ۱۰۰ |
| اچانک موت پر جو گورنمنٹ وارثان کو روپیہ دیتی ہے، اس کی زکوٰۃ | ۱۰۰ |

| صفحہ | عنوان |
| --- | --- |
| ۱۰۰ | کاروبار لاگت پر زکوٰۃ |
| ۱۰۰ | جائیداد اور ضرورت سے زیادہ مکان پر زکوٰۃ |
| ۱۰۰ | کرایہ کی زمین پر زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | سرکاری کاغذات پر لگائے گئے روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | ڈاکخانہ میں جمع شدہ روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | بینک کے روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | گورنمنٹ کو قرض دیئے گئے روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | لین دین والے روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۱ | زیور کی زکوٰۃ ہر سال دی جائے |
| ۱۰۲ | زیور کی زکوٰۃ |
| ۱۰۲ | دوسو درہم کتنے روپے ہوتے ہیں |
| ۱۰۲ | پیسوں اور اکنیوں میں زکوٰۃ |
| ۱۰۲ | جائیداد قسط پر بیچی تو زکوٰۃ کس طرح دی جائے |
| ۱۰۳ | کتنی مالیت کے زیور میں زکوٰۃ ہے |
| ۱۰۳ | باؤنڈ کی صورت میں زکوٰۃ ہے یا نہیں |
| ۱۰۳ | دوسرے کی طرف سے زکوٰۃ کی ادائیگی |
| ۱۰۴ | کھیتی کی آمدنی پر زکوٰۃ جو مختلف طور پر آتی ہے |
| ۱۰۴ | جمع شدہ روپے کی زکوٰۃ |
| ۱۰۵ | **پانچواں باب: سامان تجارت کی زکوٰۃ** |
| ۱۰۵ | پنساری کی دکان کی زکوٰۃ اندازاً درست ہے یا نہیں |
| ۱۰۵ | کمپنی کے حصص کی خریداری میں جو رقم لگائی اس پر زکوٰۃ ہے یا صرف اس کے منافع پر ہے |
| ۱۰۵ | متفرق طور پر زکوٰۃ ادا کردے تو کیا حکم ہے |
| ۱۰۵ | قرض روپے سے جو تجارت کی ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں |
| ۱۰۵ | سوداگر کے پاس جو مال موجود ہے اس کی قیمت خریداری کا اعتبار ہوگا یا موجودہ بھاؤ کا |
| ۱۰۶ | دوا خانہ کی زکوٰۃ کس طرح نکالی جائے |
| ۱۰۶ | تجارت کی زکوٰۃ اور اس رقم کی جس سے زمین خریدی |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| آٹے کی مشین کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۰۶ |
| کتاب کی زکوٰۃ لاگت پر ہے یا موجودہ قیمت پر اور زکوٰۃ میں کتابیں دینا کیسا ہے | ۱۰۶ |
| خریداروں کے ذمہ جو رقم باقی ہے اس کی زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۰۷ |
| جس تاجر کے پاس نقد مال اور بقایا سب ہو، کس طرح زکوٰۃ ادا کرے | ۱۰۷ |
| جس مال کی قیمت بدلتی رہتی ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے | ۱۰۷ |
| تجارت میں جو نفع ہوا، اور جو خرچ ہوا سب کی زکوٰۃ دے یا کیا کرے | ۱۰۸ |
| تجارتی کمپنی کے حصص خریدے اور حصص کی قیمت مختلف وقتوں میں مختلف رہی تو کس کا اعتبار ہوگا | ۱۰۸ |
| جس تاجر کے روپے کی مختلف نوعیت ہو وہ کیسے زکوٰۃ ادا کرے | ۱۰۸ |
| سرکار جو ٹیکس لیتی ہے وہ زکوٰۃ میں محسوب ہوگا یا نہیں | ۱۰۸ |
| تجارت کے چاول کی زکوٰۃ کیسے ادا کرے | ۱۰۹ |
| تجار جو مال بیوپاری کے حوالے کرتے ہیں اس کی زکوٰۃ | ۱۰۹ |
| تجارت میں سال کے اندر مختلف اوقات میں جو نفع ہوتا ہے کیا سب کی زکوٰۃ دی جائے | ۱۰۹ |
| جس دوکان کا حساب کتاب نہیں اس کی زکوٰۃ کس طرح نکالی جائے | ۱۰۹ |
| نقد اور مال تجارت پر زکوٰۃ | ۱۱۰ |
| اسباب تجارت کی قیمت میں کس نرخ کا اعتبار ہوگا | ۱۱۰ |
| جائیداد کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں | ۱۱۰ |
| بعد قرض جو مال تجارت کی قیمت ہو اس کی زکوٰۃ دی جائے اور موجودہ نرخ کا اعتبار | ۱۱۱ |
| جو قرض ہے اس کی زکوٰۃ وصول کے بعد ہے | ۱۱۱ |
| منافع کی زکوٰۃ اصل کے ساتھ دی جائے گی | ۱۱۲ |
| دوکان کے نقد اور ادھار کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے- | ۱۱۲ |
| مضاربت کے روپے کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے | ۱۱۲ |
| جو مکان کرایہ پر چلانے کے لئے خریدا ہے اس کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یا آمدنی پر | ۱۱۲ |
| مال تجارت کی زکوٰۃ | ۱۱۳ |
| نفع پر قرض جائز نہیں | ۱۱۳ |
| مضاربت والی تجارت کی زکوٰۃ کیسے ادا کی جائے | ۱۱۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بیوپاری جو مال کی قیمت سال بھر بعد دیتے ہیں اس کی زکوٰۃ کیسے دی جائے | ۱۱۳ |
| تاجر نقد اور ادھار دونوں کی زکوٰۃ دے یا صرف نقد کی | ۱۱۳ |
| ادھار دو سال بعد وصول ہوا تو گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۱۴ |
| جس ماہ زکوٰۃ ادا کرتا تھا اس مہینہ تمام روپیہ تجارت میں لگ گیا تو کیا کرے | ۱۱۴ |
| درمیان سال میں جو روپیہ وصول ہو اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے | ۱۱۴ |
| اسامی سے روپیہ وصولی میں جو رقم خرچ ہوئی اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۱۴ |
| **چھٹا باب: عشر** | ۱۱۵ |
| **یعنی پیداوار کی زکوٰۃ** | ۱۱۵ |
| لگان والی زمین میں عشر ہے یا نہیں | ۱۱۵ |
| لگان اور سینچائی والی زمین میں کیا عشر آئے گا | ۱۱۵ |
| مزارعت والی زمین میں عشر | ۱۱۵ |
| زمیندار پر عشر ہے یا نہیں | ۱۱۶ |
| باغ میں عشر ہے یا نہیں | ۱۱۶ |
| حکومت جو محصول لیتی ہے وہ عشر یا خراج کے درجہ میں ہے یا نہیں | ۱۱۶ |
| ہندوستان کے باغوں میں عشر نہیں | ۱۱۷ |
| ہندوستان کی زمین کے متعلق استفسار | ۱۱۷ |
| جو زمین محنت کے بعد پہاڑ کے پانی سے سیراب ہوئی اس میں نصف عشر ہے یا عشر ہے | ۱۱۸ |
| زمیندار کون ہے اور عشر کے متعلق تفصیل کیا ہے | ۱۱۸ |
| ہندوستان کی زمین میں احتیاطاً عشر دینا چاہئے | ۱۱۹ |
| قرض ہو تو عشر واجب ہوگا یا نہیں | ۱۱۹ |
| زراعت سے جو غلہ پیدا ہوتا ہے کیا اس میں عشر ہے جب کہ سرکار محصول بھی لیتی ہے | ۱۱۹ |
| کیا پیداوار میں چالیسواں حصہ نکالنا چاہئے | ۱۲۰ |
| معافی زمین عشری ہے یا نہیں اور عشر کا کیا طریقہ ہے | ۱۲۰ |
| بٹائی پر جو زمین ہو اس میں عشر کس طرح دیا جائے | ۱۲۰ |

| صفحہ | عنوان |
| --- | --- |
| ۱۲۰ | عشر و چالیسویں میں کیا فرق ہے |
| ۱۲۰ | کاشتکاری جائز ہے یا نہیں |
| ۱۲۱ | مالگذاری والے کھیت کی پیداوار میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۱ | مذکورہ قسموں میں سے کونسی زمین عشری ہے |
| ۱۲۱ | عشر قرض ہے یا واجب یا مستحب |
| ۱۲۱ | عشر ہر فصل پر ہے یا سال میں ایک مرتبہ |
| ۱۲۱ | عشر کے مصارف کیا ہیں |
| ۱۲۱ | سبزی میں زکوٰۃ ہے یا نہیں، اور ہے تو کتنی |
| ۱۲۲ | مزارعت والی زمین میں عشر کس پر ہے |
| ۱۲۲ | زمیندار کی موروثی زمین میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۲ | خراجی زمین میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۳ | جس زمین کا محصول سرکار لیتی ہے کوئی بچت نہیں اس میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۳ | نہری زمین میں عشر ہے یا نصف عشر |
| ۱۲۳ | جس زمین کی اجرت پر سینچائی ہو اس میں عشر ہے یا نصف عشر |
| ۱۲۳ | جس کھیت پر چھ سو خرچ کیا اور آٹھ سو پیدا، تو اس میں زکوٰۃ کیا آئے گی |
| ۱۲۳ | جس زمین میں خسارہ رہا ہو اس میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۴ | سینچائی والی زمین میں عشر ہے |
| ۱۲۴ | کیا عشر میں طلب عامل شرط ہے |
| ۱۲۴ | ہندوستان کی زمین میں عشر ہونے نہ ہونے کی مفصل بحث اور علمائے دیوبند کا عمل |
| ۱۲۶ | ہندوستان کی زمین میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۶ | افیون میں عشر واجب ہے یا نہیں |
| ۱۲۷ | دھان کی زکوٰۃ |
| ۱۲۷ | تمباکو کی پیداوار پر عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۷ | زمین عشری کی تعریف اور مہاجن اور دوسرے کی لی ہوئی زمین کا کیا حکم ہے |
| ۱۲۷ | خود کاشت زمین میں عشر ہے یا نہیں |
| ۱۲۸ | جس غلہ کی زکوٰۃ نہ نکلی ہو، وہ حلال ہے یا حرام |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| کاشتکار اور زمیندار کی زمین پر عشر | ۱۲۸ |
| زکوٰۃ کل پیداوار میں ہے یا لگان وضع کر کے | ۱۲۸ |
| عشر وخراج کے جمع نہ ہونے کا مطلب کیا ہے | ۱۲۸ |
| سرکاری محصول کی وجہ سے عشر ساقط ہوگا یا نہیں | ۱۲۹ |
| مذکورہ قسموں میں سے کس پر عشر ہے | ۱۲۹ |
| عشری وخراجی زمین | ۱۲۹ |
| کیا جس زمین پر خراج ہے اس میں عشر نہیں | ۱۲۹ |
| نئی آباد زمین میں عشر ہے یا نہیں | ۱۳۰ |
| کھیتی کا عشر صاحب نصاب پر واجب ہے یا سبھوں پر | ۱۳۰ |
| عشری زمین پر جو مزدوری خرچ ہوئی ہے، کیا عشر میں اس کا حساب ہوگا | ۱۳۰ |
| عشری زمین کونسی ہے اور جس زمین کو لگان دیا جاتا ہے، اس میں عشر ہے یا نہیں | ۱۳۰ |
| چارہ والی زمین کے عشر کا کیا حکم ہے | ۱۳۱ |
| ہندوستان کی زمین اور قاضی ثناء اللہ | ۱۳۱ |
| یہاں کی زمین میں عشر ہے یا نہیں | ۱۳۲ |
| جس زمین کا ٹیکس دینا پڑتا ہے اس میں عشر | ۱۳۳ |
| زمین عشری کی تعریف | ۱۳۳ |
| خراجی زمین | ۱۳۳ |
| ہندوستان کی زمین کا حکم | ۱۳۳ |
| عشر کاشتکار پر ہے یا زمیندار پر | ۱۳۴ |
| جس زمین کی مالگذاری دی جائے | ۱۳۴ |
| مالگذاری معاف زمین کا عشر | ۱۳۴ |
| عشر کی مختلف حیثیت | ۱۳۴ |
| کافر سے خریدی ہوئی زمین کا عشر | ۱۳۵ |
| پھل میں عشر | ۱۳۵ |
| کرایہ میں عشر | ۱۳۵ |
| جائیداد بحق مدرسہ کا عشر | ۱۳۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| **ساتواں باب : مصارف زکوٰۃ** | ۱۳۶ |
| مسکین کی تعریف | ۱۳۶ |
| صاحب زکوٰۃ نے جب اجازت دے دی ہوتو پھر دریافت کی ضرورت نہیں | ۱۳۶ |
| کیا زکوٰۃ کی رقم تجارت پر لگائی جاسکتی ہے | ۱۳۶ |
| موجودہ رقم سے زکوٰۃ دے یا الگ سے بھی دے سکتا ہے | ۱۳۶ |
| زکوٰۃ کی رقم سے کپڑا بنا کر دیا جائے تو کیا حکم ہے | ۱۳۷ |
| زکوٰۃ کی رقم جس کو تقسیم کے لئے دی گئی ہے اس میں سے وہ اپنی مسکین بیوی کو دے سکتا ہے یا نہیں | ۱۳۷ |
| خوشدامن کو زکوٰۃ دینی درست ہے یا نہیں | ۱۳۷ |
| بغیر زکوٰۃ کا نام لئے رقم دینے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں | ۱۳۷ |
| رقم مسکین کے ہاتھ میں نہ دی اس سے ٹکٹ خرید کر دے دیا تو کیا حکم ہے | ۱۳۷ |
| مدرسہ میں زکوٰۃ کہاں اور کس طرح خرچ ہوگی | ۱۳۸ |
| والد کی زندگی میں جو بطور میراث ملے، وہ مانع زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۳۸ |
| زکوٰۃ کے روپے سے کتابیں خریدے اور اپنے مطالعہ میں رکھنے کا حکم کیا ہے | ۱۳۸ |
| زکوٰۃ کی رقم سے کتاب خرید کر پڑھنے کی عام اجازت دے دے مالک نہ بنائے تو کیا حکم ہے | ۱۳۸ |
| زکوٰۃ کا روپیہ بینک میں رکھے اور بوقت ضرورت صرف کرے تو کیا حکم ہے | ۱۳۸ |
| حیلہ کے ذریعہ زکوٰۃ کی رقم تبلیغ میں خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۳۸ |
| زکوٰۃ میں جو رقم واجب ہوئی اس کے بدلے کتاب تقسیم کردی تو کیا حکم ہے | ۱۳۹ |
| اگر لینے والے کو زکوٰۃ کی خبر نہ ہوتو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں | ۱۳۹ |
| زکوٰۃ کے روپے سے طلبہ کو کتاب دلانا کیسا ہے | ۱۳۹ |
| زکوٰۃ کا غلہ بیچ کر کپڑا بنا دینا درست ہے | ۱۳۹ |
| نہر زبیدہ کی صفائی پر زکوٰۃ خرچ کرنا درست نہیں | ۱۴۰ |
| زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ کی تعمیر درست نہیں | ۱۴۰ |
| مصارف زکوٰۃ | ۱۴۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| آمدنی والے کی زکوٰۃ | ۱۴۰ |
| زکوٰۃ کا نام لئے بغیر روپیہ دینا کیسا ہے | ۱۴۰ |
| صلہ رحمی کا ثواب ملے گا یا نہیں | ۱۴۱ |
| کیا نہ بتانے کا مواخذہ بھی ہے | ۱۴۱ |
| جن پر مانگنا حرام ہے ان کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۴۱ |
| چرم قربانی کا حکم | ۱۴۱ |
| زکوٰۃ کا روپیہ مردہ کے ایصال ثواب کے لئے دینا کیسا ہے | ۱۴۱ |
| پیشہ ور فقیروں کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں | ۱۴۲ |
| زکوٰۃ ہندو فقیر کو دینا کیسا ہے | ۱۴۲ |
| زکوٰۃ کے روپے سے غریب لڑکیوں کی تعلیم درست ہے یا نہیں | ۱۴۲ |
| زکوٰۃ کے مال سے کھانا وغیرہ پکا کر دینا کیسا ہے | ۱۴۲ |
| مذکورہ رشتہ داروں میں سے کسے زکوٰۃ دینا درست ہے | ۱۴۲ |
| بے نمازی کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۴۲ |
| زکوٰۃ کی اطلاع فقیر کو ضروری نہیں | ۱۴۳ |
| داماد اور بھائی کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۴۳ |
| نابالغ کو دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں | ۱۴۳ |
| اقارب میں کس کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے | ۱۴۳ |
| صحرائی جائیداد والے کو ادائیگی قرض کے لئے زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں | ۱۴۳ |
| مدرسہ میں زکوٰۃ اور اس کا مصرف | ۱۴۳ |
| تعمیر درسگاہ میں زکوٰۃ کا روپیہ لگانا کیسا ہے | ۱۴۴ |
| زکوٰۃ کی رقم سے ارباب مدرسہ قرض دے سکتے ہیں یا نہیں | ۱۴۴ |
| حیلہ کے ذریعہ زکوٰۃ کی رقم سے تنخواہ دینا درست ہے یا نہیں | ۱۴۴ |
| زکوٰۃ سے ملازمین مدرسہ کو تنخواہ دینا کیسا ہے | ۱۴۴ |
| مالک نصاب کا معلم کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں، اگر وہ عیالدار ہو | ۱۴۴ |
| طلبہ پر زکوٰۃ خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۴۵ |
| زکوٰۃ کی رقم سے مدرسین کی تنخواہ اور مدرسہ کا مکان بنانا کیسا ہے | ۱۴۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| یتیم لڑکی جو خادمہ ہے اس کا زیور بنانا کیسا ہے | ۱۴۵ |
| مالدار صدقہ نذر اور زکوٰۃ کی رقم لے سکتا ہے یا نہیں | ۱۴۶ |
| معلوم نہ ہونے کی وجہ سے صاحب نصاب کو زکوۃ دے دی، بعد میں معلوم ہوا تو کیا کرے | ۱۴۶ |
| غنی کی محتاج نابالغ اولاد کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے | ۱۴۶ |
| مجبور سید زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں | ۱۴۶ |
| کسی خدمت کے معاوضہ میں زکوٰۃ لینا دینا درست نہیں ہے | ۱۴۶ |
| تعمیر مسجد میں زکوٰۃ کا روپیہ لگانا درست نہیں | ۱۴۷ |
| احاطہ تکیہ میں زکوٰۃ کی رقم نہیں صرف ہوسکتی | ۱۴۷ |
| امام کو زکوٰۃ لینا کیسا ہے | ۱۴۷ |
| سید کو زکوٰۃ لینا درست نہیں اور نہ صاحب نصاب کو | ۱۴۷ |
| کسی مستحق زکوٰۃ کو زکوٰۃ کی رقم دے کہ وہ سید کو دے دے یہ جائز ہے | ۱۴۷ |
| زکوٰۃ کی رقم حافظ کو مشاہرہ میں دینا درست نہیں ہے | ۱۴۸ |
| زکوٰۃ کا روپیہ طلبہ مدرسہ پر کس طرح صرف کیا جائے | ۱۴۸ |
| بذریعہ منی آرڈر روپیہ بھیجنے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں | ۱۴۸ |
| مندرجہ مستحقین میں زکوٰۃ کسے دینا اچھا ہے | ۱۴۸ |
| صدقہ کا حقدار زیادہ کون ہے | ۱۴۸ |
| نذر و نیاز کا کھانا کسے دیا جائے | ۱۴۸ |
| اولیائے کرام کے ایصال ثواب کے لئے کسے دینا بہتر ہے | ۱۴۸ |
| جو طلبہ قوانین مدرسہ کی پابندی نہیں کرتے ان کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں | ۱۴۹ |
| زکوٰۃ اور عشر کی رقم مسجد میں لگانا درست نہیں | ۱۴۹ |
| زکوٰۃ کسے دینا بہتر ہے | ۱۴۹ |
| زکوٰۃ کے روپے میں سے قرض دینا اور تجارت میں لگانا کیسا ہے | ۱۵۰ |
| طلبہ کو زکوٰۃ دینے کے لئے ان کی اہلیت کی تفتیش کی جائے یا نہیں | ۱۵۰ |
| جن طلبہ کے متعلق کچھ معلوم نہیں انہیں زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۰ |
| اس تاجر کی تملیک جو سردست صاحب نصاب نہیں | ۱۵۰ |
| زکوٰۃ اور صدقہ فطر وغیرہ غیر مسلم کو دینا کیسا ہے | ۱۵۱ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| مندرجہ ذیل اوصاف والے کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۱ |
| اپنے عزیز یتیموں پر زکوٰۃ خرچ کی جائے یانہیں | ۱۵۲ |
| بچہ والی عورت کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۲ |
| سید کی بیوی جو شیخ ہو، اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں یانہیں | ۱۵۳ |
| جس طالب علم کے والدین صاحب نصاب ہوں اسے زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۳ |
| زکوٰۃ کا روپیہ مدرسہ کے فرش میں صرف ہوسکتا ہے یانہیں | ۱۵۳ |
| پیشہ ور گداگروں کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۳ |
| خیرات فقیروں میں تقسیم کرنا | ۱۵۳ |
| ناجائز خرچ کرنے والے گداگر کو دینا کیسا ہے | ۱۵۴ |
| زکوٰۃ کا بہترین مصرف | ۱۵۴ |
| مکاتب ومساجد میں صرف کرنا کیسا ہے | ۱۵۴ |
| طلبہ کو زکوٰۃ سے وظائف دینا کیسا ہے | ۱۵۴ |
| نیوتہ کا بقیہ روپیہ نصاب کے برابر ہے مگر وصول نہیں ہوا تو اس کو زکوٰۃ دی جائے یانہیں | ۱۵۷ |
| جس عالم کے پاس کتب خانہ ہو اسے زکوٰۃ لینا کیسا ہے | ۱۵۷ |
| بھائی بہنوں کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں یانہیں | ۱۵۷ |
| ماہوار آمدنی کافی ہو مگر صاحب نصاب نہیں تو زکوٰۃ لے سکتا ہے یانہیں | ۱۵۷ |
| مسلمان سپاہی پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۵۸ |
| زکوٰۃ کے روپے سے چاول خرید کر فقیروں کو بھیک دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یانہیں | ۱۵۸ |
| انجمن یا مدرسہ کو زکوٰۃ دینا درست ہے یانہیں | ۱۵۸ |
| بلاتملیک مطبخ سے کھانا دینا کیسا ہے | ۱۵۸ |
| بھنگ وافیون کے عادی کو زکوٰۃ دی جائے یانہیں | ۱۵۹ |
| جو گھر پر صاحب نصاب ہے اور پردیس میں مفلوک الحال وہ زکوٰۃ لے یانہیں | ۱۵۹ |
| اپنی دختر کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۵۹ |
| قرابت دار مستحق بے نمازی ہو اور غیر قرابتداری نمازی تو زکوٰۃ کسے دی جائے | ۱۶۰ |
| بدعتی کو زکوٰۃ دینا درست ہے یانہیں | ۱۶۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| موجودہ زمانے میں سید کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں | ۱۶۰ |
| داماد کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۶۰ |
| بھانجے کو زکوٰۃ دے سکتا ہے یا نہیں | ۱۶۱ |
| مسجد کے کنوئیں میں زکوٰۃ کا پیسہ لگانا کیسا ہے | ۱۶۱ |
| گاؤں کے کنوئیں میں زکوٰۃ کی رقم نہیں لگ سکتی ہے | ۱۶۱ |
| بیوہ کو زکوٰۃ سے تنخواہ دینی درست ہے یا نہیں | ۱۶۱ |
| زکوٰۃ سادات کے لئے کب درست ہے | ۱۶۱ |
| زکوٰۃ کا روپیہ جمع کرنا اور تجارت میں لگانا کیسا ہے | ۱۶۲ |
| سو روپے آمدنی ہو اور تین سو خرچ تو ایسے کو زکوٰۃ سے دینا کیسا ہے | ۱۶۲ |
| مستحق کو رقم نہ دی بلکہ اس کے گھر کی مرمت میں خرچ کردیا تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں | ۱۶۲ |
| اجازت سے اس کے کام میں خرچ کرے تو کیا حکم ہے | ۱۶۲ |
| قیمت چرم قربانی اور صدقہ جمع کر کے بتدریج سال بھر میں خرچ کرنا درست ہے یا نہیں | ۱۶۳ |
| سید کا قرضہ زکوٰۃ سے ادا ہوسکتا ہے یا نہیں | ۱۶۳ |
| ہندو کو دینا کیسا ہے | ۱۶۳ |
| ممالک یورپ میں تبلیغ پر زکوٰۃ کا روپیہ خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۶۳ |
| حیلہ کے ذریعہ اپنے اصول وفروع پر زکوٰۃ صرف کرنا کیسا ہے | ۱۶۳ |
| اسلامی عمارتوں پر زکوٰۃ لگ سکتی ہے یا نہیں | ۱۶۴ |
| تبلیغی جلسہ پر زکوٰۃ صرف کرنا کیسا ہے | ۱۶۴ |
| زکوٰۃ کی رقم سے مبلغین کا تقرر درست ہے یا نہیں | ۱۶۴ |
| مدرس وطالب علم کو زکوٰۃ لینا کیسا ہے | ۱۶۴ |
| صاحب نصاب کو حج کے لئے زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۶۴ |
| بیوہ پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۶۵ |
| زکوٰۃ دو سال میں ادا کرے تو کیا حکم ہے | ۱۶۵ |
| خادمہ کو اس کی محتاجی کی وجہ سے زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۶۵ |
| نابالغ کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے یا نہیں | ۱۶۵ |
| مستحق زکوٰۃ لڑکی کی شادی کے لئے رقم زکوٰۃ دینی درست ہے | ۱۶۵ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| یہ کہنا کیسا ہے کہ اس سے لڑکی کا زیور بنادو | ۱۶۶ |
| بغیر ہدایت روپیہ دینا کیسا ہے | ۱۶۶ |
| کل یا کچھ دے دیا جائے تو؟ | ۱۶۶ |
| نقد دینے کا حکم کیا ہے | ۱۶۶ |
| فدیہ روزہ رمضان کا ایک فقیر کو دیا جائے یا دو کو | ۱۶۶ |
| عیسائی یا ہندو یا ان کے مدارس میں زکوٰۃ دینا درست نہیں | ۱۶۶ |
| فدیہ کی رقم مستحق اصول وفروع یا شوہر کو دینا کیسا ہے | ۱۶۷ |
| پوری رقم ایک شخص کو دینا جائز ہے یا نہیں | ۱۶۷ |
| زکوٰۃ یا فدیہ وصی کے اصول وفروع کو دینا کیسا ہے | ۱۶۷ |
| وکیل مؤکل کے اصول وفروع پر خرچ کرسکتا ہے یا نہیں | ۱۶۷ |
| بذریعہ حیلہ تملیک مدرسہ کے ملازمین پر زکوٰۃ خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۶۸ |
| غنی کے بالغ لڑکے کو قیمت چرم قربانی دینا درست ہے یا نہیں | ۱۶۸ |
| مدرسہ کے طلبہ اور عمارت وغیرہ پر زکوٰۃ خرچ ہوسکتی ہے یا نہیں | ۱۶۸ |
| بنو ہاشم کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں | ۱۶۸ |
| جس مدرسہ مین تنخواہ کے علاوہ کوئی مد نہ ہو، زکوٰۃ دینی جائز ہے یا نہیں | ۱۶۸ |
| کیا عالم غنی اور مالدار طلبہ کو زکوٰۃ دینا درست ہے | ۱۶۹ |
| اہل سمرنا اور تھریس مصرف زکوٰۃ ہیں یا نہیں | ۱۶۹ |
| سمرنا وتھریس کے لئے کام کرنے والوں کی تنخواہ | ۱۶۹ |
| معذور ومستحق استاذ کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۷۰ |
| اپنے غلام باندی کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۷۰ |
| مدرسہ کا طالب علم اور زکوٰۃ | ۱۷۰ |
| جس کے پاس صرف ایک جانور ہو اسے زکوٰۃ لینا کیسا ہے | ۱۷۱ |
| یتیم خانہ کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے | ۱۷۱ |
| مستحق زکوٰۃ مہتمم کو زکوٰۃ دی جائے اور وہ کتاب وغیرہ خرید کر مدرسہ کو دے تو کیا حکم ہے | ۱۷۱ |
| مستحق بالغ لڑکے کو زکوٰۃ دی جائے گی خواہ اس کا باپ مستحق زکوٰۃ نہ ہو | ۱۷۲ |
| مصارف فدیہ کی تفصیل | ۱۷۲ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۱۷۲ | فدیہ یتیم خانہ میں |
| ۱۷۲ | فدیہ مفلس قرضدار کو |
| ۱۷۲ | فدیہ سے کتب کی خریداری برائے مدرسہ |
| ۱۷۳ | بذریعہ تملیک درسگاہ کی تعمیر میں زکوٰۃ |
| ۱۷۳ | صدقہ فطر جس پر واجب ہے وہ مصرف زکوٰۃ ہے یانہیں |
| ۱۷۳ | غریب جو مالدار کے ساتھ کھانا پکائے مصرف زکوٰۃ ہے یانہیں |
| ۱۷۴ | جس بیوہ کے پاس تیس چالیس بیگہ زمین ہو اسے زکوٰۃ دی جائے یانہیں |
| ۱۷۴ | کافی آمدنی والے مقروض کو زکوٰۃ دی جائے یانہیں |
| ۱۷۴ | زکوٰۃ سے کتب خانے کے لئے کتابیں خریدنا کیسا ہے |
| ۱۷۴ | زکوٰۃ کی رقم کیا ان مواقع میں دی جائے |
| ۱۷۵ | غنی طالب علم مستحق زکوٰۃ نہیں |
| ۱۷۵ | قیمت چرم قربانی کیا فوراً فقیر کے حوالہ کرنا ضروری ہے |
| ۱۷۵ | مستحق دوست کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے |
| ۱۷۶ | جائیداد مانع اخذ زکوٰۃ نہیں، اگر اس سے اخراجات پورے نہیں ہوتے |
| | جس طالب علم کے پاس دوسو روپے ہوں اس پر |
| ۱۷۶ | زکوٰۃ ہے یانہیں اور وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے یانہیں |
| ۱۷۶ | غیر مسلم کے قبضہ سے واگذاری کے لئے زکوٰۃ کے روپے خرچ کرنا کیسا ہے |
| ۱۷۷ | محتاج اقرباء دوسری بستی میں ہوں تو کیا کرے |
| ۱۷۷ | علماء صاحب نصاب جو اپنا مال بیوی کی ملک کردیں ان کو زکوٰۃ لینا کیسا ہے |
| ۱۷۷ | فدیہ کی رقم نیک کام میں لگانا کیسا ہے |
| ۱۷۸ | زکوٰۃ کی رقم جلسہ تبلیغ پر خرچ کرنا کیسا ہے |
| ۱۷۸ | فدیہ کی رقم مسجد پر خرچ کرنا کیسا ہے |
| ۱۷۹ | خیرات فدیہ میں محسوب ہوگا یانہیں |
| ۱۸۰ | سرکاری شفاخانہ میں زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ حیلہ دینا درست ہے یانہیں |
| ۱۸۰ | مسلم شفاخانہ میں زکوٰۃ لگانا کیسا ہے |
| ۱۸۰ | زکوٰۃ کے روپے سے حج کرانا کیسا ہے |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| زکوٰۃ کے روپے سے قرآن خرید کر امیر وغریب میں تقسیم کرنا کیسا ہے | ۱۸۰ |
| زکوٰۃ کے روپے سے باؤلی بنانا کیسا ہے | ۱۸۰ |
| ایک آدمی کو کتنی زکوٰۃ دی جائے | ۱۸۰ |
| زکوٰۃ کے روپے سے مدرس ومؤذن کو تنخواہ دینا درست ہے یا نہیں | ۱۸۱ |
| زکوٰۃ سے مبلغین کو وظائف دینا کیسا ہے | ۱۸۲ |
| امام کو اجرت میں عشر دینا درست نہیں | ۱۸۲ |
| جائیداد کے باوجود گذارہ نہ ہو تو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے یا نہیں | ۱۸۲ |
| کافروں کو زکوٰۃ دینا درست نہیں | ۱۸۲ |
| زکوٰۃ غیر ممالک میں بھیجنا کیسا ہے | ۱۸۳ |
| زکوٰۃ کے روپے سے اپنی طرف سے حج کرانا کیسا ہے | ۱۸۳ |
| قیمت چرم قربانی میں تملیک | ۱۸۳ |
| بلا تملیک خرچ کا کیا حکم ہے | ۱۸۳ |
| زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ کا مکان خریدنا کیسا ہے | ۱۸۴ |
| شوہر کی اولاد کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں | ۱۸۴ |
| جس کے پاس سکونتی مکان کے علاوہ دوسرا مکان بھی ہے وہ مصرف زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۸۴ |
| ملک نصاب مطلقاً مانع اخذ زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۱۸۴ |
| بیوی اور خاوند کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں | ۱۸۵ |
| مسافر کا قرض زکوٰۃ سے ادا کیا جائے یا نہیں | ۱۸۵ |
| زکوٰۃ حیلہ کے ذریعہ مدرسہ پر خرچ کرنا کیسا ہے | ۱۸۵ |
| فی سبیل اللہ میں کون لوگ داخل ہیں | ۱۸۶ |
| مالک نصاب بیوہ عورت کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں | ۱۸۶ |
| جس کے پاس صرف زمین ہو وہ زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں | ۱۸۶ |
| مسافر زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں | ۱۸۶ |
| کسی مدرسہ کے نام زکوٰۃ وصول کرکے لایا اور مدرسہ قائم نہ ہوسکا تو کیا کرے | ۱۸۶ |
| بے نمازی کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں | ۱۸۷ |
| زکوٰۃ کا استعمال افطار صوم میں درست ہے یا نہیں | ۱۸۷ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| زیورات کی زکوٰۃ عورتیں کہاں سے نکالیں | ۱۸۷ |
| اسلامیہ اسکول میں زکوٰۃ دینا جائز ہے یانہیں | ۱۸۸ |
| زکوٰۃ غیر مستحق کو دینا درست نہیں | ۱۸۸ |
| مالدار پیشہ ور فقراء کو زکوٰۃ کی رقم دینا درست نہیں | ۱۸۸ |
| وکیل خود زکوٰۃ لے سکتا ہے یانہیں | ۱۸۸ |
| بذریعہ حیلہ زکوٰۃ کے روپے سے قبرستان کے لئے زمین خریدنا کیسا ہے | ۱۸۹ |
| عقیقہ کے چرم کی قیمت اپنے مصرف میں لاسکتا ہے یانہیں | ۱۸۹ |
| جو اپنے مفلس قرابت دار کو زکوٰۃ نہ دے | ۱۸۹ |
| اہل نصاب کے بچوں کو زکوٰۃ سے وظیفہ دینا جائز ہے یانہیں | ۱۹۰ |
| بھائی کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یانہیں | ۱۹۰ |
| محتاج بالغ شاگرد کو زکوٰۃ دی پھر اس سے مشاہرہ لے لیا کیسا ہے | ۱۹۰ |
| حیلہ کے ذریعہ مدرسہ کو زکوٰۃ کے روپے دینا | ۱۹۰ |
| قربانی کی کھال کی قیمت سے دیگ وغیرہ خریدنا جائز نہیں | ۱۹۱ |
| اس سے مسجد کا سائبان بنانا بھی جائز نہیں | ۱۹۱ |
| غسل خانہ میں لگانا بھی درست نہیں | ۱۹۱ |
| چرم قربانی کی قیمت تنخواہ میں دینا درست نہیں | ۱۹۱ |
| مدرس کو تنخواہ لینا کیسا ہے | ۱۹۲ |
| ان رشتہ داروں میں مصرف زکوٰۃ کون ہیں | ۱۹۲ |
| مدیون کو معاف کردینے سے زکوٰۃ ادانہیں ہوگی | ۱۹۲ |
| شوہر بیوی کو اور بیوی شوہر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتی | ۱۹۲ |
| چرم عقیقہ کی قیمت سید کو دینا کیسا ہے | ۱۹۲ |
| چرم قربانی کی اطلاع ضروری نہیں | ۱۹۲ |
| فطرہ کن لوگوں کا حق ہے | ۱۹۳ |
| قیمت چرم قربانی مسجد میں لگانا درست نہیں | ۱۹۳ |
| قربانی کی کھال بیچ کر مسکینوں کو کھانا کھلادینا کیسا ہے | ۱۹۴ |
| طرابلس کے مصیبت زدوں کو چرم قربانی کی رقم بھیجنا کیسا ہے | ۱۹۴ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| چرم قربانی کی قیمت سے مسجد وعیدگاہ وغیرہ کی تعمیر درست نہیں | ۱۹۴ |
| ہلال احمر کو چندہ دینا کیسا ہے | ۱۹۵ |
| قربانی ترک کرکے اس کی رقم بلقانی مسلمانوں کو دینا درست نہیں | ۱۹۷ |
| مدیون پر عشر ہے یا نہیں | ۱۹۷ |
| آٹھواں باب: صدقۂ فطر | ۱۹۸ |
| صدقۂ فطر کی مقدار میدہ اور چاول سے کیا ہے | ۱۹۸ |
| عہد نبوی میں فطرہ کب نکالا جاتا تھا | ۱۹۸ |
| کسی غریب کے ذمہ اگر کچھ بقایا ہو تو کیا اسے فطرہ میں محسوب کرسکتی ہیں | ۱۹۸ |
| نصف صاع کی مقدار کیا ہے | ۱۹۹ |
| کیا صدقۂ فطر کی مقدار سوا سیر گیہوں ہے | ۱۹۹ |
| مولانا عبدالحئیؒ اور وزن صاع | ۱۹۹ |
| صدقۂ فطر رمضان میں دینا درست ہے یا نہیں | ۱۹۹ |
| صدقۂ فطر میں قیمت دینا درست ہے یا نہیں | ۲۰۰ |
| فطرہ میں کہاں کی قیمت کا اعتبار ہوگا | ۲۰۰ |
| مالک زمین پر فطرہ واجب ہے یا نہیں | ۲۰۰ |
| جس کے پاس دوسو درہم کی زمین ہو اس پر فطرہ واجب ہے یا نہیں | ۲۰۱ |
| تقسیم کے بعد اگر صاحب نصاب نہ ہو تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے | ۲۰۱ |
| دوسرے شہر کے نرخ کا فطرہ میں اعتبار نہیں | ۲۰۱ |
| گیہوں اور اس کے ستو اور آٹے میں کچھ فرق ہے یا نہیں | ۲۰۱ |
| مثقال، دینار اور درہم کا وزن کیا ہے | ۲۰۱ |
| اگر کسی کے ذمہ روپیہ باقی ہو اور فطرہ میں اس کو چھوڑ دے تو فطرہ ادا ہوگا یا نہیں | ۲۰۲ |
| مندرجہ مسائل درست ہیں یا نہیں | ۲۰۲ |
| جو جوان لڑکے اپنی کمائی باپ کو دیتے ہیں ان پر فطرہ واجب ہے یا نہیں | ۲۰۲ |
| صدقۂ فطر کا وزن بحساب انگریزی سیر کیا ہے | ۲۰۳ |
| چالیس روپے کے سیر سے سوا تین سیر گندم دیا تو فطرہ ادا ہوا یا نہیں | ۲۰۳ |
| چاول وغیرہ فطرہ میں کتنا دے | ۲۰۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| پورٹ بلیر جہاں قیدیوں کی آبادی ہے اور قانوناً اعانت منع ہے، کیا ان کو فطرہ دے سکتے ہیں | ۲۰۳ |
| جہاں قیدیوں کے سوا کوئی نہیں وہاں صدقہ فطر کیسے ادا ہوگا | ۲۰۳ |
| کیا قیدیوں کا مساکین میں شمار ہے | ۲۰۳ |
| صدقہ فطر کن لوگوں پر واجب ہے | ۲۰۴ |
| کیا گیہوں کی جگہ بنگال میں چاول فطرہ میں دیا جاسکتا ہے | ۲۰۴ |
| فطرہ اہل نصاب پر واجب ہے | ۲۰۴ |
| سال بھر کی خوراک یا دو بیگہ زمین ہو تو فطرہ واجب ہے یا نہیں | ۲۰۴ |
| دودھ کے لئے جو گائے ہے وہ حوائج اصلیہ میں داخل ہے یا نہیں | ۲۰۴ |
| صدقہ فطر میں حوائج اصلیہ کی مراد کیا ہے | ۲۰۴ |
| اپنے بالغ لڑکے کی طرف سے فطرہ دینا واجب نہیں | ۲۰۵ |
| صاع سے بغدادی مراد ہے یا مدنی | ۲۰۵ |
| فطرہ میں گیہوں کی مقدار کیا ہے | ۲۰۵ |
| نصف صاع کی مقدار ۸۲ تولہ کے سیر میں کیا ہوتی ہے | ۲۰۵ |
| جہاں گیہوں پیدا نہیں ہوتا وہاں کہاں کی قیمت کا اعتبار ہوگا | ۲۰۶ |
| جہاں فقراء نہ ہوں فطرہ کس وقت نکالا جائے | ۲۰۶ |
| جو اتنا کھیت رکھتا ہو کہ سال بھر کھا بھی نہیں سکتا اس پر فطرہ ہے یا نہیں | ۲۰۶ |
| مندرجہ ذیل صورت کی تحقیق | ۲۰۶ |
| ایک اشکال کا جواب | ۲۰۷ |
| نصاب زکوٰۃ اور مثقال کا وزن | ۲۰۷ |
| اسّی تولہ کے وزن سے نصف صاع کی مقدار میں اختلاف کا حل | ۲۰۸ |
| بستی میں گندم نہ ملے تو شہر کے نرخ سے فطرہ ادا کرنا کیسا ہے | ۲۰۸ |
| فطرہ میں گیہوں کے بدلے نصف صاع چاول دینا کیسا ہے | ۲۰۹ |
| ایک شخص کا فطرہ کئی شخصوں کو دینا کیسا ہے | ۲۰۹ |
| زمیندار پر فطرہ واجب ہے یا نہیں | ۲۰۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| گیہوں کی قیمت کے برابر چاول دینا درست ہے | ۲۰۹ |
| جہاں جو غلہ رائج ہو اس کا نصف صاع فطرہ میں دینا کافی ہے یا نہیں | ۲۰۹ |
| غریبوں پر فطرہ واجب نہیں | ۲۱۰ |
| عورتوں کا فطرہ دینا کس پر واجب ہے | ۲۱۰ |
| صاع کا وزن | ۲۱۰ |
| فطرہ ایک شخص کو دینا افضل ہے یا کئی کو | ۲۱۱ |
| منصوص اشیاء کے علاوہ دوسری چیزیں فطرہ ہیں | ۲۱۱ |
| وجوب فطر اور قربانی | ۲۱۱ |
| وزن صاع کی تحقیق | ۲۱۲ |
| نصف صاع کا وزن | ۲۱۲ |
| مصارف چرم قربانی اور فطرہ ایک ہیں یا کیا امام مسجد کو فطرہ دینا جائز نہیں | ۲۱۳ |
| **نواں باب: متفرق مسائل زکوٰۃ** | ۲۱۴ |
| کسی کو سو روپے قرض دیئے ۴۵ سال بعد وصول ہوئے، تو زکوٰۃ کس طرح ادا کرے | ۲۱۴ |
| جس کی ادائیگی کا ظن غالب نہ ہو تو کیا کرے | ۲۱۴ |
| ایک شخص زکوٰۃ ادا کئے بغیر مرگیا تو اس کی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے | ۲۱۴ |
| گوٹے اور جڑاؤ زیور میں زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۲۱۴ |
| نوٹوں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۲۱۴ |
| پراوِڈنٹ فنڈ کی زکوٰۃ | ۲۱۵ |
| پراوِڈنٹ فنڈ کے سود کا حکم | ۲۱۵ |
| پراوِڈنٹ فنڈ اور بینک کی رقموں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۲۱۵ |
| تنخواہ کا جو حصہ فنڈ کے نام پر کٹ جاتا ہے اس کی زکوٰۃ | ۲۱۶ |
| زکوٰۃ ادا کی، مگر شرعاً ادا نہ ہوئی تو کچھ ثواب ملے گا یا نہیں | ۲۱۶ |
| اجارہ کی زمین پر زکوٰۃ ہے یا نہیں | ۲۱۶ |
| زکوٰۃ کی نیت سے جو رقمیں خرچ ہوتی ہیں ان سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں | ۲۱۶ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| جواہرات وغیرہ پر زکوٰۃ نہیں | ۲۱۷ |
| زکوٰۃ کی رقم بذریعہ ڈاک بھیجنے میں فیس کہاں سے دی جائے | ۲۱۷ |
| مہر کے مقروض پر زکوٰۃ واجب ہے | ۲۱۷ |
| زکوٰۃ دے کر پھر اپنے قرض میں لے لے تو کیا حکم ہے | ۲۱۷ |
| بلا نیت جو رقم فقیروں کو دی گئی اس سے زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں | ۲۱۷ |
| گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ جو شرعاً ادا نہیں ہوئی اس کے لئے کیا صورت اختیار کی جائے | ۲۱۸ |
| جو قرضہ حکومت کو دیا گیا ہے اس کی زکوٰۃ کب واجب ہوگی | ۲۱۸ |
| کسی مسکین کے لئے زکوٰۃ سے ماہوار مقرر کرنا کیسا ہے | ۲۱۸ |
| کیا غلہ کی قیمت کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیا جائے گا | ۲۱۸ |
| جبراً عشر و چندہ مدرسہ میں لینا کیسا ہے | ۲۱۹ |
| زکوٰۃ کا روپیہ کسی نے خرچ کرلیا پھر دے دیا کیا حکم ہے | ۲۱۹ |
| مدفون روپے کی زکوٰۃ | ۲۱۹ |
| زکوٰۃ کے لئے انجمن | ۲۱۹ |
| قرض روپے کی زکوٰۃ | ۲۱۹ |
| قرضہ کی زکوٰۃ بعد وصولی | ۲۱۹ |
| قرض روپے کی زکوٰۃ کب ادا کی جائے | ۲۲۰ |
| صدقہ کا ثواب مالک خانہ کو ملے گا یا سب گھر والوں کو | ۲۲۰ |
| پراوڈنٹ فنڈ کی زکوٰۃ اور اس کے سود کا حکم | ۲۲۰ |
| پراویڈنٹ فنڈ کی زکوٰۃ اور اس کی حقیقت | ۲۲۱ |
| ایصال ثواب کے لئے صدقہ جاریہ کی بہتر صورت کیا ہے | ۲۲۱ |
| کتاب الصوم | ۲۲۲ |
| **پہلا باب: روزہ کی نیت، روزہ کی قسمیں اور اس کی حیثیت** | ۲۲۲ |
| روزہ کی نیت | ۲۲۲ |
| رمضان میں بلا عذر شرعی کھانے والے کی مثال | ۲۲۲ |
| مسافر یا مریض رمضان میں نفل کی نیت سے روزہ رکھے تو وہ فرض ہوگا یا نفل | ۲۲۲ |
| اوقات سحری کے بعد کھانا جائز نہیں | ۲۲۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| صبح صادق کے بعد کھانے کی اجازت نہیں | ۲۲۳ |
| عرفہ کے دن روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۲۳ |
| نفل اور نذر روزہ کی نیت کیا کرے | ۲۲۳ |
| نذر کے روزے میں قضا کی نیت کرے تو کیا حکم ہے | ۲۲۳ |
| جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۲۴ |
| عرفہ کے دن حاجی لوگ روزہ کیوں نہیں رکھتے | ۲۲۴ |
| **دوسرا باب: رویت ہلال، اختلاف مطالع اور قول منجمین وغیرہ** | ۲۲۵ |
| رمضان کے چاند کی شہادت ایک مرد اور تین عورتیں دیں تو کیا حکم ہے | ۲۲۵ |
| عدالت کی تعریف موجودہ دور میں | ۲۲۵ |
| عدالت کی تعریف فقہ میں | ۲۲۵ |
| اختلاف زمانہ سے عدالت کی تعریف میں فرق آئے گا یا نہیں | ۲۲۵ |
| چاند دیکھنے والے پر جرح کرنا کیسا ہے | ۲۲۶ |
| فساق و فجار کی شہادت قبول کرنا کیسا ہے | ۲۲۶ |
| لاعبرۃ لاختلاف المطالع کا کیا مطلب ہے | ۲۲۷ |
| رویت ہلال کے سلسلہ میں صرف خط کافی ہے یا نہیں | ۲۲۷ |
| دو خطوں کی اطلاع پر رویت ہلال مانی جائے یا نہیں | ۲۲۸ |
| رویت ہلال کے بارے میں تار برقی کی اطلاع معتبر ہے یا نہیں | ۲۲۹ |
| ۲۹ شعبان کو ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو کیا حکم ہے | ۲۲۹ |
| ہندو کے پانی سے روزہ کھولنا درست ہے یا نہیں | ۲۲۹ |
| دو عادل شخص کی شہادت پر روزہ رکھا گیا تو تیس پورے کر کے افطار کرے یا نہیں | ۲۲۹ |
| ثقہ لوگوں نے چاند دیکھا کچھ نے روزے رکھے کچھ نے نہیں، تو کیا حکم ہے | ۲۳۰ |
| شہادت پر افطار کا حکم | ۲۳۰ |
| بحث رویت ہلال | ۲۳۱ |
| رویت ہلال میں کن لوگوں کا اعتبار ہے | ۲۳۲ |
| فاسق کی شہادت پر روزہ کا حکم | ۲۳۲ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| دن میں چاند نظر آنے کا حکم | ۲۳۲ |
| تیس کے حساب سے روزہ رکھا بعد میں ۲۹ کی خبر آئی تو کیا حکم ہے | ۲۳۳ |
| عید کے چاند کے لئے کتنے آدمیوں کی گواہی ضروری ہے | ۲۳۵ |
| ہئیت کے حساب سے روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۳۵ |
| ہلال فطر میں نصاب شہادت اور شہادت میں عدل کی شرط | ۲۳۶ |
| رمضان یا عید کے چاند کی خبر بذریعہ تار معتبر ہے یانہیں | ۲۳۷ |
| جنتری یا تار پر اعتبار درست ہے یانہیں | ۲۳۷ |
| باعتبار ہئیت چاند کا اعتبار ہے یانہیں | ۲۳۷ |
| بذریعہ تحریر رویت کی خبر آئے تو کیا حکم ہے | ۲۳۸ |
| ہلال عید میں مستورالحال کی شہادت معتبر ہے یانہیں | ۲۳۸ |
| تار کی خبر پر لوگوں نے روزہ توڑ دیا، اس کا کیا حکم ہے | ۲۳۸ |
| کیا جماعت کے لئے رویت ہلال میں عدالت شرط ہے | ۲۳۹ |
| شہادت بسلسلہ چاند اور فیصلہ | ۲۳۹ |
| قاضی کو جرح کا حق ہے یانہیں | ۲۴۰ |
| تاخیر درست ہے یانہیں | ۲۴۰ |
| اہل قریہ کی رعایت میں عید کی نماز مئوخر کرنا کیسا ہے | ۲۴۰ |
| قاضی کی مخالفت میں جو دوگانہ ادا کی گئی اس کا حکم | ۲۴۰ |
| (یوم الغد) دوسرے دن نماز کا کیا حکم ہے | ۲۴۰ |
| خط اور تار کی خبر پر روزہ رکھا جائے یانہیں | ۲۴۱ |
| تیس رمضان کو چاند نظر نہ آئے تو کیا کرے | ۲۴۱ |
| متواتر خط وتار سے رویت ہلال ثابت ہوگی یانہیں | ۲۴۱ |
| کیا خط وتار بھیجنے والے کا عادل ہونا شرط ہے | ۲۴۱ |
| کیا متواتر خطوط میں شناخت شرط ہے | ۲۴۱ |
| مستور کا خط یا تار کافی ہے یانہیں | ۲۴۲ |
| خبر متواتر کی شہرت پر خبر آئے تو کیا حکم ہے | ۲۴۲ |
| پانچ مسلمان شہادت دیں تو عید ہوگی یانہیں | ۲۴۲ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| ایک شخص کی شہادت سے رویت ہلال ثابت ہوگی یانہیں | ۲۴۲ |
| رویت ہلال پر شہادت | ۲۴۳ |
| بلاعلت دو کی شہادت معتبر ہے یانہیں | ۲۴۳ |
| تار کی خبر پر عید درست ہے یانہیں | ۲۴۳ |
| متعدد تار سے مفتی کو یقین ہو جائے تو کیا کرنا چاہئے | ۲۴۴ |
| تار و خط کی بنیاد پر عید جائز ہے یانہیں | ۲۴۴ |
| ٹیلیفون کی خبر معتبر ہے یانہیں | ۲۴۴ |
| مطلع صاف ہو تو تیس چالیس کی گواہی معتبر ہے یانہیں | ۲۴۴ |
| بیس آدمیوں کی گواہی پر اعلان اور پھر انحراف | ۲۴۵ |
| مطلع صاف ہو تو کتنے آدمیوں کی شہادت ضروری ہے | ۲۴۵ |
| متعدد آدمی کسی بستی میں رویت بیان کریں تو باہر والے اسے مانیں یانہیں | ۲۴۵ |
| دو کی شہادت پر جو افطار کرے اس پر قضا و کفارہ ہوگا یانہیں | ۲۴۵ |
| دو شخص کی شہادت اور مختلف تاروں کی اطلاع پر افطار کا حکم درست ہے یانہیں | ۲۴۶ |
| جس کا چاند دیکھنا معتبر قرار نہیں دیا گیا اس کے متعلق سوال | ۲۴۶ |
| ۲۹ رمضان کے بعد زوال چاند نظر آئے تو کیا کرے | ۲۴۶ |
| چاند کے سلسلہ میں دور دراز شہر کا اعتبار ہوگا یانہیں | ۲۴۶ |
| آج چاند صبح کو مشرق میں نظر آئے تو کل شام کو دوسرے ماہ کا چاند دیکھا جانا ممکن ہے یانہیں | ۲۴۷ |
| غیر معتبر کی شہادت قابل قبول نہیں | ۲۴۷ |
| شہادت علی القضاء بسلسلہ رویت ہلال | ۲۴۷ |
| دو معتمد کی شہادت پر افطار درست ہوگا یانہیں | ۲۴۹ |
| ثبوت ہلال کی اطلاع بذریعہ ڈاک | ۲۴۹ |
| تیس شعبان سے تیس روزے پورے کر کے افطار کرنا کیسا ہے | ۲۴۹ |
| تیس روزے پورے کئے | ۲۵۰ |
| تار کی خبر پر عید کرنا کیسا ہے | ۲۵۰ |
| خط پر افطار درست ہے یانہیں | ۲۵۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| بعد میں ۲۹ کا چاند ثابت ہوجائے تو کیا کرے | ۲۵۰ |
| اختلاف مطالع عندالاحناف | ۲۵۱ |
| اختلاف مطالع اور غلط خبر پر اعتماد | ۲۵۱ |
| **تیسرا باب: یوم الشک یعنی چاند نظر نہ آنے کی صورت میں شعبان کا روزہ** | ۲۵۳ |
| ۲۹ شعبان کو چاند نظر نہ آنے کے باوجود ۳۰ شعبان کو رمضان کا روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۵۳ |
| ۲۹،۳۰ میں اختلاف کی وجہ سے کچھ لوگوں نے تیس روزے رکھے اور کسی نے ۲۹، کس کا اعتبار کیا جائے | ۲۵۳ |
| رویت میں اختلاف کی وجہ سے جس نے ۲۹ روزے رکھے وہ عید کب کرے | ۲۵۴ |
| شک کی وجہ سے ۳۰ شعبان کا روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۵۴ |
| ۲۹ شعبان کو کسی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو کیا کرنا چاہئے | ۲۵۴ |
| یوم شک اگر پہلی رمضان قرار پائے تو فرض ادا ہوگا یا نہیں | ۲۵۵ |
| یوم الشک کے روزہ کا کیا حکم ہے | ۲۵۵ |
| **چوتھا باب: وہ چیزیں جن سے روزہ نہیں ٹوٹتا** | ۲۵۶ |
| حالت روزہ میں مسواک کرنا درست ہے یا نہیں | ۲۵۶ |
| روزہ میں منجن کا استعمال کیسا ہے | ۲۵۶ |
| منجن کے استعمال سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں | ۲۵۶ |
| روزہ کی حالت میں سر میں تیل جذب کرانا کیسا ہے | ۲۵۶ |
| سحری کے بعد منہ میں پان رکھ کر سوگیا اور اسی حالت میں صبح کی تو کیا حکم ہے | ۲۵۶ |
| کیا روزہ کی حالت میں منجن لگانا مکروہ ہے | ۲۵۶ |
| روزہ میں رومال بھگو کر سر پر ڈالنا کیسا ہے | ۲۵۷ |
| روزہ دار کا پانی میں گوز کرنا مکروہ ہے | ۲۵۷ |
| بھیگے ہوئے نسوار کا منہ میں ڈالنا کیسا ہے | ۲۵۷ |
| تمبا کو جلا کر اس کی راکھ سے رمضان میں دانت صاف کرنا کیسا ہے | ۲۵۷ |
| نکسیر پھوٹنے سے روزے میں کوئی نقص تو واقع نہیں ہوتا | ۲۵۸ |
| رمضان میں آٹھ دس دفع غسل کرنا کیسا ہے | ۲۵۸ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| ختانین کے ملنے سے روزہ جاتا ہے یا نہیں | ۲۵۸ |
| روزہ میں تر کپڑا پہننا اور بار بار غسل کرنا درست ہے یا نہیں | ۲۵۸ |
| ٹیکہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا | ۲۵۸ |
| آنکھ میں دوا ڈالنے سے روزہ میں کچھ نقصان نہیں آتا | ۲۵۸ |
| عورت کا روزہ یا وضو دودھ پلانے سے نہیں ٹوٹتا | ۲۵۹ |
| انجکشن سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں | ۲۵۹ |
| ریت منھ میں گیا اسے تھوک دیا تو اب شبہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا | ۲۵۹ |
| دانت کے خون سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں | ۲۵۹ |
| عورت اپنی شرم گاہ میں خشک دوا رکھے تو روزہ ٹوٹے گا یا نہیں | ۲۵۹ |
| ہونٹ پر جو تھوک آئے اس کے نگلنے کا کیا حکم ہے | ۲۶۰ |
| تالاب میں اخراج ریح ہوجائے تو کیا حکم ہے | ۲۶۰ |
| روزہ دار ناک میں نسوار ڈال سکتا ہے یا نہیں | ۲۶۰ |
| روزہ کی حالت میں مقعد کے اندر زخم یا بواسیر کے مسوں پر مرہم یا تیل لگانے سے روزہ ہوگا یا نہیں | ۲۶۰ |
| غوطہ لگانے سے روزہ نہیں جاتا | ۲۶۰ |
| عورت کا روزہ دودھ پلانے سے نہیں ٹوٹتا | ۲۶۱ |
| سرمہ اور تیل لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا | ۲۶۱ |
| روزہ کی حالت میں بوس و کنار کا حکم کیا ہے | ۲۶۱ |
| رمضان میں سونے والے نے دانت میں خون دیکھا تو کیا حکم | ۲۶۱ |
| **پانچواں باب: وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور صرف قضا واجب ہوتی ہے** | ۲۶۲ |
| رمضان میں جنابت کا غسل صبح میں کیا تو کیا حکم ہے | ۲۶۲ |
| مسوڑوں کا خون اندر جانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں | ۲۶۲ |
| پان کی سرخی نگلنے سے روزہ رہا یا ختم ہوگیا | ۲۶۲ |
| حقہ پینے سے روزہ ٹوٹتا ہے اس کا ثبوت کیا ہے | ۲۶۳ |
| ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے | ۲۶۳ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| ہاتھ سے منی نکالنا مفسد صوم ہے یا نہیں | ۲۶۳ |
| بوس و کنار کی وجہ سے انزال ہوگیا، کیا حکم ہے | ۲۶۳ |
| کان میں تیل ڈالنے سے روزہ کیوں ٹوٹتا ہے | ۲۶۴ |
| نسوار سونگھنے اور حقہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے | ۲۶۴ |
| دوا سونگھنے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں | ۲۶۴ |
| روزہ دار دن میں کنکری نگلے، یا کھانا کھائے یا جماع کرے تو کیا ہے | ۲۵۴ |
| روزہ میں حقہ پینے سے کفارہ واجب ہوتا ہے یا صرف قضا | ۲۶۵ |
| بیوی کا کوئی بوسہ لے اور اس کو انزال ہوجائے تو کیا حکم ہے | ۲۶۵ |
| صبح منہ سے پان وغیرہ نکلے تو کیا حکم ہے | ۲۶۵ |
| بیوی کے ساتھ لیٹنے سے انزال ہوگیا تو کیا کرے | ۲۶۵ |
| ۲۹ کا چاند نظر نہ آیا، بعد میں ہوجانے کی تحقیق ہوئی تو قضا ضروری ہے | ۲۶۵ |
| روزہ کی حالت میں احتلام کے بعد افطار کرلیا، کیا حکم ہے | ۲۶۶ |
| ایک نوکر نے شدت کام کی وجہ سے افطار کرلیا، کیا حکم ہے | ۲۶۶ |
| مجبوری میں افطار کرنے سے کفارہ نہیں آتا | ۲۶۶ |
| قضا خود ادا کرنا ضروری ہے | ۲۶۶ |
| ایک عبارت کا مفہوم | ۲۶۶ |
| غیر رمضان کا روزہ قصداً توڑ دے تو کیا حکم ہے | ۲۶۷ |
| بیوی کے پاس صرف بیٹھنے سے انزال ہوجائے تو کیا حکم ہے | ۲۶۷ |
| روزہ دار کے سامنے اگربتی جلانا کیسا ہے | ۲۶۷ |
| چھپ کر مسلمان ہونے والا اگر روزہ توڑ دے تو قضا و کفارہ واجب ہے یا نہیں | ۲۶۸ |
| مریض نیت روزہ کے باوجود افطار کرلے تو کیا حکم ہے | ۲۶۸ |
| صرف جمعہ کا روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۶۸ |
| پیاس کی شدت کے خوف سے روزہ چھوڑ دینے سے صرف قضا واجب ہوگی یا کفارہ بھی | ۲۶۸ |
| تمباکو کو منہ میں رکھنا کیسا ہے | ۲۶۹ |
| قصداً روزہ توڑے، پھر بیمار ہوجائے یا عورت کو حیض آجائے تو کیا حکم ہے | ۲۷۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| چھٹا باب: وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا و کفارہ دونوں لازم ہوتے ہیں | ۲۷۱ |
| قصداً روزہ توڑنے سے قضا و کفارہ دونوں لازم ہوتے ہیں | ۲۷۱ |
| کفارہ یاد ہو مگر قضا روزوں کی تعداد یاد نہ ہو تو کیا کرے | ۲۷۱ |
| جماع میں انزال نہ بھی ہو تو کفارہ ہے | ۲۷۱ |
| شدت پیاس میں پانی پی لیا تو کیا حکم ہے | ۲۷۲ |
| رمضان کے قضا روزے توڑنے سے کفارہ لازم آتا ہے یا نہیں | ۲۷۲ |
| مسافر سفر میں انتقال کر گیا تو اس کے روزہ کا کیا حکم ہے | ۲۷۲ |
| لواطت سے کفارہ و قضا دونوں لازم آتے ہیں | ۲۷۲ |
| کسی بزرگ کا تھوک تبرکاً چاٹ لینے سے قضا و کفارہ دونوں لازم آئیں گے یا ایک | ۲۷۳ |
| ایک شخص نے چاند دیکھ کر روزہ رکھا مگر دوسروں نے نہیں مانا اس نے بھی توڑ دیا تو کیا حکم ہے | ۲۷۳ |
| سحری نہ کھانے کی وجہ سے متردد رہا پھر توڑ دیا، کیا حکم ہے | ۲۷۳ |
| دوپہر میں نیت کی پھر روزہ توڑ دیا، کیا حکم ہے | ۲۷۳ |
| تیسویں کو ظہر کے بعد چاند دیکھا گیا تو کیا کرے اور بصورت افطار اس پر قضا ہے یا کفارہ بھی | ۲۷۳ |
| اخیر دن میں کوئی چاند دیکھے اور روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے | ۲۷۴ |
| غروب آفتاب سمجھ کر افطار کر لیا پھر سورج نکل آیا تو کیا کرے | ۲۷۴ |
| مباشرت سے انزال نہ ہوا تو کفارہ ہے یا نہیں | ۲۷۵ |
| غیر روزہ دار شوہر نے روزہ دار بیوی سے جماع کیا تو کیا حکم ہے | ۲۷۵ |
| مباشرت فاحشہ سے انزال ہو جائے اس کا حکم کیا ہے | ۲۷۵ |
| لواطت میں اگر حشفہ غائب ہو جائے تو کیا حکم ہے | ۲۷۵ |
| صبح صادق کے وقت دودھ پی لیا تو کیا حکم ہے | ۲۷۶ |
| رمضان کے روزہ میں بخار کی وجہ سے افطار کرنا پڑا تو کیا حکم ہے | ۲۷۶ |
| نہ جاننے کی وجہ سے کوئی رمضان کے دن میں بیوی سے جماع کرنے یا ہاتھ سے منی نکالے تو کیا حکم ہے | ۲۷۶ |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| پیاس کی شدت یا سفر کی وجہ سے روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے | ۲۷۷ |
| ہلاک ہونے کا اندیشہ تھا افطار کرلیا تو اب کیا کرے | ۲۷۷ |
| سفر میں روزہ سے تھا، شدت پیاس کی وجہ سے روزہ توڑنا پڑا تو اس پر کیا واجب ہے | ۲۷۷ |
| روزہ کی حالت میں عمداً کسی نے کچا گوشت یا چاول کھایا تو کیا حکم ہے | ۲۷۷ |
| رمضان کے دن میں بیوی سے صحبت کرنا کیسا ہے اور رات میں کب تک اجازت ہے | ۲۷۷ |
| سویرے آنکھ کھلی سحری نہیں کھائی اور نہ روزہ کی نیت کی تو کیا حکم ہے | ۲۷۸ |
| کفارہ صوم میں گندم کتنا دیا جائے | ۲۷۸ |
| روٹیاں دی جاسکتی ہیں یا نہیں | ۲۷۸ |
| سفر میں شدت لو کی وجہ سے روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے | ۲۷۹ |
| سحری کے بعد بیوی سے ہمبستر ہوا، پھر معلوم ہوا کہ صبح صادق ہوچکی تھی تو کیا کرے | ۲۷۹ |
| کفارہ جس پر لازم ہے وہ قیمت ادا کرسکتا ہے یا نہیں | ۲۷۹ |
| آتش زدگی کی وجہ سے روزہ توڑے تو کیا حکم ہے | ۲۷۹ |
| بے خبری میں اذان فجر کے بعد سحری کھائی تو اب کیا کرے | ۲۸۰ |
| **ساتواں باب: روزے کا کفارہ** | ۲۸۱ |
| روزے کے کفارہ میں کیا بہتر ہے | ۲۸۱ |
| کفارہ میں اگر کسی طالب علم کو دو ماہ کھانا کھلا دے تو ادا ہوگا یا نہیں | ۲۸۱ |
| کفارہ صوم کی رقم مدرسہ کے ٹاٹ یا تعمیر مسجد میں لگانا کیسا ہے | ۲۸۱ |
| ایک روزہ کے کفارہ میں ساٹھ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھلائے | ۲۸۲ |
| روزہ کا کفارہ توبہ سے ہوگا یا نہیں | ۲۸۲ |
| فدیہ صوم میں کچھ کم ایک ماہ فقیر کو کھانا دیا جائے اور بقیہ ایام کا ایک دفعہ دے دیا جائے تو یہ جائز ہے یا نہیں | ۲۸۲ |
| افطار کی خبر میں کتاب القاضی کے شرائط ہیں یا نہیں | ۲۸۳ |
| کفارہ صوم کے کھانے میں اگر بچے شریک کرلئے جائیں تو کیا حکم ہے | ۲۸۳ |
| دو دن کھلائے تو کیا حکم ہے | ۲۸۳ |
| مہتمم مدرسہ کی وکالت | ۲۸۳ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| کفارہ میں ایک روزہ فاسد ہوگیا تو کیا حکم ہے | ۲۸۴ |
| کفارہ صوم میں تداخل درست ہے یا نہیں | ۲۸۴ |
| روزہ کا کفارہ مسجد یا مدرسہ میں دے سکتا ہے یا نہیں | ۲۸۴ |
| کفارہ کی معافی کی کوئی صورت بتائی جائے | ۲۸۵ |
| کئی روزوں میں موجب کفارہ کا مرتکب ہوا تو سب کے لئے ایک کفارہ کافی ہے یا نہیں | ۲۸۵ |
| کفارہ کے درمیان بقرعید آ گئی تو کیا حکم ہے | ۲۸۵ |
| کفارہ میں روزہ کے بجائے فدیہ دے دے تو کیا حکم ہے | ۲۸۵ |
| کفارہ کے درمیان عید بقرعید کا دن آ جائے تو کیا حکم ہے | ۲۸۶ |
| کفارہ صوم کی طاقت نہ ہو تو کیا کرے | ۲۸۶ |
| کفارہ واجب ہے مگر روزہ کی طاقت نہیں تو کیا فدیہ دے سکتا ہے | ۲۸۷ |
| **آٹھواں باب: وہ صورتیں جنکی وجہ سے روزہ توڑنا یا نہ رکھنا درست ہے اور جن صورتوں میں فدیہ واجب ہے** | ۲۸۸ |
| شیخ فانی اور بوڑھے ضعیف کو رعایت | ۲۸۸ |
| حاملہ عورت کی رضاعت کی مدت پوری نہ ہوئی تھی کہ پھر حمل ہوگیا کیا کرے | ۲۸۸ |
| دمہ کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکا اور اب بھی بیماری ہے تو کیا کرے | ۲۸۸ |
| شدت مرض کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکا اور اسی میں فوت ہوگیا تو کیا حکم ہے | ۲۸۸ |
| کن عذروں کی وجہ سے روزہ توڑنا درست ہے | ۲۸۹ |
| روزے کے بدلے مسافر فدیہ دیدے اور قضا نہ رکھے تو کیا حکم ہے | ۲۸۹ |
| روزہ کی وجہ سے افطار کرلیا تو کیا حکم ہے | ۲۸۹ |
| دودھ پلانے والی روزہ افطار کرسکتی ہے یا نہیں | ۲۸۹ |
| روزے قضا ہو گئے مگر صحت کلی نہ ہوئی تو کیا کیا جائے | ۲۹۰ |
| مرض شدید میں مبتلا، جس کو صحت کی امید نہ رہی کیا کرے | ۲۹۰ |
| معاش کے لئے محنت کرنے کی وجہ سے رمضان کا روزہ چھوڑ سکتا ہے یا نہیں | ۲۹۱ |
| اسی سالہ بوڑھا جس میں روزہ کی طاقت نہ ہو وہ کیا کرے | ۲۹۱ |
| ایک بوڑھا جو کمزور ہے مگر روزہ رکھ سکتا ہے اس کے لئے کیا حکم ہے | ۲۹۲ |
| جان کنی کے عالم میں روزہ افطار کرانا کیسا ہے | ۲۹۲ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| شیخ فانی کی تعریف | ۲۹۲ |
| بوجہ کمزوری جب روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو کیا کرے | ۲۹۲ |
| رمضان کے روزے کا فدیہ | ۲۹۳ |
| روزہ کی حالت میں شدت پیاس سے فوت ہوگیا مگر افطار نہ کیا، اس کا کیا حکم ہے | ۲۹۳ |
| سفر میں روزہ رکھنا کیسا ہے | ۲۹۳ |
| ایک دن کا سفر ہو تو روزہ افطار کرنا درست ہے یا نہیں | ۲۹۴ |
| روزہ کی وجہ سے موت ہوئی اور افطار نہ کیا، کیا حکم ہے | ۲۹۴ |
| بوڑھا دائم المرض رمضان میں کیا کرے | ۲۹۴ |
| بوڑھا ذیابیطس میں گرفتار رمضان میں کیا کرے | ۲۹۵ |
| مرض ضیق میں مبتلا رمضان میں کیا کرے | ۲۹۵ |
| حالت تردد میں جب نماز قصر کرتا ہے تو روزے میں کیا کرے | ۲۹۵ |
| شدید بخار میں افطار کی اجازت ہے یا نہیں | ۲۹۵ |
| شدت کی پیاس ہو تو افطار کرسکتا ہے یا نہیں | ۲۹۶ |
| بیمار افطار کرسکتا ہے یا نہیں | ۲۹۶ |
| عمر رسیدہ جب فدیہ کی طاقت نہ رکھتا ہو تو کیا کرے | ۲۹۶ |
| بیمار جو اسی بیماری میں مرگیا اس پر فدیہ ہے یا نہیں | ۲۹۶ |
| روزے رکھنے سے جو بیمار ہوجاتا ہے وہ کیا کرے | ۲۹۷ |
| زچہ یا کمزور عورت روزے کے بدلے فدیہ دے تو یہ جائز ہے یا نہیں | ۲۹۷ |
| بیماری کی وجہ سے جو روزہ افطار ہوا، اس کا کفارہ | ۲۹۷ |
| جس بیمار کے لئے طبیب کا فیصلہ ہو کہ دوا ضرور پیے وہ افطار کرسکتا ہے یا نہیں | ۲۹۸ |
| دودھ پلانے والی عورت کے لئے افطار کی اجازت ہے | ۲۹۸ |
| نذر کا روزہ جب بیماری کے خوف سے نہ رکھ سکے تو کیا کرے | ۲۹۸ |
| کسی نے نذر کے روزے پورے نہیں کئے اور اس کا انتقال ہوگیا تو کیا حکم ہے | ۲۹۹ |
| رمضان میں ایام حیض شروع ہونے کے بعد روزہ افطار کردے یا نہیں | ۲۹۹ |
| فدیہ شیخ فانی کے لئے ہے | ۲۹۹ |
| بیمار پر قضا ضروری ہے فدیہ کافی نہیں | ۳۰۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| اختلاج کی وجہ سے جو روزہ پر قادر نہیں وہ کیا کرے | ۳۰۰ |
| روزہ رکھنے سے جس کی بیماری بڑھ جاتی ہے وہ کیا کرے | ۳۰۰ |
| اسی سالہ بوڑھا فوت شدہ نماز روزہ کا فدیہ دے سکتا ہے یا نہیں | ۳۰۰ |
| حالت سفر میں روزہ نہیں رکھا اور نہ بعد میں قضا کی، گناہ گار ہوا یا نہیں | ۳۰۱ |
| بلاعذر اگر فدیہ دے اور روزہ نہ رکھے تو کیا حکم ہے | ۳۰۱ |
| حالت غشی میں روزہ دار کیا کرے | ۳۰۱ |
| زمیندار کو سخت گرمی میں افطار کی اجازت ہے یا نہیں | ۳۰۲ |
| ضعف دماغ کا مریض افطار کر سکتا ہے یا نہیں | ۳۰۲ |
| شدت مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھا اور مر گیا تو اب کیا کیا جائے | ۳۰۲ |
| **نواں باب: متفرقات یعنی روزہ کے مختلف مسائل** | ۳۰۳ |
| شوال کے چھ روزے مسلسل رکھے یا متفرق | ۳۰۳ |
| نفل روزہ کتنی تعداد میں مسلسل رکھنا ضروری ہے | ۳۰۳ |
| نابالغ طلبہ کا روزہ رکھنا بہتر ہے یا پڑھنے میں محنت کرنا | ۳۰۳ |
| شوال کے چھ روزے کب شروع کرے | ۳۰۴ |
| رجب کا روزہ ثابت ہے یا نہیں | ۳۰۴ |
| شطرنج کھیلنا روزہ کے ثواب کو گھٹا دیتا ہے | ۳۰۴ |
| غیر کی افطاری سے افطار کرنے کا ثواب | ۳۰۵ |
| رویت ہلال کی خبر بارہ بجے دن میں ملے تو کیا کرے | ۳۰۵ |
| شہادت شرعی پر افطار کا حکم دیدیا اور کسی نے افطار نہ کیا تو یہ کیسا ہے | ۳۰۵ |
| روزہ کس چیز سے افطار کرنا بہتر ہے | ۳۰۵ |
| ہندو کی چیز سے افطار کرنا کیسا ہے | ۳۰۶ |
| رنڈی کی افطاری سے افطار کرنا کیسا ہے | ۳۰۶ |
| کیا نفلی روزے کے ایام میں رمضان کی قضا کرنے سے قضا اور نفل دونوں کا ثواب ہوگا | ۳۰۶ |
| افطار کا ثواب | ۳۰۶ |
| عید کے دن روزہ حرام ہے | ۳۰۶ |
| مریض کے لئے دوا سے افطار کرنا کیسا ہے | ۳۰۷ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| قضا کے لئے حیلہ اختیار کرنا برا ہے | ۳۰۷ |
| بغیر سحری روزہ درست ہے یانہیں | ۳۰۷ |
| رمضان شریف سے پہلے ایک دو روزہ رکھنا کیسا ہے | ۳۰۷ |
| سحری کے بعد بیوی سے ہمبستری جائز ہے یانہیں | ۳۰۷ |
| سال بھر روزہ رکھنا کیسا ہے | ۳۰۷ |
| افطار ونماز مغرب کا حکم دینا کیسا ہے | ۳۰۸ |
| روزہ دار نے حقہ سے افطار کیا، روزہ ہوا یانہیں | ۳۰۸ |
| فرض کی قضا رہتے ہوئے نفل روزہ رکھنا درست ہے یانہیں | ۳۰۸ |
| ایام سرما میں روزہ رکھنے سے ثواب میں کمی نہیں ہوتی | ۳۰۸ |
| بے نمازی کا روزہ ہوتا ہے یانہیں | ۳۰۸ |
| رمضان کے روزوں کے بعد کونسے روزے افضل ہیں | ۳۰۹ |
| افطار کا وقت کیا ہے | ۳۰۹ |
| شعبان میں کونسا روزہ ضروری ہے اور کونسا ممنوع | ۳۰۹ |
| **دسواں باب: اعتکاف اور اس کے مسائل** | ۳۱۰ |
| کوئی اپنے بڑے قصبہ میں اعتکاف کرے تو اس سے قریب کی بستی کی ذمہ داری ختم نہ ہوگی | ۳۱۰ |
| معتکف مسجد میں بیمار دیکھ کر نسخہ لکھ سکتا ہے یانہیں | ۳۱۰ |
| معتکف کا مسجد کے غسل خانہ میں ٹھنڈک کے لئے غسل کرنا کیسا ہے | ۳۱۰ |
| معتکف مسجد میں جگہ بدل سکتا ہے یانہیں | ۳۱۰ |
| معتکف مسجد کے گوشہ صحن میں غسل کرسکتا ہے یانہیں | ۳۱۰ |
| معتکف تفریحی غسل کرسکتا ہے یانہیں | ۳۱۱ |
| کیا معتکف اپنے اعتکاف کی جگہ سے باہر ہوسکتا ہے یانہیں | ۳۱۱ |
| نفل اعتکاف قطع کرنے سے قضا واجب ہے یانہیں | ۳۱۱ |
| گرمی کی وجہ سے مسجد سے باہر معتکف کا غسل کرنا کیسا ہے | ۳۱۲ |
| بحالت اعتکاف مجبوری میں حقہ پینا کیسا ہے | ۳۱۲ |

| صفحہ | عنوان |
|---|---|
| ۳۱۲ | غصباً جو حصہ مسجد میں شامل کرلیا گیا ہے معتکف کا اس میں رہنا کیسا ہے |
| ۳۱۲ | معتکف جب مسجد سے باہر جائے گا تو اس کا اعتکاف باقی نہ رہے گا |
| ۳۱۲ | بیسویں کی رات کا ایک حصہ گذرنے کے بعد اعتکاف شروع کیا تو کیا حکم ہے |
| ۳۱۳ | عذر کی وجہ سے اعتکاف نہ کرنا کیسا ہے |
| ۳۱۳ | عشرہ اخیرہ رمضان کا اعتکاف واجب ہے یا نفل |
| ۳۱۳ | معتکف کے لئے مسجد کی فصیل صحن میں داخل ہے یا نہیں |
| ۳۱۳ | اکیسویں شب میں اعتکاف میں بیٹھے تو کیا حکم ہے |
| ۳۱۴ | حالت اعتکاف میں لڑکوں کو تعلیم دے سکتا ہے یا نہیں |
| ۳۱۴ | معتکف تالاب میں جا کر غسل کرسکتا ہے یا نہیں |
| ۳۱۵ | معتکف کا مسجد کے برآمدہ میں آنا یا نہانا کیسا ہے |
| ۳۱۵ | کیا اعتکاف دس دن سے کم ہوسکتا ہے |
| ۳۱۵ | اگر ایک آبادی کا آدمی دوسری آبادی میں اعتکاف کرے تو سنت کس آبادی کی ادا ہوگی |
| ۳۱۶ | اعتکاف کی حالت میں دوسری مسجد میں قرآن سنانے کے لئے جانا کیسا ہے |
| ۳۱۶ | حالت اعتکاف میں ڈاکخانہ کا کام کرنا کیسا ہے |
| ۳۱۶ | بیماری کی وجہ سے اخیر عشرہ رمضان کا اعتکاف توڑ دیا تو اس پر کیا ہے |
| ۳۱۸ | **کتاب المناسک** |
| ۳۱۸ | **باب اول: حج کی فرضیت، کیفیت اور اس کی ادائیگی** |
| ۳۱۸ | صحرائی جائیداد بیچ کر حج کو جانا ضروری ہے یا نہیں |
| ۳۱۸ | صاحب استطاعت ہونے پر پہلے کار خیر کرے یا حج کرے |
| ۳۱۸ | ناجائز روپے کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے یا نہیں |
| ۳۱۸ | مکان نہ ہو تو مستطیع حج کرے یا مکان بنوائے |
| ۳۱۹ | جائیداد رہن کرکے حج کرنا کیسا ہے |
| ۳۱۹ | بھیک مانگ کر حج کرنا کیسا ہے |
| ۳۱۹ | مالدار نے بچہ کی شادی پر روپیہ خرچ کردیا، پھر روپیہ جمع نہ ہوا تو حج کا کیا حکم ہے |
| ۳۱۹ | صرف مکہ کا خرچ ہو مدینہ کا نہ ہو تو حج فرض ہے یا نہیں |

| عنوان | صفحہ |
| --- | --- |
| مالدار حج کرے یا اولاد کی شادی | ۳۲۰ |
| تین سو پچاس روپے جس کے پاس ہوں اس پر حج فرض ہے یا نہیں | ۳۲۰ |
| ایک شخص کے پاس چھ سو روپیہ ہے، وہ حج کرے یا مکان بنوائے | ۳۲۰ |
| اگر مکہ ہی تک کا خرچ ہو مدینہ کا نہ ہو تو حج کرے یا نہیں | ۳۲۰ |
| حج مقدم ہے یا تعمیر مسجد | ۳۲۱ |
| شوہر نے جو روپیہ دیا وہ بیوی کا ہے وہ حج کرے | ۳۲۱ |
| حج کب فرض ہوتا ہے اور عورت بغیر محرم جاسکتی ہے یا نہیں | ۳۲۱ |
| غیر محرم کے ساتھ حج کرلیا تو فرض ساقط ہوا یا نہیں | ۳۲۱ |
| والدہ کی ناراضگی کی حالت میں حج کو گیا تو کوئی نقص تو نہیں آیا | ۳۲۲ |
| معالج ضرر کی وجہ سے حج سے روک دے تو کیا کرے | ۳۲۲ |
| جو شخص زکوٰۃ نہ نکالے اس کا حج کے لئے جانا کیسا ہے | ۳۲۲ |
| شاہ ابن سعود کی حکومت میں حج درست ہے یا نہیں | ۳۲۲ |
| حالت ملازمت میں وجوب حج سے پہلے ایک شخص حج کرچکا اب کیا بعد استطاعت پھر حج کرے گا | ۳۲۳ |
| شاہان کفار و مشرکین کے اثر میں اگر والی حجاز ہو تو حج جائز ہے یا نہیں | ۳۲۳ |
| مستطیع فوراً حج نہ کرے تو گناہگار ہوگا یا نہیں | ۳۲۳ |
| خلافت میں جھگڑے کی وجہ سے حج چھوڑا نہیں جائے گا | ۳۲۴ |
| شریف مکہ کی وجہ سے حج کی فرضیت میں فرق نہیں آتا | ۳۲۴ |
| شوہر کی اجازت کے بغیر عورت حج کرسکتی ہے یا نہیں | ۳۲۵ |
| بزمانہ شریف مکہ حج ساقط نہیں | ۳۲۵ |
| حج کی ادائیگی میں کیا خلیفہ کی موجودگی ضروری ہے | ۳۲۵ |
| بے پردگی کے خوف سے حج کو ممنوع کہنا غلط ہے | ۳۲۵ |
| جو باپ کے مال سے حج کرچکا ہو کیا اس پر دوبارہ حج فرض ہے | ۳۲۵ |
| زکوٰۃ کے روپے سے حج درست ہے یا نہیں | ۳۲۶ |
| جس کے لڑکے مراہق ہوں وہ حج کے لئے جاسکتا ہے یا نہیں | ۳۲۶ |

| صفحہ | عنوان |
| --- | --- |
| ۳۲۶ | حج فرض نہ ہونے کی صورت میں بلا اجازت والدین جاسکتا ہے یا نہیں |
| ۳۲۶ | غربت میں حج کر چکا تو مالدار ہونے کے بعد کیا اس پر دوبارہ حج فرض ہے |
| ۳۲۷ | غیر محرم کے ساتھ عورت کے لئے حج درست نہیں |
| ۳۲۷ | یتامی وفقراء کو روپیہ دینے سے حج ادا نہیں ہوتا |
| ۳۲۷ | غلط افواہ سے حج کی فرضیت ساقط نہیں ہوتی |
| ۳۲۸ | چھوٹے بچوں کو بغیر ماں کے چھوڑ کر حج کے لئے جانا کیسا ہے |
| ۳۲۸ | بغیر محرم عورت کا حج کے لئے جانا کیسا ہے |
| ۳۲۸ | عدت کے اندر سفر حج جائز ہے یا نہیں |
| ۳۲۸ | بیوہ غیر مرد کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے یا نہیں |
| ۳۲۹ | پانچ سو روپیہ بتایا، قبضہ نہیں کرایا تو کیا حکم ہے |
| ۳۲۹ | مرض الموت میں ہبہ کے لئے کیا شرط ہے |
| ۳۲۹ | پوتے نے جو روپیہ چرایا وہ تمام ورثہ کا حق ہے |
| ۳۲۹ | جو زائد مکان کا مالک ہو اس پر حج فرض ہے یا نہیں |
| ۳۲۹ | جائیداد کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے یا نہیں |
| ۳۲۹ | ہبہ کے ذریعہ روپیہ ملا تو حج فرض ہوا یا نہیں |
| ۳۲۹ | حج کے زمانے سے پہلے روپیہ تھا، بعد میں قرض دیدیا اور وصول نہ ہوا تو کیا حکم ہے |
| ۳۳۰ | والدین کی مرضی کے بغیر نفل حج کرنا کیسا ہے |
| ۳۳۰ | فریضہ حج کی ادائیگی میں تاخیر جائز ہے یا نہیں |
| ۳۳۱ | مہر دین مقدم ہے یا حج |
| ۳۳۱ | عورت غیر محرم کے ساتھ حج کو جانا چاہے تو شوہر روک سکتا ہے یا نہیں |
| ۳۳۱ | غیر محرم پیر کے ساتھ عورت سفر حج کر سکتی ہے یا نہیں |
| ۳۳۲ | کیا عورت ان عورتوں کے ساتھ حج کے لئے جاسکتی ہے جو اپنے محرم کے ساتھ جارہی ہوں |
| ۳۳۲ | محرم عرفات میں نہ پہنچا تو حج ہوا یا نہیں |
| ۳۳۲ | جب خود اپنے ذمہ حج فرض ہے تو حج بدل والد کی طرف سے کرانے سے اس کا فرض ادا ہوگا یا نہیں |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| حج سے پہلے اور بعد زنا کرنے والے کا حج ہوا یا نہیں | ۳۳۲ |
| یوم عرفہ اگر جمعہ کے دن پڑے تو کیا یہ ستر حج سے افضل ہے | ۳۳۳ |
| جب عورت خود بھی بیمار ہو اور اس کا شوہر بھی تو کیا کرے | ۳۳۳ |
| قرض دار بغیر قرض ادا کئے حج کے لئے جاسکتا ہے یا نہیں | ۳۳۴ |
| دوسرا باب: ارکان و واجبات حج | ۳۳۵ |
| عرفات کی حاضری کا وقت کیا ہے | ۳۳۵ |
| جس عورت کو ایام حج میں حیض آئے وہ حج کیسے کرے | ۳۳۵ |
| عرفات میں کس قدر حاضری ضروری ہے کہ حج ہو جائے | ۳۳۵ |
| خطبہ حج کا وقت کیا ہے | ۳۳۵ |
| غروب آفتاب سے پہلے عرفات سے واپس ہو جائے تو دم واجب ہوگا یا نہیں | ۳۳۵ |
| عرفات کی حاضری کا وقت کیا ہے | ۳۳۵ |
| طواف وداع نہ کرے تو کیا حکم ہے | ۳۳۶ |
| طواف زیارت نہ کرے تو کیا حکم ہے | ۳۳۷ |
| تیسرا باب: احرام | ۳۳۸ |
| محرم ربڑ یا تار کی پٹی باندھ سکتا ہے یا نہیں | ۳۳۸ |
| محرم احرام کی چادر گرمی کی وجہ سے اتار سکتا ہے یا نہیں | ۳۳۸ |
| حج کی دعائیں کتاب دیکھ کر پڑھنا کیسا ہے | ۳۳۸ |
| چوتھا باب: جنایات | ۳۳۹ |
| محرم مینڈک کو مار ڈالے تو کیا حکم ہے | ۳۳۹ |
| عورتوں کی طرف سے اگر مرد حالت مجبوری میں رمی جمار کرے تو کیا حکم ہے | ۳۳۹ |
| محرم چشمہ لگا سکتا ہے یا نہیں | ۳۳۹ |
| بوٹ پہننے سے محرم پر دم آتا ہے یا نہیں | ۳۳۹ |
| منیٰ میں کنکری اٹھا کر رمی کرے تو کیا دم لازم ہوگا | ۳۴۰ |
| رمی خلاف ترتیب ہونے پر دم آتا ہے یا نہیں | ۳۴۰ |
| تیسرے دن رمی جمار نہ کرنے سے دم آتا ہے یا نہیں | ۳۴۰ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| **پانچواں باب: حج بدل** | ۳۴۱ |
| حج کا بدل کیوں ہے | ۳۴۱ |
| باسٹھ سالہ بوڑھا حج بدل کراسکتا ہے یانہیں | ۳۴۱ |
| مرد کی طرف سے عورت حج بدل کرسکتی ہے یانہیں | ۳۴۱ |
| ایک شخص حج کے لئے روانہ ہوا مگر راستہ میں انتقال کرگیا، دوسرے شخص نے روپیہ لے کر حج بدل کردیا کیا حکم ہے | ۳۴۱ |
| اندھا مستطیع خود حج کرے یا حج بدل کراسکتا ہے | ۳۴۲ |
| زید پر حج فرض تھا اس نے نہ خود ادا کیا نہ وصیت کی کیا کیا جائے | ۳۴۲ |
| جس کی صحت خراب ہے وہ اپنی زندگی میں حج بدل کراسکتا ہے یانہیں | ۳۴۳ |
| ۶۶ سال کا بوڑھا مجبور حج بدل کراسکتا ہے یانہیں | ۳۴۳ |
| تکلیف کے ڈر سے حج بدل کرانا اور خود نہ کرنا کیسا ہے | ۳۴۳ |
| ستر سالہ بوڑھا جو کمزور ہے وہ حج بدل کراسکتا ہے یانہیں | ۳۴۴ |
| زید شروع میں حج نہ کرسکا، اب وہ لائق سفر نہیں تو حج بدل کراسکتا ہے یانہیں | ۳۴۴ |
| بلاتقسیم ترکہ حج بدل کرانا درست ہے یانہیں | ۳۴۴ |
| جس پر حج فرض نہ تھا اسے حج کا ثواب بخشنا کیسا ہے | ۳۴۴ |
| ورثاء حج بدل کرائیں تو کیا حکم ہے | ۳۴۵ |
| حج بدل والا پہلے اس روپے سے اپنا حج کرسکتا ہے یانہیں | ۳۴۵ |
| جو روپیہ ماں لے لے وہ کس کے حصہ میں شمار ہوگا | ۳۴۶ |
| والد کی طرف سے کسی غیر مستطیع سے حج بدل کرانا کیسا ہے | ۳۴۶ |
| چندہ سے حج کے لئے روپیہ جمع کیا اب کسی سے کہے اتنا روپیہ دیدو حج بدل کردوں گا | ۳۴۷ |
| ایک شخص حج کے ارادہ سے نکلا مگر کسی وجہ سے واپس آ گیا، کیا وہ روپیہ مسجد پر یا مدرسہ پر خرچ کرنا درست ہے | ۳۴۷ |
| پردہ نشین عورت کا جب محرم نہ ہوتو حج بدل کراسکتی ہے یانہیں | ۳۴۷ |
| حج بدل | ۳۴۸ |
| نفل حج بدل کرانا کیسا ہے | ۳۴۸ |
| زندگی میں حج بدل | ۳۴۹ |
| حج بدل میں خرچ کی کمی کی وجہ سے آمر کے میقات سے احرام نہ باندھے تو کیا حکم ہے | ۳۴۹ |
| بلاوصیت نابالغ کے مال سے حج بدل درست ہے یانہیں | ۳۴۹ |
| حج بدل کے روپے سے تجارت درست ہے یانہیں | ۳۴۹ |

| عنوان | صفحہ |
|---|---|
| والدین کی طرف سے حج بدل کرادے تو ثواب ہوگا یا نہیں | ۳۵۰ |
| ہندہ پر حج فرض تھا بغیر وصیت انتقال کرگئی اب اس کا بیٹا حج بدل کرادے تو کافی ہے یا نہیں | ۳۵۰ |
| جس نے حج ادا نہیں کیا اس کا حج بدل میں بھیجنا کیسا ہے | ۳۵۰ |
| حج بدل کے لئے کیا آمر کے وطن سے روانگی ضروری ہے | ۳۵۱ |
| عورت کی طرف سے مرد اور حنفی کی طرف سے غیر مقلد حج بدل کرسکتا ہے یا نہیں۔ | ۳۵۲ |
| کیا حج بدل کے لئے اولاد کا جانا بہتر ہے اور اس روپے سے قرض دینا درست ہے یا نہیں | ۳۵۲ |
| جس نے پہلے حج نہ کیا ہو اور جو کرچکا ہو ان میں سے حج بدل میں کس کو بھیجنا بہتر ہے | ۳۵۲ |
| حج بدل میں جانے والا راستہ میں فوت ہوگیا تو اب کیا کیا جائے | ۳۵۲ |
| حج بدل کے لئے کس کا جانا مکروہ تحریمی ہے | ۳۵۲ |
| حج بدل کے لئے جو روپیہ دیا گیا وہ کم ہے تو کیا کیا جائے | ۳۵۳ |
| مجبوری کی وجہ سے حج بدل کراسکتا ہے یا نہیں | ۳۵۴ |
| جس پر نہ حج فرض ہے اور نہ اس نے حج کیا ہے اسے حج بدل میں بھیجنا کیسا ہے | ۳۵۴ |
| کیا حج بدل کے بعد آمر کے مکان پر واپسی ہونی چاہئے | ۳۵۴ |
| اپنا حج دوسرے کو دینا درست ہے یا نہیں | ۳۵۴ |
| **چھٹا باب: زیارت مدینہ منورہ** | ۳۵۵ |
| بعد حج روضہ پاک کی حاضری سنت ہے یا مستحب | ۳۵۵ |
| حالات ناسازگار ہونے کی وجہ سے اگر مدینہ نہ جائے تو کیا حکم ہے | ۳۵۵ |
| کیا اس پر وعید عائد ہوگی | ۳۵۵ |
| کیا ایسے شخص سے انقطاع ضروری ہے | ۳۵۵ |
| اگر کوئی جماعت خطرہ کی افواہ سن کر مدینہ نہ گئی تو کیا حکم ہے | ۳۵۶ |
| خرچ کی کمی کی وجہ سے اگر مدینہ نہ جائے تو کیا حکم ہے | ۳۵۶ |
| **ساتواں باب: متفرق مسائل حج** | ۳۵۷ |
| جمعہ کو حج ہوتا ہے اسے اکبری کہتے ہیں، اس کی اصل کیا ہے | ۳۵۷ |
| دونوں طرف کے کرایہ جمع کرنے کا حکم درست ہے یا نہیں | ۳۵۷ |
| سرمایہ جب ناجائز آمدنی میں مخلوط ہوجائے تو کیا کرے | ۳۵۷ |
| حرم مکہ و مدینہ کی عبادت کا ثواب کس قدر ہے | ۳۵۸ |
| جس حاجی کا جدہ میں انتقال ہوجائے اسے حج کا ثواب ملے گا یا نہیں | ۳۵۸ |
| سفر میں حج سے پہلے موت | ۳۵۹ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فتاویٰ دار العلوم دیوبند مدلل و مکمل جلد ششم

الحمد للہ رب العلمین و الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین و علیٰ الہ وصحبہ اجمعین

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے فتاویٰ کی جلد ششم کی تکمیل فرمادی۔ زیر نظر فتاویٰ کی ترتیب وتزئین میں جو دیدہ ریزی اور محنت و کاوش کرنی پڑتی ہے اس سے اہل علم بے خبر نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کوئی نئی جلد مرتب اور حوالجات سے مزین ہوکر منظر عام پر آتی ہے تو خاکسار مرتب کا دل حمد و شکر اور مسرت سے لبریز ہوجاتا ہے کہ دار العلوم کی طرف سے جو خدمت سپرد ہے وہ بتدریج انجام پارہی ہے اور ملت اسلامیہ اس سے برابر مستفید ہورہی ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ جو کچھ بھی ہورہا ہے سب رب العزت کی توفیق اور اس کی دستگیری کا نتیجہ ہے۔

بحمد اللہ اس جلد میں تین کتابیں آ گئیں۔ کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصوم اور کتاب الحج۔ اس کی ضخامت اور جلدوں سے گو بڑھی ہوئی ہے مگر نا گوار خاطر نہیں۔ تقریباً چھ سو صفحات کی تصحیح، ترتیب وتزئین اور ان کو حوالہ جات سے مزین کرنے میں بہت ممکن ہے خاکسار نے ٹھوکر کھائی ہو، اور یقیناً کھائی ہوگی۔ مگر جہاں تک تلاش وجستجو اور بحث وتحقیق کا تعلق ہے، حتی الوسع کوئی کوتاہی اپنی طرف سے نہیں کی گئی ہے۔ کامیابی رب العالمین کے ہاتھ ہے۔

رویت ہلال پر آج سے آٹھ سال پہلے خاکسار نے مارچ سن ۱۹۶۰ء کے رسالہ دار العلوم دیوبند میں ایک جامع مقالہ لکھا تھا جس میں کتاب وسنت سے یہ ثابت کیا گیا تھا کہ جدید تعلیم یافتہ حضرات کے یہ رجحانات صحیح نہیں ہیں کہ رویت ہلال کے باب میں ماہرین فلکیات اور علماء ریاضی کا فیصلہ مان لیا جائے اور چاند دیکھنے کی زحمت برداشت نہ کی جائے۔

ریڈیو کی خبر کے سلسلہ میں آج سے بہت پہلے اکابر جمعیۃ علماء ہند کا بیان، اور ابھی حال میں مجلس تحقیقات شرعیہ کا جو فیصلہ آیا ہے اس سے مسئلہ واضح ہوکر سامنے آ گیا ہے۔

ریڈیو کے سلسلہ میں علماء نے جو فیصلہ کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے:۔

''ریڈیو سے رویت ہلال کا اعلان، خبر ہے اصطلاحی شہادت نہیں ہے۔ ریڈیو کا اجمالی اعلان کہ فلاں شہر میں چاند دیکھا گیا یا کل عید منائی جائے گی، قابل قبول نہیں ہے۔ اور نہ اس طرح کے اعلان پر صوم یا افطار صوم درست ہے۔ اسی طرح ایک ہی جگہ کے ریڈیوں کے حوالہ سے مختلف شہروں کے ریڈیو کی خبر بھی قابل توجہ نہیں ہے۔

ریڈیو کے جس اعلان پر صوم یا افطار صوم کا حکم دیا جائے گا اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ تفصیلی ہو اور ذمہ دار علماء کی طرف سے ہو، یا کم از کم ان کی ذمہ داری کے حوالہ سے ہو کہ انہوں نے باضابطہ شرعی شہادت لے کر چاند کے ہوجانے کا فیصلہ کیا ہے۔ مثلاً ریڈیو اسٹیشن سے کوئی مسلمان یہ اعلان کرے کہ ہمارے شہر کی ہلال کمیٹی یا جماعت علماء، یا قاضی شریعت نے ثبوت شرعی کے بعد رویت ہلال کا فیصلہ کردیا ہے۔ اس طرح کے واضح اعلان پر صوم وافطار صوم درست ہے، ریڈیو پر اعلان کرنے والا کوئی متدین مسلمان نہ ہو بلکہ ریڈیو کا غیر مسلم ملازم ہو، اور وہ کسی ذمہ دار ہلال کمیٹی یا جماعت علماء یا قاضی شریعت کے فیصلہ کا بتصریح نام، اعلان کرے تو یہ اعلان بھی قابل تسلیم ہوگا۔ اور صوم وافطار صوم کا حکم

درست ہوگا، جس طرح توپ کی آواز، اور ڈھنڈورچی کے اعلان پر فقہاء صوم وافطار صوم جائز قرار دیتے ہیں۔

''پاکستان اور دیگر قریبی ممالک کے ریڈیو کا اعتبار بھی اسی وقت ہوگا جب ان کی اطلاع اصول واحکام مذکورہ کے مطابق ہوگی۔''

''مطلع'' کے سلسلہ میں مجلس تحقیقات شرعیہ نے جو فیصلہ کیا ہے وہ یہ ہے:۔

''بلاد بعیدہ میں اختلاف مطالع کا اعتبار ہوگا۔'' البتہ بلاد قریبہ میں معتبر نہیں ہے۔ اور بلاد بعیدہ سے مراد یہ ہے کہ وہ اس قدر دور ہوں کہ عادتاً ان کی رویت میں ایک دن کا فرق ہوتا ہو جیسے مصر اور حجاز۔

مگر یہ واضح ہے کہ ہمارے اس فتاویٰ میں اختلاف مطالع کو روزہ کے باب میں غیر معتبر قرار دیا گیا ہے اور اب بھی یہاں اسی قول پر فتویٰ دیا جاتا ہے۔

ہوائی جہاز سے چاند دیکھنے کے سلسلہ میں فیصلہ یہ ہے:۔ ''ہوائی جہاز سے اس قدر اونچائی پر پہنچ کر چاند دیکھنا کہ اس سے مطلع بدل جاتا ہو معتبر نہیں ہے، البتہ اگر اس قدر اونچائی نہیں ہے تو اس کی شہادت معتبر قرار دی جائے گی''

آخر میں سرپرست شعبہ حکیم الاسلام حضرت مولانا القاری الحافظ محمد طیب صاحب دامت برکاتہم اور اپنے اساتذہ کرام دامت فیوضہم کی خدمات عالیہ میں ہدیہ عقیدت ومحبت پیش کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کی توجہ خاص اور دعاؤں کے صدقہ میں خاکسار اس خدمت گرامی کے لائق ہوا، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے اور اسے مرتب کے لئے زاد آخرت اور فلاح دارین کا ذریعہ بنائے۔

(طالب دعا:۔ محمد ظفیر الدین غفرلہ۔ مرتب فتاویٰ دارالعلوم دیوبند۔ ۱۰ جمادی الاولیٰ سن ۱۳۸۷ھ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ و کفیٰ وسلام عبادہ الذین اصطفی

# کتاب الزکوٰۃ

## پہلا باب شرائط اور صفت زکوٰۃ

### زکوٰۃ کا حکم کب نازل ہوا

(سوال ۱) زکوٰۃ کا حکم قرآن مجید میں کتنی جگہ آیا ہے؟ کون سن ہجری میں حکم نازل ہوا۔

(جواب) درمختار وشامی میں ہے کہ زکوٰۃ کا حکم کلام مجید میں نماز کے ساتھ ۳۲ جگہ آیا ہے، نماز کے علاوہ ذکر آیا ہوتو اس کو نہیں لکھا، قرآن شریف دیکھ لیا جائے، اور ہجرت کے دوسرے سال میں فرضیت زکوٰۃ ہوئی ہے، قال فی الدر المختار قرنها بالصلوٰة فی اثنین و ثما نین موضعا فی التنزیل (الی ان قال) وفرضت فی السنة الثانية قبل فرض رمضان الخ قال الشامی وصوابه اثنين وثلاثين۔(۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

### ایک مسئلہ کی تحقیق

(سوال ۲) غایۃ الاوطار میں لکھا ہے کہ غنی سے مراد یہاں وہ ہے جو صاحب نصاب ہو یعنی جس کو ستاون روپے کا مقدور ہو خواہ اس قدر نقد ہو یا جنس چنانچہ باغ یا زمین یا رہنے کے مکان کے سوا دوسری حویلی اتنی مالیت کی ہو۔ ایسے شخص کو نذر کی چیز کھانا جائز نہیں۔ آیا ایسے شخص پر قربانی اور صدقہ فطر واجب ہے یا نہیں اور یہ مسئلہ صحیح ہے یا نہیں۔

(جواب) اس میں بھی اختلاف ہے، اور یہ جو غایۃ الاوطار میں ہے امام ابو یوسفؒ کا مذہب ہے، اور امام محمدؒ کا مذہب یہ ہے اور اسی پر فتویٰ ہے کہ سوائے نقدین کے زمین وغیرہ سے صاحب نصاب نہیں ہوتا۔(۲) فقط

### نابالغ کے مال پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۳) نابالغ کے مال میں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

(جواب) وشرط افتراضها عقل بلوغ و اسلام . د ر مختار .فلا تجب على مجنون وصبی لا نها عبادة محضة وليسا مخاطبين بها الخ رد المحتار(۳) وفی الهدايه وليس على الصبی والمجنون زكوٰة خلافاً للشافعی فانه يقول هی غرامة مالية فتعتبر بسائر المئون كنفقة الزوجات الخ ولنا انها عبادة فلا تتادى الا بالا ختيار تحقيقا لمعنى الابتلاء والا ختيار لهما لعدم العقل(۴) الخ۔ عبارات مرقومہ سے واضح ہے کہ نابالغ شرعی کے مال میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے اور نصوص سے صبی کا غیر مکلف ہونا اور مرفوع القلم ہونا ثابت ہے۔ قال علیہ الصلوٰة والسلام رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتى يستيقظ وعن الصبی حتیٰ يبلغ وعن المجنون حتی يفيق الحديث ۔(۵) او کما قال رسول اللہ ﷺ۔ اور عدم وجوب صلوٰۃ و صیام وحج وغیرہ۔ جملہ عبادات نابالغ بھی

---

(۱) رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۲ .ط.س. ج۲ص۲۵۶ .۱۲ ظفير

(۲) وذكر فی الفتاویٰ فیمن له حوانیت و دور للغلة لكن غلتها لا تكفيه وعيا له انه فقير ويحل له اخذ الصدقة عند محمد وعند ابی یوسف لا يحل الخ سئل محمد عمن له ارض يزرعها اوحانوت يستغلها او دار غلتها ثلاثة الا ف ولا تكفی لنفقته ونفقة عياله سنة يحل له اخذ الزكوة وان كانت قيمتها تبلغ الو فاوعليه الفتوىٰ وعندهما لا يحل اھ( رد المحتار باب المصرف ج ۲ص ۸۸ .ط.س. ج۲ص۳۴۸) (۳) رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۳ .ط.س. ج ا ص۲۵۸ .۱۲ ظفير

(۴) هدايه كتاب الزكوة ج ا ص ۱۶۸ .۱۲ ظفير (۵) دیکھئے نصب الرايه كتاب الزكوة ج ۲ ص ۳۳۳ .۱۲ ظفير

دلیل عدم وجوب زکوٰۃ کی ہے اس پر، اور حدیث حتیٰ لا تاکله الصدقة باوجود عدم صحت کے ماول ہے۔ فقط

## مقدار نصاب کیا ہے اور زکوٰۃ ہر سال ہے یا صرف ایک مرتبہ

(سوال ۴) زکوٰۃ میں زیور کتنے روپیہ کا، چاندی یا سونا ہو اور ایک مرتبہ زکوٰۃ نکال دیئے سے تاعمر معافی ہوگی یا نہیں۔ اور انگریزی سکہ کی رو سے نصاب کتنے روپیہ کا ہوتا ہے۔ مثلاً چالیس روپیہ کا زیور ہے اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں۔ یا اس سے کم میں اور زائد میں ہے یا نہیں۔

(جواب) زیور میں زکوٰۃ واجب ہے۔ نصاب چاندی کا دوسو درہم یعنی بقدر ۵۲ ½ تولہ کے سکہ رائج الوقت سے ہے اور نصاب سونے کا ساڑھے سات تولہ سنا ہے اور اگر زیور دونوں طرح کا ہو تو سونے کی قیمت کر کے چاندی میں شامل کر کے زکوٰۃ ادا کی جائے زکوٰۃ میں چالیسواں حصہ دینا واجب ہے یعنی اڑھائی روپیہ سیکڑہ کے حساب سے، زکوٰۃ سال بھر کے بعد ادا کرے۔ (۱) اور زکوٰۃ ہر سال دینی لازم ہے۔ (۲) فقط (ساڑھے باون تولہ چاندی یا اس کی قیمت نصاب ہے۔ پہلے چونکہ چاندی سستی تھی اس لئے نصاب عام طور سے کبھی چالیس روپے ہوتے تھے اور کبھی ساڑھے باون روپے مگر اس وقت ۵۲ ½ تولہ چاندی کی قیمت تین روپے تولہ کے حساب سے ما معہ ۵ پ ہوگی اس لئے کہا جائے گا کہ جس کے پاس حوائج اصلیہ کے علاوہ پیسے باقی رہے وہ صاحب نصاب ہے۔ اس وقت چالیس روپے کے زیور میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔ (واللہ اعلم۔ ظفیر)

## جب یہ پتہ نہ ہو کہ کب سے وہ نصاب والا ہے تو کیا کرے

(سوال ۵) ایک صاحب کے والد بزرگوار نے انتقال کیا اور اس کے حصہ میں منجملہ اور اشیاء کے کچھ زیور بھی آیا اور اس قدر تھا کہ جس پر زکوٰۃ فرض نہیں تھی، کچھ روز بعد انہوں نے اور زیور گھڑوا کر اس میں شامل کیا۔ اور کچھ زیور ان کے بچوں کا اس میں شامل ہوا۔ کل ۹۵ تولہ ہوا۔ اور ٹھیک معلوم نہیں کہ دو سال سے یا چار سال سے یہ ۹۵ تولہ ہوا ہے۔ تو آیا اب وہ زکوٰۃ پچھلے سالوں کی بھی ادا کرے یا اسی سال کی۔

(جواب) گمان غالب کے موافق جس وقت سے وہ زیور ۹۵ تولہ ہوگیا ہے اسی وقت سے زکوٰۃ اس کی ادا کرنی چاہئے۔ سنین ماضیہ کی زکوٰۃ بھی دی جائے اور گمان غالب سے سوچ لیا جاوے یا قرائن سے اندازہ لگایا جاوے اور احتیاطاً کچھ زیادہ ہی مدت لگالی جاوے۔ مثلاً اگر اڑھائی برس کا گمان ہو تو تین برس سمجھ کر تین سال کی زکوٰۃ دی جائے۔ علیٰ ہذا القیاس کچھ زیادہ ہو جائے تو بہتر ہے، ثواب زیادہ ہے اور کم ہو جانے کی صورت میں خوف عتاب ہے۔ اور زکوٰۃ کل زیور کی جو موجود ہے دی جاوے گی بحساب اڑھائی روپے سیکڑہ کے۔ (۳) فقط

---

(۱) فاذا كانت مائتين وحال عليها الحول ففيها خمسة دراهم الخ وليس فيما دون عشرين مثقالا من ذهب صدقة فاذا كانت عشرين مثقالا عليها نصف مثقال الخ وفي تبر الذهب والفضة عليهما واما نيهما الزكوة (هدايه باب زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۶ و ص ج ۱ ص ۱۷۷) ظفير

(۲) وتجب على الفور عند تمام الحول الخ (عالمگیری کتاب الزكوة ط. ماجدیه ج ۱ ص ۱۷۰) ظفیر

(۳) ای سبب افترا ضها ملک نصاب حولی الخ تام الخ او شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو في ملكه وتنمية المال كالدراهم والدنا نير (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۶ و ج ۲ ص ۱۳ ط. س. ج ۲ ص ۲۵۹) ظفیر۔

## دختر کے روپے میں زکوٰۃ

(سوال ۱/ ۶) دختر کے روپیوں پر جو کسی دوست نے دیئے زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

## مال کی ہر قسم کی زکوٰۃ علیحدہ علیحدہ وقتوں میں درست ہے یا نہیں

(سوال ۲/ ۷) مال کی سب قسموں کی زکوٰۃ علیحدہ علیحدہ وقتوں میں دینا درست ہے یا نہیں۔

## کتابیں جو مروۃً دی جاتی ہیں ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۳/ ۸) کتابیں کبھی فروخت کرتا ہے اور کبھی مروۃً دی جاتی ہے، ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

## قرض حسنہ کی زکوٰۃ

(سوال ۴/ ۹) روپیہ جو کسی کو قرض حسنہ دیا اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔(۱)

(۲) علیحدہ علیحدہ اوقات میں جدا جدا سامان واسباب کی زکوٰۃ دینا درست ہے۔

(۳) اگر دراصل وہ کتب تجارت کے لئے ہیں گو کسی کو مروۃً بلا قیمت بھی دے دی جاوے تو زکوٰۃ ان پر لازم ہے۔(۲)

(۴) بعد وصول کے اس کی زکوٰۃ ادا کی جاوے گی، اگر قبل وصول زکوٰۃ دے دیوے تو یہ بھی درست ہے۔(۳) فقط۔

## جس کے پاس صرف پانچ سو روپیہ ہے، اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۰) زید کے پاس پانچ سو روپیہ ہے لیکن نہ مکان ہے نہ مقروض ہے نہ دیگر جائداد۔ روزگار کرنا اور گذران کرنا روپیہ مذکور سے مکان بنانے کا ارادہ ہے، اس مال کی زکوٰۃ زید پر واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ اس کی واجب ہے۔ ہر سال بعد ختم سال زکوٰۃ دینا فرض ہے۔(۴) فقط۔

## مہر مانع زکوٰۃ نہیں ہے

(سوال ۱۱) ایک شخص کے پاس مثلاً دس ہزار روپے ہیں۔ اس پر رقم زکوٰۃ اڑھائی سو روپیہ ہوئی مگر زوجہ کا مہر پانچ ہزار قرض ہے اس لئے سوا سو روپیہ زکوٰۃ دے گا آیا یہ درست رہا یا کوئی اس میں خلجان ہے۔ دوسری بات اس سے صعب ہے ادائے زکوٰۃ میں خیال نہ رہا اور پورے دس کی زکوٰۃ دیتا رہا جو رقم زیادہ دی گئی اس کو کس طرح وصول کرے، آیا چند سال زکوٰۃ ادا نہ کرے جب تک پوری وصول نہ ہو جائے۔ گویا پیشگی ادا کی گئی حیلہ کی ضرورت نہیں خطفہ عقوبت نہ رہے۔

(جواب) مہر مؤجل جیسا کہ اب عموماً ہوتا ہے صحیح مذہب کے موافق مانع زکوٰۃ سے نہیں ہے، یعنی یہ دین مہر موجل روپیہ موجودہ سے وضع نہ کیا جاوے۔ گا بلکہ تمام روپیہ موجودہ کی زکوٰۃ دینا ضروری ہے پس جس کے پاس دس ہزار

---

(۱) الزکوٰۃ وجبۃ علی الحرا لعاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما وحال علیہ الحول (ھدایہ کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر۔

(۲) وفی عرض تجارۃ قیمتہ نصاب الخ ربع عشر ۔ (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب زکوٰۃ المال ج۲ ص ۴۱. ط.س. ج۲ ص ۲۹۸)

(۳) ولو کان الدین علی مقر الخ فوصل الی ملکہ لزم زکوٰۃ ما مضیٰ (ایضاً کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ ص ۳۰۱)

(۴) الزکوٰۃ واجبۃ علی الحرا لعاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما وحال علیہ الحول (ھدایہ کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۶۷) فاذا کانت مأتین وحال علیہ الحول ففیھا خمسۃ دراھم الخ (ایضاً ج ۱ ص ۱۷۶) ظفیر۔

روپیہ مثلاً موجود ہے اور پانچ ہزار کا قرض مہر موجل زوجہ کا اس کے ذمہ ہے تو وہ شخص پورے دس ہزار روپیہ کی زکوٰۃ اڑھائی سو روپے ادا کرے گا، لہذا جو زکوٰۃ دس ہزار روپے کی وہ دیتا رہا وہ پوری زکوٰۃ ہے اس میں زکوٰۃ سے زیادہ کچھ نہیں دیا گیا جس کے لئے واپسی کے حیلہ کی ضرورت ہو یا آئندہ زکوٰۃ نہ دے کر اس کو محسوب کیا جاوے۔ شامی میں دین مہر موجل کی بحث کرتے ہوئے لکھا ہے والصحیح انه غیر مانع۔(۲)فقط

### امانت کے روپے سے زکوٰۃ ادا کرائی جا سکتی ہے

(سوال ۱۲) زید کے پاس کچھ روپیہ عمر کا امانت موجود ہے عمر باہر گیا ہوا، زید کو لکھتا ہے کہ میری امانت سے زکوٰۃ فریضہ ادا کردی جائے، زید نے مبلغات مذکورہ کا حساب کر کے اس طرح تقسیم کیا کہ مبلغات واجب الاداء کی قیمت سے کچھ دینی کتابیں لے کر مصرف زکوٰۃ میں دے دی اور کچھ نقد ادا کردی۔ یہ وکالت جائز ہے اور زکوٰۃ ادا ہو گئی یا نہیں۔

(جواب) اس طریق سے زکوٰۃ ادا کر دینا درست ہے اور زکوٰۃ عمر کی ادا ہو گئی۔ لصحة الوکالة(۳)فقط۔

### ٹکٹ اور نوٹ سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۳) اگر ٹکٹ یا نوٹ در حساب زکوٰۃ دادہ شود، ادای شود یا نہ۔

(جواب) نوٹ را بمنزلہ وثیقہ میگویند از دادن نوٹ آں وقت زکوٰۃ ادا خواہد شد کہ معطی لہ، زرنقد بعوض آں بگیرد حاصل آنکہ زکوٰۃ از مال ادا باید کرد و نوٹ و ٹکٹ مال نیست۔(۴)فقط۔

### زکوٰۃ ہر سال دی جائے گی

(سوال ۱۴) جس مال کی زکوٰۃ ایک سال ادا کر دی گئی ہو اس مال کی نسبت دوسرے سال بھی زکوٰۃ دینا چاہئے یا نہیں جب کہ اس مال سے کوئی منافع نہیں ہوتا اور نہ کوئی تجارت کی جاتی ہے۔

(جواب) جس روپے اور زیور پر ایک سال زکوٰۃ دی گئی جب دوسرا سال پورا ہوگا پھر زکوٰۃ دینا لازم ہے۔ ہر سال زکوٰۃ واجب الاداء ہوتی ہے خواہ اس روپے سے کچھ نفع ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔(۵)فقط

### عورت بغیر اطلاع شوہر اپنے زیور و سامان کی زکوٰۃ دے سکتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۵) جس عورت کے پاس زیور جہیز کا ہو وہ بغیر اطلاع خاوند کے زکوٰۃ ادا کر سکتی ہے یا نہیں۔

---

(۱) فارغ عن دین له مطالب من جهة العباد سواء کان لله کزکاة وخراج او للعبد ولو کفالة او مئوجلا ولو صداق زوجه المؤجل (در مختار) والصحیح انه غیر مانع (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۲ و ج ۲ ص ۷. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۰)

(۲) رد المحتار کتاب الزکوة ص ۷. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۱ ۱۲ ظفیر.

(۳) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له ای للاداء ولو کانت المقارنة حکما (الدر المختار علی هامس رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸) ظفیر

(۴) وجاز دفع القیمة فی زکاة وعشر وخراج و نذر و فطرة (ایضاً باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۲۹. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۵) نوٹ وٹکٹ کو مال سے خارج قرار دینا قابل غور ہے، بالخصوص اس زمانہ میں جب کہ چاندی کا سکہ سرے سے پایا ہی نہیں جاتا، سارا کاروبار حکومت اور پبلک دونوں میں نوٹ پر موقوف ہے واللہ اعلم ۱۲ ظفیر

(۵) وشرط ای شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فی ملکه وثمنية المال الدراهم والدنانیر لعینها للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزکوة کیفما امسکهما (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۳. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۷) ظفیر.

(جواب) جہیز کا زیور عورت کا مملوکہ ہے (۱) اس کی زکوٰۃ اس کے ذمہ لازم ہے خاوند سے اجازت لینے اور اطلاع کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ فقط

## امین پر مال امانت کی زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۶) مال متروکہ میت کا ابھی وارثوں پر تقسیم نہیں ہوا ہے، امین کی زیر تحویل ہے اور وارث سب بالغ ہیں بعض کے حصے مقرر اور بعض کے ابھی مقرر نہیں ہوئے، اس مناقشہ میں سال کامل گذر گیا۔ اس صورت میں مال مذکورہ کی زکوٰۃ امین پر واجب الادا ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ مال کی بذمہ مالکوں کے لازم ہوئی ہے امین کے ذمہ زکوٰۃ نہیں، بلکہ اگر وہ مال سونا چاندی ہے تو وارثوں پر بقدر حصہ زکوٰۃ لازم ہے جس وقت ان کے پاس ان کا حصہ پہنچ جاوے گا اور مال زکوٰۃ بقدر نصاب ان کے پاس تو زمانہ گذشتہ کی زکوٰۃ بھی ان کے ذمہ لازم ہوگی۔ فی الدر المختار الا الذهب والفضة والسائمة لما فی الخانية لو رث سائمة لزمه زكوتها بعد حول نواه او لا الخ۔ (۲) فقط۔

## بغرض حفاظت جو رقم کسی کو دی اس پر زکوٰۃ کب سے ہے

(سوال ۱۷) زید نے اپنے بھائی عمر کو پانچ سو روپے بغرض حفاظت دیا اور کہا کہ چاہے تم اس کو اپنے کاروبار میں لگا کر نفع اٹھاؤ یا نقصان اور چاہے ایسا ہی رکھے رکھو۔ عمر نے بعد چار سال کے زید کی اجازت سے چھ سو روپے کا مکان رہنے کے لئے زید کو خرید دیا، پانچ سو وہ اور ایک سو اپنی طرف سے قیمت دے دی، زید پر ان چار سال کی زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔ اور صرف پانچ سو روپے کی زکوٰۃ واجب ہوگی یا کیا حکم ہے۔

(جواب) ان چار سال کی زکوٰۃ لازم ہوگی اور صرف پانچ سو روپے کی ہوگی۔ (۳) فقط

## مدرسہ کے چندہ میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے

(سوال ۱۸) مدرسہ کے چندہ پر جب سال بھر گذر جائے، اس پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) مدرسہ کا چندہ جو بقدر نصاب جمع ہو جاتا ہے اور سال بھر اس پر گذر جاتا ہے اس میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ (۴) فقط

## مال حرام سے زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۱۹) مال حرام سے زکوٰۃ دینی جائز ہے یا نہیں

(جواب) مال حرام تمام کو صدقہ کرنا بشرط لازم ہے، زکوٰۃ اس میں نہیں ہے، مگر خلط مال حرام کا موجب ملک ہے۔ اس وقت اس میں زکوٰۃ بھی لازم ہوگی۔ (۵) فقط

---

(۱) جهز ابنه بجها زو سلمها ذالک ليس له الا ستر د ادمنها ولا لو رثته بعد ه ان سلمها ذالک فی صحته بل تختص به وبه يفتى (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المهر ج ۲ ص ۵۰۳. ط.س. ج۳ص ۱۵۵) ظفير

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۸. ط.س. ج۲ص ۲۷۳. ۱۲ ظفير.

(۳) ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ص ۲۶۶) ظفير

(۴) وسببه اى سبب افتراضها ملک نصاب حولى (در مختار) قوله ملک نصاب فلاز كوة فى سوائم الوقف والخيل المسبلة لعدم الملک. (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۹. ط.س. ج۲ص ۲۵۹) ظفير

(۵) ولو خلط السلطان المال المغصوب بما له ملكه فتجب الزكوة فيه ويورث عنه لان الخلط استهلاک اذا لم يمكن تمييزه عند ابى حنيفه رضى الله تعالىٰ عنه وقوله ارفق اذقلما يخلو مال عن غصب وهذا اذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط منفصل عنه يوفى دينه والا فلا زكوة كما لو كان الكل خبيثا كما فى النهر (در مختار) فى القنية لو كان الخبيث نصا بالا تلزمه الزكوة لان الكل واجب التصدق عليه فلا يفيد ايجاب التصدق ببعضه (رد المحتار باب زكوة الغنم قبيل مطلب فى التصدق من المال الحرام ج ۲ ص ۳۳ و ج ۲ ص ۳۴. ط.س. ج۲ص ۲۹۰) ظفير

## مکان کی مالیت پر زکوۃ ہے یا آمدنی پر

(سوال ۱/۲۰) زید کے پاس جائداد مالیتی ایک لاکھ کی ہے جس کی آمدنی کرایہ چار سو روپے ماہوار ہے۔ زکوۃ مالیت پر دیوے یا آمدنی پر۔

## زیور ونقد زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲/۲۱) علاوہ جائداد وکرایہ کی آمدنی کے زیور ونقد بھی ہے اس پر علیحدہ زکوۃ دینا چاہئے یا نہیں۔

## زکوۃ کس حساب سے دی جائے اور کب

(سوال ۳/۲۲) زکوۃ کس نرخ سے اور کس وقت کس ماہ میں دینا چاہئے۔

(جواب) (۱) مالیت زمین و جائداد پر زکوۃ نہیں ہے بلکہ کرایہ وغیرہ کی آمدنی جو جمع ہو اور خرچ وغیرہ کے بعد سال پورا ہونے پر باقی رہے اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔(۱)

(۲-۳) اور زیور ونقد پر بھی زکوۃ واجب ہے۔ زکوۃ کی شرح یہ ہے کہ چالیسواں حصہ روپیہ وزیور وغیرہ کا دینا واجب ہے یعنی اڑھائی روپے سیکڑہ۔(۲) فقط

## بیوی کے صاحب نصاب ہونے سے شوہر صاحب نصاب نہیں ہوتا

(سوال ۲۳) بیوی اگر صاحب نصاب ہو تو اس کی وجہ سے شوہر بھی صاحب نصاب سمجھا جاوے گا یا نہ اور زکوۃ اور قربانی کس کے ذمہ ہے؟

(جواب) بیوی کے صاحب نصاب ہونے سے شوہر صاحب نصاب نہیں ہوتا اور قربانی وغیرہ اس کے ذمہ واجب نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## قرض دار جس کی ذاتی آمدنی بھی ہے اس پر زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۴) ایک شخص کے ذمہ دو ہزار روپے قرض ہیں اور کچھ سرمایہ اور آمدنی بھی ہے جو قرض سے کم ہے تو اس پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) جب کہ قرض اس کے ذمہ سرمایہ وآمدنی سے زیادہ ہے تو زکوۃ اس پر واجب نہیں ہے۔(۴) فقط۔

---

(۱) ولا زکاۃ علی مکاتب واثاث المنزل و دورا لسکنی ونحوھا (در مختار) قولہ ونحوھا کثیاب البدن الغیر المحتاج الیھا و کالحوانیت والعقارات (رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۰ .ط.س. ج۲ ص ۲۶۵) ظفیر

(۲) نصاب الذھب عشرون مثقالا والفضۃ مائتا درھم الخ واللازم فی مضروب کل منھما و معمولہ ولو تبرا وعلیا مطلقا وفی عرض تجارۃ قیمۃ نصاب الخ من ذھب اوورق الخ ربع عشر (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب زکوۃ المال ج ۲ ص ۳۸ .ط.س. ج۲ ص ۲۹۵) ظفیر

(۳) الزکوۃ واجبۃ علی الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما وحال علیہ الحول الخ (ھدایہ کتاب الزکوۃ ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر

(۴) ومن کان علیہ دین یحیط بما لہ فلا زکوۃ علیہ (ھدایہ کتاب الزکوۃ ج ۱ ص ۱۶۸) ظفیر

## صاحب نصاب کی تعریف

(سوال ۱/۲۵) صاحب نصاب کس کو کہتے ہیں

## جس کے پاس ۳۶ تولہ چاندی اور پانچ تولہ سونا ہو وہ صاحب نصاب ہے یا نہیں

(سوال ۲/۲۶) اگر کسی شخص کے پاس ۳۶ تولہ ۵ ماشہ ۴ رتی چاندی یا ۵ تولہ ۲ ماشہ ۴ رتی سونا ہو تو وہ صاحب نصاب ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۳/ ۲۹. ۳۲) تملیک کس کو کہتے ہیں۔

(جواب ۱ تا ۳) نصاب چاندی کا ساڑھے باون تولہ چاندی اور نصاب سونے کا ساڑھے سات تولہ ہے۔ پس جس کے پاس اس سے کم چاندی یا سونا ہو تو وہ صاحب نصاب نہیں ہے۔(۱) اور تملیک کے معنی مالک بنانا ہے۔ فقط

## مہتمم مدرسہ کے پاس جو رقم مدرسہ کی جمع رہتی ہے اس میں زکوٰۃ نہیں

(سوال ۲۷) مہتمم مدرسہ کے پاس جو رقم مدرسہ کی جمع رہتی ہے اس میں زکوٰۃ فرض ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اس میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے۔(۲) فقط

## قرض کی زکوٰۃ وصولی کے بعد دی جائے گی

(سوال ۲۸) ایک شخص نے قرض حسنہ دیا ہے اس کی زکوٰۃ دینی چاہئے یا نہیں اور بعض ایسا ہے کہ جس کے عوض میں کچھ زیور گروی رکھا ہے اور بعض ایسا کہ اس کے عوض کچھ زیور نہیں رکھا، کیا حکم ہے۔ اگر کسی کے پاس کچھ روپیہ جمع ہے اس کی زکوٰۃ دی جاتی ہے اور ہمیشہ سال بہ سال کچھ اور روپیہ بھی ملتا اور جمع ہوتا رہتا ہے مگر یہ پچھلا روپیہ کچھ اتنا نہیں ہے کہ پہلے میں کچھ معتد بہ زیادتی کرے تو اگر اس جمع شدہ روپے میں سے ہمیشہ زکوٰۃ دی جاوے تو شاید کبھی ایسا وقت بھی آوے کہ زکوٰۃ نکالتے نکالتے اتنا باقی رہ جاوے کہ نصاب سے کم ہو جاوے۔ اس شبہ کا جواب مرحمت ہو۔

(جواب) قرض جو دیا گیا ہے اگر وہ تنہا یا دوسرے روپے موجود کے ساتھ مل کر بقدر نصاب ہے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہے لیکن ادا کرنا زکوٰۃ کا بعد وصول قرض کے لازم ہوتا ہے اگر قبل از وصول بھی زکوٰۃ دے دی جاوے گی تو ادا ہو جاوے گی۔ اور وہ قرض جس کے عوض کچھ زیور رہن رکھا ہوا اور وہ قرض جس کے عوض کچھ رہن نہ رکھا ہو حکم زکوٰۃ میں دونوں برابر ہیں۔ دونوں کی زکوٰۃ بعد وصول کے ہی لازم ہوتی ہے۔(۳) اور وہ شبہ جو آپ نے لکھا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ روپیہ جمع شدہ زکوٰۃ دیتے دیتے جب نصاب سے کم ہو جاوے گا اس وقت زکوٰۃ آئندہ کو ساقط ہو جاوے گی۔ اور جب تک بقدر نصاب روپیہ موجود ہے تو زکوٰۃ واجب ہونا خلاف عقل نہیں ہے کیونکہ جو شخص مالک نصاب ہے وہ شرعاً اور عرفاً غنی کہلاتا ہے۔(۴)

---

(۱) لیس فیما دون مائتی درھم صدقة الخ فاذا کانت مائتین وحال علیه الحول ففیها خمسة دراھم الخ لیس فیما دون عشرین مثقالا من ذھب صدقة فاذا کانت عشرین ففیها نصف مثقال (ھدایه باب زکوٰة المال ج ۱ ص ۱۷۶ و ج ۱ ص ۱۷۷) ظفیر

(۲) وسببه ای سبب افتراضها ملک نصاب حولی (در مختار) قوله ملک نصاب فلا زکوٰة فی سوائم الوقف والخیل المسبلة لعدم الملک. (رد المحتار کتاب الزکوٰة ج ۲ ص ۹. ط.س. ج۲ ص ۲۵۹) ظفیر

(۳) فتجب زکاتها اذا تم نصابا وحال الحول لکن لا فورا بل عند قبض اربعین درهما من الدین القوی کقرض و بدل مال تجارة (درمختار) اذا تم نصابا . الضمیر فی تم یعود للدین المفهوم من الدیون والمراد اذا بلغ نصابا بنفسه او بما عنده مما یتم به النصاب (رد المحتار باب زکوٰة المال ج ۲ ص ۴۷. ط.س. ج۲ ص ۳۰۵) ظفیر

(۴) الزکوٰة واجبة علی الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا تاما وحال علیه الحول الخ ولا بد من ملک مقدار النصاب لانه صلی الله علیه وسلم قدر السبب به (ھدایه کتاب الزکوٰة ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر

اور غنی کو محتاجوں کی خبر گیری اور ان کو اپنے پاس سے کچھ دینا مروت اور عقل کا مقتضیٰ ہے۔(۱)

## رہن کے ذریعہ جو روپیہ قرض لیا گیا اگر وہ سال بھر رکھا رہے تو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۹) اگر کسی شخص نے مبلغ سو روپے رہن رکھے اور یہ روپیہ سال بھر تک رکھا رہا اور اس خیال سے رکھا ہوا ہے کہ شاید کسی وقت اس کے ادا کرنے کی ضرورت ہو جائے اور بعض حصہ اس میں سے ضرورت پر صرف بھی کر لیوے تو اس روپے پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اس سوال کا مطلب بظاہر یہ ہے کہ کسی شخص نے سو روپے قرض لئے اور اپنی زمین وغیرہ اس میں رہن رکھی ہے تو ظاہر ہے کہ یہ شخص جس نے سو روپے لئے ہیں، سو روپے کا مقروض ہے اور مدیون ہے اور مدیون پر بقدر دین کی زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی۔ پس اگر اس شخص کے پاس اور کچھ روپیہ وزیور وغیرہ علاوہ اس روپے کے بقدر نصاب نہیں ہے تو اس روپے کی زکوٰۃ اس کے ذمہ واجب نہیں ہے۔(۲)

## مہر میں جو زیور دیا گیا اس کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے

(سوال ۳۰) وقت نکاح جو زیور عورت کو خاوند کی طرف سے مہر میں دیا گیا اس کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے۔

(جواب) جب کہ وہ زیور عورت کو مہر میں دیا گیا تو وہ مالک اس کی ہوگئی۔ پس زکوٰۃ اس زیور کی بھی اسی کے ذمہ ہوگی، نہ بذمہ شوہر کے(۳)۔فقط۔

## نوتہ والے روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۳۱/۱) زید کا ایک ہزار روپیہ نوتہ میں گیا ہوا تھا۔ دس برس کے بعد وصول ہوا تو کیا حکم ہے۔

## ہزار روپیہ ہو مگر پانچ سو نوتہ کا باقی ہو تو اس پر کیا زکوٰۃ ہوگی

(سوال ۳۲/۲) زید کے پاس ہزار روپے ہیں اور پانچ سو روپے برواج برادری نوتہ دینا ہے تو اس صورت میں کس قدر روپے کی زکوٰۃ دینی ہوگی۔

(جواب) (۱) ایسے روپے کی زکوٰۃ بعد وصول ہونے کے دینا لازم ہے نہ قبل از وصول۔(۴)

(۲) اس صورت میں زید کو ایک ہزار روپے کی زکوٰۃ دینا لازم ہے۔(۵)۔فقط

---

(۱) اسلام کے اس قانون کا منشا یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ لوگ روپے جمع کر کے بیکار نہ رکھ چھوڑیں بلکہ اسے کاروبار میں یا کھیت وزمین میں لگائے رکھیں تاکہ ملک اور قوم کا فائدہ ہو اور زکوٰۃ بار نہ گذرے نقد جمع رکھنے سے ملک اور قوم کا سراسر نقصان ہے۔ ہدایہ میں زیور کی زکوٰۃ کے مسئلہ میں لکھا ہے ان السبب مال نام و دلیل النماء موجود هوا لا عداد للتجارة خلقة و الدليل هو المعتبر (هدايه باب زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۷) جس کا ماحصل یہ ہوا کہ جب اس روپے میں یا سونا چاندی میں نمو اور بڑھنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اب آپ یا کوئی اسے روک رکھے، اور جو کام ہے اس سے نہ لے، تو یہ روکنے والے کا قصور ہے زکوٰۃ کے وجوب کا سبب زیادتی نہیں ہے، واللہ اعلم ۱۲ ظفیر

(۲) كل دين له مطالب من جهة العباد يمنع وجوب الزكوة سواء كان الدين للعباد كا لقرض وثمن البيع وضمان المتلفات وارش الجراحة وسواء كان الدين من النقود او المكيل اوا لموزون الخ (عالمگیری مصری بولاق كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۷۲) ۱۲ ظفیر۔

(۳) وشرط افتراض ادائها حولان الحول وهو في ملكه الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۷)

(۴، ۵) نیوتہ کے سلسلے میں پہلی بحث یہ ہے کہ قرض کے حکم میں ہے یا ہبہ کے۔ اگر قرض کے حکم میں ہے تو بعد وصول گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ دینا لازم ہے۔ اسی طرح نیوتہ کی جو رقم ذمہ میں باقی ہے، زکوٰۃ کے حساب کے وقت یہ رقم وضع کر لی جائے گی اور بقیہ کی زکوٰۃ لازم ہوگی۔ اور نیوتہ کو قرض یا ہبہ قرار دینے کا مدار رسم ورواج پر ہے، بعض برادریوں میں بطور قرض یہ رقم دی جاتی ہے اور حساب لکھا جاتا ہے اور بعد میں شادی کے موقع پر ضروری طور پر وصول کیا جاتا ہے اور بعض برادریوں میں حساب وکتاب نہیں لکھا جاتا اگر مل گیا تو لے لیا ورنہ اس کا تذکرہ بھی نہیں ہوتا گویا یہ بطور ہبہ ہوتا ہے۔ سئل فيما يرسله الشخص الى غيره في الا عراس ونحو ها هل يكون حكمه حكم القرض فيلزمه الوفاء به ام لا اجاب (بقیہ اگلے صفحہ پر)

## زید کا مال والدین اور بھائی کے قبضہ میں رہا اب اس کے تصرف میں آیا وہ زکوۃ کب سے دے

(سوال ۳۳) زید کا مال اس کے والدین اور بڑے بھائی کے قبضہ میں رہا ہے، سن بلوغ سے اس وقت تک کہ اب زید کی عمر ۲۲ سال ہے، اسی وجہ سے زکوۃ وقربانی زید اپنی طرف سے ادا نہیں کر سکا۔ اب زید اپنے کل مال پر قادر وقابض ہوا ہے اور اپنے ذمہ کی زکوۃ وقربانی ادا کرنا چاہتا ہے تو کیسے ادا کرے اور کب سے کب تک کی ادا کرنا چاہئے۔

(جواب) آئندہ کو جب سے اس کے قبضہ میں مال آیا ہے زکوۃ ادا کرے گذشتہ زمانہ کی لازم نہیں ہے۔ (۱)۔ فقط۔

## بذریعہ حیلہ زکوۃ لینی درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۴) اگر غنی برائے زکوۃ گرفتن بکدام وجہ حیلہ ساز و چنانچہ مال خود را ملک زوجہ وغیرہ و مثل ولد صغیر ساز د تا باین حیلہ صدقہ بگیرد، آیا ایں حیلہ کردن جائز است و صدقہ گرفتن و احلال می باشد یانہ داز ذمہ مصدق ساقط میشود یانہ۔

(جواب) بدیں حیلہ صدقہ گرفتن او احلال خواہد شد اگر چہ ایں حیلہ مکروہ است لانه لاز کوۃ علی الواهب اتفاقا لعدم الملک وهی من الحیل و منها ان یهبه لطفله قبل اتمام بیوم در مختار ۔ (۲) کتاب الز کوۃ ۔ (ودر کراہت وعدم کراہت حیلہ اسقاط زکوۃ اختلاف بین الصاحبین معروف است فی الشامی۔) قال ابو یوسف لا یکره لانہ امتناع عن الوجوب لا ابطال حق الغیرو فی المحیط انه الا صح وقال محمد یکره واختاره الشیخ حمید الدین الضریر لان فیه اضراراً با لفقراء الی ان قال وقیل الفتویٰ فی الشفعة علی قول ابی یوسف وفی الزکوۃ علی قول محمد وهذا تفصیل حسن الخ (شامی ج ۲ ص ۴۷ باب زکوۃ الغنم)

## نصاب زکوۃ مفتی بہ کیا ہے

(سوال ۳۵) نصاب زکوۃ میں اختلاف ہے قول مفتی بہ کیا ہے۔

(جواب) حساب وزن سبعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ساڑھے باون تولہ چاندی کا نصاب ہے۔ کیونکہ دوسو درہم بوزن سبعہ اسی قدر ہوتے ہیں۔ (۳)

---

(گذشتہ صفحے کا بقیہ حصہ) ان کان العرف بانهم یدفعونه علی وجه البدل یلزم الوفاء به، مثلیا فبمثله وان قیمیا فبقیمته وان کان العرف خلاف ذالک بان کانوا ید فعونه علی وجهه الهبة ولا ینظرون فی ذالک الی اعطاء البدل فحکمه حکم الهبة فی سائر احکامه الخ (رد المحتار کتاب الهبة قبیل باب الرجوع ج ۴ ص ۷۰۷) (مفتی علامؒ کے دونوں نمبر کے جوابات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے ہبہ قرار دیا ہے۔ اگر ہبہ کا بدلہ ہبہ آ گیا تو اب آئندہ کی زکوۃ بشرط نصاب دے ورنہ نہیں اور نیوتہ کی رقم جو ذمہ میں ہے چونکہ ہبہ کے حکم میں ہے لہذا اسے حساب میں وضع قرار نہیں دیا۔ اس لئے کہ فقہاء صراحت کرتے ہیں فلاز کاۃ علی مکاتب الخ و مدیون للعبد بقدر دینه فیز کی الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۸ و ج ۲ ص ۹ ولو کان الدین علی مقر ملی او مفلس الخ فوصل الی ملکه لزم زکاۃ ما مضی (ج ۲ ص ۱۲) فتجب زکاتها اذا تم نصابا وحال الحول لکن لا فوراً بل عند قبض اربعین درهما من الدین القوی کقرض الخ (باب زکاۃ المال ج ۲ ص ۴۷ و ج ۲ ص ۴۸) محمد ظفیر الدین غفرله

(۱) عند قبض مائتین منه لغیرها ای من بدل مال لغیر تجارة وهو المتوسط کثمن سائمة وعبید خدمة ونحوهما مما هو مشغول بحوائجه الا صلیة کطعام وشراب واملاک ویعتبر ما مضی من الحول قبل القبض فی الا صح (در مختار) اما لمتوسط ففیه روایتان فی روایة الا صل تجب زکوۃ فیه ولا یلزمه الا داء حتیٰ یقبض مائتی در هم فیز کیها وفی روایة ابن سماعة عن ابی حنیفة لا زکوۃ فیه حتیٰ یقبض ویحول علیه الحول لانه صار مال الزکوۃ فان فصار مال کالحادث ابتداء الخ وعلی روایة ابن سماعة لا یز کیها عن الماضی والا عن الحال الا یمضی حول جدید بعد القبض ردالمحتار باب زکوۃ المال ج ۲ ص ۴۸ ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) ظفیر.

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۵۱ ط.س. ج ۲ ص ۳۲۴.

(۳) نصاب الذهب عشرون مثقالا والفضة مائتا درهم ، کل عشر دراهم وزن سبعة مثاقیل (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوۃ المال ج ۲ ص ۳۸ ط.س. ج ۲ ص ۲۹۵) ظفیر.

## کرایہ کے مکان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۳۶) آں مکان کہ کرایہ او دہ روپیہ ماہانہ باشد بر قیمت آں مکان زکوٰۃ لازم است یا بر کرایہ او زکوٰۃ لازم است۔

(جواب) بر قیمت آں مکان زکوٰۃ لازم نیست۔ اگر کرایہ بقدر نصاب جمع شود و حول بگذرد زکوٰۃ آں زر نقد واجب خواہد شد۔ (۱) فقط۔

## مہر کا روپیہ جو شوہر کے ذمہ ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۳۷) ایک عورت کا مہر ڈھائی سو روپے چونکہ شوہر کے پاس روپیہ نہیں اس وجہ سے اس نے مہر ادا نہیں کیا تو اس صورت میں عورت کے ذمہ مہر کی زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ اس پر قبل الوصول واجب نہیں ہے۔ (۲)۔ فقط۔

## کھیت کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں ہے

(سوال ۳۸) ہندہ کے پاس ایک کھیت ہزار روپیہ قیمت کا ہے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔ اور کھیت کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یا پیداوار میں۔

(جواب) اس کھیت کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ (۳) زمین اگر عشری ہو تو اس کی آمدنی پر یعنی جس قدر غلہ اس میں پیدا ہوا اس پر عشر یعنی دسواں حصہ واجب ہوتا ہے۔ لیکن اگر زمین عشری نہ ہو تو کچھ واجب نہیں ہوتا۔ (۴) فقط۔

## کھاپی کر جس کے پاس بقدر نصاب جتنا بچے سال گذرنے کے بعد اس کی زکوٰۃ دے

(سوال ۳۹) ایک شخص کے پاس چار سو ساٹھ روپیہ کھانے پینے سے بچ گئے اور اس پر سال گذر گیا تو وہ شخص چار سو ساٹھ کی زکوٰۃ دے یا چار سو کی۔

(جواب) پورے چار سو ساٹھ روپے کی زکوٰۃ دیوے۔ (۵)

## نقد مال اور خرچ وغیرہ کی زکوٰۃ کس طرح دے

(سوال ۴۰) زید نے دو سو روپے لگا کر تجارت کے بعد سال کا حساب کیا تو رقم ذیل اس کے پاس نکلی۔ سو روپے نقد ہے سوا سو روپے کا مال تخمیناً ہے۔ ڈیڑھ سو روپے کا مال قرض بیچا ہے۔ یا جو رقم نقد سال آخر میں موجود ہے۔ اور جو سال بھر میں اس رقم سے خرچ کیا ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔ ظروف مستعملہ جو گاہے گاہے فروخت کر ڈالتا ہے ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

---

(۱) ولا (زکوٰۃ) فی ثیاب البدن الخ ودور السکنی ونحوها (در مختار) ای کثیاب البدن الغیر المحتاج الیها وکا لحوانیت والعقارات (رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۰ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر

(۲) وعند قبض مائتین مع حولان الحول بعده ای بعد القبض من دین ضعیف، وهو بدل غیر مال کمهر ودیة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوٰۃ المال ج ۲ ص ۴۹ ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) ظفیر

(۳) وشرطه ای شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فی ملکه وتنمیة المال کالدراهم والدنا نیر لعینهما للتجارة باصل الخلقة الخ او السوم بقید الا تی اونیة التجارة فی العروض (الدر المختار علی هامش رد المحتار، کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج ۲ ص ۲۵۹) ظفیر

(۴) والنوع الثانی سرط المحلیة وان تکون عشریة فلا عشر فی الخارج من ارض الخراج الخ (عالمگیری مصری۔ بولاق زکوٰۃ الزروع ج ۱ ص ۱۸۵) ظفیر

(۵) واللازم فی مضروب کل منهما الخ وفی عرض تجارة قیمته نصاب الخ ربع وفی کل خمس بحسا به ففی کل اربعین درهما در هم وفی کل اربعة مثاقیل قیرا طان وما بین الخمس الی الخمس عفو وقالا مازاد بحسا به (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب زکوٰۃ المال ج ۲ ص ۴۲ ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفیر

(جواب) آخر سال میں جس قدر روپیہ نقد اور مال تجارت موجود ہے سب پر زکوٰۃ واجب ہے۔ اور جو رقم بذمہ دوسروں کے قرض ہے اس پر بھی زکوٰۃ ہے۔ مگر ادا کرنا زکوٰۃ کا اس پر بعد وصول کے ہے جو رقم وصول نہ ہو اس کی زکوٰۃ ساقط ہے اور معاف ہے اور جو مال سال بھر کے اندر ختم سال سے پہلے خرچ ہو گیا اس کی زکوٰۃ لازم نہیں ہے، اور ظروف مستعملہ جو بغرض تجارت نہیں خریدے گئے ان پر بھی زکوٰۃ نہیں ہے، البتہ ان میں سے جو ظروف فروخت کر دیئے اور اس کی قیمت شامل رقم موجودہ ہے اس کی زکوٰۃ دی جاوے گی۔ (۱)

## جس مالک نصاب پر دین مہر مال سے زیادہ ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۴۱) ایک شخص مالک نصاب ہے لیکن اس کے ذمہ دین مہر اس مال سے زیادہ ہے کیا دین مانع زکوٰۃ ہے۔

(جواب) صحیح یہ ہے کہ دین مہر مانع زکوٰۃ سے نہیں ہے، زکوٰۃ لازم ہے۔ كما فى الشامى والصحيح انه غير مانع. جلد ثانى . (۲)

## گذشتہ سال کی زکوٰۃ فرض ہے

(سوال ۱/ ۴۲) مال ماحصل سال گذشتہ ذی نصاب کو زکوٰۃ دینا فرض ہے یا نہیں

## جو مکان کرایہ پر ہے اس کی زکوٰۃ کا کیا طریقہ ہے

(سوال ۲/ ۴۳) مکان جو کرایہ مبلغ دس روپے ماہوار کا ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

## مکان سے جو کرایہ آئے اس کی زکوٰۃ

(سوال ۳/ ۴۴) جو کرایہ مکان مذکور کا بقدر نصاب ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

## زیورات جو برابر نہ پہنے جائیں ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۴/ ۴۵) جو زیورات طلائی ونقرئی ماہ دو ماہ رکھ دیا اور دو ماہ تین ماہ برابر پہنا گیا، اور وہ زیور بقدر نصاب بلکہ زیادہ ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) مال ماحصل سال گذشتہ کی ذی نصاب کو زکوٰۃ دینا فرض ہے ومن كان له نصاب فاستفاد فى اثناء الحول من جنسه ضمه اليه هدايه ص ۱۷۵

(۲) جس مکان کا کرایہ بقدر نصاب ہے اس کے کرایہ میں زکوٰۃ آوے گی مکان پر زکوٰۃ نہیں ہے ولا فى ثياب البدن واثاث المنزل ودور السكنى ونحوها اى كثياب البدن الغير المحتاج اليها كالحوانيت والعقارات شامى جلد ۲ ص ۸ مطبوعه هند)

(۳) جب روپیہ برابر دو سو درہم کے ہو جاوے جس قسم کا ہو کرایہ مکان ہو یا زمین کا یا اور کسی وجہ سے ملک میں آ جائے اور اس پر سال بھی گذر جائے زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے ليس فى مادون مائتى درهم صدقة فاذا كان مائتين وحال عليها الحول ففيها خمسه دراهم . هدايه ص ۱۷۶

(۴) زیور سونے وچاندی کا جب بمقدار نصاب ہو اس میں زکوٰۃ واجب ہے استعمال کرے یا نہ کرے وفى تبر الذهب

---

(۱) ومن كان له نصاب فاستفاد فى اثناء الحول من جنسه ضمه اليه وزكاه به الخ لان المجانسة هى العلة فى الا ولاد والارباح لان عند ها يتعسر التمييز فيعسر اعتبار الحول لكل مستفاد وما شرط الحول الا للتيسير (هدايه باب صدقة السوائم فصل فى الخيل ج ۱ ص ۱۷۵) ولو كان الدين على مقر الخ فو صل الى ملكه لزم زكوة ما مضى (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲) ظفير.

(۲) رد المحتار كتاب الزكوة تحت قول الماتن اومؤجلا ج ۲ ص ۷ .ط.س. ج۲ص ۲۶۱ .۱۲ ظفير

والفضۃ وحلیھما واٰنیھما زکوٰۃ ۔ ھدایہ ص ۱۷۷ فقط۔

## مندرجہ ذیل اشیاء میں سے کن چیزوں پر زکوٰۃ ہے

(سوال ۱/۴۶) ایک شخص کے پاس اشیاء مندرجہ ذیل ہیں، کن کن اشیاء پر زکوٰۃ آئے گی۔ جائداد اراضی، برتن مویشی، پارچہ جات، زیور قیمتی ایک ہزار روپیہ، غلہ ہر قسم، نقد دو ہزار، دیگر اسباب خانگی۔

## قرض دار پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲/۴۷) شخص مذکور پر قرضہ بھی ہے اور موجودہ نقدی سے زیادہ ایسے قرض دار ہونے کی حالت میں کیا زکوٰۃ دینا لازم ہے۔

(جواب) (۱) ان اشیاء مذکورہ میں سوائے زیور و نقد کے اور کسی سامان خانگی میں زکوٰۃ لازم نہیں ہے۔ اراضی میں موافق شرائط کے عشر واجب ہوتا ہے اور مویشی میں اگر وہ سائمہ ہوں حسب قاعدہ زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ باقی اشیائے استعمالی برتن یعنی ظروف و پارچہ پوشیدنی و غلہ خوردنی میں زکوٰۃ نہیں ہے(۱) **والتفصیل فی کتب الفقہ۔**

(۲) مدیون پر بقدر دین زکوٰۃ ساقط ہے اور اپنا دین کسی پر ہو تو وصول کے بعد زکوٰۃ دینا لازم ہے۔ فقط۔ (۳)

## خرید کردہ قیمت پر زکوٰۃ ہوگی یا موجودہ نرخ پر

(سوال ۱/۴۸) زکوٰۃ مال خرید کردہ پر ہوگی یا موجودہ نرخ پر۔

## سال کی بچت پر زکوٰۃ کس حساب سے واجب ہے

(سوال ۲/۴۹) سال کی نقد بچت پر کس حساب سے زکوٰۃ واجب ہے

(جواب) (۱،۲) زکوٰۃ کے ادا کے وقت جو قیمت ہے اس کا اعتبار ہوگا اور زکوٰۃ کا حساب یہ ہے کہ چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دینا لازم ہے۔ (۴) فقط۔

## مالدار بچہ کے مال میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۵۰) مالدار بچہ کے مال کی زکوٰۃ اس کے مال میں سے دینی جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جائز نہیں۔ (۵) فقط۔

## عورت کے زیور، سواری کے گھوڑے اور ہل جوتنے کے بیلوں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۵۱) عورت کے زیور، سواری کے گھوڑے، ہل جوتنے کے بیلوں پر زکوٰۃ لازم ہے یا نہیں۔

---

(۱) رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۰ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۶۵ ۱۲ ظفیر

(۲) ولا فی ثیاب البدن المحتاج الیھا لدفع الحر والبرد واثاث المنزل ودور السکنی ونحوھا الخ وشرطه ای شرط افتراض ادائھا حولان الحول وھو فی ملکه وتنمیة المال کالدراھم والدنانیر لعینھما للتجارۃ باصل الخلقة فتلزم الزکوٰۃ کیفما امسکھما وللنفقة او السوم بقید الآتی اونیة التجارۃ فی العروض ( الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۳ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۶۴ ) واللازم فی مضروب کل منھما ای الذھب والفضۃ ومعموله ولو تبرا او حلیا مطلقا (ایضا باب زکوٰۃ المال ج ۲ ص ۴۱ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۶۷-۲۶۸ ) ظفیر (۳) فلا زکوٰۃ علی مکاتب الخ ومدیون للعبد بقدر دینه فیز کی الزائد ان بلغ نصابا (ایضاً کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۹ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۶۳ ) لوکان الدین علی مقر الخ فوصل الی ملکه لزم زکوٰۃ مامضی. (ایضا ج ۲ ص ۱۲ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۶۶ ) ظفیر (۴) وتعتبر القیمة یوم الوجوب وقالا یوم الاداء اجماعا وھو الاصح ویقوم فی البلد الذی المال فیه (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب زکوٰۃ الغنم ج ۲ ص ۳۰ ۔ط۔س۔ ج۲ص۲۸۶ ) ظفیر

(۵) ولیس علی الصبی والمجنون زکوٰۃ الخ لنا انھا عبادۃ فلا تتاوی الا بالاختیار تحقیقا لمعنی الابتلاء ولا اختیار لھما (ھدایہ کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۶۸ ) ظفیر

(جواب) عورت کے زیور پر زکوٰۃ لازم ہے۔ (۱) اور سواری کے گھوڑے اور زراعت کے بیلوں پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ (۲) فقط

## امارت شرعیہ بہار کے بیت المال میں اگر زکوٰۃ نہ بھیجے بلکہ خود تقسیم کردے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱ /۵۲) مقام پھلواری ضلع پٹنہ میں صوبہ بہار واڑیسہ کے لئے بیت المال وامیر شریعت مقرر کئے گئے ہیں۔ مبلغین زکوٰۃ وعشر کے لئے بھیجے گئے، لیکن اکثر جگہوں سے وصول نہیں ہوتا بلکہ حاضرین حق در فقراء ومساکین پر تقسیم کر دیتے ہیں بیت المال میں نہیں بھیجتے تو زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے قال اللہ تعالیٰ انما الصدقت للفقراء والمساکین۔ (۳) الآیۃ

## اثاث البیت کی مراد

(سوال ۲ /۵۲) شریعت میں اثاث البیت کا اطلاق کن اشیاء پر ہوتا ہے، کیا ظروف اور پہننے اوڑھنے کے کپڑوں پر بھی اثاث البیت کا اطلاق ہوسکتا ہے یا نہیں

(جواب) اثاث البیت کا اطلاق ان سب اشیاء پر ہوتا ہے۔ (۵) فقط

## زکوٰۃ کے نقد روپے اگر اپنے روپے میں ملالے اور زکوٰۃ بتدریج دے دے تو یہ کیسا ہے

(سوال ۵۳) نقود میں چونکہ تعیین نہیں ہے پس اگر زکوٰۃ کا پیسہ اپنے مال میں ملا دیا جاوے اور پھر وقتاً فوقتاً بہ نیت ادائے زکوٰۃ اور غیر زکوٰۃ خرچ کیا جائے تو صاحب زکوٰۃ کی زکوٰۃ کس وقت ادا ہوگی جس وقت اس نے وکیل کو سپرد کیا ہے یا جب کہ مصرف کے پاس پہنچ گیا۔ اور جب کہ وکیل نے اپنے پیسہ میں ملا لیا اور بہ نیت خیرات مصرف زکوٰۃ، اور غیر مصرف مثلاً سادات یا غنی مجہول پر خرچ کرتا رہا حتیٰ کہ اس زکوٰۃ کے پیسہ سے بدرجہا زیادہ خرچ ہوا تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں۔

(جواب) نقود میں عدم تعیین مطلقاً نہیں ہے بلکہ امانات وصدقات وغیرہ میں نقود متعین ہیں جیسا کہ اشباہ ونظائر میں ہے لایتعین فی المعاوضات الخ و یتعین فی الا مانات والھبۃ والصدقۃ۔ (۶) اور ایسا ہی شامی میں ہے پس زکوٰۃ کی رقم بدون اجازت مزکی کے اپنے مال میں ملانی جائز نہیں ہے، اور زکوٰۃ مزکی اس وقت ادا ہوگی کہ مصرف کے پاس پہنچ جاوے، اور اگر وکیل نے اپنے روپے میں مؤکل کی رقم زکوٰۃ کو ملا لیا، پس اگر یہ ملانا موکل کی اجازت سے ہے تو جس وقت رقم زکوٰۃ علیحدہ کر کے بہ نیت زکوٰۃ مزکی طرف سے دے گا اس وقت زکوٰۃ اس کی ادا ہوگی اور اگر

---

(۱) وفی تبرا الذھب والفضۃ وحلیھما واوانیھما الزکوٰۃ (ھدایہ باب زکوٰۃ المال ج ۱ ص ۱۷۷) ظفیر

(۲) ولیس فی دور السکنی وثیاب البدن واثاث المنازل و دواب الرکوب وعبید الخدمت وسلاح الا ستعمال زکوٰۃ لانھا مشغولۃ بالحاجۃ الا صلیۃ لیست بنا میۃ ایضاً (ھدایہ کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۶۹ .ط.س. ج۲ .ط.س. ج۲ ص ۲۶۵) ظفیر

(۳) لیکن بہتر یہ ہے کہ امیر شریعت کے ذریعہ ہی ظاہر اموال کی زکوٰۃ ادا کی جائے۔ نقد کی زکوٰۃ بطور خود بھی دے سکتا ہے ۱۲ ظفیر)

(۴) ولو کان الدین علی مقر الخ فوصل الی ملکہ لزم زکوٰۃ مامضی (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۲ .ط.س. ج۲ ص ۲۶۶) ظفیر

(۵) ولا ثیاب البدن المحتاج الیھا لدفع الحرو البرد واثاث المنزل (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۰ .ط.س. ج۲ ص ۲۶۴) فلیس فی دور السکنی الخ وکذا طعام اھلہ وما یتحمل بہ من الاوانی اذا لم یکن من الذھب والفضۃ الخ والات المحترفین (عالمگیری کشوری کتاب الزکوٰۃ ج ۱ ص ۱۷۰ .ط. ماجدیہج ۱ ص ۱۷۲) ظفیر

(۶) الاشباہ والنظائر ص

بلا اجازت موکل کے وکیل نے ایسا کیا تو اس کی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی اور جو کچھ وکیل فقراء وغیرہم کو دے گا وہ وکیل کی طرف سے ہبہ یا صدقہ ہوگا۔ درمختار میں ہے۔ ولو خلط زکوٰۃ موکلیة ضمن وکان متبرعاً قال فی الشامی قوله ضمن وکان متبرعاً الخ لا نه ملکه بالخلط وصار مودیاً مال لنفسه قال فی التتارخانیة الا اذا وجد الاذن اواجاز الما لکان اھ ای اجاز ا قبل الدفع الی الفقیر لما فی البحر لوادی زکوٰۃ غیرہ بغیر امرہ فبلغه فاجاز لم یجز لانها وجدت نفاذاً علی المتصدق لا نها ملکه ولم یصرنا ئباً عن غیرہ فنفذت علیه لکن قدیقال تجزی عن الآمر مطلقاً لبقاء الاذن بالدفع قال فی البحر ولو تصدق عنه بامرہ جاز الخ ثم قال فی التتار خانیة اووجدت دلالة الا ذن بالخلط کما جرت العادة بالا ذن من ارباب الحنطة نجلط ثمن الغلات ۔(۱) الخ۔ فقط۔

## خاص ضرورت کے لئے جو رقم جمع کرے اس پر زکوٰۃ

(سوال ۵۴) اگر اپنی بہت سی ضروریات کو بند کر کے کسی خاص ضرورت کے لئے روپیہ جمع کیا جائے تو اس پر زکوٰۃ آوے گی یا نہیں۔

(جواب) بعد سال بھر کے اس پر زکوٰۃ واجب ہے۔(۲) فقط۔

## وکیل نے دوسرے مستحق کو زکوٰۃ دے دی تو کیا حکم ہے

(سوال ۵۵) اگر زید عمر کو زکوٰۃ کا وکیل بنا دے کسی خاص مستحق زکوٰۃ مثلاً خالد کو دینے کے لئے اگر عمر، بکر کو کہ وہ بھی مستحق زکوٰۃ ہے دے دے تو زید کی زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) شامی میں ہے وھذا حیث لم یا مرہ بالدفع الی معین اذ لو خالف ففیه قولان حکا ھما فی القنیة (۳) الخ حاصل یہ ہے کہ اس میں دو قول ہیں۔ ایک یہ قول ہے کہ زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی اور دوسرا یہ کہ ادا نہ ہوگی اور وکیل ضامن ہوگا پس احتیاط یہ ہے کہ دوسرے کو نہ دے بلکہ اسی کو دے جس کو موکل نے معین کیا ہے۔(۴) فقط

## بیس ہزار قرض ہو اور بچت نہ ہو تو زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں

(سوال ۵۶) زید نے بمبئی کپڑے کی کمپنی میں بیس ہزار کا حصہ روپیہ قرض لے کر خرید کر لیا ہے، اس وقت زید پر زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں جب کہ اس کو کچھ بچت بوجہ ادائیگی قرض کے نہیں ہے۔

(جواب) اس صورت میں جب کہ بقدر مال موجود کے اس کے ذمہ قرض ہے اور بچت کچھ نہیں ہے تو اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔(۵) فقط۔

---

(۱) رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۴ ط.س. ج۲ ص ۲۶۹ . ۱۲ ظفیر

(۲) شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو ملکه وتسمیة المال کالدراهم والدنانیر لعینهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزکوٰۃ کیفما امسکهما ولو للنفقة (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج۲ ص ۲۶۷) ظفیر

(۳) رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج۲ ص ۲۶۹ . ۱۲ ظفیر.

(۴) وهنا الوکیل انما یستفید التصرف من الموکل وقد امرہ بالدفع الی فلان فلا یملک الدفع الی غیرہ کما لوا وصی لزید بکذا لیس للوصی الدفع الی غیرہ. (رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج۲ ص ۲۶۹) ظفیر

(۵) فلا زکوٰۃ علی مکاتب الخ و مدیون للعبد بقدر دینه فیز کی الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۸ و ج ۲ ص ۹ ط.س. ج۲ ص ۲۶۳) ظفیر

## اگر ایک سال کی زکوٰۃ نہ دی تو دوسرے سال وہ کیا کرے

(سوال ۵۷) اگر کوئی شخص صاحب نصاب ایک سال زکوٰۃ دینے سے بوجہ غفلت قاصر رہا تو دوسرے سال کس حساب سے زکوٰۃ ادا کرے۔

(جواب) دوسرے سال اس کو اس سال کی اور پچھلے سال کی زکوٰۃ دینی چاہئے۔ اور حساب یہ ہے کہ پچھلے سال ختم سال پر جس قدر مال وروپیہ وغیرہ ہو اس کی زکوٰۃ دیوے اور اس سال جس قدر روپیہ وغیرہ ہے اس کی زکوٰۃ دیوے۔ (۱) فقط۔

## عورت کو زیورات والدین نے دیئے ان کی زکوٰۃ عورت پر ہے یا اس کے شوہر پر

(سوال ۵۸) زید کی زوجہ کو جو زیور والدین سے ملا ہے اس کی زکوٰۃ زید پر ہے یا زوجہ پر زید کو اتنی آمدنی نہیں ہے کہ وہ زکوٰۃ دے سکے، اور جب زید کو آمدنی ہو جاوے تو اس کو یہ معلوم نہیں کہ زیور کس قدر ہے، آیا اندازہ سے زکوٰۃ دے سکتا ہے اور اگر کئی برس کی زکوٰۃ حساب کرنے سے زیادہ رقم ہو جاوے تو متفرق طور سے ادا کر سکتا ہے یا نہ۔

(جواب) زکوٰۃ زید کی زوجہ کے ذمہ ہے وہی ادا کرے، زید کے ذمہ اس کی زکوٰۃ ادا کرنا لازم نہیں ہے اور جب زید کو وسعت ہو جاوے اور وہ اپنی زوجہ کی طرف سے زکوٰۃ دینا چاہے تو وہ بھی دے سکتا ہے اور زیور کا اندازہ کر لیا جاوے اس اندازہ کے موافق زکوٰۃ دی جائے اور کئی برس کی زکوٰۃ متفرق طور سے تھوڑی تھوڑی دینا بھی درست ہے۔ (۲) فقط۔

## زیور کا والدہ کو مالک بنا دیا تو زکوٰۃ کس پر ہے

(سوال ۵۹) ایک شخص نے اپنی والدہ کو زیور بنوا کر دیا اور اس پر والدہ کو کلی اختیار دے دیا، تو اس کی زکوٰۃ والدہ پر عائد ہوگی یا بیٹے پر؟

(جواب) جب کہ اس نے زیور اپنی والدہ کی ملک کر دیا تو اس کی زکوٰۃ اس کی والدہ کے ذمہ واجب ہے۔ (۳) اور اگر لڑکا چاہے تو اس کی طرف سے ادا کر سکتا ہے۔ فقط

## سال پورا ہونے کے دو تین ماہ تاخیر سے زکوٰۃ کی رقم دے تو یہ کیسا ہے

(سوال ۶۰) گذشتہ رمضان شریف میں زیور کی زکوٰۃ واجب الادا تھی مگر روپیہ آمدنی کا دو تین ماہ بعد ملنے والا تھا۔ تو یہ وقفہ کرنا درست ہے یا نہ۔

(جواب) یہ وقفہ درست ہے۔ (۴) فقط۔

## زمین کی قیمت بقدر نصاب ہے مگر پیداوار نہیں تو کس کا اعتبار ہوگا

(سوال ۶۱) شخصی قدر اراضی کہ قیمتش زائد از نصاب اضحیہ وصدقہ فطر باشد لیکن پیداوارے سالانہ بنصاب نمی

---

(۱) وافتر اضها عمری ای علی التراخی وصححه البا قانی وغیره وقیل فوری ای واجب علی الفور وعلیه الفتوی الخ فیا ثم بتاخیر ها بلا عذر وتر دشهادته (ایضا ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر.

(۲) وافتر اضها عمری ای علی التراخی (در مختار) قال فی البدائع وعلیه عامة المشائخ ففی ای وقت ادی یکون مودیا للواجب (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر

(۳) الزکوة واجبة علی الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما اوحال علیه الحول (هدایه کتاب الزکوة ج ۱ ص ۱۶۷ . ط.س. ج۲ ص) ظفیر

(۴) وافتراضها عمری ای علی التراخی (درمختار) قال فی البدائع وعلیه عامة المشائخ ففی ای وقت ادی یکون مودیا للواجب (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر.

رسد۔ دریں صورت کدام جہت معتبر ومعتمد است، جہت قیمت یا پیداوار

(جواب) دریں صورت اختلاف است مابین امام ابو یوسفؒ وامام محمدؒ امام محمدؒ می فرمایند کہ ایں چنیں نصاب مذکور مانع از اخذ زکوٰۃ نیست وصدقہ فطر واضحیہ بروواجب نیست۔ وامام ابو یوسفؒ نصاب مذکورہ را مانع از اخذ زکوٰۃ می فرمایند وصدقہ فطر واضحیہ بروواجب می گویند واساتذہ کرام قول امام ابو یوسفؒ احوط دانستہ بروعمل پسند فرمودہ اند وقول امام محمدؒ اوسع است و فقہاء فتویٰ براں دادہ اند:۔ انه تجب على كل مسلم ذى نصاب فاضل عن حاجة الا صلية كدينه و حوائج عياله وان لم يتم كما مروبه اى بهذا النصاب تحرم الصدقة وتجب الا ضحيه الخ وذكر فى الفتاوىٰ له حوانيت و دور الغلة لكن غلتها لا تكفيه ولعيا له انه فقير ويحل له اخذ الصدقة عند محمد وعند ابى يوسف لا يحل۔(۱) فقط۔

## شرکت کی تجارت میں جوزکوٰۃ نکلی اگر دوسرا شریک نہیں دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۶۲) عرصہ تقریباً سات سال کا ہوا کہ زید اور بکر نے ایک دوکان شراکتی تجارت کی شروع کی تھی۔ شراکت کرنے کے وقت زید اور بکر کا باہمی معاہدہ یہ ہوا تھا کہ زکوٰۃ اپنے اپنے روپیہ کے مطابق ادا کی جاوے گی۔ چنانچہ اسی طور سے عرصہ چہار سال تک عمل درآمد رہا۔ ایک سال میں تقریباً دو ہزار روپیہ زکوٰۃ کے نام صرف ہوا تو بموجب معاہدہ کے زید کے ذمہ مبلغ دو صد پچاس روپیہ نکلے، اور بکر کے ذمہ ایک ہزار سات سو پچاس روپے نکلے تو اب زید اپنے حصہ کا روپیہ دینے سے انکار کرتا ہے تو شرعاً اس بارہ میں کیا حکم ہے۔

(جواب) اس صورت میں جس قدر زید کے روپیہ کی زکوٰۃ ادا کی گئی وہ زید کے ذمہ ہے اس کے حساب میں لگائی جائے گی اور جو رقم بکر کے ذمہ واجب ہے وہ بکر کے حساب میں لگائی جائے گی۔ زید کا انکار کرنا معتبر نہ ہوگا۔ درمختار میں ہے وان تعدد النصاب تجب اجماعاً ويترا جعان بالحصص الخ (در مختار) قوله ان تعدد النصاب، اى بحيث يبلغ قبل الضم مال كل واحد بانفراده نصاباً فانه يجب حينئذ على كل منهما زكوٰة نصابه(۲) الخ شامى ج ۲ ص ۳۵(۲)۔ فقط۔

## مندرجہ ذیل استعداد رکھنے والے پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۶۳) زید مقروض ہے ہر سال اس کی آمدنی اس کو کفایت نہیں کرتی، اکثر جائداد بیع کر کے خرچ چلاتا ہے صاحب عیال کثیر ہے۔ تعلیم میں بہت خرچ ہوتا ہے۔ زید کے پاس علاوہ سامان خانہ داری کے کچھ زیور طلاء ونقرہ ظروف وصندوق وپارچہ وغیرہ ہے تو زید پر زکوٰۃ صدقہ فطر، قربانی۔ فاتحہ محرم۔ حج۔ فاتحہ شب برات۔ اور امداد اعزاء وغرباء واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) زیور ونقد اگر اس قدر ہے کہ بعد ادائے قرضہ بقدر نصاب باقی رہے تو اس باقی پر زکوٰۃ واجب ہے۔(۳) اور صدقہ فطر واضحیہ اس پر واجب ہے اور حج کی قدر اگر زیور ونقد باقی رہے تو حج بھی فرض ہے باقی فاتحہ محرم اور فاتحہ

(۱) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸۔ ط۔س۔ ج۲ص۳۴۸۔ ۱۲ ظفیر۔ (۲) دیکھئے رد المحتار للشامی کتاب الزکوة، باب زکوة المال ج ۲ ص ۴۷۔ ط۔س۔ ج۲ص۳۰۴۔ ۱۲ ظفیر (عه) رد المحتار مجتبائی دهلی ۱۲۔ ط۔س۔ ج۲ص۲۶۰
(۳) فلا زکوة على مکاتب الخ و مدیون للعبد بقدر دینه فیز کی الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار على هامش رد المختار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۹۔ ط۔س۔ ج۲ص۲۶۳) ظفیر۔

شب برات وغیرہ کسی پر واجب نہیں ہے بلکہ جائز بھی نہیں ہے اور امداد غرباء واقرباء جب ہے کہ اپنے اہل وعیال کے خرچ سے زیادہ ہو۔ فقط۔

## قرض مجرا کر کے بقیہ مالیت کی زکوٰۃ دی جائے

(سوال ۶۴) ہندہ کے پاس دوسو پچاس روپیہ بھر چاندی اور تہتر روپیہ بھر سونا ختم سال پر جمع ہے جس کی بازاری قیمت ایک ہزار سات سونواسی روپیہ ہے اور خاوند متوفی کی جائداد سے سو روپیہ ماہوار پاتی ہے جس کی بابت آٹھ سو روپیہ بقایا ہے اور ۳۵۷ قرضہ ہے۔ ہندہ مذکورہ نے بہ شراکت زید ایک اراضی خریدی ہے جس کی قیمت بارہ تیرہ سو روپے بائع کو دی مگر بائع روپے سے انکاری ہوگیا جس کی بابت نالش کی جائے گی۔ وصول مذبذب ہے۔ ہندہ نے زید سے کہہ دیا ہے کہ اگر روپیہ نہ ملے بیں ذمہ دار ادائیگی کی ہوں۔ اب کل رقم ہندہ کے ذمہ ہوگی اور زکوٰۃ میں مجرا ہوگی یا نصف۔

(جواب) اس صورت میں جو قرضہ بذمہ ہندہ ہے وہ مجرا کر کے باقی کی زکوٰۃ ہندہ کے ذمہ واجب ہے اور قرضہ متنازعہ میں سے نصف قرضہ جو بذمہ ہندہ ہے اس وقت مجرا کیا جائے گا۔ (۱) فقط۔

## بیٹا جو مال باپ کے تصرف میں دے دے اس کی زکوٰۃ کس پر ہے

(سوال ۶۵) زید نے اپنا کمایا ہوا مال ماں باپ کے پاس رکھ دیا اور والد کو اختیار تام حاصل ہے تو زکوٰۃ کس پر واجب ہے اور ایک مال والد اور ولد دونوں نے کمایا، والد کے قبضہ میں ہے اور وہی متصرف ہے۔ زکوٰۃ کس پر واجب ہے۔

(جواب) جو مالک ہے اس پر زکوٰۃ واجب ہے یعنی ولد پر (۲) اور دوسری صورت میں چونکہ والد کو تمام تصرفات وانتظامات کے متعلق اختیار تام حاصل ہے۔ تو پھر زکوٰۃ کا ادا کرنا بھی انہی کے ذمہ ہے۔ فقط۔

## بارہویں مہینہ میں جس روپیہ سے مکانات خرید لے کیا اس پر بھی زکوٰۃ ہے

(سوال ۶۶) ایک شخص کے پاس ہزار روپیہ ہے جو حاجات ضروریہ سے زائد ہے جب اس پر گیارہ ماہ گزرے تو اس نے زکوٰۃ سے بچنے کے لئے مکانات یا اور مال خرید لیا تو اس پر اس روپیہ کی زکوٰۃ ہے یا نہ۔

(جواب) جب تک حولان حول نہیں ہوا اور اس نے مکان یا وہ سامان خرید لیا جس میں زکوٰۃ نہیں ہے تو اس روپیہ کی زکوٰۃ ساقط ہوگئی۔ (۳) فقط۔

## سو روپے دو بھائی اور دو بہن میں ہو تو اس پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں

(سوال ۶۷) ایک شخص کے پاس حاجت اصلیہ سے زائد سو روپے ہیں اور اس کے دو بھائی اور دو بہنیں ہیں مگر وہ اس روپے کے لینے کے بارہ میں کچھ کہتے بھی نہیں اور انکار بھی نہیں کرتے تو اس شخص پر اس روپے کی زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

---

(۱) ومنها الفراغ عن الدين قال اصحابنا رحمهم الله تعالىٰ كل دين له مطالب من جهة العباد يمنع وجوب الزكوة سواء كان الدين للعباد كالقرض وثمن المبيع الخ و سواء كان الدين من النقود (عالمگیری مصری كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۲ . ط. ماجديه ج ۱ ص ۱۷۲) ومديون للعبد بقدر دينه فيز كى الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۹ . ط.س. ج۲ ص ۲۶۳) ظفير.

(۲) الزكوة واجبة على حر مسلم عاقل بالغ اذا ملك نصابا ملكا تاما (هدايه كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۵)

(۳) ولا بد من الحول لانه لا بد من مدة يتحقق فيها النماء وقدر الشرع بالحول لقوله صلى الله عليه وسلم لا زكوة فى مال حتىٰ يحول عليه الحول (هدايه كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۸) ظفير.

(جواب) اگر سو روپے تنہا اس کی ملک ہیں تو زکوٰۃ اس پر واجب ہے اور اگر وہ ترکہ پدری ہے اور دو بھائی اور دو بہن اس میں ...... شریک ہیں تو ان میں سے کسی کے حصہ میں بقدر نصاب نہیں آتا لہٰذا کسی پر زکوٰۃ واجب نہیں اور اس میں اس بھائی اور دونوں بہنوں کا حصہ ہے ۳۳ ⅓ روپے ایک بھائی کے اور اسی قدر دوسرے بھائی کے اور اسی قدر ہر دو بہنوں کے ہیں۔(۱) ان کے نہ لینے سے ان کا حق ساقط نہیں ہوا۔ فقط۔

## جتنی زکوٰۃ واجب ہو اس سے زیادہ دینا کیسا ہے

(سوال ۶۸) زکوٰۃ حساب سے تین یا چار روپے ہو اور وہ اس کے بجائے ایک دو روپیہ زیادہ دے دیوے تو کیا زکوٰۃ اس کی بیکار ہو جائے گی۔

(جواب) اس صورت میں ثواب زیادہ ہوا۔ زکوٰۃ بھی ادا ہو گئی اور ایک روپیہ زیادہ دینے کا ثواب زیادہ ہوا۔ فقط۔

## بارہ سو روپے جس کے پاس ہوں وہ گیارہ سو کا مقروض ہے تو کتنے کی زکوٰۃ دے

(سوال ۶۹) زید کے پاس سال بھر بارہ سو روپے رہے لیکن گیارہ سو روپے کا قرض دار ہے، اگر بکر اس کا والد اس کی طرف سے زکوٰۃ ادا کر دے تو ایک سو روپے کی کرے یا گیارہ سو کی۔

(جواب) اس صورت میں صرف ایک سو روپے کی زکوٰۃ واجب ہوگی گیارہ سو روپے قرض میں مستثنیٰ ہوں گے۔(۲)

## وکیل زکوٰۃ میں تصرف نہیں کر سکتا ہے

(سوال ۷۰) وکیل مال زکوٰۃ کو اپنے تصرف میں لا کر اس کے بجائے اپنے پاس سے زکوٰۃ ادا کر سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) وکیل کو یہ تصرف کرنا جائز نہیں ہے۔ جو روپیہ زکوٰۃ کا اس کے پاس آئے اس کو فقراء کو دیوے۔(۳) فقط۔

## کیا زکوٰۃ کے لئے کوئی مہینہ متعین ہے

(سوال ۷۱) زکوٰۃ دینے کے لئے کون سا مہینہ معین ہے۔

(جواب) ادائے زکوٰۃ کے لئے شرعاً کوئی مہینہ یا کوئی دن مقرر نہیں البتہ بعض مہینوں اور دنوں کی فضیلت کو اس میں دخل ضرور ہے، یعنی جو مہینہ فی نفسہ متبرک ہے۔ جیسے رمضان شریف کہ اس میں صدقات وغیرہ کی ادائیگی بھی افضل ہے ہاں ضرورت اس کی ہے کہ جس مہینہ میں ادائے زکوٰۃ واجب ہے اس مہینہ میں ادا کرے اور پھر اس مہینہ کو مقرر کر لے۔ شرعۃ الاسلام میں ہے ...... **يعين صاحب المال لزكوته شهراً لا يجاوزه لما فيه من التاخير ومن اخر الزكوة بعد وجوبها عليه من غير عذر ياثم۔**(۴) الخ فقط۔

## مالک کے مال سے نفع اٹھانے والے زکوٰۃ ادا کر دیں تو کیا حکم ہے

(سوال ۷۲) ایک شخص جو مالک نصاب ہے اور جو اس کی ملکیت ہے اس سے دوسرے لوگ نفع اٹھاتے ہیں۔ کیا اگر زکوٰۃ مالک نصاب دوسرے لوگ جو نفع اٹھاتے ہیں اگر اکٹھے تمام کے تمام نکال لیں تو اس صورت میں مالک نصاب کی طرف سے فریضہ زکوٰۃ کا ادا ہوتا ہے یا نہیں۔

---

(۱) ليس فيما دون مائتى درهم صدقة الخ (هدايه باب زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۶) ظفير.
(۲) ومن كان عليه دين يحيط بماله فلا زكوة عليه الخ وان كان اكثر من دينه زكى الفاضل اذا بلغ نصابا بالفراغة عن الحاجة والمراد به دين له مطالب من جهة العباد الخ (هدايه كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۸) ظفير. (۳) ولو خلط زكوة موكلية ضمن (ايضا ج ۲ ص ۴۱) ظفير. (۴) شرح شرعة الاسلام فصل فى سنن الزكوة والصدقة ص ۱۵۸، ۱۲ ظفير

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ مالک نصاب کے ذمہ واجب ہے لیکن اگر اس کے امر اور اجازت سے اس کی طرف سے وہ لوگ زکوٰۃ ادا کردیں جو نفع اٹھاتے ہیں تو مالک نصاب کی طرف سے زکوٰۃ ادا ہوجاوے گی و کذا لو امر غیرہ بالدفع عنه جاز . شامی جلد ۲۔(۱) فقط۔

### سال بھر خرچ کے بعد جو غلہ رہ گیا اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۷۳) جو غلہ سال بھر کے خرچ کے بعد باقی رہ گیا ہو اس پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس غلہ میں جو سال بھر کے کھانے کے لئے خریدا اور بعد ختم سال باقی رہ گیا۔ زکوٰۃ واجب نہیں ہے۔(۲) فقط۔

### کیا اراضی باغ زیورات کی طرح باعث زکوٰۃ ہوں گے اور قرض ہو تو کیا کیا جاوے

(سوال ۷۴) زید جس کی صحرائی آراضی کی آمدنی دس من پختہ غلہ سالانہ ہے اور غلہ مختلف قسم کا ہے اور آمدنی ثمر باغ بھی بیس روپے سالانہ کی ہے اور مکان سکونتی بھی پختہ ہے اور وہ ملازم سرکار بمشاہرہ ستر روپے ماہوار ہے اور ایک بائیسکل گھوڑی قیمتی ایک سو روپے بھی اس کی ملکیت میں ہے۔ زید عیال دار ہے اور مقروض تین سو روپے سودی اور ایک سو پچاس روپے بلا سودی کا ہے اور اس کی کچھ صحرائی آراضی بعوض چار سو پچیس روپے رہن ہے اس کی عورت کے پاس زیور نقرئی سو روپے کا اور طلائی تین سو روپے کا ہے، زید کے مال پر زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر وہ زیور جو زید کی زوجہ کے پاس ہے زید کی ملکیت میں ہے اور زید اس سے زیادہ قرض دار ہے تو زید کے ذمہ صورت مسئولہ میں زکوٰۃ دینا فرض نہیں ہے۔(۳) فقط۔

### زرعی جائداد پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۷۵) اگر کسی شخص کے پاس زرعی جائداد ہے اور قرض بھی دینا ہے، لیکن اگر جائداد کی قیمت ٹھہرائی جائے تو قرض کم ہے، ایسے شخص کے پاس اگر کچھ زیور ہو تو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔ زیور وغیرہ کی قیمت قرض سے بہت کم ہے۔

(جواب) اس پر زکوٰۃ لازم نہیں۔(۴) فقط۔

### انگریزی روپے سے نصاب کی مقدار کیا ہے

(سوال ۷۶) اس روپیہ انگریزی سے نصاب کی صحیح مقدار کیا ہے؟

(جواب) دو سو درہم مقدار نصاب ہے۔ انگریزی روپیہ سے چون روپے دوانے تقریباً ہوتے ہیں۔(۵) (یہ سن ۱۳۳۵ھ کی بات ہے۔ اب چاندی گراں ہے، اس وقت ~~~ تے ہیں۔ ظفیر)

---

(۱) رد المحتار للشامی کتاب الزکوة ج۲ ص ۱۵ . ط.س. ج۲ ص ۲۶۹ . ۱۲ ظفیر۔

(۲) ومنها فراغ المال عن حاجة الا صلية فليس فی دور السکنی وثياب البدن واثاث المنزل الخ وكذا طعام اهله (عالمگیری كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۱ . ط.س. ج۲ ص ۱۷۲) ظفیر.

(۳) فلا زكوة على مكاتب الخ ومديون للعبد بقدر دينه فيزكی الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۸ . ط.س. ج۲ ص ۲۶۳) ظفیر.

(۴) ولا فی ثياب البدن الخ ودور السكنى ونحوها (در مختار) قوله ونحوها كثياب البدن غير المحتاج اليها وكالحوانيت والعقارات (رد المحتار للشامی كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۰ ط.س. ج۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر

(۵) آج کل دو سو درہم کی قیمت (اگر چاندی تین روپے بھر ہے، تو) ایک سو ساڑھے ستاون ہوگی۔ اتنی بات ذہن نشین رہے کہ دو سو درہم کا وزن ساڑھے باون تولہ چاندی ہے، چاندی کی قیمت کے گھٹنے بڑھنے سے روپے کا نصاب بدلتا رہے گا واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

## سو روپے کی زکوٰۃ کیا ہے

(سوال ۷۷) سو روپے میں سے کتنی زکوٰۃ نکالنی چاہئے مشہور فیصدی ۲½ ہے، تو یہ صحیح ہے۔

(جواب) ۲½ فیصدی حساب صحیح ہے، کیونکہ چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں واجب ہے۔ (۱)

## دلہن کو جو زیور دیا جاتا ہے اس کی زکوٰۃ کس پر ہے

(سوال ۷۸) بعض اقوام میں نابالغ اولاد کا نکاح کر دیتے ہیں۔ دولہا کا باپ دلہن کو جو زیور چڑھاتا ہے اس کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے۔

(جواب) وہ زیور جو دولہا کا باپ دیتا ہے وہ زیور ہمارے عرف میں دلہن کی ملک نہیں ہے لہذا اس کی زکوٰۃ دولہا کے باپ کے ذمہ ہے۔ (جہاں عرف میں وہ زیور دلہن کی ملک قرار پاتا ہے اس کی زکوٰۃ دلہن پر ہوگی۔ ظفیر)

## مندرجہ ذیل صورت میں کتنی زکوٰۃ دے

(سوال ۷۹) زید کے پاس شروع سال میں ایک ہزار چھ سو روپے کا مال بایں تفصیل تھا کہ تین سو روپے کا مکانات تعمیر کردہ وخرید کردہ اور آٹھ سو روپے لوگوں کے ذمہ قرض اور پانچ سو روپے کا پارچہ تجارتی موجود ہے تو اس صورت میں زید کو کس قدر رقم کی زکوٰۃ دینی چاہئے؟ اور چار سو روپے کا ساہوکاری قرض ہے۔

(جواب) مکان تعمیر کردہ وخرید کردہ میں زکوٰۃ نہیں ہے، پانچ سو روپے کے مال موجودہ پر زکوٰۃ واجب ہے لیکن چار سو روپے جو ساہوکار کے ہیں اس میں سے وضع کر کے ایک سو روپے کی زکوٰۃ فی الحال ادا کرنا واجب ہے۔ (۲) اور آٹھ سو روپے جو دوسروں کے ذمہ قرض ہے اس کی زکوٰۃ بھی واجب ہے مگر ادا کرنا اس کی زکوٰۃ کا بعد وصول کے ہے اگر فی الحال دے دیوے یہ بھی درست ہے۔

## زکوٰۃ میں مہینہ کا اعتبار ہے یا تاریخ کا

(سوال ۸۰) زکوٰۃ کے حساب کے لئے کوئی تاریخ معینہ کا اعتبار ہے یا مہینہ کا کیونکہ اس میں بڑا فرق ہو جاتا ہے، شرعاً کیا حکم ہے، تاریخ مقرر کرے یا ماہ۔

(جواب) زکوٰۃ کے حساب کے لئے تاریخ کا اعتبار ہے، جس تاریخ کو سال پورا ہو جاوے اسی تاریخ میں...... زکوٰۃ واجب ہوگی جس وقت بھی زکوٰۃ ادا کرے گا اعتبار اسی تاریخ وجوب کا رہے گا۔ اگلے سال اسی تاریخ میں زکوٰۃ واجب ہو جاوے گی جس تاریخ پر پچھلے سال واجب ہوئی ہے۔ (۳) فقط۔

## نابالغ کے مال میں جو شرکت میں ہے زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۸۱) مستقیم وعبدالحلیم دو بھائی شاملات ہیں عبدالحلیم فوت ہو کر لڑکا نابالغ چھوڑا، لڑکے کے مال پر مستقیم قابض ہے، بطور ولی و سرپرست کے مستقیم اپنے حصہ کی زکوٰۃ دیتا ہے۔ کیا وہ عبدالحلیم متوفی کے حصہ کی بھی

---

(۱) لیس فیما دو ن مائتی درهم صدقة الخ فاذا کانت مائتین وحال علیها الحول فیها خمسة دراهم (هدایه باب زکوة المال ج ۱ ص ۱۷۴) ظفیر۔
(۲) ومن علیه دین یحیط بما له فلا زکوة علیه الخ وان کثر من دینه زکی الفاضل اذا بلغ نصابا (کتاب الزکوة ج ۱ ص ۱۶۸) ظفیر۔ (۳) عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من استفاد مالا فلا زکوة فیه حتی یحول علیه الحول رواه الترمذی (مشکوة ص ۱۵۷) ظفیر وسببه ملک نصاب حولی لحولا نه علیه (در مختار) ای الحول القمری لا الشمس (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۵ ط.س. ج ۲ ص ۲۵۹) ظفیر۔

زکوۃ دیوے یا نہیں۔

(جواب) عبدالحلیم کے فوت ہونے کے بعد اس کا ترکہ نابالغ لڑکوں کی ملک ہوگیا اور نابالغ کے مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے پس مستقیم ان لڑکوں کے مال کی زکوۃ نہ دے صرف اپنے حصہ کی دیوے۔(۱) فقط۔

## نابالغین کی جوامانت والدین کے پاس ہو اس میں زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۸۲) نابالغین کا حصہ جو بطور امانت ان کے والدین کے پاس ہو اس میں زکوۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) اس میں زکوۃ لازم نہیں ہے۔ كما فى الدر المختار وشرط افترا ضها عقل وبلوغ الخ فلا تجب على مجنون وصبى الخ شامى۔(۲)

## جو پیداوار کھانے کے لئے بھی کافی نہ ہو کیا اس میں بھی زکوۃ ہے

(سوال ۸۳) بسا اوقات پیداوار میں اس قدر غلہ بھی نہیں ہوتا جس کی قیمت خرچ شدہ رقم کے برابر ہو ایسی صورت میں زکوۃ کس طرح ادا کی جائے۔

(جواب) جو کچھ پیدا ہوا اس کا دسواں حصہ نکالنا چاہئے، خواہ کم ہو یا زیادہ، مثلاً اگر سو من غلہ پیدا ہوا تو دس من دیا جائے اور اگر دس من پیدا ہوا تو ایک من دیا جاوے۔(۳)

## جس روپے کے وصول ہونے کی امید نہیں کیا اس پر بھی زکوۃ ہے۔

(سوال ۸۴) زید تجارت کرتا ہے اور لوگوں کے ذمہ اس کا قرض باقی ہے، بعض ان میں سے فرار ہوگئے اور بعض بالکل غریب ہیں جن سے وصول ہونے کی امید نہیں ہے۔ اب زید اس روپے کی زکوۃ ادا کرے یا نہیں۔

(جواب) قرض میں جو روپیہ ہے اس کی زکوۃ بعد وصول کے ادا کرنا واجب ہوتی ہے، پس جو روپیہ وصول نہ ہو اس کی زکوۃ ادا کرنا لازم نہ ہوئی۔(ولو كان الدين على مقر ملئى اوْ على معسر او مفلس اى محكوم با فلاسه او على جاحد عليه بينة وعن محمد لازكوة وهوا لصحيح لا ن البينة قد لا تقبل اوَ علم به قاض الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى ( الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۲ )ظفیر۔

## سال میں جو رقم گھٹتی بڑھتی رہی اس کی زکوۃ کیسے ادا ہوگی

(سوال ۸۵) زید کے پاس ابتداء سال میں، مثلاً ایک ہزار روپیہ تھا، اثنائے سال میں کم وبیش ہوتا رہا۔ آخر میں دس ہزار ہوگیا تو کس قدر روپے کی زکوۃ واجب ہے۔

(جواب) آخر سال کا اعتبار ہے، اس صورت میں دس ہزار روپے کی زکوۃ واجب ہوگی۔(۴) فقط۔

---

(۱) وشرط افتراضها عقل بلوغ اسلام وحرية (درمختار) قوله بلوغ قال فى البحر و خرج المجنون والصبى فلا زكوة فى مالهما كما لاصلاة عليهما للحديث المعروفه رفع القلم عن ثلاث (طحطاوى ج ۱ ص ۳۸۹) ظفیر۔

(۲) رد المحتار كتاب الزكاة ج ۲ ص ۴ ط.س. ج ۲ ص ۲۵۸، ۱۲ ظفیر۔

(۳) قال ابو حنيفة فى قليل ما اخرجته الا رض و كثيره العشر سواء سقى سيحا او سقته السماء الا القصب والحطب والحشيش. (هدايه ج ۱ ص ۱۸۳) ظفیر۔

(۴) والمستفادو لوبهبة وارث وسط الحول يضم الى نصاب من جنسه فيز كيه بحو ل الا صل (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۱. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۸) ظفیر۔

گھر کا زیور تمام گھر والوں پر تقسیم ہوکر نصاب بنے گا یا مجموعہ

(سوال ۸۶) یہ جو یہاں پر رواج ہے کہ مرد وعورت واولاد ہوشیار نابالغ یا بالغ سب اکٹھے رہتے ہیں اور گھر بار کا کام کرتے ہیں وہ سب کے سب تمام ضروریات دنیاوی اپنی اسی پیشہ کے وصولی (آمدنی) سے ادا کرتے ہیں یہاں تک کہ جو کچھ عورت کو اس کے ماں باپ وغیرہ دیتے ہیں وہ بھی اپنے اپنے زوج واولاد سے علیحدہ نہیں رکھتی ہے مثلاً اس طرح پر بسر اوقات کرنے والے تین شخص ہیں۔ زوج، زوجہ، بیٹا۔ پس اگر ان کی تمام ضروریات سال کی ان کے پیسہ کے وصول سے ادا ہوکر باون روپے کا زیور یا نقد یا دیگر مال ہوتو مالک فقط زوج ہی ہوگا یا زوجہ و بیٹے کا بھی حصہ سمجھا جائے گا؟ یا تاحیات زوج زوجہ۔ بیٹے کا حصہ شریعت میں نہیں ہے؟ بعض ایسے اشخاص ہیں کہ اگر مالک فقط زوج ہی سمجھا جائے تو اہل نصاب ہوتا ہے، اور اگر زوجہ و بیٹے کے حصہ کا حساب لگایا جاوے تو حد زکوٰۃ کو نہیں پہنچتے۔

(جواب) وہ سب مال شوہر کا ہے سوائے اس کے جو زوجہ کو اس کے ماں باپ کے یہاں سے ملا ہو، اس کی مالک زوجہ ہے اور جب کہ ملک شوہر کی قدر نصاب کو پہنچ جاوے تو بعد حولان حول اس پر زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

آلات تجارت میں زکوٰۃ

(سوال ۸۷) آلات تجارت مثل کشتیاں و جہازات اور بیل گاڑیاں اور اونٹ گاڑیاں نقل اموال تجارت کے واسطے اور دوکاندار کے گھر وغیرہ اموال کے بیع کے واسطے، یہ سب آلات عروض تجارت میں شامل ہوں گے یا آلات محترفہ ہیں۔

(جواب) یہ اشیاء آلات محترفہ میں داخل ہیں ان میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ وکذلک الات المحترفین الخ (ای لا زکوٰۃ فیھا)۔(۱)

جو روپیہ دھوکہ سے غریب کو دے دیا نیت سے زکوٰۃ ہوگی یا نہیں

(سوال ۸۸) زید نے ایک سو ساٹھ روپے عمر کے پاس بھیجے اور لکھ دیا کہ سو روپے تمہارے ہیں اور ساٹھ روپے خالد کے لڑکوں کے ہیں۔ زید سے حروف کے پڑھنے میں غلطی ہوئی، اس بنا پر وہ یہ سمجھا کہ سو روپے خالد کے لڑکوں کے ہیں اور ساٹھ میرے ہیں۔ چنانچہ اس نے سو روپے خالد کے لڑکوں کو دے دیئے۔ خالد کے لڑکے غنی نہیں ہیں اور عمر کے لڑکوں سے چالیس روپے لینا مناسب نہیں سمجھتا لہذا وہ روپیہ زکوٰۃ میں مجرا ہوسکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) اگر وہ روپیہ ان کے پاس موجود ہے تو نیت زکوٰۃ کی ہوسکتی ہے ورنہ نہیں۔ درمختار میں ہے کما لو دفع بلا نیة ثم نوی والمال قائم فی ید الفقیر. الخ۔(۲)

نصاب زکوٰۃ کیا ہے

(سوال ۸۹) نصاب زکوٰۃ کیا ہے مفصل تحریر فرمائیے۔

(جواب) نصاب نقرہ ساڑھے باون تولہ ہوتا ہے، کیونکہ شریعت میں دراہم کے اندر وزن سبعہ معتبر ہے اس کی تصریح کتب فقہ میں ہے اور وزن سبعہ یہ ہے کہ دس دراہم برابر سات مثقال کے ہوں اس حساب سے دوسو درہم برابر ۱۴۰ (ایک سو چالیس) مثقال کے ہوئے اور مثقال وزن معروف ساڑھے چار ماشہ ہے چنانچہ اس کی تصریح بہت جگہ موجود

---

(۱) الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۱. ط.س. ج۲ ص۲۶۵ ۱۲ ظفیر۔
(۲) الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ ص۲۶۸ ۱۲ ظفیر۔

ہے اور علماء کبار نے اس کو اختیار کیا ہے۔ پس دو سو درہم برابر ۶۳۰ ماشہ کے ہوئے، اس کو ۱۲ پر تقسیم کرنے سے ۵۲ ½ تولہ خارج قسمت نکلا، یہی نصاب فقہ ہے۔ (۱) فقط۔

## مکان وغیرہ کی زکوٰۃ کا حکم

(سوال ۹۰) ایک شخص کے بہت سے مکان ہیں کرایہ پر دیا کرتا ہے۔ ان پر زکوٰۃ ہے یا نہیں؟ بیل گاڑی وغیرہ کرایہ کی ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں؟ اس عبارت کا کیا مطلب ہے اویوا جرد اره التی للتجارة بعرض من العروض؟

(جواب) عبارت اویوا جرداره التی للتجارة بعوض من (۲) العروض جو دار کے ساتھ للتجارہ کی قید لگائی گئی ہے یہی معتبر ہے یعنی جو دار تجارۃ کے لئے بنایا گیا ہے۔ یا خریدا گیا ہے اس کی اجرت میں جو عرض حاصل ہوا اس میں زکوٰۃ لازم ہے اور خود اس دار کی قیمت میں بھی زکوٰۃ واجب ہے اور اگر مکانات رہنے کے لئے بنائے گئے ہیں یا خریدے گئے ہیں اور ان کو کرایہ پر دے دیا تو اس صورت میں مکانات کی قیمت میں زکوٰۃ لازم نہ ہوگی بلکہ کرایہ پر بشرائطہا زکوٰۃ لازم ہوگی اور یہی حکم بیل اور گاڑی کا ہے اور علامہ شامی نے جو کچھ اس قول کی شرح میں نقل کیا ہے اس کو ملاحظہ کیا جاوے، جامع کی روایت کی تصحیح کیا ہے علامہ کے نزدیک اسی کو ترجیح معلوم ہوتی ہے اور جامع کی روایت کی تفصیل یہی ہے جو اوپر معلوم ہوئی ہے۔ (۳) فقط۔

## زکوٰۃ خریداری کی قیمت پر دی جاتی ہے یا جس قیمت پر بیچی جاتی ہے

(سوال ۹۱/۱) ایک شخص نے کچھ کتابیں تاجرانہ نرخ سے خریدیں یا اپنے پریس میں چھاپیں اور ہزار روپیہ میں اس کو پڑ گئیں، مگر بازار میں دو ہزار کی ہیں تو زکوٰۃ دو ہزار کی دینا چاہئے؟ اس کی بابت سوالات ہیں۔

## بازار سے کیا مراد ہے مقامی یا کوئی اور

(سوال ۹۲/۲) لاگت میں مال ایک ہزار کا ہے، مگر بازار میں دو ہزار کا ہے، اس بازار سے مراد کیسا بازار ہے؟ آیا خاص مقامی بازار ہے یا شہر وقصبہ کا؟

## عطر میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۹۳/۳) عطر وروغن جو بغرض تجارت تیار ہوتا ہے اس پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں اور اگر ہے تو کس حساب سے؟

## عطر وروغن کی زکوٰۃ لاگت پر دی جائے یا بکری پر

(سوال ۹۴/۴) عطر وروغن اکثر بذریعہ پارسل وی. پی بیرونجات میں روانہ ہوتا ہے اور بہت کم قنوج میں بھی فروخت ہوتا ہے ایسے مال پر اختتام سال پر کس حساب سے زکوٰۃ دی جائے گی۔ آیا لاگت کے حساب سے یا جس حساب سے مال بیرونجات میں روانہ ہوتا ہے؟

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے رد المحتار ج ۲ ص ۳۸ ط.س. ج۲ ص۲۹۵. ۱۲ ظفیر (۲) دیکھئے الدر المختار علی هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج۲ ص۲۶۷ ۱۲ ظفیر (۳) قوله او يواجرداره التى الخ قال فى البحر لكن ذكر فى البدائع الا ختلاف فى بدل منافع عين معدة للتجارة ففى كتاب الزكوة الا صل انه للتجارة بلا نية وفى الجامع ما يد ل على التوقف على النية و صحح مشائخ بلخ رواية الجامع لا ن العين وان كانت للتجارة لكن قد يقصد ببدل منا فعها المنفعة فتو جر الداية لينفق عليها والدار للعمارة فلا تصير للتجارة مع التردد الا بالنية ا ه قيد بقوله اللتى للتجارة اذا لو كانت للسكنى مثلاً لا يصير بدلها للتجار ة بدون النية فاذا نوى يصح ويكون من قسم الصريح (رد المحتار ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج۲ ص۲۶۷) ظفیر

ختم سال کے بعد کل مال موجودہ عطر وروغن وغیرہ وزن کر لیا جاتا ہے اور بحساب لاگت میزان لگا کر اس پر زکوٰۃ دی جاتی ہے۔ مثلاً ایک عطر چھ ۶ آنہ تولہ کی لاگت کا ہے اور اس کو آٹھ آنہ تولہ فروخت کیا گیا تو زکوٰۃ بحساب لاگت ۶ آنہ تولہ کے دی جاوے گی یا آٹھ آنہ تولہ کے؟

(جواب) (۱) اس سے مراد اس مقام کا بازار مراد ہے کہ جس میں وہ ہے فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) جب کہ قیمت اس عطر کی اور روغن کی بقدر نصاب ہو زکوٰۃ اس پر واجب ہے۔

(۳) زکوٰۃ اس حساب سے دی جاوے گی جو قیمت اس کی بازار میں ہے اور مراد اس بازار سے وہ بازار ہے جس میں وہ مال ہے۔ کما فی الدر المختار ویقوم فی البلدالذی المال فیه (در مختار علی هوامش الشامی ج ۲ ص ۳۰ باب زکوٰة الغنم)

(۴) جس حساب سے بکری ہوتی ہے اس حساب سے قیمت عطر وروغن کی لگائی جاوے۔ اگر نقد دینے میں نقصان معلوم ہو تو سہولت وہی طریق ہے جو القاسم میں مذکور ہے کہ بعینہ عطر وروغن کا چالیسواں حصہ نکال دیوے خواہ اس کو فروخت کر کے وہ قیمت فقراء کو تقسیم کر دیوے یا عطر وروغن ہی تقسیم کر دیوے۔ فقط۔

واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ عزیز الرحمٰن۔

## قرض کی زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۹۵) ایک شخص نے ایک ہزار روپیہ قرض دیا اور ۳۰۰ (سہ صد) ماہوار قسط سے لیتا ہے تو زکوٰۃ اس روپے پر ہے جو قرض ہے یا نہیں؟

(جواب) جس قدر وصول ہوتا رہے اس کی زکوٰۃ سب سالوں کی دینی لازم ہے یعنی بعد وصول قرض گذشتہ ایام کی زکوٰۃ بھی دینی ہوگی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ عزیز الرحمٰن

(واعلم ان الدیون عند الا مام ثلاثة قوی ومتوسط وضعیف فتجب زکاتها اذا تم نصابا وحال الحول لکن لا فور ابل عند قبض اربعین درهما من الدین القوی کقرض وبدل مال تجارة الخ ( در مختار علی الشامی ج ۲ ص ۸

## حولان حول

(سوال ۹۶) حولان حول برائے وجوب زکوٰۃ از کدام وقت معتبر است۔

(جواب) حولان حول بعد تمام شدن نصاب معتبر است لا ن حولان الحول علی النصاب شرط لکونه سبباً. شامی ج ۲ ص ۱۴. جمیل الرحمن.

## گوٹہ پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۹۷) بر گوٹہ ٹھپہ کہ سیم وزر دراں می باشد زکوٰۃ واجب است یا نہ؟

(جواب) بر گوٹہ ٹھپہ کہ سیم وزر دراں باشد زکوٰۃ دراں واجب است ( واللازم فی مضروب کل منهما ومعموله (در مختار) قال الشارح قوله ومعموله ای ما یعمل من نحو حلیة سیف او منطقة او لجام او سرج او الکواکب فی المصاحف والا وانی وغیرها اذا کانت تخلص بالا ذابة (بحر شامی ج ۲ ص ۱۴) جمیل.)

دوسرا باب

# زکوٰۃ کی ادائیگی

## روپے کے عوض اٹھنّی چونّی دینے سے بھی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے

(سوال ۹۸) ایک شخص کے ذمہ پانچ روپے زکوٰۃ کے واجب ہیں اس نے ادائے زکوٰۃ میں مثلاً دس اٹھنی یا بیس چونی نکال کر دی تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگئی۔(۱)

## نوٹ کے بارے میں وجوب اور ادائیگی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے

(سوال ۹۹) نوٹ کے بارے میں وجوب وادائے زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

(جواب) نوٹ جب کہ بقدر نصاب ہوں زکوٰۃ واجب ہے اور زکوٰۃ روپیہ سے ادا ہوگی۔ اگر نوٹ زکوٰۃ میں دیا گیا تو جس وقت وہ شخص اس کو روپیہ سے بدل لے گا اس وقت زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔(۲) فقط۔

## زکوٰۃ کی رقم چوری ہوگئی تو کیا دوبارہ زکوٰۃ نکالے

(سوال ۱۰۰) ایک شخص نے زکوٰۃ مال کی نکالی اور مال زکوٰۃ ایک جگہ رکھ دیا، وہاں سے کسی چور نے چرالیا تو زکوٰۃ ادا ہوگئی یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ اس کی ادا نہیں ہوئی، پھر زکوٰۃ دینی چاہئے۔(۳)

## جو قرض تھوڑا تھوڑا آتا رہا اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے

(سوال ۱۰۱) زکوٰۃ اس قرض کی جو وقتاً فوقتاً تھوڑا تھوڑا آتا رہا ہے کس طرح دی جائے اور اگر دو سو میں سے پچاس وصول ہوئے بعد دو سال کے اور ۲۵ تین سال کے بعد تو پچاس کی دو سال کی اور ۲۵ کی تین سال کی علیٰ ہذا القیاس۔ اسی طرح ادا کی جائے یا کس طرح۔ اور اگر مقروض نے روپیہ کے بدلہ میں غلہ وغیرہ دے دیا اور وہ اشیاء گھر میں خرچ ہوگئی تو ان کی قیمت کی زکوٰۃ اسی طرح دو سال یا تین سال کی بھی دی جاوے یا کس طرح اور اگر قرض میں زمین دی گئی تو زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

## زکوٰۃ میں گھر کا کپڑا وغیرہ دینا کیسا ہے

(سوال ۱۰۲) زکوٰۃ میں بجائے روپے غلہ یا کپڑا اپنے گھر سے دیوے بازار کے بھاؤ سے تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا کیا، اور اگر بازار سے خرید کر دے تب کیا حکم ہے

(جواب) (۱) جس وقت جس قدر قرض وصول ہوتا جاوے اس وقت تک کی مع پچھلے سالوں کے زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے۔ اگر قرض کے عوض غلہ وصول ہوا تو گذشتہ سالوں کی اصل قرض کی جس کے بدلہ میں غلہ آیا ہے زکوٰۃ

---

(۱) جس طرح روپیہ سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے اٹھنی چونی سے بھی ہوتی ہے اس لئے کہ یہ بھی رائج الوقت سکہ کے حکم میں ہے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(۲) ہمارے اس دور (سن ۱۹۶۶ء) میں نوٹ گو قانوناً حوالہ یا وثیقہ ہے مگر عملاً اور عرف عام میں سکہ اور ثمن خلقی کے حکم میں ہے اس لئے کہ روپے کی کئی سال سے صورت بھی دیکھنے میں نہیں آئی۔ سارا کاروبار اور سارے معاملات انہی نوٹوں سے انجام پاتے ہیں۔ لہذا احقر کی ذاتی رائے یہ ہے کہ نوٹوں سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ کوئی دس روپے کے نوٹ کے دس روپے تلاش کرے تو اسے اس وقت نہیں مل سکتے ہیں۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(۳) ولا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء (در مختار) فلو ضاعت لا تسقط عنه الزكوة ولو مات كانت ميراثا عنه (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۵. ط.س. ج ۲ ص ۲۷۰) ظفیر

دیوے۔(۱) آئندہ کو غلہ خوردنی پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

اور اگر زمین قرض میں آئی تب بھی قرض وصول ہو گیا۔ گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ لازم ہوگی۔(۲)

(۲) دونوں صورتوں میں زکوٰۃ ادا ہو گئی، خواہ گھر سے غلہ و کپڑا وغیرہ حساب کر کے دیوے یا بازار سے خرید کر دیوے۔(۳)

## مدرسہ کے مہتمم کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۳) مدرسہ دیوبند میں یا کسی اور اسلامی انجمن میں جب زکوٰۃ کا روپیہ بھیجا جاتا ہے، اس پر کسی مسکین مستحق کا قبضہ نہیں ہوتا بلکہ مہتمموں کے قبضہ میں دی جاتی ہے اور وہ مہتمم بھی مسکین نہیں ہوتے، اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(جواب) مدارس میں جو رقم زکوٰۃ کی آتی ہے اس میں مہتمم مدرسہ ایسی صورت کر لیتے ہیں جس سے معطی کی زکوٰۃ ادا ہونے میں کچھ شبہ نہ رہے، وہ یہ کہ اس رقم زکوٰۃ کو اول کسی مسکین کو جو مصرف زکوٰۃ ہو دے دی جاتی ہے اور اس کی ملک کر دی جاتی ہے پھر وہ شخص مدرسہ کے مصارف کے لئے مہتمم مدرسہ کو دے دیتا ہے چونکہ زکوٰۃ میں تملیک مسکین ضروری ہے۔(۴) اس لئے طریقہ مذکورہ پہلے ہی کر لیا جاتا ہے تاکہ کچھ شبہ نہ رہے۔ علاوہ بریں طلبہ ومساکین عمدہ مصرف زکوٰۃ کے ہیں ان کی خوراک و پوشاک میں رقم زکوٰۃ صرف کرنا بلا شبہ درست ہے اور مدارس میں زکوٰۃ کا روپیہ طلبہ ومساکین کے مصارف میں صرف ہوتا ہے۔ بہر حال آپ کچھ تردد نہ کیجئے، بے تکلف رقم زکوٰۃ سے امداد طلبہ فرمائیے کہ اس میں اجر مضاعف ہے۔ فقط۔

## حرام کمائی میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۴) زید یا ہندہ نے ناجائز کمائی سے کچھ مال حاصل کیا، اب وہ اپنے اس پیشہ سے تائب ہو گئے اور وہ اپنے مال سے زکوٰۃ صدقات وخیرات نکالتے ہیں...... اور حلال کمائی سے ایک پیسہ نہیں تو کیا اس کی یہ زکوٰۃ اور صدقات وغیرہ جائز ہوگا۔

(جواب) مال حرام میں زکوٰۃ واجب ہونے یا نہ ہونے میں یہ تفصیل ہے کہ اگر اس کے پاس دوسرا مال حلال بھی ہے اور اس میں حرام کو ملا دیا تو امام صاحب کے نزدیک زکوٰۃ اس پر لازم ہے اور اگر دوسرا مال حلال بقدر نصاب نہ ہو تو زکوٰۃ اس پر لازم نہیں بلکہ وہ کل مال واجب التصدق ہے۔ یعنی جب کہ لوٹانا مالکوں یا ان کے وارثوں پر متعذر ہو۔ درمختار میں ہے ولو خلط السلطان المال المغصوب بما له ملكه فتجب الزكوة فيه ويورث عنه الخ وهذا اذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط منفصل عنه يوفى دينه والا فلا زكوة كما لوكان الكل خبيثا الخ

---

(۱) اعلم ان الديون عند الامام ثلاثة قوى متوسط وضعيف فتجب زكاتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فوراً بل عند قبض اربعين درهما من الدين القوى كقوض ومال تجارة فكلما قبض اربعين درهما يلزمه درهم (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۲، ج ۲ ص ۴۸، ط.س. ج۲ص۳۰۵) ظفير.

(۲) لو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ص۲۶۶) ظفير.

(۳) وجاز دفع القيمة فى زكوة وعشر وخراج وفطرة ونذر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم (ج ۲ ص ۲۹ ط.س. ج۲ص۲۸۵) ظفير.

(۴) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة (در مختار باب المصرف) وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا فى تعمير المسجد (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ص۳۴۴) ظفير.

اورشامی میں قنیہ سے **لو کان الخبیث نصابا لا یلزمہ الزکوۃ لان الکل واجب التصدق علیہ فلا یفید ایجاب التصدق ببعضہ**(۱) الخ اور مسجد بنانا مال حرام سے درست نہیں ہے اور مدرسہ میں طلبہ پر صدقہ کرنا بصورت نہ ملنے مالکوں کے یا ان کے ورثہ کے درست ہے۔ فقط۔

## نوٹ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۵) نوٹ چونکہ مال نہیں ہے اس بنا پر شبہ پیدا ہوتا ہے کہ جس کے پاس صرف نوٹ ہی ہوں اس پر زکوٰۃ واجب نہیں ہونی چاہئے اور اگر نوٹ زکوٰۃ میں ادا کیا جائے تو زکوٰۃ ادا نہ ہو۔ اور اگر زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ منی آرڈر روانہ کیا اور اس پر مرسل الیہ کو نوٹ ملے تو زکوٰۃ ادا نہ ہونی چاہئے۔

(جواب) زکوٰۃ اس وجہ سے واجب ہے کہ ان نوٹوں کی رقوم کا روپیہ خزانہ سرکاری میں موجود مودع ہے جیسا کہ کسی کا روپیہ خزانہ میں ہو زکوٰۃ واجب ہوتی ہے۔ (۲) اور نوٹ جو زکوٰۃ میں دیا جائے جس وقت اس کا روپیہ کر کے روپیہ پر قبضہ کر لیا گیا ہو تو زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے علی ہذا۔ جس کو بذریعہ منی آرڈر بھیجا جاوے اور مرسل الیہ کو نوٹ وصول ہو تو جس وقت مراسل الیہ اس نوٹ کا روپیہ بھنالیوے گا زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی عرض نوٹ وثیقہ ہے روپے کا۔ (۳)

(موجودہ وقت میں نوٹ کو روپیہ کی جگہ تسلیم کر لینا چاہئے، اس لئے کہ اب روپے کا رواج نہیں رہا۔ بھنانے کی شرط اس دور میں لگانا بے سود ہے، عرف عام نے نوٹ کو اندرون ملک روپیہ تسلیم کر لیا ہے۔ ظفیر)

## زکوٰۃ کی رقم الگ کر دی تھی کچھ تقسیم کی اور کچھ چوری ہوگی، کیا حکم ہے

(سوال ۱۰۶) ایک شخص نے زکوٰۃ نکالی اور نیت کر لی اور تقسیم کرنا شروع کیا، کچھ روپیہ تقسیم کر دیا تھا اور کچھ چوری ہو گیا، اب اس کی زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں۔

(جواب) جس قدر روپیہ چوری ہوا، اس قدر روپیہ پھر دینا چاہئے (۴) فقط۔

## غصب اور رشوت کے مال پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۷) غصب ورشوت کے مال پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) وہ سب مال خیرات کرنا چاہئے جب کہ مالکوں اور ان کے وارثوں کا پتہ نہ لگے۔ (۵) فقط۔ (اس میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ ظفیر)

## حدیث کی کتابوں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۷) حدیث کی کتابیں جو ہزار پانچ سو روپیہ کی ہوں زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) جو کتابیں تجارت کے لئے نہ ہوں بلکہ پڑھنے اور دیکھنے اور مطالعہ کے لئے ہوں ان میں زکوٰۃ نہیں ہے (۱) فقط۔

---

(۱) دیکھئے رد المحتار ج ۲ ص ۳۳، ج ۲ ص ۳۴ ط.س. ج ۲ ص ۲۹۱. ۱۲ ظفیر (۲) وکذا لودیعة عند غیر مصارفه (درمختار) فلو عند مصارفه تجب الزکوة (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶) ظفیر. (۳) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة (الدر المختار علی هاش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر. (۴) ومفارقته بعزل ماوجب کله او بعضه ولا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء (الدر المختار) فلو ضاعت لا تسقط عنه الزکوة (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۹، ظفیر الصدیقی. (۵) والا فلا زکوة کما لوکان الکل خبیثا کما فی النهر (در مختار) فی القنیة لوکان الخبیث نصابا لایلزمه الزکاة لان الکل واجب التصدق علیه فلا یفید ایجاب التصدق ببعضه اه و مثله فی البزازیة (رد المحار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۳۴ ط.س. ج ۲ ص ۲۹۱) ظفیر.

## زکوۃ کی رقم بذریعہ رجسٹری بھیجی گئی مگر موصول نہ ہوئی کیا کیا جائے

(سوال ۱۰۸) مبلغ دس روپے کا نوٹ مد زکوۃ سے برائے امداد مظلومین سمرنا بصیغہ رجسٹری بھیجا گیا جب عرصہ تک رسید نہ آئی تو مکتوب الیہ کو بطور یاددہانی لکھا گیا، وہاں سے جواب آیا مجھ کو یاد نہیں کہ بذریعہ رجسٹری تمہارا کوئی نوٹ آیا ہے، مکتوب الیہ بہت بڑے اور معتبر آدمی ہیں، ایسی حالت میں زکوۃ ادا ہوگئی یا دوبارہ دس روپے جمع کرنے ہوں گے۔

(جواب) اس صورت میں وہ زکوۃ یعنی دس روپے کی رقم پھر دینی چاہئے۔(۲) فقط۔

## بیوہ کا قرض اس نیت سے ادا کرنا کہ زکوۃ میں وضع کرلوں گا کیسا ہے

(سوال ۱۰۹) ایک عورت بیوہ مستحق زکوۃ ہے اگر کوئی شخص اس عورت کا قرض اس نیت سے ادا کردے کہ آئندہ زکوۃ میں اس روپے کو وضع کرتا رہے گا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اس طرح سے قرض ادا کردینے سے زکوۃ ادا نہیں ہوتی بلکہ ادائے قرض کی یہ صورت ہوسکتی ہے کہ جس قدر روپیہ دینا ہو وہ روپیہ اس بیوہ کو دے کر اس کی ملک کردی جاوے پھر اس سے لے کر اس کے قرض میں دے دیا جاوے۔ اس طرح زکوۃ بھی ادا ہوجاوے گی اور قرض بھی ادا ہوجاوے گا۔(۳)

## مدرسہ میں روپیہ جمع کرانے سے زکوۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۰) اوقاف میں بلکہ خاص مدارس اسلامیہ میں بغیر قبض کرانے طلباء وغیرہم کے کسی کی معرفت خزانہ میں یا خزانچی کے سپرد کرنے سے زکوۃ ادا ہوجاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوۃ اسی وقت ادا ہوگی جس وقت طلباء کو وہ رقم کسی صورت سے پہنچ جاوے، مثلاً کپڑا یا کھانا نقد ان کی ملک کردی جاوے اور مدارس میں اکثر ایسا کرلیا جاتا ہے کہ مہتمم مدرسہ وکارکنان مدرسہ اول ہی رقم زکوۃ کی تملیک کراکر خزانہ میں رکھتے ہیں تاکہ پھر حسب ضرورت صرف کرتے رہیں۔(۴)

## بلاطلب دینے سے زکوۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۱) کوئی شخص زکوۃ کا روپیہ کسی مستحق کو بلا اس کے طلب کرنے اور کہنے کے دے دے تو زکوۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زکوۃ ادا ہوجائے گی کیونکہ جس کو زکوۃ دی جاوے اس پر ظاہر کردینا ضروری نہیں ہے، البتہ وہ محل اور مصرف زکوۃ ہونا چاہئے۔(۵) فقط۔

---

(۱) فلا زکوۃ علی مکاتب الخ ولا فی ثیاب البدن الخ وکذا الکتب وان لم تکن لا هلها اذا لم تنو للتجارة غیر ان الا هل له اخذا لزکوۃ وان ساوت نصبا الا ان تکون غیر فقه وحدیث وتفسیر الخ وفی الا شباه الفقیه لا یکون غنیا بکتبه المحتاج الیها (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۴۰ و ج ۲ ص ۱۱. ط.س. ج۲ص ۲۶۳) ظفیر۔

(۲) والا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالا داء للفقراء (در مختار) فلو ضاعت لا تسقط عن الزکوۃ (رد المحتار کتاب الزکاة ج ۲ ص ۱۵. ط.س. ج۲ص ۲۷۰) ظفیر۔

(۳) وحیلة الجواز ان یعطی مدیونه الفقیر زکوۃ ثم یاخذ ها عن دینه (درمختار) قوله حیلة الجواز ای فیما اذا کان له دین علی معسر الخ (رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ص ۲۷۱) ظفیر۔

(۴) ولا یخرج عن العهد با لعزل بالا داء للفقراء (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۵. ط.س. ج۲ص ۲۷۰) ظفیر۔ (۵) وشرط صحة ادا ئها نیة مقارنة له للاداء (الدر المختار والمراد مقارنتها للدفع الی الفقیر (رد المحتار . کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص ۲۶۸) ظفیر۔

## جس قرض کے وصول کی امید نہ تھی دفعۃً مل گئی تو کیا کرے

(سوال ۱۱۲)اگر قرض کے وصول کی امید نہ رہی ہو اور پھر مثلاً دس برس کے بعد وصول ہو جاوے تو پچھلے سالوں کی زکوۃ بھی واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) جس وقت قرضہ وصول ہو جاوے اس وقت پچھلے سالوں کی زکوۃ بھی دینا واجب ہے اور جس سے وصول نہ ہو اس کی زکوۃ اس وقت واجب نہیں لیکن اگر کبھی وصول ہو گیا تو پچھلے برسوں کی بھی زکوۃ دینا واجب ہے۔(۱) فقط۔

## مشین کی قیمت پر زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۳) زید نے یک صد روپے کی مشین خریدی اس پر زکوۃ دینی چاہئے یا نہیں۔

(جواب) اس کی زکوۃ واجب نہیں ہے۔ (فليس فی دورالسكنى وثياب البدن واثاث المنازل و دواب الركوب وعبيدة الخدمة وسلاح الا ستعمال زكوة وكذا طعام اهله وما يتحمل به من الا وانى اذا لم يكن من الذهب والفضة الخ وكذا الات المحترفين (عالمگیری كتاب الزكوة مصرى بولاق ج ۱ ص ۱۷۳ . ظفير)

## کرایہ کی نیت سے جو مکان خریدا اس کی زکوۃ

(سوال ۱۱۴) زید نے ایک مکان خریدا نہ نیت تجارت اور نہ نیت سکونت بلکہ بہ نیت کرایہ چنانچہ وہ مکان کرایہ پر دیا۔ جس کی آمدنی چھ سو روپے سالانہ ہے آیا زکوۃ آمدنی پر ہوگی یا مکان پر یا دونوں پر۔ اور یہ مکان عروض میں شامل ہوگا یا عقار میں یا سکنائی میں۔

(جواب) کرایہ پر مکان چلانے کے لے لینا یعنی کرایہ پر دینے کے لئے مکان خریدنا یہ بھی تجارت کے لئے ہی خریدنا ہے پس زکوۃ اس کی قیمت پر واجب ہوگی۔ درمختار میں ہے والا صل ان ماعدا الحجرين والسوائم انما يزكى بنية التجارة بشرط عدم المانع المودى الى المثنى وهو كسب المال بالمال بعقد شراء او تجارة قوله ماعدا الحجرين الخ وما عدا ما ذكر كالجوا هر والعقارات والمواشى العلوفة والعبيد والثياب والا متعة ونحو ذلك من العروض۔(۲)شامی (قوله ماله يعه) اى يوجره الخ شامی۔(۳)اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اجارہ پر دینے کے لئے خریدنا بھی تجارت کے لئے خریدنا ہے۔ فقط (خاکسار کے نزدیک یہ صحیح نہیں ہے، تفصیل حاشیہ پر دیکھیں۔ ظفیر)

## لڑکا باپ کی طرف سے زکوۃ ادا کردے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۱۵) جس شخص پر زکوۃ فرض ہے اور اس کو ادا کرنا ناگوار ہے اور اس کا ایک لڑکا بالغ ہے وہ باپ کے پاس سے بذریعہ منی آرڈر منگا کر زکوۃ ادا کردے، باپ کی طرف سے تو زکوۃ ادا ہو جاوے گی یا نہیں۔

---

(۱)ولوكان الدين على مقر ملئى او مفلس الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (ايضاً كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ص۲۶۶) ظفير.(۲)رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۸. ط.س. ج۲ص۲۷۳. ۱۲. ظفير(۳)رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۷. ط.س. ج۲ص۲۷۲. کرایہ پر دینے کے لئے جو گھر خریدا جائے اس کی قیمت پر اصولاً زکوۃ نہیں ہونی چاہئے ولو اشترى قدور امن صفر يمسكها ويواجرها لا تجب فيها الزكوة كما لا تجب فى بيوت الغلة الخ كذا فى فتاوى قاضى خان وكذالك العطار لو اشترى القوارير ولو اشترى جوالق ليواجرها من الناس فلا زكوة فيها لانه اشتراها للغلة لا للمبا يعة كذا فى محيط السرخسى (عالمگیری مصری فصل ثانى فى العروض ج ۱ ص ۱۷۸. ط. ماجدیه ج ۱ ص ۱۸۰) معلوم ہوا کہ آمدنی کے لئے خریدنا تجارت میں داخل نہیں بلکہ بیچنے کے لئے خریدنا تجارت ہے۔ والله اعلم . ظفير)

(جواب) اس صورت میں باپ کی زکوۃ کے ادا ہونے کی یہ صورت ہے کہ لڑکا باپ سے اجازت لے لے کہ میں تمہاری طرف سے زکوۃ ادا کردیا کروں یا یہ کہ روپیہ منگانے کے بعد یا پہلے اس کو اطلاع کردے اور اجازت لے لے اور اگر روپیہ منگانے سے پہلے اجازت طلب کرنے میں احتمال ہو کہ باپ شاید اجازت نہ دے تو روپیہ منگانے کے بعد اس کو اطلاع کرے اور اجازت طلب کرے کہ میں آپ کی طرف سے زکوۃ ادا کرتا ہوں اس کے بعد محتاجوں کو باپ کی طرف سے زکوۃ کی نیت سے وہ رقم دے دیوے۔(۱)

## زکوۃ دینے والا فقیر سے کہے کہ للہ یہ رقم میرے بیٹے کو دے دو تو زکوۃ ادا ہوگئی یا نہیں

(سوال ۱۱۱۶) اگر عوام یہ حیلہ کریں کہ کسی مصرف زکوۃ کو زکوۃ دے کر یہ کہے کہ تم میرے بیٹے کو للہ دے دو تو انہیں اس حیلہ کی اجازت ہوگی یا نہیں۔ اور زکوۃ ادا ہو جاویگی یا نہیں۔

(جواب) یہ حیلہ جائز ہے اور زکوۃ ادا ہو جاوے گی۔ کذا فی الدر المختار۔(۲)

## زکوۃ نکال کر علیحدہ کردے اور بتدریج خرچ کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۱۱۷) اگر زکوۃ نکال کر علیحدہ رکھ لی جائے بطور امانت کے اور پھر اس کو آہستہ آہستہ مستحق اشخاص کو دیتا رہے یہ جائز ہے یا نہیں۔

## اگر زیادہ خرچ ہو جائے تو زیادہ آئندہ کی زکوۃ میں محسوب ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۱۱۸) اگر اس رقم سے زائد خرچ ہو جاوے تو اس زیادہ خرچ شدہ رقم کو آئندہ سال کی زکوۃ میں محسوب کر سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) یہ جائز ہے کذا فی الدر المختار۔(۳)

(۲) اگر زائد رقم بہ نیت زکوۃ دی گئی تو وہ سال آئندہ کی زکوۃ میں محسوب ہو جاوے گی کما فی الدر المختار ولو عجل ذونصاب زكوة سنين او لنصب صح۔(۴) الخ۔

## قرض کی زکوۃ اگر ادا کرتا رہے تو ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۱۱۹) زید نے بکر کو پانچ سو روپیہ قرض دیا اور اس کی زکوۃ سالانہ ادا کرتا ہے کیا زکوۃ ادا ہو جاتی ہے یا وصولی ہونے پر کل مدت کی زکوۃ لازم ہوگی۔

(جواب) ادا ہو جاتی ہے۔(۵) الخ فقط۔

## آلات پر زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۲۰) آلات پر زکوۃ ہے یا نہیں، جیسے سلائی کی مشین وغیرہ۔

---

(۱) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له اى للاداء ولو كانت المقارنة حكما كما لودفع بلا نية ثم نوى الخ (الدر المختار على هامش ردا لمحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ ص۲۶۸) ظفير (۲) وحيلة التكفين التصدق بها على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا فى تعمير المسجد (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفير۔ (۳) او مقارنة بعزل ما وجب كله او بعضه ولا يخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء (ايضاً ج ۲ ص ۱۵) (۴) الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص۳۶. ط.س. ج۲ ص۲۶۹-۲۷۰) ظفير (۵) ولو عجل ذو نصاب زكوته اسنين او لنصب صح لو جود السبب الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۶. ط.س. ج۲ ص۲۶۶) ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ ص ۲۹۳) اس سے معلوم ہوا کہ اگر وہ سال بسال دیتا رہا تو مزید دینے کی ضرورت نہیں واللہ اعلم ۱۲۔

(جواب) آلات محترفین پرزکوۃ نہیں ہے جیسا کہ درمختار میں ہے و کذا لک الات المحترفین ۔(۱) الخ فقط۔

### جو مکان سال میں چھ ماہ کرایہ پر چلے اس کا کیا حکم ہے۔

(سوال ۱۲۱) جو مکان مسکونہ یا دوکان سکونت ذاتی وغیرہ سے بالکل خالی رہتی ہے یا سال بھر میں تخمیناً چھ ماہ کرایہ پر بھی چڑھ جاتی ہے اس پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس پر زکوۃ واجب نہیں۔(۲)

### دلالی کے پیشہ سے جو رقم جمع کی اس پر زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۲۲) زید دلالی کرتا ہے اور مشتری سے کہتا ہے فلاں مبلغ دیتا ہے مگر میں نے اس کو نہیں دی۔ مشتری اس ترغیب سے خرید لیتا ہے اور زید کو اجرت دلالی کی دے دیتا ہے، زید کے پاس ایسی اجرت سے بقدر نصاب روپیہ جمع ہو گیا ہے تو زید پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زید جھوٹ بولنے کی وجہ سے گنہگار ہوا اور حدیث شریف میں ہے کہ ایسی بیع میں برکت نہیں ہوتی لیکن زید اس ثمن کا مالک ہو جاتا ہے۔(۳) اور زکوۃ لازم ہوگی۔(۴) فقط۔

### جھوٹی دلالی سے جو مال جمع کیا اس پر زکوۃ ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۲۳) زید نے عمر سے کہا کہ یہ بکر کا مال ہے خالد اس کے بیس روپے دیتا تھا مگر میں نے اس کو نہیں دیا، درحقیقت خالد پندرہ روپے دیتا تھا۔ عمر نے اس ترغیب سے مال خرید لیا اور ۴؍ دلالی کے دیدیئے، زید کے پاس اسی طریقہ سے قابل زکوۃ کے مال جمع ہو گیا تو زید کے ذمہ زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) واجب ہے۔(۵)

### مہتمم مدرسہ کے حوالہ کرنے سے زکوۃ ادا ہوگئی یا نہیں

(سوال ۱۲۴) مہتمم کے حوالہ کرنے سے زکوۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں۔

(جواب) مہتمم کے حوالہ کرنے سے زکوۃ ادا نہیں ہوئی جس وقت مستحقین کو پہنچے گی اس وقت زکوۃ ادا ہوگی۔(۶)
(منتظمین مدارس حیلہ تملیک کے بعد خزانہ میں جمع کرتے ہیں حیلہ کے وقت زکوۃ ادا ہو جاتی ہے۔ظفیر)

### ایک چیز کی قیمت لگا کر زکوۃ میں دی بعد میں قیمت زیادہ لگی تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۵) ایک شخص نے ایک کرتہ زکوۃ میں دیا اور اس کی قیمت دینے کے وقت آٹھ آنے لگائی، دینے کے بعد

---

(۱) ولا زکوۃ فی ثیاب البدن الخ وکذالک الا ت المحترفین (ایضاً ج ۲ ص ۱۰ و ج ۳ ص ۱۱ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر.
(۲) فلا زکوۃ علی مکاتب الخ واثاث المنزل ودور السکنی ونحوها (در مختار) کالحوانیت والعقارات (رد المحتار کتاب الزکاۃ ج ۲ ص ۱۰ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۳-۲۶۵) ظفیر
(۳) واما الدلال فان باع العین بنفسه باذن ربها فاجرته علی البائع وان سعی بینهما وباع المالک بنفسه یعتبر العرف (در مختار) فتجب الد لالة علی البائع اوالمشتری او علیهما بحسب العرف جامع الفصولین (رد المحتار کتاب البیوع فصل فیما ید خل فی البیع تبعا قبیل مطلب فیحبس المبیع الخ ج ۴ ص ۵۷ ط.س. ج ۲ ص ۵۶۰) ظفیر.
(۴) الزکوۃ واجبة علی الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا تا ما وحال علیه الحول (هدایه کتاب الزکوۃ ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر. (۵) الزکوۃ واجبة علی الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا تا ما وحال علیه الحول (هدایه کتاب الزکوۃ ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر. (۶) اونوی عند الدفع للوکیل ثم دفع الوکیل بلا نیة (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۴ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸) ظفیر.

معلوم ہوا کہ اس کی قیمت بارہ آنے ہے تو اس صورت میں بارہ آنے زکوٰۃ میں محسوب ہو سکتے ہیں یا نہیں۔
(جواب) ظاہر ہے کہ اگر وہ کرتہ معطیٰ لہ کے پاس موجود ہو تو بارہ آنے زکوٰۃ میں شمار کر سکتا ہے۔ فقط

## کرایہ کے مکان پر زکوٰۃ

(سوال ۱۲۶) کرایہ کے جو مکانات ہیں ان کے کرایہ پر زکوٰۃ ہے یا ملکیت پر۔

## قرضہ کی زکوٰۃ بعد وصولی

(سوال ۱۲۷) قرضہ جو قابل وصول ہے اس پر بھی زکوٰۃ دی جاوے یا قرضہ کے وصول پر؟ اور جو قرضہ فی الحال قابل وصول ہے لیکن شاید کچھ عرصہ کے بعد غیر قابل وصول ہو جاوے، یا بعض قرضہ اقساط کے ساتھ وصول ہو اس کے واسطے کیا ارشاد ہے۔
(جواب) (۱) کرایہ پر زکوٰۃ ہے جب کہ کرایہ بقدر نصاب ہو بعد سال بھر کے زکوٰۃ واجب ہوگی۔ (۱)
(۲) بعد وصولی قرضہ کے زکوٰۃ دینا واجب ہوتا ہے لیکن اگر قبل از وصول دے دی جاوے تو یہ بھی جائز ہے۔ جو قرضہ اب قابل وصول ہے اور بعد میں شاید قابل وصول نہ رہے اس میں بھی یہی حکم ہے جو گزرا کہ زکوٰۃ کا ادا کرنا واجب اسی وقت ہوتا ہے جب وصول ہو جاوے لیکن اگر فی الحال دے دے گا تب بھی درست ہے۔ اور قرض اگر باقساط وصول ہو تو جس قدر وصول ہوتا جاوے اس کی زکوٰۃ ادا کرتا رہے اور اگر ایک دفعہ کل کی زکوٰۃ دے دے خواہ پہلے یا پیچھے یہ بھی درست ہے۔ فقط۔ (۲)

## زکوٰۃ کی رقم جو چوری ہوگئی اس کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۸) ایک شخص نے ماہ رمضان میں زکوٰۃ نکالی، کسی قدر اس میں تقسیم کر دی اور کچھ روپیہ رکھ لیا، اس غرض سے کہ وقتاً فوقتاً دیتا رہوں گا۔ اور ایک جگہ روپیہ رکھ دیا۔ کچھ اس میں سے چوری ہو گیا اور کچھ رکھ کر بھول گیا اب اس کے لئے کیا حکم ہے۔
(جواب) اس قدر زکوٰۃ پھر ادا کرے۔ (۳) فقط۔

## جائز و ناجائز ملی ہوئی رقم کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے

(سوال ۱۲۹) زید روزگار پیشہ ہے اور راشی بھی ہے زید مال رشوت میں اصل تنخواہ کا روپیہ جمع کرتا رہا اور ایک رقم کثیر ہوگئی مگر اندازاً یہ یاد ہے کہ مال رشوت بھی رقم میں زیادہ ہے تو زید پر اس کل مال کی زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہ؟ اور جب دونوں قسم کا مال مخلوط ہو کر گڈمڈ ہو گیا تو اس روپیہ میں سے بقدر ضرورت لے کر حج کر سکتا ہے یا نہ جب کہ زید کو اس کا علم ہے کہ تنخواہ کا روپیہ بقدر صرف حج ہے؟
(جواب) امام صاحب کا مذہب یہ ہے کہ مال حرام کو اپنے مال حلال مثلاً تنخواہ کے روپے میں ملا دینے سے کل کی زکوٰۃ

---

(۱) ولا فی ثیاب البدن واثاث المنزل ودور السکنی ونحو ھا (در مختار) قولہ نحوھا ای کثیاب البدن الغیر المحتاج الیھا وکا لحوانیت والعقارات (رد المحتار ج ۲ ص ۱۰ ط.س. ج۲ص۲۶۴-۲۶۵) ولو کان الدین علی مقرملئی (الی قولہ) فوصل الی ملکہ لزم زکوٰۃ مامضی الخ (در مختار. ط.س. ج۲ص۲۶۶) ظفیر
(۲) وشرط صحۃ ادائھا نیۃ مقارنۃ لہ (الی قولہ) او مقارنۃ بعزل ماوجب کلہ او بعضہ ولا یخرج عن العھدۃ بالعزل بل بالاداء للفقراء (درمختار) فلو ضاعت لا تسقط عنہ الزکوٰۃ (رد المحتار ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج۲ص۲۶۸) ظفیر

واجب ہوگی بشرطیکہ اس کی تنخواہ کا روپیہ اس قدر ہو کہ اس مال حرام کا معاوضہ ان لوگوں کو جن سے لیا ہے یا ان کے ورثہ کو دے سکے یا اس کو ادا کر کے باقی بقدر نصاب بچے۔ اور جب کہ اکثر مال حرام ہے تو زکوٰۃ واجب نہیں۔(۱) بلکہ اس رقم حرام کا کل کا صدقہ کرنا بصورت تعذر لوٹانے کے مالکوں کو لازم ہے۔ اور اگر تنخواہ کی رقم اس قدر ہے کہ اس سے حج کر سکتا ہے تو اس کو علیحدہ کر کے اس سے حج کر لے، یہ درست ہے۔(۲) فقط

## جس سے زکوٰۃ کی رقم تقسیم کرنے کو کہا اس نے خود خرچ کر لی

(سوال ۱۳۰) زید نے عمر کو لکھا کہ زکوٰۃ کا روپیہ فلاں فلاں کو تقسیم کر دینا، عمر نے وہ روپیہ زکوٰۃ خود رکھ لیا اور صرف کر لیا۔ اگر زید اب اجازت دے دے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں؟

(جواب) درمختار میں ہے **وللوكيل ان يدفع لو لده الفقير وزوجته لا لنفسه الا اذا قال ربها ضعها حيث شئت وفي الشامي وهذاحيث لم يامره بالدفع الى معين الخ**۔(۳) اس سے معلوم ہوا کہ ہرگاہ زید نے معین کر دیا تھا کہ فلاں فلاں کو زکوٰۃ دینا تو اس صورت میں عمر کو اس کا خلاف کرنا درست نہیں ہے اور خود رکھ لینے اور صرف کر لینے میں زکوٰۃ زید کی ادا نہیں ہوئی اس کے ذمہ ضمان اس روپیہ کی واجب ہے اور بعد صرف کر لینے کے زید کا جائز رکھنا کافی نہیں ہے اور اس سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۴) فقط۔

## ڈگری کے ذریعہ جو مال ملے اس کی زکوٰۃ کب سے واجب ہوگی

(سوال ۱۳۱) زید ایک موضع کا مالک وقابض ومتصرف تھا حاکم وقت نے کسی وجہ سے وہ موضع زید سے چھین کر عمر کو دیدیا، عمر نے زید کو کسی قدر زمین کا پٹہ کاشت کے لئے اسی سالہ کر دیا بعدہ اس کی اولاد کاشت کرتی رہی پھر عمر نے اولاد زید کو بے دخل کرا دیا اور کئی سال تک اس کی پیداوار کھاتا رہا بالآخر ورثہ زید نے اپنی ملکیت قدیم اور پٹہ کے قدیم ہونے کا ثبوت عدالت میں دیا اور اسی قدر اراضی کی ملکیت کی ڈگری پائی۔ نیز جتنے سال عمر کا قبضہ رہا اور وہ پیداوار اراضی کھاتا رہا اس کے زر واصلات کی ڈگری بھی ورثہ زید کو ملی منجملہ ورثاء زید کے مسماۃ بیوہ ہے جو صاحب نصاب نہیں اور مصرف زکوٰۃ ہے اس کو بہت سا حصہ اراضی اور زر واصلات کا ملنے والا ہے جو اجراء ڈگری پر غالباً مل جاوے گا۔ اب یہ امر قابل استفسار ہیں۔

(الف) زر واصلات مسماۃ کو مقدار نصاب سے بہت زیادہ موصول ہوگا۔ پس اس کی زکوٰۃ مسماۃ مذکورہ پر روز وصول زر سے واجب ہوگی یا گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ بھی دینا چاہئے اور چونکہ پیداوار اراضی سے یہ کل رقم مسماۃ کو یکمشت نہ ملتی بلکہ فصل فصل پر یا سالانہ پس سالہائے گذشتہ کی زکوٰۃ اسی حساب سے دیوے کہ جس قدر رقم پر جس قدر مدت روز وصول رقم سے متصور ہو سکے یا کس طرح؟۔

---

(۱) ولو خلط السلطان المال المغصوب بما له ملكه فتجب الزكاة فيه ويورث عنه (الى قوله) وهذا اذا كان له لمال غيرما استهلكه بالخلط منفصل عنه يوفي دينه والا فلا زكوة كما لو كان الكل خبيثا (در مختار) في القنية لوكان الخبيث نصابا لا يلزمه الزكوة لا ن الكل واجب التصدق عليه فلا يفيد ايجاب التصدق ببعضه الخ (رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۳. ط.س. ج۲ص ۲۹۰)

(۲) ويجتهد في تحصيل نفقة حلال فانه لا يقبل بالنفقة الحرام كما ورد في الحديث مع انه يسقط الفرض عنه معها الخ. (رد المحتار طلب في من حج بمال حرام ج ۲ ص ۱۹۱. ط.س. ج۲ص۴۵۶. ۱۲ ظفير.

(۳) دیکھئے در المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص۲۶۹ كتاب الزكوة ۱۲ ظفير.

(ب) ایسی صورت میں ہر میعاد اجرائے ڈگری کے تین سال ہیں اور نہیں معلوم کہ کل حصہ وصول ہو یا جز، یا بالکل نہ ہو۔ مسماۃ مصرف زکوۃ ہے یا نہیں؟

(جواب) (الف) جس وقت سے ڈگری ہوئی مسماۃ کے ذمہ زکوۃ روپیہ واجب سدہ کی اسی وقت سے لازم ہوگی اور ادائے زکوۃ بعد وصول روپیہ لازم ہوگی۔

(ب) اور وہ مسماۃ بعد ڈگری محل زکوۃ نہیں رہی اگر ضرورت ہو قرض لیوے بعد وصول روپیہ قرض ادا کردیوے اور بقدر قرض میں زکوۃ واجب ہوگی۔ قال فی الدر المختار ومغصوب(ای ولا تجب فی مغصوب) لا بینة علیه فلو بینة تجب لما مضی قال الشامی ای تجب بعد قبضه من الغاصب لما مضی من السنین قال وینبغی ان یجری هنا ما یاتی مصححا عن محمدؒ من انه لا زکوٰة فیه لا ن البینة قد لا تقبل فیه ا ھ شامی ج ۲ ص ۱۱۔

## گذشتہ سالوں کی زکوۃ ضروری ہے یا نہیں

(سوال ۱۳۲) (الف) پچھلے سالوں کی زکوۃ دینا ضروری ہے یا نہیں؟

(ب) رہنے کے گھر کے علاوہ دوسرے دو تین مکان ہیں ان کی زکوۃ دینا چاہئے یا نہیں اور دی جائے تو کس حساب سے؟

(ج) قرضہ جو وصول ہوتا ہے اس پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں؟

(د) ایک شخص نہ نماز پڑھتا تھا نہ زکوۃ دیتا تھا، اب وہ زکوۃ دینا چاہتا ہے کیونکر دے؟ اور سال گذشتہ کی زکوۃ کس طرح ادا کرے؟

(جواب) (الف) پچھلے سالوں کی زکوۃ دینا ضروری ہے۔

(ب) ان مکانوں کی قیمت میں زکوۃ نہیں ہے اگر کرایہ بقدر نصاب حاصل ہو کر اس پر سال بھر گزر جاوے اس روپے پر زکوۃ آوے گی۔

(ج) قرضہ جب وصول ہو اس کی زکوۃ دینی چاہئے۔

(د) جب کہ اس کے مال پر سال گذر چکا ہو اور مال بقدر نصاب ہے تو فوراً زکوۃ دینا چاہئے اور پچھلے سالوں کی بھی جب سے مال ہے زکوۃ دینا لازم ہے فقط۔

(الف)فانه دین فی ذمته قال فی الدر المختار ج ۲ ص ۶ علی هامش الشامی فی بیان شرائط وجوب الزکوٰة فارغ عن دین له مطالب من جهة العباد سواء کا ن الله کزکاة الخ

(ب)ومنها (ای من شرائط وجوب الزکوة) کون النصاب نا میا (فتاویٰ عالمگیریه ج ۱ ص ۱۷۱)

(ج)ولو کان الدین علی مقر ملی او علی معسر (الی) فوصل الی ملکه لزم زکوة ما مضی (در مختار علی الشامی ج ۲ ص ۱۳ و تفصیل الدیون مع احکامها مذکور فی موقعه جمیل الرحمن)

## جو روپے زکوۃ کی نیت سے رکھے ہوں اگر وہ غائب ہوجائیں تو زکوۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۳۳) زکوۃ کا نیت کیا ہوا روپیہ کھویا جاوے یا کوئی چرالیوے تو زکوۃ ادا ہوگی یا پھر ادا کرنی پڑے گی؟

(جواب) زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی پھر ادا کرنی چاہئے۔(۱) فقط۔

## رمضان کے علاوہ مہینوں میں زکوٰۃ نکال سکتے ہیں

(سوال ۱۳۴) رمضان شریف کے علاوہ مہینوں میں بھی زکوٰۃ نکال سکتے ہیں یا نہیں؟

(جواب) رمضان شریف کے علاوہ اور مہینوں اور دنوں میں زکوٰۃ دینا درست ہے، رمضان شریف کی اس میں کچھ تخصیص نہیں ہے، بلکہ جس وقت سال بھی مال پر پورا ہوا اسی وقت زکوٰۃ دینا بہتر ہے۔ البتہ جن کا سال رمضان شریف میں پورا ہو وہ رمضان شریف میں دیویں، یہ ضرور ہے کہ رمضان شریف میں زکوٰۃ دینے میں ثواب ستر گونا زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے اکثر لوگ اپنا حساب مال کا رمضان شریف میں ہی کرتے ہیں۔

## گھر کے آدمی پر زکوٰۃ کی نیت سے خیرات کردی تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۳۵) جس شخص کو زکوٰۃ دینی ہوا گر اس کے گھر کے آدمی کچھ بہ نیت زکوٰۃ کسی کو نہ دیں اور مالک کو اطلاع دیں تو چونکہ وہ لینے والے کے ہاتھ سے خرچ ہو چکا ہوگا بوقت اطلاع مالک کے وہ زکوٰۃ میں محسوب ہو سکتا ہے یا نہ اور گھر والوں نے کسی کو کچھ قرض دیا اور مالک نے بوقت اطلاع اس میں زکوٰۃ کی نیت کرلی تو وہ زکوٰۃ میں محسوب ہوگا یا نہ۔

(جواب) اگر مالک نے پہلے سے اپنے گھر کے آدمیوں کو اجازت دے رکھی ہے زکوٰۃ کے ادا کرنے کی تب تو جس وقت اس کے گھر کے آدمیوں نے بہ نیت زکوٰۃ کسی کو کچھ دیا زکوٰۃ ادا ہوگئی اور اگر ایسا نہیں تو پھر مالک کے اجازت دینے تک اگر وہ روپیہ اس کے پاس موجود ہو جس کو دیا گیا تو نیت زکوٰۃ صحیح ہوگی اور زکوٰۃ ادا ہوگی اور اگر خرچ ہو گیا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی اور قرض دیئے ہوئے روپیہ میں نیت زکوٰۃ کی صحیح نہیں ایسی صورت میں فقہا نے لکھا ہے کہ اس سے وصول کر کے پھر بہ نیت زکوٰۃ اس کو دے دے (۲) فقط۔

## زکوٰۃ کی رقم بذریعہ منی آرڈر بھیجنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۳۶) زید مدرسہ عالیہ دیوبند کو مبلغ چار۴ روپے بمد زکوٰۃ دینا چاہتا ہے اگر بذریعہ منی آرڈر بھیجے تو اداء زکوٰۃ میں کچھ خرابی تو نہیں۔

(جواب) بذریعہ منی آرڈر بھیج دینے میں کچھ حرج نہیں ہے۔ مہتمم صاحب کو لکھ دیوے کہ یہ زکوٰۃ کا روپیہ ہے۔

## حیلہ سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۱۳۷) حیلہ مذکور سے زکوٰۃ معطی ادا ہو جاوے گی یا نہیں۔ اگر زکوٰۃ نہ ادا ہوگی تو اس کا ضمان صرف کرنے والے پر ہوگا یا نہیں۔

## اراکین مدرسہ کیسے ہوں

(سوال ۱۳۸) اسلامی مدارس کے اراکین پابند صوم وصلوٰۃ ہونے چاہئیں اور وضع قطع ان کی موافق شرع شریف ہونی چاہئے یا نہیں۔

---

(۱) ولا یخرج من العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء (درمختار) فلو ضاعت لا تسقط عنه الزكوٰة (رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۵. ط.س. ج ۲ ص ۲۷۰) ظفير.

(۲) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له اى للاداء ولو كانت المقارنة حكما كما لو دفع بلا نية ثم نوى و المال قائم فى يد الفقير الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸) ظفير

## ظاہر حال جن کا خلاف شرع ہو وہ اراکین مدرسہ ہو سکتے ہیں یا نہیں

(سوال ۱۳۹) جو لوگ پابند صوم وصلوٰۃ ہیں اور ظاہر حال ان کا خلاف شرع ہو وہ اسلامی مدارس کے ارکان شرعاً ہو سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب)(۱) ادا ہو گئی۔(۱)

(۲) جب کہ زکوٰۃ ادا ہو گئی ضمان کسی پر واجب نہ ہو گی۔

(۳) وہ لوگ باشرع ہونے چاہئیں۔

(۴) ایسے لوگوں کو اراکین مدارس بنانا درست نہیں ہے۔

## زکوٰۃ کی ادائیگی مذکورہ صورت میں نہیں ہوئی

(سوال ۱۴۰) زید نے عمر سے زکوٰۃ کے لئے کہا کہ کچھ روپیہ زکوٰۃ کا دے دو میں مدرسہ یا طلبہ کے خرچ میں لگا دوں گا، عمر نے زید کے کہنے سے کچھ روپیہ دے دیا اور کوئی تفصیل بیان نہیں کی، اتفاق سے زید کو روپے کی ضرورت اپنے خرچ ذاتی کے لئے ہوئی، جو روپیہ زکوٰۃ آیا ہوا رکھا تھا بطریق قرض لے کر خرچ کر لیا اور بعد چند ایام کے اس کی طرف سے نیت زکوٰۃ کی کر کے مدرسہ میں دے دیا زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں؟ اگر زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی تو اب کس طریق سے ادا کی جاوے؟ جو روپیہ بہ نیت زکوٰۃ دیا ہوا اس کا کیا حکم ہے؟ اور زید میں اس قدر قوت نہیں ہے کہ عمر کی ملک روپیہ کر دے، البتہ وہ عمر سے یہ کہہ سکتا ہے کہ روپیہ تمہارا زکوٰۃ کا خرچ ہو گیا تھا اور روپیہ تمہاری طرف سے دے دیا ہے۔

## ادائیگی زکوٰۃ کی ایک صورت

(سوال ۱۴۱) زید نے عمر کو کچھ روپیہ چند اشیاء خریدنے کے لئے دیا، اس میں کچھ اشیاء خرید کر بھیج دیں اور باقی روپے کو اپنے ذاتی خرچ میں لگالیا۔ جس وقت روپیہ دیا تھا کوئی ذکر اس روپے کا نہیں آیا تھا کہ اگر تم کو ضرورت ہو خرچ کر لینا لیکن اگر اس وقت ذکر آتا تو چونکہ معاملہ واحد ہے غالباً انکار نہ کرتے زید نے باقی ماندہ روپے کو یہ کہلا بھیجا کہ جس قدر روپیہ بچا ہوا ہے وہ مد زکوٰۃ میں شمار کریں اور مد زکوٰۃ میں خرچ کریں اس کے لکھنے پر جواب آیا کہ مد زکوٰۃ میں دیدیا ہے۔ اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں؟

## زکوٰۃ کا روپیہ اپنی ضرورت میں خرچ کر لیا پھر ادا کر دیا

(سوال ۱۴۲) ماہ رمضان میں زکوٰۃ کا روپیہ علیحدہ رکھ دیا بعد چند ایام کے اس کو اپنی ضرورت میں خرچ کر لیا پھر بہ نیت زکوٰۃ ادا کر لیا۔ یہ فعل جائز ہے یا نہیں؟ اور زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں؟ اور ثواب مہینہ رمضان کا ہو گا یا نہیں؟

## زکوٰۃ کے روپے بطور قرض خرچ کر دیئے

(سوال ۱۴۳) زید نے چند جگہ سے زکوٰۃ کا روپیہ جمع کیا اور اپنے خرچ میں بطریق قرض لے کر خرچ کیا۔ زید صاحب نصاب ہے لیکن اس قدر طاقت نہیں کہ دفعتاً روپیہ زکوٰۃ کا ادا کرے۔ روپیہ زکوٰۃ اس طریق سے ادا کر رہا ہے کہ کچھ ماہوار اپنے خرچ میں سے کم کر کے زکوٰۃ میں دیتا ہے۔ اس طریق سے زکوٰۃ دونوں کی ادا ہو جائے گی یا نہیں؟ یا جو صورت ادائیگی کی ہو شرعاً اس سے مطلع فرمادیں۔

---

(۱) وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذافي تعمير المسجد الخ (در مختار كتاب الزكوة. ط. س. ج ۲ ص ۲۷۱) ظفير

## زکوۃ میں حیلہ

(سوال ۱۴۴۴) اکثر مدارس میں چندہ دوامی بہت کم ہے اور مدز کوۃ وصدقہ واجبہ مثل کفارہ وچرم قربانی وغیرہ جمع ہوتا ہے چونکہ چندہ دوامی سے مدرسین کی تنخواہ پوری نہیں ہوتی اور زکوۃ کا روپیہ جمع ہوتا ہے، اس لئے ارا کین مدرسہ نائب مہتمم سے اس طرح حیلہ کراتے ہیں کہ کسی غریب شخص کو وہ روپیہ دے کر مالک بنا دیتے ہیں اور اس سے یہ کہہ دیتے ہیں کہ تم اپنی طرف سے مدرسہ میں دے دو۔ اس طرح حیلہ کر کے زکوۃ کا روپیہ مدرسین کی تنخواہ میں صرف کر سکتے ہیں یا نہیں؟

(جواب) (۱) اس صورت میں عمر کی زکوۃ ادا نہیں ہوئی، زید کو عمر کا روپیہ دینا چاہئے اور اب بعد خرچ ہو جانے روپے کے عمر سے اجازت لے لینا مفید سقوط زکوۃ نہیں ہے۔ **قوله والمال قائم فی ید الفقیر بخلاف ما اذا نوی بعد هلاكه الخ. بحر . شامی.**

(۲) اس صورت میں زکوۃ ادا ہوگئی۔ (درمختار میں ہے **و شرط صحة ادا ئها نية مقارنة له ای للاداء و لو كانت المقارنة حكما...... او نوى عند الدفع للوكيل ثم دفع الوكيل بلا نية** (شامی ج ۲ ص ۱۴۷)

(۳) یہ فعل جائز ہے اور زکوۃ ادا ہوگئی مگر ماہ رمضان المبارک میں دینے کا ثواب نہیں ہوا۔ (درمختار میں ہے **و شرط صحة ادائها نية مقارنة له ای للاداء و لو كانت المقارنة حكما**۔ شامی ج ۲ ص ۱۴۔ ظفیر)

(۴) پہلے زکوۃ دینے والوں سے یہ صورت بیان کر دے پھر ان کی اجازت کے بعد ان کی طرف سے زکوۃ دیا کرے تو ادا ہو جائے گی۔ (۱)

(۵) یہ حیلہ درست ہے اور بعد اس حیلہ کے تنخواہ مدرسین میں خرچ کرنا اس روپے کا جائز ہے اور جس قدر روپے کا حیلہ چاہے ایک وقت کرے اس میں قدر نصاب کی شرط لازمی نہیں ہے صرف اولیٰ غیر اولیٰ کا فرق ہے اور حیلہ کرنے والوں اور کرانے والوں کو کچھ گناہ نہیں، نیت صالحہ پر ثواب کی امید ہے۔ (۲) فقط۔

---

(۱) قالی فی التتار خانية الا اذا وجد الا ذان اواجاز الما لكان اه ای اجاز قبل الدفع الی الفقیر (رد المحتار ج ۲ ص ۱۴ . ط.س. ج ۲ ص ۲۶۹) ظفیر .

(۲) وحيلة التكفين بها التصدق علی فقیر ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما و كذا فی تعمير المسجد (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۶ . ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱) ظفیر.

## تیسرا باب

# جانوروں کی زکوٰۃ

### زراعت یا دودھ کے لئے جانور جو ہیں کیا ان پر زکوٰۃ ہے

(سوال ۱۴۵) زراعت کے لئے کوئی شخص جانور پالے اور ان کے ساتھ گائے بھینس بھی متعدد رکھے تا کہ ان کے دودھ سے اہل وعیال کو غذا ہو اور بچے ان کی زراعت میں کام آویں تو کیا ایسے جانوروں کی ہر سال زکوٰۃ نکالنی چاہئے جب کہ جانور وسیع جنگل میں رکھے گئے ہیں اور سرکار میں اس اراضی کا مقررہ محصول ادا کیا جاتا ہے۔

(جواب) زراعت کے لئے جو جانور پرورش کئے گئے ہوں اگر چہ سائمہ ہوں ان میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے اور دودھ پینے اور نسل حاصل کرنے وغیرہ کے لئے جو جانور پالے جاویں اور وہ سائمہ ہوں ان میں زکوٰۃ واجب ہے بشرطیکہ نصاب کو پہنچ جاویں۔(۱) فقط۔

### جن مختلف جانوروں کو چارہ گھر کھلایا جاتا ہے ان میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۴۶) میرے پاس دو بھینس ایک بھینسا سترہ گائے تین بیل بچہ گائے تیرہ کل چھتیس ۳۶ جانور ہیں۔ جن کو گھاس شب کو ملازموں سے کٹوا کر کھانے کو دی جاتی ہے اور دانہ بھی دیا جاتا ہے ایسے جانوروں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) ان جانوروں میں زکوٰۃ واجب نہیں ہے جیسا کہ شامی میں ہے اذ لو حمل الکلاء الیها فی البیت لا تکون سائمۃ(۲) الخ فقط۔

### ان جانوروں کی زکوٰۃ جو استعمال میں ہوں

(سوال ۱۴۷) بیل جو زراعت کے اور گھوڑے سواری کے اور گائے دودھ پینے کی ان جانوروں میں زکوٰۃ ہے یا کیا؟

(جواب) ان جانوروں کی زکوٰۃ نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) هی الرعیة وشرعا المکتفیة بالرعی المباح فی اکثر العام لقصد الدر والنسل الخ والزیادة والسمن لیعم الذکور فقط لکن فی البدائع لو اسامها اللحم فلا زکاة فیها کا لوا سامها للحمل والر کوب ۔ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب السائمة ج ۱ ص ۲۰ . ط.س. ج۲ ص ۲۷۵) ظفیر۔

(۲) رد المحتار باب السائمة ج ۲ ص ۲۰ . ط.س. ج۲ ص ۲۷۵ ، ۱۲ ظفیر۔

(۳) ولیس فی دور السکنی وثیاب البدن واثاث المنازل ودواب الرکوب وعبید الخدمة وسلاح الا ستعمال زکوٰة (هدایه ج ۱ ص ۱۹۶ . ط.س. ج۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر۔

## بکریوں کی زکوٰۃ

(سوال ۱۴۸) بکریوں کی زکوٰۃ میں بچوں کی زکوٰۃ آوے گی اور بچے بڑوں کے ساتھ شمار ہوں گے یا نہیں؟

(جواب) بڑوں کے ساتھ شمار ہوں گے، زکوٰۃ سب کی آوے گی۔(۱)

## جانوروں کی زکوٰۃ

(سوال ۱۴۹) ایک شخص کے پاس چار بھینس اور چار بیل۔ تین گائے ایک گھوڑا۔ ایک اونٹ تخمیناً ایک ہزار روپے کی مالیت کے ہیں، ان کو گھاس مول خرید کر کھلایا جاتا ہے، کیا ان جانوروں میں زکوٰۃ شرعی ہے یا نہیں؟

(جواب) اگر وہ جانور تجارت کے لئے نہیں ہیں تو ان میں زکوٰۃ نہیں ہے۔(۲) فقط۔

---

(۱) ولا فی حمل (الی قوله) الا تبعا لكبير (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۲۱ .ط.س. ج۲ص ۲۸۲) ظفیر۔

(۲) وليس في دور السكنى وثياب البدن واثاث المنازل و دواب الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الا ستعمال زكوة لانها مشغولة بالحاجة الا صلية (هداية ج ۱ ص ۱۶۹ .ط.س. ج۲ص ۲۶۴-۲۶۵) ولا فى ثياب البدن (الی قوله) ونحوها وكذا الكتب وان لم تكن لا صلها اذا لم تنو للتجارة الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۰ .ط.س. ج۲ص ۲۶۴-۲۶۵) وشرطه حولان الحول وتنمية لمال كالدر اهم والدنا نير الخ اونية التجارة (در مختار مختصرا .ط.س. ج۲ص ۲۶۷ ظفیر۔

چوتھا باب

## سونا، چاندی اور نقد کی زکوٰۃ

### سونے چاندی کے نصاب میں اس قدر تفاوت کیوں ہے

(سوال ۱۵۰) زکوٰۃ ان لوگوں پر واجب ہے جن کے پاس ۵۲ ½ تولہ چاندی یا ۷ ½ تولہ سونا سال بھر تک رہا ہو یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ۵۲ ½ تولہ چاندی کو ۷ ½ تولہ سونے سے کیا نسبت ہے مثلاً چاندی کا نرخ اگر روپے تولہ ہے تو اس کی قیمت صرف ۵۲ روپے آٹھ آنے ہوتی ہے اور اگر سونے کا نرخ ۳۰ روپے تولہ ہو تو اس کی قیمت ۲۲۵ روپے ہو جاتے ہیں۔ کیا پہلے زمانہ میں مذکورہ بالا وزن سونے اور چاندی کی قیمت برابر ہوا کرتی تھیں۔

(جواب) زمانہ آنحضرت ﷺ میں اس کے بعد بھی ایک زمانہ تک چاندی اور سونے کی قیمت میں تقریباً اسی قدر تفاوت تھا جس قدر ان کے نصاب میں تفاوت ہے۔ اس زمانہ میں ایک دینار سونے کا دس درہم نقرہ کی قیمت کے برابر تھا۔ اس حساب سے سونا تقریباً دس روپے تولہ ہوتا تھا۔(۱)

### ماہوار کے حساب سے زکوٰۃ کی ادائیگی کیسی ہے

(سوال ۱۵۱) ہر مہینہ حساب کر کے زکوٰۃ ماہوار ادا کرنا کیسا ہے۔

(جواب) بطریق مذکور ادا کرنا زکوٰۃ کا درست ہے۔(۲)

### چاندی کی زکوٰۃ میں کس نرخ کا اعتبار ہوگا

(سوال ۱۵۲) چاندی یا زیور چاندی کا خرید اجب کہ نرخ ۱۲ فی تولہ تھا، سال گزرنے پر چاندی کا نرخ ؏ فی تولہ ہو گیا یا اس کے برعکس صورت پیش آوے۔ زکوٰۃ نرخ خریداری پر لگائی جائے یا نرخ بازار پر۔

(جواب) چاندی یا سونے یا زیور پر زکوٰۃ باعتبار وزن کے آتی ہے۔ جب چاندی ساڑھے باون تولہ ہو جاوے چالیسواں حصہ زکوٰۃ کا اس میں سے دینا واجب ہے قیمت کا اس میں لحاظ نہیں ہے، سو روپے یا سو تولہ چاندی میں ؏ یعنی اڑھائی تولہ چاندی زکوٰۃ میں دینا لازمی ہے۔(۳) (قیمت لگا کر دینا ہو تو جو قیمت زکوٰۃ نکالنے کے وقت چاندی کی وہاں کے بازار میں ہو، اس حساب سے ادا کرے، خرید کے دن کا حساب معتبر نہ ہوگا۔ ظفیر)

### جس کے پاس سونا چاندی میں ایک کا نصاب ہو دوسرے کا نہیں تو وہ کیا کرے

(سوال ۱۵۳) ایک شخص کے پاس سونے اور چاندی میں سے ایک کا نصاب ہے دوسری کا نہیں اس صورت میں کیا کرنا چاہئے۔ ایک کو دوسرے کے تابع کرنے کی جزئیات کتب فقہ میں وہ پائی جاتی ہیں وہ دونوں کا نصاب پورا نہ ہو۔

---

(۱) وفی الهداية كل دينار عشرة دراهم فی الشرع (رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۲) اس سے پہلے ہے حاصله ان الدينار اسم للقطعة من الذهب المضروبة المقدرة بالمثقال فاتحا دهما من حيث الوزن (ایضا ج ۲ ص ۳۹) اس سے معلوم ہوتا ہے پہلے جو قیمت بیس مثقال سونے کی تھی وہی قیمت دوسو درہم کی بھی تھی، اب بہت تفاوت ہے حکم میں چونکہ صراحت ہے اس لئے کوئی رد و بدل ہو نہیں سکتا۔ واللہ اعلم۔ ظفیر۔

(۲) وان قدم الزكوة على الحول وهو مالك النصاب جاز (هدايه قبيل زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۶) ظفیر۔

(۳) والمعتبر وزنهما اداء دوجوبا لا قيمتهما واللازم فی مضروب كل منهما و معموله ولو تبرا اوحليا الخ ربع عشر الخ (الدر المختار) قوله لا قيمتهما نفى لقول زفر باعتبار القيمة فی الا داء وهذا ان لم يتو دمن خلاف الجنس والا اعتبرت القيمة اجماعا كما عاهت (رد المختار ج ۲ ص ۴۰. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفير.

(جواب) اس صورت میں بھی ایک کو دوسرے کے ساتھ ملا کر کل کی زکوٰۃ ادا کی جاوے۔(۱)

(یعنی ایک کے نصاب کی وجہ سے جب وہ صاحب نصاب ہو گیا تو دوسری چیز خواہ نصاب سے کم ہو اس کی زکوٰۃ بھی اس پر ضروری ہے۔ اس کا چالیسواں حصہ بھی زکوٰۃ میں دینا ہوگا واللہ اعلم۔ ظفیر)

## نوٹ کی زکوٰۃ

(سوال ۱۵۴) نوٹ کو وثیقہ قرض خیال کر کے اس کی زکوٰۃ وصول نقد پر موقوف رہے گی یا بالفعل اختتام سال پر ادا لازم ہوگی۔

(جواب) وجوب ادائے زکوٰۃ وصول نقد پر ہی ہوگا اور نفس وجوب پہلے سے ثابت ہے لہذا اگر قبل وصول بھی زکوٰۃ دیدے گا درست ہے اور ایسا ہی کرنا بھی چاہئے کیونکہ بعد وصول نقد بھی جملہ سنین ماضیہ کی زکوٰۃ دینا لازم ہوگا۔(۲)

(موجودہ دور میں نقد کا انتظار بے سود ہے اس وجہ سے کہ نقد پایا نہیں جاتا، اس لئے نوٹ اگر نصاب بھر ہیں تو اس پر زکوٰۃ اور اس کی ادائیگی واجب ہے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر)

## زیور پر زکوٰۃ ہے یا نہیں اور وجوب مرد پر ہے یا عورت پر

(سوال ۱۵۵) میری اہلیہ کے پاس تین چار سو روپے کی مالیت کا زیور ہے جو اس کی ملک ہے، کیا اس پر زکوٰۃ واجب ہے، اس کی ادائیگی کا کون ذمہ دار ہے۔ میری اہلیہ کے پاس کوئی ذریعہ آمدنی نہیں جس سے وہ زکوٰۃ ادا کر سکے تو زکوٰۃ کی ادائیگی کیسے ہو، آیا وہ اپنے زیور میں سے کچھ حصہ بقدر زکوٰۃ فروخت کر کے زکوٰۃ ادا کرے۔

(جواب) زکوٰۃ اس زیور کی ہر سال ادا کرنا واجب ہے، اگر اور کوئی صورت ادائیگی زکوٰۃ کی میسر نہ ہو تو بالضرور ایسا کیا جاوے گا کہ زیور کا کچھ حصہ بقدر زکوٰۃ میں دیا جائے گا کہ یہ فرض اللہ کا ہے اور وہ زیور جب کہ ملک زوجہ ہے تو اسی کے ذمہ۔(۳)

ادائے زکوٰۃ لازم ہے۔ فقط (وہ زیور بیچ کر ادا کرے یا شوہر سے لے کر ادا کرے، دونوں صورتیں جائز ہیں۔ ظفیر)

## بیوہ کے نقد روپے پر زکوٰۃ ہے گو وہ ضرورت مند نہ ہو

(سوال ۱۵۶) ایک بیوہ عورت کے پاس صرف ڈھائی ہزار روپیہ نقد ہے اور دو لڑکیاں غیر شادی شدہ ہیں اس روپے پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس روپے پر زکوٰۃ واجب ہے۔(۴) فقط

---

(۱) ویضم الذهب الى الفضة ، وعكسه بجامع الثمنية قيمة (در مختار) وفى البدائع ايضا ان ما ذكر من وجوب الضم اذا لم يكن كل واحدمنهما نصابا بان كان اقل فلو كان كل منهما نصاباتا ما بدون زيادة لا يجب الضم بل ينبغيا ن يودى كل واحد زكوٰة فلو ضم حتىٰ يودى كله من الذهب او الفضة فلا باس به عند نا (رد المحتار باب زكوٰة المال ج ۲ ص ۴۵ و ص ۴۶) ط.س. ج۲ص ۳۰۳ . ظفير. (۲) ولو كان الدين الخ فوصل الى ملكه لزم زكوٰة مامضىٰ (الدرالمختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ص ۲۶۶-۲۶۷) (۳) الزكاة واجبة على الحرا لعاقل البالغ المسلم ، اذا ملك نصابا ملكاتاما وحال عليه الحول لقوله تعالىٰ واتو الزكوٰة ولقوله صلى الله عليه وسلم ادوا زكوٰة اموا لكم وعليه اجماع الامة والمراد بالواجب الفرض (هدايه كتاب الزكوٰة ج ۱ ص ۱۶۷) وفى تبرا لذهب والفضة و حليهما و اوانيهما الزكوٰة (ايضاً ج ۱ ص ۱۷۷) ظفير. (۴) وتنمية المال كالدر اهم والدنا نير لعينهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكوٰة كيفما امسكهما ولو للنفقة (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۳ . ط.س. ج۲ص۲۶۷) ظفير.

## دوسوتولہ چاندی کی زکوٰۃ

(سوال ۱۵۷) دوسوتولہ چاندی کی کیا زکوٰۃ ہوگی، اگر نقد قیمت ادا کرنا چاہیں تو پانچ روپے دیویں یا تین روپے دو آنے جو پانچ تولہ چاندی کی قیمت ہے اگر پیسے کی چاندی خرید کر دیویں تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اگر روپے سے زکوٰۃ ادا کی جاوے تو صورت مذکورہ میں پانچ روپے دینے چاہئیں اور اگر پانچ تولہ چاندی خرید کر دے دی جاوے، جتنے کی بھی آوے تو یہ بھی جائز ہے۔ (۱) فقط۔

## کیا سونے چاندی دونوں کے زیورات نصاب میں ملائے جائیں گے

(سوال ۱۵۸) کسی کے پاس بیس پچیس روپے کا سونے کا زیور ہے اور ستائیس روپے کا چاندی کا زیور ہے تو ان کی قیمت کو ملا کر زکوٰۃ دینی چاہئے یا نہیں اور اگر نصاب سے پانچ چھ روپے زیادہ ہوں تو اس کی بھی زکوٰۃ دینی ہوگی یا نہیں۔

(جواب) سونے اور چاندی کا زیور جب کہ نصاب کو پہنچ جاوے یعنی ساڑھے باون روپے کا ہو تو اس کی زکوٰۃ اس پر واجب ہے اور نصاب سے جو زائد سونا چاندی ہے اس کی بھی زکوٰۃ دے۔ غرض کل موجودہ زیور نقد کی زکوٰۃ دیوے۔ (۲) فقط۔

## سونے چاندی کا نصاب ہندوستانی وزن سے

(سوال ۱۵۹) آنجناب نے سونے چاندی کا نصاب ہندوستان کے وزن اور روپے سے کس قدر لکھا ہے، روپیہ کتنے ماشہ کا قرار دیا گیا ہے اور کتنے روپے بھر نصاب ہوتا ہے۔

(جواب) چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے بوزن سبعہ یعنی دس درہم برابر سات مثقال کے ہوں۔ (۳) اس کے وزن کا جو حساب روپیہ اور تولہ ماشہ سے کیا گیا تو ساڑھے باون تولہ ہوتا ہے، پس اگر روپے کا وزن پورا ایک تولہ کا ہے تو ساڑھے باون روپے نصاب زکوٰۃ کا ہے (آج کل ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت تین روپے تولہ کے حساب سے ایک سو ساڑھے ستاون روپے ہوتی ہے۔ لہذا ہمارے اس زمانہ سن ۱۳۸۵ھ میں ۵۰۰ر میں نصاب ہوا۔ ظفیر) اور سونے کا نصاب بیس مثقال ہے جو برابر ساڑھے سات تولہ کے ہوتا ہے یعنی ساڑھے سات تولہ سونا ہو تو نصاب پورا ہے، اور یہ حساب اس طرح کیا گیا کہ مثقال کو ساڑھے چار ماشہ کا قرار دیا گیا جیسا کہ معروف ہے۔ پس دوسو درہم بوزن سبعہ ۱۴۰ مثقال کے برابر ہوگئے اور باعتبار ماشہ کے ۶۳۰ ماشہ ہوگئے اس کو ۱۲ پر تقسیم کرنے سے ۵۲ ½ تولہ خارج قسمت ہوئی۔ فقط۔

---

(۱) ویعتبر فیهما ان یکون المؤدی قدر الواجب وزنا الخ ولو ادی من خلاف جنسه یعتبر القیمة بالاجماع کذا فی التبیین (عالمگیری مصری کتاب الزکوة باب ثالث ج ۱ ص ۱۶۷، ط. ماجدیه ج ۱ ص ۱۷۸) ظفیر۔

(۲) واللازم فی مضروب کل منهما ومعموله ولو تبرا او حلیا مطلقا الخ وفی عرض التجارة قیمته نصاب الخ ربع عشر الخ ویضم الذهب الی الفضة وعکسه بجامع الثمنية قیمة الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۴۱ و ج ۲ ص ۴۵، ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) یہ واضح رہے کہ ساڑھے باون روپے نصاب سن ۱۳۳۸ھ میں تھا جب چاندی روپے تولہ تھی، اس لئے کہ اصل نصاب ساڑھے باون تولہ چاندی ہے، اس وقت اس کی قیمت کم از کم ایک سو ستاون روپے ہے۔ لہذا نصاب روپے کا یہی ہوگا۔ اور اگر چاندی اور گراں ہوگی تو اسی اعتبار سے روپے کا نصاب بڑھتا چلا جائے گا۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(۳) نصاب الذهب عشرون مثقالا والفضة مائتا دراهم عشر دراهم وزن سبعة مثاقیل والدینا رعشرون قیر اطا والدراهم اربعة عشر قیراطاوالقیراط خمس شعیرات فیکون الدرهم الشرعی سبعین شعیرة والمثقال مائة شعیرة الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۳۸ و ج ۲ ص ۳۹، ط.س. ج ۲ ص ۲۹۵) ظفیر۔

## سونے چاندی کے زیورات کی زکوٰۃ

(سوال ۱۶۰) الف کے پاس کچھ زیور چاندی اور کچھ زیور سونے کے ہیں، قرض واجب الادا بھی وہ اپنے ذمہ رکھتا ہے، چنانچہ زیور چاندی اہلیہ خود ۱۴۲ $\frac{1}{4}$ تولہ زیور چاندی دختران نابالغہ خود ۵۴ $\frac{1}{4}$ تولہ اور زیور سونا اہلیہ خود ۵ تولہ ۱۱ ماشہ ۴ رتی، اس کے علاوہ ۸ عدد ساورن سکہ مضروب سونا بھی موجود ہے، دوسرے لوگوں پر مع سود $\frac{97}{2}$ قرض واجب الاداء بھی لینا رکھتا ہے، تقریباً مبلغ $\frac{162}{4}$ کا خود بھی قرض دار ہے یعنی دوسرے لوگوں کا اس پر قرض ہے۔ صورت مذکورہ میں اس پر زکوٰۃ واجب الاداء کتنی ہے۔ ساورن کی قیمت محسوب ہوگی یا وزن شامل زیورات سونا ہوگا۔

(جواب) چاندی کے زیور کا مجموعہ $\frac{1963}{4}$ تولہ ہوا اور سونے اور اشرفیوں کی قیمت روپے سے کر کے وہ بھی اس میں شامل کیا جائے اور کل مجموعہ میں سے ۱۶۲ روپے قرض ہے وہ کم کر دیا جائے جو کچھ باقی رہے اس کی زکوٰۃ چالیسواں حصہ دیا جاوے۔ (۱) اور قرض جو لوگوں کے ذمہ اس کا ہے اس کی زکوٰۃ بعد وصول ہونے کے واجب الاداء ہوگی۔ (۲) فقط۔

## جو زیور ہمیشہ نہیں پہنے جاتے ان پر بھی زکوٰۃ ہے

(سوال ۱۶۱) جو زیور ایسے ہیں کہ ہمیشہ نہیں پہنے جاتے بلکہ بعض موسم میں پہنے جاتے ہیں ان پر اگر زکوٰۃ واجب ہے تو قیمت خرید پر یا نرخ موجودہ پر، مع اجرت کے یا بلا اجرت۔

(جواب) زکوٰۃ اس زیور پر واجب ہے اور زکوٰۃ وزن پر واجب ہے یعنی جس قدر تولہ چاندی یا سونا ہے اس کا حساب کر لیا جاوے۔ (۳)

(زیور کی قیمت کا اعتبار نہیں اس لئے کہ قیمت میں سونار کی اجرت گل بوٹے سب داخل ہوتے ہیں بلکہ وزن کا اعتبار ہوتا ہے، چاندی کے زیور کا نصاب ۵۲ $\frac{1}{2}$ تولہ ہے اور سونے کا ساڑھے سات تولہ۔ صاحب نصاب جب ہوگا...... اور زکوٰۃ میں پیسے دینا چاہے تو زکوٰۃ نکالتے وقت جو نرخ ہوگا اس کے حساب سے ادا کرے گا۔ خریدنے کے زمانے کی قیمت کا اعتبار نہ ہوگا۔ مثلاً کسی عورت کے پاس پہلے زمانہ کے خرید کئے ہوئے سو تولہ چاندی کے زیورات ہیں جو اس نے کل سو روپے میں لئے تھے، زکوٰۃ میں ڈھائی تولہ چاندی آئی، اب اس کی قیمت اس وقت تین روپے تولہ کے حساب سے ساڑھے سات روپے دیئے جائیں گے جو اس وقت بازار کا بھاؤ ہے ڈھائی روپے زکوٰۃ میں دینا درست نہیں ہے۔

## جس کے پاس بقدر نصاب دونّی چونّی ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۶۲) اگر کسی کے پاس حاجت اصلی سے زائد نصاب کی قیمت سے زائد سوائے سونے چاندی کے دوسرے سکے ہیں مثلاً چار سو پانچ سو روپے کی دونی چونی یا تانبہ کے پیسے ہیں نقد روپیہ نہیں تو اس پر بعد سال گزرنے کے زکوٰۃ کا

---

(۱) تجب فی کل مائتی درهم خمسة دراهم وفی کل عشرین مثقال ذهب نصف مثقال مضرو باکان اولم یکن مصوغا اوغیر مصوغ حلیا کان للرجال اوللنساء تبرا کان اوسکة کذا فی الخلاصة عالمگیری مصری . کتاب الزکاة باب ثالث (فصل اول ج ۱ ص ۱۶۷ ط. ماجدیه ج ۱ ص ۱۷۸) ومدیون للعبد بقدر دینه فیزکی الزائد ان بلغ نصابا (در مختار) قوله بقدر دینه متعلق بقوله فلا زکوة (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۹ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۳) ظفیر. (۲) ولو کان الدین علی مقرو ملئی او علی معسر ...... الخ فوصل الی ملکه لزم زکوة مامضی (الدر المختار علی هامش رد المحتار . کتاب الزکاة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶) ظفیر. (۳) والمعتبروز نهما اداء ووجوبا لا قیمتهما (در مختار) ای من حیث الوجوب یعنی یعتبر فی الوجوب ان یبلغ وزنهما نصابا نهر حتی لوکان له ابریق ذهب او فضة وزنه عشرة مثاقیل او ماءة درهم وقیمته لصیاغته عشرون او مائتان لم یجب فیه شئی اجماعا قهستانی (رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۳۰ ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷) ظفیر

حکم ہے یا نہیں۔

(جواب) غیر سونے اور چاندی میں وجوب زکوٰۃ کے لئے نیت تجارت شرط ہے وتفصیله فی کتب الفقه. (۱) فقط (دونی چونی بطور حوالہ ہے اس لئے اس میں بلا نیت تجارت بھی زکوٰۃ واجب ہوگی۔ ظفیر)

## زکوٰۃ کا روپیہ بیمہ بھیجا جائے یا منی آرڈر سے

(سوال ۱۶۳) بہشتی زیور میں ہے کہ کسی نے زکوٰۃ کا روپیہ دوسرے کو ادا کرنے کے لئے دیا اور اس نے اپنے خرچ میں اٹھالیا بعد میں اپنے پاس سے ادا کیا تو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی اور منی آرڈر میں بھی یہی صورت ہوتی ہے تو اگر زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ منی آرڈر بھیجا جاوے تو کیا زکوٰۃ ادا ہوگی یا بذریعہ بیمہ بھیجنا چاہئے۔

(جواب) یہ احوط ہے کہ بیمہ کے ذریعہ سے بھیجا جاوے لیکن منی آرڈر کے ذریعہ سے بھیجنا بھی درست ہے اور اس کی تاویل ہوسکتی ہے۔ فقط۔

## کمائے ہوئے روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۱۶۴) اپنے کمائے ہوئے روپے کی زکوٰۃ نکالنی واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) روپیہ جب کہ بقدر نصاب جمع ہوجاوے اور سال بھر اس پر گزر جائے تو اس کی زکوٰۃ نکالنا واجب ہے۔ (۲)

## جو رقم حج کے لئے دی اور اس پر سال گزر گیا۔ اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۶۵) زید نے اپنے بیٹوں کو یہ وصیت کی کہ میرے مال میں سے چار سو روپے سے میری طرف سے حج کرانا اور ایک ہزار روپیہ میں فقراء کو کھانا کھلانا۔ بعد مرنے زید کے بیٹوں نے ایک ہزار روپے میں کھانا کھلا دیا تھا لیکن حج اب تک ان چار سو روپے سے نہیں کرایا۔ ایک سال بھی گزر گیا۔ اب اس روپے کی زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے یا نہیں اور چودہ سو روپے ثلث کل سے بھی کم ہے۔

(جواب) اس روپے کی زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے۔ (۳)

## مکانات کے کرایہ پر زکوٰۃ

(سوال ۱۶۶) مکانات کے کرایہ پر زکوٰۃ ہے یا قیمت پر۔

(جواب) جو مکان کرایہ پر چلانے کے لئے خریدے گئے ان مکانات کے کرایہ پر زکوٰۃ واجب ہے۔ (۴) فقط۔

## جن زیورات میں غش ملا ہوتا ہے ان کی زکوٰۃ

(سوال ۱۶۷) ہمارے ملک میں جو زیور طلاء بنتا ہے اس میں تیسرا حصہ غش کا ملایا جاتا ہے۔ ایسے زیور کا کس حساب

---

(۱) شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو في ملكه او تنمية المال كالدر اهم والدنانير لعينهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكاة كيفما امسكهما ولو للنفقة اوا لسوم الخ او نية التجارة في العروض (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳. ط.س. ج۲ص۲۶۷) ظفير.

(۲) الزكوة واجبة علىٰ لحر العاقل البالغ المسلم اذا ملك نصابا ملكا تاماوحال عليه الحول (هدايه كتاب الزكاة ج ۱ ص ۱۶۷) ظفير. (۳) نصاب الذهب عشرون مثقالا و الفضة مائتا درهم كل عشرة دراهم وزن سبعة مثاقيل الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۳۸. ط.س. ج۲ص۲۹۵) ظفير.

(۴) وكذالك العطار لو اشترى القواريرو لو اشتر جو الق ليوا جرها من الناس فلازكوة فيها لانه اشتراها للغلة لا للمبايعة كذا في محيط السرخسي (عالمگيرى الفصل الثانى فى العروض ج ۱ ص ۱۶۸. ط.ماجديه ج ا ص ۱۸۰) ظفير.

سے زکوۃ دی جائے۔

(جواب) جس میں غالب سونا ہو یعنی نصف سے زائد سونا ہو وہ سونے کے حکم میں ہے اور مثل خالص سونے کے اس میں زکوۃ واجب ہے۔(۱) فقط۔

## حج کے لئے جو روپیہ کئی سال سے رکھا ہوا ہے اس میں زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۶۸) ایک عورت نے عرصہ چھ سال سے دو آدمیوں کی آمد ورفت حج کا خرچ علیحدہ نکال کر رکھ دیا ہے امسال حج کو جانا چاہتی ہے، آیا اس روپے پر تمام سالہائے گذشتہ کی زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس روپے کی زکوۃ دینا واجب ہے جب تک وہ روپیہ خرچ نہ ہو جائے اس وقت تک تمام سالہائے گذشتہ کی زکوۃ دینا لازم ہے۔(۲) فقط۔

## دو عبارتوں میں تطبیق

(سوال ۱۶۹) صاحب نصاب ۵۲ ½ روپیہ یا چاندی ۵۲ ½ تولہ کے مالک ہونے سے ہو جاتا ہے اور فتاوی رشیدیہ میں پچاس روپے نقد یا اس قیمت کا مال زاید از حاجات اصلیہ اس میں تطبیق مطلوب ہے۔

(جواب) فتاوی رشیدیہ میں تقریبی حساب پر عمل فرمایا ہے، درہم کو پورے چار آنہ کا قرار دے کر پچاس روپے لکھے گئے اور حساب سے ایک درہم ۳ ماشہ ۱ ⅕ رتی کا ہوتا ہے اس کے حساب سے ۵۲ ½ تولہ ہوتے ہیں۔ اگر رتی کے کسر کو چھوڑ دیا جائے اور درہم کو ۳ ماشہ کا قرار دیا جائے تو پھر دو سو درہم کے پورے پچاس تولہ ہوتے ہیں۔ احتیاط اس میں ہے کہ پچاس تولہ کو نصاب سمجھ لیا جاوے اور زکوۃ ادا کی جاوے۔(۳) فقط۔

## زیورات نقد تمام میں زکوۃ واجب ہے اور یہ مستحقین پر خرچ ہوگا

(سوال ۱۷۰) زکوۃ کے مسئلہ میں ایک مولوی صاحب نے یہ فرمایا کہ بڑھتے ہوئے مال پر زکوۃ ہے اور جو زیور و روپیہ وغیرہ دفن ہوا اور کبھی استعمال میں نہ آتا ہو اس پر زکوۃ نہیں ہے اور میرا کہنا یہ کہ سب مال پر زکوۃ ہے، استعمال میں آتا ہو یا نہ آتا ہو، دفن ہو یا نہ ہو، مستحق اس کے محتاج ہیں مولوی صاحب کہتے ہیں کہ خصوصیت محتاج کی نہیں ہے بلکہ پہلے اس کے عیال واطفال جو اس سے متعلق ووابستہ ہیں جن کی کچھ آمدنی نہیں، انہیں کی پرورش وتعلیم وغیرہ میں صرف کرنا چاہئے ان سے بچے تو یتیم ومساکین محتاجوں کو دیا جائے۔

(جواب) اس مسئلہ میں حق یہی ہے جو آپ کہتے ہیں نقد روپیہ اور زیور، غرض سونے چاندی کی ہر چیز اور سکہ پر زکوۃ بعد حولان حول لازم وفرض ہے اگر چہ وہ دفن ہو یا استعمال میں نہ آتا ہو۔ کہ نقد میں فقہاء نمو تقدیری ثابت فرماتے ہیں جس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے،(۴) اور تمام طلبہ عربی خواں اس سے واقف ہیں ایسی بھاری غلطی جو وہ مولوی

---

(۱) وغالب الفضة والذهب فضة وذهب (در مختا) ای فتجب زکاتهما لا زکوة العروض. (رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۴۲. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۰) ظفیر.

(۲) الزکوة واجبة علی الحر العاقل البالغ لمسلم اذا ملک نصابا ملکاتا ماوحال علیه الحول (هدایه کتاب الزکوة ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر. (۳) نصاب الذهب عشرون مثقالا والفضة مائتا درهم کل عشرة دراهم وزن سبعة مثاقیل والدنانیر عشرون قیراطا والدرهم اربعة عشر قیراطا والقیراط خمس شعیرات فیکون الدرهم الشرعی سبعین شعیرة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۳۸ و ج ۲ ص ۳۹. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۵) ظفیر.

(۴) واللازم فی مضروب کل منهما ومعموله ولو تبرا او حلیا مطلقا الخ من ذهب او فضة الخ ربع عشر (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۳۱ و ج ۲ ص ۳۲. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفیر.

صاحب کرتے ہیں، کوئی طالب علم نہیں کر سکتا اور مصرف زکوٰۃ کے محتاج و مساکین ہیں۔ کما قال اللہ تعالیٰ انما الصدقت للفقرآء والمساکین الآیۃ اپنے بچوں اور زوجہ کو اور ماں باپ کو زکوٰۃ دینا تمام فقہا حرام کہتے ہیں اور زکوٰۃ اس میں ادا نہیں ہوتی۔ فقط

## بہشتی زیور کی ایک عبارت کا مطلب

(سوال ۱۷۱) بہشتی زیور کی اس عبارت کا کیا مطلب ہے (جب فقط چاندی یا فقط سونا ہو تو وزن کا اعتبار ہے قیمت کا نہیں)

(جواب) اس کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً چاندی وزن میں دو سو درہم یعنی ساڑھے باون تولہ ہے، جو کہ نصاب زکوٰۃ ہے لیکن قیمت کا اعتبار کیا جاوے تو نصاب سے کم ہوتی ہے یعنی قیمت اس کی ساڑھے باون روپے کی نہیں ہے پس اس لئے کہا کہ اعتبار وزن کا ہے زکوٰۃ واجب ہوگی۔(۱) فقط۔

## سونے کی زکوٰۃ چاندی سے

(سوال ۱۷۲) سونے کی زکوٰۃ اگر چاندی سے دیوے تو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں اور چاندی کی زکوٰۃ کس طرح دینی چاہئے۔

(جواب) سونے کی زکوٰۃ چاندی سے دیوے تو قیمت دینا درست ہے اور اگر چاندی کی زکوٰۃ چاندی سے ہی دیوے تو جس قدر چاندی زکوٰۃ میں واجب ہے وہ پوری ادا کرے، مثلاً اگر بیس تولہ چاندی زکوٰۃ میں دینی واجب ہوئی ہے تو اگر روپیہ زکوٰۃ میں دے تو بیس ہی دیوے، یہ نہیں کہ بیس تولہ چاندی کی قیمت مثلاً اگر پندرہ روپے ہے تو پندرہ ہی دے دے یہ درست نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## جو زیور والد و خسر سے ملا ہے اس میں زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۱/۱۷۳) نعیمہ کے خسر کے والد محمد اکرم جو کہ نعیمہ کی ہر قسم کی ضرورتیں بجائے اس کے شوہر علی اصغر کے پوری کرتے ہیں مبلغ چار سو روپے کے قرض دار ہیں اور محمد اکرم کے پاس سالانہ اتنی بچت نہیں کہ ان پر زکوٰۃ واجب ہو البتہ نعیمہ کے پاس مبلغ تین سو روپے کے زیورات ہیں جن کو اس نے اپنے والد اور اپنے خسر کے والد سے پایا ہے تو نعیمہ پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

## جو زیور صرف پہننے کے لئے دیئے گئے ہیں اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲/۱۷۴) علی اصغر نعیمہ کے شوہر نے نعیمہ کو دو سو روپے کے زیورات دیئے اور کہا کہ یہ میرے ہیں جب چاہوں گا لے لوں گا اس کو تمہیں محض زیب و زینت کے لئے دیتا ہوں تو نعیمہ کو اس قسم کے زیورات پہننا جائز ہے یا نہیں اور زکوٰۃ علی اصغر شوہر پر واجب ہے یا نعیمہ پر۔

(جواب)(۱) نعیمہ پر زکوٰۃ اس زیور کی واجب ہے جو کہ اس کا مملوکہ ہے۔(۳)

---

(۱) و المعتبر وزنهما اداء ووجوبا لا قيمتهما (درمختار) اى من حيث الاداء يعتبر فى الوجوب ان يبلغ وزنهما نصابا نحو حتى لو كان له ابريق ذهب او فضة وزنه عشرة مثاقيل اومائة درهم وقيمة لصيا غته عشرون او مائتان لم يجب فيه شئى اجماعا قهستانى الخ لا قيمتهما الخ وهذا ان لم يؤدمن خلاف الجنس (رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۰ ط.س. ج۲ ص۲۹۷) ظفير. (۲) والمعتبر وزنهما اداء ووجوبا لاقيمتهما (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۰ ط.س. ج۲ ص۲۹۷) ظفير. (۳) وسبب افتراضها ملك نصاب حولى تام فارغ عن دين له مطالب من جهة العباد الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۵ ط.س. ج۲ ص۲۶۷) وفى تبرا لذهب والفضة وحليهما و اوانيهما الزكوة (هدايه باب زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۷) ظفير.

(۲) اس کی زکوٰۃ علی اصغر پر واجب ہے نعیمہ پر واجب نہیں اور نعیمہ کو اس کا پہننا درست ہے۔(۱) فقط۔

## ان زیورات کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے جس میں نگ وغیرہ جڑے ہوئے ہوں

(سوال ۱۷۵) زید اپنی زوجہ کے زیور کی زکوٰۃ دینا چاہتا ہے، مشکل یہ ہے کہ بعض زیور میں چپڑا بھرا ہوا ہے اور بعض زیور میں نگ جڑے ہوئے ہیں اور چپڑا اور نگ نکالا جاوے تو زیور خراب ہو جائے گا اور اگر زرگر سے اندازہ کرایا جاوے تو پوری طرح پتہ نہیں چل سکتا، اگر سونا نصاب سے کم ہے تو اس کی زکوٰۃ بشمول چاندی کے دی جائے گی یا سونے کی زکوٰۃ علیحدہ دی جائے گی اور زکوٰۃ سونے وچاندی کی ایک چیز سے نکالی جاوے یا سونے کی زکوٰۃ سونے سے دی جاوے اور چاندی کی زکوٰۃ چاندی سے دی جاوے۔ اگر زکوٰۃ میں کوئی زیور نکالا جاوے تو کچھ حرج تو نہیں ہے۔

(جواب) اندازہ صحیح کرا کے زیور سونے وچاندی کی زکوٰۃ دینی چاہئے یہ درست ہے مگر اندازہ کرنے والے سے کہہ دیا جاوے کہ جہاں تک ہو احتیاط کو مدنظر رکھے۔ مثلاً زیادہ سے زیادہ جس قدر چاندی وسونا اس میں معلوم ہو اس کا لیا جاوے اور سونے کو ایسی صورت میں قیمت کر کے چاندی کو شامل کر کے چاندی سے زکوٰۃ دی جاوے، خواہ دونوں کی زکوٰۃ سونے سے دی جاوے۔ الغرض ایک چیز سے زکوٰۃ دینا درست ہے۔ ۲½ فی سیکڑہ کے حساب سے زکوٰۃ دی جاوے اور زکوٰۃ میں اگر زیور ہی دے دیا جاوے کچھ حرج نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## شوہر کی اجازت کے بغیر زیور بیچ کر زکوٰۃ کی ادائیگی درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۷۶) ہندہ کے ذمہ بابت زیورات کئی سال کی زکوٰۃ واجب ہے ہندہ کے پاس سوائے اس کے کہ کچھ زیور فروخت کر کے زکوٰۃ ادا کرے اور کوئی آمدنی نہیں ہے یا ہندہ کا خاوند ادا کر دے۔ مگر ہندہ جب اپنے خاوند سے کہتی ہے تو وہ کہہ دیتا ہے کہ ادا کرے گے اور زیور کے فروخت کرنے پر راضی نہیں ہے، ایسی صورت میں اگر ہندہ بلا اجازت شوہر و بلا رضامندی خاوند کچھ حصہ زیور کا فروخت کر کے زکوٰۃ ادا کر دے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر وہ زیور شوہر کا دیا اور بنوایا ہوا ہے اور اس نے زوجہ کی ملک نہیں کیا جیسا کہ عرف ہے تو اس کی زکوٰۃ شوہر کے ذمہ ہے عورت پر اس کی زکوٰۃ لازم نہیں ہے۔ اگر شوہر اس کی زکوٰۃ نہ دے گا وہ گنہگار ہوگا، عورت گنہگار نہ ہوگی اور اگر وہ زیور عورت کے جہیز میں اس کے والدین کی طرف سے آیا ہوا ہے تو وہ اس کی ملک ہے اسی میں سے کچھ حصہ فروخت کر کے زکوٰۃ ادا کرے اور شوہر کی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## کامدار کپڑوں کی زکوٰۃ

(سوال ۱۷۷) ہندوستان کی عورتوں کے کپڑے قیمتی زربفت، مشجر، کامدانی، بنارسی گوٹا ٹھپہ مصالحہ کے رہتے ہیں، ان میں چاندی کے تار ضرور ہوتے ہیں ایسے کپڑوں کی زکوٰۃ کس طرح مشخص کی جائے۔ ان میں اس بات کا انداز

---

(۱) الزکوٰۃ واجبة علی الحرا لعاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما وحال علیه الحول (هدایه کتاب زکوٰۃ ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر. (۲) ویضم الذهب الی الفضة وعکسه بجامع الثمنیة قیمة وقالا بالا جزاء الخ (در مختار) قوله یضم الخ عند الا جتماع اما انفراد احدهما فلا تعتبرا لقیمة اجما عابدائع لان المعتبر وزنه اداء و وجوبا کما مر وفی البدائع ایضا ان ماذکر من وجوب الضم اذا لم یکن کل واحد منهما نصابا بان کان اقل فلو کان کل هما نصاباتا ما بدون زیادة لا یجب الضم بل ینبغی ان یودی منهما نصابا من کل واحد زکاته ، فلو ضم حتیٰ یودی کله من الذهب او الفضة فلا باس به عند نا ولکن یجب التقویم بما هوا نفع للفقراء رواجا والا یودی من کل منهما ربع عشر (رد المحتار باب زکوۃ المال ج ۲ ص ۴۵ و ج ۲ ص ۴۶ ط.س. ج ۲ ص ۳۰۳) ظفیر. (۳) الزکوۃ واجبة علی الحرا لعاقل البالغ المسلم اذا ملک نصابا ملکا تاما وحال علیه الحول (هدایه کتاب الزکاة ج ۱ ص ۱۶۷) ظفیر.

کسی طرح نہیں ہوسکتا کہ چاندی کتنی ہے۔

(جواب) جو تار زری کے بنارسی کپڑوں وغیرہ میں ہیں ان کا اندازہ خود کر کے یا جاننے والوں سے کرا کر زکوٰۃ دینی چاہئے اور گوٹے ٹھپہ کا بھی اندازہ کرالینا چاہئے۔ اس کا اندازہ سہل ہے کہ مثلاً ٹھپہ کا ویسا تھان تول کر دیکھ لیا جائے کہ کس قدر وزن کا ہے۔ الغرض ایسے مواقع میں اندازہ کافی ہے۔ اندازہ حتیٰ الوسع ایسا کیا جائے کہ کمی نہ رہے، چاہے کچھ زیادتی ہوجائے۔ (۱) فقط۔

## شوہر جب بیوی کو مالک بنادے تو زکوٰۃ کس پر ہے

(سوال ۱۷۸) شوہر نے نکاح سے چند سال بعد زیور کا مالک زوجہ کو بنادیا اور چار سال بعد زکوٰۃ ادا کرنا چاہتے ہیں۔ تاریخ ملکیت یاد نہیں تو کیا کرے۔ خاوند و بیوی کے مال میں امتیاز نہ ہو تو زکوٰۃ کی نیت کس کو کرنی چاہئے۔

(جواب) جب کہ شوہر نے اس زیور کا مالک زوجہ کو بنادیا تو زکوٰۃ بذمہ زوجہ ہے، وہی نیت کرے۔ اگر شوہر اس کی طرف سے زکوٰۃ ادا کرے یہ بھی درست ہے۔

## زیورات کی زکوٰۃ کب سے دے

(سوال ۱۷۹) زید زکوٰۃ روپے کی دیتا ہے اور زیور کی زکوٰۃ بہ خیال اس کے کہ زیور استعمال ہے نہیں دی اور اب چونکہ عندالدریافت معلوم ہوا کہ رستگاری اس میں ہے کہ زیور کی بھی زکوٰۃ دی جاوے۔ زید کو یہ یاد نہیں ہے کہ میں صاحب نصاب زکوٰۃ کب سے ہوا اور کب سے روپے کی زکوٰۃ دینی شروع کی اور بہت کچھ زیور اس میں سے فروخت بھی ہوچکا کہ جس کا روپیہ آیا البتہ اس کی زکوٰۃ بھی دی گئی اور کچھ باقی ہے اور نرخ سونے و چاندی کا بھی مختلف طور پر کم وبیش ہوتا رہا اور زید کا قلب بھی یہ گواہی نہیں دیتا کہ مجھ کو زکوٰۃ زیور کی کب سے دینی چاہئے پس ایسی صورت میں زید کو زکوٰۃ زیور کی کب سے اور کس نرخ سے دینی چاہئے۔

(۲) رواج یہاں اس طور پر ہے کہ جو زیور شادی میں دلہن کو دیا جاتا ہے اور اس طریقہ سے دیا جاتا ہے کہ اس سے کچھ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ ملک کیا گیا یا نہیں۔ زید اور اس کی بیوی دونوں لاولد مر گئے، صرف زید کا باپ اور زید کی بیوی کے باپ و بھائی بہن وغیرہ حیات ہیں تو اب اس زیور کے لینے کا مستحق کون ہے اور زکوٰۃ کب سے دی جاوے گی۔

(جواب) زیور کی زکوٰۃ بھی دینی لازم اور فرض ہے، جب سے زیور کا ملک ہوا اسی وقت سے زکوٰۃ دینی چاہئے اندازہ کرلیا جاوے اور اندازہ سے کچھ دن زیادہ ہوجائیں تو بہتر ہے کم نہ ہوں۔ اور جو زیور زوجہ کو چڑھایا جاتا ہے شوہر کی طرف سے وہ اس زمانہ کے عرف کے موافق زوجہ کی ملک نہیں ہوتا بلکہ شوہر کی ملک ہوتا ہے۔ بعد مرنے شوہر کے اس کی زوجہ اور والدین کو حسب حصص شرعیہ ملے گا اور زوجہ کے حصہ میں جو کچھ آوے گا وہ اس کے باپ کو ملے گا، باپ کی موجودگی میں بھائی بہن محروم ہیں اور زکوٰۃ اسی وقت سے دی جاوے گی جس وقت سے وہ زیور تیار ہوا۔ (۲) فقط۔

## نوٹ بھنانے پر بٹہ لینا کیسا ہے اور نوٹ پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱۸۰) نوٹ کو بھنانے پر بٹہ لینا جائز ہے یا نہیں۔ اگر کسی کے پاس صرف نوٹ ہوں تو ان پر حولان حول

---

(۱) وفی تبر الذهب والفضة وحليهما واوانيهما الزكوة (هدايه باب زكوة المال فصل فى الذهب ج ۱ ص ۱۷۷) ظفير.

(۲) وفی تبر الذهب والفضة وحليهما واوانيهما الزكوة الخ لنا ان السبب مال نام و دليل النماء موجود وهوا لا عداد للتجارة خلقة (هدايه باب زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۷) ظفير.

ہونے سے زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) بہ ضرورت نوٹ بھنانے میں بٹہ دینا جب کہ کوئی صورت پورا روپیہ ملنے کی نہ ہو درست ہے اگر چہ اصل قاعدے سے بٹہ لینا دینا نوٹ پر درست نہیں لیکن بضرورت و مجبوری بٹہ دینا درست ہے اور لینا درست نہیں ہے۔(۱) اور نوٹوں پر حولان حول ہونے پر زکوٰۃ لازم ہو جاتی ہے۔(۲) فقط۔

## سونے چاندی کے زیور ملا کر نصاب پورا ہوتا ہے تو زکوٰۃ آئے گی یا نہیں

(سوال ۱۸۱) ایک عورت کے پاس کچھ زیور چاندی کا ہے اور کچھ سونے کا، مگر دونوں نصاب سے کم ہیں دونوں کو ملانے سے نصاب پورا ہوتا ہے تو زکوٰۃ دینی ہوگی یا نہیں

(جواب) اس صورت میں قیمت کا حساب لگا کر زکوٰۃ واجب ہوگی مثلاً سونے کو چاندی کی قیمت میں کر کے کل مجموعہ کو دیکھا جاوے گا۔ اگر نصاب چاندی کا پورا ہو گیا تو زکوٰۃ لازم ہوگی۔(۳) فقط

(سوال ۱۸۲) زید ایک کارخانہ میں نوکر ہے اس کو شعبان کی دس بارہ تاریخ کو دو ماہ کی تعطیل سالانہ ملا کرتی ہے اور وہ رمضان شریف کی پندرہ تاریخ کو صاحب نصاب ہونے کی وجہ سے زکوٰۃ کا فریضہ ادا کیا کرتا ہے۔ شعبان اور رمضان کی تنخواہ بوقت حاضری شوال ملے گی، آیا پندرہ رمضان ۱۳۳۵ھ کو ہی ان دونوں مہینوں کی تنخواہ کی زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہے یا ۱۳۳۶ھ کے رمضان شریف میں بشرط بقا ان کی زکوٰۃ ادا کرے گا۔

(جواب) شعبان اور رمضان کی تنخواہ جو ابھی وصول نہیں ہوئی اس کی زکوٰۃ رمضان موجودہ میں واجب نہیں ہے۔ سال آئندہ کے ختم پر اگر وہ روپیہ وصول ہو کر باقی رہا تو اس کی زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہوگی۔(۴)

## سونے کی قیمت بازار کے نرخ سے ہوگی

(سوال ۱۸۳) زید کے گھر میں کچھ سونے کا زیور ہے جس کا مالک زید ہے سونے کا نرخ دلی کا تو اور ہے اور بازار میں زیور کا نرخ گراں اور۔ اگر اچھا زیور بیچنے جاوے تو بھی یقیناً ایک ثلث کم بازار کے نرخ سے بکتا ہے تو آیا کس نرخ کے حساب سے وہ زکوٰۃ دیوے کیونکہ بازار والوں کا دینے کا نرخ اور ہے اور لینے کا اور۔ اگر فقراء کو سونا زکوٰۃ میں دیا جاوے تو فقراء کا سخت نقصان ہوتا ہے۔ بازار والے ان سے کم قیمت کو خریدتے ہیں۔

(جواب) جو نرخ بازار میں ایسے سونے کا ہے یعنی جس قیمت کو دکاندار فروخت کرتے ہیں وہ قیمت لگا کر زکوٰۃ دیوے اور اگر سونا ہی زکوٰۃ میں دیوے تو سونے موجودہ کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیوے یہ بھی درست ہے اور زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی اگرچہ فقراء کسی قیمت کو فروخت کر دیں۔(۵) فقط

---

(۱) الضرورات تبیح المحذورات (الاشباہ و النظائر ص)

(۲) شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فى ملكه وثمنية المال كالدراهم والدنانير لعينهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكوة كيفما امسكهما ولو للنفقة (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳ . ط.س. ج۲ص۲۶۷) ظفير. (۳) وتضم قيمة العروض الى الثمنين والذهب الى الفضة الخ وضم احدى النقدين الى الاخر قيمة مذهب الامام الخ حتى ان من كان له مائة درهم وخمسة مثاقيل ذهب تبلغ قيمتها مائة درهم فعليه الزكوة عنده (البحر الرائق ج۲ ص ۲۳۰ .ط.س. ج۲ص۲۳۰) ظفير. (۴) وشرطه اى شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فى ملكه الخ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوة. ط.س. ج۲ص۲۶۷) (۵) وجاز دفع القيمة فى زكوة الخ وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا يوم الاداء الخ ويقوم فى البلدالذى المال فيه (ايضا باب زكوة الغنم ج۱ ص ۳۰ .ط.س. ج۲ص۲۸۵) واللازم فى مضروب كل منهما الخ ربع عشر (ايضا باب زكوة المال ج ۲ ص ۳۱ .ط.س. ج۲ص۲۹۷-۲۹۸) ظفير

## بتدریج جو آمدنی بڑھی اس کی زکوۃ کیسے ادا کی جائے

(سوال ۱۸۴) ایک شخص کو ماہواری سال بھر رجب ۱۳۳۵ھ سے جمادی الثانی ۱۳۳۶ھ تک مختلف طور پر مبالغ بچت ہوتے رہتے ہیں جن کی مجموعی تعداد اور بچت ماہواری قابل زکوۃ رقم ہوجاتی ہے اور اس کے اس سرمایہ میں اضافاً جمع ہوتی رہتی ہے جن کی زکوۃ سالانہ وہ ہمیشہ دیتا رہتا ہے- آیا اس متفرق رقوم بچت سالانہ کی زکوۃ کس طرح ادا کرے جب کہ شعبان میں عہ رمضان میں ۲۰ شوال میں ۵۰ علی ہذا القیاس جمادی الثانی تک ما/ یا صما/ تو اب رجب میں کس طرح زکوۃ کا حساب کر کے ادا کرے۔

(جواب) اگر وہ شخص رجب ۱۳۳۵ھ میں مثلاً صاحب نصاب تھا کہ پچاس ساٹھ یا زیادہ نقد یا زیور یا مال تجارت اس کے پاس موجود تھا، اس کے بعد شعبان میں عہ، رمضان میں عسہ، شوال میں صہ اور رقوم بچت ہوکر جمع ہوتی رہی اور جمادی الثانی ۱۳۳۶ھ تک مثلاً صما/ ہوگئے تو اس وقت تمام صما/۵۰۰ کی زکوۃ اس کو ادا کرنا لازم ہے اور اگر رجب ۱۳۳۵ھ میں اس کے پاس روپیہ وزیور وغیرہ نصاب کی قدر موجود نہ تھا تو جس وقت اس کے پاس مال بقدر نصاب ہوجاوے اس وقت سے سال شروع ہوگا اور پھر درمیان سال کی زیادہ رقوم سب ختم سال پر جمع ہوکر کل روپے کی زکوۃ دی جاوے گی۔ مثلاً صورت مسئولہ میں اگر جب ۱۳۳۵ھ میں اس کے پاس ایک روپیہ بھی جمع نہ تھا، شعبان میں ۲۰ جمع ہوئے، رمضان میں تیس ہوگئے اور شوال میں اسّی روپے ہوگئے تو اس وقت وہ صاحب نصاب ہوگیا۔ اس کے بعد کی رقوم سب جمع ہوتی رہیں گی اور شوال ۱۳۳۶ھ میں جملہ رقوم کی زکوۃ دینی ہوگی۔ اس مسئلہ کو کسی عالم سے زبانی سمجھ لو۔ (۱)

## کوئی روپیہ قرض لے کر رکھ دے تو زکوۃ کس کے ذمہ ہے

(سوال ۱۸۵) ایک شخص کسی سے قرض حسنہ دو چار صد روپیہ لے کر ایک سال تک اپنے پاس رکھ لیتا ہے آیا اس روپے کی زکوۃ دائن نکالے یا مدیون (قرضہ دہندہ یا مقروض)

(جواب) اس روپے کی زکوۃ دائن کے ذمہ لازم ہے، جب اس کے پاس وہ روپیہ واپس چلا جاوے گا اس کو سال گزشتہ کی زکوۃ اس روپے کی دینی ہوگی۔ (۲) فقط

## سونا چاندی کی زکوۃ میں کس قیمت کا اعتبار ہے

(سوال ۱۸۶) اگر کسی شخص نے اپنے زیور کی زکوۃ میں دو تولہ چاندی یا سونا نکالا، اگر وہ عوض اس سونے یا چاندی کے اس کی قیمت ادا کرنا چاہے تو اس میں عام نرخ کا اعتبار ہے جس قیمت سے وہ سونا چاندی فروخت ہوا ہے اس نرخ کا اعتبار کیا جاوے گا۔

---

(۱) والمستفاد ولوبهبة اوارث وسط الحول يضم الى نصاب من جنسه فيزكيه بحول الاصل الخ (الدرالمختار على هامش ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۲۱ ط.س. ج۲ ص۲۸۸) ظفير.
(۲) ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (ايضا كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳ ط.س. ج۲ ص ۲۶۶)

(جواب) دوتولہ چاندی اگر زکوٰۃ میں لازم ہوئی تو اس کو دوتولہ چاندی ہی ادا کرنا ضروری ہے، خواہ چاندی کی ڈلی دیوے یا روپیہ سکہ دار دیوے یعنی یہ درست نہیں ہے کہ چاندی دوتولہ کی قیمت اگر پونے دوروپے ہو تو پونے دوروپے دیدیوے بلکہ پورے دوروپے ہی دینا چاہئے اور جو رتی کی اس میں کمی ہے وہ بھی پوری کرے۔ اور اسی طرح اگر چاندی کی قیمت زیادہ ہو مثلاً ایک تولہ چاندی کی قیمت سوروپے ہے تو سوا روپیہ دینا اس کے ذمہ لازم نہیں ہے۔ تبرعاً زیادہ دیدیوے تو اس کو اختیار ہے اور اگر سونا ایک تولہ مثلاً زکوٰۃ کو لازم ہوا تو اس کو اختیار ہے کہ خواہ سونا دیوے یا اس کی قیمت روپے سے جو بازار میں ہے دیوے۔ مثلاً اگر ایک تولہ سونا بازار میں تیس روپے قیمت کا ہے تو تیس روپے دے دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔ (۱) فقط

## حصہ کی چیز خود زکوٰۃ میں اسی کو لوٹا دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۸۷) زید کی ہمشیرہ ہندہ کا انتقال ہوا۔ ترکہ میں زید نے بھی کچھ زیور پایا اور اس کو ہمشیرہ کی زکوٰۃ واجبہ میں شرعاً دینے کے لئے اپنے بڑے بھائی بکر کو دے دیا۔ بکر نے یہ دیکھ کر کہ زید خود مصرف زکوٰۃ ہے اور بہت مقروض ہے اس زیور کو فروخت کر کے اس کی قیمت زید کو بہ نیت زکوٰۃ ہمشیرہ دے دی۔ اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں۔ شبہ یہ ہے کہ زید موکل ہے اور بکر صرف وکیل ہے اور وکیل کا فعل عین موکل کا فعل ہوتا ہے تو یہ صورت ہوگئی کہ زید گویا خود ہی زکوٰۃ دیتا ہے اور خود ہی رکھ لیتا ہے

(جواب) وہ زیور جو زید کو ترکہ ہمشیرہ میں سے میراث میں ملا وہ مملوکہ زید کا ہے اور جب کہ زید کے وکیل نے اس کو فروخت کر کے پھر زید کو ہی دے دیا تو اس طرح زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی، کیونکہ اس صورت میں زید کا مملوکہ روپیہ زید کے پاس ہی رہا۔ (۲)

## نقد اور زیورات کی زکوٰۃ

(سوال ۱۸۸) زید کے پاس مبلغ ایک سو پچاس کا زیور طلائی و نقرئی اور سات گنیاں قیمتی ایک سو پانچ موجود ہیں۔ یہ روپیہ مکان میں رکھا ہوا ہے۔ زیور مستورات گاہے بگاہے پہنتی ہیں۔ اس کو کس قدر روپیہ اور کب اور کیوں بمعہ زکوٰۃ دینا چاہئے۔ زکوٰۃ کا عمدہ مصرف کیا ہے۔

---

(۱) والمعتبر وزنهما اداء ووجوبا لاقيمتهما (در مختار) وهذا ان لم يؤدمن خلاف الجنس والااعتبرت القيمة اجماعا كما علمت ردالمحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۰ و ج ۲ ص ۴۱ .ط.س. ج۲ص۲۹۷) وجاز دفع القيمة فى زكوة و عشر و خراج وفطرة ونذر و كفارة غيرالاعتاق (در مختار) ثم ان هذا غير مقيد بغير المثلى فلا تعتبر القيمة فى نصاب كيلى اووزنى فاذا ادى اربعة مكائيل اودراهم جيدة عن خمسة رديئة اوزيوف لايجوز عند علمائنا الثلاثة الاعن اربعة الخ وهذا اذا ادى من جنسه فالمعتبر هوالقيمة اتفاقا الجودة فى المال الربوى عندنا لمقابلة بخلاف جنسه ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۹) ظفير.

(۲) ولا يدفع المزكى زكوة ماله الى ابيه وجده وان علا ولا الى ولده وولد ولده وان سفل لان منافع الاملاك بينهم متصلة فلا يتحقق التمليك على الكمال (هدايه باب من يجوز دفع الصدقات اليه ج ۱ ص ۱۸۸) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا (الدرالمختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ .ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفير

(جواب) زید کے پاس اس صورت میں کل نقد و زیور دو سو پچپن روپے کا ہوا۔ پس زید کو زکوۃ میں اڑھائی روپے سیکڑہ کے حساب سے چھ روپے چھ آنے ہر سال نکالنی چاہئے، اور اگر کسی سال کم یا زیادہ ہو جاوے تو اسی حساب سے کمی و بیشی زکوۃ میں ہو جاوے گی ایک سو روپے پر ع۲ ۸ر زکوۃ کے واجب ہوتے ہیں بعد سال بھر کے خواہ زیور ہو یا نقد، یا سامان تجارت۔(۱) اور مصرف زکوۃ کے فقراء و مساکین اور یتیم بچے اور بیوہ عورتیں وغیرہ ہیں اور جو زیادہ محتاج ہو اور رشتہ دار بھی ہو اس کو دینا زیادہ اچھا ہے۔ اور مدارس اسلامیہ میں طلبہ مساکین کے لئے بھیجنا بھی زیادہ ثواب رکھتا ہے۔(۲) فقط۔

## جس روپے سے مکان خریدا کیا اس پر زکوۃ واجب ہے

(سوال ۱۸۹) ایک شخص نے پانچ سو روپے میں ایک مکان خریدا۔ گھر والوں نے اس میں جانا پسند نہیں کیا اس وجہ سے اس نے فروخت کرنے کا ارادہ کر لیا۔ اس صورت میں اس پانچ سو روپے کی زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس پانچ سو روپے کی زکوۃ واجب نہیں ہے جس سے مکان خریدا گیا جس وقت تک وہ روپیہ موجود تھا اور مکان نہ خریدا تھا اس وقت تک کی زکوۃ لازم تھی، جب مکان خرید لیا اس وقت سے زکوۃ اس کی ساقط ہو گئی۔(۳) اور جس وقت مکان فروخت ہو کر نقد روپیہ حاصل ہوگا تو بعد حولان حول اس پر زکوۃ لازم ہو جاوے گی۔(۴) فقط۔

## جو روپیہ مالک اراضی کو رہن میں دیا گیا ہے اس پر زکوۃ کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۹۰) جو روپیہ رہن آراضی میں مالکان آراضی کو دیا ہے اس کی زکوۃ ہر سال ادا کرنی ہوگی یا بعد وصول ہونے کے اور بر تقدیر ثانی پچھلے تمام سالوں کی زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اس روپے کی زکوۃ بعد وصول ہونے کے لازم ہے اور پچھلے سالوں کی زکوۃ بھی دینی ہوگی۔ کذا فی الدر المختار۔
(۵) فقط۔

## صرف زیور کی وجہ سے زکوۃ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۱۹۱) جس عورت کے پاس سو روپیہ کا زیور تھا جب تک وہ صاحب مال رہی زکوۃ دیتی رہی اب وہ غریب ہو گئی مگر زیور بجنسہ موجود ہے، آیا عورت مذکورہ کو زکوۃ دینا لازمی ہے یا نہیں۔

---

(۱) وشرط افتراض ادائها حولان الحول وهو في ملكه و تنمية المال كالدراهم والدنا نير لعينهما للتجارة فتلزم الزكوة كيفما امسكهما (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳ .ط.س. ج۲ص۲۶۷) واللازم فى مضروب كل منهما ومعموله ولو تبرا اوحليا مطلقا الخ ربع عشر (ايضاً باب زكوة المال ج ۲ ص ۳۱ .ط.س. ج۲ص۲۹۷-۲۹۸) ظفير

(۲) ومصرف الزكوة الخ وهو فقير هو من له ادنى شئى اى دون نصاب الخ و مسكين الخ وفى سبيل الله الخ وابن السبيل (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ .ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفير

(۳) ولا زكوة فى ثياب البدن الخ واثاث المنزل ودور السكنى ونحوها (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ص ۱۰) ظفير. (۱) وشرطه اى شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فى ملكه وتنمية المال كا الدراهم والدنا نير لعينهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكاة كيفما امسكهما ولو للنفقة (ايضاً ج ۲ ص ۱۳ .ط.س. ج۲ص۲۶۷) ظفير.

(۵) ولو كان الدين على مقر الخ فو صل الى ملكه لزم زكوة مامضى (ايضاً ج ۲ ص ۱۲ .ط.س. ج۲ص۲۶۶) ظفير

(جواب) اگر زیور اس کا بقدر نصاب ہے تو اس کے ذمہ زیور کی زکوٰۃ دینا لازم ہے اور اس کو زکوٰۃ لینا جائز نہیں ہے۔(۱) فقط

## جو روپیہ ملازمت کی ضمانت کے لئے سرکار میں جمع کیا ہے اس پر زکوٰۃ ہوگی

(سوال ۱۹۲) ایک شخص نے بغرض ضمانت ملازمت مبلغ ایک سو روپیہ سرکار میں جمع کیا، جب تک وہ شخص ملازم رہے گا اس وقت تک اس کو ضمان واپس نہیں ملے گا، جب پنشن لے گا یا کسی وجہ سے برخاست ہوگا تب وہ روپیہ اس کو دیا جائے گا۔ اب اس روپے پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔ اگر واجب ہے تو بعد واپسی کے یا ہر سال اس کو زکوٰۃ ادا کرنا واجب ہوگا۔

(جواب) اس روپے کی زکوٰۃ بعد واپسی کے تمام گذشتہ سالوں کی ادا کرنا لازم ہے، اگر اس خیال سے کہ بعد واپسی کے بہت برسوں گذشتہ کی زکوٰۃ دینی پڑے گی اور رقم کثیر ہو جاوے گی۔ ہر سال موجودہ روپے کے ساتھ زکوٰۃ دے دیا کرے تو یہ بھی درست ہے۔(۲) فقط۔

## جواہرات کے زیورات میں زکوٰۃ نہیں

(سوال ۱/۱۹۳) جو زیور خالص جواہرات کا ہو اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

## ایسے طلائی زیورات کی زکوٰۃ جس میں جواہرات جڑے ہوں

(سوال ۲/۱۹۴) جو زیور طلائی ہو اور اس میں جواہرات بھی جڑے ہوں تو اس کی زکوٰۃ کس طریقہ سے ہونی چاہئے۔

## اس زیور کی زکوٰۃ جس میں ایک حصہ چاندی اور دو حصہ جواہرات ہوں

(سوال ۳/۱۹۵) جس زیور میں ایک حصہ چاندی اور دو حصہ جواہرات ہوں اس کی زکوٰۃ کس حساب سے ہوگی۔

(جواب) (۱) درمختار میں ہے لا نها زكوة فى اللآلى والجواهر وان ساوت الفاً اتفاقاً الا ان تكون للتجارة الخ (۳) پس زیورات جواہرات کے تجارت کے لئے نہیں ہیں تو اس پر زکوٰۃ نہیں ہے۔

(۲) اس زیور کی قیمت کر کے زکوٰۃ ادا کرے۔(۴)

(۳) اگر زکوٰۃ میں چاندی دیوے تو اس زیور کی چاندی کا اندازہ کر لے، جس قدر چاندی اس میں ہو اس کا چالیسواں حصہ دیدیوے۔(۵) فقط۔

## سونے چاندی کی قیمت نہ معلوم ہونے کی صورت میں پیشتر کی قیمت سے زکوٰۃ دی جا سکتی ہے یا نہیں۔

(سوال ۱۹۶) اگر قیمت سونے چاندی کی صحیح معلوم نہ ہو اندازہ کر کے دو چار مہینہ پیشتر کی قیمت ذہن میں رکھ کر زکوٰۃ ادا کر دی جائے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں۔

---

(۱) واللازم فى مضروب كل منهما اى الذهب والفضة ومعموله ولو تبرا اوحليا مطلقا. (الدر المختار على هامش رد المحتار. باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۱. ط.س. ج۲ص۲۹۷-۲۹۸) ظفير.

(۲) وكذا الوديعة عند غير معارفه (در مختار) فلو عند معارفه تجب الزكوة (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ص۲۶۶) ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة قبيل باب السائمة ج ۲ ص ۱۸. ط.س. ج۲ص۲۷۳. ۱۲ ظفير

(۴، ۵) واللازم فى مضروب منهما و معموله ولو تبرا اوحليا مطلقا الخ ربع عشر الخ وغالب الفضة والذهب فضة و ذهب وما غلب غشه منهما يقوم ويشترط فيه النية الا اذا كان يخلص منه ما يبلغ نصابا اور اقل وعنده ما يتم به الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۳۲ و ج ۲ ص ۴۳. ط.س. ج۲ص۲۹۷-۲۹۸) ظفير.

اصل تو یہی ہے کہ ادائے زکوٰۃ کے وقت جو قیمت ہو اس کی تفتیش کر کے اسی کے مطابق زکوٰۃ ادا کی جائے۔ مگر چونکہ دو چار مہینہ میں کوئی مزید فرق نہیں ہوتا اس وجہ سے اگر جانب احتیاط کو پیش نظر رکھ کر اس طریقہ سے زکوٰۃ ادا کرے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔(۱) فقط۔

## عورت کا جو زیور رہن ہے اس کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے

(سوال ۱۹۷) اگر عورت کا زیور ضرورت کے وقت رہن کیا جاوے تو اس کی زکوٰۃ بذمہ عورت ہوگی، یا بذمہ خاوند۔

(جواب) اس کی زکوٰۃ عورت کے ذمہ ہے۔(۲) فقط۔

## کسی کی اچانک موت پر گورنمنٹ وارثان کو جو روپیہ دیتی ہے اس کی زکوٰۃ

(سوال ۱۹۸) تصادم ریل سے زید کا انتقال ہو گیا۔ ریلوے کمپنی نے زید کی جان کے معاوضہ میں اس کے والدین۔ بیوہ۔ اور تین یتیم نابالغ بچوں جن میں دولڑکیاں ۴،۳ سالہ اور ایک لڑکا ڈیڑھ سالہ کی پرورش کے لئے تیس ہزار ۳۰۰۰۰ روپے کے نوٹ دیئے اس شرط پر کہ سولہ ہزار کے نوٹ ڈاکخانہ میں رکھ دیئے جائیں۔ دس سال کے بعد لڑکیوں کی شادی اور لڑکے کی اعلیٰ تعلیم میں خرچ کئے جائیں۔ جب تک بچوں کی پرورش و تعلیم کا خرچ ماں کے حصہ کے چھ ہزار روپے میں سے جو بغرض حفاظت پوسٹ آفس میں رکھا ہے، ہوا کرے۔ اس صورت میں بچوں اور بیوہ کی رقوم پر زکوٰۃ فرض ہوگی یا نہیں

(جواب) بچے جب تک نابالغ ہیں ان کے حصہ کے روپے پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے جیسا کہ درمختار میں ہے۔ وشرط افتراضها عقل وبلوغ الخ قال في الشامي فلا تجب على مجنون وصبي الخ (۳) اور بیوہ اور والدین کے حصہ میں جو روپیہ آیا اس پر زکوٰۃ واجب ہے اور بچے جس وقت بالغ ہو جاویں تو ان کے حصے کے روپے پر بھی زکوٰۃ وقت بلوغ سے واجب ہو جاوے گی۔(۴) فقط۔

## کاروبار میں جو روپیہ لگا ہو اس کی زکوٰۃ

(سوال ۱۹۹/۱) جب کہ روپیہ اس قسم کے کاروبار میں لگایا جائے کہ اس میں زیادہ تر لینا اور دینا ہو اور زر نقد یا مال تجارت کی صورت میں یا تو بہت تھوڑا حصہ اصل کا رہے یا اس پر پورا برس کسی حال میں نہ گزرے تو زکوٰۃ کس رقم پر واجب الاداء ہوگی۔

## جائداد اور مکان ذاتی جو ضرورت سے زیادہ ہوں اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے

(سوال ۲۰۰/۲) جب کہ جائداد یا مکان ذاتی ضرورت سے زیادہ ہوں اور ان سے کرایہ کی آمدنی ہو تو زکوٰۃ جائیداد کی قیمت پر ہوگی یا آمدنی پر۔

## کرایہ کی زمین پر جو جائیداد ہو اس کی زکوٰۃ

(سوال ۲۰۱/۳) اگر کرایہ کی زمینوں پر جائداد بنائی جائے اور اس کی حیثیت یا قیمت اسی وقت تک ہو جب تک

---

(۱) وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا يوم الاداء وفي السوائم يوم الاداء اجماعا وهو الاصح (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۰ ط.س. ج۲ ص ۲۸۶) ظفير.

(۲) الزكوة واجبة على حر مسلم عاقل بالغ اذا ملك نصابا ملكا تاما (هدايه كتاب الزكوة ج ۱ ص) ظفير.

(۳) رد المحتار الزكوة ج ۲ ص ۱۴۴ ط.س. ج۲ ص ظفير.

(۴) دیکھئے رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۳ ط.س. ج۲ ص ۲۵۸)

جائداد اس زمین پر قائم ہے تو زکوٰۃ کس طرح ادا ہوگی۔

## سرکاری کاغذوں پر جو روپیہ لگایا گیا اس کی زکوٰۃ

(سوال ۴/۲۰۲) جو روپیہ سرکاری کاغذوں یا اس قسم کے دوسرے کاغذات پر لگایا جائے اس کے واپس ہونے کی میعاد تو بہت زیادہ ہو یا کچھ ہو ہی نہیں تو زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے۔

(جواب) (۱) ختم سال پر دیکھا جاوے جس قدر مال تجارت ونقد روپیہ موجود ہو اس سب کا حساب کرکے زکوٰۃ ادا کی جائے۔ (۱) اور جو رقوم لوگوں کے ذمہ قرض ہیں ان کی زکوٰۃ بھی واجب ہے مگر ادا کرنا بعد وصولی کے واجب ہوتا ہے۔ ایام گذشتہ کی زکوٰۃ بھی بعد وصولی کے دینی لازم ہے۔ (۲)

(۲) جائیداد کی قیمت پر زکوٰۃ لازم نہ ہوگی بلکہ کرایہ کی آمدنی پر جو نصاب کی مقدار کو پہنچ جاوے اور اس پر تنہا یا دیگر رقوم موجودہ کے ساتھ سال پورا ہو جاوے زکوٰۃ لازم ہوگی۔ (۳)

(۳) اس کا جواب بھی وہی ہے جو نمبر ۲ کا ہے۔ کرایہ کی آمدنی جو جمع ہو اس پر زکوٰۃ لازم ہوگی حسب شرط مذکور نمبر ۲۔ (۴)

(۴) یہ سوال تشریح طلب ہے۔ فقط۔

## ڈاکخانہ میں جمع شدہ روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۱/۲۰۳) جو روپیہ ڈاکخانہ میں تین سال سے جمع ہے اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

## بنک کے روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۲/۲۰۴) جو روپیہ کسی بنک کو بطور قرض دیا گیا ہے اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

## گورنمنٹ کو جو روپے قرض دیئے گئے ہیں اس کی زکوٰۃ

(سوال ۳/۲۰۵) جو روپیہ گورنمنٹ کو قرض دیا گیا ہے اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

## لین دین والے روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۴/۲۰۶) جو روپیہ لین دین میں لگایا جاتا ہے اور قرض دیا جاتا ہے اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱تا۴) ان سب صورتوں میں زکوٰۃ کا حکم یہ ہے کہ بعد وصول ہونے کے سنین گذشتہ کی بھی زکوٰۃ دینی واجب ہوگی۔ (۵) فقط۔

## زیور کی زکوٰۃ ہر سال

(سوال ۲۰۷) زیور میں ہر سال زکوٰۃ دینا چاہئے یا ایک دفعہ۔

---

(۱) وقیمة العرض للتجارة تضم الی الثمنین لا ن الکل للتجارة وضعا وجعلا الخ (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب زکوٰة المال ج ۲ ص ۳۵۔ ط.س. ج۲ص ۳۰۱۳)

(۲) ولو کان الدین علی مقر الخ فوصل الی ملکه لزم زکوٰة ما مضی (ایضاً کتاب الزکوٰة ج ۲ ص ۱۲۔ ط.س. ج۲ص ۲۶۶) ظفیر. (۳) ولا زکوٰة فی ثیاب البدن الخ واثاث المنزل و دورالسکنی ونحوھا وکذا الکتب (درمختار) قوله ونحوھا ای کثیاب البدن الغیر المحتاج الیھا وکالحوانیت و العقارات (رد المحتار کتاب الزکوٰة ج ۲ ص ۱۰۔ ط.س. ج۲ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر. (۴) فاذا کانت مائتین وحال علیھا الحول ففیھا خمسة دراھم (ھدایه باب زکوٰة المال ج ۱ ص ۱۷۶) ظفیر.

(۵) وفی مقربه تجب مطلقا سواء کان ملیا او معسرا او مفلسا کذا فی الکافی (عالمگیری مصری کتاب الزکوٰة باب اول ج ۱ ص ۱۶۴۔ ط.س. ج۲ص ۱۷۳) ولو کان الدین علی مقرملئی الخ فوصل الی ملکه لزم زکوٰة مامضی (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰة ج ۲ص ۱۲۔ ط.س. ج۲ص ۲۶۶) ظفیر

(جواب) زیور کی زکوٰۃ ہر سال دینا چاہئے۔(۱)

## زیور کی زکوٰۃ

(سوال ۲۰۸) میرے پاس زیور ہے جو ۵۳ روپے کی مالیت ہے اور یہ اندازہ کافی سے بہت زیادہ کیا گیا ہے۔ بازار کی قیمت سے زیادہ قیمت لگائی ہے اس پر دو سال گزر چکے ہیں جس کی زکوٰۃ میں نے پانچ روپے دے دیئے ہیں اور میرے پاس ساٹھ روپے موجود ہیں، اس پر بعد سال گزرنے زکوٰۃ آوے گی یا کیا؟ اور جو روپیہ قرض میں ہے اس پر علیحدہ سال گزرنے کی ضرورت ہے یا نہیں؟

(جواب) زیور کی زکوٰۃ جو پانچ روپے نکالتے ہو یہ ٹھیک سے کچھ زیادہ ہی ہے یہ بہت اچھا ہے۔ ساٹھ روپے جو نقد موجود ہیں اس کی زکوٰۃ بھی لازم ہے، اس پر علیحدہ سال گزرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ زیور پر جب سال گذرا اسی وقت اس کی زکوٰۃ بھی لازم (۲) ہوگی۔ اسی طرح جو روپیہ قرض ہے اس پر بھی علیحدہ سال گزرنے کی ضرورت نہیں۔ مگر زکوٰۃ اس کی بعد وصول ہونے کے واجب الادا ہوتی ہے قبل از وصول دی جاوے تو اور بھی اچھا ہے۔(۳)

## دوسو درہم کے کتنے روپے ہوتے ہیں

(سوال ۲۰۹) دوسو درہم شرعی چند روپیہ؟

(جواب) دوصد درہم شرعی پنجاہ ودو نصف تولہ بوزن سبع می باشد پس یک درہم شرعی بوزن سبع سہ ماشہ وا ۱/۵ رتی باشد اگر کسر رتی را ساقط کنند وسہ ماشہ گیرند۔ پنجاہ روپیہ می باشد بناء علیہ بعضے حضرات کسر را انداختہ اند و پنجاہ روپیہ را نصاب فرمودہ اند (ایں حساب درسن ۱۳۳۲ھ بود، ودراں زماں سیم ارزاں بود، دریں زماں کہ سیم سہ روپیہ تولہ است نصاب یک صد و پنجاہ وہفت ونصف روپیہ باشد، خلاصہ این است کہ مدار بر ثمن سیم است۔ واللہ اعلم۔ ظفیر)

## پیسوں اور اکنیوں میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۱۰) کسی شخص کے پاس پچاس روپے کے پیسے اور پچاس روپے کی اکنیاں ہیں حالانکہ وہ خرچ کے لئے ہیں اور حولان حول اس پر ہوگیا ہے تو ان کی زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟

(جواب) پیسے اور اکنیاں جو تجارت کی نہیں ہیں ان پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے (اگر یہ کسی صاحب نصاب کے پاس ہوں گی تو اس کی زکوٰۃ بھی اس پر حولان حول کے بعد ضروری ہوگی۔ ظفیر)

## جائداد قسط پر بیچی تو زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے

(سوال ۲۱۱) زید نے اپنی کچھ حقیت بایں شرط فروخت کی کہ اس کا زرثمن بدفعات ادا کیا جاوے اور زرثمن اور اس کی ادائیگی کے زمانہ کا تعین ہو چکا ہے۔ بیع جائز ہو چکی لیکن چونکہ حقیت مال ایسی ہے جس پر نصاب نہیں اور اس کا بدل ایسا ہے جس پر نصاب ہے تو اس صورت میں زرثمن مقبولہ فریقین پر نصاب ہوگا یا رقومات مقررہ پر جو بائع کو ملے اور جس قدر ملے اس کے واسطے سال کا گذرنا ضروری ہے، یا تاریخ بیع سے حساب لگا کر ادا کرنا ہوگا۔

(جواب) جس وقت جس قدر حصہ ثمن کا وصول ہوگا اسی وقت سے اس کا سال لگایا جاوے گا۔ بعد سال بھر کے ادائے

---

(۱، ۲) فاذا كانت مائتين وحال عليها الحول ففيها خمسة دراهم (هدايه ج ۱ ص ۱۷۶) ظفير. (۳) ولو كان الدين على مقر مليئ (الى قوله) فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶) ظفير.

زکوٰۃ واجب ہوگی اور بعض روایات میں بقدر وصول مقدار نصاب زکوٰۃ لازم ہوگی اور اسی کو ظاہر الروایۃ اور مفتی بہ قرار دیا گیا ہے اور بعض روایات میں قول اول کی تصحیح کی گئی ہے وهو الا قيس كذا في الشامی۔(۱)

## کتنی مالیت کے زیور میں زکوٰۃ ہے

(سوال ۲۱۲) کس قدر مالیت کے زیور طلائی خواہ نقری پر زکوٰۃ واجب ہے اور کس قدر مالیت سے وہ صاحب نصاب ہوگا۔

(جواب) زیور چاندی کا ساڑھے باون تولہ اور زیور سونے کا ساڑھے سات تولہ کا جس کے پاس ہو وہ صاحب نصاب ہے اور زکوٰۃ اس پر واجب ہے۔(۲) فقط

## باؤنڈ وغیرہ کی صورتوں میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۱۳) زید کے پاس اپنے حوائج ضروریہ کے علاوہ بطور پس انداز ایسا روپیہ بھی ہے جس کی بابت زکوٰۃ دینا فرض ہے لیکن جب کہ زید اس روپے کو بکر کے پاس امانت رکھ دے اور یا زید نے بجائے نقد روپے کے یا سونے چاندی کے کرنسی نوٹ لے کر اپنے پاس رکھے ہیں یا زید نے اس روپے کے باؤنڈ خریدے ہوں، جو ایک قسم کا کاغذ قرضہ ہے۔ یا زید وہ روپیہ کسی کو قرض بلا سود یا سود سے دیا ہے اور یا زید نے اس روپے کو بنک میں جمع کیا ہے یا پرامیسری نوٹ خریدتے ہیں اور یا اس سے روپیہ کاغذات ریلوے شیئرز خرید لئے ہیں اور یا وہ روپیہ کسی تجارت میں لگایا ہے۔ مذکورہ بالا آٹھ صورتوں میں بھی زکوٰۃ واجب الادا ہے یا نہیں۔

(جواب) ان سب صورتوں میں زکوٰۃ واجب الادا ہے لیکن قرض دینے کی صورت میں بعد وصول کے گذشتہ زمانہ کی زکوٰۃ بھی لازم ہوتی ہے۔ ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى الخ . درمختار۔(۳)

## دوسرے کی طرف سے زکوٰۃ کی ادائیگی

(سوال ۲۱۴) زید نے کچھ روپیہ اپنے باپ عمر کو اس طرح دیا کہ موضع ملازمت میں ہمیشہ بطور خرچ ماہوار کے اپنے باپ کو دیتا رہا اور اس کے پاس بھیجتا رہا۔ عمر نے وہ تمام روپیہ خرچ نہیں کیا بلکہ تھوڑا خرچ کیا اور زیادہ باقی رکھا حتی کہ اس کی مقدار زیادہ ہوگئی اور یہ روپیہ عمر نے اس خیال سے بچایا کہ زید کے کام آوے گا۔ زید کو جب یہ معلوم ہوا تو اس نے اپنے باپ سے کہا کہ آپ کو اس روپے کی زکوٰۃ دینی چاہئے، عمر نے کہا یہ روپیہ تمہارا ہے میرا نہیں ہے، میں اس کی زکوٰۃ نہ دوں گا۔ سوال یہ ہے کہ زید پر اس روپے کی زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں؟ اور اگر زید ادا کر دے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں؟ بالتفصیل بیان فرمائیں۔

(جواب) زید نے جو روپیہ ماہواری خرچہ کے طور سے اپنے باپ عمر کو دیا اور اس کے پاس بھیجا، عمر اس کا مالک ہو گیا۔

---

(۱) فتجب زكاتها اذاتم نصابا وحال عليه الحول لكن لا فور ابل عند قبض اربعين درهما من الدين القوى كقرض وبدل مال تجارة الخ (در مختار) والحاصل ان مبنى الا ختلاف في الدين المتوسط على انه هل يكون مال زكوة بعد القبض او قبله فعلى الا ولى لا بد من مضى حول بعد قبض النصاب وعلى الثانى ابتداء الحول من وقت البيع الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۴۷. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) باب زكوة المال) ظفير.

(۲) ليس فيما دون مائتى درهم صدقة الخ و ليس فيما دون عشرين مثقالا من ذهب صدقة (هدايه زكوة المال ج ۱ ص ۱۷۶) ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ .ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶. ۱۲ ظفير.

پھر جو کچھ روپیہ عمر نے بچایا (اگر چہ اس خیال سے بچایا ہو کہ یہ روپیہ زید کے کام آوے گا) اس کا مالک عمر ہے اور بقدر نصاب ہوجانے پر سال بھر کے بعد اس کی زکوٰۃ عمر پر واجب ہے۔ لیکن اگر زید عمر کی طرف سے عمر کی اجازت سے زکوٰۃ گذشتہ زمانہ کی اور آئندہ کی ادا کرے تو درست ہے اور زکوٰۃ ادا ہوجائے گی۔ زید کو چاہئے کہ عمر کو اطلاع کردے کہ میں زکوٰۃ اس روپے کی زمانہ گزشتہ کی ادا کرتا ہوں اور آئندہ بھی ادا کرتا رہوں گا آپ مجھ کو اجازت دے دیجئے فی الشامی قال فی التتارخانیہ الا اذا وجد الا ذن او اجاز الما لکان ای اجاز قبل الدفع الی الفقیر الخ (شامی ج ۲ ص ۱۴)

## کھیتی کی آمدنی پر زکوٰۃ جو مختلف طور پر آتی ہے

(سوال ۲۱۵) زید گرہست آدمی ہے۔ کھیتی گرہستی کا کاروبار ہوتا ہے لہٰذا کھیتی گرہستی کے ذریعہ سے مثلاً دوسو روپے آمدنی ہوئی ہم نے برس گذرنے سے زکوٰۃ مال مذکور کی ادا کردی۔ اب پھر برس گزرنے نہیں پایا کہ اور روپیہ کھیتی گرہستی کے ذریعہ سے آیا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ نئے مال پر سال گزرنے سے زکوٰۃ واجب ہوگی یا اگلے سال میں شریک کرکے زکوٰۃ سب کی ادا کی جائے گی۔ لہٰذا مال مستفاد پر زکوٰۃ واجب ہوگی یا نہیں؟ عام مال مستفاد پر زکوٰۃ واجب ہے یا کسی خاص مال پر؟

(جواب) جو روپیہ سال کے اندر زیادہ ہوا اور پہلے سے دوسو روپے مثلاً موجود تھے، درمیان سال کے اور روپیہ کھیتی کے ذریعہ سے حاصل ہوا تو سال اس کا وہی معتبر ہوگا جو اصل دوسو روپے کا ہے۔ الغرض جس وقت پہلے روپے کا سال پورا ہوجائے تمام مال کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے۔ مال مستفاد کے لئے جدید سال کی ضرورت نہیں۔ کما فی الدر المختار والمستفاد ولو بھبۃ او ارث وسط الحول یضم الی جنسہ ویز کیہ بحول الا صل فقط (۱)

## جمع شدہ روپے کی زکوٰۃ

(سوال ۲۱۶) ایک شخص نے آٹھ سال تک آٹھ سو روپے جمع کئے۔ ہر سال سو روپے بڑھتے تھے اور زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی صرف نو روپے ادا کئے ہیں اور آٹھ سال کے ختم پر سب روپیہ خرچ ہوگیا۔ اس صورت میں وہ کس طریقہ سے اور کس قدر روپیہ زکوٰۃ کا ادا کرے؟

(جواب) اس مسئلہ کا جواب یہ ہے کہ اس کے ذمہ سالہائے گذشتہ کی زکوٰۃ لازم ہے، اور یہ فرض اللہ کا ہے۔ جس وقت روپیہ ہو، ایک دفعہ یا چند دفعہ کرکے اس کو پورے کردے سال اول میں عہ سال دوم میں صر سال سوم میں معہ سال چہارم میں عـہ پنجم میں عـہ سال ششم میں صـعـہ ہفتم میں معـعـہ ہشتم میں عـہ کل لعـہ روپے زکوٰۃ کے اس کے ذمہ ہوئے، اس میں سے لعہ روپیہ وضع کرکے باقی لـلعہ روپے ہوئے خواہ بتدریج یا ایک بار ادا کرے۔ (۲) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۳۱ .ط.س. ج۲ص۲۸۸ ۱۲۲ ظفیر.

(۲) وافتراضها عمری علی التراخی وصححه البا قانی وقیل فوری ای واجب علی الفور و علیه الفتویٰ فیا ثم بتاخیرها بلا عذر (در مختار) قوله عمری قال فی البدائع وعلیه عامة المشائخ ای فی ای وقت ادیٰ یکون مودیا للواجب ویتعین ذالک الوقت للوجوب واذا لم یود الی اخر عمره یتضیق علیه الوجوب حتیٰ لو لم یرد حتیٰ مات یا ثم (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲ .ط.س. ج۲ص ۲۷۱ ظفیر.

## پانچواں باب

# سامان تجارت کی زکوٰۃ

### پنساری کی دوکان کی زکوٰۃ انداز اًدرست ہے یانہیں

(سوال ۲۱۷) زید پنسارہ کی دوکان کرتا ہے اس میں چونکہ سیکڑوں سودا ہوتا ہے اس وجہ سے اخیر سال میں وزن نہیں کرسکتا، اندازہ سے زکوٰۃ ادا کرتا ہے۔ ادا ہوجاتی ہے یانہیں۔

(جواب) اندازہ کرنے میں حتیٰ الوسع یہ لحاظ رکھے کہ کچھ زیادہ اندازہ لگایا جائے تا کہ زکوٰۃ میں کمی نہ رہے کیونکہ درحقیقت اگر اندازہ کم ہوا تو اس قدر زکوٰۃ ذمہ پر واجب رہے گی۔(۱)

### کمپنی کے حصص خریداری میں جو رقم لگائی اس پر زکوٰۃ ہے یا صرف اس کے منافع پر

(سوال ۲۱۸) زید نے ایک کمپنی کے پندرہ حصے پانچ ہزار کے خریدے اس میں جو کچھ نفع ہوتا ہے وہ سالانہ تقسیم ہوکر حصہ داروں کو ملتا ہے، زید کو بھی پانچ سو روپے ملے۔ آیا زید کے ذمہ پانچ ہزار کی زکوٰۃ دینا لازم ہے، یا منافع سالانہ کی رقم پر زکوٰۃ لازم ہوگی۔

(جواب) زید کو اس رقم پانچ ہزار کی زکوٰۃ بھی دینی لازم اور فرض ہے۔ کذا فی الدرالمختار۔(۲)

### اگر زکوٰۃ متفرق طور پر دیتا ہے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۱۹) زید نے چار ہزار روپیہ تجارت میں لگایا اب اس کے پاس پانچ ہزار ہوگئے، اس نے زکوٰۃ نکالنے کا یہ طریقہ کیا ہے ۴؍۸؍ روزانہ نکالتا ہے اور مساکین کو تھوڑا بہت دے دیا کرتا ہے۔ بعد ختم سال حساب کر کے کمی کو پورا کر دیتا ہے۔ یہ صورت جائز ہے یانہیں۔

(جواب) یہ طریقہ زکوٰۃ نکالنے شرعاً درست ہے اور زکوٰۃ اس سے ادا ہوجاتی ہے۔(۳) فقط۔

### قرض سے جو تجارت کی ہے اس پر زکوٰۃ ہے یانہیں

(سوال ۲۲۰) زید نے گیارہ سو روپے لے کر قرض تجارت شروع کی، ذاتی سرمایہ کچھ نہیں تھا، تو کیا زید پر زکوٰۃ لازم ہے۔

(جواب) ابھی کچھ زکوٰۃ اس پر لازم نہ ہوگی۔ جب گیارہ سو سے زیادہ بقدر نصاب اس کے پاس حاصل ہوجائے اس وقت زاید کی زکوٰۃ دیوے۔(۴) فقط۔

### سوداگر کے پاس جو مال موجود ہے اس کی قیمت خریداری کا اعتبار ہوگا یا موجودہ بھاؤ کا

(سوال ۲۲۱) سوداگر کے پاس مال موجود ہے اب زکوٰۃ دینا چاہتا ہے سال بھر کے بعد۔ تو اس مال کی قیمت خرید کا اعتبار ہوگا یا بازار کے بھاؤ کا لحاظ ہوگا۔

---

(۱) الزکوٰۃ واجبة فی عروض التجارة کالغلة ماکانت اذا بلغت قیمتها نصاب من الورق والذهب (عالمگیری. کتاب الزکوٰۃ. باب ثالث فصل دوم ج ۱ ص ۱۲۸ . ط ماجدیه ج ۱ ص ۱۷۹) ظفیر.

(۲) کالدراهم والدنا نیر لعینهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزکوٰۃ کیفما امسکهما (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۳ . ط.س. ج ۲ ص ۲۶۷) ظفیر.

(۳) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له ای للاداء ولو کانت المقارنة بعزل ما وجب کله او بعضه (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۴ . ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸) ظفیر.

(۴) فلا زکوٰۃ علی مکاتب الخ و مدیون للعبد بقدر دینه فیز کی الزائد ان بلغ نصابا ( ایضاً کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۹ . ط.س. ج ۲ ص ۲۶۳) ظفیر.

(جواب) مال تجارت کی جو قیمت بازار میں بوقت زکوٰۃ دینے کے ہے اسی قیمت کے اعتبار سے زکوٰۃ ادا کی جاوے، خواہ قیمت خرید سے زیادہ ہو یا کم۔(۱)

## دواخانہ کی زکوٰۃ کس طرح نکالی جائے

(سوال ۲۲۲) زید دواخانہ یونانی کی دوکان کرتا ہے۔ جس میں ہزار دوائیں ہیں جو کہ فروختگی میں ماشہ دو ماشہ نکلتی ہیں جس کا باقاعدہ حساب رہنا مشکل ہے، ان دواؤں کی زکوٰۃ کس طرح دینی چاہئے۔ اگر علیٰحدہ علیٰحدہ وزن کر کے قیمت لگائی جائے تو ایک مدت چاہئے۔

(جواب) حساب کرنا تو زکوٰۃ کے لئے ضروری ہے مگر تمام ادویہ کو علیٰحدہ علیٰحدہ وزن کرنا اور قیمت لگانا دشوار ہے تو ایسا کیا جائے کہ سالانہ موجود میں سے جس قدر فروختگی کی میزان ہو اس کو منہا کیا جاوے۔ الغرض اندازہ کر لینا مال موجودہ کا ضروریات میں سے ہے۔(۲) فقط۔

## تجارت کی زکوٰۃ اور اس رقم کی زکوٰۃ جس سے زمین خریدی

(سوال ۲۲۳) جو روپیہ تجارت میں لگایا جاوے اس پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے اور جو روپیہ خرید اراضی پر صرف کیا جائے اس پر زکوٰۃ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) جو روپیہ تجارت میں لگا ہوا ہے اور سامان تجارت اس سے خریدا گیا ہے اس تمام پر زکوٰۃ واجب ہے جب کہ وہ نصاب کو پہنچ جاوے۔ اور سال گزر جاوے کذافی عامة کتب الفقه۔ اور زمین و مکان بھی اگر تجارت کے لئے خریدا جاوے مثلاً زمین و مکان کرایہ پر دیا جاوے اس کے کرایہ کی آمدنی پر بعد پورا ہونے نصاب کے زکوٰۃ ہے اور تفصیل ان مسائل کی کتب فقہ میں ہے۔(۳) فقط۔

## آٹے کی مشین کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۲۴) ایک شخص نے آٹا پینے کی مشین لگائی ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) اس مشین کی قیمت پر زکوٰۃ ہے۔ فقط۔(۴)

## کتاب کی زکوٰۃ لاگت پر ہے یا موجودہ قیمت پر اور زکوٰۃ میں کتابیں نکالنا کیسا ہے

(سوال ۲۲۵) کتاب مرقات الصرف کی چھپائی میں مبلغ مائتہ ۱۳۰ روپے لاگت آئی ہے۔ منافع لگا کر قیمت رکھی گئی ہے وہ بھی تاجرانہ ۴/ جز تاجرانہ ۶/۔ اب میرا حسابی سال ختم ہوگیا۔ زکوٰۃ اصل لاگت پر دی جائے یا قرارداد نفع سمیت رقم پر مجھے وثوق نہیں کہ ما حصل کیا اور کب ہوگا۔ نیز یہی کتاب مستحقین کو بمد زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

---

(۱) وعنده تعتبر قيمة يوم الوجوب وقالا يوم الاداء الخ ويقوم في البلدالذى المال فيه (در مختار) وفى المحيط يعتبر يوم الاداء بالاجماع وهو الاصح (رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۰. ط.س. ج۲ ص۲۸۶) ظفير.
(۲) وفى عرض تجارة قيمة نصاب الخ من ذهب اوفضه مضروبة الخ مقوما باحدهما الخ ربع عشر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۱ و ج ۲ ص ۴۲. ط.س. ج۲ ص۲۹۸) ظفير. (۳) ولا زكوة فى مكاتب الخ و اثاث المنزل ودور السكنى ونحوها (در مختار) اى كثياب البدن الغير المحتاج اليها كالحوانيت و العقارات (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۰. ط.س. ج۲ ص۲۶۳-۲۶۵) ظفير. (۴) خاکسار کے نزدیک اس مشین کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں ہے، ولو اشترى قدورا من صفر يمسكها ولو اجرها لا تجب فيها الزكوة كما لا تجب فى بيوت الغلة كذا فى فتاوىٰ قاضى خان وكذالك العطار لو اشترى القوارير واشترى جوالق ليواجرها من الناس فلا زكوة فيها لانه اشتراها للغلة لا للمبايعة كذافى محيط السرخسى (عالمگیری مصرى، فصل ثانى فى العروض ج ۱ ص ۱۶۸ ط. ماجديه ج ۱ ص ۱۸۰) ظفير.

(جواب) کتاب مذکور کی چھپائی میں جو ماہ سنہ ۱۳ھ ہوا ختم سال پر آپ کو اسی قدر روپے کی زکوٰۃ دینی لازم ہے اور زکوٰۃ میں آپ کتاب مذکور بھی دے سکتے ہیں۔ کتاب کی قیمت وہی لگائی جائے جو لاگت ہے۔ فقط۔

## خریداروں کے ذمہ جو رقم ہے اس پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۲۶) تاجروں کو تجارت میں سال کے بعد مال مہاجن کا منہا کر کے باقی روپیہ جو منافع کا زیادہ ہوتا ہے اور وہ اکثر خریداروں کے ذمہ باقی رہا کرتا ہے اس روپے میں بھی زکوٰۃ ہوگی یا نہیں اگر زکوٰۃ کا روپیہ علیحدہ نکالا جاوے اور جملہ مال میں سے کبھی کبھی روپیہ دو روپیہ کر کے سال بھر میں زکوٰۃ ادا کرے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) جو روپیہ قرض میں ہے اس کی زکوٰۃ واجب ہے اور ادائے زکوٰۃ بعد وصول لازم ہوتی ہے۔ درمختار۔ اور اگر زکوٰۃ کا روپیہ بہ نیت زکوٰۃ علیحدہ نہیں نکالا گیا تھا تو جس وقت روپیہ دو روپیہ کسی کو دے اس وقت نیت زکوٰۃ کرنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی ورنہ نہیں۔ درمختار۔ (۱)

## جس تاجر کے پاس نقد بھی ہو، مال بھی ہو اور بقایا بھی، وہ کس طرح زکوٰۃ ادا کرے

(سوال ۲۲۷) ایک تاجر تقریباً دس ہزار روپے نقد تحویل میں رکھتا ہے اور تقریباً پانچ ہزار کا مال تیار رکھتا ہے اور اس مال میں سے اکثر مال تبدیل ہوتا جاتا ہے اور تقریباً دو ہزار کا مال کارخانہ پر مکمل رکھتا ہے اور تقریباً پانچ ہزار روپے لوگوں کے ذمہ بقایا ہے جو بتدریج وصول ہوتا ہے۔ لہٰذا شرعاً صرف نقد تحویل کی جو گھر میں موجود ہے زکوٰۃ دیوے یا مال اور بقایا کی بھی۔

(جواب) نقد اور مال تجارت موجودہ اور اس روپے کی جو لوگوں کے ذمہ ہے سب کی زکوٰۃ دینا لازم ہے۔ البتہ جو روپیہ لوگوں کے ذمہ ہے اس کی زکوٰۃ بعد وصول کے گذشتہ سال کی بھی لازم ہوتی ہے۔ مثلاً اگر قرض دو برس کے بعد وصول ہوا تو بعد وصول کے دونوں سال کی زکوٰۃ دینا لازم ہوگا۔ پس اگر قبل از وصول بھی دے دے تو کچھ حرج نہیں ہے۔ بہر حال زکوٰۃ سب کی لازم ہے خواہ نقد ہو خواہ مال تیار شدہ یا غیر تیار شدہ اور خواہ لوگوں کے ذمہ قرض ہو، اور جو قرض اپنے ذمہ ہو اس کو منہا کر لیا جاوے گا۔ (۲) فقط۔

## جس مال کی قیمت بدلتی رہتی ہے اس کی زکوٰۃ

(سوال ۲۲۷) جس مال کی قیمت بدلتی رہے یا بسا اوقات قیمت خرید سے بھی کم ہو جاوے اور مال فروخت ہونے کی کوئی صورت نہ ہو کیونکر اس کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے۔

(جواب) جس وقت پورا سال مال تجارت پر ہو جاوے تو جو قیمت اس مال کی اس وقت ہو اس کا حساب کر کے چالیسواں دیوے خواہ نقد سے یا اس مال موجود میں سے (۳) فقط۔

---

(۱) وشرط صحة ادائها نية مقارنه له ای اللاداء ولو كانت المقارنة حكما كما لودفع بلا نية ثم نوى والمال قائم فى يد الفقير الخ جاز (الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص۲٦۸) ظفير.

(۲) وشرط ای شرط افتراض ادائها حولان الحول وهو فى ملكه وتنمية المال كا لدراهم والدنا نير لعينهما للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكوة كيفما امسكهما ولو للنفقة الخ ونية التجارة فى العروض واما صريحا الخ او دلالة (الدر المختار على هامش رد المحتار. كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۳) فلا زكوة على مكاتب الخ و مديون .ط.س. ج۲ص۲٦۷)

(۳) وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا يوم الا داء اجماعا ويقوم فى البلدالذى المال فيه (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۰.ط.س. ج۲ص۲۸٦) ظفير.

## تجارت میں جو نفع ہوا اور جو خرچ ہوا سب کی زکوٰۃ دے یا کیا کرے

(سوال ۲۲۸) ایک سوداگر ایک ہزار روپے سے تجارت شروع کرتا ہے اور سال بھر کے بعد جب حساب کرتا ہے تو اس کے پاس ڈیڑھ ہزار روپے کا مال موجود ہے اور سال بھر تک وہ اس میں سے اپنا خرچ بھی ساتھ ساتھ کرتا رہا ہے تو کیا اس کو اب زکوٰۃ بموجب حکم شریعت سال بھر کا خرچ نکال کر دینی چاہئے یا کہ ڈیڑھ ہزار کی پوری بغیر نکالے خرچ سال آئندہ ادا کرنی چاہئے۔

(جواب) اب اس کو ڈیڑھ ہزار کی زکوٰۃ ادا کرنی لازم ہے کذا فی الدر المختار۔(۱)

## تجارتی کمپنی کے حصص خریدے اور حصص کی قیمت مختلف وقتوں میں مختلف رہی تو کس کا اعتبار ہوگا

(سوال ۱/۲۲۹) ایک شخص نے تجارتی کمپنی کے حصص خریدے۔ جب کمپنی شروع ہوئی تھی اس وقت ایک حصہ پانچ سو روپے کا تھا اور جس وقت اس نے حصے خریدے اس وقت ایک حصہ کی قیمت ایک ہزار تھی اور اس وقت ایک حصہ کی قیمت پانچ سو روپے ہے تو یہ شخص کس قدر زکوٰۃ دیوے۔

## جس تاجر کے روپے کی مختلف نوعیت ہو وہ کیسے زکوٰۃ ادا کرے

(سوال ۲/۲۳۰) ایک شخص کپڑے کی تجارت کرتا ہے پانچ ہزار کا مال ہے جو اس کے پاس ہے۔ اس نے جو ادھار بیچا ہے اس میں سے پانچ ہزار کے آنے کی توقع یقینی ہے اور تین ہزار کے وصول ہونے میں شک ہے اور ایک ہزار کے وصول ہونے کے بالکل امید نہیں۔ اور یہ شخص چار ہزار کا مقروض ہے، اس صورت میں کس قدر رقم کی زکوٰۃ دینی چاہئے۔

## سرکار جو ٹیکس لیتی ہے وہ زکوٰۃ میں محسوب ہوگا یا نہیں

(سوال ۳/۲۳۱) سرکار تجارت کے منافع پر اور مکانات کے کرایہ پر ٹیکس لیتی ہے، یہ زکوٰۃ میں محسوب ہوسکتا ہے یا نہیں

(جواب)(۱) جو قیمت اس وقت ہے یعنی پانچ سو روپے کی زکوٰۃ دیوے۔(۲)

(۲) جس قدر مال و نقد موجود ہے اس کی زکوٰۃ اس وقت ادا کرے اور جو مال ادھار فروخت ہوا ہے اور قیمت اس کی لوگوں کے ذمہ قرض ہے اس کی زکوٰۃ ادا کرنا وصول ہونے پر واجب ہوگی۔ جس قدر وصول ہوتا رہے اس کی زکوٰۃ دیتا رہے۔(۳) اور جس قدر اس کے ذمہ قرض ہے اس کو مال موجودہ میں سے منہا کرے باقی کی زکوٰۃ ادا کرے۔(۴)

---

(۱) ومن کان له نصاب فاستفاد في اثناء الحول من جنسه ضمه اليه وزكاه به (هدايه كتاب الزكاة فصل في الخيل ج ۱ ص ۱۷۵) ظفير.

(۲) وتعتبر القيمة يوم الوجوب وقالا يوم الاداء ويقوم في البلدالذى المال فيه (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۰ ط.س. ج۲ ص۲۸٦) ظفير

(۳) ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ ص۲٦۲) فتجب زكاتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فور ابل عند قبض اربعين درهما من الدين القوى كقرض وبدل مال تجارة فكلما قبض اربعين درهما يلزمه درهم (ايضاً باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۷ و ج ۲ ص ۴۸ ط.س. ج۲ ص۳۰۵) ظفير.

(۴) فلا زكوة على مكاتب الخ و مديون للعبد بقدر دينه فيز كى الزائد ان بلغ نصابا (ايضاً كتاب الزكوة ج ۲ ص ۹ ط.س. ج۲ ص۲٦۳) ظفير.

(۳) ٹیکس میں جو کچھ روپیہ دیا جاتا ہے وہ زکوٰۃ میں محسوب نہیں ہو سکتا، زکوٰۃ علیحدہ ادا کرنی چاہئے۔ (۱) فقط۔

## تجارت کے لئے چاول ہو تو اس کی زکوٰۃ کیسے نکالی جائے

(سوال ۲۳۲) ایک شخص کے پاس سال بھر سے تجارت کے واسطے چاول رکھے ہیں تو زکوٰۃ کیسے نکالے۔

(جواب) قیمت چاول کی کر کے روپے سے زکوٰۃ ادا کر دیوے۔ فقط۔

## تجار جو مال بیوپاری کے حوالے کرتے ہیں اس کی زکوٰۃ

(سوال ۲۳۳) اکثر تجار اپنا تجارتی مال بیوپاریوں کے حوالے کر دیتے ہیں اور اس کی قیمت کا ادا ہونا قرائن قویہ سے متیقن بھی ہے ایسی صورت میں قیمت معہود نصاب زکوٰۃ میں محسوب ہوگی یا نہ۔ کیونکہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آج تاجروں کے پاس مال آیا اور کل بیوپاری بطور قرض کے اٹھا لے گئے۔

(جواب) اس مال کی زکوٰۃ واجب ہے مگر بعد وصول ہونے کیا اداء کرنا زکوٰۃ کا واجب ہوتا ہے اور گذشتہ زمانہ کا بھی لحاظ زکوٰۃ میں کیا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کئی برس میں وہ روپیہ وصول ہو تو سنین ماضیہ کی زکوٰۃ بھی اداء کرنا لازم ہے۔ (۲) فقط۔

## تجارت میں سال کے اندر مختلف اوقات میں جو نفع ہوتا ہے کیا سب کی زکوٰۃ دی جائے گی

(سوال ۲۳۴) زید نے کچھ رقم عمر کو تجارت کے واسطے دی اور عمر نے اس رقم سے تجارت شروع کی، سال ختم ہونے سے معلوم ہوا کہ اس میں منافع ہوا، تو اصل رقم کی زکوٰۃ کے علاوہ منافع کی رقم جو کہ ایک سال میں روزانہ تھوڑی تھوڑی جمع ہوئی ہے۔ اس رقم پر پہلے سال میں زکوٰۃ دینی لازم ہے یا نہیں۔

(جواب) مسئلہ یہ ہے کہ مال مستفاد پر اصل کے ساتھ زکوٰۃ واجب ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جب کہ نصاب پہلے سے موجود ہو تو اس پر جو کچھ نفع ہوگا ختم سال پر اس کی بھی زکوٰۃ لازم ہوگی۔ لیکن جس کا اصل روپیہ ہے اس پر اس کے حصہ منافع کی زکوٰۃ بھی لازم ہوگی اور عمر جس کا محض نفع میں حصہ ہے اور اصل روپیہ اس کے پاس کچھ نہیں ہے تو اس کے ذمہ منافع کی زکوٰۃ جب کہ وہ نفع بقدر نصاب ہو بعد حولان حول کے لازم ہوگی۔ (۳) فقط۔

## جس دکان کا حساب نہیں ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے

(سوال ۲۳۵) زید کی دوکان جب سے قائم ہوئی ہے، اس وقت تک کوئی ایسا حساب مرتب نہیں ہوا جس سے اس کی مالیت کا صحیح اندازہ ہو سکے۔ ایسی حالت میں زکوٰۃ ادا کرنے کی کون سی صورت اختیار کرے۔ سنین ماضیہ کی زکوٰۃ جو اس نے ادا نہیں کی اس کا کیا حکم ہے۔

---

(۱) اخذ البغاة والسلاطين الجائرة زكوة الخ لا اعادة على اربابها انه صرف الما خوذ في محله الا تى ذكره وان لا يصرف فيه فعليهم فيما بينهم وبين الله (درمختار ويظهرلى ان اهل الحرب لوغلبوا على بلدة من بلا دنا كذالك لتعليلهم (شامى باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۲. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۸)

(۲) فتجب زكوتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فور ابل عند قبض اربعين درهما من الدين القوى كقرض وبدل ما ل تجارة فكلما قبض اربعين درهما يلزمه درهم (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۷ و ج ۲ ص ۴۸). ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵ ظفير.

(۳) والمستفادولو بهبة اوارث وسط الحول يضم الى نصاب من جنسه بحول الاصل (در مختار) قوله اوارث ادخل فيه المفاد بشراء اوميراث اووصية وما كان حاصلا من الا صل كالا ولا دوالربح الخ قوله يضم الى نصاب الخ واشار الى انه لا بد من بقاء الاصل حتى لوضاع استانف للمستفاد حولا منذ ملكه ( رد المحتار باب زكاة الغنم ج ۲ ص ۳۱. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۸) ظفير.

(جواب) حساب کر کے زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے اور سنین ماضیہ کی بھی زکوٰۃ ادا کرے۔(۱)

## نقد اور مال تجارت پر زکوٰۃ

(سوال ۲۳۶) عطار خانہ کی دوکان ہے، ہزاروں ادویہ ہیں اور بساط خانہ اور جوتے وغیرہ ہیں اگر تخمینا قیمت لگائی جائے اور زائد کر کے لگائی جائے تو تو خلاف شرع ہوگا یا کیا۔ قرض تھوڑی تھوڑی مقدار میں ہے کسی کے ذمہ ۴ یا ۸ کسی کے ذمہ پانچ روپے۔ بہت سے لوگ نادہند ہیں جس سے امید وصولیابی نہیں ہے، اس طرح پر سودو سو روپے سو پچاس آدمی کے ذمہ ہیں۔ کسی کو چار مہینہ ہوئے کسی کو آٹھ کسی کو دس اگر کسی سے دو برس کے یا تین برس کے بعد وصول ہو تو زکوٰۃ کا کیا حکم ہے۔

(جواب) ادویہ اور سامان بساط خانہ کی وہ قیمت لگائی جائے گی جو اس وقت بازار میں ان کی قیمت ہے۔ اسی قیمت پر زکوٰۃ دی جاوے گی۔(۲) اور قرض کی زکوٰۃ بعد وصول کے واجب الاداء ہوتی ہے۔ پس آخر سال تک جس قدر رقم وصول ہو کر شامل رقم موجودہ و مال موجودہ ہو جاوے اس سب کی زکوٰۃ ادا کرے اسی طرح جو اس کے بعد وصول ہوتا ہے اس کو سال آئندہ کے حساب میں شامل کرے۔(۳) فقط۔

## اسباب تجارت کی قیمت میں کس نرخ کا اعتبار ہوگا

(سوال ۲۳۷) اسباب تجارت پر زکوٰۃ دینے میں اعتبار نرخ خریداری کا کیا جاوے یا جو نرخ اس وقت بازار میں ہے۔

(جواب) اسباب تجارت پر زکوٰۃ اس قیمت کے اعتبار سے دی جاوے گی جو نرخ بازار کے موافق ہے اسی پر عمل کرنا چاہئے۔ اگر نرخ خرید کے موافق زکوٰۃ دے اور باعتبار نرخ بازار زیادہ واجب ہوئی تھی تو باقی زکوٰۃ اس کے ذمہ رہی اس کو ادا کرے۔(۴) فقط۔

## جائداد کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں، قرض بوقت ادائیگی زکوٰۃ وضع ہوگا

(سوال ۲۳۸) ایک شخص کے پاس جائداد قیمتی پچاس ہزار منافع فی سال کی ہے اور سامان تجارتی بیس ہزار کا ہے اس میں ڈھائی تین ہزار روپے سالانہ منافع ہوتا ہے۔ اور وہ شخص کبھی تین ہزار روپے چھ ماہ کے واسطے قرض بھی لیتا ہے۔ ان سب صورتوں میں زکوٰۃ کا کیا حکم ہے اور اس کے ذمہ مہر بھی چاہتا ہے۔

(جواب) سامان تجارت جو بیس ہزار کا ہے مثلاً اس پر کل پر زکوٰۃ واجب ہے۔ چالیسواں حصہ اس کا ہر سال بھر میں زکوٰۃ کا نکالا کرے یعنی فی سیکڑہ ڈھائی روپیہ زکوٰۃ دینا چاہئے۔(۵) اور جائداد کی قیمت پر زکوٰۃ نہیں ہے۔(۶) اس کے

---

(۱) وفی عرض تجارة قیمته نصاب الخ من ذهب ومن فضه الخ ربع عشر (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکاة المال ج ۲ ص ۴۱. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۸) ظفیر.

(۲) وتعتبر القیمة یوم الوجوب وقالا یوم الاداء اجماعاوهو الاصح ویقوم فی البلدالذی المال فیه (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۳۰. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۶) ظفیر.

(۳) ولو کان الدین علی مقر الخ فوصل الی ملکه لزم زکوة مامضی (ایضاً کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶) ظفیر. (۴) وفی عرض تجارة قیمته نصاب الخ من ذهب او ورق الخ مقوما باحدهما ان استویا فلو احدهما اروج تعین التقویم به الخ ربع عشر (در مختار) وقدم الشارح عند قوله وجاز دفع القیمة انها تعتبر یوم الوجوب وقالا یوم الاداء کما فی السوائم ویقوم فی البلدا الذی المال فیه الخ (رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۴۱ و ج ۲ ص ۴۴. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۸-۲۹۹) ظفیر. (۵) وفی عرض تجارة قیمته نصاب الخ من ذهب اوورق ای فضه مضروبة (فافاد ان التقویم انما یکون بالمسکوک عملاً بالعرف) ربع عشر (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوة المال ج ۲ ص ۴۱ و ج ۲ ص ۴۴. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۸-۲۹۹) (۶) ولا زکوة فی ثیاب البدن الخ واثاث المنزل و دور السکنی ونحوها (در مختار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۰. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر.

نفع میں جو روپیہ حاصل ہوا اور سال بھر گذر جائے اس کی زکوۃ دیوے اور تین چار ہزار کا روپیہ جو اس کے ذمہ قرض ہو جاتا ہے، اگر ختم سال پر بوقت زکوۃ ادا کرنے کے اس کے ذمہ قرض ہو تو اس کو مجرا کیا جاوے گا باقی ماندہ سامان تجارت اور نقد روپیہ و زیور وغیرہ کی زکوۃ دیوے۔ (۱) اور دین مہر وضع نہ کیا جاوے گا وہ مانع زکوۃ سے نہیں ہے کما فی الشامی واالصحیح انہ غیر مانع۔ (۲) یعنی صحیح یہ ہے کہ دین مہر موجل مانع زکوۃ سے نہیں ہے۔ فقط۔

## قرضہ وضع کے بعد جو مال کی قیمت ہو اس کی زکوۃ دی جائے اور قیمت موجودہ نرخ پر لگائی جائے

(سوال ۲۳۹) تجارت میں اگر بعد ادائے قرضہ...... مثلاً ایک ہزار روپے کا مال دوکانداری ہو تو کیا اس ایک ہزار پر زکوۃ دینا واجب ہے۔ لیکن دوکانداری کا مال ہمیشہ ایسا ہوتا ہے کہ اگر اس کو فروخت کیا جائے اور دوکان چھوڑنے کا قصد ہو تو کبھی ایک روپے کا مال ایک روپے میں فروخت نہیں ہوتا۔ اس مال کی قیمت ادائے زکوۃ کے وقت وہی محسوب ہوگی جو اس کی اصلی قیمت بوقت موجودہ خرید ہے۔ یا وہ قیمت محسوب کرنی چاہئے جو دوکان چھوڑنے کے وقت مل سکتی ہے اور اس پر زکوۃ دینا چاہئے۔

## جو قرض ہے اس کی زکوۃ وصولی کے بعد ہے

(سوال ۲۴۰/۲) مثلاً ایک سو روپے کا مال دوکان میں موجود ہے اور پانچ سو روپے دوسرے اشخاص پر قرض بطور ادوکا ہی ہیں جس میں یقینی طور پر سب کا وصول ہونا غیر ممکن ہے تو کیا مال موجودہ ایک سو روپے پر زکوۃ دینی چاہئے، یا رقم قرض پر بھی۔

(جواب) (۱) قرض دادنی کے ادا کرنے کے بعد اگر ایک ہزار روپے کا مال مثلاً بچے تو ختم سال پر اس کی زکوۃ دینی چاہئے اور زکوۃ قیمت مال موجودہ نرخ موجود کے حساب سے واجب ہوگی۔ دوکان چھوڑنے کی حالت میں جو کمی پر مال فروخت ہو اس کا خیال نہ کیا جاوے گا بلکہ نرخ بازار موجودہ مال کا اعتبار ہوگا۔ (۳)

(۲) ایک سو روپے موجودہ کی زکوۃ ختم سال پر فی الحال دینا لازم ہے اور پانچ سو روپے جو قرض یافتنی ہے اس میں سے جس قدر وصولی ہوتا جاوے اس کی زکوۃ سال گذشتہ و حال کی سب دینی لازم ہوگی۔ غرض یہ ہے کہ قرض یافتنی پر زکوۃ واجب ہے لیکن دینا زکوۃ کا بعد وصول قرض کے لازم ہوتا ہے۔ اور اگر فرض کرو کہ قرض دو سال کے بعد وصول ہوا تو بعد وصول کے دونوں سال کی زکوۃ لازم ہوگی۔ (۴) اور جو روپیہ وصول نہ ہوگا اس کی زکوۃ ساقط ہو جاوے گی۔ (۵) فقط۔

---

(۱) ومدیون للعبد بقدر دینہ فیز کی الزائد ان بلغ نصابا (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۹ ط.س. ج۲ ص ۲۶۳) ظفیر۔

(۲) رد المحتار کتاب الزکوۃ تحت قولہ اومؤجلا ج ۲ ص ۷ ۱۲ ط.س. ج۲ ص ۲۶۱ ظفیر۔

(۳) الزکوۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ماکانت اذا بلغت قیمتھا نصابا من الورق والذھب الخ وتعتبر القیمۃ عند حولان الحول الخ اذا کان لہ مائتا قفیز حنطۃ للتجارۃ تساوی مائتی درھم فتم الحول ثم زاد السعر او انتقص فان اوی من عینھما ادی خمسۃ اقفزۃ وان ادی القیمۃ تعتبر قیمتھا یوم الوجوب الخ وعند ھما یوم الاداء وکذا کل مکیل او موزون او معدود الخ (عالمگیری کتاب الزکاۃ باب ثالث فصل دوم ج ۱ ص ۱۶۸ ط. ماجدیہ ج ۱ ص ۱۷۹) ظفیر۔

(۴) واما سائر المدیون المقربھا فھی علی ثلاث مراتب الخ قوی وھو مایجب بدلا عن سلع التجارۃ اذا قبض اربعین زکی لما مضی (عالمگیری مصری کتاب الزکوۃ باب اول ج ۱ ص ۱۶۴ ط. ماجدیہ ج ۱ ص ۱۷۳)

(۵) ولا (زکاۃ) فی مال مفقود الخ و دین کان جحدہ المدیون سنین ولا بینۃ لہ الخ والاصل فیہ حدیث علیؓ لا زکوۃ فی مال الضمار وھو مالا یمکن الانتفاع بہ مع بقاء الملک (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۱ و ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ ص ۲۶۶) ظفیر۔

## منافع کی زکوٰۃ اصل کے ساتھ دی جائے گی

(سوال ۲۴۱) کیا تجار قبل تمام سال جو منافع ہوتا ہے اس کو اصل روپے کے ساتھ ملا کر کل کی زکوٰۃ نکالیں یا صرف اصل کی زکوٰۃ نکالی جاوے۔

(جواب) درمیان کے جو منافع ہوئے وہ ختم سال اصل مال پر زکوٰۃ دینے کے لئے شمار ومعتبر کئے جائیں گے۔(۱) فقط۔

## دوکان کی نقد وادھار کی زکوٰۃ کیسے دی جائے

(سوال ۲۴۲) زید نے ایک دوکان آٹھ ہزار روپے سے کی اور اسی آٹھ ہزار روپے میں سے تین ہزار روپے ادھار میں ہوگئے اور پانچ ہزار کا مال دوکان میں باقی ہے۔ اب زکوٰۃ مال موجودہ ہی پر ہے یا ادھار پر بھی زکوٰۃ واجب ہے۔ ادھار کا روپیہ سال وار کل وصول نہیں ہوتا تھوڑا تھوڑا روپیہ مثلاً ۷۰۰-۶۰۰ وصول ہوتا ہے اور پھر اتنا ہی ہو جاتا ہے۔

(جواب) ادھار کی زکوٰۃ دینا واجب تو اس وقت ہوتا ہے کہ وہ روپیہ وصول ہو جاوے اور اس وقت پچھلے زمانہ کی بھی زکوٰۃ دینی لازم ہے لہذا بہتر یہ ہے کہ کل مال ادھار موجودہ کی زکوٰۃ کا حساب کر کے ختم سال پر دے دیوے تا کہ بار بار بوقت وصول ادھار کے حساب کرنے کی دقت پیش نہ آوے۔(۲) فقط۔

## مضاربت کے روپے کی زکوٰۃ کس کے ذمہ ہے

(سوال ۲۴۳) ایک شخص نے دوسرے کو مضاربت کے واسطے روپیہ دیا تھا اس نے روپیہ لے کر ایک دو سال تجارت کیا اور رب المال کو منافع بالکل نہیں بلکہ خود رکھ لیا اور رب المال نے اس روپے کی زکوٰۃ بھی ادا کر دی، تو مالک روپے کو اصل روپیہ مع زکوٰۃ کے لینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) مضاربت اگر صحیح ہو تو اس کا حکم یہ ہے کہ اصل روپیہ اور جو کچھ نفع معین ہوا نصف یا ثلث وہ مالک روپے کو ملے گا۔ پس مضارب نے جب کہ خیانت کی اور روپیہ دینے سے انکار کیا تو وہ اصل روپیہ مع حصہ منافع کے لینے کا مستحق ہے اور زکوٰۃ ایسے روپیہ کی بعد وصول ہونے کے واجب الاداء ہوتی ہے۔ لیکن اگر قبل از وصول مالک نے زکوٰۃ ادا کر دی تو وہ محسوب ہو جاتی ہے۔ پس جو روپیہ زکوٰۃ کا مالک نے ادا کیا اس کو مضارب سے نہیں لے سکتا فتجب زكوتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فوراً بل عند قبض اربعين درهماً من الدين القوى كقرض وبدل مال تجارة فكلما قبض اربعين درهماً يلزمه درهم۔(۳) الخ درمختار و فيه لو عجل ذونصاب زكوته لسنين او لنصب صح در مختار۔ فقط۔(۴)

## جو مکان کرایہ پر چلانے کے لئے خریدا ہے اس کی قیمت پر زکوٰۃ ہے یا آمدنی پر

(سوال ۲۴۴) ایک شخص کے پاس سکونتی مکان کے علاوہ بطور جائداد کے ایک مکان ہے اور یہ مکان صرف اس لئے خرید کیا ہے کہ اس صورت میں روپیہ محفوظ رہے اور کرایہ سے اپنا خرچ چلتا رہے۔ اس مکان کی زکوٰۃ ہر سال دی

---

(۱) ومن كان له نصاب فاستفاد فى اثناء الحول من جنسه ضمه اليه وزكاه به. (هدايه كتاب الزكاة فصل فى الخيل ج ۱ ص ۱۷۵) ظفير. (۲) واعلم ان الدين عند الامام ثلاثة، قوى ومتوسط وضعيف فتجب زكاتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فوراً بل عند قبض اربعين در هما من الدين القوى كقرض وبدل مال تجارة فكلما قبض اربعين درهم يلزمه درهم (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۷ و ج ۲ ص ۴۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۷. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵. ۱۲ ظفير.

(۴) الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكاة الغنم ج ۲ ص ۳۶. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۳. ۱۲ ظفير.

جائے یا نہیں۔ اگر دے تو قیمت پر یا آمدنی پر۔

(جواب) اس صورت میں مکان کی قیمت پر زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ بلکہ کرایہ کا روپیہ نصاب کے قدر یا زیادہ جمع ہوگا اس پر سال گزر جاوے گا اس کی زکوٰۃ دینا لازم ہوگی۔ (۱) فقط

## مال تجارت کی زکوٰۃ

(سوال ۲۴۵) تجارت کا مال گڑ ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح دینی چاہئے۔

(جواب) گڑ کی قیمت کر کے چالیسواں حصہ زکوٰۃ دی جاوے۔ (۲) یا گڑ ہی زکوٰۃ میں دے دیا جاوے۔ فقط۔

## قرض نفع کے ساتھ

(سوال ۲۴۶) زید پارچہ کا بیوپار کرتا ہے۔ زید نے بکر کو چار سو روپے کا پارچہ فی صدی ۲؍ منافع پر ایک ماہ کی مدت کے وعدہ پر دیا اور کہہ دیا کہ اگر حسب وعدہ رقم ادا ہوگئی تو فبہا ورنہ بعد مدت مقررہ کے ایک روپیہ فی صدی منافع دینا ہوگا۔ بکر بھی اس بات پر رضامند ہوگیا۔ یہ جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) یہ جائز نہیں ہے بلکہ حرام اور سود ہے۔

## مضاربت پر جو تجارت ہو رہی ہے اس کی زکوٰۃ کیسے ادا کی جائے

(سوال ۲۴۷) زید کا روپیہ بکر کی محنت، دونوں مل کر کاروبار کرتے ہیں اور نفع نقصان کے دونوں ذمہ دار ہیں، اب دونوں مل کر زکوٰۃ ادا کریں یا کیا۔

(جواب) اس روپے کی زکوٰۃ بذمہ زید واجب ہے اور بکر کو جب نفع کا روپیہ بقدر نصاب حاصل ہو جاوے اور سال بھر گزر جاوے تو اس کے ذمہ اس روپے کی زکوٰۃ واجب ہے۔

## بیوپاریوں کو جو مال بھیجا جاتا ہے اور روپیہ سال بھر بعد ملتا ہے اس کی زکوٰۃ کس طرح ادا کی جائے

(سوال ۲۴۸) جو مال بیوپاریان کو منافع لگا کر روانہ کیا جاتا ہے اس کا روپیہ کبھی سال بھر میں کبھی ڈیڑھ سال میں وصول ہوتا ہے اس کی زکوٰۃ مع منافع کے نکالی جاوے یا بغیر منافع، اور کبھی بیوپاری سال بھر کے بعد مال واپس بھی کر دیتے ہیں اور ان سے روپیہ مشکل سے وصول ہوتا ہے۔

(جواب) جو مال بیوپاری کو دیا جاتا ہے اس کی جو کچھ قیمت مع منافع اس سے مقرر ہوئی ہے اس قیمت پر بعد وصول کے زکوٰۃ واجب ہے جس قدر وصول ہوتا جاوے اس کی زکوٰۃ ادا کی جاوے اور جو وصول نہ ہوا اس کی زکوٰۃ کچھ لازم نہیں ہے۔ (۳) فقط۔

## تاجر ادھار نقد دونوں کی زکوٰۃ دے یا صرف نقد کی

(سوال ۲۴۹) ایک شخص تاجر ہے اور اس کا کچھ روپیہ ادھار میں ہے اور کچھ اس کے پاس نقد موجود ہے تو وہ زکوٰۃ

---

(۱) فلا زکوٰۃ علی مکاتب الخ واثاث المنزل ودور السکنی ونحوها (در مختار) قوله ونحوها ای کثیاب البدن الغیر المحتاج و کالحوانیت والعقارات (رد المحتار الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۰. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۳-۲۵۶) ظفیر.

(۲) واللازم فی مضروب کل منهما (الی قوله) وفی عرض تجارة قیمة نصاب من ذهب اوورق مقوما باحدهما ربع عشر (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۴۱. ط.س. ج ۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفیر.

(۳) فتجب زکاتها تم نصابا وحال الحول لکن لا فوراً بل عند قبض اربعین درهما من الدین القوی کقوض وبدل مال تجارة (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ باب زکوٰۃ المال ج ۲ ص ۴۷. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) ظفیر.

تمام روپے کی ادا کرے یا جس قدر اس کے پاس موجود ہے۔

(جواب) تمام روپے کی زکوٰۃ ادا کرے لیکن جس قدر روپیہ قرض میں ہے اس کی زکوٰۃ بعد وصول کے ادا کرنی لازمی ہوتی ہے۔ بعد وصول کے گذشتہ ایام کی بھی زکوٰۃ دینا لازم اور واجب ہے۔(۱) فقط

## ادھار دو سال بعد وصول ہوا تو گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۰) مثلاً ادھار سے دو سال کے بعد روپیہ وصول ہوا تو زکوٰۃ دونوں سال کی ادا کرے یا ایک سال کی۔

(جواب) دونوں سال کی زکوٰۃ ادا کرے۔(۲) فقط۔

## جس ماہ زکوٰۃ ادا کرتا تھا اس سے ایک ماہ پہلے وہ نکل گیا تو کیا کرے

(سوال ۲۵۱) اگر تمام روپیہ تجارت میں صرف ہو گیا اور یہ شخص رمضان میں زکوٰۃ ادا کیا کرتا تھا اور روپیہ شوال میں وصول ہوا تو اس سال کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی یا نہیں اور کب ہوگی۔

(جواب) اس سال کی زکوٰۃ بھی ادا کرے۔ شوال میں جو روپیہ وصول ہوا اس کی زکوٰۃ بعد وصول ادا کرنا لازم ہے لیکن پچھلے سال کی بھی ادا کرنا لازم ہے۔

## درمیان سال میں جو وصول ہوا اس کی زکوٰۃ کس طرح دی جائے

(سوال ۲۵۲) اگر درمیان سال میں روپیہ وصول ہو تو اس کی زکوٰۃ اسی وقت دینی ہوگی یا رمضان شریف میں۔

(جواب) جس وقت وصول ہو تو اس وقت زکوٰۃ دینا لازم ہے لیکن اگر پہلے یا پیچھے دے دے تب بھی درست ہے، حساب اول سے ہی لگے گا۔ فقط۔

## اسامی سے وصول میں جو رقم خرچ ہوئی اس میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۳) ایک اسامی سے نالش کر کے ستر روپے وصول ہوئے، اور چالیس روپے عدالت میں خرچ ہوئے اور ان چالیس روپے کی زکوٰۃ ادا کر چکا تھا اب کل ستر روپے کی زکوٰۃ ادا کرنا ہوگی یا بعد منہائے خرچ۔

(جواب) کل روپے کی زکوٰۃ ادا ہوگی خرچ منہا نہ ہوگا۔ فقط۔

---

(۱، ۲) ولو كان الدين على مقر ملئى الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى. (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ ص۲۶۶) ظفير.

چھٹا باب عشر

# پیداوار کی زکوٰۃ

## لگان والی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۴) جس شخص کے پاس ذاتی زمین نہ ہواور وہ لگان پر زمین لے کر کاشت کرائے اوراس کے پاس لاگت بھی نہ ہو بلکہ سودی قرض لے کر صرف کرے تو ایسی صورت میں اس کے اوپر پیداوار میں سے عشر واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) قول صاحبین کے موافق زمین عشری کا عشر بذمہ مستاجر ہے، فی الدرالمختار وقال علی المستاجر (۱) اور باب العشر میں یہ بھی ہے ویجب مع الدین الخ ان روایات کے موافق عشر پیداوار کا اس پر واجب ہے۔ فقط۔

## لگان اور سینچائی والی زمین میں کیا عشر آئے گا

(سوال ۲۵۵) زید نے ایک زمیندار سے بیس روپے سالانہ لگان پر کاشت کرنے کے لئے زمین کی ہے اور پینتیس روپے اس کی سینچائی وغیرہ میں صرف ہوئے ہیں۔ پیداوار سو روپے کی ہے تو زید کو اس میں سے کس قدر زکوٰۃ دینی ہوگی۔

(جواب) اس صورت میں اگر زمین عشری ہے تو دسواں حصہ پیداوار کا اس کو فقراء کا دینا چاہئے، جس قدر پیداوار ہوئی مثلاً سو روپے کی، اسی کا دسواں حصہ دینا ہوگا۔ (۲) فقط

## مزارعت والی زمین میں عشر

(سوال ۲۵۶) الف نے اپنی زمین جو بارانی ہے، عمر کو اس شرط پر کاشت کو دی کہ کاشت پر تخم جس قدر خرچ ہوگا وہ میں ادا کردوں گا اور پیداوار بحصہ نصف تقسیم کرلیں گے۔ لگان سرکاری بھی الف ادا کیا کرتا ہے۔ کل پیداوار زمین بالا سے بائیس من غلہ حاصل ہوا جو نصف حصہ ۱۱ من الف کو ملا۔ اجرت کلیانہ تقریباً ایک من۔ اس کے علاوہ مشترکہ دے دی گئی۔ گویا کل پیداوار زمین ہذا ۲۳ من ہوئی۔ کیا الف پر عشر واجب ہے اور کس قدر ساری پیداوار کا عشر الف مالک زمین ہی ادا کرے یا صرف اپنے اپنے حصہ کا دیں گے یا لگان والی زمین کی وجہ سے عشر ساقط ہو جاوے گا۔

(جواب) زمین عشری میں اگر وہ زمین زراعت پر دے دی جاوے جیسا کہ صورت مسئولہ میں ہے تو عشر زمیندار کاشتکار پر بقدر اپنے اپنے حصہ کے واجب ہوتا ہے۔ (۳) اور ایک من جو اجرت میں مشترک صرف ہوا اس کا عشر دونوں پر واجب ہے اور یہ بھی فقہاء نے لکھا ہے کہ جو زمین خراجی ہو اس میں عشر واجب نہیں ہوتا۔ فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الزکوة باب العشر ج ۲ ص ۷۴. ط.س. ج۲ص ۳۳۴. ۱۲ ظفیر

(۲) ایضاً ج ۲ ص ۶۷ ۱۲. ط.س. ج۲ص ۳۲۶ ظفیر

(۳) وکذا یجب العشر فی مسقی سماء سیح کنهر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶. ط.س. ج۲ص ۳۲۶) ظفیر.

(۴) وفی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهمابالحصة (در مختار) والحاصل ان العشر عند الامام علی رب الارض مطلقا وعند هما کذالک لو البذرمنه ولو من العامل فعلیهما وبه ظهران ماذکره الشارح هو قولهما، اقتصر علیه لما علمت من ان الفتویٰ علی قولهما بصحة المزارعة لکن ماذکر من التفصیل یخالفه ما فی البحر والمجتبیٰ الخ وغیر ها من ان العشر علی رب الارض عنده، علیهما عند هما من غیر ذکر هذا لتفصیل وهو الظاهر لما فی البدائع من ان المزارعة جائزة عندهما والعشر یجب فی الخارج والخارج بینهما فیجب العشر علیهما(رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۶ و ج ۲ ص ۷۶. ط.س. ج۲ص ۳۳۵) ظفیر.

## زمیندار پر عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۷) ہندوستان میں جو لوگ زمیندار ہیں اور خود کاشت نہیں کرتے، رعایا کاشت کرتی ہے، زمیندار کو جو روپیہ رعایا سے ملتا ہے اس میں سے مال گزاری سرکاری ادا کر کے باقی زمیندار اپنے صرف میں لاتے ہیں، ایسے زمینداروں پر بعد ادائے مال گذاری کے کیا اور بھی کوئی حق شرعی خراج وغیرہ ادا کرنا لازم ہے یا کیا۔

## باغ میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۸/۲) اسی طرح جن لوگوں کے پاس آم وغیرہ کے باغ ہیں ان کو بھی کوئی حق شرعی اگر ادا کرنا ہے تو اس کی صراحت فرمائی جاوے۔

(جواب) (۱) جس اراضی میں خراج یعنی محصول سرکاری دیا جاتا ہے ان میں عشر یعنی دسواں حصہ دینا ضروری نہیں ہے، اگر دیوے بہتر ہے اور تفصیل اس کی یہ ہے کہ دوسروں سے کاشت کرانے کی دو صورتیں ہیں۔ایک یہ کہ نقد روپے پر بطریق اجارہ زمین دی جاوے۔ دوسرے یہ کہ بٹائی غلہ پر دی جاوے۔ ثانی صورت میں اگر تخم مزارع کا ہے تو ہر ایک مالک و مزارع اپنے اپنے حصہ کے غلہ میں سے دسواں حصہ دیویں۔اور پہلی صورت میں اجر مستاجر پر ہے اور یہ قول صاحبین کا ہے اور اس پر درمختار میں فتویٰ نقل کیا ہے والعشر علی الموجر کخراج موظف وقال علی المستاجر کمستعیر مسلم وفی الحاوی، وبقولهما ناخذو فی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة(۱)(در مختار) وفی الشامی قوله ارض غیر الخراج . اشارالی ان المانع من وجوبه کون الارض خراجیة لانه لا یجتمع العشروالخراج(۲)الخ ج ۲ ص ۴۹ باب العشر۔

(۲) اس میں بھی وہی حکم ہے جو نمبر ا میں ہے کہ اگر اس زمین میں محصول سرکاری دیا جاتا ہے تو باغ کے پھلوں پر عشر نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## حکومت جو محصول لیتی ہے وہ عشر یا خراج کے درجہ میں ہے یا نہیں

(سوال ۲۵۹) زمین مزروعہ ہندوستان جواب زیر حکومت انگریزوں کے ہے عشری ہے یا خراجی، بہر دو تقدیر جب کہ ٹھیکہ ادا کیا جائے عشر فرض ہوگا یا خراج یا کچھ نہیں۔بصورت وجوب جن زمینوں پر سرکار نہر کا پانی پہنچاتی ہے اور آب پاشی بصورت قیمت پانی کے لیتی ہے ایسی زمین کا عشر دینا ہوگا یا نصف عشر۔اور بصورت وجوب کیا یہ ہوسکتا ہے کہ بقدر ٹھیکہ سرکاری کاٹ کر باقی کا عشر فرض ہو۔

اور ریاست بہاولپور کی زمین کا حکم جس کا حکمراں مسلمان ہے امور مستفسرہ مذکورہ میں باقی زمین جیسا ہے یا کہ متفاوت۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار . باب العشر ج ۲ ص ۴۷ و ج ۲ ص ۷۵. ط.س. ج۲ص ۳۳۴. ۱۲ ظفیر

(۲) دیکھئے ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۲۶ ط.س. ج۲ص۳۲۵ ۱۲ ظفیر

(۳) دلیل بظاہر وہی ہے جو مجیب علام نے پہلے مسئلہ میں نقل کی ہے قوله ارض غیر الخ اشار الی ان المانع من وجوبه کون الارض خراجیة لانه لا یجتمع العشر والخراج (ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۲. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۵) مگر خاکسار کے خیال میں یہ دلیل درست نہیں ہے۔ اس لئے کہ صرف سرکار کا محصول لینا محصول کو خراجی نہیں بنا تا جیسا کہ اگلے جواب میں خود مجیب علام نے یہ بات صاف کر دی کہ سرکار جو محصول لیتی ہے وہ خراج نہیں کہلاتا ہے۔ پس معلوم ہوا یہ جواب ہندوستان کی موجودہ پوزیشن کے تحت ہے کہ یہاں کی زمین میں دار الحرب ہونے کی وجہ سے نہ عشر ہے نہ خراج۔ لہذا حوالہ میں جو عبارت نقل کی گئی ہے وہ غالباً تسامح ہے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(جواب) عبارت شامی میں یہ تصریح ہے کہ اراضی ہندوستان میں عشر وخراج کچھ نہیں، نہ وہ عشری ہیں نہ خراجی۔ پس جو کچھ سرکار محصول لیتی ہے وہ خراج نہیں کہلاتا۔ عبارت شامی یہ ہے فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ باب الرکاز ۔(۱) جہاں عشر واجب ہوتا ہے وہاں کل پیداوار کا عشر واجب ہوتا ہے کچھ وضع نہیں ہوتا اور جن اراضی میں پانی کا محصول دیا جاوے ان پر نصف عشر ہے۔ اور ریاست اسلامیہ میں عشر دینا چاہئے۔

## ہندوستان کے باغوں میں عشر نہیں

(سوال ۲۶۰) آم کے باغوں میں کیری بالکل چھوٹے کچے آم توڑ کر چٹنی وغیرہ کھانے لگتے ہیں تو عشر کا اندازہ کیا ہوگا اور کس طرح ادا کریں یا عشر نہیں۔

(جواب) روایات فقہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینوں اور باغوں میں عشر نہیں ہے۔ فقط (کیونکہ یہ ملک دارالحرب ہے اور دارالحرب کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی۔ (فان ارضها لیست ارض خراج او عشر . ظفیر)

## ہندوستان کی زمین کے متعلق استفسار

(سوال ۲۶۱) آپ نے استفسار نمبر ۶۸۳ (مندرجہ بالا) میں تحریر فرمایا ہے کہ روایت فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینوں اور باغوں میں عشر نہیں ہے، اس میں شبہ یہ ہے کہ الامداد شعبان میں لکھا ہے کہ پیداوار میں جس سے آمدنی حاصل کرنا مقصود ہو عشر واجب ہوتا ہے۔ خواہ غلہ ہو خواہ پھل۔ پس کھیت اور باغ دونوں میں واجب ہے۔ اسی قسم کا جواب حضرت مولانا رشید احمد قدس سرہ کا منقول ہے۔ اس صورت میں کیا حکم ہے۔

(جواب) اس بارہ میں پہلے بے شک احقر نے بھی یہی لکھا ہے جو آپ نے نقل فرمایا اور الامداد وغیرہ میں بھی یہ مضمون موجود ہے۔ اب چند مدت ہوتی ہے کہ شامی جلد ثانی باب الرکاز میں یہ عبارت نظر پڑی جو ذیل میں درج ہے اور جس کا حاصل یہ ہے کہ اراضی دار الحرب نہ عشری ہیں نہ خراجی۔ یہ مسئلہ فقہاء کے نزدیک متفق علیہ اور مسلم معلوم ہوتا ہے اس عبارت کے دیکھنے کے بعد اس کی اصل معلوم ہوئی جو حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ نے مالابدمنہ میں تحریر فرمایا ہے کہ مسائل عشر اس کتاب میں اس وجہ سے نہیں لکھے گئے کہ یہاں کی زمینیں عشری نہیں ہے یا یہاں کی زمینوں پر عشر نہیں ہے۔ اوکما قال۔ الغرض تشریح شامی کے بعد اور تحقیق قاضی صاحب مرحوم کو پیش نظر رکھتے ہوئے اب احقر یہ کہنے لگا کہ ہندوستان کی زمینیں عشری نہیں ہیں بایں ہمہ احتیاط عشر نکالنے میں ہے وہ عبارت یہ ہے۔ قال فی فتح القدیر قید بالخراجیة والعشریة لیخرج الدار فانه لا شئی فیها لکن ورد علیه الا رض اللتی لا وظیفة فیها کا المفازة اذیقتضی انه لاشئی فی الماخوذ منها ولیس کذلک فالصواب ان لا یجعل ذلک لقصد الا حتراز بل للتنصیص علی ان وظیفتهما المستمرة لا تمنع الا خذمما یو جد فیهما (الی ان قال) واقول یمکن الجواب بان المراد بالعشریة والخراجیة ماتکون وظیفتها العشرا والخراج سواء کانت بیدا حداولا ، فتشمل المفازة وغیره ها بد لیل ما قد مناه عن الخانیة من ان ارض الجبل عشریة فیکون المراد الا حتراز بها عن دار الحرب ویدل علیه انه فی متن در ر البحار غیر بمعدن غیر الحرب فعلم ان المراد معدن ارضنا ولهذا قال القهستانی بعد قوله فی ارض خراج او عشر الا حصر فی ارضنا سواء کانت جبلاً او سهلاً مواتاً او

(۱) رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۲۱ ط.س. ج ۲ ص ۳۱۹ . ۱۲ ظفیر

ملکاً و احترز بہ عن دارہ وارضہ وارض الحرب آہ . ثم رایت عین ماقلتہ فی شرح الشیخ اسمٰعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازاً عما وجد فی دار الحرب فان ارضھا لیست ارض خراج اوعشر (۲) الخ

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ارض حرب نہ عشری ہے نہ خراجی ۔اس لئے اب بوجہ تصریح فقہاء ہندوستان کی اراضی سے عشر کی نفی لکھنی پڑتی ہے اور اس کے خلاف اب تک کہیں دیکھا نہیں کہ اراضی حرب میں وجوب عشر کی تصریح ہو۔ لہذا پہلے جو فتویٰ حسب قواعد عامہ وجوب عشر کا دیا جاتا تھا اب اس کو چھوڑنا پڑا۔ فقط۔

## جو زمین پہاڑ کے پانی سے بعد محنت سیراب ہوئی اس میں نصف عشر ہے یا عشر

(سوال ۲۶۲) ایک قطعہ زمین جو پہاڑ کے پانی سے سیراب ہوتی ہے مگر محنت ومشقت سے بند دے کر سیراب کی جاتی ہے تو شرعاً اس پر عشر واجب ہے یا نصف عشر۔

(جواب) شامی باب الرکاز میں ہے واحترز بہ عن دارہ وارضہ وارض الحرب اہ.ثم رایت عین ماقلتہ فی شرح الشیخ اسمٰعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازاً عما وجدفی دارالحرب فان ارضھا لیست ارض خراج او عشر الخ (۲) اس عبارت سے واضح ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینیں نہ عشری ہیں نہ خراجی۔ اور اگر یہ صورت دارالاسلام کی زمین میں ہوتو وہاں بصورت مذکورہ عشر لازم ہوگا کیونکہ مسقی سماء وسیح میں عشر واجب ہوتا ہے۔ کذا فی الدرالمختار۔ (۳) فقط

## زمیندار کون ہے اور عشر سے متعلق تفصیل کیا ہے

(سوال ۲۶۳) زمیندار وہی ہے جو حاکم وقت کو خراج دیتا ہے یا اور کوئی اور جس نے اس سے اجرت پر لیا وہ مستاجر ہے یا نہیں۔ زمیندار خود مالک ہے یا سرکار سے مستاجر ہے۔ عشر کے لئے ملک شرط ہے یا نہیں۔ مستاجر اور مزارع پر عشر واجب ہونے کے لئے عشری زمین شرط ہے یا نہیں۔

(جواب) زمیندار وہی ہے جو سرکار کو خراج دیتا ہے اور مالک زمین زمیندار ہے اور عشر کے لئے ملک شرط ہے لیکن مزارعۃ واجارہ کی صورت میں صاحبینؒ کا مذہب جو کہ مفتی بہ ہے یہ ہے کہ مزارعۃ میں زمیندار اور مزارع دونوں پر بقدر حصہ عشر واجب ہے اور اجارہ کی صورت میں عندالصاحبین مستاجر پر عشر واجب ہے۔... امام صاحبؒ موجر پر عشر واجب فرماتے ہیں۔ بعض فقہاء نے امام صاحبؒ کے مذہب پر فتوی دیا ہے لیکن اس زمانے میں صاحبینؒ کے مذہب پر فتویٰ دینا اقرب ہے۔ اور درمختار میں حاوی سے منقول ہے۔ وبقولھما نا خذو فی المزارعۃ ان کان البذر من رب الارض فعلیہ ولو من العامل فعلیھما بالحصۃ الخ (۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

---

(۱) رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ص ۳۱۹. ۱۲ ظفیر
(۲) ردالمحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ص ۳۲۰. ۱۲ ظفیر
(۳) وتجب فی مسقی سماء ای مطر وسیح کنھر بلا شرط نصاب (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۴۷ ط.س. ج۲ص ۳۲۶) ظفیر.
(۴) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ ط.س. ج۲ص ۳۳۴. ۱۲ ظفیر

## ہندوستان کی زمین میں احتیاطاً عشر دینا چاہئے

(سوال ۱/۲۶۴) ہندوستان کی زمین عشری ہے یا خراجی اور عشر میں زکوۃ واجب ہے یا نہیں جو کہ زمیندار ان کاشتکاری کرتے ہیں اور اراضی کا لگان سرکار کو دیتے ہیں اور جس قدر ان کو منظور ہوتا ہے اپنی کاشت میں رکھتے ہیں جو اراضی خود کاشت کرتے ہیں اس کی پیداوار میں زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔ زکوۃ غلہ وتجارت کے مال میں سے جو نکالی جاتی ہے اس میں سال کی قید ہے یا غلہ تیار ہونے پر۔ اور زکوۃ پوری غلہ کے حساب سے دی جاوے یا خرچ اخراجات منہا کر کے۔

## قرض ہو تو عشر واجب ہوگا یا نہیں

(سوال ۲/۲۶۵) ایک شخص مقروض ہے جو کچھ روپیہ اخراجات سے بچتا ہے وہ قرض میں ادا کرتا ہے مگر جو گھر میں کھیتی ہوتی ہے اس غلہ سے وہ زکوۃ نکالتا ہے وہ درست ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) ردالمحتار الرکاز میں یہ تصریح کی ہے کہ ہندوستان جیسے ملک میں کوئی زمین عشری اور خراجی نہیں ہے۔ بناء علیہ جو محصول سرکار لیتی ہے اس کو خراج نہ کہیں گے اور جب کہ کوئی زمین ہندوستان کی عشری نہیں ہے تو عشر بھی واجب نہ ہوگا۔ (۱) لیکن اگر احتیاطاً مسلمان اپنی آراضی کا عشر دیویں تو اچھا ہے اور عشر یعنی دسواں حصہ پیداوار کا جس جگہ واجب ہے کل پیداوار پر واجب ہے اور جس وقت غلہ پیدا ہوا اسی وقت واجب ہے، سال کی قید اس میں نہیں ہے، اور مال تجارت میں سال بھر کے بعد زکوۃ لازم آتی ہے، اور زمین عشری اگر مزارعت پر دی جاوے تو اس کی پیداوار میں عند الصاحبین حسب حصہ ہر ایک پر یعنی کاشتکار اور مالک زمین پر عشر لازم آتا ہے اور اجارہ کی صورت میں امام صاحب موجر پر اور صاحبین مستاجر پر عشر لازم فرماتے ہیں۔ (۲)

(۲) درمختار باب العشر میں ہے ویجب مع الدین۔ (۳) یعنی عشر باوجود قرض کے بھی لازم ہوتا ہے۔ پس جس جگہ عشر لازم ہے وہاں وجوب عشر کے لئے دین مانع نہیں ہے اور جہاں عشر واجب نہیں ہے وہاں بھی دے دینے میں کچھ حرج نہیں ہے۔ کما ہو ظاہر فقط

## زراعت سے جو غلہ پیدا ہوتا ہے کیا اس میں عشر ہے جب کہ مال گذاری سرکار لیتی ہے

(سوال ۲۶۶) اشیاء کاشت، دھان، گندم، تل، سرسوں، سن، پاٹ وغیرہ زراعت کی زکوۃ کیونکر دینی ہوگی۔ زمین مزروعہ کا خزانہ سالانہ تو زمیندار کو دیا جاتا ہے۔ اب پیداوار میں عشر یا زکوۃ دینے کا کیا طریقہ ہے۔

(جواب) دسواں حصہ یا بیسواں حصہ کل پیداوار کا دینا یہ عشر اور نصف عشر کہلاتا ہے اور جس زمین کا محصول سرکار لیتی ہے اس میں عشر و نصف نہیں ہے (۴) (منشاء یہ ہے کہ ہندوستان دار الحرب ہے، اس لئے عشر نہیں ہے، یہ مطلب نہیں ہے سرکاری محصول کی وجہ سے عشر نہیں ہے، یا سرکاری محصول عشر کے قائم مقام ہے۔ ۱۲ ظفیر)

---

(۱) ویحتمل ان یکون احتراز اعما وجد فی دار الحرب فان ارضھا لیست ارض خراج او عشر (رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۰) ظفیر.

(۲) والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر کمستعیر وفی الحادی وبقولھما نا خذو فی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیھما بالحصة (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۴ و ج ۲ ص ۷۵. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۴) ظفیر.

(۳) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۷. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۶ ۱۲ ظفیر.

(۴) ویحتمل ان یکون احتراز اعما وجد فی دار الحرب فان ارضھا لیست ارض خراج او عشر (رد المحتار. باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۰) ظفیر.

## کیا پیداوار میں چالیسواں حصہ نکالنا چاہئے

(سوال ۲۶۷) اگر کوئی زمین کسی غیر مذہب کی ہو یعنی ہندو کی، اس کے بعد کسی نصاریٰ نے اس پر قبضہ کرلیا ہو تو اس کی پیداوار میں چالیسواں حصہ نکالنا چاہئے۔ یہ صحیح ہے یا غلط۔

(جواب) زمین کی پیداوار میں مالک زمین پر دسواں حصہ آتا ہے یا بیسواں چالیسواں چالیسویں حصہ کے دینے کا حکم زمین کی پیداوار میں نہیں ہے۔(۱) ویسے بطریق صدقہ نفلی جس قدر چاہیں دیدیں مگر فرض نہیں ہے۔ فقط

## معافی زمین عشری ہے یا نہیں اور عشر کا کیا طریقہ ہے

(سوال ۲۶۸) زید کے قبضہ میں کچھ زمین معافی ہے۔ یہ عشری ہے یا نہیں۔ زید نے زمین مذکورہ کو اگر خود کاشت کی تو اس پر بلالحاظ صاحب نصاب ہونے کے اگر زکوٰۃ واجب ہوگی تو کس قدر۔ اور اگر زید نے یہ معافی زمین کسی غیر شخص کو لگان یا بٹائی پر دے دی تو بھی زکوٰۃ دینی ہوگی یا نہیں۔ اگر دینی ہوگی تو کس قدر اور ایک کو یا دونوں کو۔

(جواب) روایت شامی باب الرکاز سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان جیسے بلاد کی اراضی عشری وخراجی نہیں ہے اور احتیاط اس میں ہے کہ اس زمین کی پیداوار میں عشر دیا جاوے یعنی اگر خود کاشت کی ہے تو تمام پیداوار کا عشر خود ادا کرے اور اگر کسی کو مزارعت یعنی بٹائی پر دی ہے تو بقدر حصہ ہر ایک عشر دیوے اور نقد اجارہ پر دینے میں عشر بذمہ موجر ہے یا مستاجر علی اختلاف القولین۔(۲) فقط۔

(سوال ۲۶۹) میرے پاس کچھ زمین ہے کسی زمین کا خراج ہندو زمیندار کو دیتا ہوں اور کسی زمین کا خراج مسلمان زمیندار کو دیتا ہوں اب ہم کو عشر دینا ہوگا یا نہیں۔ میں زمین کو بٹائی پر دیتا ہوں۔ مگر بیج عامل دیتا ہے۔ اس حالت میں کس حساب سے عشر دینا ہوگا۔ اگر نصف بیج میں دوں اور نصف عامل دے تب کس حساب سے دینا ہوگا۔

(جواب) شامی کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہی کہ اراضی دارالحرب میں خراج وعشر کچھ نہیں ہے۔(۳) اور جن اراضی عشریہ میں عشر لازم ہے اور فرض ہے اس میں فتویٰ اس پر لکھا ہے کہ مزارعت کی صورت میں زمیندار مالک پر بقدر حصہ عشر لازم آتا ہے۔ یعنی جس قدر غلہ جس کے حصہ میں آوے وہ اس کا عشر ادا کرے۔(۴) فقط۔

## عشر و چالیسویں میں کیا فرق ہے

(سوال ۲۷۰/۱) عشر اور چالیسویں میں کچھ فرق ہے یا نہیں۔

## کاشتکاری جائز ہے یا نہیں

(سوال ۲۷۱/۲) کاشتکاری کرنا جائز ہے یا نہیں۔

---

(۱) یجب العشر الخ فی مسقی سماء ای مطروسیح الخ ویجب نصفه فی مسقی غرب الخ و دالیة الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار. باب العشر ج ۲ ص ۶۶. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۵) صورت مسئولہ میں زمین چونکہ غیر مسلم کی ہے اس لئے اس میں عشر نہ ہوگا۔ واخذ الخراج من ذمی غیر تغلبی اشتری ارضا عشریة من مسلم وقبضها منه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۰. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۹) ظفیر۔ (۲) والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر کمستعیر وفی الحاوی وبقولهما ناخذ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۴. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۴) ظفیر مفتاحی. (۳) احترازا عما وجدنی دار الحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۲۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۰) ظفیر. (۴) وفی المزارعة ان کان البذر من رب الارض فعلیه ولو من العامل فعلیهما بالحصة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۵) ظفیر.

## مال گذاری والے کھیت کی پیداوار میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۳/ ۲۷۲) کاشتکاری (جس کی مالگذاری سرکار کو دی جاتی ہے) میں عشر یا چالیسواں دینا واجب ہے یا نہیں۔

## مذکور تینوں قسموں میں سے کون سی زمین عشری ہے

(سوال ۴/ ۲۷۳) زید تین قسم کی کاشت کرتا ہے۔ اولاً یہ کہ وہ کسی رئیس امیر سے کچھ کاشت لئے ہوئے ہے جس کی پیداوار کے نصف نصف حصے آپس میں تقسیم ہوتے ہیں۔ مال گذاری مالک دیتا ہے۔ دوم یہ کہ زید اپنی زمین مملوکہ میں کاشت کرتا ہے۔ اس کی مال گذاری زید ہی سے متعلق ہے۔ سوم یہ کہ زید کے پاس معافی زمین ہے اس میں کاشت کرتا ہے اور مال گذاری دینا نہیں پڑتی۔ تینوں صورتوں میں زید پر عشر دینا واجب ہے یا نہیں۔

## عشر فرض ہے یا واجب یا مستحب

(سوال ۵/ ۲۷۴) عشر چالیسواں دینا فرض ہے یا واجب ہے یا مستحب۔

## عشر ہر فصل پر ہے یا سال میں ایک مرتبہ

(سوال ۶/ ۲۷۵) عشر چالیسواں سال بھر میں ایک مرتبہ دینا چاہئے یا ہر فصل پر۔

## عشر کے مصارف کیا ہیں

(سوال ۷/ ۲۷۶) عشر۔ چالیسواں کے مصارف کون ہیں؟

(جواب) (۱ تا ۷) کاشتکاری جائز ہے جیسا کہ کتب فقہ میں اس کی تفصیل موجود ہے اور جو صورتیں کاشتکاری کی سوال میں لکھی ہیں وہ سب درست ہیں۔ (۱) اور عشر دسواں حصہ زمین کی پیداوار کا ہے اور چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دینا ہوتا ہے جو کہ روپیہ اشرفی۔ مال تجارت وغیرہ پر لازم ہوتا ہے۔ پس زمینوں کی پیداوار میں سے جو دسواں حصہ پیداوار کا دینا ہوتا ہے اس کا نام عشر ہے اور روپے وغیرہ میں سے بعد سال بھر کے جو چالیسواں حصہ دیا جاتا ہے وہ زکوٰۃ ہے۔ اور شامی کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمینوں پر عشر نہیں ہے، لیکن جس جگہ عشر لازم ہوتا ہے وہاں ہر ایک فصل پر زمین کی پیداوار کا دسواں حصہ مثلاً دس من میں سے ایک من دینا لازم ہوتا ہے اور زکوٰۃ روپے وغیرہ کی سال بھر میں ایک دفعہ دینا فرض ہے اور عشر جس جگہ لازم ہے وہاں ہر ایک فصل پر جو آمدنی زمین کی ہو اس میں سے عشر یعنی دسواں حصہ پیداوار کا دینا لازم ہے۔ (۲) اور مصارف عشر اور زکوٰۃ کے فقراء ومساکین وغیرہ ہیں۔ (۳) فقط۔

## سبزی میں زکوٰۃ ہے یا نہیں اور ہے تو کتنی

(سوال ۲۷۷) سبزی میں اگر زکوٰۃ واجب ہے تو کس قدر۔

(جواب) امام صاحب کے نزدیک عشر جو کہ زمین کی پیداوار کی زکوٰۃ ہے سبزیوں اور ترکاریوں پر آتا ہے مگر جب تک شرائط عشر محقق نہ ہوں عشر واجب نہیں ہوتا اور ہندوستان کی آراضی کے عشری ہونے میں تردد واختلاف ہے۔ (۴) فقط۔

---

(۱) وعندهما جائزة والفتویٰ علی قولهما لحاجة الناس (عالمگیری کتاب المزارعة ج ۵ ص ۲۳۵ ط ماجدیه ج۵ص۲۳۵)

(۲) یجب العشر الخ فی ارض غیر الخراج الخ بلا شرط نصاب الخ وبلا شرط بقاء وحولان حول (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۲ ط.س. ج۲ص۳۲۵) ظفیر۔

(۳) مصرف الزکوٰة والعشر الخ هو فقیر وهو من له ادنی شئی ای دون نصاب الخ (ایضاً باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفیر۔ (۴) احتراز عما وجدفی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر (رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ص۳۲۰) ظفیر۔

## مزارعت والی زمین میں عشر کس پر ہے

(سوال ۲۷۸) حکم خراج مقاسمہ عقد مزارعت (بٹائی) سے سرفراز فرمائیے گا کہ سب مالک زمین پر ہے یا مزارع پر بھی بالحصہ ہے جیسا کہ حکم عشر ہے اگر دونوں پر مثل عشر ہے تو شامی کی اس عبارت (ثم اعلم ان هذا كله في العشر اما الخراج فعلي رب الارض اجماعاً كما في البدايع)(۱) کا کیا مطلب ہے۔

(جواب) شامی جلد ثالث باب العشر والخراج والجزیہ میں درمختار کے قول وهواى الخراج نو عان خراج مقاسمة الخ کی شرح میں ہے وقد تقرران خراج المقاسمة كالعشر لتعلقه بالخارج ولذايتكرر بتكور الخارج في السنة وانما يفارقه في المصرف . فكل شئي يو خذ منه العشر او نصفه يو خذ منه خراج المقاسمة وتجرى الا حكام التي قررت في العشر وفاقاً وخلافاً الخ۔(۲) اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ عبارت منقولہ شامی ثم اعلم ان هذا كله في ا لعشر اما الخراج فعلي رب الارض اجماعاً كما في البدايع میں خراج سے مراد خراج موظف ہے نہ خراج مقاسمۃ اور اصل مسئلہ کے متعلق ایک روایت شامی باب الرکاز صفحہ ۴۵ میں یہ بھی ہے ولهذا قال القهستاني بعد قوله في ارض خراج او عشرا لاحضر في ارضنا سواء كانت جبلاً او سهلاً مواتا او ملكاً واحترز به عن داره وارضه وارض الحرب اھ . ثم رأيت عين ما قلته في شرح اسمٰعيل حيث قال ويحتمل ان يكون احترزاً عما وجدفي دارالحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر الخ(۳) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی اراضی نہ عشری ہیں اور نہ خراجی۔فقط۔

## زمیندار کی موروثی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۷۹) کوئی شخص زمین کو زمیندار سے لے کر کاشت کرتا ہے اور زمانہ دراز گزرنے کی وجہ سے کاشتکار موروثی ہوگیا۔ زمین نہر سے سیراب کی جاتی ہے اور اس کا محصول بھی دیا جاتا، اس زمین پر عشر ہے یا نہیں۔

(جواب) اس زمین کی پیداوار میں عشر نہیں ہے۔(۴) (منشا یہی ہے کہ دارالحرب کی زمین عشری نہیں ہے۔ظفیر)

## خراجی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۸۰) خراجی زمین میں عشر واجب ہے یا نہیں

(جواب) یہ مسئلہ متفق علیہا بین الحنفیہ ہے کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتا لہذا خراجی زمین میں عشر کے وجوب کا فتویٰ دینا ان کے نزدیک صحیح نہ ہوگا۔(۵) یہ امر آخر ہے کہ اگر اس زمین سے جو کہ عشری ہے حکام نے خراج لے لیا تو مابینہ وبین اللہ اس شخص کو عشر دیدینا چاہئے، اور یہ احتیاط ہے اور یہ امر بھی محقق ہے کہ امام مجتہد کا کسی روایت سے استدلال کرنا اس حدیث کی صحت اور حجیۃ کی دلیل ہے فقط۔

---

(۱) رد المحتار كتاب الزكوة باب العشر ج ۲ ص ۲۷. ط.س. ج۲ص۳۳۵ ۱۲ ظفير صديقي

(۲) دیکھئے ردالمحتار كتاب الجهاد باب العشرو الخراج والجزيه ج ۳ ص ۳۵۹..ط.س. ج۴ص۱۸۵ .۱۲ ظفير صديقي.

(۳) رد المحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱ .ط.س. ج۲ص۳۲۰ .۱۲ ظفير

(۴) احتراز اعما وجد في دار الحرب فان ارضها ليست ارض خراج او عشر الخ(رد المحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱ .ط.س. ج۲ص۳۲۰) ظفير. (۵) اشار الى ان المانع من وجوبه كون الارض خراجية لانه لا يجتمع العشر والخراج(رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶ .ط.س. ج۲ص۳۲۵) ظفير.

## جس زمین کا محصول سرکار لیتی ہے کوئی خاص بچت نہیں اس میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۸۱) وہ زمین جس کی پیداوار سے بمشکل محصول سرکاری ادا ہوسکتا ہے یا بہت معمولی بچت ہوتی ہے، اس پر عشر فرض ہے یا نہیں۔

(جواب) ایسی زمین میں عشر واجب نہیں ہے اور روایت شامی سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں کسی زمین پر بھی عشر واجب نہیں ہے کیونکہ دارالحرب کی اراضی کو عشری اور خراجی کچھ نہیں شمار کیا جاتا ہے۔(۱) فقط۔

## نہری زمین میں عشر ہے یا نصف عشر

(سوال ۲۸۲) نہری زمینوں میں عشر ہے یا نصف عشر۔

(جواب) نہری زمینوں میں جن میں پانی کا محصول دیا جاتا ہے نصف عشر واجب ہوتا ہے۔ کما فی الدر المختار ویجب نصفه فی مسقی غرب ودالیة الخ وفی کتب الشافعیة اوسقاه بماء اشتراه وقواعدنا لا تاباه الخ۔(۲) فقط۔

## جس زمین کی اجرت پر سینچائی ہو اس میں عشر ہے یا نصف عشر

(سوال ۲۶۳) کل اراضی نہری کہ از سعی نصاری معمور شدہ است وقبل ازیں بالکل ویران بود۔ آنچہ پیداوار شدی بہ سبب باران شدی واکنوں آب بذریعہ نہر در ہر جامی رود ورسد وخراج ہم بگیرند بعض مولوی گویند کہ کل اراضی نہری در حکم عشر است کہ عشر دادہ می شود وبعض عکس آں وبعض از بست یک حصہ۔ کدام قول راجح وکدام مجروح است۔

(جواب) در شامی آوردہ کہ در آراضی دارالحرب عشر وخراج نیست ازیں روایت معلوم شدہ کہ در اراضی ہندوستان عشر واجب نیست (۳) ونیز فقہاء تصریح فرمودہ اند کہ اگر در زمین عشری ماء انہار دادہ شود کہ محصول آن وقیمت آں بہ سرکار دادہ می شود دراں نصف عشر یعنی بستم حصہ واجب می شود وایں (۴) نیز تصریح است کہ عشر باخراج جمع نمی شود۔(۵) فقط۔

## جس کھیت پر کھیتی میں چھ سو خرچ کیا اور آٹھ سو پیدا تو اس میں زکوٰۃ کیا آئے گی

(سوال ۱/۲۸۴) ایک کاشتکار نے اپنی زمین میں چھ سو روپے کل اخراجات کھیتی کے لگا کر پیداوار آٹھ سو روپے کی حاصل کی تو اس پر زکوٰۃ کتنی رقم کی واجب ہوگی۔

## جس زمین میں خسارہ رہا اس میں عشر ہوگا یا نہیں

(سوال ۲/۲۸۵) اسی طرح دوسری زمین میں چھ سو روپے لگا کر فصل پر کل پانچ سو روپے کی پیداوار ہوئی یعنی اصل لاگت سے بھی یک صد روپے کا نقصان رہا تو اب زکوٰۃ کی کیا شکل ہوگی۔

(۱) دیکھئے شامی باب الرکاز ج۲ ص۶۱۔ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۸۔
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۸ و ج ۲ ص ۶۹۔ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۸۔ ۱۲ ظفیر۔
(۳) دیکھئے ردالمختار باب الرکاز ج۲ ص۶۱۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۳۲۰۔ ۱۲ ظفیر۔
(۴) ویجب نصفه فی مسقی غرب ای دلو کبیر ودالیة ای دولاب لکثرة المؤنة الخ بلا رفع مؤن الخ الزرع وبلا اخراج البذر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۸ و ج ۲ ص ۶۹۔ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۸) ظفیر۔
(۵) لانه لا یجتمع العشر والخراج (رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶۔ ط۔س۔ ج۲ ص۳۲۵) ظفیر۔

## سینچائی والی زمین میں کیا عشر ہے

(سوال ۲۸۶/۱) ایک کاشتکار مندرجہ سوال نمبر ا کے مطابق تمام اخراجات زمین برداشت کرتا ہے اور بذریعہ موٹھ چاہ سے پانی دے کر کھیت سے فصل حاصل کرتا ہے وہ زکوۃ کس طرح پر ادا کرے۔

(جواب) (۱-۲-۳) جن اراضی میں عشر واجب ہے ان میں کل پیداوار کا عشر نکالنا واجب ہے، بدون وضع کرنے اخراجات کے۔ کما فی الدر المختار بلا رفع مئون الزرع الخ(۱) اور مزارعت میں کاشتکار اور مالک زمین پر بقدر حصہ عشر واجب ہے اور شامی کی روایت باب الرکاز سے معلوم ہوتا ہے کہ دار الحرب کی زمینوں میں عشر نہیں اور نمبر ۳ میں ایک دوسری تفصیل ہے۔ وہ یہ کہ اس میں بیسواں حصہ نکالنا واجب ہے۔ (۲) باقی جواب بدستور مذکور ہے فقط۔

## کیا ادائے عشر میں طلب عامل شرط ہے

(سوال ۲۸۷) زید کہتا ہے کہ ادائے عشر کے واسطے طلب عامل شرط ہے۔ جب تک عامل طلب نہ کرے ادا کرنا واجب نہیں۔

(جواب) زید کا قول صحیح نہیں ہے۔ صاحب زمین عشری اگر خود اس کا عشر ادا کر دے تو یہ بھی درست ہے ویسقط عن صاحب الارض کما لوادی بنفسه الخ. شامی۔ (۳) البتہ یہ بحث جداگانہ ہے کہ دار الحرب میں عشر واجب ہوتا ہے یا نہیں۔ شامی نے تصریح کی ہے۔ باب الرکاز میں ہے کہ دار الحرب کی زمین نہ عشری ہے نہ خراجی۔ تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دار الحرب میں عشر واجب نہیں ہے اگر استحساناً دے دے تو بہتر ہے۔ فقط۔

## ہندوستان کی زمین میں عشر نہ ہونے کی مفصل بحث اور علماء دیوبند کا عمل

(سوال ۲۸۸) مفتی صاحب۔ السلام علیکم میں دو روز سے بیحد کوفت میں ہوں اللہ تعالیٰ سہل کر دے، میں آج تک غافل رہا اور میرے ذہن میں تھا کہ عشر غلہ بجوز کوۃ واجب الادا ہے۔ غلہ آنے پر معمولاً اللہ کچھ دیا جاتا تھا باحتیاط، دسواں حصہ وصول کا نہیں دیا گیا سالہائے گذشتہ کا کیا کروں، کچھ حساب کتاب نہیں۔ کیا معاف کیا جا سکتا ہے۔ مدرسہ میں غلہ بھیجنا دشوار ہے قیمت بھیج سکتا ہوں۔ نصف عشر کے کیا معنی ہیں، میں عشر دوں یا نصف۔ املاک کا عموماً غلہ مقرر ہے۔ وصول ہوتا ہے اور بڑی مقدار رہ جاتی ہے جو ناشیں کر کے نقدی میں وصول ہوتا ہے۔ اس نقدی کا رقم کے ساتھ زکوۃ نقد میں ادا ہوتا ہے۔ غالباً اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہوگا۔

(جواب) السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ والا نامہ پہنچا۔ پہلے ایک زمانہ تک یہی علم رہا کہ ہندوستان کی عشری زمینوں میں عشر واجب ہے، اور حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی بعض تحریرات کے موافق یہ فیصلہ کیا اور بہت جگہ فتویٰ دیا کہ مسلمانوں کی مملوکہ زمینوں کو عموماً عشری ہی سمجھنا چاہئے اور عشر دینا چاہئے کیونکہ اراضی عشریہ میں عشر یا نصف عشر کا نکالنا بحکم آیۃ واتوا حقه یوم حصاده۔ (۴) مثل زکوۃ کے فرض ہے۔ پھر کچھ زمانہ کے بعد مالا بدمنہ (۵) میں

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۸ ۱۲ ظفیر.
(۲) وما سقی بغرب اودالیة او سانیة ففیه نصف العشر علی القولین لان المئونة تکثر فیه وتقل فیما یسقی بالسماء اوسیحاوان سقی سیحاوبدالیة فالمعتبر اکثر السنة کما هو فی السائمة (هدایه باب زکوة الزروع و الثمار ج ۱ ص ۱۸۴)
(۳) رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۶ تحت قول الماتن ولذا کان للامام اخذه جبرا. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۶. ۱۲ ظفیر
(۴) سورہ انعام، رکوع ۴
(۵) وهمچنیں احکام عشر زمین عشری که دریں دیار نیست الخ مذکور نکرده شد (مالا بدمنه . کتاب الزکوة ص ۹۳)

حضرت قاضی ثناء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یہ تحقیق اور تصریح نظر پڑی کہ ہم نے اپنی کتاب میں زکوٰۃ کے مسائل کے ساتھ عشر کے احکام اس وجہ سے نہیں لکھے کہ ان دیار میں زمینیں عشری نہیں ہیں۔ اس کے ساتھ یہ ماننا بھی ضروری ہے کہ قاضی صاحبؒ کا یہ حکم فرمانا کہ یہاں عشری زمینیں نہیں ہیں اس زمانہ کا متفقہ مسئلہ ہوگا کیونکہ قاضی صاحب حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ م'' ۱۱۷۶ھ'' کے خاص تلمیذ اور حضرت شاہ عبدالعزیزؒ وغیرہ حضرات کے ہمعصر ہیں۔ اور سب حضرات باہم متفق ہیں، باہم کوئی خلاف نہیں ہے، ضروری ہے یہ مسئلہ اس زمانہ کا متفق علیہ مسئلہ ہوگا کہ ہندوستان میں عشری زمینیں نہیں ہیں۔ پھر اس کے ساتھ عموماً یہ معمول دیکھ کر کہ کوئی اپنے بزرگوں میں عشر کا اہتمام مثل زکوٰۃ کے نہیں کرتا، تعجب ہوتا تھا اور تردد بھی ہوتا تھا اور گویا حضرت قاضی صاحب کی تحقیق کی تائید ہوتی تھی کہ ایسا بھی کیا ہے کہ سب بزرگوں نے عشر کا اہتمام چھوڑ دیا۔ ضرور کوئی بات ہے جس کی وجہ سے عملاً یہ متروک ہوگیا ہے۔ چند سال ہوتے ہیں کہ مولانا محمد انور شاہ صاحب یا اور کسی صاحب نے یہ فرمایا کہ شامی باب الرکاز میں یہ روایت ہے کہ دارالحرب کی زمینوں میں عشر واجب نہیں ہے۔ وہاں کی اراضی نہ عشری ہیں نہ خراجی۔ اس روایت کو دیکھا اور اس کو دیکھ کر حضرت قاضی ثناء اللہ (پانی پتی) کی تحریر کی وجہ معلوم ہوئی کہ یہی وجہ ہے کہ وہ حضرات ہندوستان کی زمینوں کو عشری نہیں سمجھتے کیونکہ ہندوستان کو وہ حضرات دارالحرب سمجھتے تھے۔ شامی باب الرکاز کی عبارت یہ ہے واحترز به عن داره وارضه وارض الحرب الخ فان ارضها ليست ارض خراج او عشر الخ(۱) اور عبارت مالا بدمنہ کی یہ ہے:۔ وتفصیل نصاب اجناس سوائم وقدر واجب آں طول دارد و دریں دیار ایں اموال بقدر وجوب زکوٰۃ نمی باشد لہٰذا مسائل زکوٰۃ آں مذکور نہ کردہ شد وہمچنیں احکام عشر زمین عشریہ کہ دریں دیار نیست و مسائل عاشر کہ بہ طرق و شوارع باشد کہ مذکور نکردہ شد۔ (۲)

اس کے بعد ایک اشکال یہ باقی رہتا ہے کہ حضرت اقدس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ وجوب عشر کا حکم فرماتے تھے، اور تحریراً و تقریراً اس کو ظاہر فرمایا ہے۔ غالباً جناب کو بھی یاد ہوگا یا معمول حضرت کا معلوم ہوگا۔ اور اس میں شک نہیں نصوص آیات واحادیث کا مقتضی بھی یہی معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ امام صاحب جمیع ما اخرجت الارض میں وجوب عشر کا حکم فرماتے ہیں اور جیسا کہ زکوٰۃ دارالحرب میں ساقط نہیں ہوتی بلکہ صاحب مال بطور خود ادا کرتا ہے۔ اسی طرح عشر بھی ہر جگہ واجب ہونا چاہئے۔ ہاں چونکہ عشر کے وجوب کے لئے زمین کا عشری ہونا ضروری ہے اور جب کہ یہ کہا جاوے کہ دارالحرب کی اراضی عشریہ نہیں ہیں تو پھر وجوب عشر کی بھی کوئی وجہ نہیں ہوگی۔ اور حضرت اقدس رحمۃ اللہ علیہ کا قول وفعل احتیاط پر مبنی کہا جاوے۔ چنانچہ ہمارے مرشد حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب قدس سرہ، (مہتمم دارالعلوم دیوبند) بھی اپنے خاص لوگوں کو عشر نکالنے کا حکم فرمایا کرتے تھے اور اس بناء پر حضرت والد ماجد صاحب جو کچھ محاصل غلہ میں سے بقدر حصہ بندہ کو دیا کرتے تھے کہ وہ دس بیس دھڑی تقریباً ہوتا تھا تو بندہ گھر کہہ دیتا تھا کہ دس دھڑی میں سے ایک دھڑی اللہ واسطے دے دو۔ (۲) قیمت عشر دینا جائز ہے۔ (۳) (۴) نصف عشر بیسواں حصہ ہے۔ اور یہ فرق پانی کی قیمت وغیرہ کی وجہ سے ہوتا ہے یعنی اراضی عشریہ میں اصل عشر یعنی دسواں

---

(۱) رد المحتار باب الركاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج۲ص ۳۲۰. ۱۲ ظفير
(۲) دیکھئے "مالا بدمنہ" از قاضی ثناء اللہ پانی پتی، ص ۹۴ و ص ۹۵ در کتاب الزکوۃ ۱۲ ظفیر
(۳) حتیٰ یجوز اداء قیمته(رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۳). ط.س. ج۲ص ۳۳۲. ۱۲ ظفير

حصہ پیداوار کا دینا واجب ہے لیکن اگر زمین کو پانی دینے میں مزدوری زیادہ صرف ہوئی اور مشقت ہوئی اور خرچ بڑھ گیا تو بجائے عشر کے نصف عشر دینا واجب رہ جاتا ہے جیسا کہ درمختار وغیرہ کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے ویجب فی مسقی سماء ای مطر و سیح الخ ویجب نصفه فی مسقی غرب ای دلو کبیر و دالیة ای دولاب لکثرة المئونة وفی کتب الشافعیة اوسقاه بماء اشتراه وقواعد نالا تاباه(۱) اور علامہ شامی نے کہا کہ وجہ یہی ہے کہ جب خرچ زیادہ ہوگا بجائے عشر کے نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب رہ جائے گا فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

## ہندوستان کی زمین میں عشر واجب ہے یا نہیں

(سوال ۲۸۹) فقہاء نے جو یہ فرمایا ہے کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے، یہ ان کا فرمانا حکومت مسلمانوں کے لئے مخصوص ہے کہ جس زمین کا خراج لیا جائے اس کا عشر نہیں لیا جاسکتا۔ یا کہ حکومت غیر اسلام کے لئے بھی یہی حکم ہوگا۔ شامی جلد ثانی میں تصریح ہے کہ کفار حربی جب ہمارے ملک پر غالب آجائیں تو ان کا بھی وہی حکم ہوگا جو بغاۃ کا ہے یعنی اموال ظاہرہ کی زکوٰۃ جس طرح باغیوں کے لینے سے مالک سے ساقط ہوجاتی ہے ایسا ہی متغلب حربی کے لینے سے بھی ساقط ہوجاتی ہے۔ علامہ کی یہ رائے قابل قبول ہے یا نہیں۔ غرض کہ ہندوستان کی زمین میں عشر واجب ہے یا خراج۔

(جواب) علامہ شامی نے باب الرکاز میں یہ تصریح کی ہے کہ دارالحرب کی اراضی نہ خراجیہ ہیں اور نہ عشریہ یعنی نہ وہاں خراج واجب ہے اور نہ عشر۔ کفار نے جو کچھ خراج لیا گویا وہ خراج شرعی نہیں ہے اور نہ واجب ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں جب کہ اس کو دارالحرب کہا جائے جیسا کہ محققین کی رائے ہے عشر واجب نہیں ہے۔ احتیاطاً اگر کوئی دے دے تو یہ امر آخر ہے اور اس کی تائید حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی کی تصریح سے بھی ہوتی ہے جو کہ انہوں نے مالا بدمنہ میں فرمائی کہ ہم نے مسائل عشر اس لئے نہ لکھے کہ ان بلاد میں عشر واجب نہیں ہے۔ پس اگر ہندوستان کی زمینوں کو عشری اور خراجی کہا جاتا تو پھر یہ حکم یہاں بھی جاری ہوتا کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے کہ مولانا عبدالحی مرحوم نے اپنے فتاویٰ میں اس کی تصریح کی ہے کہ ہندوستان میں جس زمین کا خراج لیا جاتا ہے اس پر عشر نہیں ہے اور اسی قاعدے سے استدلال فرمایا ہے کہ عشر اور خراج جمع نہیں ہوتے، اور علامہ شامی کی یہ تحقیق ویظهر لی ان اهل الحرب لو غلبوا علی بلدة من بلادنا کذلک الخ(۲) صحیح معلوم ہوتی ہے۔ عبارت باب الرکاز یہ ہے واحترز به عن داره وارضه وارض الحرب ثم رأیت عین ما قلته فی شرح الشیخ اسمعیل حیث قال ویحتمل ان یکون احترازاً عما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۰ (۲) ص ۴۵ جلد نمبر ۲۔ شامی۔ فقط۔

## افیون میں عشر واجب ہے یا نہیں

(سوال ۲۹۰) افیون مال متقوم ہے یا نہیں اور اس میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اقول وباللہ التوفیق۔ اس صورت میں صحیح یہی معلوم ہوتا ہے کہ افیون مال متقوم ہے اور اس میں عشر واجب ہے

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۸ و ج ۲ ص ۶۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۶-۳۲۸. ۱۲ ظفیر
(۲) رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۲۸ ۱۲ ظفیر
(۳) قال ابو حنیفة فی قلیل ما اخرجته الارض وکثیره العشر سواء سقی سیحا او سقته السماء الا القصب والحطب والحشیش (هدایه ج ۱ ص ۱۸۳. ط.س. ج ۲ ص) ظفیر.

## دھان کی زکوٰۃ

(سوال ۲۹۱) دھان جو زمین میں پیدا ہوتا ہے اس کی زکوٰۃ کا کیا حساب ہے؟

(جواب) دھان کی زکوٰۃ دسواں حصہ ہے، جو کچھ پیداوار زمین کی ہو اس میں سے دسواں حصہ دیا جاوے۔

## تمباکو کی پیداوار پر عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۹۲) اگر کسی شخص نے اپنی زمین میں تمباکو بویا تو اس کی پیداور میں عشر لازم ہوگا یا نہیں۔

(جواب) اگر عشری زمین ہے تو عشر اس میں لازم ہوگا۔ (۱) فقط۔

## زمین عشری کی تعریف اور مہاجن سے لی ہوئی زمین اور ہندوستان کی دوسری زمین کا کیا حکم ہے

(سوال ۲۹۳) زمین عشری کی کیا تعریف ہے اور کیا اپنی طرف سب زمین عشری ہے اور سب کا عشر دینا واجب ہے حالانکہ سرکار بھی مال گذاری لیتی ہے اور جو زمین مہاجن سے مسلمان نے لی ہے اس کی آمدنی پر بھی عشر لیا جاوے اور عشر مالک کے ذمہ ہے یا کاشتکار کے، اگر مالک خود کاشت کرے تو کیا حکم ہے۔

(جواب) عشری زمین کا مطلب یہ ہے کہ جس زمین میں عشر واجب ہو وہ عشری ہے۔ (۲) جس وقت پورا حال نہ معلوم ہو جیسا کہ اس وقت ہے تو عموماً یہ حکم کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں کی مملوکہ زمین عشری سمجھی جاتی ہے اور کفار کی مملوکہ اراضی ''خراجی'' پس مسلمان کے پاس جو زمین مثلاً معافی کی چلی آتی ہے یا اس نے کسی مسلمان سے خریدی ہے وہ عشری ہے اور جو زمین کافر سے خریدی ہے وہ خراجی رہے گی اور بعض حضرات نے ایسا بھی لکھا ہے کہ جب سرکار سب زمینوں کا محصول لیتی ہے تو سب خراجی ہی ہیں، مگر مقتضائے احتیاط یہ ہے کہ مسلمان اپنی اراضی مملوکہ میں عشر نکالیں۔ زمین اگر اجارہ پر دی گئی تو امام صاحب کے نزدیک عشر مالک پر ہے۔ رقم اجارہ میں سے دسواں حصہ صدقہ کرے، اگر مالک خود کاشت کرے تو تمام پیداور کا دسواں حصہ نکالے۔ محصول سرکاری وغیرہ کچھ وضع نہ ہوگا۔ (۴) فقط۔

## خود کاشت میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲۹۴) بکر اپنی تھوڑی سی مملوکہ زمین خود کاشت کرتا ہے اور وہ ذریعہ رزق اس کے بال بچوں کا ہے اس پر کسی پیداوار میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) عشر و نصف عشر اس پر واجب ہے (لیکن ہندوستان کو اگر دارالحرب مان لیا جائے تو واجب نہیں جیسا کہ گذرا۔ ظفیر)

---

(۱) وقال ابو حنیفة فی قلیل ما اخرجته الارض و کثیره العشر الخ (هدایه باب زکوة الزروع و الثمار ج ۱ ص ۱۸۳) ظفیر
(۲) عشری زمین ایسی زمین کہلاتی ہے جس کے مالک مسلمان ہوگئے یا قوت کے ذریعہ سے کوئی خطہ فتح کیا گیا اور اس کی زمین مجاہدین پر تقسیم کردی گئی ہو وکل ارض اسلم اهلها او فتحت عنوة و قسمت بین الغانمین فهی ارض عشر (هدایه باب العشر و الخراج ج ۲ ص ۵۶۷) ظفیر۔
(۳) والعشر علی الدوجر کخراج موظف (درمختار) ای لواجر الارض العشریة فالعشر علیه من الاجرة کما فی التتار خانیة (رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۴. ط.س. ج۲ ص ۳۳۴.
(۴) اخذ البغاةو السلاطین الجائرة زکوة الا موال کالسوائم والعشر والخراج لا اعادة علی اربابها ان صرف الماخوذ فی محله الا تی ذکره وان لا یصرف فیه فعلیهم فیما بینهم وبین الله اعادة غیر الخارج الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۳۲. ط.س. ج۲ ص ۲۸۸) ظفیر۔

## جس غلہ کی زکوٰۃ نہ نکلی ہو وہ حلال ہے یا حرام

(سوال ۲۹۵) زید نے غلہ میں دسواں حصہ زکوٰۃ نہیں نکالی تو وہ غلہ حرام ہوگا یا حلال۔

(جواب) وہ غلہ حلال ہے۔ زید زکوٰۃ نہ دینے سے گناہگار اور فاسق ہو جاوے گا۔(۱)

## کاشتکار و زمیندار کی زمین کی پیداوار پر زکوٰۃ

(سوال ۲۹۶) مسلمان زارعین پر خواہ زمیندار ہوں یا کاشتکار پیداوار زراعت میں یکساں زکوٰۃ فرض ہے یا کچھ فرق ہے، اور کس قدر زکوٰۃ دینی چاہئے۔

## کل پیداوار میں زکوٰۃ ہے یا لگان کاٹ کر

(سوال ۲۹۷) ممالک متحدہ آگرہ واودھ میں کوئی اراضی ایسی نہیں ہے جو برتہ مال گذاری سرکار سے مستثنیٰ ہو۔ پس بحالت متذکرہ زمیندار یا کاشتکار کو پیداوار اراضی سے غلہ بقدر قیمت رقم مال گذاری سرکار یا لگان زمیندار خارج کر کے بقیہ غلہ پر زکوٰۃ دینی چاہئے یا کل پیداوار پر بلا منہائی رقم مال گذاری وغیرہ۔

(جواب) (۱) زمین کی پیداوار کی زکوٰۃ دسواں حصہ ہے، یہ عشر کہلاتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ زمین عشری ہو خراجی نہ ہو، مزارعت کی صورت میں یعنی بٹائی کی صورت میں عشر دونوں پر ہے یعنی جس قدر غلہ مالک زمین کے حصہ میں آوے اس کا عشر وہ دیوے اور جس قدر کاشتکار کے حصہ میں آوے اس کا عشر وہ دیوے۔(۳)

(۲) زمین عشری ہے تو کل پیداوار کا دسواں حصہ دینا چاہئے، خرچ سرکاری وغیرہ منہا نہ کیا جاوے۔(۴) فقط۔

## عشر و خراج کے جمع نہ ہونے کا مطلب کیا ہے

(سوال ۲۹۸) مولانا عبدالحی صاحب در مجموعہ فتاویٰ جلد دوم ص ۳۱۸ نوشتہ اند کہ ہر کہ در زمین مملوکہ خود بآب باراں کاشت کرد عشر غلہ برو واجب الاداء است مگر در صورتیکہ کہ خراج زمین مذکورہ بحاکم وقت دادہ شود دراں وقت عشر ساقط است بحکم عبارت ردالمحتار وغیرہ کہ لا یجتمع العشر مع الخراج انتھی تفصیل ایں مسئلہ چگونہ است وقولہ لا یجتمع العشر مع الخراج چہ معنی دارد۔

(جواب) معنی قولہ لا یجتمع العشر مع الخراج انہ لا یوخذ من الارض الخراجیۃ العشر ولا من العشریۃ الخراج ولکن ان اخذ من العشریۃ الخراج فھل یسقط العشر فھو محل تامل۔ پس ظاہر آنست

---

(۱) اخذ البغاۃ والسلاطین الجائرۃ زکوۃ الاموال کالسوائم والعشر والخراج لا اعادۃ علی اربابھا ان صرف الماخوذ فی محلہ الاتی ذکرہ وان لا یصرف فیہ فعلیھم فیما بینھم وبین اللہ اعادۃ غیر الخراج الخ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۳۲۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۲۸۸) ظفیر۔

(۲) قال ابو حنیفۃ فی قلیل ما اخرجتہ الارض وکثیرہ العشر سواء سقی سیحا او سقتہ السماء الا القصب والحطب الخ وسقی بغرب او دالیۃ او سانیۃ ففیہ نصف العشر (ھدایہ باب زکوۃ الزروع ج ۱ ص ۱۸۳۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۳۳۵) ظفیر

(۳) وفی المزارعۃ ان کان البذر من رب الارض فعلیہ ولو من العامل فعلیھما بالحصۃ (در مختار) ان العشر علی رب الارض عندہ وعلیھما عندھما الخ وھو الظاھر لما فی البدائع من ان المزارعۃ جائزۃ عندھما والعشر یجب فی الخارج والخارج بینھما فیجب العشر علیھما (رد المحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵) ظفیر۔

(۴) وتجب فی مسقی سماء وسیح بلا شرط نصاب وبقاء وحولان حول الخ یجب العشر ویجب نصفہ فی مسقی غرب ودالیۃ لکثرۃ المئونۃ الخ بلا رفع مئون الزرع وبلا اخراج البذر لتصریحھم بالعشر فی کل الخارج (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۶۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۳۲۴-۳۲۶) ظفیر۔

کہ مولانا عبدالحی صاحب مرحوم حکم زمین خراجی نوشتہ اند کہ اگر از زمین خراجی حکام خراج گرفتند ادائے عشر لازم نخواہد شد لیکن اگر از زمین عشری خراج گرفتہ شد ظاہر آن است کہ دیانۃً بذمہ مالک ادائے عشر لازم است۔(۱)

## سرکاری محصول کی وجہ سے عشر ساقط ہے یا نہیں

(سوال ۲۹۹) سرکار زمین سے جو محصول لیتی ہے اس سے عشر ساقط ہوتا ہے یا نہیں۔

(جواب) عشری زمین سے محصول لینا مسقط عشر نہیں ہے هذا هو الا حتياط(۲) ہاں اگر زمین عشری ہی نہ ہو بلکہ خراجی ہو تو محصول دے دینا کافی ہے، یعنی عشر اس میں واجب نہیں ہے۔

## مذکورہ تین قسموں میں سے کس میں عشر ہے

(سوال ۳۰۰) میرے پاس تین قسم کی زمین ہے ان میں سے کون سی زمین پر خراج ہے اور کون سی پر عشر یا کیا۔ قسم اول جنگل سرکاری پڑا ہوا تھا سرکار میں درخواست کی گئی وہ مجھے ملی اور میری ملک میں ہے۔ قسم دوم۔ ایک کافر سے خریدی گئی جو میری ملک ہے۔ قسم سوم۔ سرکاری زمین مثلاً ایک سال یا زیادہ کے لئے زراعت کے واسطے دی جاتی ہے۔

(جواب) در قسم اول زمین عشر لازم است لان العشر اليق بالمسلم وما اسلم اهله طوعاً اوفتح عنوة وقسم بين جيشنا والبصرة ايضاً باجماع الصحابة عشرية لانه اليق بالمسلم.( در مختار . قوله لانه اليق بالمسلم) اى لما فيه من معنى العبادة ردالمحتار وفيه ولو ان المسلم اوا لذمی سقاها مرةً بماء العشرو مرة بماء الخراج فالمسلم احق بالعشر والذمی بالخراج۔(۳) ودر قسم دوم خراج است او اشتریٰ مسلم من ذمی ارض خراج يجب الخراج الخ در مختار۔(۴) ودر قسم سوم عشر در خارج لازم است لانهم صرحوا بان الملک غير شرط فيه هل سبب وجوبه الارض النامية وشرطه ملک الخارج ای لا ملک الارض كما فی الاراضی الموقوفة كذافی ردالمحتار۔(۵)

## عشری اور خراجی زمین

(سوال ۳۰۱) کون سی زمین عشری اور کون سی خراجی ہے۔ اگر زمین عشری سے خراج سرکاری لے لیا جاوے تو عشر ساقط ہو جاتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اراضی مملوکہ مسلمانان را کہ حال آنہا معلوم نیست احتیاطاً عشری باید شمرد وعشر از انہا باید داد واز زمین عشری اگر خراج گرفتہ شود عشر ساقط نمی شود۔(۶)

## کیا جس زمین پر خراج ہے اس میں عشر نہیں

(سوال ۳۰۲) الفاروق مصنفہ مولانا شبلی نعمانی کے ملاحظہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ جس زمین پر خراج ہو اس پر عشر

---

(۱، ۲) اخذ البغاة والسلاطين الجائرة زكوة الا موال الظاهرة كالسوائم والعشر والخراج لا اعادة على اربابها ان صرف الما خوذ فی محله الا تی ذكره وان لا يصرف فيه فعليهم فيما بينهم وبين الله اعادة غير الخراج (الدرا لمختار علی هامش ردالمحتار. باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۲. ط.س. ج۲ص۲۸۸) ويظهر لی ان اهل الحرب لو غلبوا على بلدة من بلا دنا كذالک(رد المحتار. ايضاً. ط.س. ج۲ص۲۸۸) ظفير.(۳)رد المحتار كتاب الجهاد باب العشر و الخراج والجزيه ج ۳ ص ۳۵۱. ط.س. ج۴ص۱۷۶. ۱۲ ظفير(۴)الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الجهاد باب العشر والخراج و الجزيه ج ۳ ص ۳۴۴. ط.س. ج۴ص ۱۹۱. ۱۲ ظفير(۵) دیکھئے ردالمحتار، كتاب الجهاد باب العشر والخراج والجزية ج۳ ص ۳۵۲. ط.س. ج۲ص۱۷۸ ۱۲ ظفير صديقی.(۶)وما اسلم اهله طوعا او فتح عنوة وقسم بين جيشنا الخ عشرية (الدرا لمختار علی هامش ردالمحتار كتاب الجهاد باب العشر و الخراج و الجزيه ج ۳ ص ۳۵۰)

واجب نہ تھا۔ بینوا توجروا۔

(جواب) فقہاء حنفیہ نے ایسا ہی لکھا ہے کہ جس زمین سے محصول لیا جاوے اس میں عشر نہیں ہے۔ (۱)

نئی آباد زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۳۰۳) کیا فرماتے ہیں علمائے دین ان زمینوں کے بارے میں جو ہنوز نو آباد ہوئی ہیں یا ہو رہی ہیں جیسے ملک پنجاب میں شہر لائل پور و سرگودھا کی آباد شدہ و شہرہ منٹگمری کی اب آباد ہو رہی ہے کہ آیا ان زمینوں پر عشر ہے یا نہیں باقی بحیثیت محنت و مشقت و محصول سرکاری کے لحاظ سے تو یہ چاہی زمین سے زیادہ ہیں اس لئے کہ چاہی زمین کا م حصول تو ۴ر کنال ہے پنجاب میں اور ان زمینوں کا محصول عہ ر کنال ہے اور علیٰ ہذا القیاس اضافہ محنت کہ کبھی انسان...... تحصیل نفع...... بالکلیہ نہیں کر سکتا۔

(جواب) شامی میں منقول ہے احترازاً عما وجد فی دارالحرب فان ارضها لیست ارض خراج او عشر الخ (۳) اس روایت کے موافق عشر لازم نہیں۔ لیکن اگر ایسی اراضی دار الاسلام میں ہوں گی تو عشری ہوں گی ان میں عشر دینا لازم ہوگا۔ لہذا اگر احتیاطاً دیا جاوے تو عشر دیا جائے۔

کھیتی کا عشر صاحب نصاب پر واجب ہے یا سبھوں پر

(سوال ۳۰۴) کھیتی کا عشر صاحب نصاب پر واجب ہے یا سب پر اور جو فقیر مانگنے والے ہیں اگر وہ صاحب نصاب ہیں تو ان کو عشر و زکوۃ دینا درست نہیں۔

عشری زمین پر جو مزدوری خرچ ہوئی ہے کیا عشر میں اس کا حساب بھی ہوگا

(سوال ۳۰۵) عشری زمین میں جو مزدوروں کو مزدوری ادا کی گئی ہے تو اس کا حساب عشر میں وضع کیا جاوے گا یا کہ نہیں۔

(جواب) عشر میں مزدور کی مزدوری اور دیگر اخراجات کا حساب نہیں ہوتا یعنی مزدوروں کی مزدوری وغیرہ کی وجہ سے عشر میں کمی نہ ہوگی (۴) لہذا دسواں حصہ اس میں سے دینا چاہئے۔ درمختار میں ہے بلا رفع مئون ای کاف الزرع وبلا اخراج البذر لتصریحهم بالعشر فی کل الخارج۔ (۵)

عشری زمین کون سی ہے اور جس زمین کا لگان دیا جاتا ہے اس میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۳۰۶) عشری زمین کسے کہتے ہیں، جو لوگ زمینداروں کو مالگذاری ادا کرتے ہیں ان لوگوں پر کس حساب سے غلہ میں صدقہ واجب ہے۔

---

(۱) ولا یوخذ العشر من الخارج من ارض الخراج لا نهما لا یجتمعان (ایضاً کتاب الجهاد باب العشر و الخراج والجزیه ج ۳ ص ۳۶۵ ط.س. ج۴ ص ۱۹۴) ظفیر.

(۳) رد المحتار باب الرکاز ج ۲ ص ۶۱ ط.س. ج۲ ص ۳۲۰. ۱۲ ظفیر

(۴) قال ابو حنیفة فی قلیل ما اخرجته الا رض وکثیره العشر سواء سقی سیحا او سقته السماء الا القصب والحطب والحشیش (هدایه باب زکوة الزروع و الثمار ج ۲ ص ۱۸۳) ظفیر

(۵) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۶۹ ط.س. ج۲ ص ۳۲۸. ۱۲ ظفیر

(جواب) شامی کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی زمین عشری وخراجی نہیں ہیں اگر احتیاطاً عشر دے تو بہتر ہے اور جو لوگ زمیندار کو مال گذاری ادا کرتے ہیں اس میں اختلاف ہے کہ عشر کس پر واجب ہے ۔ امام صاحب زمیندار پر واجب فرماتے ہیں اور صاحبین مستاجر پر اور درمختار میں ہے وبقولهما نا خذ (۱) اور شامی نے بھی بعد تفصیل وتحقیق کے صاحبین کے قول کو ترجیح دی ہے و مفتیٰ به و ماخوذ به کہا ہے حیث قال فلا ینبغی العدول عن الافتاء بقولهما فی ذلک (۲)

## چارہ والی زمین میں عشر کا کیا حکم ہے

(سوال ۳۰۷) اگر بیلوں کے چارہ کے واسطے کسان چند کھیت بودے تو آیا اس کھیتی میں عشر دینا چاہئے یا نہیں ۔ بینوا توجروا۔

(جواب) عشران کھیتی میں بھی جو جانوروں کے چارہ کے لئے ہے اور غلہ (یا چارہ) اس میں پیدا ہوا واجب ہے، اگر زمین بارانی ہے تو دسواں حصہ اور آب پاشی کی زمین سے بیسواں حصہ نکالنا واجب اور اگر کھیت کو بلا دانہ اور بلا پختگی کے کاٹ کر جانوروں کو کھلایا جائے یعنی گھاس کو ہی کھلایا جائے تو عشر واجب نہیں عہ ۔ فقط

یجب العشر فی مسقی سماء ای مطرو سیح کنهر بلا شرط نصاب الی قوله الا فیما لا یقصد به استغلال الارض نحو حطب الخ در مختار (باب الزکوٰۃ وفی الجوهرة ج ۱ ص ۲۸) اذا اتخذ ارضه مقصبة او مشجرةً اومنبتاً للحشیش وساق الیه الماء ومنع منه الناس یجب فیه العشر الخ ۔ جمیل الرحمن)

## ہندوستان کی زمین کا عشری ہونا اور قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ ۔

(سوال ۳۰۸) ہندوستان کی زمین عشری ہے یا نہیں؟ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ نے مالا بدمنہ میں لکھا ہے کہ زمین عشری دریں دیار نیست ۔ الخ ۔

(جواب) یہ محقق نہیں کہ حضرت قاضی صاحبؒ نے مالا بدمنہ میں یہ الفاظ زمین عشری کہ دریں دیار نیست الخ کس بنا پر تحریر فرمائے ہیں ۔ (۳) باقی ظاہر نصوص اور روایات سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ مسلمان کی مملوکہ زمین کا اصل وظیفہ عشر ہے ۔ شاید قاضی صاحب نے اس بنا پر نفی عشر کی فرمائی ہو کہ سرکار نے محصول مقرر فرما دیا ہے لہذا وہ آراضی خراجی ہوگئی اور خراجی زمین میں عشر نہیں ہے لیکن اول تو کل اراضی ایسی نہیں ہے کہ ان پر محصول مقرر ہو معافیات بھی ہیں شاید قاضی صاحب کے قرب و جوار میں معافیات نہ ہوں ثانیاً اگر زمین عشری سے خراج لے لیا جاوے تو عشر اس سے ساقط نہیں ہوتا بہر حال احتیاط اسی میں ہے کہ مسلمانوں کی مملوکہ اراضی میں موافق تشریح مولانا اشرف علی صاحب در پرچہ القاسم عشر واجب کہا جاوے ۔

---

(۱) پوری عبارت یہ ہے والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر کمستعیر مسلم وفی الحاوی وبقولهما ناخذ الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ ۔ ط ۔ س ۔ ج ۲ ص ۳۳۴ ۔ ظفیر ۔

(۲) دیکھئے ردالمحتار باب العشر ج ۲ ص ۷۵ تحت قول وبقولهما ناخذ ۱۲ ظفیر ۔

عہ یعنی اگر کھیت غلہ کے لئے بویا لیکن تبدیل ارادہ سے کاٹ کر کھلا دیا تو عشر واجب نہیں ورنہ بقصد چارہ اگر بویا ہے تو عشر واجب ہے جیسا کہ عبارات مذکورہ سے ظاہر ہے ۔

(۳) بعد میں مفتی علام کو یہ بات معلوم ہوگئی تھی کہ وہ اس لئے یہاں عشر کو واجب نہیں فرماتے تھے کہ یہ ملک دار الحرب کے حکم میں تھا ۔ اس کی تفصیل مفتی علام کے اپنے قلم سے گذر چکی ہے ۱۲ ظفیر ۔

عشر پیداوار پر ہوتا ہے جس وقت زمین عشری میں کچھ غلہ وغیرہ پیدا ہوا ہو اور حاصل ہوا سی وقت عشر لازم ہے حولان حول شرط نہیں ہے پانی کا محصول نصف عشر (یعنی بیسواں حصہ) نہ ہوگا عشر (دسواں حصہ) ہی واجب ہے جیسا کہ عموماً روایات فقہیہ اس پر دال ہیں۔ وتجب فی مسقی سماء ای مطر و سیح ای نهر الخ درمختار۔فقط۔

(قال الشامی قد صرحوا بان فرضية العشر ثابتة بالكتاب والسنة والاجماع والمعقول وبانه زكوٰة الثمار والزروع (الی ان قال) لعموم قوله تعالیٰ انفقوا من طيبات ما كسبتم ومما اخرجنا لكم من الارض وقوله تعالیٰ واتوا حقه يوم حصاده وقوله صلی اللہ علیہ وسلم ما سقت السماء ففيه العشر وما سقی بغرب او دالية ففيه نصف العشر الخ شامی ج ۳ ص ۳۵۳)ظفیر

## یہاں کی زمین میں عشر ہے یا نہیں

(سوال ۳۰۹) ہماری زمین میں عشر ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو انگریز لوگ جو چار آنہ فی کنال ہم سے لیتے ہیں اس کو خراج کہا جائے گا یا چٹی؟ اگر چٹی کہا جائے گا تو کس رو سے؟ اور ثانیاً یہ کہ عشر کے لئے شرط ہے زمین کا عشری ہونا کہ کسی بادشاہ اسلام۔ نے اگر عشری رکھا ہو تو وہ عشری ہوگی تو ہند اور پنجاب کی زمین پر کسی تواریخ سے معلوم نہیں ہوتا کہ فلاں بادشاہ نے یہاں عشر رکھا ہے خصوصاً جہانگیر و اکبر بادشاہ یا گذشتہ جو گذر چکے ہیں۔ ثالثاً یہ کہ دارالحرب ہے یا دارالاسلام؟ اگر دارالحرب ہے تو کیا دارالحرب میں عشر واجب ہے یا نہیں؟ اور اگر دارالاسلام ہے تو کن شرائط سے دارالاسلام ہے؟ الغرض یہاں کے بعض علماء اس بات کے قائل ہیں کہ یہاں ہرگز عشر نہیں ہے، بعض عشر کے قائل ہیں۔ آپ کی کیا رائے ہے؟

(جواب) درمختار میں ہے ما اسلم اهله طوعا او فتح عنوة و قسم بين جيشنا الخ عشرية لانه اليق بالمسلم وفی ردالمحتار ولو قال بيننا لشمل ما اذا قسم بين المسلمين غير الغانمين فانه عشری لان الخراج لا يوظف علی المسلم ابتداء قهستانی در منتقی . شامی جلد ۳ ج ۳ ص ۳۵۱ وفيه ای الدر المختار ولو ترك ای السلطان العشر لا يجوز اجماعاً ويخرجه بنفسه للفقراء . در مختار ۔(۱) شامی میں ہے وذكره فی الزكوٰة لانه منها قال فی الفتح قيل ان تسميته زكوٰة علی قولهما لا شتراطهما النصاب والبقاء بخلاف قوله وليس بشئی اذلا شك انه زكوٰة حتی يصرف مصارفها واختلافهم فی اثبات بعض شروط لبعض انواع الزكوٰة و نفيها لايخرجه عن كونه زكوٰة الخ (شامی باب العشر ج ۲ ص ۶۵ ۹ ظفیر۔

ان عبارات سے چند امور معلوم ہوئے۔ایک یہ کہ مسلمان کی آراضی کا اصل وظیفہ عشر ہے۔ دوم یہ کہ اگر بادشاہ عشر نہ لیوے تو عشر ساقط نہیں ہوتا بلکہ خود مالک زمین کو عشر نکالنا چاہئے اور فقراء کو دینا چاہئے۔ سوم یہ کہ عشر بھی زکوٰۃ ہے پس جب کہ اصل وظیفہ مسلم کا عشر ہے تو جو اراضی مملوکہ مسلمین ہیں تو یا اصل میں عشری تھی کہ سلاطین اہل اسلام نے ان کو فتح کر کے مسلمانوں کو دے دی تھی یا ان کا حال سابق کچھ معلوم نہیں ان دونوں صورتوں میں اس میں عشر لازم ہے۔ اگر درحقیقت کسی زمین میں عشر مقرر ہونا چاہئے۔ بادشاہ اسلام نے یا غیر نے عشر مقرر نہ کیا اس سے عشر ساقط نہیں ہوتا اور وہ زمین عشری ہونے سے خارج نہیں ہوتی۔ اور جب کہ عشر بمنزلہ زکوٰۃ ہے تو جیسا کہ زکوٰۃ

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب العشر والخراج والجزيه ج ۳ ص ۳۶۶ . ط.س. ج ۲ ص ۱۲۱۷۶ ظفیر۔

اموال ہر جگہ واجب ہے بلاد اسلام ہوں یا غیر، اسی طرح عشر بھی ہر جگہ لازم ہوگا اور واضح ہو کہ زمین عشری سے اگر خراج لے لیا جاوے تب بھی عند اللہ عشر ساقط نہیں ہوتا لہذا صاحب زمین کو عشر نکال کر فقراء کو دینا چاہئے۔ الحاصل احوط یہی ہی کہ مسلمان اپنی اراضی کی پیداوار زمین سے عشر ادا کریں۔[مصـ] فقط۔

## جس زمین کا ٹیکس دینا پڑتا ہے اس میں عشر

(سوال ۳۱۰) جس زمین کی ملکیت ہوگئی اور بیچنے کا اختیار ہے راجاؤں کو خراج دینے پڑتے ہیں اور اراضی آسمانی پانی سے سیراب ہوتی ہے، اس پر عشر ہے یا نہیں۔

(جواب) عشر لازم ہے۔(۱)

## زمین عشری کی تعریف

(سوال ۳۱۱/۱) زمین عشری کس کو کہتے ہیں اور اس کی کیا کیا شرائط ہیں؟

## خراجی زمین

(سوال ۳۱۱/۲) زمین خراجی کسے کہتے ہیں اور اس کے کیا شرائط ہیں؟

## ہندوستان کی زمین کا حکم

(سوال ۳۱۲/۳) ہندوستان کی زمین بحالت موجودہ خراجی ہے یا عشری؟ جب گورنمنٹ برطانیہ نے بعد عذر کے سلطنت کی باگ اپنے قبضہ واقتدار میں لی تھی تو اس وقت اعلان عام کیا تھا کہ تمام اراضی ضبط کر لی گئی اور کسی کا حق نہیں ہے۔ اگر صاحب اراضی دعویٰ کر کے ثبوت پیش کرے تو اس کو حسب تجویز حاکم دی جاوے گی چنانچہ جن مالکان اراضی نے دعویٰ کر کے بینہ قائم کئے ان کو وہی اراضی یا بعوض ان کو دیگر اراضی عطا ہوئی اور بعض کو کسی امر کے صلہ میں زمین عطا ہوئی اور مال گذاری سرکاری جو سالانہ زمینداروں سے بادشاہ وقت لیتا ہے مقرر کر دی اور بعض کو معاف کر دی۔

## عشر کاشتکار پر ہے یا زمیندار پر

(سوال ۳۱۳/۴) بر تقدیر وجوب عشر یا نصف عشر کاشتکار پر عشر یا نصف عشر واجب ہوگا یا زمیندار پر؟ کاشتکار وہ ہے جو زمین کی جملہ خدمت کرتا ہے اور مالک اراضی یعنی زمیندار اس سے نصف یا ثلث پیداوار کا بحیثیت شرائط جنس پیداوار سے یا غیر جنس سے لیتا ہے اور سرکاری مال گذاری زمیندار ادا کرتا ہے۔

---

(مصـ) احقر جمیل الرحمٰن مرتب غفرلہ عرض کرتا ہے کہ اراضی مملوکہ زمینداران پر حکومت کے قبضہ کی شکل میں بھی عبارات فقہیہ سے وجوب عشر معلوم ہوتا ہے فی الشامی قدر صرحوا (الی ان قال) وبان الملک غیرشرط فیه بل الشرط ملک الخارج شامی ج ۳ ص ۳۵۲ ط.س. ج۲ ص ۱۷۸ یعنی وجوب عشر میں پیداوار کی ملک کا اعتبار ہے نہ کہ زمین کی ملکیت کا علیٰ ہذا۔ کاشت کار پر عشر فرض ہے۔ زمیندار پر نہیں ہے والعشر علی الموجر کخراج موظف وقالا علی المستاجر وفی الحاوی وبقولهما ناخذ شامی ج ۲ ص ۷۵۔ ط.س. ج۲ ص ۳۳۴

(۱) اخذ البغاة والسلاطین الجائرة زکوة لا موال الظاهرة کالسوائم والعشر والخراج لا اعادة علی اربابها ان صرف الما خوذ فی محله الا تی ذکره وان لا یصرف فیه فعلیهم فیما بینهم وبین الله اعادة غیر الخراج (درمختار) ویظهر لی ان اهل الحرب لو غلبوا علی بلدة من بلا دنا کذالک (رد المحتار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۳۲. ط.س. ج۲ ص ۲۸۸۔ ۱۲ ظفیر.

## جس زمین کی مال گذاری دی جائے ۔

(سوال ۵/ ۳۱۴) جس اراضی کی مال گذاری ادا کی جاتی ہے وہ خراجی ہے یا عشری؟

## مال گذاری معاف زمین کا عشر

(سوال ۶/ ۳۱۵) جس اراضی کی مال گذاری معاف ہے اس کی دو قسمیں ہیں، اول وہ اراضی کسی دوسری اراضی کے عوض میں ہے یعنی اس اراضی کی مال گذاری دوسری اراضی میں محسوب ہوتی ہے۔ دوم وہ اراضی کسی امر کے صلہ میں یا جائداد کے عوض میں عطا ہوئی ہے تو یہ ہر دو قسم اراضی معاف شدہ مال گذاری خراجی ہوگی یا عشری۔

## عشری کی مختلف حیثیت

(سوال ۷/ ۳۱۶) کسی گاؤں کی بعض حصہ اراضی کی پیداوار کا دارومدار صرف آسمانی پانی پر ہے اور اس کی آب پاشی نہیں ہوتی اور بعض حصہ کی آب پاشی چاہات و تالاب وغیرہ وغیرہ سے ہوتی ہے اور بعض اراضی کی پیداوار اور بارش و آب پاشی دونوں سے ہوتی ہے یعنی صرف بارش پر اکتفاء کرنے سے پیداوار کم ہوتی ہے اگر اس میں آب پاشی کر دی جاوے تو پیداوار زیادہ ہوتی ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ جس اراضی کی آب پاشی ہوا کرتی تھی، وقت پر بارش ہونے سے آب پاشی کی ضرورت نہیں ہوتی تو ان سب صورتوں میں بر تقدیر وجوب عشر، عشر واجب ہوگا یا نصف عشر؟

(جواب) (۱) فی الدر المختار ما اسلم اهله طوعا او فتح عنوة وقسم بين جيشنا والبصرة عشرية۔ (۱) پس ایسی زمین عشری ہے جب تک درمیان میں کسی غیر مسلم کی ملکیت متخلل نہ ہو جاوے۔

(۲) اس میں بھی تفصیل ہے مناسب مقام ایک قسم یہ بھی ہے کہ کسی وقت غیر مسلم اس کا مالک ہو جاوے۔

(۳) ضبط کرنے کے دو معنی ہو سکتے ہیں۔ ایک قبضۂ مالکانہ، اگر یہ ہوا ہے تو وہ زمین عشری نہیں رہی، دوسرا قبضۂ ملکانہ و حاکمانہ ومنتظمانہ اور احقر کے نزدیک قرائن سے اسی کو ترجیح ہے، اگر ایسا ہوا ہے تو اراضی عشریہ بحالہا عشری رہیں۔ البتہ اگر پہلے سے وہ اراضی عشری نہیں تھی یا سرکار نے کوئی دوسری زمین اس کی زمین کے عوض میں دے دی یا کسی صلہ میں اس کو کوئی زمین دی کہ چونکہ وہ دینے کے قبل استیلاء سے سرکار کی ملک ہوگئی تھی لہذا وہ عشری نہ رہی۔

(۴) والعشر على الموجر كخراج موظف وقالا على المستاجر كمستعير مسلم وفي الحاوى وبقولهما ناخذ وفي المزارعة ان كان البذر من رب الا رض فعليه ولو من العامل فعليهما بالحصة در مختار (۲) اس روایت سے معلوم ہوا کہ اگر زمین کرایہ پر ہے تو بقول مفتیٰ بہ کاشتکار پر اور اگر بٹائی پر ہے اور تخم بھی کاشتکار کا ہے تو زمیندار اور کاشتکار دونوں پر اپنے اپنے حصہ کی قدر ہے۔

(۵) مالگذاری کے اوپر اس کا مدار نہیں اگر کوئی زمین عشری ہو اور اس پر مالگذاری مقرر کر دی جائے تو وہ عشری رہے گی۔

(۶) اس کا جواب بھی مثل جواب نمبر ۵ کے ہے۔

(۷) ويجب اى العشر في مسقى سماء او سيح كنهر (الى قوله) ويجب نصفه في مسقى غرب اى ودلو كبير ودالية اى دولاب لكثرة المؤنةوفي كتب الشافعية او سقاه بماء اشتراه وقواعد تالا تاباه ولو سقى سيحا و بآلةاعتبر الغالب ولو استو يا فنصفه وقيل ثلثة اربا عه(۳)در مختار . قلت واختلف

(۱) الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب العشر والخراج والجزیہ ج ۲ ص ۳۵۰. ط.س.ج ۲ ص ۱۷۶۔ ۱۲ ظفیر۔
(۲) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۶۸ .ط.س.ج ۲ ص ۳۳۴۔
(۳) الدر المختار باب العشر ج ۲ ص ۱۳۹ .ط.س.ج ۲ ص ۳۲۶-۳۲۸ . ۱۲ ظفیر.

الترجیح والا حتیاط فی الثانی۔اس سے معلوم ہوا کہ بارانی زمین میں عشر ہے اورآب پاشی چاہ وتالاب میں نصف عشراور جس زمین کی آب پاشی دونوں طرح ہوتو اس میں غالب کا اعتبار ہے اگر دونوں برابر ہوں تو نصف پیداوار میں عشر اور نصف میں نصف عشر۔فقط۔

## کافر سے خریدی ہوئی زمین کا عشر

(سوال ۳۱۷/۱) جو زمین کسی کافر سے خریدی گئی اس میں عشر ہے یا نہیں؟

## پھل میں عشر

(سوال ۳۱۸/۲) باغ کے ثمر یا سوختہ میں عشر واجب ہے یا نہیں؟

## کرایہ میں عشر

(سوال ۳۰۹/۳) جائداد سکنائی کے کرایہ میں عشر واجب ہے یا نہیں۔

## جائداد بحق مدرسہ کا عشر

(سوال ۳۱۰/۴) جس جائداد پر حق سرکاری نہیں بلکہ ابواب بحق ڈاکخانہ، شفاخانہ، مدرسہ، سڑک قائم ہیں تو یہ اخراجات داخل عشر ہوں گے یا نہیں؟ اور عشر میں منہا ہوں گے یا نہیں؟

(جواب)(۱) اس صورت میں وہ زمین خراجی ہی رہتی ہے عشر لازم نہیں ہوتا۔قال فی الشامی فصار شراء المسلم من الذمی بعد ما صارت خراجیة فتبقی علی حالها الخ شامی ۔(۲) ج ۲۔

(۲) باغ کے ثمر میں عشر واجب ہے سوختہ میں نہیں۔(۳)

(۳) نہیں۔

(۴) یہ حقوق منہانہ ہوں گے بلکہ کل پیداوار کا عشر واجب ہوگا۔فقط۔

---

(۲) رد المحتار ج ۲ ص ۷۱. ط.س.ج ۲ ص ۳۲۹

(۳) قال ابو حنیفة فی قلیل ما اخرجته الارض وکثیرة العشر سواء سقی سیحا او سقته السماء الا القصب والحطب والحشیش (هدایه ج ۱ ص ۱۸۳) ظفیر.

## ساتواں باب

# مصارف زکوٰۃ

### مسکین کی تعریف

(سوال ۱۱ ۳۱) مسکین کس کو کہتے ہیں۔

(جواب) جو شخص مالک نصاب نہ ہو اور وہ محتاج ہو اس کو فقیر اور مسکین کہتے ہیں اور کتب فقہ میں اس کی پوری تفصیل لکھی گئی ہے۔(۱)

### صاحب زکوٰۃ نے جب اجازت دے دی ہو تو پھر دریافت کی ضرورت نہیں

(سوال ۱۲ ۳۱) میں جس کے یہاں ملازم ہوں اس نے زکوٰۃ نکالی اور یہ کہا کہ تین روپے تم خود لے لینا۔ تو اب میں بلا دریافت کئے لے سکتا ہوں یا نہیں۔

(جواب) جب کہ اس نے یعنی مالک نے اجازت دے دی تو لینا درست ہے، بہ نیت زکوٰۃ لے کر اپنے کام میں لاوے۔(۲) فقط

### کیا زکوٰۃ کی رقم تجارت میں لگائی جا سکتی ہے

(سوال ۱ /۱۳ ۳۱) کیا زکوٰۃ کا روپیہ تجارت میں لگایا جا سکتا ہے اور اس سے جو منافع ہو وہ اپنے ذاتی صرف میں لایا جا سکتا ہے جب کہ اصل مامون و محفوظ ہو۔

### موجودہ رقم سے زکوٰۃ دے یا الگ سے بھی دے سکتا ہے

(سوال ۲ /۱۴ ۳۱) زید کے پاس دوسو روپے ہیں آیا منجملہ اس رقم کے پانچ روپے زکوٰۃ دینا چاہئے یا یہ کہ زید اصل اپنے پاس رکھ کر اور علیحدہ سے کچھ انتظام کر کے قرض وغیرہ سے پانچ روپے زکوٰۃ دے دے۔

(جواب) (۱) اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہ ہوگی زکوٰۃ کے روپیہ کا مالک بنانا ایسے مسلمان کو جو کہ مالک نصاب نہ ہو اور سید نہ ہو ضروری ہے۔(۳)

(۲) یہ اختیار ہے کہ خواہ ان دوسو روپے میں سے زکوٰۃ کا دے دے یا علیحدہ اس کے پاس ہوں تو اس میں سے دے دے لیکن اگر اس کے پاس دوسو روپے سے کچھ زیادہ ہوگا تو اس زاید کی زکوٰۃ بھی ادا کرنی ہوگی اور قرض لینے کی ضرورت نہیں ہے غرض نتیجہ یہ ہے کہ جس قدر روپیہ اس کے پاس ہے اس کی زکوٰۃ حساب کر کے اس میں دے دے۔(۴) فقط۔

---

(۱) ومسکین من لا شئی له علی المذهب لقوله تعالیٰ او مسکیناً ذا متربة واية السفينة للترحم (در مختار) قوله علی المذهب من انه اسواء حالا من الفقير وقيل علی العكس والاول اصح بحر وهو قول عامة السلف اسمٰعيل وافهم با لعطف انهما صنفان وهو قول الا مام وقال الثانی صنف واحد (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۰ .ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) اس سے معلوم ہوا کہ اصطلاح میں مسکین اسے کہا جاتا ہے جیسے کچھ نہ ہو، بالکل بدحال ہو اور جو صاحب نصاب نہ ہو مگر کھاتا پیتا ہو تو اصطلاح میں اسے فقیر کہتے ہیں فقیر وهو من له ادنی شئی ای دون نصاب (ایضاً) اردو کے محاورہ میں مسکین اور فقیر ایک ہی معنی میں بولا جاتا ہے یعنی جو مستحق زکوٰۃ هو والله اعلم ۱۲

(۲) وللوكيل ان يدفع لولده الفقير وزوجة لا لنفسه الا اذا قال ربها ضعها حيث شئت (الدر المختار علی هامش ردالمحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۴ و ج ۲ ص ۱۵ .ط.س. ج۲ ص ۲۶۹) ظفير

(۳) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ .ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفير

(۴) واللازم فی مضروب كل منهما ومعموله ولو تبرا الخ وفی عرض تجارة قيمته نصاب الخ ربع عشر (ايضاً باب زكوٰة المال ج ۲ ص ۴۱ .ط.س. ج۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفير

## زکوٰۃ کی رقم سے کپڑا بنا کر دیا جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۳۱۵) زکوٰۃ کے روپے میں سے مستحق زکوٰۃ کو اگر کپڑے بنا کر دیئے جائیں تو جائز ہے یا نقد دینا ضروری ہے۔

(جواب) زکوٰۃ کے روپے سے کسی مستحق کو کپڑے بنا کر دیئے جاویں تو یہ بھی درست ہے۔

## جس کو زکوٰۃ کی رقم تقسیم کے لئے دی گئی ہے وہ اپنی مسکین بیوی کو اس میں سے دے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۳۱۶) زید نے عمر کو زکوٰۃ کا روپیہ دیا کہ وہ مستحق پر تقسیم کر دے عمر صاحب نصاب ہے مگر زوجہ اس کی مسکین ہے تو عمر اپنی زوجہ کو زید کی زکوٰۃ میں سے کچھ دے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں عمر اپنی زوجہ کو زکوٰۃ کا روپیہ دے سکتا ہے۔(۱)

## خوشدامن کو زکوٰۃ دینی درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۱۷) خوش دامن کو زکوٰۃ دینی جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اپنی خوش دامنہ کو جب کہ وہ مالک نصاب نہ ہو زکوٰۃ دینا جائز اور درست ہے مگر اس کو بالکل مالک بنا دیا جاوے جہاں چاہے خرچ کرے۔(۲)

## بغیر زکوٰۃ کا نام لئے رقم دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں

(سوال ۳۱۸) اگر اپنا عزیز زکوٰۃ کے نام سے روپیہ لیتا ہوا شرماوے اس کو اس طرح سے کہہ کر زکوٰۃ دینا (کہ اس کے کپڑے بنوالینا بچوں کے کپڑے بنوا دینا) درست ہے یا نہیں۔

(جواب) اس طرح دینی درست ہے اور زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے، اپنی نیت دل میں زکوٰۃ کی کر لینا کافی ہے جس کو دی جاوے اس پر ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## رقم مسکین کے ہاتھ میں نہ دی اس کے حکم سے ٹکٹ خرید کر دے دیا تو زکوٰۃ ادا ہوئی یا نہیں

(سوال ۳۱۹) ایک سیٹھ صاحب زکوٰۃ اس طرح مسکینوں، مسافروں کو دیتے ہیں کہ جس جگہ مسافر مسکین کو جانا ہوتا ہے اپنے آدمی کو اس کے ہمراہ بھیج کر اسٹیشن سے ٹکٹ دلا دیتے ہیں اور نقد پیسے اس کے ہاتھ میں نہیں دیتے۔ اگر مسافر کسی عذر کی وجہ سے نہ جاوے اور ٹکٹ ردی ہو جاوے تو اس سیٹھ صاحب کی زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) وہ آدمی سیٹھ صاحب کا جب کہ اس مسکین کی اجازت سے ٹکٹ خریدتا ہے تو وہ آدمی نائب اور وکیل اس مسکین کا قبض زکوٰۃ اور خرید ٹکٹ میں ہو جاتا ہے جیسا کہ وہ آدمی وکیل اور نائب سیٹھ صاحب کا ہے لہذا زکوٰۃ سیٹھ صاحب مذکور کی اس صورت میں ادا ہو جاتی ہے کہ پھر اگر وہ مسافر بوجہ کسی عذر کے سفر میں نہ جاوے اور ٹکٹ ردی

---

(۱) وللوكيل ان يدفع لولده الفقير وزوجته لا لنفسه الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص ۲۶۹) ظفير

(۲) ولا الى من بينهما ولاد (در مختار) وقيد بالو لا دلجواز ه لبقية الا قارب كالا خوة والا عمام والا خوال الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ص ۳۴۶) ظفير

(۳) ولا يجوز اداء الزكوة الا بنية مقارنة للاداء او مقارنة لعزل مقدار الواجب الخ ايضاً ج ۱ ص ۱۷. ط.س. ج۲ص ۲۷۰. ظفير.

ہوجاوے تب بھی زکوٰۃ ادا ہوچکی(۱) فقط۔

## مدرسہ میں زکوٰۃ کہاں اور کس طرح خرچ ہوگی

(سوال ۳۲۰) اگر مدرسہ کی حالت تنزل پر ہو تو اس میں مال زکوٰۃ صرف کرنا کس طرح اور کس مد میں درست ہے۔

(جواب) ایسی صورت میں حیلہ تملیک کر کے زکوٰۃ کے روپے کو جس مد میں چاہیں صرف کر سکتے ہیں اور حیلہ تملیک یہ ہے کہ زکوٰۃ کا روپیہ کسی ایسے شخص کی ملک کر دیا جائے جو کہ مالک نصاب نہ ہو پھر اس کی طرف سے مصارف زکوٰۃ میں صرف کر دیوے۔(۲) فقط۔

## والد کی زندگی میں بطور میراث جو ملے وہ مانع زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۳۲۱) والد کی زندگی میں جو چیز وراثت میں ملے گی وہ مانع زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) والد کی حیات میں اس کی اولاد مالک اس کے مال کی نہیں ہے لہذا وہ مانع عن اخذ الزکوٰۃ واولاد بالغین کے لئے نہیں ہے۔ فقط۔

## زکوٰۃ کے روپے سے کتابیں خریدے اور اپنے مطالعہ میں رکھے کیا حکم ہے

(سوال ۱/۳۲۱) زکوٰۃ کے روپے سے کتابیں خرید کر بغرض مسائل دیکھنے کے اپنے پاس رکھنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

## زکوٰۃ کی رقم سے کتاب خرید کر پڑھنے کی عام اجازت دے دے مالک نہ بنائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۳۲۲/۲) اگر زکوٰۃ کے روپے سے کتابیں خرید کر اپنی ملک میں رکھیں جس کو ضرورت ہو وہ دیکھ لے مگر کسی کو لے جانے کی اس طور سے اجازت نہیں کہ وہ مالک بن جائے اس حالت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) (۱) اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۳)

(۲) اس صورت میں بھی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۴)

## زکوٰۃ کا روپیہ بنک میں رکھے اور بوقت ضرورت صرف کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۳۲۴/۱) ایک شخص کو زکوٰۃ کا روپیہ بطور چندہ وصول ہوتا ہے اور وہ اس روپے کو بنک میں بطور امانت رکھ دیتا ہے۔ پھر وقتاً فوقتاً بنک سے اس روپے کو لے کر زکوٰۃ کے مصرف میں صرف کرتا ہے اور یہ بھی معلوم ہے کہ بنک میں سب کا روپیہ مخلوط رہتا ہے اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں۔

## حیلہ کی رقم زکوٰۃ کے ذریعہ تبلیغ میں خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۳۲۵/۲) بعض حضرات زکوٰۃ کا روپیہ تبلیغ کے لئے دیتے ہیں اور یہ کہہ دیتے ہیں کہ حیلہ کر لیا جاوے جب کہ تملیک میں لینے والا اور دینے والا دونوں بخوبی جانتے ہیں کہ تملیک مقصود نہیں ہے تو کیا اس حیلہ سے زکوٰۃ بھی ادا

---

(۱) الا اذا وكله الفقراء (در مختار) لانه كلما قبض شيئا ملكوه (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۴ ط.س. ج۲ص۲۶۹) ظفير.

(۲) حيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا في تعمير المسجد (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ص۲۷۱) ظفير.

(۳، ۴) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له اى لا داء الخ ولا يخرج عن العهدة بالعزل بل بالا داء للفقراء (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۴ ط.س. ج۲ص۲۶۸) و مصرف الزكوة الخ هو فقير هو من له ادنى شئى اى دون نصاب الخ ويشترط ان يكون الصرف تمليكا (باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص۸۵) ط.س. ج ۲ ص۳۳۹

ہوجاتی ہے اور وہ روپیہ اس غرض کے لئے جائز بھی ہوجاتا ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) اس میں ضرورت اس کی ہے کہ بعد حیلہ تملیک کے اگر داخل کیا جاوے تو زکوٰۃ اس کی ادا ہوگئی ورنہ نہیں۔ (۱)

(۲) یہ حیلہ فقہاء نے لکھا ہے اور شرعاً جائز ہے اور یہ امور جن کو آپ نے لکھا ہے مانع اس حیلہ سے نہیں ہیں یعنی باوجود ان جملہ خیالات کے یہ حیلہ صحیح ہے اور اس حیلہ کا کرلینا ضروری ہے تاکہ زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ فوراً ادا ہوجائے پھر مہتمم وغیرہ منتظمین کو اختیار ہوجاتا ہے کہ جس مصرف مناسب میں چاہیں صرف کریں۔ (۲)

## زکوٰۃ میں جو رقم واجب ہوئی اس کے بدلے کتاب تقسیم کردی تو کیا حکم ہے

(سوال ۳۲۶) میں تجارت پیشہ شخص ہوں، اس سال کی زکوٰۃ کی جتنی رقم نکلی تھی اس کی بجائے میں نے کتابیں طلباء کو دے دی ہیں زکوٰۃ ادا ہوگئی اور کوئی نقص تو اس میں نہیں ہے۔

(جواب) اس صورت میں کتابوں کی قیمت مذکورہ لگا کر کتابیں زکوٰۃ میں دینا درست ہے اس طرح زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے اور کچھ نقص اس میں نہیں ہے۔ (۳)

## اگر لینے والے کو زکوٰۃ کی خبر نہ ہو تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۳۲۷) مدارس میں زکوٰۃ کے روپے سے چندہ دیا جاتا ہے اور دینے والے کہتے ہیں کہ ہم زکوٰۃ کا روپیہ دیتے ہیں مگر لینے والا نہیں جانتا کہ کیسا روپیہ ہے، اس میں زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں۔

(جواب) اس طرح لوگوں کا روپیہ مدرسہ میں دینا درست ہے مگر لینے والے کو چاہئے کہ وہ اس طرح صرف کرے کہ جس میں دینے والے کی زکوٰۃ ادا ہوجاوے۔ (۴) فقط۔

## زکوٰۃ کے روپے سے طلبہ کو کتابیں دلانا کیسا ہے

(سوال ۳۲۸) زکوٰۃ کے روپے سے طلبہ کو کتابیں یا پارے دلا دینا درست ہے یا نہیں

(جواب) جائز ہے۔ (۵) فقط۔

## زکوٰۃ کا غلہ بیچ کر کپڑا بنا دینا درست ہے

(سوال ۳۲۹) اگر کوئی زکوٰۃ کا غلہ فروخت کرکے کسی مسکین کو کھانا کھلا دے یا کپڑے بنا دے تو درست ہے یا نہیں۔

---

(۱) اس لئے کہ وہ روپیہ اب زکوٰۃ کا باقی نہ رہا بلکہ کسی شخص معین کی ملکیت میں داخل ہوگیا، زکوٰۃ حیلہ کے وقت ادا ہوچکی واللہ اعلم ۱۲ ظفیر

(۲) حیلہ کے مسائل کا حوالہ بار بار دیا جاچکا ہے، حیلہ کی اصل یہ ہے کہ قانونی اور اصولی بات طے ہوجاتی ہے مثلاً زکوٰۃ کا مصرف فقیر و مستحق ہے اور وہ اسے مل گئی اب وہ بحیثیت مالک ہونے کے جو چاہے کرسکتا ہے، یہ الگ بات ہے کہ حیلہ خواہ مخواہ کرنا مناسب نہیں ہے اس لئے کہ زکوٰۃ کے مصارف متعین ہیں، حیلہ کے بعد جو اصل مستحقین ہیں وہ عملاً محروم رہ جاتے ہیں اس لئے حیلہ کی صورت انتہائی مجبوری میں اختیار کرنی چاہئے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر غفرلہ۔

(۳) وجاز دفع القیمة فی زکوة وعشر و خراج و فطرة و نذر (الدر المُختار علی هامش ردالمحتار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۲۹ ۔ط.س. ج ۲ ص ۲۸۵) ظفیر۔

(۴) وشرط صحة ادا نهاية مقارنة للاداء الخ او نوی عند الدفع للوكيل ثم دفع الوكيل بلا نية او مقارنة بعزل ماوجب كله او بعضه (الدر لمختا ر علی هامش ردالمحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۴ ۔ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸) ظفیر

(۵) یصرف المز کی الی کلهم او الی بعضهم الخ تملیکا لا اباحة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳ ۔ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر

(جواب) درست ہے۔(۱)

## نہر زبیدہ کی صفائی میں زکوٰۃ خرچ کرنا درست نہیں

(سوال ۳۳۰) نہر زبیدہ کی صفائی میں زکوٰۃ کا روپیہ اگر صرف کیا جائے تو زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ ادا ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ کسی محتاج کو اس کا مالک بنایا جاوے اسی وجہ سے فقہاء لکھتے ہیں کہ مسجد کی تعمیر میں بھی صرف کرنا زکوٰۃ کا درست نہیں۔ پس نہر مذکور کی صفائی میں خرچ کرنے سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۲)

## زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ کی تعمیر درست نہیں

(سوال ۳۳۱) زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ کی تعمیر کرا سکتے ہیں یا نہیں؟

(جواب) زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ یا مسجد کی تعمیر کرانا درست نہیں ہے کیونکہ زکوٰۃ میں تملیک فقراء شرط ہے بدون مالک بنانے فقراء کے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔(۳) **هکذا فی کتب الفقه و الحیلة (۴) لمثل هذه الا فعال مذکورة فی الدر المختار وغیره۔**

## مصارف زکوٰۃ

(سوال ۳۳۲/۱) ایک شخص کی سالانہ آمدنی دس من غلہ اور صہ ر روپیہ نقد ہے اور دو بہن بھائی کھانے والے ہیں اور آمدنی کبھی وصول ہوتی ہے کبھی نہیں، تو یہ شخص زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں؟

## آمدنی والے کو زکوٰۃ

(سوال ۳۳۳/۲) ایک شخص کی آمدنی ۵؎ یا ۶؎ روپے ہے تو یہ شخص بھی زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں؟

(جواب) (۱) لے سکتا ہے (۵)

(۲) اس صورت میں وہ غنی ہے زکوٰۃ نہیں لے سکتا۔(۶) فقط۔

## بغیر بتائے ہوئے زکوٰۃ کے روپے دیدینا کیسا ہے

(سوال ۳۳۴/۱) زید چونکہ غنی ہے اور زکوٰۃ ادا کرتا ہے لہذا اگر زید اپنے چچا زاد بھائی بہن کو جو کہ مفلس اور محتاج ہیں زکوٰۃ دے اور ان کو نہ بتلائے کیونکہ اگر ان کو یہ خبر ہوگئی کہ یہ زکوٰۃ ہے تو وہ ناراض ہوں گے ایسی صورت میں اگر زید ان کو زکوٰۃ دے اور نہ بتلائے کہ یہ زکوٰۃ ہے تو زکوٰۃ کے ادا ہونے میں کوئی کلام تو نہیں۔

.................................................................

(۱) وجاز دفع القیمة فی زکوة وعشر و خراج (ایضاً کتاب الزکوة باب الغنم ج ۲ ص ۲۹ ط.س. ج۲ ص ۲۸۵) ظفیر

(۲) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة الخ لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت (ایضاً باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر

(۳) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لااباحة کما مر ، لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص ۳۴۴.

(۴) وحیلة التکفین بها التصدق علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما وکذا فی تعمیر المسجد وتمامه فی حیل الا شباه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر.

(۵) مصرف الزکوة الخ فقیر الخ ای دون نصاب او قدر نصاب غیر نام مستغرق فی الحاجة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰ ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر.

(۶) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجة الا صلیة (ایضاً ج ۲ ص ۸۸ ط.س. ج۲ ص ۳۴۷) یہ سن ۱۳۳۲ھ کی بات ہے، اب چالیس پچاس روپے کمانے والا غنی نہیں ہو سکتا واللہ اعلم ظفیر۔

## صلہ رحمی کا ثواب ملے گا یا نہیں

(سوال ۲/ ۳۳۵) اور اس زکوٰۃ کے دینے میں علاوہ ادائے فرض زید کو صلہ رحمی کا بھی ثواب ملے گا یا نہیں؟

## نہ بتانے کا مواخذہ ہے یا نہیں

(سوال ۳، ۴/ ۳۳۶) چونکہ زید نے زکوٰۃ کی خبر انہیں نہیں دی اور قرینہ سے جانتا ہے کہ اگر انہیں معلوم ہوتا تو نہ لیتے یا ناراضی ظاہر کرتے اس لئے زید پر مواخذہ ہے یا نہیں۔ زید چونکہ اسی زکوٰۃ دینے میں رواجاً شرماشرمی صلہ رحمی سے گریز کرنا چاہتا ہے، اس لئے زید پر مواخذہ شرعی یا کم از کم ملامت تو نہیں۔

(جواب) (۱) زکوٰۃ کے ادا ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ دینے والے کی نیت زکوٰۃ کی ہو اور جس کو دی جاوے وہ محل اور مصرف زکوٰۃ کا ہو یہ شرط نہیں کہ اس کو اطلاع زکوٰۃ کی بھی کی جاوے۔ پس اگر زید اپنے اعمام یا بنی اعمام کو جو محتاج اور مصرف زکوٰۃ ہیں، زکوٰۃ دے اور ان سے یہ ظاہر نہ کیا کہ یہ زکوٰۃ ہے تو زکوٰۃ ادا ہوگئی وشرط صحة ادائها نية مقارنة للاداء . در مختار ، قوله نية الخ اشار الى انه لا اعتبار للتسمية فلو سما ها هبة او قرضا تجزية فى الا صح الخ شامى۔(۱)

(۲) صلہ رحمی کا بھی ثواب ملے گا۔ کما جاء فى الحديث قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الصدقة على المسكين صدقة وهى على ذى الرحم ثنتان صدقة وصلة رواه احمد الترمذى وغير هما. (مشكوٰة باب افضل الصدقة ص ۱۷۱) ظفير۔

(۳) کچھ مواخذہ نہیں۔

(۴) کچھ مواخذہ اور ملامت نہیں بلکہ حدیث سابق سے ظاہر ہوا کہ صلہ رحمی بھی ہے اور زکوٰۃ بھی ادا ہو جاوے گی اور دوہرا ثواب اس کو ملے گا۔

## مانگنا جن پر حرام ہے ان کو زکوٰۃ کی رقم دینا کیسا ہے

(سوال ۳۳۷) بر شخصیکہ سوال شرعاً حرام است او را دادن چہ حکم دارد؟

## حکم چرم قربانی

(سوال ۳۳۸) قیمت چرم قربانی حکم صدقات فریضہ دارد یا نافلہ؟

(جواب) (۱) ویاثم معطيه ان علم بحاله لا عانته على المحرم (۲) درمختار اور شامی میں شرح مشارق سے یہ نقل کیا ہے کہ قیاس یہی ہے کہ دینے والا آثم ہو، لیکن اس کو ہبہ علی الغنی خیال کر کے دینے والے کو آثم نہ کہا جاوے گا، پھر اس میں بھی کچھ بحث کی ہے۔ بہر حال باوجود علم حال سائل وغنا اس کو دینا اچھا نہیں ہے۔ فقط۔

## زکوٰۃ کا روپیہ مردہ کے ایصال ثواب کے لئے دینا کیسا ہے

(سوال ۳۳۹) زکوٰۃ کا روپیہ مردہ کو دینا اس طور سے کہ اس کی طرف سے کھانا پکوا کر فقیروں کو دیا جائے جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ کا روپیہ مردہ کو دینا جس طریق سے آپ نے لکھا ہے درست نہیں ہے، (۳) مردہ کی طرف سے اس

(۱) دیکھئے رد المحتار ج ۲ ص ۱۴۔ ط.س. ج ۲ ص ۲۶۸ / ۱۲۲ ظفير

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۹۵ . ط.س. ج ۲ ص ۳۵۵ ظفير.

(۳) ولا يكفن بها ميت لانعدام التمليك وهوا لركن (هدايه كتاب الزكوٰة ...... ج ۱ ص ۱۸۸ ) ظفير

روپے کا کھانا پکوا کر کھلایا جائے یا کپڑا محتاجوں کو دیا جائے، غرض یہ ہے جس طرح دیا جائے اپنی طرف سے ہی زکوٰۃ کی نیت سے دیا جاوے اس کا ثواب کسی میت کو نہ پہنچایا جائے۔

## پیشہ ور فقیروں کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۴۰) جو لوگ سوال پیشہ ہیں ان کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) ایسے فقیروں کو جن کا پیشہ مانگنے کا ہے اور یہ معلوم ہے کہ یہ لوگ اکثر متمول ہوتے ہیں، دینا درست نہیں ہے۔

## ہندو فقیر کو دینا کیسا ہے

(سوال ۳۴۱) ہندو فقیر کو اللہ کے واسطے دینا یا زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) ہندو فقیر محتاج کو اللہ کے واسطے دینا درست ہے لیکن زکوٰۃ کا روپیہ ہندو کو دینا درست نہیں ہے۔(۱)

## زکوٰۃ کے روپے سے غریب لڑکیوں کی تعلیم درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۴۲) زکوٰۃ کے روپے سے غریب لڑکیوں کی تعلیم مذہبی وتدریس جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ میں تملیک شرط ہے یعنی کسی محتاج کو اس کا مالک بنا دینا چاہئے، پس غریب لڑکیوں کو اگر نقد یا کپڑا یا کھانا زکوٰۃ سے دے دیا جاوے تو درست ہے۔ لیکن معلّمہ کی تنخواہ یا دیگر ملازمین کی تنخواہ دینا زکوٰۃ سے درست نہیں ہے۔(۲) اور باقی زکوٰۃ کے مسائل کی تحقیق اور اس کے مصارف کی تفصیل دہلی کے علماء سے پوری طرح تحقیق کر لئے جاویں، یا بہشتی زیور وغیرہ کتابوں میں دیکھ لیا جاوے، تحریر میں سب امور کا لانا اور سمجھنا دشوار ہے۔

## زکوٰۃ کے مال سے کھانا پکا کر دینا یا کوئی چیز خرید کر دینا کیسا ہے

(سوال ۳۴۳) زکوٰۃ کے مال کا کھانا پکا کر کھلا دیا جائے یا کوئی چیز خرید کر دی جائے یہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) درست ہے۔

## ان رشتہ داروں میں سے کسے زکوٰۃ دینا درست ہے

(سوال ۳۴۴) اپنے ماں باپ یا خوش دامن وخسر یا خالہ زاد، یا چچا زاد یا برادر وہمشیرہ خورد ان کی اولاد ان میں سے کس کس کو زکوٰۃ کی رقم دینی یا نہ دینی چاہئے۔

(جواب) ان مذکورین میں سے سوائے ماں باپ کے سب کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔(۳) فقط۔

## بے نمازی کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۴۵) بے نماز کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر وہ بے نماز محتاج ومصرف زکوٰۃ ہے تو دینا اس کو درست ہے۔(۴)

---

(۱) ولا یحوز ان یدفع الزکوٰۃ الی ذمی ویدفع الیہ ماسوی ذالک من الصدقۃ (ھدایہ کتاب الزکوٰۃ ..... ج ۱ ص ۱۸۷)

(۲) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحۃ کما مر فلا تصرف الی بناء نحو مسجد والی کفن میت وقضاء دینہ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر

(۳) ولا الی من بینھما ولا دالخ (در مختار) وقید بالو لاد لجوازہ لبقیۃ الا قارب کا لا خوۃ والا عمام والا خوال الفقراء بل ھم اولی (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر

(۴) انما الصدقات للفقراء والمساکین الخ (ھدایہ ج ۱ ص ۱۸۶) ظفیر

### جسے زکوٰۃ دے کیا اسے اطلاع کرنا بھی ضروری ہے

(سوال ۳۴۶) جس کو زکوٰۃ دے اس کو مطلع کرنا بھی ضروری ہے یا نہیں۔

(جواب) ضروری نہیں۔

### داماد اور بھائی کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۴۷) داماد اور بھائی بہن کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جائز ہے۔(۱)

### نابالغ کو دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۳۴۸) نابالغ کو زکوٰۃ دینے سے ادا ہو جاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) ہو جاتی ہے۔(۲)

### اقارب میں سے زکوٰۃ کس کو دینا درست ہے

(سوال ۳۴۹) زکوٰۃ کا مال کس کو اقارب میں سے نہیں دیا جاتا۔

(جواب) سوائے اصول و فروع و زوجین کے سب اقرباء کو دے سکتا ہے۔(۳)

### صحرائی جائداد والے کو ادائیگی قرض کے لئے زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۵۰) اگر کوئی شخص مقروض ہے اور اس کے پاس صحرائی جائداد ہے تو مال زکوٰۃ سے اس کا قرض ادا کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔ اگر ادا کیا جا سکتا ہے تو زیادہ سے زیادہ کتنا روپیہ اس کے قرض میں دیا جا سکتا ہے۔

(جواب) مال زکوٰۃ قرض میں محسوب ہوگا۔ مثلاً اس صورت میں روپیہ جو موجود ہے وہ قرض کے ادا کے لئے مقرر کیا جاوے گا نہ جائداد صحرائی۔ درمختار میں ہے ولو له نصب صرف الدين لا يسرها قضاءً ا الخ شامی میں ہے كان يكون عنده دراهم و دنا نير وعروض التجارة وسوائم يصرف الدين الى الدر اهم والدنا نير الخ۔(۴)

### مدرسہ میں زکوٰۃ اور اس کا مصرف

(سوال ۳۵۱) یہ مدرسہ چند دنوں سے جاری ہوا ہے۔ اب لوگوں کا خیال ہے کہ اس میں صدقات اور زکوٰۃ عشر وغیرہ دے دیا جاوے تو کون شخص اس کے مصرف ہو سکتے ہیں، مثلاً جو مدرس غنی ہے وہ تنخواہ اس میں سے لے سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ اور عشر تمام صدقات واجبہ جیسے صدقہ فطر اور کفارات مدرسوں کی تنخواہ میں دینا درست نہیں۔ طلباء مساکین وغرباء کے صرف میں جائز ہے پس اگر مدرسہ میں زکوٰۃ آوے تو اول اس کو تملیک کسی فقیر غیر مالک نصاب کو

---

(۱) دیکھو ص ۲۰۵

(۲) دفع الزكوة الى صبيان اقاربه برسم عيد او الى مبشر اومهدى الباكورة جاز (در مختار) قوله الى صبيان اقاربه اى العقلاء والا فلا يصح الا بالدفع الى ولى الصغير (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج ۲ ص ۳۵۶) ظفير

(۳) ولا الى من بينهما ولا د او بينهما زوجية (در مختار) وقيد بالو لاد لجوازه لبقيه الا قارب (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۶) ظفير

(۴) بظاہر سوال سے جواب کو کوئی تعلق معلوم نہیں ہوتا ۱۲ ظفیر۔

کردیا جاوے، پھراس کی طرف سے مدرسہ کے مصارف میں صرف کردیا جاوے۔(۱)

## تعمیر درس گاہ میں زکوٰۃ کا روپیہ لگانا کیسا ہے

(سوال ۳۵۲) ایک صاحب انجمن کو زکوٰۃ کا روپیہ دینا چاہتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ آیا زکوٰۃ کا روپیہ طلبہ وتعمیر درسگاہ اور تنخواہ مدرسین میں صرف ہوسکتا ہے۔

(جواب) طلباء کے مصارف خوراک و پوشاک وغیرہ میں زکوٰۃ کا روپیہ صرف کرنا چاہئے، تعمیر درس گاہ اور تنخواہ مدرسین میں سے کسی مد میں زکوٰۃ کا روپیہ صرف نہیں ہوسکتا مگر اس حیلہ سے کہ وہ روپیہ کسی غیر صاحب نصاب کی ملک کرا دیا جاوے کہ زکوٰۃ ادا ہو جاوے، پھر وہ شخص اپنی طرف سے تعمیر مدرسہ وغیرہ میں صرف کردے۔(۲)

## زکوٰۃ کی رقم سے ارباب مدرسہ قرض دے سکتے ہیں یا نہیں

(سوال ۳۵۳) مہتمم مدرسہ یا اراکین مدرسہ کو بلا اجازت معطیین کے زکوٰۃ یا دیگر صدقات میں سے قرض دینا یا قرض لے کر اور مدرسین کی تنخواہ میں صرف کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔

## زکوٰۃ کو حیلہ کے ذریعہ تنخواہ میں خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۳۵۴) مہتمم یا اراکین مدرسہ اس حیلہ سے کہ اول قیمت چرم قربانی یا زکوٰۃ بلا اجازت عطا کنندگان کے کسی طالب علم کو دے دے پھر ان سے واپس لے کر تنخواہ مدرسین وملازمین میں صرف کردے، یہ صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) ظاہر ہے کہ جائز نہیں ہے۔(۳)

(۲) ایسے حیلہ کو فقہاء نے جائز رکھا ہے کذا فی الدرالمختار۔(۴)

## زکوٰۃ سے مدرسہ کے ملازمین کی تنخواہ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۵۵) ہمارا ارادہ ہے کہ ایک مدرسہ بنادیں اور اس کے اخراجات یعنی تنخواہ مدرسین وغیرہ اور طلبہ کا خرچ سب مد زکوٰۃ سے دیں۔ کیا تنخواہ ملازمین مد زکوٰۃ سے دینی درست ہے۔

(جواب) معلم کو تنخواہ میں زکوٰۃ کا روپیہ دینا درست نہیں۔ زکوٰۃ بلا کسی معاوضہ تعلیم وغیرہ کے مساکین اور غرباء کو دینا اور ان کو مالک بنانا ضروری ہے ھکذافی کتب الفقہ۔(۵)

## مالک نصاب معلم کو زکوٰۃ وعشر وغیرہ دینا درست ہے یا نہیں اگر وہ عیالدار ہو

(سوال ۳۵۶) ایک شخص صاحب زکوٰۃ ہے اگر وہ ایسے شخص کو مال زکوٰۃ دیوے جو تعلیم وتعلم کے کام میں ہمیشہ مصروف ہے۔ قدر نصاب کے خود بھی مال رکھتا ہے۔ ہاں عیالدار ضرور ہے۔ آیا اس شخص مذکور سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی

---

(۱) وحیلۃ التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیر المسجد (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر

(۲) ولا یخرج عن العھدۃ بالعزل بل بالاداء للفقراء (رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۵. ط.س. ج۲ ص ۲۷۰

(۳) دیکھئے شامی کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱.

(۴) انما الصدقات للفقراء والمساکین الخ (ھدایہ ج ۱ ص ۱۸۶) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحۃ (در المختار باب المصرف) ظفیر.

(۵) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجۃ الاصلیۃ من ای مال کان (در مختار) فان کان لہ فضل عن ذالک (ای الحاجۃ الاصلیۃ) تبلغ قیمۃ مائتی درھم حرم علیہ اخذالصدقۃ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ ص ۳۴۷

ہے اور یہ مدرس عیال دار مصرف غلہ عشر و چرم قربانی کا ہوسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) جب کہ وہ معلم مالک نصاب ہے زکوۃ دینا اس کو درست نہیں اور زکوۃ ادا نہ ہوگی۔ اور استاد مدرسہ جو مالک نصاب ہے وہ بھی مصرف زکوۃ نہیں ہے۔(۱) قیمت چرم قربانی اسی کو دینا درست ہے، جس کو زکوۃ دینا درست ہے اس کو چرم قربانی اور عشر بھی دینا درست ہے اور جس کو یہ دینا درست نہیں اس کو چرم قربانی وعشر بھی درست نہیں۔(۲) اگر مدرسہ میں زکوۃ وغیرہ صدقات واجبہ طلبہ مساکین کے لئے دی جائے تو درست ہے۔ طلبہ ومساکین پر وہ روپیہ صرف ہوسکتا ہے۔(۳) فقط۔

## زکوۃ طلبہ پر خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۳۵۷) اگر روپیہ زکوۃ در مصارف مدرسہ مثلاً خورد ونوش ولباس وکتب وغیرہ طلبہ مساکین ادا کردہ شود زکوۃ ادا خواہد شد یا نہ وبرائے یک طالب عالم صد روپیہ صرف کردن جائز است یا نہ وبرائے تنخواہ مدرسین وملازمین از زکوۃ کدام حیلہ است۔

(جواب) در زکوۃ تملیک فقراء شرط است پس طلبہ اگر مساکین باشند در خوراک ولباس شاں صرف کردن زر زکوۃ درست است، وکتب اگر از زر زکوۃ خریدہ ملک اوشاں کردہ شد اینہم صحیح است،(۴) اگر...... بدیں طور یک طالب علم صد روپیہ صرف شوند صحیح شد وبرائے تنخواہ مدرسین وملازمین ایں حیلہ جواز است کہ اولاً از زکوۃ بہ شخصے مسکین دادہ شود وآنکس بعد ملک از جانب خود در تنخواہ مدرسین وغیرہ بدہد ایں جائز است۔(۵) فقط

## زکوۃ کی رقم سے مدرسین کی تنخواہ دینا اور مدرسہ کا مکان بنانا کیسا ہے

(سوال ۱/۳۵۸) زکوۃ کسی مدرسہ میں دینا جائز ہے یا نہیں، اور مدرسین کی تنخواہ میں یا تعمیر مدرسہ میں صرف کرنا کیسا ہے۔

## یتیم لڑکی جو خادمہ کی حیثیت سے ہے اس کا زیور بنانا کیسا ہے

(سوال ۲/۳۵۹) زید کے یہاں ایک یتیم لڑکی صرف روٹی کپڑا پاتی ہے تو زید زکوۃ کے روپے سے اس کے لئے کچھ کپڑا یا زیور بنا سکتا ہے اور جو عورت زکوۃ کو معاوضہ خدمت کا سمجھے اس کو دینا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) زکوۃ کا روپیہ مدرسہ کی تعمیر میں اور مدرسین کی تنخواہ میں بدون حیلہ کے صرف کرنا درست نہیں ہے۔(۶) البتہ طلبہ کی خوراک وپوشاک میں صرف ہوسکتا ہے۔

---

(۱) (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۰. ط.س. ج۲ ص۳۴۷ ظفیر.

(۲) مصرف الزکوۃ والعشر الخ هو فقیر (در مختار) وهو مصرف ایضاً لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیر ذالک من الصدقات الوجبه کما فی القهستانی (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفیر

(۳) مصرف الزکوۃ الخ هو فقیر الخ مسکین الخ فی سبیل الله وهو منقطع الغزاة وقیل الحاج وقیل طلبه العلم الخ (ایضاً ج ۲ ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفیر.

(۴) مصرف الزکوۃ الخ هو فقیر الخ و مسکین الخ وفی سبیل الله الخ یصرف الزکی الی کلهم اوالی بعضهم الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة (در مختار) فلا یکفی الا طعام الا بطریق التملیک (رد المختار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفیر

(۵) وحیلة التکفین بها التصدق علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما و کذا فی تعمیر المسجد و تمامه فیحیل الا شباه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار. کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ ص۲۷۱) ظفیر عفی عنه.

(۶) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة فلا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت وقضاء دینه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص۳۴۴)

(۲) اور یتیم لڑکی جس کی تنخواہ مقرر نہیں کی گئی صرف روٹی کپڑا دینا مقرر کیا ہے اس کو زیور زکوۃ سے بنوا دینا درست ہے، یا اس کو نقد دیدے یہ بھی درست ہے۔ (۱) کپڑا جو اس کا مقرر ہے وہ زکوۃ میں سے نہ بناوے۔ اور اس دوسری عورت خادمہ کو دینا درست نہیں ہے جو اس کو معاوضہ اپنی خدمت کا سمجھے گی۔ فقط۔

## مالدار صدقہ ونذر...... اور زکوۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۳۶۰) مالدار کو صدقہ اور زکوۃ اور نذر کا مال لینا کیسا ہے

(جواب) حرام ہے۔ (۲) فقط۔

## خبر نہ ہونے کی وجہ سے مالک نصاب کو زکوۃ دی بعد میں معلوم ہوا تو کیا کرے

(سوال ۱/۳۶۱) مال زکوۃ یا فطرہ یا دیگر صدقات واجبہ اگر ایسے شخص کو دیں کہ وہ مالک نصاب ہو لیکن دینے والے کو خبر نہ ہو۔

## غنی کے نابالغ محتاج اولاد کو زکوۃ دینا درست نہیں ہے

(سوال ۲/۳۶۲) یا ان اطفال بالغین کو دیں کہ خود مفلس محض ہوں لیکن والدین ان کے ذی نصاب ہوں تو جائز ہے یا نہیں اور زکوۃ وغیرہ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) (۱،۲) اگر دینے والے کو اس کے صاحب نصاب ہونے کا علم نہ ہو تو زکوۃ ادا ہو جاوے گی وان بان غناه الخ لا يعيد الخ (در مختار) (۳) اور غنی کی محتاج اولاد صغار کو زکوۃ وغیرہ صدقات واجبہ دینا درست نہیں ہے اس سے زکوۃ ادا نہ ہوگی۔ (۴) فقط۔

## مجبور سید زکوۃ لے یا نہیں

(سوال ۳۶۳) جس سید کے کنبہ بہت ہو اور وہ نابینا حاجت مند ہو تو اس کو زکوۃ لینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) حنفیہ کے نزدیک صحیح قول کے مطابق اور ظاہر الروایۃ کے مطابق سید کو کسی حال میں زکوۃ دینا درست نہیں ہے كما في الدر المختار . ثم ظاهر المذهب اطلاق المنع۔ (۵) فقط (ایسے مجبور سید کو بطور حیلہ زکوۃ لینے کی گنجائش ہے

## کسی بھی خدمت کے معاوضہ میں زکوۃ لینا اور دینا درست نہیں ہے

(سوال ۳۶۴) دا این زکوۃ کا پسر حافظ ہے اور وہ رمضان میں قرآن پاک سناتا ہے مسجد کے پیش امام جو حافظ ہیں اور سنانے والے کے استاد بھی ہیں وہ پیچھے سنتے ہیں ایسی صورت میں رقم زکوۃ سے بطور نذرانہ کچھ پیش امام کو دینا جائز ہوگا یا نہیں۔

---

(۱) مصرف الزكوة الخ هو فقير الخ و مسكين الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفير. (۲) ولا الى غنى يملك قدر نصاب فارغ عن حاجته الا صلية من اى مال كان (در مختار) فان كان له فضل عن ذلک تبلغ قيمته مائتى درهم حرم عليه اخذ الصدقة (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸ ط.س. ج۲ص۳۴۷) مصرف الزكوة (درمختار) وهو مصرف ايضاً لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلک من الصدقات الواجبة كما في القهستاني (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفير. (۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج۲ص۳۵۲. ۱۲ ظفير (۴) ولا الى طفله (در مختار) اى الغنى (ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ ط.س. ج۲ص۳۴۹) ظفير (۵) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ و ج ۲ ص ۹۱ ط.س. ج۲ص۳۵۰) ظفير

(جواب) ان حافظ صاحب سامع کو زکوٰۃ دینا بمعاوضہ اس سننے کے جیسا کہ دستور ہے جائز نہیں ہے اور درحقیقت یہ نذرانہ نہیں ہے بلکہ معاوضہ ہے اس خدمت سننے قرآن شریف کا۔(۱) فقط۔

## تعمیر مسجد میں زکوٰۃ کا روپیہ لگانا درست نہیں

(سوال ۱/۳۶۵) زکوٰۃ کا روپیہ تعمیر مسجد میں خرچ ہوسکتا ہے یا نہیں۔

## احاطہ تکیہ میں زکوٰۃ کی رقم صرف ہوسکتی ہے یا نہیں

(سوال ۲/۳۶۶) ایک تکیہ میں ایک مسجد واقع ہے اور اس تکیہ کے چار طرف تالاب ہے تو اگر بغرض حفاظت اراضی تکیہ جس میں ایک مسجد بھی واقع ہے، زکوٰۃ کا روپیہ احاطہ تکیہ کی دیوار یا گل اندازی میں صرف کریں تو صرف ہوسکتا ہے یا نہیں

(جواب) (۱،۲) دونوں جگہ زکوٰۃ کا روپیہ صرف کرنا درست نہیں ہے۔ **کما فی عامۃ کتب الفقہ**(۲) فقط۔

## پیش امام کو زکوٰۃ لینا کیسا ہے

(سوال ۳۶۷) پیش امام جو کہ صاحب نصاب اور سید وغیرہ بھی نہ ہو مال زکوٰۃ لے سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ وفطرہ وغیرہ صدقات واجبہ بلا معاوضہ فقراء کو دینا ضروری ہے، پس امام کو معاوضہ امامت اس میں سے دینا اور اس کو لینا درست نہیں ہے۔(۳) فقط۔ (البتہ اگر یہ رقم مشاہرہ کے علاوہ الگ سے محتاج سمجھ کر دی جائے اور وہ مستحق زکوٰۃ ہے۔ تو درست ہے۔ ظفیر)

## سید کو زکوٰۃ لینا درست نہیں اور نہ صاحب نصاب کو

(سوال ۱/۳۶۸) زید کا چچا قوم کا سید ہے غریب آدمی ہے دوسو روپے کا قرض دار ہے، سود بڑھتا جاتا ہے، دو لڑکیاں نابالغہ ہیں۔ اور زید کی چچی قوم کی پٹھان ہے، سو روپے کا زیور موجود ہے جو کہ پچیس روپے میں گروی ہے۔ زید اپنے چچا یا چچی وغیرہ کو مال زکوٰۃ دے سکتا ہے یا نہیں۔

## کسی مستحق زکوٰۃ کو زکوٰۃ کی رقم دے کہ وہ سید کو دے دے یہ جائز ہے

(سوال ۲/۳۶۹) کسی غیر مذہب مستحق کو مال زکوٰۃ اس شرط پر دینا کہ تم زید کے چچا کو دے دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱،۲) سید غریب کو زکوٰۃ دینے کے جواز کی یہ صورت ہے کہ کسی غریب شخص کو جو کہ سید نہ ہو زکوٰۃ دی جاوے اور اس کو مالک بنا دیا جاوے پھر وہ اپنی طرف سے اس سید کو دے دیوے، یہ صورت جواز کی ہے اور درمختار میں یہ حیلہ جواز کا لکھا ہے۔(۴) اور چچی پٹھان کے پاس جب کہ زیور سو روپے کا موجود ہے تو اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے مگر بحالت موجودہ درست نہیں ہے کیونکہ پچیس روپے قرض کے وضع کر کے پھر بھی نصاب باقی رہتا ہے۔(۵) فقط۔

---

(۱) انما الصدقات للفقراء و المساکین الخ (ہدایہ باب من یجوز دفع الصدقات ج ۱ ص ۱۸۶) ظفیر
(۲) ولا یجوز ان یبنی بالزکوٰۃ المسجد و کذا لقناطر، و السقایات و اصلاح الطرقات و کری الانہا والحج و الجہاد، و کل مالا تملیک فیہ (عالمگیری مصری کتاب الزکوٰۃ باب السابع فی المصارف ج ۱ ص ۱۸۸) ظفیر۔
(۳) قال الاصل فیہ قولہ تعالیٰ انما الصدقات للفقراء الخ (ہدایہ باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ج ۱ ص ۱۸۶) یہ فقراء اور دوسرے مستحقین کا حق ہے لہٰذا معاوضہ میں دینا درست نہ ہوگا ۱۲ ظفیر۔
(۴) و حیلۃ التکفین بہا التصدق علی فقیر ثم ہو یکفن فیکون الثواب لہما و کذافی تعمیر المسجد (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶۔ ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱) ظفیر۔
(۵) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجتہ الاصلیۃ من ای مال کان (ایضاً باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۷) ظفیر۔

(نصاب ۵۲ ½ تولہ چاندی یا اس کی قیمت ہے۔ اس وقت قیمت ۵۲ ½ تولہ کی دوسو روپے ہے۔

## زکوٰۃ کی رقم حافظ کو مشاہرہ میں دینا درست نہیں ہے

(سوال ۱/۳۷۰) اپنی زکوٰۃ میں سے اگر کسی حافظ کو جو عام طور پر تعلیم قرآن شریف دے نوکر رکھ لوں تو جائز ہے یا نہیں اور ایسے نوکر سے اپنے لڑکے کو بلا تنخواہ پڑھوا سکتا ہوں یا علیحدہ اجرت دوں۔

## زکوٰۃ کا روپیہ طلبہ مدرسہ پر کس طرح صرف کیا جائے

(سوال ۲/۳۷۱) مدرسہ میں جو روپیہ زکوٰۃ کا آتا ہے اس کو مہتمم مدرسہ نقد طلبہ کو دے یا کتابیں اور کپڑا خرید کر بھی دے سکتا ہے یا نہیں۔

## بذریعہ منی آرڈر روپیہ بھیجنے سے زکوٰۃ کیسے ادا ہوتی ہے

(سوال ۳/۳۷۲) زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ منی آرڈر بھیجنے میں بجنسہ روپیہ تو پہنچتا نہیں پھر بھیجنے والے کی زکوٰۃ کیسے ادا ہوگی
(جواب) (۱) جائز نہیں۔ کمافی الدرالمختار۔ (۱)
(۲) نقد دے خواہ کپڑا خرید کر تقسیم کردے یا کتابیں خرید کردے سب جائز ہے۔ (۲)
(۳) زکوٰۃ اس طرح بذریعہ منی آرڈر بھیجنے میں ادا ہو جاتی ہے کیونکہ مالک کی طرف سے مبادلہ کی اجازت ہو جاتی ہے۔ (۳) فقط۔

## مندرجہ مستحقین میں زکوٰۃ کسے دینا اچھا ہے

(سوال ۱/۳۷۳) زکوٰۃ ہمشیر خود، قریشی یتیم، قریبی یتیم و غریب، ہمسایہ غریب بیوہ عورت، مقروض آدمی، مسکین مثلاً لولے لنگڑے، اندھے عالم، امام مسجد مدرسہ یتامیٰ و دینیہ ان سب کی موجودگی میں کس کا حق اول ہے۔

## صدقہ کا زیادہ حق دار کون ہے

(سوال ۲/۳۷۴) صدقہ خیرات کا زیادہ حق دار کون ہے۔

## نذر نیاز کا کھانا کسے دیا جائے

(سوال ۳/۳۷۵) نیاز یا نذر جو خدا تعالیٰ کے نام کی مانی جائے اور وہ طعام کی صورت میں دی جائے اس کے لئے حق دار مقدم کون ہے۔

## اولیائے کرام کے ایصال ثواب کے لئے کسے دینا بہتر ہے

(سوال ۴/۳۷۶) لوگ جو وقتاً فوقتاً اولیاء کرام یا بزرگان دین کی ارواح کے ثواب پہنچانے کے لئے صدقہ و خیرات کرتے ہیں اس میں مقدم مستحق کون ہے۔
(جواب) (۱) زکوٰۃ کا مصرف غریب محتاج شخص ہے جو مالک نصاب نہ ہو، اگر اپنا قریبی رشتہ دار سوائے اصول و فروع

---

(۱) ولا الی طفله (در مختار) ای الغنی الخ فا فا دان المراد بالطفل غیر البالغ ذکرا کان اوانثی فی عیال ابیه اولا علی الا صح لما انه یعد غنیا بغناہ نهر (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ .ط.س. ج۲ ص۳۴۸) ظفیر.
(۲) وجاز دفع القیمة فی زکوة وعشر و خراج وفطرة نذر و کفارة غیر الا عتاق وتعتبر القیمة یوم الوجوب وقا لا یوم الاداء الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب زکوة الغنم ج ۲ ص ۲۹ .ط.س. ج۲ ص۲۸۵) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ .ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر.

کے محتاج ہو تو اس کو دینا زیادہ ثواب ہے مثلاً بھائی بہن غریب ہوں تو ان کے دینے میں ثواب زیادہ ہے اور عالم محتاج ہو تو اس کو دینا بھی درست ہے۔(۱) اور امام مسجد کو بمعاوضہ امامت دینا درست نہیں ہے۔

(۲) قریبی رشتہ دار زیادہ احق بالصدقہ ہے۔(۲)

(۳) اس میں رشتہ داروں کو مقدم کرے اس کے بعد عام محتاجوں کو دینا چاہئے۔

(۴) اس میں بھی وہی رعایت رکھی جائے جو باقی صدقات میں ہے کہ اقرباء مساکین کو مقدم کرے۔(۳) فقط۔

## جو طلبہ قوانین مدرسہ کی پابندی نہیں کرتے ان کو زکوۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۷۷ ۳) قواعد مدرسہ جو طلبہ پر ضروری ہیں اگر وہ ان کے پورا کرنے میں کمی کریں تو زکوۃ جو ان کو دی جاتی ہے وہ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) قاعدہ مدارس کا یہ ہے کہ زکوۃ کے مال کی اول تملیک کرا دی جاتی ہے، پھر اس مالک کی طرف سے روپیہ مدرسہ کے مصارف کے لئے لے لیا جاتا ہے لہذا قواعد مدرسہ طلبہ کے متعلق جاری کرنے میں زکوۃ کی ادائیگی میں کچھ فرق نہیں ہوتا زکوۃ پہلے ہی بوقت تملیک ادا ہو جاتی ہے۔(۴) فقط۔

## زکوۃ وعشر مسجد میں صرف کرنا درست نہیں

(سوال ۱ /۳۷۸) زکوۃ وعشر وصدقہ عید الفطر وبقر عید وعقیقہ ومنت، ان سب مدوں کے مال سے مسجد بنانا یا مسجد میں چراغ جلانا وغیرہ ضروریات میں صرف کرنا جائز و درست ہے یا نہیں۔

## زکوۃ کسے دینا بہتر ہے

(سوال ۲ /۳۷۹) مال مذکورہ کو مدرسہ اسلامیہ میں دینے کا زیادہ ثواب ہے یا اس فقیر کو جو زکوۃ کی آمدنی نشہ کی چیزوں میں صرف کرے۔

(جواب)(۱) زکوۃ وعشر وصدقہ فطر وغیرہ صدقات واجبہ کو مسجد کی تعمیر و مرمت وغیرہ میں صرف کرنا درست نہیں اس میں تملیک فقراء ضروری ہے۔(۵)

(۲) ایسے فقیروں کو نہ دیا جاوے جو کہ اس کو معصیت میں صرف کریں، مدرسہ کے طلبہ کو دینا زیادہ ثواب ہے کہ وہ علم دین حاصل کر رہے ہیں۔ فقط۔

---

(۱) مصرف الزکوٰۃ الخ ھو فقیر وھو من لہ ادنی شئی الخ و مسکین الخ یصرف المز کی الی کلھم اوالی بعضم الخ و کرہ نقلھا الا الی قرابتہ بل فے الظھیریۃ لا تقبل صدقۃ الرجل وقرابۃ محاویج حتیٰ یبداء بھم فیسد حاجتھم اوا حوج او اصلح اواورعاوا نفع للملسمین (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹و ج ۲ ص ۹۳ .ط.س. ج۲ص ۳۳۹-۳۵۲) ظفیر(۲) بل فی الظھیر یۃ لا تقبل صدقۃ الرجل وقرابۃ محاویج حتی یبدابھم فیسد حاجتھم (ایضا ج ۲ ص ۹۳)

(۳) عن ابی ھریرۃ مرفوعا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا امۃ محمد والذی بعثنی بالحق لا یقبل اللہ صدقۃ من رجل ولہ قرابتہ محتاجون ویصرفھا الی غیرھم اہ و فی القریب جمع بین الصلۃ والصدقۃ الخ وفی القھستانی والا فضل اخوتہ واخواتہ ثم اولادھم ثم اعمامہ وعماتہ ثم اخوالہ وخالاتہ ثم ذوار حامہ ثم جیرانہ ثم اھل سکنہ ثم اھل بلدہ(رد المحتار باب ایضا ج ۲ ص ۹۳ و ج ۲ ص ۹۴ .ط.س. ج۲ص ۳۵۳) ظفیر.(۴) ولا یخرج عن العھدۃ بالعزل بل بالاداء للفقراء وحیلۃ التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیرا لمسجد (الدرا لمختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۵ و ج ۲ ص ۱۶ .ط.س. ج۲ص ۲۷۰-۲۷۱)(۵) مصرف الزکوۃ (درمختار) وھو مصرف ایضا لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر وغیر ذالک من الصدقات الواجبۃ الخ(رد المحتار باب المصرف ص ۷۹) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحۃ ولا یصرف الی بناء نحو مسجد (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار ب اب المصرف ج ۲ ص۸۵ .ط.س. ج۲ص ۳۳۹-۳۴۴) ظفیر

### زکوۃ کے روپے میں سے قرض دینا اور تجارت میں لگانا کیسا ہے

(سوال ۳۸۰) کسی نے سو روپے مثلاً زکوۃ کے نکال کر علیحدہ رکھ دیئے لیکن اسی کے قبضہ میں رہے بلا کسی کی تملیک کرائے ہوئے وہ اس روپے میں سے کسی کو قرض دے سکتا ہے یا نہیں یا زکوۃ کے روپے کو تجارت میں لگادے اور نفع کو بھی زکوۃ والوں کا حق سمجھے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جب تک وہ روپیہ جو بہ نیت زکوۃ علیحدہ رکھ دیا ہے فقراء و مساکین کو نہ دے دیا جاوے اور ان کو مالک نہ بنادیا جاوے اس وقت تک وہ روپیہ صاحب نصاب کی ملک ہے۔ (۱) اگر اس کو کسی کو قرض دے دیوے یا تجارت میں لگا دیوے درست ہے لیکن پھر جس وقت وہ روپیہ بعد واپس لینے کے یا اور روپیہ اپنے پاس سے زکوۃ میں دیوے تو پھر نیت زکوۃ کی کرنی چاہئے اور تجارت میں جو نفع ہو وہ روپیہ والے کا ہی ہے۔ فقط۔ (صورت مسئولہ میں زکوۃ ادا نہ ہوگی، زکوۃ کی رقم سے بلا تملیک مستحق تجارت میں لگانا اور قرض دینا درست نہیں ہے۔ ظفیر)

### طلبہ کو زکوۃ دینے کے لئے ان کی اہلیت کی تفتیش کی جائے یا نہیں

(سوال ۳۸۱/۱) زکوۃ طلبہ کو دینا بلا قید اہلیت زکوۃ جائز ہے یا نہیں، یعنی یہ دیکھنا...... کہ وہ صاحب نصاب ہے یا سید ہے یا قریشی ہے اور یہ خیال کرنا کہ ان کے ماں باپ پرورش کرنے والے صاحب نصاب ہیں یا نہیں۔ اگر ان کے ماں باپ یا پرورش کرنے والے صاحب نصاب ہیں لیکن لڑکوں کو کتابیں کپڑے نہیں دیتے تو ایسے سامان کا دینا ان طلبہ کو جائز ہے یا نہیں۔

### جن طلبہ کے متعلق معلوم نہیں کہ مستحق ہیں یا نہیں اسے زکوۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۸۲/۲) اگر مہتمم کو یہ معلوم نہ ہو کہ ان کے ماں باپ یا پرورش کرنے والے صاحب نصاب ہیں یا نہیں تو ایسی حالت میں طالب علم کی استعانت مد زکوۃ سے جائز ہے یا نہیں۔

### تاجر کی تملیک جو سر دست صاحب نصاب نہیں

(سوال ۳۸۳/۳) جو شخص صاحب نصاب نہیں ہے اور تجارت کرتا ہے، اور اس میں صرف منافع اس کو ملے گا جس کی مقدار اس کو معلوم نہیں ہے اور اس پر پورا سال بھی نہیں ہے۔ احتمال ہے کہ پچاس سے زائد ہو ایسی حالت میں اس کی تملیک جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) یہ قید طلبہ میں بھی ہے کہ وہ بھی مصرف زکوۃ ہوں یعنی مالک نصاب نہ ہوں، سید نہ ہوں۔ اور اگر وہ طلبہ نابالغ ہیں تو ان کے والدین صاحب نصاب اور غنی نہ ہوں۔ بالغ کے لئے تو ماں باپ کا غنی ہونا مانع نہیں ہے جب کہ وہ خود فقیر ہوں اور زکوۃ سے کپڑے یا کتابیں اسی وقت دینا درست ہے، کہ وہ مصرف ہوں غنی نہ ہوں، اور اغنیا کی اولاد صغار نہ ہوں۔ (۲) اس کی تحقیق کر لینی چاہئے۔ (۳)

(۲) معلوم کرنا ضروری ہے۔ لیکن اگر طالب علم خود کہے کہ میں غریب ہوں اور میرے والدین بھی غریب ہیں تو

---

(۱) ولا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء لفقراء (در مختار) قوله لا یخرج عن العهدة بالعزل) فلو ضاعت لا تسقط عنه الزكوة ولو مات، كان ميرا ثاعنه (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج۲ ص ۲۷۰) ظفير (۲) ولا الى غنى يملك قدر نصاب فارغ عن حاجة الاصلية من اى مال كان الخ ولا الى طفله بخلاف ولده الكبير الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸ و ج ۲ ص ۹۰ ط.س. ج۲ ص ۳۴۷) (۳) لو دفع تحرلم يجز ان اخطاء (ايضا ج ص ۹۳ ط.س. ج۲ ص ۳۵۳)

موافق اس کے کہنے کے اس کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔(۱)
(۳) ایسی حالت میں اس کو اس وقت زکوٰۃ دینا درست ہے۔(۲) اور جب اس کو نفع مل جاوے گا اور وہ بقدر نصاب ہوگا تو اگر چہ سال بھر نہ گزرے تو پھر اس کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے۔فقط۔

## زکوٰۃ اور صدقۃ فطر وغیرہ، غیر مسلم کو دینا کیسا ہے

(سوال ۳۸۴) مال زکوٰۃ اور گوشت قربانی اور صدقۃ فطر اور صدقۃ نذر اللہ غیر مذہب والوں کو دینا درست ہے یا نہیں۔
(جواب) مال زکوٰۃ غیر مذہب والوں کو دینا درست نہیں ہے، کما ورد تو خذ من اغنیائھم الحدیث۔(۳) البتہ سوائے مال زکوٰۃ کے صدقہ نذر اللہ یا گوشت قربانی اور صدقہ فطر غیر مذہب والوں کو دینا درست ہے۔ کما فی الدرالمختار وجاز دفع غیر ھا الخ ای غیر الزکوٰۃ الیہ ای الذمی ولو واجباً کنذر و کفارۃ وفطرۃ الخ (۴) فقط۔(مگر مسلمان فقراء کو دینا بہتر ہے۔(۵) ظفیر)

## جن کے مندرجہ ذیل اوصاف ہوں ان کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۸۵) کچھ روپیہ زکوٰۃ کا یہاں کے مساکین کے لئے رکھ لیا تھا لیکن چندروز سے ارادہ بدل گیا، وجہ یہ ہوئی کہ اکثر یہاں کے لوگ محض نام کے مسلمان ہوتے ہیں کوئی بات ان میں مسلمان کی نہیں ہے عقائد، عبادات، معاملات سب خراب ہیں۔عقائد کی یہ حالت ہے کہ ایک قوم یہاں فقیر ہے جو بہت مشرک سمجھی جاتی ہے، ان کی حالت یہ ہے کہ ایک شخص جو میرے یہاں ملازم ہے چوری وغیرہ کے تذکرہ پر کہنے لگے کہ صاحب اگر آپ کا غلہ وغیرہ میں چوری کرتا ہوں تو دوسرے جنم میں بیل ہو کر آپ کا دانہ دانہ بھروں۔ یہ حالت اچھے لوگوں کی ہے عوام تو ان سے بڑھ کر ہیں، ایسے شخص کو مسلمان کہنا یا مسلمان کا برتاؤ کرنا کیسا ہے، شرک بدعت، تعزیہ پرستی وغیرہ ان کا کام ہے۔اللہ ورسول کو جانتے ہی نہیں۔ نماز نہ روزہ جھوٹ، فریب، زنا، چوری کو برا نہیں جانتے بچنا تو در کنار بعث بعد الموت کو جانتے ہی نہیں۔ایسی حالت میں ان کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے۔اگر جائز ہو تو خیر۔ ورنہ شاہ آباد اور آرہ کے مظلومین کی حالت تو آپ نے اخباروں میں دیکھی ہوگی۔میرا جی چاہتا ہے کہ ان کے پاس بھیج دوں لیکن وہاں بھی مذکورہ بالا شبہ ہے بلکہ گمان غالب ہے کہ وہ اس سے بدتر حالت میں ہوں گے۔اس صورت میں کیا کیا جاوے۔
(جواب) اپنی بستی کے ان لوگوں کو جن کا حال آپ نے لکھا ہے زکوٰۃ دینا درست ہے۔پس جو کچھ رقم آپ نے زکوٰۃ کی ان لوگوں کے لئے رکھی ہے وہ انہیں کو دینا درست ہے کیونکہ اپنے اہل شہر غرباء کا بھی حق ہے بلکہ زیادہ حق ہے اور شاہ آباد کے مظلومین اگر چہ زیادہ مستحق ہیں مگر اس میں خرچ کرنے والے کی بے احتیاطی کا اندیشہ ہے جس

---

(۱) اذاشک و تحری فوقع فی اکبر رائہ انہ محل الصدقۃ فد فع الیہ اوسأل منہ فدفع اوراہ فی صف الفقراء فد فع فان ظہر محل الصدقۃ جاز بالا جماع و کذاان لم یظہر حالہ عندہ (عالمگیری مصری باب المصارف ج ۱ ص ۱۹۰) ظفیر
(۲) مصرف الزکوٰۃ الخ ھو فقیر و ھو من لہ ادنی شئی ای دون نصاب غیر تام مستغرق فی الحاجۃ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰.ط.س.ج۲ص۳۳۹) ظفیر.
(۳) آگے ہے وترد علی فقراء ھم
(۴) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲.ط.س.ج۲ص ۳۵۱.۱۲ ظفیر
(۵) واختلفوا فی صدقۃ الفطر والنذر والکفارات قال ابو حنیفۃ و محمد رحمھما اللہ تعالیٰ یجوز الاان فقراء المسلمین احب الینا کذا فی شرح الطحاوی (عالمگیری مصری باب سابع فی المصارف ج ۱ ص ۱۸۸) ظفیر.

سے یہ خوف ہے کہ زکوٰۃ ادا نہ ہو، کیونکہ ادائے زکوٰۃ میں تملیک فقراء کی شرط ہے، جس کی وجہ سے کسی مسجد اور مکان وغیرہ کی مرمت و درستی میں صرف اس کا درست نہیں ہے اور تجہیز و تکفین میت میں بھی صرف کرنا درست نہیں ہے۔ پس معلوم نہیں کہ جس کے پاس رقم بھیجی جاوے گی وہ اس شرط کا پورا لحاظ کرے گا یا نہ کرے گا۔ اور وہ مصارف زکوٰۃ سے پوری طرح واقف ہو یا نہ ہو۔ آپ کے اہل شہر جن کا حال آپ نے لکھا ہے اگر چہ خرابی ان کے اعمال اور عقائد کی ظاہر ہے مگر یہ بھی ظاہر ہے کہ جب کہ وہ کلمہ گو اور مدعی اسلام ہیں اگر چہ اعمال و عقائد ان کے خراب ہوں تو عموماً ان کی تکفیر کا حکم نہیں کیا جاسکتا۔ ہاں جس خاص شخص سے کوئی کلمہ موجب کفر سنا گیا یا اس کا حال محقق طور سے معلوم ہو گیا کہ اس کے عقاید کفریہ ہیں تو اس پر حکم کفر کر دیا جاوے گا۔ مگر عموماً عام مسلمانوں پر ایسا حکم نہ کیا جاوے گا۔ پس جب حکم کفر عموماً ان پر عائد نہیں کیا جاسکتا تو زکوٰۃ دینا ان کو درست ہے کہ غریب و محتاج ہیں اور اپنے پڑوسی ہیں زکوٰۃ کے دینے میں اسی جزو کو مد نظر رکھنا چاہئے کہ اپنے شہر کے ہیں۔ غریب محتاج ہیں اس سے زیادہ کنج وکاوٗ کی حاجت نہیں ہے جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ ایک شخص نے ارادہ کیا صدقہ دینے کا (عام ہے کہ وہ صدقہ نفل ہو یا فرض) یعنی زکوٰۃ اول دن چور کو دیا گیا، پھر دوبارہ زانیہ عورت کو دیا گیا، پھر غنی کو دیا گیا، اس کو اس کا افسوس ہوا تو اس کو خواب میں یہ کہا گیا کہ تیرے تینوں صدقے قبول ہوئے کہ چور کو شاید عبرت ہو وہ چوری سے تائب ہو جائے اور زانیہ زنا سے توبہ کر لیوے اور غنی کو نصیحت ہو کہ وہ بھی صدقہ زکوٰۃ وغیرہ دینے لگے۔ (۱) انتہی مختصراً۔ اور تینوں صورتوں میں ہمارے فقہاء حنفیہ بھی ادائے زکوٰۃ کے قائل ہیں۔ درمختار میں ہے

**دفع بتحر لمن يظن مصرفاً فبان انه عبده او مكاتبه او حربي ولو مستامناً اعادها لما مر وان بان غناه او كونه ذمياً او انه ابوه او ابنه او امراته او هاشمي لا يعيد لانه اتى بما في وسعه الخ** (۲) باب المصرف درمختار۔ فقط۔

## اپنے عزیز یتیموں پر زکوٰۃ خرچ کی جائے یا نہیں

(سوال ۳۸۶) دو یتیم بچے اپنے ایک عزیز کے پاس رہتے ہیں، اگر زکوٰۃ کے روپے سے وہ شخص ان بچوں کو کپڑے بنا دے تو زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ کے روپے سے ان بچوں کو کپڑے بنا دینا درست ہے زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔ (۳) فقط۔

## بچے والی عورت کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۸۷) ایسی عورت کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں جس کے تین بچے ہوں اور بوجہ اپنے خاوند کی عیاشانہ زندگی کے اور شراب خواری کی وجہ سے نہایت ہی عسرت میں ہے۔

(جواب) اس عورت کو جب کہ وہ محتاج ہے اور مالک نصاب نہیں ہے زکوٰۃ دینا درست ہے بلکہ ایسے محتاج بچوں والی عورت کو زکوٰۃ دینے میں زیادہ ثواب ہے۔ (۴) فقط۔

---

(۱) دیکھئے مشکوٰۃ المصابیح باب الانفاق و کراهية الامساك فصل اول عن ابی هريرة ص ۱۶۵ ۱۲ ظفیر۔
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ و ج ۲ ص ۹۳. ط.س. ج۲ ص ۳۵۳. ۱۲ ظفیر
(۳) ولا الی من بينهما ولاد (در مختار) وقيد بالولاد لجوازه لبقية الاقارب كالاخوة والاعمام والاخوال الفقراء بل هم اولى لانه صلة وصدقة الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر۔
(۴) مصرف الزكوة الخ هو فقير وهو من له ادنى شئى اى دون نصاب او قدر نصاب غير نام مستغرق فى الحاجة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر۔

## سید کی بیوہ جو شیخ ہو اسے زکوٰۃ دے سکتے ہیں

(سوال ۳۸۸) ایک عورت شیخ اور اس کا شوہر سید تھا وہ مر گیا۔ چند بچے اور بیوہ چھوڑی ہے، اب اس عورت کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔ عورت نہایت مفلس ہے اور میری رشتہ دار ہے۔ دوسری ایک ؏ ت قوم شیخ شوہر سید زندہ ہے عورت مفلس ہے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔ اور زکوٰۃ منی آرڈر میں روانہ کرنے سے ادا ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) ان دونوں عورتوں کو جو کہ مفلس ہیں زکوٰۃ دینا درست ہے۔ شوہر کے سید ہونے کی وجہ سے عورت کو جو کہ خود مفلس ہے اور مالک نصاب نہیں ہے زکوٰۃ دینا منع نہیں ہے بلکہ زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے اور قرابت دار مفلس کو زکوٰۃ دینے میں ثواب زیادہ ہے اور سوائے اولاد و ماں باپ اور زوجین کے سب قرابت دار مفلسوں کو زکوٰۃ دینا درست ہے۔ (۱) اور منی آرڈر کے ذریعہ سے زکوٰۃ کا روپیہ بھیجنے سے بھی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔ فقط۔

## جس طالب علم کے والد صاحب نصاب ہوں اسے زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۳۸۹) طالب علم بقدر سہ یا چہار یا پنج میل برائے طلب علم سفر کردہ باشد و در خانہ خود بے نصاب باشد آیا مستحق گرفتن زکوٰۃ ہست یا نہ۔

(جواب) گرفتن زکوٰۃ او را جائز است قال فی الدرالمختار وابن السبیل وهو كل من له مال لامعه وفی الشافی . والحق به كل من هو غائب عن ماله وان كانه فی بلده لان الحاجة هی المعتبرة وقد وجدت لانه فقیر یداً وان كان غنياً ظاهراً الخ (۲) ص ۶۲ ، ص ۶۸ جلد ثانی شامی . فقط.

## زکوٰۃ کا روپیہ مدرسہ کے فرش میں صرف ہو سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۳۹۰) زکوٰۃ کے روپے سے مدرسہ میں فرش لگانا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ کے روپے سے فرش مسجد اور مدرسہ کا بنانا درست نہیں ہے زکوٰۃ اس میں ادا نہ ہوگی۔ (۳) اور حیلہ جواز کا بضرورت یہ ہے کہ وہ روپیہ زکوٰۃ کا اول کسی ایسے شخص کو تملیک کر دیا جائے جو کہ صاحب نصاب نہ ہو پھر وہ شخص اپنی طرف سے اس روپے سے فرش بنا سکتا ہے۔ هكذا فی كتب الفقه ۔ (۴) فقط۔

## پیشہ ور گداگروں کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۱/۳۹۱) ایسے پیشہ ور گداگروں کو جو محنت و مزدوری کر سکتے ہوں زکوٰۃ کا روپیہ دینا جائز ہے یا نہیں۔

## خیرات فقیروں میں تقسیم کرنا

(سوال ۲/۳۹۲) اکثر مقامات پر جمعرات کے دن فقیروں کو غلہ، روپے تقسیم کئے جاتے ہیں اور فقیروں میں مستحقین و غیر مستحقین کے درمیان کوئی امتیاز نہیں ہوتا پس اس طریقے پر خیرات کرنا جائز ہے یا نہیں اور ایسی

---

(۱) ومصرف الزكوة الخ هو فقير هو من له ادنى شئى اى دون نصاب او قدر نصاب غير نام مستغرق فى الحاجة (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب مصرف زكوة ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰ .ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ولا الى من بينهما ولا د (در مختار) قيدباولادلجواز ه لبقية الا قارب الخ بل هم اولىٰ لانه صلة وصدقة(رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ .ط.س. ج۲ ص۳۴۶) ظفير. (۲) ايضاً ج ۲ ص ۸۳ .ط.س. ج۲ ص۳۴۳ ۱۲ ظفير.

(۳) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة ولا يصرف فى نحو بناء مسجد ولا الى كفن ميت الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ .ط.س. ج۲ ص۳۴۴) ظفير.

(۴) وحيلة التكفين ان يتصدق بها على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذافى تعميرا لمسجد (ايضاً كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶ .ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفير.

خیرات سے کوئی ثواب حاصل ہوسکتا ہے یا نہیں۔

## جو گداگرنا جائز کاموں میں رقم خرچ کریں ان کو دینا کیسا ہے

(سوال ۳/۳۹۳) جن گداگروں کی نسبت گمان غالب ہو کہ وہ لوگ خیرات یا زکوۃ لے کرنا جائز کاموں میں صرف کرتے ہیں تو ان لوگوں کو خیرات یا زکوۃ دینا گناہ ہے یا نہیں۔

## زکوۃ کا بہترین مصرف

(سوال ۴/۳۹۴) زکوۃ کا بہترین مصرف موجودہ زمانہ کے حالات کے لحاظ سے کیا ہے۔

## مکاتب ومساجد میں صرف کرنا کیسا ہے

(سوال ۵/۳۹۵) زکوۃ کا روپیہ مساجد ومکاتب اور یتیم خانوں میں صرف کرنا کیسا ہے۔

## طلبہ کو مدز کوۃ سے وظائف دینا کیسا ہے

(سوال ۶/۳۹۶) زکوۃ کے روپے سے طلبہ کو وظائف دیئے جاسکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) اولاً چند امور تمہیداً لکھے جاتے ہیں ان کے بعد جواب سوالات نمبروار لکھا جائے گا۔ تمہید اول مصارف زکوۃ وصدقات واجبہ فقراء ومساکین وغیرہما ہیں جو آیت انما الصدقات للفقراء والمساكين۔(۱) الآیۃ میں مذکور ہیں۔
دوم:۔ زکوۃ اور صدقات واجبہ میں تملیک یعنی مالک بنانا شرط ہے جیسا کہ للفقراء کے لام سے یہ مطلب مفہوم ہوتا ہے کیونکہ یہ لام تملیک کا ہے اور فقہاء حنفیہ نے اس کی تصریح فرمائی ہے کہ زکوۃ میں مالک بنانا محتاج کا شرط ہے، جس جگہ تملیک نہ پائی جاوے گی وہاں صرف کرنے سے زکوۃ ادا نہ ہوگی جیسے تعمیر ومرمت مساجد یا تعمیر مدارس وغیرہ یا تکفین میت کہ ان چیزوں میں صرف کرنے سے زکوۃ ادا نہ ہوگی۔(۲)
سوم:۔ یہ کہ جن مصارف میں صرف کرنے سے زکوۃ ادا نہیں ہوتی جیسے تعمیر مساجد وغیرہ وتکفین میت ان میں صرف کرنے کے لئے فقہاء نے یہ حیلہ لکھا ہے کہ اول کسی ایسے شخص کو جو مالک نصاب نہ ہو رقم زکوۃ اس کی ملک کردی جائے بعد مالک ہونے کے وہ شخص کو جو مالک نصاب نہ ہو رقم زکوۃ اس کی ملک کردی جائے بعد مالک ہونے کے وہ شخص اپنی طرف سے تعمیر ومرمت مسجد وغیرہ یا تکفین میت میں صرف کردیوے کما فی الدر المختار وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا في تعمير المسجد (۳) اور حیلہ میت پر کفن ڈالنے کا مال زکوۃ سے یہ ہے کہ کسی فقیر کو مال زکوۃ دیا جاوے پھر وہ اپنی طرف سے میت کے کفن میں صرف کرے۔ سو حاصل ہوگا ثواب دونوں کو اور یہی حیلہ ہے تعمیر مسجد وغیرہ میں صرف کرنے کا اور شامی نے کہا کہ دونوں کو ثواب حاصل ہونے کا یہ مطلب ہے کہ زکوۃ دینے والے کو زکوۃ دینے کا ثواب حاصل ہوگا اور کفن ڈالنے کا ثواب اس فقیر کو ہوگا جس نے اپنی طرف سے کفن ڈالا۔(۴) اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ زکوۃ دینے والے کو تکفین کا بھی ثواب ہے، کیونکہ حدیث شریف میں ہے الدال على الخير كفاعله۔(۱) ایسا ہی طحطاوی میں اور امام سیوطی نے جامع صغیر میں یہ

---

(۱) سورۃ توبہ۔ (۲) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة لا یصرف الی نحو بناء مسجد، والا الی کفن میت (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵۔ ط۔س۔ ج۲ص ۳۴۴) ظفیر (۳) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الزکوۃ ج ۲، ص ۱۲۔ ط۔س۔ ج۲ص ۲۷۱، ۱۲ ظفیر (۴) ای ثواب الزکوۃ للمزکی وثواب التکفین للفقیر (رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۲۔ ط۔س۔ ج۲ص ۲۷۱) ظفیر

روایت نقل کی ہے لو مرت الصدقة علی یدی مائة لکان لهم من الا جر مثل اجر المبتدی من غیر ان ینقص من اجره شیئاً(۲) (ترجمہ) اگر صدقہ سو ۱۰۰ ہاتھوں پر کو گذرے تو ہر ایک کو ان میں سے ابتداء دینے والے کے برابر ثواب ہوگا۔ بدون اس کے کہ ابتداء کرنے والے کے ثواب میں کچھ کمی ہو اور سو ہاتھوں پر گزرنے کا مطلب یہ ہے کہ صدقہ کرنے والے نے کسی کو صدقہ دیا، پھر اس نے دوسرے کو دے دیا اور اس نے تیسرے کو دے دیا اسی طرح سلسلہ چلتا رہا۔

چہارم:۔ یہ کہ اگر کسی کو محتاج سمجھ کر زکوٰۃ دی گئی اور بعد میں ثابت ہوا کہ جس کو زکوٰۃ دی گئی وہ غنی صاحب نصاب تھا تو زکوٰۃ ادا ہوگئی دوبارہ دینا لازم نہیں اور دینے والے کو ثواب پورا ہوا۔ درمختار میں ہے دفع بتحر لمن یظنه مصرفاً فبان عبده الخ اعادوان بان غناه الخ لا یعید۔ (۳) اس کا حاصل یہ ہے کہ اگر اپنے گمان میں کسی کو مصرف سمجھا اور وہ مصرف سمجھ کر اس کو زکوٰۃ دی تو اگر بعد میں ظاہر ہوا کہ وہ زکوٰۃ دینے والے کا غلام ہے تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی دوبارہ زکوٰۃ ادا کرے، اور اگر اس کا غنی صاحب نصاب ہونا ظاہر ہوا تو زکوٰۃ ادا ہوگئی دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور مشکوٰۃ شریف میں بروایت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ صحیح بخاری و مسلم سے نقل کیا ہے ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قا ل قال رجل لا تصدقن بصدقة فخرج بصدقة فوضعها فی ید سارق فاصبحوا یتحدثون تصدق اللیلة علی سارق فقال اللهم لک الحمد علی سارق لا تصدقن بصدقة فخرج بصدقة فوضعها فی ید زانیة فاصبحوا یتحد ثون تصدق اللیلة علی زانیة فقال اللهم لک الحمد علی زانیة لا تصد قن بصدقة فخرج بصدقةفو ضعها فی ید غنی فاصبحوا یتحدثون تصدق اللیلة علی غنی فقال اللهم لک الحمد علی سارق وزانیة وغنی فاتی فقیل له اما صد قتک علی سارق فلعله ان یستعف عن سرقته واما الزانیة فلعلها ان تستعف عن زنا ها واما الغنی فلعله یعتبر فینفق مما اعطاه الله متفق علیه ولفظه للبخاری۔ (۴) اس حدیث سے جیسا کہ غنی کو بوجہ لاعلمی کے زکوٰۃ و دیگر صدقات کے ادا ہو جانے کا علم ہوا، ویسا ہی یہ بھی معلوم ہوا کہ سارق اور زانیہ کو بوجہ لاعلمی کے زکوٰۃ و صدقات دینے سے ثواب حاصل ہوگا اور زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔

اور شامی میں ہے کہ جس کو زکوٰۃ دی جائے اگر وہ صورت فقیرانہ و مفلسانہ رکھتا ہے یا فقیروں کے ساتھ ہو کر آیا، یا اس نے سوال کیا اور اس پر زکوٰۃ دینے والے نے اس کو زکوٰۃ دے دی تو زکوٰۃ ادا ہوگئی، اگرچہ بعد میں ظاہر ہوا کہ وہ غنی تھا اور مصرف زکوٰۃ نہ تھا عبارت شامی یہ ہے واعلم ان المدفوع الیه لوکان جالساً فی صف الفقراء یصنع صنعهم او کان علیه زیهم اوساله فاعطاه کانت هذه الا سباب بمنزلة التحری کذا فی المبسوط حتی لو ظهر غناه بعد لم یعد۔ (۵)

پنجم:۔ یہ کہ تندرست کمانے اور محنت کی طاقت رکھنے والے کو اور اس شخص کو جس کے پاس ایک دن کا کھانے کو ہو،

---

(۱، ۲) ردالمحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ ص ۲۷۱. ۱۲ ظفیر
(۳) الدرا لمختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج۲ ص ۳۵۳. ۱۲ ظفیر
(۴) مشکوة باب الا نفاق وکراهیة الا مساک فصل اول عن ابی هریرة ص ۱۶۵ ۱۲ ظفیر
(۵) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج۲ ص ۳۵۳. ۱۲ ظفیر

سوال کرنا حرام ہے اور تندرست کمانے کی طاقت رکھنے والے کو عند البعض دینا بھی گناہ ہے لیکن طالب علم وغیرہ کو بوجہ مشغولی تحصیل علم باوجود صحیح مکتسب ہونے کے دینا اور اس کو لینا درست ہے۔ درمختار میں ہے و لا یحل ان یسئل شیئا من القوت من له قوت یومه بالفعل او بالقوة كالصحيح المكتسب ويا ثم معطيه ان علم بحاله لاعانته على المحرم ولو سال للكسوة اولا شتغاله عن الكسب بالجهاد اوطلب العلم جاز لو محتاجا (۱) اور عند البعض کی قید اس لئے لگائی گئی کہ بعض فقہاء نے فرمایا ہے کہ قیاس اگرچہ اس کو متقضی ہے کہ ایسے لوگوں کو دینا گناہ ہو لیکن بتاویل ہبہ اس کو جائز کہہ سکتے ہیں اور غنی اور غیر محتاج کو ہبہ کرنے میں گناہ نہیں ہے لیکن ظاہر ہے کہ زکوٰۃ میں یہ تاویل نہیں چل سکتی۔ الغرض حاصل یہ ہے کہ باوجود علم کے دینا نہ چاہئے اور لاعلمی میں دیا جاوے تو اس پر مواخذہ نہیں ہے۔ ان تمہیدات کے بعد جواب مسائل نمبروار تفصیل حسب ذیل ہے۔

(۱) اگر وہ گدا گر بصورت حال محتاج معلوم ہوتے ہیں تو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی اگر چہ فی الحقیقت وہ مستحق نہ ہوں۔(۲)

(۲) دینے والے کو بہ قاعدہ انما لا عمال بالنیات ثواب حاصل ہوگا اور زکوٰۃ بھی ادا ہو جاوے گی۔

(۳) گمان غالب اگر ایسا ہے تو بے شک ان کو زکوٰۃ و خیرات دینا ناجائز ہے اور گناہ ہے کیونکہ یہ اعانت علی المعصیۃ ہے اور اعانت علی المعصیۃ حرام ہے۔ قال الله تعالىٰ وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعا ونوا على الا ثم والعدوان (المائدح . ۱)

(۴) طالبان علم دین اس زمانہ میں بہترین مصارف زکوٰۃ سے ہیں، چنانچہ فی سبیل اللہ میں فقہاء نے طالب علم کو داخل فرمایا ہے اور طلبہ ابن سبیل میں بھی داخل ہیں۔(۳) اور رسول اللہ ﷺ نے طالبان علم دین کے ساتھ سلوک اور احسان کرنے کی وصیت فرمائی ہے اور تاکید فرمائی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ من خرج فى طلب العلم فهو فى سبيل الله۔(۴) وعن ابى سعيد الخدرى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الناس لكم تبع وان رجالاً يا تونكم من اقطار الا رض يتفقهون فى الدين فاذا اتوكم فاستوا صوا بهم خبراً رواه الترمذى۔(۵)

(۵) مساجد کا حکم تمہید دوم سے معلوم ہوا کہ مال زکوٰۃ کو تعمیر و مرمت مساجد اور فرش وغیرہ ضروریات مساجد میں صرف کرنا درست نہیں ہے مگر بہ حیلہ مذکورہ تمہید سوم لیکن مکاتب و مدارس دینیہ اور یتیم خانوں کے طلبہ و یتامی غرباء کو زکوٰۃ دینا درست ہے اور بہترین مصارف میں سے ہے۔(۶)

(۶) دیئے جا سکتے ہیں۔(۷) فقط۔

---

(۱) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۵ .ط.س. ج۲ص ۳۵۴ . ۱۲ ظفير

(۲) واعلم ان المدفوع اليه لوكان جالسا فى صف الفقراء يصنع صنعهم اوكان عليه ذيهم او ساله فاعطاه كانت هذه الا سباب بمنزلة التحرى كذا فى المبسوط حتىٰ لو ظهر غناه بعد لم يعد(رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ .ط.س. ج۲ص ۳۵۲) ظفير .(۳)مشكوة المصابيح كتاب العلم فصل ثانى ص ۳۴ ۱۲ ظفير

(۴) ايضا

(۵) حوالہ گذر چکا

(۶)وفى سبيل الله الخ وقيل طلبة العلم الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳ .ط.س. ج۲ص ۳۴۳)

## نیوتہ کا بقیہ روپیہ نصاب برابر ہو مگر وصول نہیں ہوا ہے تو زکوۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۳۹۷) ایک شخص کے نیوتہ کا روپیہ ہے جو نصاب کو پہنچتا ہے اور وہ وقت معہود پر ملے گا لیکن اس وقت وہ فقیر اور مسکین ہے۔ ایک شخص نے اس کو زکوۃ کا روپیہ دے دیا تھا، آیا اس کی زکوۃ ادا ہوئی یا نہیں۔

(جواب) نیوتہ کا روپیہ جو لوگوں کے ذمہ ہے اس کے نہ آنے اور وصول ہونے اور نہ ہونے میں تردد ہے اس لئے اگر اس کو زکوۃ دی جاوے گی ادا ہو جائے گی کیونکہ سردست وہ فقیر ہے۔(۱) فقط۔

## جس عالم کے پاس کتب خانہ ہو اسے زکوۃ لینا کیسا ہے

(سوال ۳۹۸) مال زکوۃ عالم کو جس کے پاس نقد بالکل نہیں مگر کتب خانہ جمع ہے، لینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) عالم کے پاس اگر ضرورت سے زیادہ کتابیں نہیں ہیں مثلاً ہر فن کی کتابوں کا ایک ایک نسخہ ہے تو اس کو زکوۃ لینا درست ہے اور اگر ایک نسخہ سے زیادہ کئی کئی نسخے ہر ایک کتاب کے ہیں یا فقہ وحدیث وتفسیر وغیرہ علوم دینیہ کے سوا دیگر فنون معقولات وتاریخ وغیرہ کی کتابیں نصاب کے قدر ہیں تو اس کو زکوۃ لینا درست نہیں ہے۔ شامی نے یہ تفصیل مذکور لکھی ہے، اور یہ بھی اس میں ہے کہ کتابیں جو بہ نیت تجارت نہ ہوں وہ عالم کے پاس ہوں یا غیر عالم کے اور ضرورت کے موافق ہوں یا زیادہ ان پر زکوۃ واجب نہیں ہے اور اس شخص کو جس کے پاس کتابیں ہیں زکوۃ لینے اور نہ لینے کے بارے میں وہ تفصیل ہے جو اوپر لکھی گئی۔(۲)

## بھائی بہنوں کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۳۹۹) ایک شخص بحیات والدین صاحب زکوۃ عسیر المعاش طویل الکلبہ اور قلیل المدخل اپنے نابالغ بھائی بہنوں کو جو قوت وکسوۃ سے تنگ رہتے ہیں تو وہ ان کو زکوۃ دے سکتا ہے یا نہیں اور اگر والدین صاحب زکوۃ نہیں تو اس صورت میں وہ اپنے برادران وہمشیرگان نابالغ کو زکوۃ دیوے یا نہیں۔

(جواب) بھائی بہنوں کو جو کہ مالک نہیں ہیں تو پھر اگرچہ والدین غنی بھی ہوں تب بھی ان کو زکوۃ دینا درست ہے۔ فقط (وکذا الی البنت الکبیرة اذا کان ابوها غنیا لان قدر النفقة لا یغنیها وبغنی الا ب والزوج لا تعد غنية كذا في الكافي . عالمگیری باب المصرف ج ۱ ص ۱۸۹) ظفیر۔

## ماہوار آمدنی کافی ہو مگر صاحب نصاب نہیں تو زکوۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴۰۰) جس شخص کی ماہواری آمدنی معقول ہو لیکن سال بھر تک اس کے پاس قدر نصاب جمع نہیں رہتا اور وہ صاحب زکوۃ نہیں ہے ایسے شخص کو مال زکوۃ یا صدقہ نافلہ سے دینا اور اس کو لینا کیسا ہے۔

---

(۱) ویجوز صرفها الی من لا یحل له السوال اذا لم یملک نصابا . (عالمگیری مصری باب المصارف ج ۱ ص ۱۸۹) ظفیر

(۲) ولا زکوة فی ثیاب البدن الخ ودور السکنی ونحوها وکذا الکتب وان لم تکن لا هلها اذا لم تنو للتجارة غیر ان الاهل له اخذ الزکوة وان ساوت نصبا الا ان تکون غیر فقه و حدیث و تفسیر او تزید علی نسختین هو المختار الخ وفی الا شباه الفقیه الا یکون غنیا بکتبه المحتاج الیها ، الا فی دین العباد فتباع له (در مختار) استدراک علی التعمیم الماخوذ من قوله وان لم تکن لا هلها ای ان الکتب لا زکاة فیها علی الا هل وغیرهم من ای علم کانت لکونها غیر مية وانما الفرق بین الا هل وغیرهم فی جواز اخذ الزکوة والمنع عنه فمن کان من اهلها اذا کان محتاجا الیها للتدریس والحفظ والتصحیح فانه لا یخرج بها عن الفقر فله اخذ الزکوة ان کانت فقها او حدیثا او تفسیرا ولم یفضل عن حاجته نسخ تساوی نصابا کان یکون عنده من تصنیف نسختان وقیل ثلاث لان النسختین یحتاج الیها التصحیح کل من الاخری والمختار الاول ای کون الزائد علی الزائد علی الواحدة فاضلا عن الحاجة واما غیر الا هل فانهم یحرمون بالکتب من اخذ الزکوة الخ (رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۰ وج ۲ ص ۱۱ . ط.س. ج ۲ ص ۲۶۴-۲۶۵) ظفیر.

## مسلمان سپاہی پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کرنا کیسا ہے۔

(سوال ۴۰۱) جنگ میں جو مسلمان سپاہی مجروح ہوتے ہیں ان کی ضروریات کا سامان مال زکوٰۃ سے خرید کر بھیجنا یا نقد روپیہ اس واسطے بھیجنا کہ ان کی ضروریات میں صرف کیا جاوے درست ہے یا نہیں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب)(۱) اس کو مال زکوٰۃ یا صدقہ نافلہ دینا درست ہے اور اس کو لینا بھی جائز ہے۔(۲)

(۲) زکوٰۃ میں تملیک فقیر ضروری ہے یعنی مالک بنانا ایسے شخص کو جو مالک نصاب نہ ہو لازم ہے پس اگر مجروحین مسلمین کے پاس پہنچنا زکوٰۃ کا جو کہ مالک نصاب نہ ہوں یقین ہے تو زکوٰۃ ادا ہوگی ورنہ نہیں۔(۳) فقط۔

## زکوٰۃ کے روپے سے چاول خرید کر فقیروں کو بھیک دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے

(سوال ۴۰۲) زکوٰۃ کے روپے سے چاول خرید کر سال بھر تک فقیروں کو بھیک دینے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) ادا ہو جاوے گی۔(۴) فقط۔

## انجمن یا مدرسہ کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۴۰۳) انجمن یا مدرسہ اسلامیہ میں زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ میں فقراء کا مالک بنانا ضروری ہے، بدون اس کے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔(۵) پس اگر انجمن میں طلبہ محتاج ہوں تو ان کو زکوٰۃ دینا درست ہے اور ملازمین انجمن اور واعظین کی تنخواہ میں زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے اس میں بہت احتیاط کرنی چاہئے، زکوٰۃ کا مال خاص محتاجوں کی ملک میں بلا کسی معاوضہ کے جانا چاہئے انجمن کے مختلف اخراجات میں زکوٰۃ کا مال خرچ کرنے سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی اور مدارس اسلامیہ میں جو زکوٰۃ کا روپیہ آتا ہے وہ بھی خاص طلبہ مساکین کی خوراک و پوشاک میں صرف ہوتا ہے، کسی مدرس و ملازم کی تنخواہ میں دینا یا تعمیر وغیرہ میں صرف کرنا اس کا درست نہیں ہے۔ فقط۔

## بلا تملیک مطبخ سے کھانا دینا کیسا ہے

(سوال ۴۰۴) اگر مہتمم مدرسہ زکوٰۃ کے روپے سے مطبخ قائم کرے اور بلا تملیک طلبہ مدرسہ کو کھانا کھلائے تو اس صورت میں تملیک ہو جائے گی یا نہیں۔ حالانکہ طلبہ کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنے کھانے کو لے جاویں یا جس کو جی چاہے کھلا دیں۔ اگر نہیں تو کون سی ایسی صورت ہوگی جس سے زکوٰۃ کا روپیہ اپنے مصرف میں صرف ہو۔

(جواب) زکوٰۃ میں تملیک ضروری ہے اور یہ صورت طلبہ کو کھانا کھلانے کی جو آپ نے لکھی ہے تملیک کی صورت نہیں ہے اس طرح زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ اس کی تدبیر یہ ہے کہ اول نقد روپیہ یا اجناس زکوٰۃ کی تملیک کرادی جائے پھر اس کی طرف سے داخل مدرسہ کر کے کھانا طلبہ کو کھلایا جائے۔(۱) فقط۔

---

(۱) ولا الی من بینهما ولا د (در مختار) قید بالولاد لجواز ه لبقیة الا قارب کالا خوة والا عمام والا خوال الفقراء بل هم اولی لا نه صلة وصدقة (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر.

(۲) ویجوز دفعها الی من یملک اقل من النصاب وان کان صحیحا مکتسبا کذا فی الزاهدی (عالمگیری باب المصارف ص ۱۸۹) ظفیر. (۳) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر. (۴) وجاز دفع القیمة فی زکوة وعشر الخ (ایضا باب الغنم ج ۲ ص ۲۹. ط.س. ج۲ ص ۲۸۵) ظفیر. (۵) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (ایضا باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر. (۶) وحیلة التکفین ان یتصدق بها علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما وکذافی تعمیر المسجد (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر

### بھنگ وافیون کے عادی کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۴۰۵) ایک شخص نہایت مفلس اور غریب ہے لیکن بھنگ وافیون وغیرہ کا از حد مرتکب ہے اس کو زکوٰۃ دینا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔ کتاب تنبیہ الغافلین میں یہ حدیث لکھی ہے۔ فرمایا حضرت ﷺ نے من اطعم شارب الخمر لقمة سلط الله عليه حية وعقرباً في قبره۔(۱)

(جواب) یہ ظاہر ہے کہ صدقات وخیرات صلحاء کو دینا افضل ہے جیسا کہ وارد ہوا ولیا کل طعامکم الا برار یعنی چاہئے کہ تمہارا کھانا نیک لوگ کھاویں۔ لیکن فاسق وفاجر شراب خوار جب کہ مفلس ہے اس کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے اگرچہ بہتر یہ ہے کہ صلحاء فقراء کو دیوے اور کتاب مذکور سے جو حدیث نقل کی ہے اس کا حال بندہ کو معلوم نہیں کہ وہ ثابت ہے یا نہیں، اگر ثابت ہو تو اس کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ شارب الخمر کو اگر محبت کے ساتھ کچھ کھلا دے پلا دے تو ایسی وعید کا مستحق ہے۔ بہر حال اداء زکوٰۃ میں کچھ تامل نہیں۔ بہتر ہونا اور نہ ہونا دوسری بات ہے۔ اور مفلس محتاج اگرچہ فاسق ہو اس کے دینے میں بھی ثواب ہے جیسا کہ وارد ہوا ہے۔ کہ ہر ایک ذی روح کے دینے میں اجر ہے۔(۲) فقط۔

(البتہ اگر یہ یقین ہو کہ وہ شراب پینے پر یہ رقم صرف کرے گا تو اسے دینا درست نہیں ہے، ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان ارشاد ربانی ہے۔ ظفیر)

### گھر پر صاحب نصاب ہے اور پردیس میں مفلوک الحال تو وہ زکوٰۃ لے یا نہیں

(سوال ۴۰۶) اگر کوئی شخص اپنے مکان پر صاحب نصاب ہے اور وطن سے باہر سودوسو کوس پر ہے وہاں صاحب نصاب نہیں بلکہ تنگ دست ہے اور امامت کرتا ہے اس کے سوا اور کوئی ذریعہ گذر کا نہیں ہے، ایسے شخص کو زکوٰۃ وصدقہ فطر اور قربانی کی کھال کا روپیہ لینا جائز ہوگا یا نہیں۔

(جواب) مسافر اگر سفر میں تنگ دست ہو اس کو زکوٰۃ وغیرہ دینا اور لینا درست ہے (۳) لیکن امام مسجد کو بوجہ امامت کے زکوٰۃ وصدقہ فطر وقیمت چرم قربانی لینا اور دینا درست نہیں ہے۔(۴)

### دختر کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۰۷) زید نے اپنی لڑکی کا نکاح بکر سے کیا۔ بکر قرضدار ہے، اسی وجہ سے زوجہ کے نفقہ کا متحمل نہیں ہوسکتا، اگر زید اپنی لڑکی کو زکوٰۃ دے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ دینا اپنی دختر کو جائز نہیں ہے، درمختار میں ہے ولا الی من بینهما ولا دالخ . باب المصرف (۵) فقط۔

---

(۱) تنبيه الغافلين للسمر قندی باب الزجر عن شرب الخمر ص ۷۳ ا ۲ ا ظفير

(۲) مصرف الزكوٰة الخ هو فقير هو من له ادنى شي اى دون النصاب (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹) ظفير.

(۳) وابن السبيل وهو كل من له مال لا معه (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۴. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۳) ظفير

(۴) الاصل فيه قوله تعالىٰ انما الصدقات للفقراء والمساكين الخ (هدايه ج ۱ ص ۱۸۶) ظفير.

(عه) عن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل الصدقة ان تشبع كبدا جائعا قال الطيبى يعم المومن والكافر والناطق وغيره اه (مرقاة المصابيح باب افضل الصدقة ج ۲ ص ۳۸۹) ظفير صديقى.

(۵) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۶. ۱۲ ظفير.

## قرابت دار مستحق بے نمازی ہو اور غیر قرابت دار نمازی تو زکوۃ کسے دی جائے

(سوال ۱/۴۰۸) دو قرابت دار تندرست مسلمان مسکین عیالدار بے نمازی کو زکوۃ دینی جائز ہے یا نہیں اور اجنبی نمازی، رشتہ دار بے نمازی سے افضل ہے یا نہیں۔

## بدعتی کو زکوۃ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۲/۴۰۹) جو جاہل مسلمان ارکان اسلام سے ناواقف ہوں اور تعزیہ داری وغیرہ بدعات میں رہتے ہوں ان کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) اہل قرابت جو محتاج ہیں ان کو زکوۃ دینا زیادہ ثواب ہے اور نماز کی ان کو نصیحت کرے، اور اگر وہ عمل نہ کرے ان پر گناہ ہے۔(۱)

(۲) ان جہلاء میں جو محتاج و فقیر ہیں ان کو زکوۃ دینا جائز ہے۔(۲) فقط۔

## موجودہ زمانہ میں سید کو زکوۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۴۱۰) اس زمانہ میں جب کہ خمس کا نام بھی لوگ بھول گئے، غریب اولاد رسول ﷺ کو زکوۃ عندامام ابوحنیفہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) حنفیہ کا مذہب صحیح یہ ہے کہ اس زمانہ میں بھی جب کہ خمس الخمس بھی بنی ہاشم کو نہیں دیا جاتا، زکوۃ دینا ان کو یعنی سادات بنی ہاشم کو درست نہیں جیسا کہ درمختار میں ہے، **ولا الی بنی ھاشم الی ان قال ثم ظاھر المذاھب اطلاق المنع** (درمختار) یعنی **سواء فی ذلک کل الا زمان وسواء فی ذلک دفع بعضھم بعض غیرھم لھم الخ** ردالمحتار شامی جلد ۲ باب المصرف (۳) فقط۔

## مسجد، مدرسہ اور داماد کو زکوۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۱۱) مسجد اور مدرسہ کی تعمیر میں زکوۃ کو صرف کرنا کیسا ہے، داماد اگر غریب ہو اس کو دینا خواہ اس کی بیوی صاحب نصاب ہو، یا کسی مستحق کو دی جائے، غرباء کو کھانا کھلایا جاوے۔

(جواب) مسجد اور مدرسہ کی تعمیر میں زکوۃ کو صرف کرنا درست نہیں ہے۔(۴) اور اولاد کو دینا بھی درست نہیں ہے۔(۵) اور داماد اگر صاحب نصاب نہ ہو اس کو دینا درست ہے۔(۶) اور اگر دیگر مستحقین یعنی فقراء ومساکین ویتامیٰ کو دینا بھی درست اور اس روپے کا کھانا پکا کر تقسیم کر دینا بھی درست ہے مگر بٹھا کر نہ کھلاوے بلکہ ان کو تقسیم کر دے اور

---

(۱) ولا الی من بینھما ولاد (در مختار) وقید بالولاد لجوازہ لبقیة الاقارب کالاخوة والاعمام والاخوال الفقراء بل ھم اولی لانہ صلة وصدقة وفی الظھیریة ویبدا فی الصدقات بالاقارب ثم الموالی ثم الجیران الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر۔

(۲) مصرف الزکوٰة الخ ھو فقیر وھو من لہ ادنی شئی ای دون نصاب الخ (ایضاً ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰ ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر (۳) دیکھئے ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ و ج ۲ ص ۹۱ ط.س. ج۲ ص ۳۵۰-۳۵۱ ظفیر (۴) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة ولا یصرف الی بناء نحو مسجد الخ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر

(۵) ولا الی بینھما ولاد (در مختار) ای بینہ وبین المدفوع الیہ لان منافع الاملاک بینھم متصلة الخ ای اصلہ وان علا کابویہ الخ وفرعہ وان سفل الخ کالاولاد واولاد الاولاد الخ ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر

(۶) قید بالولاد لجوازہ لبقیة الاقارب الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر

مالک بنادیوے۔ پھر خواہ وہ وہاں اس کو کھالیں یا اپنے ساتھ لے جاویں (۱) فقط۔

## بھانجہ کو زکوٰۃ دے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴۱۲) ایک شخص کے پاس دوسو ڈھائی سو روپے نقد ہیں خرچ سے علیحدہ اور اسی قدر زیور ہے مگر استعمال میں نہیں آتا تو یہ شخص اپنے مال کی زکوٰۃ فیصدی اڑھائی روپے نکال کر اپنے بھانجہ کو دے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) سب زیور اور نقد کی زکوٰۃ بحساب ۲½ سیکڑہ دینی چاہئے، بھانجہ نادار و مفلس کو زکوٰۃ دینا درست ہے ماموں اپنے مال کی زکوٰۃ اپنے بھانجہ کو دے سکتا ہے۔ (۲) فقط۔

## مسجد کے کنوئیں میں زکوٰۃ کا پیسہ لگانا کیسا ہے

(سوال ۱/۴۱۳) ایک کنواں نصف مسجد کے فرش میں ہے تو اس میں زکوٰۃ کا پیسہ لگانا جائز ہے یا نہیں۔

## گاؤں کے کنوئیں میں زکوٰۃ کی رقم نہیں لگا سکتے

(سوال ۲/۴۱۴) گاؤں میں ایک کنواں بنانے کی ضرورت ہے تو اس میں زکوٰۃ کا پیسہ لگانا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱،۲) دونوں صورتوں میں کنوئیں کی تعمیر میں زکوٰۃ کا روپیہ پیسہ صرف کرنا درست نہیں ہے۔ (۳) فقط۔

## بیوہ کی تنخواہ زکوٰۃ سے دینی درست ہے یا نہیں

(سوال ۴۱۵) کسی مسماۃ بیوہ کی تنخواہ ماہانہ مقرر کی جائے اور نیت یہ ہو کہ یہ تنخواہ زکوٰۃ میں سے دی جاوے گی جو آئندہ واجب الادا ہوگی۔ یہ کارروائی اس حیثیت سے ادائے زکوٰۃ کے واسطے کافی ہے یا کیا۔

(جواب) ادائے زکوٰۃ کے لئے یہ ضروری ہے کہ جس وقت اس بیوہ کو ماہوار کچھ دیا جاوے یا اس کے دینے کے لئے کچھ روپیہ مثلاً سال بھر چھ ماہ کا علیحدہ رکھ دیا جاوے اور بوقت علیحدہ کرنے کے نیت زکوٰۃ کی کی جاوے، پھر وقتاً فوقتاً اگر اس میں سے اس بیوہ کو کچھ دیا جاوے گا تو پھر نیت کرنے کی ضرورت نہیں ہے زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی (۴)۔

## زکوٰۃ سادات کے لئے کب درست ہے

(سوال ۴۱۶) عام طور سے مشہور ہے کہ زکوٰۃ و صدقہ کا مال آل محمد ﷺ کے لئے حرام ہے۔ حال میں ایک صاحب نے یہ فرمایا کہ ایسا مال آل محمد ﷺ کے لئے بعض حالات میں مباح بھی ہے اور اندریں باب علماء نے فتویٰ دے دیا ہے۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ کن حالات میں مال زکوٰۃ و صدقہ سادات بنی فاطمہ کے لئے حرام ہے اور اگر مباح ہے تو کن حالات میں۔

(جواب) مفتی بہ مذہب یہی ہے کہ سادات کو اس زمانہ میں بھی زکوٰۃ اور صدقات واجبہ مثل قیمت چرم قربانی و صدقہ فطر و غیرہ دینا حرام ہے اور زکوٰۃ وغیرہ ادا نہ ہوگی۔ حدیث شریف میں ہے قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

---

(۱) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة (ايضاً ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفير

(۲) ولا الى من بينهما ولاد (در مختار) قيد بالولاد لجوازه لبقية الاقارب كالاخوة والاعمام والاخوال الفقراء بل هم اولى لانه صلح وصدقة (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ص ۳۴۶) ظفير.

(۳) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة ولا يصرف الى بناء نحو مسجد ولا الى كفن ميت (در مختار) نحو مسجد كبناء القناطر والسقايات واصلاح الطرقات وكرى الانهار والحج والجهاد وكل مالا تمليك فيه زيلعي (رد المحتار باب المصرف ج ۲ص ۸۵. ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفير.

(۴) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له اى للاداء الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ ص۲۶۸) ظفير.

ان ھذہ الصدقات انما ھی اوساخ الناس و انھا لا تحل لمحمد ولا لال محمد رواہ مسلم (۱) اور درمختار میں ہے ولا الی بنی ھاشم الخ ثم ظاھر المذھب اطلاق المنع الخ،(۲) وھکذافی الشامی۔ پس یہ قول صحیح نہیں ہے جو کہ کسی نے کہا کہ بعض حالات میں مباح ہے۔

## زکوٰۃ کے...... روپے کا جمع کرنا اور اسے تجارت میں لگانا کیسا ہے

(سوال ۴۱۷) اگر چند اشخاص دولت مند کئی ہزار روپے زکوٰۃ کا جمع کر کے چند فقیر لوگوں کے سپرد اس غرض سے کریں کہ وہ روپیہ حقداران زکوٰۃ کو حسب ضرورت دیتے رہیں، وہ لوگ جن کی سپردگی میں مال زکوٰۃ دیا گیا ہے وہ اس مال کو بڑھانے کی غرض سے تجارت میں لگا سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) یہ جائز ہے کہ ایک شخص یا چند اشخاص اپنے مال کی زکوٰۃ کا روپیہ نیت زکوٰۃ سے علیحدہ کر کے رکھیں یا کسی کے سپرد کر دیں کہ وہ شخص حسب ضرورت اس رقم زکوٰۃ کو فقراء ومساکین پر صدقہ کرتا رہے۔(۳) مگر اس شخص کو یہ درست نہیں ہے کہ اس مال زکوٰۃ کو تجارت میں لگاوے۔ فقط۔

## سو روپے آمدنی ہو اور تین سو خرچ تو اسے زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۱۸) ایک شخص کو سو روپے سالانہ کی آمدنی اپنے مکان سے ہے اور خرچ اس کا تین سو روپے سالانہ کا ہے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) وہ شخص مصرف زکوٰۃ ہے، اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔(۴) کذافی الشامی۔ کتاب الزکوٰۃ۔ فقط۔

## مستحق کو رقم نہ دی بلکہ اس کے گھر کی مرمت میں خرچ کر دیا تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۴۱۹) زید، زکوٰۃ کا روپیہ بکر کو دینا چاہتا ہے مگر بکر موجود نہیں، زید نے زکوٰۃ کا روپیہ بکر کے مکان کی مرمت وغیرہ میں لگا دیا اور بکر کو خط لکھ دیا کہ ہم نے اس قدر روپیہ تمہارے کام میں صرف کر دیا ہے جس کے وصول کرنے کا تم سے کوئی دعویٰ نہیں۔ اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

## اجازت لے کر اس کے کام میں صرف کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۲۰) زید نے بکر کو خط لکھا کہ اس قدر روپیہ ہم تمہارے فلاں کام میں خرچ کرنا چاہتے ہیں اور تم سے کبھی وصول کرنے کا ارادہ نہیں ہے۔ بکر نے لکھ دیا کہ کر دو، تب زید نے زکوٰۃ کا روپیہ مکان وغیرہ کی مرمت میں لگا دیا، اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) (۱) اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہ ہوگی بلکہ یہ ضروری ہے کہ بکر کو اول وہ روپیہ زکوٰۃ کا دے کر اس کو قطعی طور

---

(۱) مشکوٰۃ باب عن لا تحل له الصدقة فصل اول ص ۱۶۱۔ ۱۲ ظفیر

(۲) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ و ج ۲ ص ۹۱). ط.س. ج۲ص ۳۵۰۔ ۱۲ ظفیر

(۳) وشرط صحة ادائها نية مقارنة له ای للاداء الخ او مقارنة بعزل ما وجب كله او بعضه الخ (الدرالمختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص ۲۶۸) ظفیر

(۴) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجة الا صلية (در مختار) قال فی البدائع قدر الحاجة هو ما ذكره الكرخی فی مختصره فقال لا باس ان يعطی من الزكوة من كان له مسكن وما يتا ثث به فی منزله وخادم و فرس و سلاح وثياب البدن وكتب العلم ...... ان كان من اهله الخ وذكر فی الفتاوى فيمن له حوانيت و دور الغلة لكن غلتها لا تكفيه وعياله انه فقير ويحل له اخذ الصدقة عند محمد وعليه الفتوى (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفیر

سے مالک بنادیا جاوے، پھر وہ اپنی طرف سے مکان بنادے یا مرمت کرے۔(۱)
(۲) اس صورت میں بھی زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ الغرض جس کو زکوٰۃ دی جاوے پہلے اس کو مالک بنادیا جاوے بشرطیکہ وہ مالک نصاب نہ ہو۔(۲) فقط۔

## قیمت چرم قربانی اور صدقہ جمع کرکے بتدریج سال بھر میں خرچ کرنا درست ہے یا نہیں

(سوال ۴۲۱) قیمت چرم قربانی وصدقہ فطر جمع کرکے سال بھر تک بتدریج خرچ کرنا یا صدقہ فطر کی قیمت دوسری جگہ بھیجنا درست ہے یا نہیں۔
(جواب) درست ہے(۳) فقط

## سید کا قرضہ زکوٰۃ سے ادا ہوسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴۲۲) ایک سید کے ذمہ ایک مسلمان کا قرضہ ہے، آیا وہ قرضہ مد زکوٰۃ سے ادا کرسکتا ہے۔

## ہندو مفلس کا قرضہ زکوٰۃ سے ادا ہوسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴۲۳) ایک ہندو مفلس کے ذمہ کسی غریب مسلمان کا قرضہ ہے، یہ قرضہ زکوٰۃ سے ادا ہوسکتا ہے یا نہیں۔
(جواب) (۱، ۲) ان دونوں صورتوں میں زکوٰۃ کے روپے سے قرضہ ادا نہیں کیا جاسکتا(۴) فقط۔

## ممالک یورپ میں تبلیغ پر زکوٰۃ کا روپیہ صرف کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۲۴) ممالک یورپ میں اشاعت وتبلیغ اسلام کے کام میں زکوٰۃ کا روپیہ خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں
(جواب) اس میں زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، زکوٰۃ کے بارے میں پوری احتیاط لازم ہے، زکوٰۃ میں مالک بنانا محتاج کو ضروری ہے۔(۵) فقط۔

## حیلہ کے ذریعہ اصول وفروع پر زکوٰۃ صرف کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۲۵) مزکی اپنے مال کی زکوٰۃ اپنے اصول وفروع کو جو مصرف زکوٰۃ نہیں ہیں، بحیلہ تملیک الغیر زکوٰۃ دے سکتا ہے یا نہیں، ایسا حیلہ کرنا جائز ہے یا نہیں اور زکوٰۃ ادا ہوجائے گی یا نہیں۔
(جواب) کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے جیسا کہ درمختار میں ہے وقد منا ان الحیلة ان یتصدق علی الفقیر ثم یا مره بفعل هذه الا شیاء(۶) الخ لیکن شامی میں ہے کہ اصول وفروع کو اس حیلہ سے زکوٰۃ دینا مکروہ تحریمی ہے فرع یکره ان یحتال فی صرف الزکوٰۃ الی والدیه المعسرین بان تصدق بها علی فقیر ثم صرفها الفقیر الیهما کما فی القنیة قال فی شرح الوهبا نیة وهی شهیرة مذکورة فی غالب الکتب(۷) الخ ص ۶۳ شامی ج ۲۔ فقط۔

---

(۱، ۲) ولا یخرج عن العهدة بالغول بل بالا داء للفقراء (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۵ ط.س. ج ۲ ص ۲۷۰) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة (ایضا باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) (۳) والافتراضها عمری علی التراخی وصححه الباقانی وغیره. ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱.
(۴) ولا الی بنی هاشم الخ ثم ظاهر المذهب اطلاق المنع (در مختار) سواء فی ذالک کل الا زمان وسواء فی ذالک دفع بعضهم لبعض ودفع غیرهم لهم (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ و ج ۲ ص ۹۱ ط.س. ج ۲ ص ۳۵۰) ولا تدفع الی ذمی لحدیث معاذ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج ۲ ص ۳۵۱) ظفیر
(۵) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا یصرف الی بناء نحو مسجد الخ (ایضا ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر.
(۶) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۵. ۱۲ ظفیر
(۷) رد المحتار باب المصرف تحت قوله ولا الی من بینهما ولاد ج ۲ ص ۸۷ ط.س. ج ۲ ص ۳۴۶. ۱۲ ظفیر

## زکوٰۃ اسلامی عمارتوں پرلگ سکتی ہے یانہیں

(سوال ۴۲۶) زکوٰۃ کا روپیہ اسلامیہ مدارس دینی یا دنیوی، دینی مشترکہ یا اسلامی بورڈنگ ہاؤس یا سوائے مساجد کے دیگر اسلامی عمارتوں پرلگ سکتا ہے یانہیں۔

## تبلیغی جلسے پر زکوٰۃ صرف کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۲۷) تبلیغ اسلام کے لئے اگر جلسے یا مجالس قائم کی جائیں جن کی غرض محض پبلک کو دعوت الی الحق ہو ان کے اخراجات میں صرف ہوسکتا ہے یانہیں۔

## مبلغین کا تقرر زکوٰۃ کی رقم سے درست ہے یانہیں

(سوال ۴۲۸) فی زمانہ جب کہ جہالت کا زور ہے مبلغین کا تقرر زکوٰۃ کے روپے سے جائز ہے یانہیں۔

(جواب) (۱) زکوٰۃ کا روپیہ ان تعمیرات میں نہیں لگ سکتا۔ زکوٰۃ میں یہ شرط ہے کہ کسی محتاج کو اس کا مالک بنایا جاوے خواہ وہ طالب علم مسکین ہو یا کوئی دوسرا محتاج ہو۔(۱)

(۲) ان کاموں میں بھی زکوٰۃ کا روپیہ نہیں لگ سکتا۔(۲)

(۳) جائز نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## مدرس وطالب علم کو زکوٰۃ لینا کیسا ہے

(سوال ۴۲۹) مدرس اور طالب علم کو زکوٰۃ لینا جائز ہے یانہیں، اگرچہ وہ غنی ہو، قال فی الدر المختار ان طالب العلم یجوز له اخذ الزکوٰة ولوغنیا اذا فرغ نفسه لا فادة العلم واستفادته لعجزه عن الکسب والحاجة داعیة الی مالا بد منه۔

(جواب) اقول قدرده فی رد المحتار بقوله وهذا الفرع مخالف لا طلاقهم الحرمة فی الغنی ولم یعتمده احد. قلت وهو کذلک والا وجه تقییده بالفقیر ویکون طلب العلم مرخصا لجواز سواله من الزکوٰة وغیرها وان کان قادرا علی الکسب الخ (۴) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ طالب علم غنی کو زکوٰۃ دینا درست نہیں، طالب علم کی مشغولی کی وجہ سے صرف یہ رخصت ہے کہ کسب میں مشغول ہونا اس کو ضروری نہیں ہے، زکوٰۃ لے سکتا ہے بوجہ فقر کے اور مدرس غنی کو عدم جواز کی ایک دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ تنخواہ میں زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے اور بوجہ غناء کے بھی درست نہیں۔ فقط۔

## صاحب نصاب کو حج کے لئے زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۳۰) ایک شخص صاحب نصاب ہے اس کو حج کے لئے زکوٰۃ دینا درست ہے یانہیں

(جواب) اس شخص کو جو کہ صاحب نصاب ہے زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے۔(۵)

---

(۱) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة لا یصرف الی بناء نحو مسجد الخ (الدر المختار) کبناء القناطر والسقایات واصلاح الطرقات وکری الانهار والحج والجهاد وکل مالا تملیک فیه زیلعی (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر. (۳،۲) ان دونوں کی دلیل بھی وہی ہے جو اوپر نقل کی گئی ۱۲ ظفیر

(۴) دیکھئے رد المحتار باب المصرف تحت قوله والحاجة داعیة ج ۲ ص ۸۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۰، ۱۲ ظفیر

(۵) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجة الا صلیة من ای مال کان (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۷) ظفیر

بہو پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۱/۴۳۱) زید زکوٰۃ کا روپیہ یا اس سے کپڑا خرید کر اپنے بیٹے کی زوجہ کو دے سکتا ہے یا نہیں۔

(۲) زید نے پسر کی زوجہ کے لئے کپڑا بنایا، ابھی اس کو دیا نہیں تو اب بہ نیت زکوٰۃ اس کو وہ کپڑا دے سکتا ہے یا نہیں۔

زکوٰۃ دو سال میں ادا کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۳۲/۳) زید کو پندرہ روپے زکوٰۃ دینی ہوتی ہے اگر تیس روپے دے دیوے تو دو سال کی زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی یا نہیں۔

(جواب) (۱) زید اپنے بیٹے کی زوجہ کو زکوٰۃ دے سکتا ہے جب کہ وہ مصرف زکوٰۃ ہو اور کپڑا وغیرہ بھی زکوٰۃ کے روپے سے بنا کر دے سکتا ہے۔(۱)

(۲) وہ کپڑا بہ نیت زکوٰۃ اپنی بہو یعنی زوجہ پسر کو دے سکتا ہے۔

(۳) یہ درست ہے اس صورت میں دو سال کی زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔(۲) فقط۔

خادمہ کو محتاجی کی وجہ سے زکوٰۃ و فطرہ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۳۳) زکوٰۃ یا فطرہ کے دام، اپنی خادمہ کھانا پکانے والی کو اگر غریب ہو، دے سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) اپنی خادمہ پکانے والی کو زکوٰۃ و فطرہ اس وجہ سے دینا کہ وہ محتاج و غریب ہے اور تنخواہ میں نہ دی جاوے تو یہ درست ہے البتہ تنخواہ میں دینا جائز نہیں ہے۔(۳) فقط۔

(و کذا ء اجزاء ہ) ما یدفعه الی الخدم من الرجال والنساء فی الا عیاد وغیرها بنیة الزکوٰة . عالمگیری باب المصارف ج ۲ ص ۱۹۰ . ظفیر )

نابالغ کو زکوٰۃ دی جا سکتی ہے یا نہیں

(سوال ۴۳۴) نابالغ کو زکوٰۃ دی جاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) نابالغ محتاج کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے(۴) فقط۔

(اگر وہ قبضہ کرنے کو جانتا ہو کہ لے کر پھینک نہ دے، ورنہ اس کے ولی کے سپرد کرنی چاہئے۔ ظفیر )

مستحق کو لڑکی کی شادی کے لئے زکوٰۃ کی رقم دینی درست ہے

(سوال ۱/۴۳۵) ہندہ پر اس کے زیور کی زکوٰۃ دو سال کی واجب ہے جو قریب چالیس روپے کے ہوتی ہے اس کے پاس ایک لڑکی کئی سال سے رہتی ہے جس کو اس نے قرآن شریف پڑھایا ہے اور اس کے کھانے کے کپڑے وغیرہ صرفہ بھی برداشت کرتی ہے اور وہ لڑکی ہندہ کا کام بھی کرتی ہے اس لڑکی کے والدین جو مستحق زکوٰۃ ہیں اور اس کی

---

(۱) ولا الی من بینهما ولاد (در مختار) قید بالو لاد لجوازہ لبقیة الا قارب الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۷ .ط.س. ج۲ص۳۴۶) ظفیر (۲) ولو عجل ذو نصاب زکاته لسنین او لنصب صح لو جود السبب (الد ر المختار علی هامش رد المحتار باب الغنم ج ۲ ص ۳۲ .ط.س. ج۲ص۲۹۳ ) ظفیر(۳) ولا الی مملوکه ای الغنی (در مختار) احترز به عن مملوک الفقیر فیجوز دفعها الیه ( رد المختا ر باب المصرف ج ۲ ص ۸۹ .ط.س. ج۲ص۳۴۸) یہاں گو مملوک سے غلام مراد ہے مگر حکم عام ہے مصرف الزکوٰة الخ هو فقیر وهو من له ادنیٰ شئی ای دون نصاب (الدرالمختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ .ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفیر(۴)دفع الزکوٰة الی صبیان اقاربه برسم عید الخ جاز (در مختار) قوله الی صبیان اقاربه ای العقلاء والا فلا یصح الا بالدفع الی ولی الصغیر (رد المحتار باب المصر ج ۲ ص ۹۵ .ط.س. ج۲ص۳۵۶) معلوم ہوا کہ نابالغ اس عمر میں ہو کہ وہ پیسے کو جانتا ہو، ضائع نہ کرے۔ ظفیر۔

شادی کرنے والے ہیں۔ ہندہ چاہتی ہے کہ زکوۃ کا روپیہ اس لڑکی کی شادی میں اس کو زیور یا برتن یا کپڑے بنادے تو اس کی زکوۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

## یہ کہنا کہ اس سے لڑکی کا زیور بنادو

(سوال ۲/ ۴۳۶) یا زکوۃ کا روپیہ لڑکی کے والدین کو دے کر کہہ دیا جاوے کہ اس لڑکی کی شادی میں زیور وغیرہ میں صرف کردیں۔

## بغیر ہدایت روپیہ دینا

(سوال ۳/ ۴۳۷) اگر کچھ ہدایت نہ کی جاوے اور روپیہ زکوۃ کا دے دیا جاوے تو کیا حکم ہے۔

## اگر کچھ دیا جائے

(سوال ۴/ ۴۳۸) اگر کل رقم اس کے واسطے صرف نہ کی جاوے بلکہ کوئی جزو صرف کیا جاوے تو کیا حکم ہے۔

## لڑکی کو نقد دیا جاوے تو کیا حکم ہے

(سوال ۵/ ۴۳۹) اگر قبل یا بعد شادی کے اس لڑکی کو نقد دے دیا جائے تو کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱،۲) اس لڑکی کے والدین کو زکوۃ کا روپیہ دے دیا جاوے کہ وہ اس لڑکی کے نکاح میں صرف کردیں، یہ درست ہے اور خود اس لڑکی کو اگر برتن وغیرہ خرید کردے دیئے جاویں تو یہ بھی درست ہے۔(۱)

(۳) کچھ ہدایت کی جاوے یا نہ کی جاوے ہر طرح درست ہے

(۴) کل رقم بھی صرف کرنا اور دینا جائز ہے

(۵) یہ بھی جائز ہے۔ فقط

## فدیہ روزہ رمضان کا ایک فقیر کو دیا جائے یا دو کو

(سوال ۴۴۰) ایک شخص کے پاس تخمیناً چار روپے نقد قیمت فدیہ روزہ رمضان شریف کی جمع ہے وہ ایک ہی مسکین کو دی جائے یا دو کو بھی دے سکتے ہیں۔ دو مسکین کے دینے میں ادائیگی فدیہ میں تو کچھ نقصان نہیں آتا۔

(جواب) ایک شخص کو دینا اس کا ضروری نہیں ہے کئی اشخاص مساکین کو بھی دینا درست ہے۔ فدیہ میں اس سے کچھ نقصان لازم نہ آوے گا۔(۲)

## عیسائی اور ہندو یا ان کے مدرسہ کو زکوۃ دینی درست نہیں

(سوال ۴۴۱) کیا ہندو محتاج کو یا ہندو مدرسہ میں زکوۃ دینے سے ادا ہوجاتی ہے اور اسی طرح عیسائی شخص اور مدرسہ کے لئے کیا حکم ہے۔

---

(۱) مصرف الزکوۃ الخ هو فقیر وهو من له ادنی شئی ای دون نصاب او قدر نصاب غیرنام مستغرق فی الحاجة ومسکین من لا شئی له الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ج ۲ ص ۸۰. ط.س. ج۲ص ۳۳۹) ظفیر.

(۲) مصرف الزکوٰۃ (در مختار) وهو مصرف ایضا لصدقة الفطر والکفارة والنذر الخ (رد المحتار باب المصرف ص ۷۹. ط.س. ج۲ص ۳۳۹) یصرف المزکی الی کلهم اوالی بعضهم ولو واحد امن ای صنف کان ۔ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۴. ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفیر

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، زکوٰۃ مسلمان محتاج کو دینی ضروری ہے۔(۱) فقط۔

## فدیہ کی رقم مستحق اصول وفرع یا شوہر کو دینا کیسا ہے

(سوال ۱/ ۴۴۲) ہندہ فوت ہوئی اور اس نے مثلاً سو روپے کے متعلق یہ وصیت کی کہ یہ رقم میری چار سو قضا نمازوں کے فدیہ میں دے دی جاوے تو وصی کو اس رقم کا حاجت مند اصول وفرع یا زوج ہندہ کو دے دینا جائز ہے یا نہیں۔

## پوری رقم ایک شخص کو دینا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۲/ ۴۴۳) اس رقم کا کسی ایک مستحق کو یک بارگی دفعتاً دے دینا روا ہے یا نہیں۔

## زکوٰۃ کا فدیہ وصی کے اصول وفرع کو دینا کیسا ہے

(سوال ۳/ ۴۴۴) زید نے وصیت کی کہ میرے ذمہ زکوٰۃ باقی ہے، بعد میری وفات کے میرے ترکہ سے ادا کر دینا تو وصی کو اس رقم زکوٰۃ کا زید کے حاجت مند اصول وفرع کو دے دینا جائز ہے یا نہیں۔ اور اس طرح وصی اپنے حاجت مند اصول وفرع کو یہ رقم زکوٰۃ دے سکتا ہے یا نہیں۔

## وکیل مؤکل کے اصول وفرع پر خرچ کر سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴/ ۴۴۵) زید نے اپنی حیات میں کسی کو وکیل کیا کہ یہ رقم زکوٰۃ کی مستحقین پر تقسیم کر دو تو وکیل اس کو زید کے اصول وفروع محتاجین پر تقسیم کر سکتا ہے یا نہیں۔ اور اسی طرح اپنے اصول وفروع پر بھی تقسیم کر سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) ہندہ کے اصول وفروع وزوج کو دینا جائز نہ ہوگا۔(۲)

(۲) اس میں وہی تفصیل ہے جو درمختار میں ہے و کرہ اعطاء فقیر نصاباً او اکثر الا اذا کان المدفوع الیه مدیوناً او کان صاحب عیال بحیث لو فرقه علیهم لا یخص کلاً او لا یفضل بعد دینه نصابا فلا یکره فتح(۳)

(۳) زید کے اصول وفروع کو دینا درست نہیں ہے۔(۴) اور وصی اپنے اصول وفروع فقراء کو دے سکتا ہے وللوکیل ان یدفع لو لده الفقیر وزوجته الخ درمختار۔(۵)

(۴) زید کے اصول وفروع کو نہیں دے سکتا اور اپنے اصول وفروع فقراء کو دے سکتا ہے۔ کما مر۔ فقط۔

---

(۱) ولا تدفع (ای الزکوٰۃ) الی ذمی لحدیث معاذ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲. ط.س. ج۲ ص ۳۵۱) حدیث معاذ یہ ہے جو فتح القدیر سے شامی نے نقل کی ہے ولفظ الحدیث علی مافی الفتح من روایة اصحاب الکتب الستة "انک ستاتی تو ماً اهل کتاب فادعهم الی شهادة ان لا اله الا الله وانی رسول الله فان هم اطاعوک لذالک فاعلمهم ان الله افترض علیهم خمس صلوات فی کل یوم ولیلة فانهم اطاعوک لذالک فاعلمهم ان الله افترض علیهم صدقة تو خذ من اغنیائهم فترد علی فقرائهم" الخ و ضمیر فقرائهم للمسلمین فلا تدفع الی من کان من الموافعة کافراً او غنیا و تدفع الی من کان منهم مسلما فقیراً بوصف الفقر (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص ۳۴۲) ظفیر۔

(۲) ولا یدفع المذکی زکوٰۃ ماله الی ابیه وجده وان علا ولا الی ولده وان سفل الخ ولا تدفع المراة الی زوجها (هدایه باب من یجوز دفع الصدقات ج ۱ ص ۱۸۸) ظفیر

(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳. ط.س. ج۲ ص ۳۵۳. ۱۲ ظفیر

(۴) ولا الی من بینهما ولاد (الدر المختار) الی اصله وان علا کا بویه واجداده وجداته من قبلهما وفرعه وان سفل الخ کا ولاد الاولاد الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفیر

(۵) الدرالمختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۴ و ج ۲ ص ۱۵. ۱۲ ظفیر۔

### بذریعہ حیلہ تملیک مدرسہ کے ملازمین پر زکوٰۃ خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۴۶) ایک مدرسہ جس میں مستطیع اور غیر مستطیع طلبہ تعلیم پاتے ہیں مد زکوٰۃ سے جو روپیہ حاصل ہو کسی نادار طالب علم کو دے دیا جاوے وہ اس روپے کو اپنی جانب سے مدرسہ میں دے سکتا ہے یا نہیں اور اس کا صرف کرنا مدرسین و ملازمین پر ہو سکتا ہے یا نہیں۔ علاوہ وہ اس کے کوئی دوسری صورت جواز ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) اس حیلہ تملیک کے بعد یعنی کسی نادار طالب علم کی ملک کر دیا جاوے اور وہ اس کو داخل مدرسہ کر دیوے۔ ملازمین اور مدرسین کی تنخواہ میں صرف کرنا اس مال زکوٰۃ کا درست ہے۔ (۱) فقط۔

### غنی کے بالغ لڑکے کو قیمت چرم قربانی دینا درست نہیں

(سوال ۴۴۷) زید غنی ہے اور قربانی کرتا ہے اس کا ایک لڑکا بالغ غریب ہے زید اپنے لڑکے مذکورہ کو قربانی کا چمڑا یا اس کی قیمت دے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) چمڑے کا دے دینا جائز ہے اور قیمت چرم قربانی کا دینا درست نہیں مثل زکوٰۃ کے (۲) فقط۔

### مدرسہ کے طلبہ اور عمارت وغیرہ پر زکوٰۃ خرچ ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(سوال ۴۴۸) ایسے مدارس میں جن میں حنفی اور دینی نیز انگریزی زبان بطور زبان دانی حسب ضرورت پڑھائی جائے۔ زکوٰۃ کا روپیہ مثلاً خوراک طلباء و تنخواہ مدرسین و عمارت وغیرہ میں خرچ ہو سکتا ہے یا نہیں۔ اگر مہتمم کی ملک کر دیا جائے تو زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ کا روپیہ خوراک و پوشاک طلبا مساکین میں خرچ ہو سکتا ہے اگرچہ وہ صنعت و حرفت و علم دین کے ساتھ انگریزی بھی بغرض زبان دانی سیکھتا ہو۔ (۳) اور تنخواہ مدرسین و تعمیر مساجد و مدارس میں زکوٰۃ کا روپیہ صرف کرنا درست نہیں ہے اور اس سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ کیونکہ اصل یہ ہے کہ زکوٰۃ کی ادا کے لئے یہ شرط ہے کہ کسی محتاج کو بلا معاوضہ اس کا مالک بنا دیا جاوے۔ (۴) فقط۔

### بنو ہاشم کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(سوال ۴۴۹) کفایہ وغیرہ میں اس زمانہ میں بنی ہاشم کو زکوٰۃ دینا جائز لکھا ہے، یہ قول آپ کے نزدیک کیسا ہے۔

(جواب) احقر فتویٰ منع پر ہی دیتا ہے، اگر ضرورت ہو تو تملیک کر کے بنی ہاشم کو دے دی جاوے۔ کما قال صاحب الدر المختار ثم ظاهر المذهب اطلاق المنع الخ (۵) فقط۔

### جس مدرسہ میں تنخواہ کے علاوہ کوئی مدنہ ہو زکوٰۃ دینا جائز نہیں

(سوال ۴۵۰) زکوٰۃ ایسے مدارس اسلامیہ میں دینا جس میں علاوہ تنخواہ مدرسین صاحب نصاب کے دوسرا مدنہ ہو جائز ہے یا نہیں۔

---

(۱) وحيلة الجواز ان يعطى مديونه الفقير زكوته ثم يا خذها عن دينه وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا في تعمير المسجد (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفير. (۲) ولا الى من بينهما ولاد (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج۲ ص ۳۴۶) ظفير (۳) مصرف الزكوة الخ هو فقير وهو من له ادنى شئى اى دون نصاب الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفير (۴) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا ولا يصرف الى تعمير بناء نحو مسجد الخ (ايضا ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفير. (۵) الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۰ ط.س. ج۲ ص ۳۵۰. ۱۲ ظفير

(جواب) جائز نہیں ہے اور زکوۃ ادا نہ ہوگی۔(۱) فقط۔

## کیا عالم غنی اور مالدار طلبہ کو زکوۃ دینا درست ہے

(سوال ۴۵۱) درمختار میں ہے وبهذه التعليل يقوى مانسب الواقعات من ان طالب العلم يجوز له اخذ الزكوة ولو غنيا اذا فرغ نفسه لا فادة العلم الخ۔ اور نواب صدیق حسن خان کتاب روضۃ الندیہ میں لکھتے ہیں ومن جملة سبيل الله الصرف فى العلماء الذين يقومون بمصالح المسلمين الدينية فان لهم فى مال الله نصيباً سواء كانوا اغنياء او فقراء الخ ۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم غنی اور طلبا اغنیاء کو زکوۃ دینا جائز ہے اور اس کی تائید ایک حدیث میں بھی ہے عن ابی سعيد ان النبي صلى الله عليه وسلم قال تحل الصدقة للغنى اذا كان فى سبيل الله عزوجل اخرجه ابو دائود الطيالسى ص ۲۹۲۔

(جواب) اقول وبالله التوفيق ۔عالم غنی مالک نصاب کو زکوۃ وصدقات واجبہ دینا اور اس کو لینا صحیح مذہب کے موافق جائز نہیں ہے اور فی سبیل اللہ میں اگر چہ طالب علم داخل ہو سکتے ہیں لیکن محتاج ہونا اس کا شرط ہے كما نقل الشامى عن البدايع اذا كان محتاجاً (۲) الخ وفيه ايضاً قوله لا يملك نصاباً

قيد به لان الفقر شرط فى الاصناف كلها الا العامل وابن السبيل اذا كان له فى وطنه مال بمنزلة الفقير (۳) الخ وفيه ايضاً عن النهر على ان الا صناف كلهم سوى العامل يعطون بشرط الفقر الخ ص ۸۴ جلد ثانی، شامی پس باوجود ان تصریحات کے عالم غنی کو جائز نہیں کہ وہ زکوۃ اور صدقات واجبہ لیوے اور بصورت اختلاف روایات بھی ارجح نہ لینا ہوگا۔ کما ہو ظاہر۔ فقط۔

## اہل سمرنا اور تھریس مصرف زکوۃ ہیں یا نہیں

(سوال ۱/ ۴۵۲) سمرنا اور تھریس کے لئے زکوۃ کو مصرف قرار دیا جا سکتا ہے یا نہیں۔

## سمرنا و تھریس کے لئے کام کرنے والوں کی تنخواہ

(سوال ۲/ ۴۵۳) سمرنا اور تھریس کے جو چندے وصول کئے جاتے ہیں ان میں سے مقررین اور محصلین وواعظین کی تنخواہ اور محصول ڈاک دیا جاتا ہے تو شرعاً زکوۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں۔ نیز چندہ میں زکوۃ وغیرہ زکوۃ کو مخلط کر دیا جاتا ہے۔

(جواب) (۱) سمرنا اور تھریس کے مظلومین وبیوگان ویتامیٰ جو کہ مفلس ومحتاج غیر مالک نصاب ہیں وہ بالیقین مصرف زکوۃ وجمیع صدقات واجبہ ہیں بلکہ بہتر مصارف ہیں اسی طرح تمام ترک جو محتاج ومظلوم ہیں وہ بھی عمدہ مصرف زکوۃ وصدقات واجبہ ہیں۔ اس میں کچھ جائے شک وتردد نہیں ہے۔ كما قال الله تعالىٰ انما الصدقات للفقراء والمساكين ۔ الآية. توبه ع ۸)

(۲) ان چندوں میں جو زکوۃ دی جاتی ہے وہ اس وقت ادا ہوگی جس وقت مظلومین مساکین سمرنا وغیرہ کے پاس پہنچ جاوے گی اور خلط کرنا جو کہ باجازت چندہ دہندہ ہے مانع عند اداء الزکوۃ نہیں ہے گویا وکلاء یعنی قابضین چندہ کو اجازت

---

(۱) مصرف الزكوة الخ هو فقير الخ و مسكين الخ (الدرالمختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفير۔ (۲) وهذا الفرع مخالف لا طلا قهم الحرمة فى الغنى ولم يعتمده احدط قلت وهو كذالك ولا وجه تقييده بالفقير ويكون طلب العلم مرخصا لجواز سواله من الزكاة وغيرها وان كان قادر اعلى الكسب الخ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۱. ط.س. ج۲ ص ۳۴۰) ظفير. (۳) ردا لمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۴. ط.س. ج۲ ص ۳۴۳. ۱۲ ظفير. (۴) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص ۳۴۳. ۱۲ ظفير

ہے کہ خلط کردیں اور پھر زکوٰۃ کو علیحدہ کرکے صاحب نصاب کی طرف سے۔۔۔مساکین کو پہنچادیں۔(۱) مگر اس قسم کے شبہات وترددات کی وجہ سے بہتر ہے کہ یہاں حیلہ تملیک کرلیا جاوے تاکہ پھر کسی مد میں صرف کرنے میں کچھ حرج نہ رہے۔ فقط۔

## معذور مستحق استاذ کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۵۴) آج کل زکوٰۃ کا روپیہ عموماً مدارس اسلامیہ میں بھیجا جاتا ہے لیکن میرے استاد معذور اور صاحب عیال، مقروض ہیں تو میرے لئے بہتر ہے یا نہیں کہ زکوٰۃ کا روپیہ ان کو دوں۔

(جواب) بے شک یہ بہتر اور موجب اجر وثواب ہے کہ زکوٰۃ کا روپیہ بقدر ضرورت اپنے استاد صاحب عیال کو دیا جاوے اور باقی دیگر غرباؤ مساکین وطلبہ مساکین کو دیا جاوے۔(۲) مدارس اسلامیہ اس زمانہ میں اس وجہ سے زیادہ تر مستحق ایسی خدمت کے ہیں کہ طلبہ مساکین مہمانان رسول اللہ ﷺ ہیں اور ان کے بارے میں فاستوصوا بھم خیرا۔(۳) حدیث شریف میں وارد ہے یعنی آنحضرت ﷺ نے ان کی خدمت ومدارات کرنے کی وصیت فرمائی ہے اور ان کے ذریعہ سے اشاعت علم دین ہے جو صدقہ جاریہ ہے۔ الغرض سبھی کو حتی الوسع تھوڑا تھوڑا پہنچانا چاہئے۔

## اپنے باندی غلام کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۵۵) اپنے یہاں جو لونڈی غلام ہوں ان کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں

(جواب) اپنے باندی غلام کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے اور جو لوگ شرعی باندی غلام نہیں ہیں جیسا کہ ہندوستان کے اکثر خادم وخادمہ جو گھروں میں رہتے ہیں۔ اور وہ باندی غلام نہیں ہیں ان کو زکوٰۃ دینا جب کہ وہ محتاج ہوں درست ہے۔(۴)

## مدرسہ کا طالب علم

(سوال ۴۵۶) کوئی طالب علم مدرسہ اسلامیہ میں داخل ہو کر نصاب نظامیہ درسی کو حاصل کرنا چاہتا ہے اور اسی شوق علم میں ترک وطن کرکے مسافر ہوا تو ایسے طالب علم کی جاگیر وتعلیم کی نسبت شرعاً کوئی قید ہے یا نہیں یا وہ مستحق جاگیر وتعلیم کا ہے۔

(۲) طالب علم مذکور کی حیثیت ذاتی کچھ نہیں ہے، ایسا طالب علم مستحق جاگیر وتعلیم کا ہے یا نہیں۔

(۳) طالب علم مذکور صرف عربی مذہبی تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے۔ مورث صرف بصورت تعلیم انگریزی امداد خرچ کرنے کو تیار ہے، ایسا طالب علم مجبوراً مستحق تعلیم وجاگیر کا ہے یا نہیں۔

---

(۱) ولو خلط زكاة موكلية ضمن وكان متبرعا الا اذا وكله الفقراء (در مختار) قوله ضمن وكان متبو عالانه ملكه بالخلط وصار مود يا مال نفسه قال في التتار خانية الا اذا وجد الا ذن اواجاز الما لكان اه اى اجاز قبل الدفع الى الفقير الخ (رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ ص ۲۶۹) ظفير.

(۲) مصرف الزكوة الخ هو فقير الخ و مسكين الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) لانه لو نقلها الى فقير في بلد اخراورع و اصلح كما فعل معاذ رضي الله عنه لا يكره ولهذا قيل التصدق على العالم الفقير افضل كما في المعراج (البحر الرائق باب المصرف ج ۲ ص ۲۵۰) ظفير.

(۳) مشكوة باب العلم ص ۳۴ ۱۲۳ ظفير

(۴) ولا الى ذمى الخ وعبده ومكاتبه و مدبره وام ولده اى لا يجوز الدفع الى هولاء لعدم التمليك اصلاً في غير المكاتب ولعدم تمامه فيه (البحر الرائق باب المصرف ج ۲ ص ۲۴۴. ط.س. ج۲ ص ۲۵۱) وكذا اجزاه مايد فعه الى الخدم من الرجال والنساء في الاعياد وغيرها بنية الزكوة (عالمگيری باب المصارف ج ۱ ص ۱۹۰) ظفير.

(۴) طالب علم کی حیثیت ذاتی کی تحقیقات لازمی ہے یا محض طالب علم ہونے کی وجہ سے تعلیم وجاگیر کا مستحق ہے۔
(۵) مدرسہ اسلامیہ میں جاگیر خالی ہیں لیکن مستحق طالب علم کو محروم کیا اور غیر مستحق کو دیا، یہ جائز تھا یا نہیں۔
(۶) جو ابواب آمدنی جاگیر طلباء کے لئے ہیں۔ وہی تنخواہ مدرسین کے لئے بھی ہیں دونوں کے لئے حکم واحد ہے یا کیا۔
(جواب) (۱) جب کہ اس کے پاس کچھ نہیں ہے اگرچہ اس کے گھر پر مال ہو تو اس کو زکوٰۃ اور خیرات دینا درست ہے۔(۱)
(۲) ایسا طالب علم مصرف زکوٰۃ وصدقات واجبہ ہے۔(۲)
(۳) مستحق ہے۔(۳)
(۴) محض طالب علم ہونے کی حیثیت سے بلا تحقیق مستحق وظیفہ وجاگیر کا ہو سکتا ہے۔(۴)
(۵) باوجود گنجائش کے مستحق طالب علم کو محروم کرنا بلا وجہ برا ہے۔
(۶) طلبہ کے لئے زکوٰۃ وخیرات کی آمدنی صرف ہو سکتی ہے اور مدرسین کی تنخواہ میں زرزکوٰۃ دینا درست نہیں ہے۔(۵)
ان کی تنخواہ چندہ دوامی ویکمشت سے علاوہ زکوٰۃ کے دی جاتی ہے۔ فقط۔

## جس کے پاس صرف ایک جانور رہو اسے زکوٰۃ لینا کیسا ہے

(سوال ۴۵۷) ایک شخص کے پاس صرف ایک جانور چالیس پچاس روپے قیمت کا ہے اس کو زکوٰۃ وصدقہ وغیرہ لینا جائز ہے یا نہیں۔
(جواب) اس کو زکوٰۃ وغیرہ لینا جائز ہے۔(۱)

## یتیم خانہ کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے

(سوال ۴۵۸) یتیم خانہ میں زکوٰۃ کا روپیہ دینا جائز ہے یا نہیں کیونکہ نابالغ کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے
(جواب) نابالغوں کو زکوٰۃ دینا درست ہے، پس یتیم خانہ میں یتامی کے خرچ کے لئے زکوٰۃ کا روپیہ دینا درست ہے فقط (۲)

## مستحق زکوٰۃ مہتمم کو زکوٰۃ دی جائے اور وہ کتاب وغیرہ خرید کردے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۵۹) اگر کسی مدرسہ اسلامیہ کا مہتمم مالک نصاب نہ ہو اگر لوگ اس کو زکوٰۃ اور چرم قربانی دیں اور مہتمم

---

(۱) تا (۴) والغنی لا یمنع من تنا ولها عند الحاجة کابن السبیل بحر عن البدائع بهذا التعلیل بقوی مانسب للواقعات من ان طالب العلم یجوزله اخذ الزکوٰة ولو غنیا اذا فرغ نفسه لا فادة العلم و استفادته لعجزه عن الکسب والحاجةداعیة الی مالا بد منه (در مختار) وفی المبسوط لا یجوز دفع الزکوٰة الی من یملک نصابا الا طالب العلم والغازی ومنقطع الحج لقوله علیه الصلوٰة والسلام یجوز دفع الزکوٰة لطالب العلم وان کان له نفقة اربعین سنة اه (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۱. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۰) یوں عامل ومسافر کے سوا اور لوگوں کے لئے فقر کی شرط ضروری قرار دی گئی ہے لا ن الفقر شرط فی الا صناف کلها الا العامل وابن السبیل اذا کان له فی وطنه مال بمنزلة الفقیر (البحرالرائق باب المصرف ج ۲ص ۲۴۲. ط.س. ج ۲ص ۳۴۳) ظفیر.
(۵) مصرف الزکوٰة الخ هو فقیر وهو من له ادنی شئی ای دون نصاب او قدر نصاب غیر نام مستغرق فی الحاجة (ایضاً ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰. ط.س. ج ۲ص ۳۳۹) ظفیر
(۱) وان کان عند طعام شهر و هو یساوی مائتی در هم یجوز صرف الزکوٰة الیه الخ (الفتاویٰ الخانیة علی هامش الفتاوی الهندیة باب رفیمن توضع فیه الزکوٰة ج ۱ ص ۲۶۶) ظفیر۔
(۲) مصرف الزکوٰة الخ هو فقیر الخ و مسکین الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹) بلوغ کی قید نہیں ہے اس لئے نابالغ، بالغ دونوں کو دینا جائز ہے واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

اس پر خود قابض ہو کر اس روپے سے طلبہ کے لئے کتابیں خریدے اور ان کی خوراک و پوشاک میں صرف کرے اور مدرسین کو تنخواہ دے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اس طرح حیلہ تملیک کر کے رقم زکوٰۃ و قیمت چرم قربانی مدرسین وملازمین کو تنخواہ میں صرف کرنا اور کتابیں خرید کر مدرسہ میں وقف کرنا اور طلبہ کی خوراک ولباس میں صرف کرنا درست ہے۔ چنانچہ درمختار کتاب الزکوٰۃ میں یہ حیلہ ذکر کیا ہے، وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا فى تعمير المسجد و تمامه فى حيل الاشباه الخ كتاب الزكوة در مختار۔(۱) فقط۔

## مستحق بالغ لڑکے کو زکوٰۃ دی جائے گی خواہ اس کا باپ مستحق زکوٰۃ نہ ہو

(سوال ۴۶۰) جو مصرف زکوٰۃ نہیں اس کا لڑکا بالغ جو اس کے ساتھ کھاتا ہے وہ مصرف زکوٰۃ ہے یا نہیں

(جواب) فقیر کا لڑکا جو کہ خود بھی مالک نصاب نہیں ہے مصرف زکوٰۃ وغیرہ ہے۔(۲) (جواب کے الفاظ میں مسامحت ہے ، ما حصل یہ ہے جو شخص مستحق زکوٰۃ نہیں ہے اس کے نابالغ لڑکے کو زکوٰۃ دینی درست ہے جو مالک نصاب نہیں۔ظفیر )

## مصارف فدیہ کی تفصیل

(سوال ۱/ ۴۶۱) مصارف فدیہ مفصل تحریر فرمائیے اور فدیہ کی رقم مندرجہ ذیل مصارف میں صرف کی جاسکتی ہے یا نہیں غرباؤ مساکین مکہ معظمہ ، مظلومین سمرنا ، خلافت کمیٹی ، تعمیر چاہات مسافر خانہ و مساجد وغیرہ ، خرید کتب احادیث برائے مدرسہ ، فدیہ کی رقم میں سے کسی عالم یا مولوی مستحق زکوٰۃ کو ہزار پان سو روپے کی کتابیں خرید کر دینا جائز ہے یا اسے نقد روپیہ دے دیا جاوے کہ وہ خود کتابیں خرید کرلے۔

## فدیہ یتیم خانے میں

(سوال ۲/ ۴۶۲) فدیہ کی رقم کسی یتیم خانہ کے مصارف میں دی جاسکتی ہے یا نہیں اور کسی یتیم نابالغ کے ولی کو اس نابالغ کے صرف کے لئے دے دینا جائز ہے یا نہیں۔

## فدیہ مفلس قرض دار کو

(سوال ۳/ ۴۶۳) فدیہ کی رقم سے کسی مفلس قرض دار کا قرض جائز ادا کیا جاسکتا ہے یا نہیں ۔ وہ قرض خود ادا کردیا جاوے یا اس روپے سے دے کر ادا کر دیا جاوے

## فدیہ سے کتب کی خریداری برائے مدرسہ

(سوال ۴/ ۴۶۴) فدیہ کی رقم سے مدرسہ دینیات کی خرید کتب وغیرہ میں صرف کیا جاوے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) فدیہ واجبہ کے مصارف وہی ہیں جو زکوٰۃ کے مصارف ہیں اس میں محتاج و مفلس کو مالک بنانا ضروری ہے خواہ وہ غرباؤ مساکین مکہ معظمہ ہوں یا مظلومین سمرنا وغیرہ، ان کی ملک ہوجانا ضروری ہے۔ پس جن مصارف میں تملیک کسی کی نہیں ہوتی ان مصارف میں صرف کرنا اس رقم فدیہ کا درست نہیں ہے جیسے تعمیر مسجد و مدرسہ و

---

(۱) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ص ۲۷۱. ۱۲ ظفير.
(۲) ولا يجوز الى صغير والده غنى فان كان الا بن كبيرا جاز (الفتاوىٰ الخانيه على هامش عالمگیری ج ۱ ص ۲۶۲ باب فيما توضع فيه الزكوة) ظفير.

چاہ، کتب احادیث وفقہ وغیرہ اس میں صرف کرنا بلا کسی کی تملیک کے جائز نہیں ہے اور یہی حکم انگورہ فنڈ خلافت کمیٹی کا ہے کہ اس میں زکوٰۃ وفدیہ واجبہ صرف نہیں ہوسکتا۔ مگر اس حیلہ سے کہ کسی غیر مالک نصاب کی ملک کر کے اس کی طرف سے انگورہ فنڈ وغیرہ میں دے دیا جاوے۔(۱)

(۲) یتیم نابالغ مفلس کے مصارف میں صرف کرنے کے لئے اس کے ولی کو دے دینا درست ہے۔

(۳) اس رقم سے خود قرض ادا کر دینا کسی مقروض مفلس کا درست نہیں ہے البتہ اس مقروض مفلس کو دے دینا درست ہے کہ وہ اپنا قرض ادا کر دیوے۔(۲)

(۴) خرید کتب وغیرہ اس رقم سے درست نہیں۔(۳) البتہ کسی مدرسہ کے طلبہ مساکین کے مصارف میں صرف کرنا اس رقم کا درست ہے۔فقط۔

## بذریعہ تملیک درس گاہ کی تعمیر میں زکوٰۃ صرف کرنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں

(سوال ۴۶۵) اگر کوئی صاحب زکوٰۃ علم دین کی ان ضروریات میں امداد کرنا چاہے جہاں زکوٰۃ کا روپیہ صرف نہیں ہوسکتا، مثلاً تعمیر درس گاہ یا تعمیر دارالطلبہ وغیرہ، اور تملیک کرا کر زکوٰۃ کا روپیہ صرف کر دے تو اس کی زکوٰۃ اس صورت میں بلاشبہ ادا ہو جائے گی یا نہیں اور علمی امداد کی نیت سے ایسی صورت اختیار کرنے میں معطی کو علم دین کی امداد کا ثواب بھی ملے گا یا نہیں یا فقط ادائے زکوٰۃ ہی کا ثواب ملے گا۔فقط۔

(جواب) اس صورت میں زکوٰۃ بلاشبہ ادا ہو جائے گی، اور شامی میں منقول ہے کہ بطریق مذکور زکوٰۃ دینے میں معطی کو بھی ثواب علم دین کی امداد کا ملے گا یقال ان ثواب التکفین یثبت للمز کی ایضاً لا ن الدال علی الخیر کفاعله وان اختلف الثواب کماً وکیفاً قلت واخرج السیوطی فی الجامع الصغیر لو مرت الصدقة علی یدی مائة لکان لهم من الا جر مثل اجر المبتدی من غیر ان ینقص من اجره شئی الخ فقط۔(۴)

## صدقہ فطر جس پر واجب ہے وہ مصرف زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۱/۴۶۶) جس پر صدقہ فطر واجب ہے، وہ مصرف زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

## غریب جو مال دار کے ساتھ کھانا پکائے مصرف زکوٰۃ ہے

(سوال ۲/۴۶۷) مالدار اور غریب ایک ساتھ کھانا پکاتے ہیں، غریب مصرف زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) نہیں۔(۵)

(۲) وہ غریب مصرف زکوٰۃ ہے۔(۶) فقط۔

---

(۱) مصرف الزکوة الخ وهو مصرف ایضا لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبة الخ وهو فقیر الخ و مسکین الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا ابا حة لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹-۳۴۴) وحیلة التکفین بها التصدق علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما وکذا فی تعمیر المسجد الخ (ایضاً کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر. (۲،۳) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر. (۴) رد المحتار الزکوة ج ۲ ص ۱۶. ۱۲ ظفیر.

(۵) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجته الا صلیة من ای مال کان (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ ص ۳۴۷) ظفیر. (۶) مصرف الزکوة الخ هو فقیر الخ و مسکین الخ (ایضاً ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر.

## جس بیوہ کے پاس ۳۰-۴۰ بیگہ زمین ہو اسے زکوٰۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۱/۲۶۸ ۴) ایک بیوہ عورت کے پاس ۳۰-۴۰ بیگہ زمین ہے مگر گرانی وخشک سالی کی وجہ سے اس کے پاس گذارہ کے موافق آمدنی نہیں، اگر کوئی رشتہ دار اس کو زکوٰۃ دے دے تو ادا ہوگی یا نہیں۔

## کافی آمدنی والے مقروض کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۲/۲۶۹ ۴) جس شخص کو آمدنی کافی ہو لیکن وہ مقروض ہو اور قرض ادا نہ کر سکے تو اس کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب)(۱) اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔(۱)

(۲) اس صورت میں بھی زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی۔(۲) فقط۔

## زکوٰۃ سے کتب خانہ کے لئے کتابیں خریدنا کیسا ہے

(سوال ۴۷۰) مال زکوٰۃ سے اگر کوئی شخص کسی مدرسہ اسلامیہ کے کتب خانہ کے واسطے جو محتاج طلبہ کے لئے قائم کیا جائے کتابیں خریدے اس سے مدرسین اور دیگر اغنیاء استفادہ حاصل کر سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ میں تملیک محتاج شرط ہے، بدون تملیک یعنی مالک بنانے کے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ پس اول تو رقم زکوٰۃ ویسے غرباء طلباء کو تقسیم کرے اور اگر کپڑے یا کتابیں اس میں بنادے یا خریدے تو وہ مملوک غرباء کی کر دیوے۔ یعنی ان کو دے دیوے اور تقسیم کر دیوے۔ کسی مدرسہ کے کتب خانہ میں وہ کتب رکھنے سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔(۳) فقط۔

## زکوٰۃ کی رقم کیا ان مواقع میں دی جائے

(سوال ۴۷۱) زکوٰۃ کی رقم کسی بیت المعذورین یا محتاجین میں معذوروں اور محتاجوں کی امداد کے لئے دی جا سکتی ہے یا نہیں۔

(۲) کیا کسی ایسے فنڈ میں رقم زکوٰۃ بھیجتے ہوئے یہ شرط لگانا ضروری ہے کہ یہ رقم مسلمانوں ہی پر صرف کی جائے کیونکہ اگر اس کا یقین نہ ہو تو غالب ظن تو یہی ہے کہ ایسے فنڈ سے بلالحاظ مذہب فائدہ پہنچایا جاتا ہوگا۔

(جواب)(۱،۲) زکوٰۃ میں مسلمان محتاج کو مالک بنانا رقم زکوٰۃ کا ضروری ہے، پس جس موقعہ میں یہ شبہ ہو کہ مسلمانوں کو پہنچے گی یا غیر اہل اسلام بھی اس میں شریک ہوں گے اور کسی کی ملک نہ کیا جاوے گا تو ایسے مواقع میں حیلہ

---

(۱) وذكر في الفتاوى فيمن له حوانيت ودور الغلة لكن غلتها لا تكفيه و عياله انه فقير و يحل له اخذ الصدقة عند محمد وفيها سئل محمد عمن له ارض يزرعها او حانوت يستغلها او دار غلتها ثلاثة الا ف ولا تكفي لنفقته ونفقة عياله سنة يحل له اخذ الزكوة وان كانت قيمتها تبلغ الو فا وعليه الفتوى (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۸) ظفير.

(۲) ومنها الغارم وهو من لزمه دين ولا يملك نصابا فاضلا عن دينه او كان له مال على الناس لا يمكنه اخذه والدفع الى من عليه الدين والى من الدفع الى الفقير (عالمگيرى باب المصارف ج ۱ ص ۱۸۸) ظفير.

(۳) ويشترط ان يكون الصرف تمليك لا اباحة فلا يصرف الى بناء نحو مسجد (در مختار كبناء القناطر والتقايات و صلاح الطرقات و كرى الا نهار والحج والجهاد وكل مالا تمليك فيه زيلعى (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط س ج ۲ ص ۳۴۴) ہمارے اس زمانہ میں بعض دیندار تاجر کتب مدرسہ کے ہاتھ کتابیں اس طرح بیچتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ میں فی کتاب اتنی قیمت لوں گا اور اس کے ساتھ مال زکوٰۃ سے خریدی ہوئی کتاب اس تعداد میں مفت کتب خانہ کے لئے دوں گا، جو لوگ ایسا معاملہ کرتے ہیں ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس سے ان کی زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی اور اس شرط فاسدہ کی وجہ سے ہو بیع بھی فاسد ہو جاتی ہے۔ واللہ اعلم ظفير

تملیک یہاں کرلیا جاوے اور پھر وہاں روپیہ زکوٰۃ کا دیا جاوے۔(۱) فقط۔

## غنی طالب علم مستحق زکوٰۃ نہیں

(سوال ۴۷۲) طالب علم غنی غیر مسافر مستحق زکوٰۃ وفطرہ ہوسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) طالب علم غنی کو زکوٰۃ دینا اور اس کو لینا جائز نہیں ہے بلکہ حرام ہے اور زکوٰۃ ادا نہ ہوگی چنانچہ علامہ شامی نے فرع جواز اخذ کی نقل کر کے لکھا ہے وھذا لفرع مخالف لا طلا قھم الحرمة فی الغنی ولم یعتمده احد قلت وھو کذالک ولا وجه تقییذه بالفقیر۔(۲) الخ وقال بعده قوله لا یمک نصاباً قید به لان الفقر شرط فی الا صناف کلھا الا العامل وابن السبیل اذا کان له مال فی وطنه بمنزلة الفقیر۔(۳) الخ ثم قال للاتفاق علی ان الا صناف کلھم سوی العامل یعطون بشرط الفقر الخ شامی۔(۴) پس معلوم ہوا کہ طالب علم غنی غیر مسافر کو زکوٰۃ اور صدقہ فطر دینا جائز نہیں ہے اور ادا نہ ہوگا۔ فقط۔

## قیمت چرم قربانی کیا فوراً فقیر کے حوالہ کرنا ضروری ہے

(سوال ۴۷۳) قیمت چرم قربانی بجز دوصول مستحقین کو دے دی جائے یا اندوختہ کر کے بتدریج اس سے مستحقین کا تکفل کیا جائے تو کچھ قباحت تو نہیں ہے۔ اگر اس اندوختہ سے کوئی تجارت کر کے اس کے منافع سے مستحقین کی کفالتی کی جائے تو شرعاً جائز ہے یا نہیں، اگر چرم قربانی جمع کر کے کسی مہتمم مدرسہ کی ملک قرار دی جائے یا کسی کے اختیار میں دے دی جائے تو اس سے وہ مالک یا مختار مدرسین علوم دینیہ کی تنخواہ دے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) بہتر ہے کہ بجر دوصول مستحقین کو دے دی جاوے، طلبہ ہوں یا غیر طلبہ اور مدارس میں دے کر اگر طلبہ کے خرچ کے لئے رکھا جاوے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں ہے اور اس اندوختہ سے تجارت کرنا اور اس کا نفع مستحقین کو پہنچانا درست نہیں ہے بلکہ اس قیمت چرم قربانی کو صدقہ کرنا فقراء پر واجب ہے اور مالک بنانا ان کو شرط ہے،(۵) اور مہتمم مدرسہ کو جو کہ مالک نصاب ہو دینا جائز نہیں ہے البتہ اگر مہتمم مدرسہ کو وکیل اس کا بنایا جاوے کہ وہ اس قیمت کو اپنے پاس رکھے اور اپنی تحویل میں لیوے اور وقتاً فوقتاً طلبہ کی ضروریات میں صرف کرے تو یہ جائز ہے اور ملازمین اور مدرسین کی تنخواہ دینا اس میں سے جائز نہیں البتہ بعد حیلہ تملیک ایسا ہوسکتا ہے جیسا کہ زکوٰۃ کا حکم ہے۔ فقط۔

## مستحق دوست کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے

(سوال ۴۷۴) ایک شخص صاحب نصاب ہے اور وہ زکوٰۃ اپنے مال سے علیحدہ کر کے اپنے کسی رفیق کو دیتا ہے بلکہ اس رقم زکوٰۃ سے اس رفیق کے فائدہ کے لئے تجارت کرتا، آیا وہ زکوٰۃ تنہا ایک رفیق کو جو ایک قبیل دار ہے، درست ہے یا نہیں۔

---

(۱) ولا تدفع الی ذمی لحدیث معا ذ (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲ ط.س. ج۲ص ۳۵۱) ظفیر وحیلة التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیرا لمسجد الخ (ایضا کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ص ۲۷۱) ظفیر.

(۲) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۱ ط.س. ج۲ص ۳۴۰، ۱۲ ظفیر

(۳) ایضا ج ۲ ص ۸۳ ط.س. ج۲ص ۳۴۳

(۴) ایضا ج ۲ ص ۸۴ ط.س. ج۲ص ۳۴۳

(۵) مصرف الزکوة الخ وھو مصرف ایضا لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیره ذالک من الصدقات الواجبة الخ ھو فقیر وھو من له ادنی شئی ای دون نصاب الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ص ۳۳۹-۳۴۴) ظفیر.

(جواب) یہ تو شرعاً درست ہے کہ کسی صاحب حاجت غیر مالک نصاب صاحب عیال کو زیادہ رقم زکوۃ کی دے دیوے لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ رقم اس شخص کو دے دی جائے اور اس کو مالک کر دیا جائے۔ پھر چاہے وہ تجارت میں لگا دے یا خرچ کرے۔ پس یہ صورت جو سوال میں درج ہے کہ صاحب نصاب خود ہی اس رفیق کے لئے رقم زکوۃ کو تجارت میں لگا دیوے درست نہیں ہے اور اس سے زکوۃ ادا نہ ہوگی بلکہ صورت جواز یہ ہے کہ پہلے وہ رقم زکوۃ اس رفیق کو دے دی جاوے پھر چاہے تو وہ رفیق اپنی طرف سے تجارت میں لگانے کے لئے اس کو دے دیوے جس نے زکوۃ دی ہے۔ (۱) فقط

## جائیداد مانع اخذ زکوۃ نہیں اگر اس سے اخراجات پورے نہیں ہوتے

(سوال ۴۷۵) ایک شخص کی جائداد قیمت کے اعتبار سے نصاب زکوۃ سے بہت زیادہ ہے مثلاً سو دو سو روپے منافع کی ہے لیکن سال بھر میں منافع خرچ ہو کر کچھ نہیں بچتا بلکہ حوائج ضروری بمشکل پورے ہوتے ہیں تو ایسے شخص کو زکوۃ لینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) شامی میں ہے سئل محمد رحمه الله عمن له ارض یزرعها او حانوت یستغلها او دار غلتها ثلثة الاف ولا تكفی لنفقة ونفقة عیا له سنةً یحل له اخذ الزكوة الخ (۲) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ اس شخص کو زکوۃ لینا درست ہے۔

## جس طالب علم کے پاس دو سو روپے ہوں اس پر زکوۃ ہے یا نہیں اور وہ زکوۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۴۷۶) ایک طالب علم مسافر ہے جس کے پاس مبلغ دو سو روپے نقد اس کے مملوکہ اس کے گھر میں ہیں۔ مکان مسکونہ ذاتی نہیں، یعنی اپنی ملک نہیں، مبالغ مذکورہ پر قدرت تامہ ہے جس وقت اور جہاں چاہے منگا سکتا ہے ایسی حالت میں مبالغ مذکورہ پر زکوۃ ہے یا نہیں اور ایسے طالب علم کو زکوۃ لینا اور اپنے مصارف میں لانا جائز ہے یا نہیں۔ نیز مسجد میں جو کھانا آتا ہے وہ کھانا اور مسجد کے تیل سے مطالعہ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) درمختار باب المصرف میں ہے وابن السبيل وهو كل من له مال لا معه۔ (۳) الخ پس طالب علم مسافر مذکور کو اس روایت کے موافق زکوۃ لینا درست ہے مگر ایسے شخص کو زکوۃ لینا اور صدقہ کا کھانا اور تیل وغیرہ لینا اچھا نہیں بلکہ بعض فقہاء نے لکھا ہے کہ ایسا شخص قرض لے کر اپنی کارروائی کرے اور اپنے روپے میں سے ادا کر دیوے۔ کما فی الشامی. والا ولى له ان يستقرض ان قدر ولا يلزمه ذلک الخ شامی۔ (۴) اور زکوۃ اس روپے کی اس کے ذمہ بعد ملنے روپے مذکور کے سنین ماضیہ کی بھی لازم ہوگی۔ (۵) فقط۔

## غیر مسلم کے قبضہ سے مساجد کی واگذاری کے لئے زکوۃ کے روپے خرچ نہیں کر سکتے

(سوال ۴۷۷) ہمارے شہر میں چند مساجد اور مقابر غیر مسلم کے قبضہ میں آ گئے ہیں اور ان میں نہایت بے ادبی ہوتی

---

(۱) مصرف الزكوة الخ هو فقير هو من له ادنى شئ اى دون نصاب الخ ويشترط ان الصرف تمليكا الخ اعطاء فقير نصاب او اكثر الا اذا كان المدفوع اليه مديونا او كان صاحب عيال بحيث لو فرقه عليهم لا يخص كلا او لا يفضل بعد دينه نصاب فلا يكره فتح. (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹-۳۴۴-۳۵۳)

(۲) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۸. ۱۲ ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۴. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۳. ۱۲ ظفير۔

(۴) الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۴. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۳

(۵) ولو كان الدين على مقر الخ فوصل الى ملكه لزم زكوة مامضى (ايضا كتاب الزكاة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج ۲ ص ۲۶۶)

ہے آیا ان کو چھوڑانے میں زکوۃ کا روپیہ کام آسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوۃ کے روپے سے یہ کام نہیں ہوسکتا کیونکہ زکوۃ کے اداء ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ کسی محتاج یا چند محتاجوں اور مساکین کو بلا معاوضہ اس روپے کا مالک بنادیا جاوے۔(۱) فقط

## محتاج اقرباء دوسری بستی میں ہوں تو کیا کرے

(سوال ۴۷۸) زید کے اقرباء واحباب محتاج ہیں مگر دوسری بستی میں ہیں تو زید کو زکوۃ ان کو دینی چاہئے یا اپنی بستی کے محتاجوں کو یا مدارس اسلامیہ کے طلبہ کو دے۔ غرض کہ کس کو دینا زیادہ بہتر ہے۔

(جواب) درمختار میں ہے کہ دوسری بستی کی طرف زکوۃ کو منتقل کرنا مکروہ ہے، مگر جب کہ دوسری بستی میں اس کے اہل قرابت ہوں یا زیادہ محتاج ہوں الخ پس اہل قرابت کا خیال مقدم ہے اگر چہ وہ دوسری بستی میں ہوں جیسا کہ حدیث شریف میں ہے، لا یقبل اللہ صدقة من رجل ولہ قرابة محتاجون الی صلته(۲) الحدیث الحاصل اپنے شہر کے محتاجوں کو بھی دیوے اور اپنے اہل قرابت کو دیوے، اگر چہ وہ دوسری بستی میں ہوں، اور مدارس کے طلبہ کو بھی دیوے اگر چہ وہ دوسری بستی میں ہوں۔ غرض یہ ہے کہ سب کا خیال رکھے اور اگر گنجائش زکوۃ کے روپے پیسے میں ہے تو حتی الوسع ہر ایک صاحب حاجت اور اہل قرابت کو دیوے اور اگر گنجائش کم ہو تو اہل قرابت کو مقدم کرے پھر دوسرے محتاجوں اور طلبہ کا خیال کرے۔(۳) فقط۔

## علماء صاحب نصاب جو اپنا مال بیوی کی ملک کردیں انہیں زکوۃ لینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۴۷۹) جو علماء تعلیم وتعلم میں مشاغل ہوں اور صاحب نصاب ہوں ان کو اخذ زکوۃ جائز ہے یا نہیں، اگر وہ اپنا مال زوجہ کی ملک کردے تو اس حیلہ سے اخذ زکوۃ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جو مولوی صاحب نصاب ہوں ان کو زکوۃ لینا منع ہے اور حیلہ مذکور کے بعد زکوۃ لینا ظاہر فتوی کی رو سے جائز ہوجاوے گا۔(۴) فقط

(مگر اس کا یہ فعل نہایت برا اور قابل مواخذہ ہے۔ ظفیر)

## فدیہ کی رقم نیک کام میں لگانا کیسا ہے

(سوال ۴۸۰) متوفی کے ذمہ چھ سال کے روزے قضاء تھے، اس کے وارث فدیہ ادا کرنا چاہتے ہیں، فی روزہ مقدار غلہ کی کس قدر ہے کیا ایک وقت میں تمام غلہ یا اس کی قیمت ایک شخص کو دینا یا کسی نیک کام میں صرف کرنا مثل تیار مسجد یا موسم سرما میں غرباء کو جڑاول بنادینا جائز ہے یا نہیں۔

---

(۱) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (ایضاً باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفیر

(۲) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳ . ط.س. ج۲ ص ۳۵۳ ۲ ظفیر.

(۳) وکرہ نقلها الا الی قرابته بل فی الظهیریة لا تقبل صدقة الرجل وقرابته محاویج حتیٰ یبدابهم فیسد حاجتهم او احوج او اصلح او اورع او نفع للمسلمین (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳ . ط.س. ج۲ ص ۳۵۳) ظفیر.

(۴) ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ من حاجته الا صلیة من ای مال کان . (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ ص ۳۴۷) ظفیر.

(جواب) ایک روزہ کا فدیہ انگریزی تول سے پونے دوسیر گندم یا اس کی قیمت ہے۔(۱) مثلاً اگر نو سیر ایک روپے کے گندم فروخت ہوتے ہیں تو قریب ۳؍ کے ایک روزہ کا فدیہ ہوا۔ پس ایک سال کے تیس روزوں کا فدیہ ۱۰؍ ہوئے اور چھ سال کے روزوں کا فدیہ ۱۲ ہوئے۔(۳) یہ رقم فقراء اور مساکین کو تقسیم کردی جاوے، ایک شخص کو دینا ضروری نہیں ہے اور ایک وقت میں بھی دینا ضروری نہیں ہے۔ اور تعمیر مسجد وغیرہ میں صرف کرنا درست نہیں ہے اور یہ جائز نہیں کہ موسم سرما میں اس رقم سے لحاف بنا کر یا کمبل خرید کر فقراء کو تقسیم کردیئے جاویں۔ فقط

## زکوٰۃ کی رقم جلسہ تبلیغ پر خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۸۱) اکبرآباد ضلع بجنور میں ۴۰۔۵۰ کس خاکروب آباد ہیں اور ملحقات میں ہنود آباد ہیں۔ ہنود نے تقریباً پانچ ہزار چمار جمع کر کے جلسہ کیا، ان لوگوں کو عام طور سے مسلمانوں سے علیحدگی کی تبلیغ دی کہ مسلمانوں سے کسی قسم کا کوئی تعلق نہ رکھا جاوے، اس کے خلاف میرا ارادہ یہ ہے کہ اکبرآباد میں جلسہ کر کے چند مقرروں کو بلایا جاوے اور آگرہ وغیرہ میں چار مقرروں کو بلایا جاوے اور ہنود سے علیحدہ رہنے کی دعوت دی جاوے اور اکبرآباد کے خاکروبوں کو مسلمان ہونے کی دعوت دی جاوے لیکن اکبرآباد میں اس جلسہ کے اخراجات کے واسطے روپیہ نہیں ہے اگر شرعاً اجازت ہو تو پیشگی زکوٰۃ کی مد سے روپیہ فراہم کر کے جلسہ میں خرچ کیا جاوے۔

(جواب) زکوٰۃ میں یہ شرط ہے کہ تملیک فقراء ہو یعنی محتاجوں کو اس کا مالک بنا دیا جاوے اور اگر تملیک فقراء نہ ہوگی تو زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔(۳) پس اگر سوائے زکوٰۃ کے اور کوئی صورت چندہ کی نہیں ہے تو زکوٰۃ کے روپے کو اس کام میں خرچ کرنے کی جواز کی یہ صورت ہے کہ رقم زکوٰۃ کا مالک اول کسی ایسے شخص کو بنادیا جاوے کہ وہ مالک نصاب نہ ہو، پھر وہ اپنی طرف سے جلسہ مذکورہ کے مصارف میں صرف کردے تو اس صورت میں زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ بھی ادا ہوجاوے گی اور جلسہ کے مصارف کا بھی انتظام ہوجائے گا اور اس کی تشریح زبانی کسی واقف سے کرلیں وہ اس صورت تملیک کو پوری طرح سمجھاویں گے۔(۴) فقط۔

## فدیہ کا تعمیر مسجد میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۴۸۲) ایک شخص بہت مالدار مرا اس کے ذمہ بہت سی نمازیں اور روزے تھے اور مرتے وقت وصیت وغیرہ کچھ نہیں کی اب اس کی ورثاء بالغین خاص اپنے ذاتی مال میں سے اس کے روزہ نماز کا حساب لگا کر پورا فدیہ ادا کرتے ہیں تو کیا اس صدقہ کی رقم کا تعمیر مساجد میں لگا دینا جائز ہوگا یا نہیں۔

(جواب) یہ تو ظاہر ہے اور مسلم ہے کہ فدیہ صیام وصلوٰۃ بصورت ترک مال و وصیت ادا کرنا ورثہ پر لازم اور واجب

---

(۱) ولو ماتوا بعد زوال العذر وجبت الوصية الخ وفدى لزوما عنه اى عن الميت وليه الذى يتصرف فى ماله كا لفطرة قدراً الخ بوصية من الثلث (در مختار) هى مثل الفطرة من حيث الجنس وجواز اداء القيمة (رد المحتار) فصل فى العوارض لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۰ و ج ۲ ص ۱۶۱ ط.س. ج۲ص ۴۲۴) نصف صاع الخ من برا ودقيقه او سويقه او زبيب الخ او صاع تمر او شعير الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب الفطرة ج ۲ ص ۱۰۳ ط.س. ج۲ص ۳۶۴)

(۲) یہ حساب اور بھاؤ سن ۱۳۴۲ھ کا ہے، اب غلہ بہت گراں ہوچکا ہے اس لئے قیمت بہت بڑھ جائے گی۔ کسی واقف سے حساب کرالیا جائے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(۳) ويشترط ان يكون الصرف تمليک الخ ولا يصرف فى بناء نحو مسجد الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفير.

(۴) وحيلة التكفين ان يتصدق بها على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا فى تعمير المسجد (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ص ۲۷۱) ظفير.

ہے اور اس حالت میں یہ صدقات واجبہ میں سے ہے کہ مصرف اس کا وہی ہے جو کہ مصرف زکوٰۃ ہے اور تملیک فقراء وغیرہم اس میں مثل زکوٰۃ کے شرط ہے کما فی الشامی فی باب مصرف الزکوٰۃ وھو مصرف ایضاً لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبۃ کما فی القسستانی ۔ (۱) اور جس صورت میں کہ میت نے مال نہ چھوڑا ہو، یا مال چھوڑا ہو مگر وصیت نہ کی ہو تو اس کی نسبت فقہاء یہ لکھتے ہیں کہ ورثاء اگر تبرعاً فدیہ اس کی نمازوں اور روزوں کا ادا کریں تو اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہے تو وہ بھی میت کی نمازوں اور روزوں کا فدیہ ہو جاوے گا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ کافی ہو جاوے گا۔ تو فقہاء رحمہم اللہ نے تبرعاً فدیہ ادا کرنے کے بارے میں تجزیہ انشاء اللہ تعالیٰ فرمایا ہے۔ (۲) اس لئے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو شرائط فدیہ واجب کی ہیں وہی اس میں ملحوظ رکھنی چاہئے، مثلاً مقدار فدیہ کی وہی ہوگی جو کہ بصورت وصیت ہوگی۔ اسی طرح اس کا مصرف وہی ہونا چاہئے جس طرح فدیہ واجبہ کا ہے اور تملیک یا اباحت بھی اسی طرح ہونی چاہئے جس طرح فدیہ واجبہ میں ہے جیسا کہ شامی جلد اول باب قضاء الفوائت فدیہ کے بیان میں ہے ثم اعلم انه اذا اوصی لفدیة الصوم بحکم بالجواز قطعاً لا نه منصوص علیه واما اذا لم یتطوع بهالوارث فقد قال محمد ؒ فی الزیادات انه یجزیه انشاء الله تعالیٰ فعلق الا جزاء بالمشیة لعدم النص الخ (۳) اس سے معلوم ہوا کہ فدیہ کی حیثیات کا اس تبرع میں لحاظ کرنا چاہئے۔ البتہ اگر فدیہ صیام وصلوات کا ادا کرنا ورثہ کو مقصود نہیں ہے صرف ثواب خیرات پہنچانا ہے تو اس صورت میں مسجد وغیرہ کے مصارف خیر کی تعمیر وغیرہ میں جو کچھ صرف کرے گا اور اس عمل خیر اور صدقہ کا میت کو پہنچاوے گا، وہ ثواب میت کو پہنچے گا، مگر فدیہ صیام وصلوات کے ادا ہو جانے اور میت کے سبکدوش ہو جانے کی ان فرائض سے امید نہ رکھنی چاہئے۔ فقط۔

## خیرات فدیہ میں محسوب ہوگا یا نہیں

(سوال ۴۸۳) ایک عورت نے بیماری کی حالت میں اپنے شوہر کو وصیت کی کہ میری نماز اور روزہ قضا شدہ کا فدیہ میرے مرنے کے بعد ادا کرنا، اس وصیت کے بعد وہ فوت ہوگئی۔ اس کے خاوند نے دفن کرنے سے پہلے کچھ نفقہ اور کپڑا وغیرہ خیرات کیا مگر بوجہ لاعلمی کے اس نے فدیہ کی نیت نہیں کی، علاوہ اس کے آٹھ سات یوم تک اپنی حیثیت کے موافق صدقہ خیرات کرتا رہا۔ یہ صدقہ اور خیرات فدیہ میں محسوب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) وصیت کرنے کی صورت میں اور مال متروکہ چھوڑنے کی صورت میں ادائے فدیہ نماز و روزہ بذمہ ورثہ واجب ہوتا ہے اور فدیہ واجبہ کا حکم مثل زکوٰۃ کے ہے کہ نیت اور تملیک فقراء وغیرہ احکام زکوٰۃ اس پر مترتب ہوتے ہیں۔ پس جب کہ شوہر نے اس خیرات اور صدقہ میں جو اس نے یوم وفات میں یا اس کے بعد کیا، نیت ادائے فدیہ کی نہیں کی لہذا ادائے فدیہ اس کے ذمہ واجب رہا۔ جس قدر مقدار فدیہ معلوم ہوئی ہے اس کو بہ نیت فدیہ فقراء کو تقسیم کرے، اور جو کچھ بلا نیت فدیہ خیرات کر چکا وہ اس میں محسوب نہ ہوگا۔ ھکذا فی الدر المختار والشامی وغیرھما۔ (۴)

---

(۱) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج اص ۲۳۳۹ ۱۲ ظفیر

(۲) رد المحتار باب قضاء الفوائت ج ۱ ص ۶۸۶). ط.س. ج۲ص ۷۲. ۱۲ ظفیر

(۳) ایضاً ج ۱ ص ۶۸۶. ط.س. ج۲ص ۷۲. ۱۲ ظفیر

(۴) مصرف الزکوٰۃ الخ وھو مصرف ایضاً لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیر ذالک من الصدقات الواجبات الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ص ۳۳۹-۳۴۴) ظفیر

### سرکاری شفاخانہ میں زکوٰۃ کا روپیہ بذریعہ حیلہ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۱ / ۴۸۴) اگر گورنمنٹ کی امداد سے کوئی شفاخانہ کھولا جاوے، اس میں زکوٰۃ کا روپیہ حیلہ کر کے دینا جائز ہے یا نہیں۔

### مسلم شفاخانہ میں زکوٰۃ کا روپیہ لگانا کیسا ہے

(سوال ۲ /۴۸۵) اور اگر کوئی شفاخانہ خاص مسلمان مساکین کے لئے کھولا جاوے تو ایسے شفاخانہ میں زکوٰۃ کا روپیہ حیلہ کر کے دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اصل یہ ہے کہ زکوٰۃ کے ادا ہونے کے لئے یہ شرط ہے کہ جس شخص غریب کی ملک کی جاوے وہ سید نہ ہو، در مختار میں ہے تملیک جزء مال عینه الشارع من مسلم فقیر غیر هاشمی ولا مولاہ انتهی۔(۱) ملخصاً۔ اور چونکہ زکوٰۃ میں تملیک فقیر مسلم شرط ہے اس لئے تجہیز و تکفین میت یا تعمیر مسجد و مدرسہ وغیرہ میں اس کا صرف کرنا درست نہیں ہے اور اس کے جواز کا حیلہ فقہاء نے یہ لکھا ہے کہ اول زر زکوٰۃ کسی فقیر کی ملک کر دی جائے پھر اس سے کہا جاوے کہ وہ اپنی طرف سے مواقع مذکورہ میں وامثالہا میں صرف کر دے۔ درمختار کتاب الزکوٰۃ میں ہے۔ وحیلة التکفین بها التصدق علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما وكذا فی تعمیر المسجد و تمامه فی حیل الاشباہ الخ ۔(۲) پس اس حیلہ مذکورہ سے ہر دو صورت مسئولہ فی السوال میں زکوٰۃ کا روپیہ خرچ ہو سکتا ہے اور زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی صورت اس کی یہ ہے کہ اول وہ رقم زکوٰۃ کسی ایسے محتاج مسلمان کی ملک کر دی جائے جو کہ مصرف زکوٰۃ ہو، پھر اس سے کہا جاوے کہ وہ اپنی طرف سے شفاخانہ مذکورہ میں دے دیوے کیونکہ اب وہ زکوٰۃ کا روپیہ نہیں رہا بلکہ زکوٰۃ مالک کی اس محتاج شخص کو دینے سے ادا ہو گئی اور وہ مالک اس کا ہو گیا، اب اس کو اختیار ہے کہ وہ جس موقعہ پر چاہے اس کو صرف کرے۔ فقط۔

### زکوٰۃ کے روپے سے حج کرانا کیسا ہے

(سوال ۱ /۴۸۶) زکوٰۃ کے روپے سے لوگوں کو حج کرانا کیسا ہے۔

### زکوٰۃ کے روپے سے قرآن خرید کر امیر و غریب میں تقسیم کرنا

(سوال ۲ / ۴۸۷) زکوٰۃ کے روپے سے قرآن خرید کر امیروں اور غریبوں اور لڑکوں کو تقسیم کرنا کیسا ہے۔

### زکوٰۃ کے روپے سے باؤلی بنانا درست ہے یا نہیں

(سوال ۳/ ۴۸۸) زکوٰۃ کے روپے سے باؤلی بنانا درست ہے یا نہیں۔

### ایک آدمی کو کتنی زکوٰۃ دی جائے

(سوال ۴/ ۴۸۹) ایک آدمی کو کتنی زکوٰۃ دینی چاہئے۔

(جواب) (۱) اگر حج کرنے والے کی وہ روپیہ ملک کر دیا جائے کہ وہ اپنا حج کرے یا جس خرچ میں چاہے لاوے تو یہ

---

(۱) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ص ۳۴۴ ۱۲ ظفیر

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۶ .ط.س.ج۲ص ۲۷۱ ۱۲ ظفیر

درست ہے اور زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے۔(۱)

(۲) قرآن شریف زکوٰۃ کے روپے سے خرید کر اگر غریب لڑکوں یا بڑوں کو تقسیم کر دیئے جاویں تو یہ جائز ہے اور زکوٰۃ ادا نہ ہوگی، وہ پھر دینی ہوگی۔(۲)

(۳) زکوٰۃ کے روپے سے ایسا کام کرنا درست نہیں ہے، کیونکہ وہ زکوٰۃ کے ادا ہونے کی یہ شرط ہے کہ غرباء کو اس کا مالک بنادیا جاوے، مسجد یا مدرسہ اس سے بنانا چاہا و باؤلی وغیرہ میں صرف کرنے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی اس کو پھر زکوٰۃ دینی لازم ہے۔(۳)

(۴) ایک آدمی محتاج کو نصاب سے کم زکوٰۃ دینی چاہئے، نصاب کی قدر دینا مکروہ ہے، لیکن اگر وہ مقروض ہو تو نصاب یا نصاب سے زیادہ دینا بھی درست ہے۔(۴) فقط۔

## زکوٰۃ سے مدرس، مؤذن وغیرہ کو مشاہرہ دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۴۹۰) مال زکوٰۃ سے مدرسین مدرسہ یا مؤذن و امام کو مشاہرہ دینا درست ہے یا نہیں۔ چونکہ یہ لوگ دین کی خدمت انجام دیتے ہیں ان کی امداد زکوٰۃ سے ہو سکتی ہے یا نہیں۔ اور امام صاحب نے تملیک کی شرط کیوں لگائی ہے۔ انما الصدقات للفقراء الخ میں لام منفعت کے لئے بھی ہو سکتا ہے، اس کو تملیک پر محمول کرنے کا کیا منشاء ہے، اس بارے میں کوئی صریح حدیث ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ میں تملیک فقراء وغیرہم شرط ہے جیسا کہ آیت انما الصدقات للفقراء الآیۃ سے مستفاد ہے کیونکہ اول تو صدقہ کا لفظ ہی تملیک فقیر کو چاہتا ہے اور پھر لام تملیک اس کی صریح دلیل ہے، اور نفع کے لئے کہنا بھی اس کے منافی نہیں ہے کیونکہ نفع تام بعد تملیک کے مملک لہ کو ہو سکتا ہے اور حدیث تو خذ من اغنیائھم وترد الی فقرائھم (۵) بھی اس کی دلیل ہے، کیونکہ ''توخذ'' سے خروج عن ملک الاغنیاء ثابت ہے اور ''تردالیٰ فقرائھم'' ملک فقراء کو مقتضی ہے۔ بہر حال جب کہ زکوٰۃ میں تملیک فقراء ضروری ہوئی اور صدقہ کا لفظ اس کو چاہتا ہے کہ بلا کسی معاوضہ کے ہو، ورنہ صدقہ نہ رہے گا تو ملازمین و مدرسین کی تنخواہ میں دینا زکوٰۃ کا جائز نہ ہوا، اور ایسے مصارف میں صرف کرنے کے لئے حیلہ تملیک ضروری ہے ورنہ زکوٰۃ ادا نہ ہوگی۔ چنانچہ صاحب ہدایہ لکھتے ہیں ولا یبنی بھا مسجد ولایکفن بھا میت لانعدام التملیک وھو الرکن۔(۶) فتح القدیر میں ہے قولہ لا نعدام التملیک وھو الرکن، فان اللہ تعالیٰ سماھا

---

(۱) وکرہ اعطاء فقیر نصابا اوا کثر الا اذا کان المدفوع الیہ مدیونا او کان صاحب عیال بحیث لو فرقہ علیھم لا یخص کلا اولا یفضل بعد دینہ نصاب فلا یکرہ فتح (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۵۳) اس سے معلوم ہوا کہ ایک شخص کو اتنی رقم زکوٰۃ سے حج کے لئے دینا مکروہ ہے، گو وہ فقیر مالک ہونے کے بعد اس سے حج کرے تو جائز ہوگا مگر زکوٰۃ کے روپے سے حج کرنا، کرانا مصارف زکوٰۃ کے منشاء کے سراسر خلاف ہے جس سے اجتناب ضروری ہے۔ واللہ اعلم ۱۲۔

(۲) مصرف الزکوٰۃ الخ ھو فقیر الخ و مسکین الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (ایضاً ج ۲ ص ۷۹) ظفیر۔

(۳) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحۃ کما مر لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت وقضاء دینہ (در مختار) نحو مسجد کبناء القناطر والسقایات واصلاح الطرقات وکری الانھار والحج والجھاد وکل مالا تملیک فیہ زیلعی (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۴۴) ظفیر۔

(۴) وکرہ اعطاء فقیر نصابا الا اذا کان المدفوع الیہ مدیونا اوکان صاحب عیال الخ لا یکرہ (ایضا ج ۲ ص ۹۳۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۵۳) ظفیر۔ (۵) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۴۲۔ ۱۲ ظفیر۔

(۶) ھدایہ باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ج ۱ ص ۱۸۸۔ ۱۲ ظفیر۔

صدقۃ وحقیقۃ الصدقۃ تملیک المال من الفقیر الخ فتح. ولا یدفع الی مدبرہ ومکاتبہ الخ لفقدان التملیک الخ۔(۱) دیکھئے صاحب ہدایہ جگہ جگہ عدم تملیک کو علت عدم جواز قرار دیتے ہیں۔فقط۔

## زکوٰۃ سے مبلغین کو وظائف دینا کیسا ہے

(سوال ۴۹۱) زکوٰۃ سے مبلغین انجمن تبلیغ وطلباء کو وظائف دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) طلباء ومساکین کو وظیفہ دینا زکوٰۃ سے جائز ہے۔(۲) اور مبلغین کی تنخواہ دینے میں حیلہ تملیک ضروری ہے (بغیر حیلہ دینا درست نہیں ہے، کیونکہ زکوٰۃ کے لئے تملیک شرط ہے۔ظفیر)

## امام کو اجرت میں عشر دینا درست نہیں

(سوال ۴۹۲) امام کو اجرت میں عشر کا دینا جائز ہے یا نہیں اور ناجائز کہنے والے کو جو شخص معتزلہ کہے اس کے لئے کیا حکم ہے

(جواب) مصرف عشر کا وہی ہے جو مصرف زکوٰۃ کا ہے جیسا کہ شامی باب مصرف زکوٰۃ میں لکھا ہے وھو مصرف ایضاً لصدقۃ الفطر و الکفارۃ والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبۃ الخ(۳) پس جیسا کہ زکوٰۃ کو اجرت امامت میں دینا ناجائز ہے، اسی طرح عشر وصدقۃ فطر بھی اجرت امامت میں دینا ناجائز ہے اور اس صورت میں عشر وصدقہ فطر وغیرہ صدقات واجبہ ادا نہ ہوں گے اور عدم جواز کے قائلین تمام فقہاء عظام ہیں، پس کافر ومعتزلہ کہنے والا قائلین عدم جواز کا سخت خاطی اور فاسق وظالم ہے اور قول اس کا غلط اور باطل ہے۔فقط۔

## جائیداد کے باوجود گذارہ نہ ہو تو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے یا نہیں

(سوال ۴۹۳) نابالغان کے پاس کافی جائداد ہے، لیکن نابالغ ہونے کی وجہ سے گذارہ نہیں چلتا ان کو زکوٰۃ دینا یا ان کا قرضہ ادا کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) ان نابالغوں کا گذارہ جب کہ ان کی جائداد کی آمدنی سے نہیں ہوتا تو ان کو زکوٰۃ کا روپیہ دینا درست ہے، کما نقل عن محمدؒ ، کذافی الشامی(۴)، اور ان کا قرض اس طرح ادا کرنا جائز ہے کہ اول زکوٰۃ کا روپیہ ان یتیموں کی ملک کر دیا جاوے، پھر وہ اپنے قرض میں دے دیں یا ان سے کہہ کر خود ان سے وہ روپیہ لے کر ان کا قرض ادا کر دیا جاوے

## کافروں کو زکوٰۃ دینا درست نہیں۔

(سوال ۴۹۴) زکوٰۃ کا دینا کافروں کو درست ہے یا نہیں اور آیۃ کریمہ انما الصدقت للفقراء الآیۃ سے کیا مراد ہے۔

(جواب) زکوٰۃ کی تعریف درمختار وغیرہ میں یہ کی ہے تملیک جزء مال عینہ الشارع من مسلم فقیر الخ(۵) اس

---

(۱) فتح القدیر باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ص ۲۳. ۲۰. ۱۲ ظفیر.
(۲) مصرف الزکوٰۃ الخ ھو فقیر الخ و مسکین الخ (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹) ظفیر
(۳) الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹.ط.س. ج ۲ ص ۳۳۹. ۱۲ ظفیر
(۴) سئل محمد عمن لہ ارض یزرعھا او حانوت یستغلھا اودار غلتھا ثلاثۃ الاف ولا تکفی لنفقتہ ونفقۃ عیالہ سنۃ یحل لہ اخذ الزکوٰۃ وان کانت قیمتھا تبلغ الوفا وعلیہ الفتویٰ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸ ،ط.س. ج ۲ ص ۳۴۸ ظفیر
(۵) الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۳ و ج ۲ ص ۴.ط.س. ج ۲ ص ۲۵۶-۲۵۷. ۱۲ ظفیر

کا مطلب یہ ہے کہ زکوۃ شریعت میں اس کو کہتے ہیں کہ اپنے مال کا ایک حصہ معینہ جو کہ شارع علیہ السلام نے معین فرمایا ہے مثلاً چالیسواں حصہ، مسلمان محتاج کو دیا جاوے اور اس کو مالک بنادیا جاوے، پس معلوم ہوا کہ زکوۃ کے اداء کے لئے یہ شرط لازمی ہے کہ مسلمانوں کو دی جاوے جو کہ مصرف زکوۃ ہوں، اور آیۃ کریمہ **انما الصدقت للفقراء والمساکین** (۱) الآیۃ میں فقراء و مساکین سے مراد مسلمان فقراء و مساکین ہیں، باجماع امت۔ البتہ نفلی صدقہ ذمیوں، یعنی کافروں کو دیا جاسکتا ہے، ایسا ہی لکھا ہے درمختار میں ہے **وجاز دفع غیرھا وغیر العشر والخراج الیه ای الذمی،** (۲) یعنی زکوۃ وعشر وخراج سوائے دوسرے صدقات ذمی (کافر) کو دینا درست ہے۔ فقط۔

## زکوۃ غیر ممالک میں بھیجنا کیسا ہے

(سوال ۴۹۵) کیا زکوۃ کا روپیہ غیر ممالک اسلامی میں بھی بھیجا جاسکتا ہے اور غیر ممالک کے مسلمانوں کی امداد میں صرف ہوسکتا ہے۔

## زکوۃ سے اپنی طرف سے حج کرانا کیسا ہے

(سوال ۴۹۶) کیا زکوۃ کے روپے سے حج کرایا جاسکتا ہے، اگر کرایا جاسکتا ہے تو کیا اپنے عزیز واقارب کو بھی کرا سکتے ہیں
(جواب) (۱) زکوۃ کا روپیہ غیر ممالک اسلامیہ کے مسلمانوں محتاجوں کو دینا بھی درست ہے لیکن شرط یہ ہے جن کو دیا جاوے وہ مالک نصاب نہ ہوں اور ان کو مالک بنادیا جاوے اور اولی یہ ہے کہ اپنے ملک بلکہ اپنے شہر کے غرباء فقراء کو تقسیم کیا جاوے (۳)

(۲) زکوۃ کے روپے سے اپنا حج کرانا درست نہیں ہے، البتہ یہ جائز ہے کہ کسی فقیر کو زکوۃ کے روپے کا مالک بنایا جاوے..... پھر خواہ وہ اپنا حج کرے یا دیگر مصارف میں صرف کریں اس کو اختیار ہے۔ غرض یہ ہے کہ زکوۃ کے روپے میں مالک بنادینا محتاج کو شرط ہے بدون اس کے زکوۃ ادا نہ ہوگی۔ (۴) (مگر اسی کے ساتھ یہ بھی معلوم رہے کہ ایک شخص کو اتنی رقم دینا کراہت سے خالی نہیں۔ ظفیر)

## قیمت چرم قربانی میں تملیک

(سوال ۱/۴۹۷) مدرسہ کے مہتمم چرم قربانی اپنی جانب سے فروخت کر کے داخل تحویل مدرسہ کر دیتا ہے کیا اس میں تملیک شرط ہے اور بلا تملیک مثل دیگر مدات کے وہ صرف کرسکتا ہے یا نہیں۔

## بلا تملیک خرچ کردے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۹۸/۲) اگر مہتمم مدرسہ نے بلا تملیک اس قیمت چرم کو صرف کردیا تو قربانی کنندہ کو دوبارہ چرم قربانی کی

---

(۱) سورہ توبہ رکوع ۸
(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۲، اس سے پہلے یہ عبارت ہے ولا تدفع الی ذمی لحدیث معاذ (ایضاً). ط.س. ج۲ص ۳۵۱. ظفیر.
(۳) وکره نقلها الا الی قرابة الخ او احوج او اصلح او اورع او انفع للمسلمین (در مختار) قوله کره نقلها ای من بلد الی بلد اخر لا ن فیه رعایة حق الجوار فکان اولی زیلعی والمتبادر منه ان الکراهة تنزیهیة تامل فلو نقلها جاز لان المصرف مطلق الفقراء (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳. ط.س. ج۲ص ۳۵۳) ظفیر۔
(۴) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا لا اباحة لا یجوز الی بناء نحو مسجد (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ص ۳۴۴) ظفیر

قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہوگا۔

(جواب)(۱،۲) مہتمم مدرسہ کو چاہئے کہ چرم قربانی کے فروخت کرنے کے بعد ان کی قیمت کی تملیک مثل زکوۃ کے کر کے مدرسہ کے جس مصرف میں چاہے صرف کرے اگر مہتمم مدرسہ نے اس قیمت کو بلاحیلہ تملیک ایسے مصرف میں صرف کیا جو مصرف قیمت چرم قربانی وزکوۃ نہیں ہے، مثلاً ملازمین ومدرسین کی تنخواہ میں دے دیا تو قربانی کنندہ کو اس قیمت کی قدر صدقہ کرنا واجب ہوگا۔ اور اگر طلبہ کے مصرف میں صرف کیا تو قربانی ادا ہوگی دوبارہ اس قیمت کا صدقہ کرنا مالک پر واجب نہ ہوگا۔(۱) فقط۔

## زکوۃ کے روپے سے مدرسہ کے لئے مکان خریدنا جائز نہیں

(سوال ۴۹۹) زید وعمرو وغیرہ کی طرف سے ایک مدرسہ اسلامیہ جاری ہے، اب ان کی حالت ایسی ہوگئی ہے کہ وہ مدرسہ کا خرچ نہیں اٹھا سکتے اور زکوۃ کے روپے سے مکان خرید کر اس کی آمدنی سے تنخواہ مدرسین وغیرہم کی دینا چاہتے ہیں، یہ صورت جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوۃ کے روپے سے مکان خریدنا بغرض مذکور شرعاً جائز نہیں ہے اس میں زکوۃ ادا نہیں ہوتی لیکن فقہاء نے اس قسم کے امور کے جواز کی یہ صورت لکھی ہے کہ زکوۃ کا روپیہ اول کسی ایسے شخص کی ملک کردیا جاوے جو کہ مصرف زکوۃ ہو یعنی وہ شخص مالک نصاب نہ ہو، پھر وہ شخص اس روپے کو اپنی ملک اور قبضہ میں لے کر غرض مذکور میں صرف کرے۔(۲) فقط۔

## شوہر کی اولاد کو زکوۃ دینا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۵۰۰/۱) ہندہ اپنے شوہر کی اولاد کو جو اس کی پہلی بیوی سے ہے، زکوۃ دے سکتی ہے یا نہیں۔

## جس کے پاس زیادہ مکان ہو وہ مصرف زکوۃ ہے

(سوال ۵۰۱/۲) کسی کے پاس علاوہ رہنے کے دوسرا مکان ہے جس کی قیمت نصاب سے زیادہ ہے تو وہ مصرف زکوۃ ہے یا نہیں اور اس پر قربانی واجب ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) دے سکتی ہے۔(۳)

(۲) اگر اس کے پاس علاوہ مکان کے اور مال بقدر نصاب نہیں ہے اور کرایہ کی آمدنی اس کے پاس بقدر نصاب جمع نہیں ہے اور وہ حاجت مند ہے اور وہ دوسرا مکان تجارت کے لئے نہیں ہے تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے اور اس پر قربانی واجب نہیں ہے۔(۴) فقط۔

## ملک نصاب مطلقاً مانع اخذ زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۵۰۲) ملک نصاب مطلقاً مانع اخذ زکوۃ مفروضہ ہے یا نہیں اور جو شخص عالم غنی کے لئے زکوۃ لینا جائز کہتا

---

(۱) دیکھئے رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۶ ظفیر ۱۲ ط.س. ج۲ص ۲۷۱۔

(۲) وحیلة التکفین التصدق بها علی فقیر ثم هو یکفن فیکون الثواب لهما وکذا فی تعمیر المسجد (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۲ .ط.س. ج۲ص ۲۷۱) ظفیر۔

(۳) ولا الی من بینهما ولاد (در مختار) قید بالولاد لجواز لبقیة الا قارب (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۲ .ط.س. ج۲ص ۳۴۶) ظفیر

(۴) وفیها سئل محمد عمن له ارض یزر عها او حانوت یستغلها اودار غلتها ثلاثة الاف ولا تکفی لنفقته ونفقة عیاله سنة یحل لا اخذ الزکاة وان کانت قیمتها تبلغ الوفاوعلیه الفتوی (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸ .ط.س. ج۲ص ۳۴۸)

ہے یعنی نصاب کو مطلقاً مانع نہیں کہتا اس کا قول صحیح ہے یا نہیں۔

(جواب) مطلق ملک نصاب مانع اخذ زکوٰۃ مفروضہ نہیں۔ عامل ساعی اور عاشر کے لئے اخذ زکوٰۃ کو جائز رکھا گیا ہے اگر چہ وہ غنی بھی ہوں۔ اسی طرح طالب علم کے لئے فقہاء کی عبارات میں اخذ زکوٰۃ کا جواز پایا جاتا ہے، کما فی الدر المختار و بهذا التعليل يقوى مانصب للواقعات من ان طالب العلم يجوز له اخذ الزكوٰة ولو غنياً اذا فرغ نفسه لا فادة العلم واستفادته لعجزه عن الكسب والحاجة داعية الى مالا بد منه كذا ذكره المصنف الخ در مختار باب المصرف۔ (۱) یعنی جو شخص علم شرعی کے پڑھنے میں اپنے آپ کو کسب و پیشہ سے فارغ رکھ کر علوم شرعیہ کے حاصل کرنے میں یا دوسروں کو اس سے مستفید کرنے میں مشغول ہے، اس شخص کو اخذ زکوٰۃ جائز ہے۔ اگر چہ وہ صاحب نصاب بھی کیوں نہ ہو، رہا یہ کہ عالم غنی جس کے کمانے کے ذرائع موجود ہوں اس کے لئے زکوٰۃ کے اخذ کا جواز عبارات فقہاء سے نہیں نکلتا بلکہ طالب علم کے حق میں بشرائط مذکورہ بالا اجازت دے دی گئی ہے، اور علامہ شامی نے طالب علم غنی صاحب نصاب کے لئے بھی اخذ زکوٰۃ کی حرمت کو راجح فرمایا ہے اور اس جزئیہ واقعات کو ضعیف اور غیر معتبر قرار دیا ہے حیث قال وهذا الفرع مخالف لا طلاقهم الحرمة فى الغنى ولم يعتمده احد قلت وهو كذلك والا وجه تقييده بالفقير ويكون طلب العلم مرخصاً لجواز سواله من الزكوٰة وغيرها وان كان قادراً على الكسب اذ بدونه لا يحل له السوال الخ۔ (۲) فقط۔

## بیوی اور خاوند کو زکوٰۃ دی جائے یا نہیں

(سوال ۵۰۳) خاوند بیوی کو یا بیوی خاوند کو زکوٰۃ دے تو جائز ہے یا نہیں

(جواب) جائز نہیں ہے۔ (۳) فقط

## مسافر کا قرض زکوٰۃ سے ادا کیا جائے یا نہیں

(سوال ۵۰۴) میں اہل نصاب مالدار ہوں میرے مال کی زکوٰۃ کا روپیہ میرے وطن میں موجود ہے، کیا اس روپے سے کسی ایسے شخص کا قرض ادا ہو سکتا ہے جو عالم ہو، شریف ہو، مسافر ہو، بال بچہ دار ہو مقروض ہو۔

(جواب) اگر وہ عالم مسافر مالک نصاب نہیں ہے بلکہ مقروض ہے اور سید نہیں ہے تو اس کو زکوٰۃ دینا اور اس قدر روپیہ زکوٰۃ کا دینا جس سے اس کا قرض اتر جاوے درست ہے کما قال اللہ تعالیٰ انما الصدقت للفقراء والمساكين . الاية۔ (۴) فقط۔

## زکوٰۃ حیلہ کے ذریعہ مدرسہ پر خرچ کرنا کیسا ہے

(سوال ۵۰۵) زید نے اس نیت سے زکوٰۃ و صدقات کا روپیہ جمع کیا کہ حیلہ تملیک کر کے یتیموں پر اور مدرسہ اسلامیہ کے معلموں کی تنخواہ میں صرف کریں گے، یہ جائز ہے یا نہیں۔

(۱) الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۱. ط.س. ج۲ص ۳۴۰. ۱۲ ظفير

(۲) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۱ .ط.س. ج۲ص ۳۴۰ ۱۲ ظفير. (۳) ولا الى من بينهما ولا د الخ اوزوجية ولو مباينه وقالا هى تدفع لزوجها. (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵. ط.س. ج۲ص ۳۴۶) ولا يدفع المزكى زكوة ماله الى ابيه الخ ولا الى امراء ته للاشتراک فى المنافع عادة ولا تدفع المراء ة الى زوجها عند ابى حنيفة لما ذكرنا وقالا تدفع اليه لقوله عليه السلام لک اجران اجرا لصدقة واجر الصلة قاله لا مراء ة ابن مسعود وقد سالته عن التصدق عليه قلنا هو محمول على النافلة (هدايه باب من يجوز دفع الصدقات اليه ج ۱ ص ۱۸۸) ظفير (۴) سوره توبه رکوع ۸.

(جواب) حیلۂ تملیک کے بعد زکوٰۃ وصدقات واجبہ کا مدرسہ کے ملازمین ومعلمین کی تنخواہ میں صرف کرنا درست ہے۔ (۱) فقط۔

## فی سبیل اللہ میں کون لوگ داخل ہیں

(سوال ۵۰۶) آیۂ کریمہ انما الصدقت للفقراء الآیۃ میں وفی سبیل اللہ میں کون کون سے مصارف داخل ہیں، عملہ ودفتر انجمن ہائے تبلیغ وحفاظت اسلام کی تنخواہ اور مصارف خوراک وسفر وغیرہ اس میں داخل ہیں یا نہیں۔

(جواب) درمختار میں ہے وفی سبیل وھو منقطع الغزاۃ وقیل الحاج وقیل طلبۃ العلم فسرہ فی البدایع بجمیع القرب الخ (۲) غرض یہ ہے کہ فی سبیل اللہ میں بے شک موافق تفسیر صاحب بدائع کے جملہ مصارف خیر داخل ہیں لیکن جو شرط ادائے زکوٰۃ کی ہے وہ سب جگہ ملحوظ رکھنا ضروری ہے، وہ یہ ہے کہ بلا معاوضہ تملیک محتاج کی ہونی ضروری ہے اس لئے حیلہ تملیک اول کر لینا چاہئے تا کہ تملیک کے بعد تبلیغ وغیرہ کے ملازمین کی تنخواہ وغیرہ میں صرف کرنا اس کا درست ہو جاوے۔ فقط۔

## مالک نصاب بیوہ عورت کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں

(سوال ۵۰۷) ایک عورت بیوہ کے پاس مال زکوٰۃ دینے کے لائق ہے، اس کے کئی چھوٹے بچے ہیں، ان کو زکوٰۃ دینا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) جو عورت مالک نصاب ہے اس کو اور اس کے نابالغ بچوں کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے، اس سے زکوٰۃ ادا نہ ہوگی جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے انما الصدقات للفقراء والمساکین۔ الآیۃ۔ (۳) فقط۔

## صرف اراضی ہو زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱/۵۰۸) جس کے پاس اراضی ہو اور نقد روپیہ نہ ہو اس کو زکوٰۃ لینا جائز ہے یا نہیں۔

## مسافر زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲/۵۰۹) اگر مسافر اپنے وطن سے روپیہ منگا سکے تب بھی زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) اگر گذر کے موافق جائداد وزمین نہ ہو تو اس کو زکوٰۃ وصدقہ لینا درست ہے۔ (۴)

(۲) مسافر کو زکوٰۃ لینا درست ہے جب کہ اس کے پاس مال بقدر نصاب نہ ہو اگر چہ اس کے مکان پر ہو۔ (۵) فقط۔

## کسی مدرسہ کے نام سے زکوٰۃ وصول کر لایا وہ مدرسہ قائم نہ ہوا تو کیا کرے

(سوال ۵۱۰) کسی نے زکوٰۃ، فطرہ، قربانی کا روپیہ وصول کیا تھا کہ فلاں جگہ مدرسہ قائم کروں گا، وہ مدرسہ کی سبب

---

(۱) وحیلۃ التکفین بھا التصدق علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذافی تعمیر المسجد (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶. ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفیر.

(۲) الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص ۳۴۳ ۱۲ ظفیر

(۳) سورہ توبہ رکوع ۸.

ولا الی غنی یملک قدر نصاب فارغ عن حاجتہ الا صلیۃ من ای مال کان (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ ص ۳۴۷) ظفیر.

(۴) سئل محمد عمن لہ ارض یزرعھا اوحانوت یستغلھا او دار غلتھا ثلاثۃ الا ف ولا تکفی لنفقتہ ونفقۃ عیالہ سنۃ یحل لہ اخذ الزکوٰۃ وان کانت قیمتھا تبلغ الو فا (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج۲ ص ۳۴۸) ظفیر.

(۵) ابن السبیل وھو کل من لہ مال لا معہ الخ یصرف المزکی الی کلھم اوا لی بعضھم (در مختار) قولہ ابن السبیل ھو المسافر سمی بہ للزومہ الطریق (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص ۳۴۳) ظفیر

سے قائم نہیں ہوا تو دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں، اگر بالکل خرچ نہ کرے تو عنداللہ ماخوذ ہوگا یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ کو اس کے مصرف میں صرف کردینا چاہئے، اگر ایک مصرف میں کسی وجہ سے صرف نہیں ہوسکا تو دوسرے میں صرف کردے جس کا بہترین مصرف طلبہ علم دین ہیں، اگر یہ شخص اس کو اس کے مصرف میں صرف نہیں کرے گا تو عنداللہ ماخوذ ہوگا، اس کو اس کے خرچ کرنے کا کوئی حق نہیں۔ (۱) فقط۔

## بے نمازی کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۵۱۱) بے نمازیوں کو مال زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں انجمن نعمانیہ ہند لاہور کے ماہواری رسالہ میں لکھا ہے کہ بے نمازی خواہ کتنا ہی مسکین ہو اس کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، دوبارہ ادا کرنی واجب ہوگی۔

(جواب) بے نمازی محتاج کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے کیونکہ عندالحنفیہ ترک نماز سے مسلمان کافر نہیں ہوتا، البتہ ترک نماز فسق اور گناہ کبیرہ ہے، مگر کفر نہیں ہے، لہذا تارک نماز کو جب کہ وہ محتاج ہو زکوٰۃ دینا درست ہے اور زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے اور اکثر ائمہ کا یہی مذہب ہے کہ تارک نماز کافر نہیں ہے۔ (۲)

غیر مقلدوں کا عقیدہ ہے کہ تارک نماز کافر ہوجاتا ہے اور جمہور اہل سنت کے نزدیک وہ حدیث ماول ہے جس میں ترک نماز پر کفر کا اطلاق آیا ہے۔ فقط

## زکوٰۃ کا استعمال افطار صوم میں درست ہے یا نہ

(سوال ۵۱۲) استعمال زکوٰۃ برائے افطار صوم جائز است یا نہ۔

(جواب) اگر بطور اباحت باشد چنانچہ دستور عام ہمان است جائز نیست کذا فی الدرالمختار تحت قوله تمليك خرج الا باحة فلو اطعم يتيماً ناوياً الزكوٰة لاتجزية الا اذا دفع اليه المطعوم كما لو كسا ه بشرط ان يعقل القبض۔ (۳) واگر مقدار واجب را از جنس مطعوم ومشروب بدیں طور ادا کند کہ فقراء ومساکین را بوقت افطار بطور تملیک میدہد وآنہا تعقل قبض ہم داشتہ باشند اندریں صورت زکوٰۃ ادا تو اند شد ومراد از تعقل قبض آنکہ آں چناں طفل خردرا نہ دہد کہ تعقل قبض ندارد۔ کما مر من الدرالمختار فقط۔

## زیورات کی زکوٰۃ عورتیں کہاں سے نکالیں

(سوال ۵۱۳) زیورات چونکہ عورتوں کی ذاتی ملکیت ہوتے ہیں، اس کی زکوٰۃ کا باران کے مردوں پر کیوں ڈالا جاتا ہے، اور اگر عورت خود ادا کرے تو کیسے، کیونکہ اس کے پاس سوائے زیورات کے اور کچھ نہیں ہے۔

(جواب) جو زیور زوجہ کا مملوکہ ومقبوضہ ہے اور بقدر نصاب ہے اس کی زکوٰۃ اس عورت کے ذمہ ہی واجب ہے اگر اس کا شوہر تبرعاً اس کی طرف سے دے دے یا عورت اس سے لے کردے دے یا جو خرچ اس کا شوہر اس کو دیتا ہے اس

(۱) ولا يجوز دفع الزكوٰة الى من يملك نصابا من اى مال كان (عالمگیری ج ۱ ص ۱۸۹) ولو كيل ان يدفع لولده الفقير وزوجته لالنفسه (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۴. ط.س. ج۲ص ۲۶۹) ظفير.

(۲) وتارك الصلوٰة عمدا كسلا يضرب ضربا شديدا حتى يسيل منه الدم الخ ولا يقتل بمجرد ترك الصلوٰة والصوم مع الا قرار بفرضيتها الا اذا جحد افتراض الصلاة او الصوم لانكا رما كان معلوما من الدين اجماعا الخ (مراقی الفلاح علی هامش الطحطاوی قبیل باب الوتر ج ۱ ص ۲۰۴) ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۳. ط.س. ج۲ص ۲۵۶-۲۵۷. ۱۲ ظفير

میں سے ادا کردے تو یہ جائز ہے اور اگر کچھ بھی نہ ہو سکے تو پھر اس عورت کو اسی زیور میں سے زکوٰۃ دینی پڑے گی۔(۱) فقط۔

## اسلامیہ اسکول میں زکوٰۃ دینی جائز ہے یا نہیں

(سوال ۵۱۴) انجمن امدادی اسلامیہ اسکول کا لکانے ایک زنانہ مدرسہ واسطے تعلیم نسواں تیار کیا ہے جس کی وجہ سے انجمن ہذا مبلغ آٹھ سو روپے کی قرض دار ہے، ظاہرا ادائیگی کی کوئی صورت نہیں، زکوٰۃ وصدقہ فطر اس قرضہ کی ادائیگی میں صرف ہوسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) رقم زکوٰۃ وصدقہ فطر بعد حیلہ تملیک کے اس قرض کی ادائیگی میں صرف ہوسکتی ہے اور حیلہ تملیک درمختار میں یہ لکھا ہے کہ اول وہ رقم زکوٰۃ وغیرہ ایسے شخص کی ملک کردی جائے جو مالک نصاب نہ ہو، پھر وہ شخص اپنی طرف سے مدرسہ مذکورہ میں دے دے کہ اس رقم سے قرض ادا کیا جائے اور دیگر ضروریات مدرسہ میں صرف کی جاوے۔(۲) فقط۔

## زکوٰۃ غیر مستحق کو دینا درست نہیں

(سوال ۵۱۵) زکوٰۃ اور چرم قربانی وصدقہ فطر کا روپیہ برادری کے چودھری اگر جبراً وصول کرکے غیر مستحقین کو دیویں تو جائز ہے یا نہیں

(جواب) جائز نہیں۔(۳) فقط۔

## مالدار پیشہ ور فقراء کو زکوٰۃ کی رقم دینا درست نہیں ہے

(سوال ۵۱۶) ہمارے یہاں مساکین فقراء ایسے نہیں جو صدقہ فطر لینے کے قابل ہوں، چونکہ آج کل فقراء مالداروں سے بدرجہا بہتر ہیں اور خاص کر قصبہ ہذا کے فقیر صاحب نصاب ہیں اور ان پر زکوٰۃ فرض ہے، اگر شرعاً یہی حکم ہو کہ ایسے فقراء کو زکوٰۃ وغیرہ دی جائے تو ہم کو کوئی عذر نہیں ہے، اور اگر ایسے فقراء کو دینا جائز نہیں تو مدرسہ اسلامیہ میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) ایسے نام کے فقراء کو جو مالدار صاحب نصاب ہیں صدقۃ الفطر وزکوٰۃ ودیگر صدقات واجبہ نہ دینا چاہئے (۴) بلکہ مدرسہ میں لے کر طلباء مساکین وغرباء پر صرف کرنا چاہئے اور اگر تملیک فقیر کے بعد مدرس کی تنخواہ میں دیا جاوے تو درست ہے، اور تملیک فقیر کی یہ صورت ہے کہ صدقۃ الفطر یا زکوٰۃ پہلے ایسے شخص کی ملک کردی جائے جو کہ واقعی فقیر ہو اور مالک نصاب نہ ہو، پھر وہ اپنی طرف سے اس کو داخل مدرسہ کردے۔ فقط

## وکیل خود زکوٰۃ لے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۵۱۷) زید نے عمرو کو وکیل بنایا کہ مبلغ دس روپے مستحقین زکوٰۃ کو میری طرف سے دے دو۔ اتفاقاً عمرو خود ہی

---

(۱) نصاب الذهب عشرون مثقالا والفضة مائتا درهم الخ والمعتبر وزنهما اداء و وجوبا لا قيمتها واللازم فى مضروب كل منهما ومعموله ولو تبرا او حليا مطلقا الخ عشر ربع الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۴۰ و ج ۲ ص ۴۱ ط.س. ج۲ ص ۲۹۴-۲۹۸) ظفير

(۲) وحيلة التكفين التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذا فى تعمير المسجد الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوٰة ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفير.

(۳) قال الله تعالىٰ انما الصدقات للفقراء والمساكين الخ.

(۴) مصرف الزكوٰة الخ هو فقير وهو من له ادنى شئى اى دون نصاب الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفير.

فقیر ہوگیا، اور وکیل بنانے کے وقت وہ غنی تھا تو کیا عمر اس حالت فقر میں وہ زکوٰۃ جو موکل نے مستحقین کے لئے دی تھی خود اپنے صرف میں لاسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) وکیل کو موکل کی زکوٰۃ اپنے صرف میں لانا اور خود رکھ لینا جائز نہیں ہے مگر جب کہ اس نے یہ کہہ دیا کہ جو کہ جہاں چاہے صرف کر۔ کما فی الدر المختار وللو کیل ان یدفع لولده الفقیر و زوجته لا لنفسه الا اذا قال ربها ضعها حیث شئت الخ۔(۱) پس اگر بعد میں وکیل فقیر ہوگیا اور موکل نے یہ کہا تھا کہ جس جگہ چاہے صرف کر، اوتو وہ خود رکھ سکتا ہے۔ فقط۔

## بذریعہ حیلہ زکوٰۃ کے روپے سے قبرستان کے لئے زمین خریدنا کیسا ہے

(سوال ۵۱۸) ایک شخص زکوٰۃ کے روپے سے قبرستان کے لئے زمین خرید کر وقف کرنا چاہتا ہے اس طور پر کہ زکوٰۃ کا مال کسی محتاج کو دے دیا جائے اور وہ زمین خرید کر قبرستان کے لئے وقف کر دے تو زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں، اگر ادا ہوگی تو ثواب صرف محتاج کو ہوگا یا زکوٰۃ دہندہ کو بھی۔

(جواب) اس طریق سے زکوٰۃ ادا ہو جاوے گی، اول کسی محتاج کو وہ روپیہ زکوٰۃ کا دے دیا جاوے اور اس کو مالک بنادیا جاوے، پھر اس کو یہ مشورہ دیا جاوے کہ وہ اس روپے سے زمین خرید کر برائے قبرستان وقف کردے تو یہ صورت جائز ہے لیکن بعد مالک ہونے کے اس کو اختیار ہے کہ وہ ایسا کرے یا نہ کرے، اور اگر وہ ایسا کرے تو ثواب دونوں کو ہوگا۔(۲) فقط۔

## عقیقہ کے چرم کی قیمت اپنے مصرف میں لاسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۵۱۹) پوست عقیقہ فروخت کرکے قیمت اپنے مصرف میں لاسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) نہیں لاسکتے۔(۳) فقط۔

## جو اپنے مفلس قرابتدار کو زکوٰۃ نہ دے

(سوال ۵۲۰) جو لوگ خویش مفلس کو چھوڑ کر دوسروں کو زکوٰۃ دیتے ہیں ان کا یہ عمل کیسا ہے۔

(جواب) مقدم وہ لوگ ہیں جو خویش واقارب غریب مفلس ہیں ان کے بعد دوسرے شہر کے غرباء وفقراء ہیں۔ تھوڑا تھوڑا جس جس کو ہو سکے دے دے، کچھ اقرباء محتاجوں کو دے اور کچھ دوسرے غرباء کو دے، الحاصل زکوٰۃ بہر

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار، کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۴ وج ۲ ص ۱۵ ط س ج ۲ ص ۲۶۹ ۱۲ ظفیر

(۲) وحيلة التكفين بها التصدق على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما و كذافى تعميرا لمسجد و تمامه فى حيل الاشباه، (در مختار) قوله ثم هو يكفن اى الفقير يكفن والظاهر ان له ان يخالف امره لانه مقتضى صحة التمليك، قوله فيكون الثواب لهما اى ثواب الزكوة للمزكى و ثواب التكفين للفقير وقد يقال ان ثواب التكفين يثبت للمزكى ايضا لان الدال على الخير كفاعله واختلف الثواب كما و كيفا ط قلت واخرج السيوطى فى الجامع الصغير لو مرت الصدقة على يدى مائة لكان لهم من الاجر مثل اجر المبتدئ من غير ان ينقص من اجره شئى (رد المحتار کتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ ط س ج ۲ ص ۲۷۱) ظفیر

(۳) اس لئے کہ بیچنے کے بعد اس کی قیمت واجب التصدق ہوتی ہے جس طرح قربانی کے جانور کی کھال کی قیمت واجب التصدق ہے۔ ويتصدق بجلدها او يعمل منه نحو غربال و جراب الخ او يبدله بما ينتفع به باقيا كما مرلا بمستهلك كخل ولحم و نحو كدراهم فان بيع اللحم او الجلد به اى بمستهلك او بدراهم تصدق بثمنه (الدر المختار على هامش رد المحتار کتاب الاضحية ج ۵ ص ۲۸۷ ط س ج ۶ ص ۳۲۸)

ایک غریب ومفلس کو دینے سے ادا ہوجاتی ہے۔لیکن اقارب غرباء کو دینے میں ثواب زیادہ ہے۔(۱) فقط۔

### اہل نصاب کے بچوں کو زکوٰۃ سے وظیفہ دینا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۵۲۱) اہل نصاب کے بچوں کو زکوٰۃ کی مد سے وظیفہ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) غنی صاحب نصاب کے بچوں کو زکوٰۃ کی رقم سے وظیفہ دینا جائز نہیں ہے۔(۲) فقط۔

### بھائی کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں

(سوال ۵۲۲) اپنے چھوٹے بھائی کو زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں اور بعد بلوغ بھی تاوقتیکہ وہ خود کمانے کے لائق نہ ہو زکوٰۃ کی رقم بدستور اس پر خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) بھائی نادار کو جو کہ مالک نصاب نہ ہو زکوٰۃ دینا جائز ہے مگر زکوٰۃ میں مالک بنانا ضروری ہے، لہٰذا جو کچھ بمدز کوٰۃ اپنے بھائی کے کام میں لگایا جائے اس کا اس کو مالک کردیا جائے، مثلاً کبھی کچھ نقد روپیہ بہ نیت زکوٰۃ اس کو دے دیا جائے اور کبھی کپڑا خرید کر اس کو دے دیا، اسی طرح دوسری اشیاء خوردنی وغیرہ میں کیا جاوے اور بالغ ہونے کے بعد بھی جب تک وہ نادار رہے رقم زکوٰۃ اس کو دینا درست ہے۔(۳) فقط۔

### محتاج بالغ شاگرد کو زکوٰۃ دے کر تنخواہ میں لے لینا کیسا ہے

(سوال ۵۲۳) ایک مالدار نے اپنے لڑکے کی تنخواہ معلم کو دی اور کچھ باقی ہے وہ معلم کو نہیں دیتا ہے اور دیتا ہے تو بہت تاخیر کرکے، اس حالت میں معلم لڑکے مذکور بالغ محتاج کو زکوٰۃ کا روپیہ دے کر اپنی تنخواہ میں لے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر وہ لڑکا شاگرد بالغ محتاج ہے تو معلم اس کو زکوٰۃ دے سکتا ہے، پھر وہ لڑکا اگر چاہے معلم کو اس کی تنخواہ میں دے دیوے مگر معلم جبر نہیں کرسکتا چاہے وہ لڑکا دیوے یا نہ دیوے، اگر دیوے تو معلم کو لینا درست ہے۔(۴) فقط۔

### حیلہ کے ذریعہ مدرسہ کو زکوٰۃ کے روپے دینا

(سوال ۵۲۴) ایک مدرسہ اسلامیہ قصبہ ہٰذا میں کھولا گیا ہے، تنخواہ معلمین کی چندہ سے دی جاتی ہے، قصبہ بہت چھوٹا ہے یہاں کے مسلمان متمول نہیں ہیں، مدرسہ کا قیام مشکل ہے، ایسے مدرسہ میں واسطے دینے تنخواہ معلمین کے زکوٰۃ سے اگر مالدار لوگ اگر کچھ رقم دے دیں تو جائز ہے یا نہیں۔ اگر کسی ایک شخص کو اس کام کے واسطے مقرر کیا جاوے جو مال زکوٰۃ کا لے کر مدرسہ میں دیوے، اول تو وہ مال شرعاً اس کا ہوجاوے گا پھر وہ مدرسہ میں دیوے یا نہیں،

---

(۱) وکرہ نقلہا الّا الی قرابتہ بل فی الظھیریۃ لا تقبل صدقۃ الرجل وقرابتہ محاویج حتی یبداء بھم فیسد حاجتھم (در مختار) عن ابی ھریرۃ مرفوعا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال یا امۃ محمد والذی بعثنی بالحق لا یقبل صدقۃ من رجل ولہ قرابۃ محتاجون الی صلتہ ویصرفھا الی غیرھم والذی نفسی بیدہ لا ینظر اللہ الیہ یوم القیامۃ والمراد بعدم القبول عدم الاثابۃ علیھا وان سقط بھا الفرض لان المقصود منھا سد خلۃ المحتاج وفی القریب جمع بین الصلۃ والصدقۃ .(رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۹۳ و ج ۲ ص ۹۴ ط.س. ج۲ص ۳۵۳) ظفیر.

(۲) ولا یجوز دفعھا الی ولد الغنی الصغیر کذا فی التبیین (عالمگیری مصری باب المصارف ج ۱ ص ۱۷۷) ظفیر.

(۳) ولا الی من بینھما ولا د (درمختار) قید بالولاد لجوازہ لبقیۃ الا قارب کالا خوۃ والا عمام والا خوال الفقراء بل ھم اولی لانہ صلۃ وصدقہ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶ ط.س. ج۲ص ۳۴۶) ظفیر.

(۴) وحیلۃ التکفین ان یتصدق بھا علی فقیر ثم ھو یکفن فیکون الثواب لھما وکذا فی تعمیر المسجد (الدر المحتار علی ھامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶ ط.س. ج۲ص ۲۷۱) ظفیر.

اور چند آدمی اگر ایک شخص کو مال زکوٰۃ دے دیں تو وہ صاحب نصاب ہوجاوے گا۔ غرض یہ ہے کہ زکوٰۃ میں جو تملیک شرط ہے وہ زکوٰۃ مدرسہ میں دینے کی وجہ سے اٹھ سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ میں جو تملیک فقراء وغیرہم ضروری ہے یہ شرط کسی وقت اور کسی طرح ساقط نہیں ہوسکتی،(۱) مدارس کے طلباء غرباء کو البتہ زکوٰۃ دینا درست ہے اور معلمین وملازمین مدرسہ کی تنخواہ میں دینا درست نہیں ہے لیکن ایسے مواقع کے لئے یہ حیلہ جواز کا ہے کہ مال زکوٰۃ اول کسی ایسے شخص کی ملک کر دیا جاوے جو مالک نصاب نہ ہو، پھر وہ اپنی طرف سے مدرسین وملازمین کی تنخواہ میں دے دے یا مہتمم مدرسہ کو اس غرض کے لئے دے دیوے،(۲) اور ایک شخص کو اگر اتنا مال زکوٰۃ کا دیا گیا کہ وہ صاحب نصاب ہوگیا تو پھر اس کو زکوٰۃ لینا درست نہیں ہے۔ لیکن جب وہ اس کو خرچ کردے اور صاحب نصاب نہ رہے تو پھر اس کو زکوٰۃ دینا اور اس کو زکوٰۃ لینا درست ہے۔ فقط

## قربانی کی کھال سے دیگ وغیرہ خریدنا جائز نہیں

(سوال ۱/۵۲۵) ایک محلہ کے آدمیوں کا چرم قربانی(۳) بنانا جائز ہے یا نہیں؟

## مسجد کے لئے سائبان بنانا کیسا ہے

(سوال ۲/۵۲۶) جامع مسجد کے لئے سائبان جمعہ کے لئے بنانا جائز ہے یا نہیں؟ یعنی چرم قربانی کے روپے سے۔

## غسل خانہ میں لگانا کیسا ہے

(سوال ۳/۵۲۷) غسل خانہ یا سقاوہ میں چرم قربانی کا روپیہ لگانا جائز ہے یا نہیں؟

## چرم قربانی اپنے استعمال میں

(سوال ۴/۵۲۸) قربانی کرنے والا چرم قربانی کو اگر اپنے خرچ میں لگاوے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) جائز نہیں ہے بلکہ بعد فروخت کرنے کے فقراء پر صدقہ کرے، قیمت چرم قربانی کا تصدق ضروری ہے۔

(۲) یہ بھی جائز نہیں ہے۔

(۳) یہ بھی درست نہیں ہے۔

(۴) چرم قربانی کو قبل از فروخت اپنے استعمال میں لاسکتا ہے اور استعمالی چیزیں بنا سکتا ہے مگر بعد فروخت کرنے کے قیمت اپنے صرف میں نہیں لاسکتا۔ فقط۔

(قال في الدر المختار فان بيع اللحم اوالجلد به اى بمستهلک او بدراهم تصدق بثمنه ج ۵ ص ۲۸۷ على هامش رد المحتار كتاب الا ضحيه)

## تنخواہ میں دینا

(سوال ۵۲۹) مہتمم کو ملازمین کی تنخواہ میں دینا کیسا ہے

---

(۱) ويشترط ان يكون الصرف تمليكا لا اباحة ولا يصرف الى بناء نحو مسجد والى كفن ميت (الدر المختار على هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص ۳۴۴) ظفير

(۲) وحيلة التكفين ان يتصدق بها على فقير ثم هو يكفن فيكون الثواب لهما وكذافي تعمير المسجد (ايضاً كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ ص ۲۷۱) ظفير

(۳) باتفاق فروخت کرکے کوئی شئی خریدنا جس سے محلہ والوں کو نفع رہے مثل دیگ یا فرش کے۔

### مدرسین کو لینا درست نہیں

(سوال ۲/ ۵۳۰) مدرسین کو باوجود علم اس امر کے کہ تنخواہ چرم قربانی سے مہتمم دیتے ہیں تنخواہ لینی جائز ہے یا نہیں۔ شرائط مندرجہ بالا اور یہ سب امور درست ہیں یا نہیں؟ اور قربانی جائز ہوتی ہے یا نہیں؟

(جواب) (۱) مہتمم مدرسہ کو ملازمین کو تنخواہ قیمت چرم قربانی سے دینا بلا حیلہ تملیک ناجائز ہے۔

(۲) مدرسین کو باوجود علم کے لینا اس کا تنخواہ میں ناجائز ہے۔

### ان رشتہ داروں میں کون مصرف زکوٰۃ ہیں

(سوال ۱/ ۵۳۱) حقیقی بہن بھائی و چچا و پھوپھو و نانا و خالہ و ماموں۔ ان میں کون مصرف زکوٰۃ ہے اور کون نہیں؟

### مدیون کو معاف کر دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی

(سوال ۲/ ۵۳۲) کسی شخص کو بہ نیت اسکے قرض دیا گیا کہ اگر یہ دے دے گا تو لے لیا جاوے گا، ورنہ نہیں، تو ایسا شخص مقروض ہے یا نہیں، اور دہندہ اگر اس روپے کو بہ نیت زکوٰۃ معاف کر دے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی یا نہیں؟

### شوہر بیوی کو اور بیوی شوہر کو زکوٰۃ نہیں دے سکتی

(سوال ۳/ ۵۳۳) مرد اپنی عورت کو یا عورت اپنے خاوند کو زکوٰۃ دے سکتی ہے یا نہیں؟

(جواب) (۱) نانی نانا نہیں، باقی سب مصرف ہیں۔

(۲) وہ شخص مقروض ضرور ہے اور زکوٰۃ اس طرح ادا نہ ہوگی (لو وهب دينه من فقير ونوىٰ زكوٰة دين اخر له على رجل اخر اونوى زكوٰة عين لم يجز كذا في الكافى عالمگیری ج ۱ ص ۱۶۹۔)

(۳) نہیں۔ (ولا الى من بينهما ولا د ولو مملو كالفقير او بينهما زوجية در مختار على هامش الشامى ج ۲ ص ۸۶۔)

### چرم عقیقہ کی قیمت سید کو دینا کیسا ہے

(سوال) چرم عقیقہ کو فروخت کر کے اس کی قیمت سید کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) چرم عقیقہ فروخت کر کے اس کی قیمت سید کو دینا جائز نہیں ہے۔ (۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

### اطلاع ضروری نہیں

(سوال ۵۳۴) شرکاء ضحیہ نے گاؤ ذبح کر کے اپنا حصہ لے لیا اور چرم کو ایک شخص کے پاس چھوڑ دیا اور کچھ نہ کہا، اس نے اس چرم کو ایک طالب علم کو دے دیا اب ایک شریک نے یہ کہلا بھیجا کہ وہ چرم کسی کو دے دو، اب اس کا اس شریک کو یہ اطلاع دینا کہ وہ ایک طالب علم کو دے دیا ضروری ہے یا نہیں؟

(جواب) اس اطلاع کی کچھ ضرورت نہیں کیونکہ مقصد اس کا بہر حال پورا ہو گیا فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) في الشامى ج ۵ ص ۲۸۵ .ط.س. ج ۲ ص ۳۲۶ لواراد بعضهم (اى بعض شركاء الا ضحية) العقيقة عن ولد (الى ان قال) فاذا قصد بها (اى العقيقة) الشكر وا قامة السنة فقد (ابرادالقربة الخ وفي جامع الرموز ج ۳ ص ۴۵۸ فان بيع الجلد (اى جلد الا ضحية) الى قوله يتصدق بثمنه لان القربة انتقلت اليه الخ) چونکہ عقیقہ بھی قربت میں قربانی کے مثل ہے، اس لئے بعلت قربت قربانی کی کھال کی قیمت واجب التصدق ہے اس لئے علت کی بنا پر قیمت چرم عقیقہ بھی واجب التصدق ہے۔

- فطرہ کن لوگوں کا حق ہے

(سوال ۵۳۵) صدقہ فطر کن کن لوگوں کا حق ہے؟ بنی ہاشم کو بھی دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ بنی ہاشم، بنی ہاشم، سے لے سکتے ہیں یا نہیں؟ دیگر مذاہب کے سائل کو دینے کا کیا حکم ہے؟

(جواب) صدقہ فطر محتاجوں کو دینا چاہئے، مسلمان ہو یا کافر، ذمی مثلاً ہندو بنی ہاشم کو صدقہ فطر دینا جائز نہیں ہے، نہ بنی ہاشم، بنی ہاشم سے لے سکتا ہے۔ دیگر مذاہب کے سائل غیر حربی کو اس کا دینا درست و جائز ہے۔ فقط

فی الدرالمختار وجاز دفع غیرها (زکوٰة) وغیرالعشر و الخراج الیه ای الذمی ولو واجباً کنذر وفطرة خلافا للشافعی الخ وفی الشامی قوله للثانی حیث قال ان دفع سائرالصدقات الواجبة الیه لا یجوز اعتباراً بالزکوٰة وصرح فی الهدایة وغیره بان هذارواية عن الثانی وظاهره ان قوله المشهور کقولهما. وایضاً فی الشامی تحت قوله وبه یفتیٰ قلت لکن کلام الهدایة وغیرها یفید ترجیح قولهما وعلیه المتون) ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۲۹) ظفیر

قیمت چرم مسجد میں لگانا درست نہیں

(سوال ۵۳۶) زید کہتا ہے کہ چرم قربانی مسجد میں لگانا چاہئے اور عمر کہتا ہے کہ چرم قربانی مئوذن کو یا کسی یتیم کو دینا چاہئے، یہاں پر ہمیشہ قربانی کا چمڑہ مئوذن کو دیا جاتا تھا، امسال بعض لوگوں نے اس کو فروخت کیا اور مسجد بنانے میں صرف کرنے کا خیال ہے، اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ وہ کس کا حق ہے؟

(جواب) چرم قربانی مئوذن کو اس کی اجرت اذان وخدمت مسجد کے عوض میں دینا اور مسجد کی تعمیر وضروریات میں لگانا درست نہیں ہے بلکہ جب کھال کو فروخت کیا گیا تو اس کی قیمت کو صدقہ کرنا واجب ہوگیا اور اس کو انہی مصارف میں صرف کرنا ضروری ہوگیا جو صدقات واجبہ کے مصارف ہیں اور تملیک متحقق ہوجائے۔ پس مئوذن کو حق خدمات مسجد و اجرت اذان کے طور پر دینا درست نہیں ہے۔ اگر وہ غریب آدمی ہو اور مالک نصاب نہ ہوتو اس کو بطور صدقہ دینا جائز ہے بشرطیکہ وہ سید نہ ہو۔

قال فی الدر المختار لا یصرف الی بناء نحو المسجد الخ قال فی الشامی قوله نحو مسجد کبناء القنا طروا لسقایات و اصلاح الطرقات وکری الا نها ر۔ الی ان قال و کل مالا تملیک فیه( ج ۲ ص ۸۵ علی هامش رد المحتار)

پس صورت مسئولہ میں نہ قول زید کا درست ہے نہ عمر کا، البتہ اگر مسجد میں ضرورت ہے تو اس قیمت چرم قربانی کو کسی غریب کو جو سید نہ ہو دے کر اور مالک بنا کر پھر ضروریات مسجد میں صرف کر سکتے ہیں، بغیر اس طریق کے درست نہیں۔ کتبہ رشید احمد عفی عنہ، الجواب صحیح بندہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ (مساجد کی مرمت وتعمیر میں صرف کرنا ہو تو حیلہ تملیک کے بغیر کرنا درست نہیں ہے۔ (ان الحیلة ان یتصدق علی الفقیر ثم یا مره بفعل هذه الا شیاء شامی ج ۲ ص ۸۶ ، وفی الدر المختار مصرف الزکوٰة والعشر قال الشامی هو مصرف ایضا لصدقة الفطر و الکفارة والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبة شامی ج ۲ ص ۷۹ وفی الدر المختار فی باب الا ضحیه فان بیع اللحم والجلدبه ای بمستهلک او بدراهم لجلد تصدق بثمنه الخ . جمیل الرحمن)

## قربانی کی کھال بیچ کرمسکینوں کوکھانا دینا کیسا ہے

(سوال ۵۳۷) قربانی کا چمڑہ اہل قربانی فروخت کر کے کھانا مسکینوں کوکھلاسکتا ہے یا کپڑا بنا سکتا ہے یانہیں؟

(جواب) کپڑا خرید کرمساکین کودینا درست ہے اور کھانا کھلانا بھی درست ہے بشرطیکہ ان کو مالک اس کھانے کا کر دیا جاوے (ودلیلہ ماقال فی الدر المختار فان بیع اللحم اوالجلد بہ ای بمستھلک او بدرھم تصدق بثمنہ در مختار ج ۵ ص ۲۸۷ وایضاً قال فی الجلد الثانی اذا رفع الیہ المطعوم کما لو کساہ بشرط ان یعقل القبض قال فی رد المحتار تحت قولہ بشرط ان یعقل القبض لان التملیک فی التبرعات لا یحصل الابہ فھو جزء من مفھومہ)

## طرابلس کے مصیبت زدوں کوچرم قربانی کی رقم بھیجنا کیسا ہے

(سوال ۵۳۸) ملک طرابلس الغرب کے پس ماندگان ومصیبت زدگان یتیم و بیوہ عورتوں کوبطور امداد قیمت چرم قربانی وغیرہ بھیجنا درست ہے یانہیں؟

(جواب) چونکہ قیمت چرم قربانی کی تملیک فقراء کوواجب ہے اس لئے بغیر حیلہ شرعی اس کے ذمہ سے بری نہیں ہوسکتا، یہاں کسی کو مالک کردینا چاہئے وہ اپنی طرف سے وہاں بھیج دے گا تو بلاتردد درست ہوجائے گا، البتہ اگر وہ لوگ جن کے پاس روپیہ بھیجا تا ہے اس کوعلیحدہ رکھ کرمصرف زکوٰۃ میں صرف کریں تو پھر یہاں سے کسی قسم کی تدبیر کی ضرورت نہیں ہے

## چرم قربانی کی قیمت سے مسجد وعیدگاہ وغیرہ کی تعمیر درست نہیں

(سوال ۵۳۹) کیا فرماتے ہیں علماء کبار وفضلاء نامدار اس بارے میں کہ قربانی کے جانوروں کی کھال کو بیچ کر اس کے روپے پیسے کو مسجد وعیدگاہ یا مدرسہ اوراسکول وغیرہ امور خیر میں صرف کرنا اوراس سے مدرسوں اور ماسٹروں کوتنخواہ دینا شرعاً جائز ہے یانہیں؟ برتقدیر عدم جواز حرام ہے یا مکروہ تحریمی یا تنزیہی؟ اوراس کا حکم مثل صدقات واجبہ کے ہے یانہیں؟ اور جوشخص ایسا کام کرتا اورلوگوں کواس کے لئے ترغیب دیتا ہے اس پر شرعاً کیا حکم ہے؟

(جواب) قیمت چرم قربانی کو مدرسہ، اسکول وعیدگاہ ومسجد کی تعمیر وغیرہ میں صرف کرنا درست نہیں ہے اور مدرسین اور ماسٹروں کواس سے تنخواہ دینا بھی جائز نہیں ہے، بلکہ حرام ہے، کیونکہ قیمت چرم قربانی واجب التصدق ہے اور تملیک فقیر اس میں بھی زکوٰۃ کی طرح ضروری ہے اورواجب کا ترک حرام ہوتا ہے۔ درمختار میں ہے فان بیع اللحم والجلد بہ ای بمستھلک او بدراھم تصدق بثمنہ الخ در مختار کتاب الاضحیہ(۱) وفی باب المصرف منہ ومن الشامی باب المصرف ای مصرف الزکوٰۃ والعشر الی قولہ ھو فقیر الخ قال الشامی قولہ ای مصرف الزکوٰۃ والعشر الخ وھو مصرف ایضاً لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبۃ کما فی القھستانی۔(۲) پس معلوم ہوا کہ قیمت چرم قربانی وصدقہ فطر وغیرہ صدقات واجبہ کا حکم مثل زکوٰۃ کے ہے کہ تملیک فقیر اس میں ضروری ہے، جوشخص جائز کہتا ہے اورلوگوں کواس کی ترغیب دیتا ہے وہ جاہل اور ناواقف ہے۔ فقط واللہ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔ کتبہ عزیز الرحمٰن مفتی مدرسہ دارالعلوم دیوبند۔ ۱۸ ذی قعدہ سن ۱۳۳۰ھ۔

---

(۱) ج ۵ ص ۲۸۷ ط.س. ج۲ ص ۳۲۸. ۱۲ ظفیر

(۲) ج ۲ ص ۷۹ ط.س. ج۲ ص ۳۲۸. ۱۲ ظفیر

ہلال احمر کو چندہ دینا کیسا ہے

(سوال ۵۴۰) حامداً ومصلیا، سلطنت عثمانیہ دنیا میں مسلمانوں کی بڑی سلطنت ہے جو محافظ حرمین شریفین ہونے کی وجہ سے مسلمانان عالم کی ہمدردی کی مستحق ہے۔ اس وقت اس سلطنت کو ایک سخت خونریز جنگ سے سابقہ پڑا ہوا ہے جس میں مجروحین اور شہیدوں کی مقدار زیادہ ہوگئی ہے۔ تمام مہذب سلطنتیں مجروحین کی مرہم پٹی اور شہیدوں کے پسماندہ یتیموں اور بیوگان کی امداد کے لئے خیراتی چندہ دینا انسانی فرض خیال کرتی ہیں۔ مسلمانوں میں قسطنطنیہ سے لے کر ہندوستان کے چھوٹے بڑے شہروں تک میں جس جگہ بھی اس مقصد کے لئے جس قدر انجمنیں روپیہ جمع کر رہی ہیں سب ہلال احمر کہلاتی ہیں۔ ہلال احمر قسطنطنیہ کے صدر حسین حلمی پاشا ہند کے تمام مسلمانوں سے ہلال احمر کے لئے چندہ مانگ رہے ہیں، ۱۲۸ کتوبر کا تار جوانہوں نے کلکتہ دیا ہے اس کے بعض الفاظ یہ ہیں "ہم مسلمانان ہند کی گرم جوشانہ ہمدردی اور خیر خواہی کے مستحق ہیں اور اس طرح ہم کو اپنے کثیر التعداد زخمیوں کی راحت کے لئے مالی امداد کا کچھ کم یقین نہیں ہے۔ محبان سلطنت عثمانیہ اور مسلمانان انگلستان ہم کو چار شفاخانوں کا ضروری سامان بھیج رہے ہیں۔ انجمن ہلال احمر کو امید ہے کہ ہندوستان کے مسلمان بھائی بھی ہسپتالوں کے اخراجات پورے کرنے میں شرکت کریں گے۔"

جنگ طرابلس کے شروع میں ہز ایکسلنسی وائسرائے اس قسم کے چندوں کے لئے اپنی رضامندی ظاہر کر چکے ہیں اور بمبئی کے ۱۲۶ کتوبر کے جلسہ میں پولیس کمشنر بمبئی جیسا ذمہ دار شخص اظہار ہمدردی کے لئے شریک ہوا اور تیس روپے چندہ دیا۔ ایسے حالات دیکھ کر مسلمانوں کو شرعی حکم سے مطلع کرنا ضروری سمجھتا ہوں، اس لئے تمام علماء سے عموماً اور علماء دیوبند سے خصوصاً امید ہے کہ مفصلہ ذیل سوالوں کا جواب مشرح اور صاف لکھ دیں تاکہ تمام مسلمانوں کو اپنے فرض کے ادا کرنے کی طرف توجہ دلائی جائے۔

(الف) ہلال احمر میں چندہ دینا ہر ایک مسلمان کے ذمہ کس درجہ ضروری ہے؟

(ب) زکوٰۃ وصدقات واجبہ اور چرم قربانی یا اس کی قیمت ہلال احمر کے لئے کس طرح دے سکتے ہیں؟

(ج) تمام مساکین یا محتاجوں یا علمی تحریکوں (قومی مدارس ہوں یا مذہبی) میں جہاں اب تک صدقات وغیرہ مختلف قسم کے چندے صرف کئے جاتے ہیں ہلال احمر کے مقابلہ میں زیادہ مستحق سمجھے جائیں گے یا نہیں؟

(جواب) (الف) ہلال احمر یعنی مجروحین اہل اسلام اور ان کی بیوگان اور یتیم بچوں کے لئے مسلمانوں کو چندہ دینا اور اپنا مال بھیج کر ان کی مدد کرنا فرض ہے، ان کی امداد خواہ مال سے ہو یا زخمیوں کی مرہم پٹی اور ان کی کھانے پینے کی خبر گیری سے ہو، ضروری ہے۔ احادیث کثیرہ معتبرہ صریحہ اس کی بابت موجود ہیں۔ مشکوٰۃ شریف کتاب الجہاد میں ہے۔ عن حریم بن فاتک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من انفق فی سبیل اللہ کتب لہ بسبع ماءۃ ضعف رواہ الترمذی والنسائی وعن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الصدقات ظل فسطاط فی سبیل اللہ ومنحۃ خادم فی سبیل اللہ او طروقۃ فحل فی سبیل اللہ۔ رواہ الترمذی۔ (۱)

(۱) وتمامه عن علی وابی الدرداء وابی هریرة وابی امامة وعبدالله بن عمرو جابر بن عبدالله و عمران بن حصین رضی الله عنهم اجمعین کلهم یحدث عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال من ارسل نفقة فی سبیل الله واقام فی بیته فله بکل درهم سبعماۃ درهم ومن غزا فی سبیل الله وانفق فی وجهه ذالک فله بکل درهم سبعماء ة الف درهم ثم تلا هذه الآیة والله یضاعف لمن یشاء رواه ابن ماجة

وبالاختصار فی السند والمتن) من ارسل نفقة فی سبیل الله واقام فی بیته فله بکل درهم سبعمائة درهم الحدیث . رواه ابن ماجة . مشکوٰة شریف کتاب الجهاد ف ۳ ص ۳۳۵۔خلاصہ روایات مذکورہ کا یہی ہے کہ جب دشمن مسلمانوں سے لڑنے کو موجود ہوں اور ان پر ظلم کرنا چاہیں تو سب صدقات میں افضل صدقہ یہ ہے کہ ان مسلمانوں کی مدد جس طرح ہو سکے فرض ہے، خواہ ان کو سایہ کے لئے خیمہ دے دے یا خدمت کرنے کو کوئی خادم بھیج دے، یا سواری کو اونٹنی دے دے۔ ایک درہم سے ان کی مدد اور ہمدردی کرے گا تو سات سو درہم کا ثواب ملے گا فرض ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب تک ترکوں کے پاس ہلال احمر کے واسطے روپیہ کافی نہ ہو جائے گا اس حد تک یہ فرضیت باقی رہے گی اور چلتی رہے گی، مثلاً مسلمانان ہند اگر روپیہ کافی جمع کردیں تو یہ فرضیت آگے کو نہ چلے گی، ورنہ اسی طرح شرقاً وغرباً یہ فرضیت تمام دنیا کے مسلمانوں پر عام ہوگی۔ اب ہندوستان کے مسلمان ...... یہ دیکھ لیں کہ ہلال احمر کو مالی امداد کی حاجت ہے یا نہیں؟ اگر حاجت نہیں ہے تو پھر ہلال احمر کی مالی امداد فرض عین نہ ہوگی۔ اگر مالی امداد کریں گے تو حسب روایات سابقہ ثواب عظیم ہوگا اور نہ کریں گے تو گنہگار نہ ہوں گے اور اگر ہلال احمر کو مالی امداد کی حاجت ہے تو جس مسلمان کو یہ خبر پہنچے گی اس پر فرض عین ہوگا کہ ان کی اعانت مالی کرے اور سب مسلمانوں پر فرض ہوگا کہ حسب روایات سابقہ مال سے یا دعا سے جس طرح ممکن ہو ان کی اعانت کریں اور جو مسئلہ سے واقف ہیں وہ ناواقفوں کو اس حکم فرض عین سے مطلع کریں ورنہ گنہگار ہوں گے۔

(ب) زکوٰۃ اور صدقات واجبہ مثل صدقہ فطر اور چرم قربانی وغیرہ ان سب کے لئے یہ ضروری ہے کہ کسی کو مالک بنا دیا جائے اگر کسی ایسے مصرف خیر میں صرف کئے جائیں گے جس میں تملیک نہ ہوئی ہو تو ادا نہ ہوں گے۔ مثلاً تعمیر مسجد یا خرید کتب فقہیہ برائے استعمال طلبہ۔ اس لئے اس کی سہل صورت یہ ہے کہ زکوٰۃ وصدقات مذکورہ کسی ایسے حاجت مند کو بطریق تملیک دے دیئے جائیں کہ وہ اپنی خوشی سے ان کو ہلال احمر کے چندے میں دے دے......

چنانچہ جملہ مدارس اسلامیہ میں ان صدقات وزکوٰۃ کو اسی صورت سے صرف کرتے ہیں اور اس ضرورت شدیدہ کی حالت میں یہی افضل ہے کہ زکوٰۃ وصدقات کو اس طریقہ سے ہلال احمر کے چندہ میں دیا جائے (یصرف الی کلهم او بعضهم تملیکا لا الی بناء مسجد وکفن میت وقضاء دینه ، تنویر بحواله در عن الشامی ج ۲ ص ۵۔)

(ج) عام مساکین اور علمی سلسلے خواہ قومی ہوں یا مذہبی ان سب کے مقابلہ میں اور اس ضرورت شدیدہ کی حالت میں ہلال احمر بے شک زیادہ مستحق ہے جیسا کہ روایات حدیث وفقہ سے ظاہر ہوتا ہے، اس لئے مسلمانان ہند کو ضروری ہے کہ جب تک ضرورت موجودہ باقی رہے اس وقت تک صدقات مذکورہ میں ہلال احمر کو اور سب موقعوں سے مقدم سمجھیں۔ ہاں کوئی موقعہ اگر فوری ضرورت شدیدہ کا درپیش ہو مثلاً کوئی شخص آنکھوں کے سامنے بھوکا مرتا ہے تو اس کا استثناء ظاہر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (کتبہ عزیز الرحمٰن مفتی دارالعلوم دیوبند)

جواب میں ثواب ہے اور (ب) میں جو تملیک کی شرط ہے وہ بہت زیادہ اہتمام کے قابل ہے، اور احقر کا معمول تملیک میں ایک خاص طریق ہے جس کو میں راجح سمجھتا ہوں، وہ یہ ہے کہ اول کوئی مسکین کسی سے قرض لے کر چندہ میں دے دے پھر صدقہ دینے والا اپنی رقم اس کو بہ تملیک حقیقی دے دے، پھر وہ مسکین اس رقم سے اپنا قرض ادا کردے تو اس طریق سے حیلہ کا بھی ارتکاب کرنا نہیں پڑتا۔ کتبہ...... اشرف علی (التھانویؒ)

## قربانی ترک کر کے قربانی کی رقم بلقانی مسلمانوں کو دینا درست نہیں

(سوال ۱ ۵۴)امسال قربانی کا تمام وکمال روپیہ اپنے بلقانی بے بس بھائیوں کی مرہم پٹی اوران کی بیوگان و یتامی کی امداد کے لئے ترک بھیج دیا جائے اور ایسی حالت میں جب کہ اسلام کے دروازہ پر قیامت بپا ہے قربانی نہ کی جائے ،شرعاً اس کا کیا حکم ہے۔

(جواب) قربانی کرنا ضروری ہے ،وہ صورت مذکورہ سوال سے ادا نہ ہوگی البتہ یہ درست ہے کہ قربانی کی جائے اور قیمت چرم قربانی کو وہاں بھیج دیا جائے اور اس کا اہتمام کیا جائے۔اور کیا اچھا ہو کہ جن لوگوں پر قربانی واجب ہے وہ اپنا تمام و کمال نصاب وہاں بھیج دیں کہ قربانی ہی ذمہ پر نہ رہے اللہ تعالیٰ...... مسلمانوں کو اگر ایسی توفیق دے تو اس سے بہتر کیا ہے الحاصل یہ درست نہیں کہ صاحب نصاب مالک رہیں اور قربانی نہ کریں۔فقط واللہ اعلم۔(لو تصدق بهاحية فی ايام النحر لا يجوز لان الا ضحية الاراقة) (الجوهر النير ہ كتاب الا ضحية ج ۲ ص ۲۵۲)عالمگیری میں ہے ومنها ان لا يقوم غيرهامقامها فی الوقت حتى لو تصدق بعين الشاة او قيمتها فی الوقت لا يجزئه عن الا ضحية ج ۵ ص ۲۹۳ ۔اس لئے ایک واجب کو ترک کر کے اس کی قیمت چندہ میں دینا کسی طرح درست نہیں ہے۔(واللہ اعلم۔ظفیر)۔

## مدیون پر عشر ہے یا نہیں

(سوال ۲ ۵۴)مدیون پر عشر واجب ہے یا نہیں؟اگر دوسرا اس کو دے دے تو وہ لینے کا مستحق ہے یا نہیں؟اور مسجد میں عشر کا مال لگانا درست ہے یا نہیں؟اور مدارس اسلامیہ میں دینا جائز ہے یا نہیں؟

(جواب)مدیون پر عشر واجب ہے،كما فی الدر المختار ويجب مع الدين الخ اور دوسرا شخص اگر اس کو دے گا تو دیکھا جائے گا کہ بعد ادائے دین وہ مالک نصاب رہتا ہے یا نہیں،اگر بقدر نصاب اس کے پاس بعد ادائے دین باقی نہ رہے تو لینا درست ہے۔مسجد کی تعمیر ومرمت میں عشر کا مال لگانا درست نہیں ہے مگر بعد حیلۂ تملیک کے جائز ہے۔اسی طرح مدرسہ کی تعمیر وغیرہ میں لگانا جائز نہیں ہے،لیکن طلبہ کے لئے دینا جائز ہے کیونکہ اس میں تملیک شرط ہے جیسا کہ زکوۃ میں۔فقط۔

(قال فی العالمگيرية جلد نمبر ۱ وشرط ادائه ما مرفی الزكاه) وفی الجوهرة النيرة فی بيان مصارف الزكاة لا تدفع الی غنی وفيها ولا يدفع الی بنی هاشم وفيها ولا يد فع المزكی زكوته الی ابيه وجده وان علا ولا الی ولده وان سفل وفيها ...... ولا يبنی بها مسجد ولا يكفن بها ميت الخ ولا يبنی بها السقايات ولا يحفر بها الآباروليجوز الا ان يقبضها فقير لانها تمليک ولا بد فيها من القبض(الجوهر النيره ج ۱ ص ۱۳۱ و ج ۱ ص ۱۳۲)ظفير.

## آٹھواں باب

# صدقہ فطر

### صدقہ فطر کی مقدار میدہ اور چاول سے کتنی ہے

(سوال ۵۴۳) صدقہ فطر میدہ گندم سے کس قدر دیا جاوے اور چاول سے کس قدر۔

(جواب) صدقہ فطر اگر گندم کے میدہ سے دیا جائے تو نصف صاع دینا چاہئے کما فی الدر المختار نصف صاع من براودقیقه الخ (۱) والتفصیل فی الشامی، اور اگر چاول دیئے جاویں تو اس قدر دینا چاہئے کہ نصف صاع گندم کی قیمت کے مساوی ہو ومالم ینص علیه کذرة وخبز یعتبر فیه القیمة الخ در مختار۔ (۲) فقط۔

### عہد نبوی میں فطرہ کب نکالا جاتا تھا

(سوال ۵۴۴) رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں صدقہ فطر پیشتر نماز سے نکالا جاتا تھا یا نہیں یا کچھ دنوں تک جمع رہتا تھا اس کے بعد محتاجوں کو تقسیم کیا جاتا تھا۔ اگر تقسیم کرنے میں تاخیر نہ فرماتے تھے تو فی زمانہ ایک جگہ کے سردار کے پاس صدقہ فطر جمع ہونا ضروری ہے اور سردار یا نائب سردار جب مرضی ہو تقسیم کرتے ہیں، یہ عمل کیسا ہے۔

(جواب) درمختار میں لکھا ہے ویستحب اخراجها قبل الخروج الی المصلی بعد طلوع فجر الفطر عملاً بامره وفعله علیه الصلوٰة والسلام الخ۔ (۳) اس کا حاصل یہ ہے کہ صدقہ فطر نماز سے پہلے ادا کرنا مستحب ہے۔ آنحضرت ﷺ کے حکم اور فعل کے موافق۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم زکوٰة الفطر صاعاً من تمر او صاعاً من شعیر علی العبد والحر والذکر والانثی والصغیر والکبیر من المسلمین وامربها ان تودی قبل خروج الناس الی الصلوٰة ۔ الحدیث۔ رواہ البخاری و مسلم ۔ (۴) اس حدیث متفق علیہ سے صراحۃً ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ نے نماز عید کے لئے جانے سے پہلے صدقہ فطر کے نکالنے کا حکم فرمایا ہے۔ (۵) پس ثابت ہوا کہ جو کچھ عمل ان سرداروں کا ہے خلاف سنت ہے اور بے اصل ہے۔ فقط۔

### کسی غریب کے ذمہ اگر کچھ بقایا ہو تو کیا اسے فطرہ میں محسوب کر سکتے ہیں

(سوال ۵۴۵) ایک شخص کا قرض کسی کے ذمہ ہے اور مدیون مفلس نادار ہے، اگر دائن صدقہ فطر میں اس قرض کو مجرا کر لیوے تو کیا صدقہ فطر ادا ہوگا یا نہیں۔

(جواب) اس طرح صدقہ فطر ادا نہ ہوگا۔ بلا وصول کے دین میں مجرا کر لینے سے زکوٰۃ وفطرہ ادا نہیں ہوتا۔ ایسی

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۳۔ ط.س. ج۲ص ۳۶۴ ۱۲ ظفیر
(۲) ایضاً ج ۲ ص ۱۰۴۔ ط.س. ج۲ص ۳۶۴۔ ۱۲ ظفیر
(۳) ایضاً ج ۲ ص ۱۰۶، ۱۲ ظفیر
(۴) مشکوٰۃ باب صدقة الفطر فصل اول ص ۱۶۰ ۱۲ ظفیر
(۵) اور صحابہ کرام کا اسی پر عمل تھا والا ولی الاستدلال بحدیث البخاری وکانوا یعطون قبل الفطر بیوم او یومین، قال فی الفتح وهذا مما لا یخفی علی النبی صلی الله علیه وسلم، بل لا بد من کونه باذن سابق فان الاسقاط قبل الوجوب مما لا یعقل فلم یکونوا یقدمون علیه الا بسمع اه (رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۲۔ ط.س. ج۲ص ۳۶۷) ظفیر

صوررت میں فقہاء یہ لکھتے ہیں کہ اس کو دے کر پھر اپنے دین میں وصول کر سکتے ہیں مگر دینا ضرور چاہئے۔ (۱) فقط۔

## اسی تولہ کے سیر سے نصف صاع کی مقدار کیا ہے

(سوال ۵۴۶) نصف صاع کا وزن ۸۰ تولہ کے سیر کے حساب سے ایک سیر ااچھٹا نک ہوتا ہے یا کم وبیش۔

(جواب) صدقہ فطر اگر گندم سے دیا جائے تو نصف صاع واجب ہے۔ (۲) اور نصف صاع بوزن انگریزی کہ ایک سیر ۸۰ تولہ کا ہو۔ پونے دو سیر ہے۔ فقط۔

## کیا صدقہ فطر کی مقدار سوا سیر گندم ہے

(سوال ۵۴۷) صدقہ فطر کی مقدار سوا سیر نمبری سے کم ہوتی ہے۔ کذا فی عمدۃ الرعایہ۔ پھر بعض لوگوں کا پونے دو سیر کہنا کس کتاب سے ثابت ہے۔

(جواب) صدقہ فطر اموافق وزن سبعہ کے مثقال کو ۴ $\frac{1}{2}$ ماشہ کا قرار دے کر جیسا کہ معروف ہے، انگریزی وزن سے تقریباً پونے دو سیر گندم ہوتا ہے اور حساب اس کا کر لیا گیا ہے، یہی احوط بھی ہے۔ (۳) فقط۔

## مولانا عبدالحی اور وزن صاع

(سوال ۵۴۸) مولوی عبدالحی صاحب محشی شرح وقایہ نے زکوٰۃ کے باب میں لکھا ہے کہ مثقال ۳ر ماشہ ایک رتی کا ہوتا ہے، اس حساب سے صاع کا وزن دو سیر گیارہ تولہ چھ ماشہ کا ہوتا ہے۔ اور نصف صاع کا ایک سیر پانچ تولہ نو ماشہ کا ہوا، یہ غلط ہے یا صحیح۔

(جواب) یہ وزن جو مولانا عبدالحی صاحب مرحوم نے مثقال کا لکھا ہے، یہ درہم کا وزن ہے اور اس میں کسر رتی کی چھوڑ دی گئی۔ اور وزن مثقال کا ماشہ کا ہوتا ہے جیسا کہ عموماً مشہور ہے اور علماء دہلی نے یہی وزن شمار کیا ہے۔ غیاث اللغات میں نے بھی اسی کو صحیح کہا ہے مثقال بالکسر نام ایک وزن کا کہ ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے الخ ترجمہ غیاث۔ پس بناء اعلیہ ۷۲۰ مثقال کو جو کہ وزن صاع کا ہے ساڑھے چار ماشہ میں ضرب دینے سے تین ہزار دو سو چالیس (۳۲۴۰) ماشہ ہوئے، ان کے تولہ بنائے، ۲۷۰ تولہ ہوئے۔ ۸۰ پر اس کو تقسیم کرو تو تین سیر ڈیڑھ پاؤ بوزن اسی صاع کا وزن ہوا، یہی یہاں معمول بہ ہے اور یہی صحیح ہے۔ وزن سبعہ سے بھی حساب کیا گیا، ایسا ہی نکلتا ہے اور صدقۃ الفطر میں احتیاط بھی اسی میں ہے۔

## صدقہ فطر رمضان میں دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۵۴۹) صدقہ فطر رمضان المبارک کے عشرہ اولیٰ اور وسط یا اخیر میں بھی دینا درست ہے یا نہیں۔ اور ایسے ہی مالک مال کی زکوٰۃ شروع اور درمیان سال کے بھی، اور جس شخص کے پاس قرض سے زیادہ یا کم زیور یا نقد بمقدار نصاب ہے ایسے شخص پر زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں۔

---

(۱) ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۵۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۴۴) وحیلۃ الجواز ان یعطی مدیونہ الفقیر زکاتہ ثم یاخذھا عن دینہ ولو امتنع المدیون مدیدہ واخذھا لکونہ ظفر بجنس حقہ (درمختار) قولہ حیلۃ الجواز الخ ای فیما اذا کان لہ دین علی معسر وار اد ان یجعلہ زکوٰۃ الخ (رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۶۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۲۷۱) ظفیر۔

(۲) نصف صاع فاعل یجب من بر اودقیقہ او سویقہ الخ الدر المختار علی ہامش رد المحتار۔ باب صدقۃ الفطر ج ۲ ص ۱۰۳۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۶۴) ظفیر

(۳) ھو ای الصاع المعتبر ما یسع الفا وار بعین درھما من ماش وعدس انام قدر بھما لتسا ویھما کیلا و وزنا والتفصیل فی الشامی (الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب صدقۃ الفطر ج ۲ ص ۱۰۴۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۶۵ ظفیر

(جواب) صدقہ فطر رمضان شریف میں دینا درست ہے خواہ کسی عشرہ میں دیوے(۱) اور ایسے ہی زکوۃ بھی سال سے پہلے دینا جائز ہے۔(۲) اور جس کے پاس قرض سے زائد زیور و نقد وغیرہ بقدر نصاب موجود ہے اس پر زکوۃ واجب ہے اور اگر قرض کے ادا کے بعد بقدر نصاب باقی نہ رہے یعنی قرض سے زائد بقدر نصاب موجود نہ ہو تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## صدقہ فطر میں قیمت دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۵۵۰) صدقہ فطر میں بجائے اناج کے قیمت اور پیسہ دینا جائز ہے یا نہیں۔ بعض مولوی کہتے ہیں کہ بجائے اناج کے قیمت دینا ایسا ہی ہے جیسے قربانی کے بدلہ روپیہ دے دے۔

(جواب) صدقہ عید الفطر میں بجائے غلہ کے قیمت اس کی دینا بلا کراہت درست ہے اس کا حکم قربانی جیسا نہیں ہے۔(۴) قربانی کی جگہ ایام اضحیہ میں قیمت دینا جائز نہیں ہے۔(۵) فقط

## فطرہ میں کہاں کی قیمت کا اعتبار ہوگا

(سوال ۵۵۱) اما بعد، فان المصر بعيد من مكاننا واقع فى مسافة اربعة عشر ميلاً وفى قريتنا سوق كبير يوجد فيه الا شياء الضرورية المحتاجة اليها كثير ابل بعض الا شياء النادرة الغير الضرورية ايضاً بقيمة فاحشة بانسبة الى المصرونحن نبيع ونشترى فيه دائماً الا احياناً نبتاع ونشترى من المصر ايضاً على سبيل الندرة اوالبرّ غير موجود فى ذلک السوق موجود فى المصر والدقيق موجود فيها لكن فى السوق يباع بغبن وفى المصر برخص فهل يجوز لنا ان نخرج صدقة الفطر بقيمة المصر او نخرج قيمة البر الموجود فى المصرام لا ـ

(جواب) يعتبر قيمة البر فى صدقة الفطر بقدر ما يكون فى بلد المعطى لا مايكون فى المصر البعيد۔(۶) فقط۔

## مالک زمین پر صدقہ فطر واجب ہے یا نہیں

(سوال ۵۵۲) ایک شخص زمیندار جس کے پاس اس قدر زمین ہے کہ وہ اس میں سے کچھ بیچ کر اپنا قرضہ ادا کر سکتا ہے اور پھر بھی کسی قدر زمین جس سے بہ مشکل گذارہ ہو سکے بچ سکتی ہے، آدمی عیالدار ہے، کیا اس پر فطرہ واجب ہے یا نہیں؟

---

(۱) والمستحب ان يخرج الفطرة يوم الفطر قبل الخروج الى المصلى الخ فان قد مها يوم الفطر جاز لانه ادى بعد تقرر السبب فاشبه التعجيل فى الزكوة ولا تفصيل بين مدة و مدة هو الصحيح (هدايه باب صدقة الفطرة ج ۱ ص ۱۹۳) ظفير

(۲) وان قدم الزكوة على الحول وهو مالک للنصاب جاز لانه ادى بعد سبب الوجوب فيجوز (هدايه كتاب الزكوة فصل فى الخيل ج ۱ ص ۱۷۶) ظفير.

(۳) ومن كان عليه دين يحيط بماله فلا زكوة عليه الخ وان كان ماله اكثر من دينه زكى الفاضل اذا بلغ نصابا (هدايه كتاب الزكوة ج ۱ ص ۱۶۸) ظفير.

(۴) دفع القيمة اى الدراهم افضل من دفع العين على المذهب المفتى به جو هره وبحر عن الظهيرية وهذا فى السعة اما فى الشدة فدفع العين افضل كما لا يخفى (الدر المختار على هامش رد المحتار با ب صدقة الفطرة ج ۲ ص ۱۰۲ ط.س. ج ۲ ص ۳۶۶) ظفير

(۵) ومنها انه لايقوم غيرها مقامها فى الوقت حتى لو تصدق بعين الشاة او قيمتها فى الوقت لا يجزئه عن الا ضحية (عالمگيرى كتاب الا ضحية ج ۵ ص ۲۹۳) ظفير.

(۶) وجاز دفع القيمة فى زكاة وعشرو خراج وفطرة الخ و تعتبر القيمة يوم الوجوب الخ ويقوم فى البلد الذى المال فيه الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۲۹ و ج ۲ ص ۳۰ ط.س. ج ۲ ص ۲۸۵) ظفير

(جواب) اس پر وجوب فطرہ واضحیہ میں اختلاف ہے، احتیاط یہی ہی کہ فطرہ ادا کرے اور قربانی کرے اور اگر نہ کرے تو گنہگار نہ ہوگا، کیونکہ مفتی بہ قول کے موافق اس پر فطرہ وقربانی واجب نہیں ہے۔(۱) فقط۔

## جس کے پاس دوسو درہم کی زمین ہو اس پر فطرہ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۵۵۳) ایک شخص کے پاس زمین خراجی جس کو وہ خود کاشت کرتا ہے، قیمت اس کی دوسو درہم سے زاید ہے مگر اس کی پیداوار ایک ماہ کی خوراک سے زائد نہیں، اس پر صدقۃ فطر اور قربانی واجب ہے یا نہیں، یہ زمین حاجت اصلیہ کے اندر داخل ہے یا نہیں۔

(جواب) اس پر صدقۃ فطر وقربانی واجب نہیں ہے۔ امام محمدؒ کے قول کے موافق۔ اور شامی نے کہا کہ فتوی اسی پر ہے، اور ایسی زمین جس میں زراعت کرتا ہے اور اس کی آمدنی اس کو اور اس کے عیال کو کافی نہیں ہے، حاجت اصلیہ میں داخل ہے وفیها سئل محمد رحمة الله عليه عمن له ارض يزرعها وخانوت يستغلها او دار غلتها ثلثة الاف ولا تكفى لنفقة عياله سنة يحل له اخذ الزكوة وان كانت قيمتها تبلغ الوفا وعليه الفتوى وعندهما لا يحل۔(۲) شامی۔

## تقسیم کے بعد اگر صاحب نصاب نہ ہو تو اس پر فطرہ واجب نہیں ہے

(سوال ۵۵۴) چار بھائیوں کا مال مشترک ہے اگر تقسیم کیا جائے تو کسی کا حصہ بقدر نصاب نہیں ہے قربانی واجب ہوگی یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں کہ کسی ایک بھائی کا حصہ قدر نصاب کو نہیں پہنچتا کسی پر فطرہ اور قربانی واجب نہ ہوگی۔(۳) فقط

## دوسرے شہر کے نرخ کا فطرہ میں اعتبار نہیں

(سوال ۱/۵۵۵) اپنے شہر کا نرخ گندم وغیرہ چھوڑ کر دوسرے شہر کی قیمت سے صدقۃ فطر ادا کرنا معتبر ہے یا نہیں۔

## گیہوں اور اس کے ستو اور آٹے میں کچھ فرق ہے یا نہیں

(سوال ۵۵۶/۲) گیہوں اور آٹا وستو میں صدقۃ فطر کے بارہ میں کچھ فرق ہے یا نہیں۔

## مثقال، دینار اور درہم کا وزن کیا ہے

(سوال ۵۵۷) مثقال ودینار اور درہم کا وزن کیا ہے۔

(جواب) (۱) اپنے شہر کی قیمت کا اعتبار ہے، دوسرے شہر کی قیمت کا اعتبار نہیں ہے۔(۴)

---

(۱) سئل محمد عمن له ارض يزرعها او حانوت يستغلها او دارغلتها ثلاثة الاف لا تكفى لنفقته ونفقة عياله سنة يحل له اخذ الزكوة وان كانت قمتها تبلغ الوفا وعليه الفتوى وعندهما لا يحل اه (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸ ط.س. ج۲ ص۳۴۸) على كل حرمسلم الخ ذى نصاب فاضل عن حاجته الا صلية كدينه و حوائج عياله وان لم ينم وبه اى بهذا النصاب تحرم الصدقة وتجب الا ضحية . (الدر المختار على هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۹۹ ط.س. ج۲ ص۳۵۹-۳۶۰) ظفير

(۲) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۱۲،۸۸ ظفير.

(۳) تجب الخ على كل حرمسلم الخ ذى نصاب فاضل عن حاجة الا صلية الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار، باب صدقه الفطر ج ۲ ص ۹۹ ط.س. ج۲ ص۳۵۹-۳۶۰) ظفير.

(۴) ويقوم فى البلد الذى المال فيه ولو فى مفازة ففى اقرب الامصار اليه (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة الغنم ج ۲ ص ۳۰ ط.س. ج۲ ص۳۸۶) ظفير

(۲) گیہوں و گیہوں کا آٹا وستو بھی نصف صاع ہونا چاہئے یا اس کی قیمت دیوے۔ (۱)

(۳) مثقال و دینار ساڑھے چار ماشے، درہم تین ماشہ ۱ ⅕ رتی ایک ماشہ ۸ رتی سرخ کا ہوتا ہے۔ (۲) فقط۔

## اگر کسی کے ذمہ روپے باقی ہوں اور فطرے میں اس کو چھوڑ دے تو فطرہ ادا ہوگا یا نہیں

(سوال ۵۵۸) زید کے پاس میرا روپیہ ہے اور وہ دے نہیں سکتا، اس کو یہ کہہ دیا کہ تمہارے پاس جو روپیہ ہے وہ تم کو صدقہ فطر میں دیتا ہوں، اس سے صدقہ فطر ادا ہوگا یا نہیں۔

(جواب) اس طرح صدقہ فطر ادا نہ ہوگا جیسا کہ زکوٰۃ بھی اس طرح ادا نہیں ہوتی۔ اس کا طریق فقہاء نے یہ لکھا ہے کہ اس کو صدقہ فطر یا زکوٰۃ دے کر پھر اس سے اپنا قرض وصول کر لیا جاوے۔ (۳) فقط۔

## مندرجہ مسائل درست ہیں یا نہیں

(سوال ۵۵۹) ایک مولوی صاحب نے کتاب تالیف کی ہے اور مؤلف کتاب موصوف پکے حنفی وسنی ہیں، اس کتاب میں صدقہ فطر کے بیان میں لکھا ہے کہ صدقہ فطر اپنی طرف سے ادا کرے اور غلام باندی کی طرف سے بھی ادا کرے اور اپنے چھوٹے بچہ کی طرف سے بھی ادا کرے اگر چہ غنی نہ ہو اور اپنی بیوی اور لڑکے لڑکی کی طرف سے صدقہ فطر کا دینا جائز نہیں، اگر وہ صاحب نصاب ہیں تو خود دیویں، یہ مسئلہ صحیح اور عبارت درست ہے یا نہیں۔

(جواب) مسئلہ یہ ہے کہ بیوی کی طرف سے اور ولد کبیر کی طرف سے اس کے ذمہ صدقہ فطر دینا واجب نہیں ہے، لیکن اگر ادا کر دیوے تو درست ہے جب کہ وہ اس کے عیال میں ہوں، یعنی صدقہ فطر ادا ہو جاوے گا۔ پس کتاب مذکور میں بجائے "جائز نہیں" کے یہ لکھنا چاہئے تھا کہ واجب نہیں ہے جیسا کہ درمختار وشامی میں ہے لاعن زوجته وولده الکبیر العاقل ولوادی عنهما بلا اذن اجزا استحسانا للاذن عادةً ای ولو فی عیاله الخ۔ (۴) درمختار وشامی نے تصریح کی ہے لا یجب علیه الخ (۵) وفیه ایضاً قال فی البحر وظاهر الظهیریة انه لوادی عمن فی عیاله بغیر امره جاز مطلقاً بغیر تقیید بالزوجة والولد الخ۔ (۶) ج ۲ ص ۵۷ شامی۔ فقط۔

## جو جوان لڑکے اپنی کمائی باپ کو دیتے ہیں، ان پر فطرہ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۵۶۰) ایک شخص کے دو لڑکے ہیں اور وہ دونوں سال بھر میں دو تین سو روپے کماتے ہیں اور اپنے والد کو دے دیتے ہیں، گھر کا مالک ان کا باپ ہے، ان کے پاس باپ سے علیحدہ ایک حبہ نہیں، اور ان دونوں کے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، تو ایسی حالت میں ان دونوں بھائیوں پر زکوٰۃ یا صدقہ فطر یا قربانی واجب ہے یا نہیں یا ان کے باپ پر ان کی طرف سے بھی واجب ہے۔

---

(۱) نصف صاع من براو دقیقه او سویقه او زبیب الخ او صاع تمر او شعیر ولو ردیئا وما لم ینص علیه کذرة وخبز یعتبر فیه القیمة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۳ و ج ۲ ص ۱۰۴۔ ط.س. ج ۲ ص ۳۶۱) ظفیر۔
(۲) والدینار عشرون قیرا طاالخ والمثقال ماء ة شعیرة فهو در هم وثلاث اسباع درهم (ایضاً باب زکوٰة المال ج ۲ ص ۳۹). ط.س. ج ۲ ص ۲۹۵-۲۹۶ ظفیر۔
(۳) واداء الدین عن العین وعن دین سیقبض لا یجور وحیلة الجواز ان یعطی مدیونه الفقیر زکوته ثم یا خذها عن دینه ولو امتنع المدیون مدیده واخذها لکونه ظفر بجنس حقه (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۶۔ ط.س. ج ۲ ص ۲۷۱) ظفیر۔ (۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۲ و ج ۲ ص ۱۰۳۔ ط.س. ج ۲ ص ۳۶۳) ظفیر (۵) رد المحتار باب صدقة الفطر تحت قوله لا عن زوجته ج ۲ ص ۱۰۳۔ ط.س. ج ۲ ص ۳۶۳۔ ۱۲ ظفیر (۶) ایضاً ص ۱۰۳۔ ط.س. ج ۲ ص ۳۶۳ ظفیر

(جواب) ان پر زکوۃ اور صدقۂ فطر اور قربانی واجب ہے۔ (۱) فقط۔

## صدقۂ فطر کا وزن بحساب انگریزی سیر ہے

(سوال ۱/۵۶۱) صدقۂ فطر کا وزن بحساب انگریزی سیر کے کتنا ہوتا ہے۔ حاشیہ شرح وقایہ میں دوسو باون تولہ کا صاع لکھا ہے، یہ صحیح ہے یا نہیں۔

## چالیس روپے کے سیر سے سوا تین سیر گندم دیا تو فطرہ ادا ہوا یا نہیں

(سوال ۲/۵۶۲) ہمارے یہاں چالیس روپے کے وزن کا سیر ہوتا ہے، اگر صدقۂ فطر میں سوا تین سیر گندم ادا کیا گیا تو ادا ہوا یا نہیں، اگر ادا نہیں ہوا تو جس قدر کمی رہی اسی کو پورا کیا جاوے یا دوبارہ ادا کرے۔

## چاول وغیرہ فطرہ میں کتنا دے

(سوال ۳/۵۶۳) چاول، جوار، باجرا، صدقہ میں نصف صاع دے یا پورا صاع۔

(جواب) (۱،۲) ہم نے جو مثاقیل سے حساب صاع کیا ہے تو دوسوستر تولہ کا ایک صاع ہوتا ہے، بلکہ دراہم کے حساب سے ۳ تولہ اور زیادہ ہوتا ہے یعنی دوسو تہتر ۲۷۳ تولہ کا ایک صاع ہے۔ پس بوزن انگریزی ایک صاع برابر تین سیر اور ڈیڑھ پاؤ اور آدھی چھٹانک کے ہے...... پس احتیاطاً جو اور خرما سے ساڑھے تین سیر بوزن انگریزی صدقۂ فطر دینا چاہئے اور گندم سے پونے دو سیر بوزن انگریزی صدقۂ فطر ادا کرنا چاہئے اور اگر سیر چالیس روپے بھر کا ہے تو ساڑھے تین سیر گندم صدقۂ فطر میں دینا چاہئے اور ۳ تولہ کے قریب، اس سے کم ہو تو وہ بھی درست ہے، اور کم دینے کی صورت میں جو کچھ کمی رہے اسی کو پورا کر دینا کافی ہے

(۳) چاول یا جوار باجرا اگر صدقۂ فطر میں دیا جاوے تو اتنا دینا چاہئے کہ اس کی قیمت پونے دوسیر گندم کی قیمت کے برابر ہو جاوے کیونکہ غیر منصوص میں منصوص کی قیمت کا پورا ہونا ضروری ہے۔ کذا فی الدر المختار (۲) فقط۔

## پورٹ بلیر جہاں قیدیوں کی آبادی ہے اور قانوناً اعانت منع ہے تو کیا ان کو صدقۂ فطر دے سکتے ہیں

(سوال ۱/۵۶۴) میں پورٹ بلیر میں ہوں جہاں ہندوستان سے ملزمان حبس بعبور دریائے شور بھیجے جاتے ہیں، قانوناً ان قیدیوں کو کسی طرح اعانت کرنا منع ہے، ان کو صدقۂ فطر دے سکتے ہیں۔

## جہاں قیدیوں کے سوا کوئی نہیں وہاں صدقۂ فطر کیسے ادا ہوگا

(سوال ۲/۵۶۵) یہاں قیدیوں کے سوائے اور کوئی مسکین نہیں تو کس طرح صدقۂ فطر ادا کیا جائے

(جواب) (۱،۲) ان کو صدقۃ الفطر دینا جائز ہے۔ (۳) فقط۔

## کیا قیدیوں کا مساکین میں شمار ہے

(سوال ۵۶۶) کیا قیدیوں کا مساکین میں شمار ہے۔

(جواب) جب کہ ان کے پاس بقدر نصاب مال نہ ہوں تو وہ مساکین ہیں اور ان کو صدقۂ فطر دینا درست ہے۔ (۴)

---

(۱) تجب الخ علی کل مسلم الخ ذی نصاب فاضل عن حاجته الا صلیة الخ وبه تحرم الصدقة وتجب الا ضحیة ونفقة المحارم (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۹۹. ط.س. ج۲ ص ۲۵۹-۲۶۰) ظفیر.

(۲) وما لم ینص فیه کذرة وخبز یعتبر فیه القیمة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة االفطر ج ۲ ص ۱۰۴. ط.س. ج۲ ص ۳۶۴) ظفیر. (۳) قوله مصرف الزکوٰة الخ وهو مصرف ایضاً لصدقة الفطر الخ هو فقیر وهو من له ادنیٰ شئی ای دون نصاب الخ و مسکین من لا شئی له الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۰. ط.س. ج۲ ص ۳۳۹) ظفیر. (۴) فقیر وهو من له ادنی شئی دون نصاب او قدر نصاب غیر تام مستغرق فی الحاجة (ایضاً). ط.س. ج۲ ص ۳۳۹. ظفیر.

## صدقہ فطر کن لوگوں پر واجب ہے

(سوال ۵۶۷) زید کہتا ہے صدقہ فطر ہر مسلمان عاقل بالغ اور اس کی اولاد صغار پر اس کے ذمہ واجب ہے، عمر کہتا ہے کہ صدقہ فطر ان لوگوں کے ذمہ ہے جو روزہ رکھتے ہیں اور عاقل بالغ ہیں۔

(جواب) زید کا قول صحیح ہے اور عمر غلط کہتا ہے۔ مسئلہ وہی ہے جو کہ زید کہتا ہے۔ صدقہ فطر ہر ایک مسلمان عاقل بالغ پر اپنی طرف سے اور اولاد صغار کی طرف سے واجب ہے۔(۱) فقط

## کیا گیہوں کی جگہ بنگال میں چاول وغیرہ فطرہ میں دیا جا سکتا ہے

(سوال ۵۶۶) بنگال کے بعض مولویوں نے فتویٰ دیا ہے کہ عرب میں گندم، جو، انگور، خرما ہوتا تھا اس واسطے فطرہ میں اس کا حکم دیا گیا۔ ہم لوگوں کے یہاں دھان، چاول قائم مقام گندم، جو، انگور خرما کے ہے۔ لہذا ایک صاع دھان آدھا صاع چاول دینے سے یا اس کی قیمت دینے سے صدقہ فطر ادا ہوگا، یہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) فقہاء حنفیہ نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ سوائے منصوص کے اگر دوسری اجناس سے صدقہ فطر ادا کرے تو قیمت منصوص کی برابر ہونا ضروری ہے مثلاً دھان یا چاول اگر دیوے تو اس قدر دیوے کہ اس کی قیمت نصف صاع گندم یا ایک صاع جو کی قیمت کی برابر ہو جاوے۔ فهو الا حوط. كذافى الدر المختار۔(۲) فقط۔

## فطرہ اہل نصاب پر واجب ہے

(سؤال ۵۶۷) صدقہ فطر ہر روزہ دار کو دینا واجب ہے یا صرف اہل زکوٰۃ کو۔

(جواب) صرف اہل نصاب کو صدقہ فطر دینا واجب ہے، مگر زکوٰۃ کے نصاب میں اور صدقہ فطر کے نصاب میں فرق ہے یعنی صدقہ فطر میں مال نامی ہونا شرط نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## سال بھر کی خوراک یا دو بیگہ زمین ہو تو فطرہ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۱/۵۶۸) عید الفطر کے دن ہمارے پاس سال بھر کی خوراک جس کی قیمت سو روپے ہے، موجود ہے یا دو بیگہ زمین ہمارے پاس ہے جس کی قیمت سو روپے ہے تو اس صورت میں صدقہ فطر واجب ہے یا نہیں۔

## دودھ کے لئے جو گائے ہے وہ حوائج اصلیہ میں داخل ہے یا نہیں

(سوال ۲/۵۶۹) دودھ پینے کیلئے جو گائے رکھی جاتی ہے وہ حوائج اصلیہ سے زائد ہے یا نہیں۔

## صدقہ فطر میں حوائج اصلیہ کا مراد کیا ہے

سوال ۳/۵۷۰) صدقہ فطر میں جو فاصل عن حوائج الاصلیہ کی قید ہے اس سے وہی حوائج اصلیہ مراد ہیں جو وجوب زکوٰۃ میں ہیں یا اور کچھ۔

---

(۱) یخرج ذالک عن نفسه لحديث ابن عمر قال فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم زكوة الفطر على الذكر والا نثى الحديث ويخرج عن اولاده الصغار الخ ومما ليكه (هدايه باب صدقة الفطر ج ۱ ص ۱۹۰) ظفير.

(۲) نصف صاع فاعل يجب من براودقيقه او سويقه او زبيب الخ او صاع تمرا وشعير و لو رديئا وما لم ينص عليه كذرة وخبز يعتبر فيه القيمة (الدر المختار على هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۳. ط.س. ج۲ص ۳۶۴) ظفير۔

(۳) تجب موسعا فى العمر عندا صحابنا وهو الصحيح الخ وقيل مضيقافى يوم الفطر عينا فبعده يكون قضاء على كل مسلم الخ ذى نصاب فاضل عن حاجته الا صلية الخ وان لم ينم (ايضا باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۹۹. ط.س. ج۲ص ۳۵۸) ظفير

## بالغ لڑکے کی طرف سے صدقہ فطر دینا واجب نہیں

(سوال ۴/۵۷۱) بالغ لڑکا جو ساتھ کھاتا ہے اس کی جانب سے صدقہ فطر دینا واجب ہے یا نہیں۔
(جواب)(۱) یہ غلہ حوائج اصلیہ میں سے ہے اس کی وجہ سے صدقہ فطر واجب نہ ہوگا۔ اور دیگر زمین جس کی قیمت سو روپے ہے اس کی وجہ سے صدقہ فطر واجب ہے۔(۱)
(۲) وہ حوائج اصلیہ میں سے ہے۔
(۳) وہی حوائج اصلیہ مراد ہیں۔
(۴) بالغ اولاد کی طرف سے صدقہ فطر دینا واجب نہیں ہے۔(۲)

## صاع سے بغدادی مراد ہے یا مدنی

(سوال ۱/۵۷۲) بر مذہب حنفی صدقہ فطر صاع بغدادی کے حساب سے دیا جاتا ہے یا صاع مدنی کے حساب سے، اور دونوں صاع کا کیا وزن ہے

## فطرہ میں گیہوں کتنی مقدار میں دیا جائے

(سوال ۲/۵۷۳) برقول مفتی بہ کس قدر گیہوں صدقہ فطر میں دینا چاہئے۔ ایک مولوی صاحب ایک سو پینتالیس تولہ بتلاتے ہیں اور ایک مولوی ساڑھے بانوے تولہ بتلاتے ہیں، اس میں کون سا قول معتبر و مفتی بہ ہیں۔
(جواب)(۱،۲) شامی میں لکھا ہے کہ اختلاف طرفین کا اور امام ابو یوسفؒ کا لفظی ہے، انجام دونوں کا ایک ہے، اور بندہ نے جو حساب صاع اور نصف صاع کا کیا ہے، تو نصف صاع بوزن انگریزی کہ سیر اسی ۸۰ تولہ کا لیا جاوے ۱۳۵ تولہ کا ہوتا ہے جو کہ قریب پونے دو سیری کے بوزن انگریزی ہوتا ہے، پس صدقہ فطر میں پونے دو سیر گندم یا اس کی قیمت احتیاطاً دینا چاہئے۔ فیل لا خلاف لا ن الثانی قدرہ بوطل المدینة لانه ثلثون استاراً والعراقی عشرون واذا قابلت ثمانیةً بالعراقی بخمسة وثلث بالمدینی وجدتهما سواءً وهذا هوالاشبه لا ن محمداً لم یذکرخلاف ابی یوسف ولوکان لذکرہ لا نه اعرف بمذهبه۔(۳) الخ وفی الشامی ایضاً اعلم ان الصاع اربعة امداد والمد رطلان والر طل نصف من والمن بالدراهم مائتان وستون درهما و بالاستار اربعون والاستار بالدراهم ستة ونصف .(۴) الخ ایک استار ۴½ مثقال اور مثقال ۴⅜ تولہ کا، پس چالیس استار مساوی ۲۷⅟۲ کے ہوئے یہ ایک من یا ایک مد ہے۔ اور من اور مد برابر ہیں۔ پس دو مد یعنی نصف صاع مساوی ۱۳۵ تولہ کے ہوئے۔ فقط۔

## نصف صاع کے مقدار ۸۲ تولہ کے سیر سے کیا ہوتی ہے

(سوال ۵۷۴) نصف صاع کی مقدار ۸۲ تولہ کے سیر سے کتنی اور اسّی تولہ کے سیر سے کتنی ہوتی ہے۔ اگر من کے بھاؤ سے نصف صاع کی قیمت نکالی جائے تو مثلاً نصف صاع کی قیمت ۶ر ہوتی ہے، اور اگر نصف صاع بازار سے خریدا

---

(۱) تجب (صدقة الفطر) علی کل حرمسلم الخ ذی نصاب فاضل عن حاجته الا صلیة کدینه وحوائج عیاله وان لم ینم الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۹۸). ط.س. ج۲ ص ۲۵۹-۲۶۰ ظفیر۔
(۲) لا عن زوجته وولده الکبیر العاقل ولوادی عنهما بلا اذن اجزاء استحساناً (ایضاً ج ۲ ص ۱۰۲. ط.س. ج۲ ص ۳۶۳) ظفیر. (۳) رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۴. ط.س. ج۲ ص ۳۶۵. ۱۲ ظفیر۔
(۴) رد المحتار باب صدقة الفطر مطلب فی تحریر الصاع المدوالمن والرطل ج ۲ ص ۱۰۴. ط.س. ج۲ ص ۳۶۵. ۱۲ ظفیر۔

جائے تو ہر گز چھ آنہ کو نہ ملے گا بلکہ سات آنہ یا ساڑھے چھ آنہ کو ملے گا تو کس حساب سے قیمت دی جائے۔

(جواب) انگریزی سیر یعنی اسی تولہ کے وزن سے ایک صاع سوا تین سیر اور آدھ پاؤ اور نصف چھٹانک ہوتا ہے اور نصف صاع پونے دو سیر کے قریب ہوتا ہے، بیاسی تولہ کے سیر سے اس کا حساب کرلیا جاوے، قریب ایک چھٹانک کے کم ہوگا۔ لیکن احتیاط یہ ہے کہ پونے دو سیر کی قیمت لگالی جائے، کیونکہ کچھ زیادہ ہوجائے تو اچھا ہے۔ پس جو قیمت پونے دو سیر گندم کی اس وقت بازار میں ہو، وہ دی جاوے اور فقیر کے نفع کا خیال رکھا جائے۔ فقط۔

## جہاں گیہوں پیدا نہیں ہوتا، وہاں کہاں کی قیمت کا اعتبار ہوگا

(سوال ۵۷۵) جس جگہ گیہوں پیدا نہیں ہوتا کیا وہاں صدقہ فطر گیہوں کے حساب سے دینا ہوگا اور گیہوں کی قیمت کس ملک کی معتبر ہوگی۔

(جواب) جہاں گیہوں پیدا نہیں ہوتا مثلاً چاول پیدا ہوتا ہے تو وہاں اس قدر چاول صدقہ فطر میں دیوے کہ اس کی قیمت نصف صاع گندم کے برابر ہوجاوے، اور قیمت اسی ملک اور شہر کی معتبر ہے جس جگہ صدقہ فطر دیا جاوے۔(۱) فقط۔

## جہاں فقراء نہ ہوں، وہاں فطر کس وقت نکالا جائے

(سوال ۵۷۶) جس ملک میں شرعی فقراء نہ ہوں، وہاں کے لوگ صدقۃ الفطر عید کے روز نماز سے پہلے نکال کر علیحدہ رکھ لیں یا کسی شخص معتمد کو دے دیں، بعد ازاں دوسرے محتاج ملک کو روانہ کئے جائیں تو مستحب ادا ہوگا یا نہیں۔

(جواب) صدقہ فطر قبل خروج الی الصلوٰۃ فقراء کو دینا مستحب ہے، پس اس صورت میں کہ صدقہ فطر علیحدہ کر کے رکھ دیا جاوے اور فقراء کو نہ دیا جاوے مستحب ادا نہ ہوگا۔ اور یہ عادۃً محقق نہیں ہوسکتا کہ کسی ملک میں فقراء نہ ہوں، اگر فی الواقع ایسا ہو تو پھر دوسری جگہ کے فقراء کو بھیجنا چاہئے، اور بوجہ عذر کے وہ شخص تارک مستحب نہ کہلائے گا۔(۲)

## جو اتنا کھیت رکھتا ہو کہ سال بھر کھا پی نہیں سکتا اس پر فطرہ ہے یا نہیں

(سوال ۵۷۷) شخصی مالک نصاب ذہب و فضہ نیست ولیکن نزد او یک گنڈا یا دو گنڈا از زمین است کہ قیمتش پنجاہ و دو روپیہ میشود و آنچہ از اں از قسم غلہ وغیرہ می آید خوراکی نیم سال و اکثر سال میشود آیا بر آں کس صدقہ فطر دادن باشد و خوردن آں حرام۔

(جواب) موافق روایت صحیحہ مفتی بہا صدقۃ الفطر بر آں کس واجب نیست و او خود محل و مصرف زکوٰۃ و صدقات است کذا فی الشامی وفیها سئل محمد رحمه الله عمن له ارض يزرعها او حانوت يستغلها او دار غلتها ثلاثة الاف ولا تكفی لنفقته ونفقة عياله سنة يحل له اخذ الزكوٰة الخ۔(۳) ص ۶۵ جلد نمبر ۳ شامی۔ فقط

## مندرجہ ذیل صورت کی تحقیق

(سوال ۵۷۸) شامی جلد ثانی ص ۷۱ تحت قول درمختار (فافرغ عن حاجته) وفيها سئل محمد عمن له ارض

---

(۱) وما سواه من الحبوب لا يجوز الا بالقيمة (عالمگیری مصری کتاب الزکوٰۃ باب ثامن ج ۱ ص ۷۹، ط ماجدیه ج ۱ ص ۱۹۲) ويقوم فی البلد الذی المال فيه (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوٰۃ الغنم ج ۲ ص ۳۱. ط.س. ج ۲ ص ۲۸۶)

(۲) والمستحب للناس ان يخرجوا الفطرة بعد طلوع الفجر يوم الفطر قبل الخروج الى المصلی (عالمگیری مصری کتاب الزکوٰۃ. باب ثامن صدقه فطر ج ۱ ص ۱۸۰ ط.س. ج ۲ ص ۱۹۲) ظفیر.

(۳) رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۸. ط.س. ج ۲ ص ۳۴۸. ۱۲ ظفیر.

یزرعها او حانوت یستغلها اودار غلتها ثلاثة الاف ولا تکتفی لنفقته ونفقة عیاله سنة یحل له اخذ الزکوٰة وان کانت قیمتها تبلغ الوفا علیه الفتویٰ وعندهما لا یحل۔ (۱) اگر علیہ الفتویٰ صحیح ہے تو آپ نے پہلے لکھا تھا کہ جس کی دو بیگہ زمین ہے جس کی قیمت سو روپیہ ہے، اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے، اس کا کیا جواب ہے۔

(جواب) شیخین کے مذہب کے موافق صدقہ فطر کا وجوب احتیاطاً پہلے لکھا گیا تھا وہ بھی صحیح ہے، اور اگر امام محمدؒ کے قول مفتی بہ کو لیا جاوے تو یہ بھی درست ہے۔ فقط۔

## ایک اشکال کا جواب

(سوال ۵۷۹) بعد سلام سنت الاسلام عرض پرداز ے کہ اجوبہ مسئلہ ہائے مسئولہ بروقت رسید وازبس سرفرازی وامتنان بخشید مگر در بارہ زکوٰۃ فضہ ہنوز خدشہ باقیست وجہش اینست کہ حضرت مولانا عبدالحی لکھنوی مرحوم، در عمدۃ الرعایہ نوشتہ اند ''مقداران (یعنی مائتا درہم) سی وشش تولہ وپنج ونیم ماشہ است وبحساب مبالغ روپیہ ہائے چہرہ دار سکہ انگریزی تخمیناً واحتیاطاً سی ونہ روپیہ'' ازیں عبارت دو خدشہ پیدا شدہ است، یکے اینکہ جناب ایشاں ۵۲½ تولہ می فرمایند ومولانا مرحوم سی وشش تولہ وپنج ونیم ماشہ فرمودہ اند دفع معارضہ آں ازیں حقیر متصور نیست۔ دیگر ایں کہ مولانا مرحوم فرمودہ اند سی وشش تولہ ۵½ ماشہ نمی دانم۔ ازاں قدر چہ فضہ چہ گونہ سی ونہ روپیہ می شود حالانکہ ہر روپیہ انگریزی وزن یک تولہ دارد در دلم می گذرد کہ شاید شئی مغشوش را از سکہ انگریزی وضع کردہ اند۔ واللہ اعلم بالصواب۔

وهم در حاشیه الدر المختار مطبوعه نو لکشوری محشی چنیں نوشته اند فیکون الدرهم سبعة عشر طولجة ونصف طولجة ای رتی لانها اربع شعیرة ولثمان رتی ماشه فیکون الدرهم ماشتین و واحد ونصف رتی فیکون من الذی هو ما بها درهم اربعماة وسبعة و ثلاثین ماشة ونصف ماشه ولا نتهیٰ عشرة ماشه قوله فیکون النصاب منها بحساب التوله ستة وثلثین توله وخمسة ماشه بحساب الروبیةالساهنه التی هی احدی عشرة ماشه تسعة وثلثین روپیه و ثمان ماشه فیحکم تسهیلا علیٰ اربعین روپیه (۲) الخ ودرہم درحاشیہ راہ نجات دیدہ ام کہ ۵½ تولہ بحساب قدیم الزمان ست یعنی بناری۔ ایں شک راحل فرمایند۔

(جواب) وجہ فرق در تحریر مولانا عبدالحی صاحب وتحقیق صاحب راہ نجات وغیرہ ایں است کہ مولوی عبدالحی صاحب مثقال را چہار ونصف ماشہ غالباً تسلیم نہ کردہ اند وہر گاہ مثقال چہار ونصف ماشہ تسلیم کردہ نہ شود۔ کما ہو معروف ومذکور فی اکثر الکتب۔ پس حسب اوزان سبعہ کہ شرعاً معتبر است وزن درہم سہ ماشہ ⅕۱ رتی می شود ودوصد درہم مساوی ۵۲½ تولہ میشود۔ روپیہ مروجہ از یک تولہ سہ رتی کم می باشد فقط رشید احمد بلند شہر۔ الجواب صحیح بندہ عزیز الرحمٰن عفی عنہ۔

## نصاب زکوٰۃ ومثقال کا وزن

(سوال ۵۸۰) غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار میں لکھا ہے مثقال ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے اور نصاب زکوٰۃ ساڑھے باون

---

(۱) ایضاً ۱۲ ظفیر

(۲) حاشیہ درمختار نولکشوری می علی اربعین روپیہ کے بعد یہ عبارت اور ہے ویکون المثقال ثلث ماشه وواحد رتی فیکون النصاب من الذهب الذی هو عشرون مثقالا ثلث وستین ماشه ونصف ماشه ومن التوله خمس توله و ماشتین ونصف ماشه فیحکم علی خمسه و ربع توله والله اعلم در مختار نو لکشوری ج ۱ ص ۸۷ باب زکوٰة المال

تولہ لکھی ہے۔عمدۃ الرعایہ حاشیہ وقایہ میں مثقال کو تین ماشہ ایک رتی کا لکھا ہے اور نصاب زکوٰۃ ۳۶ تولہ ۵ ماشہ یہاں پر پہلے صدقۂ فطر دو سیر گندم فی کس انگریزی وزن سے دیتے تھے، اب ایک مولوی صاحب فی کس سوا سیر کو کہتے ہیں۔

(جواب) مثقال کا وزن ساڑھے چار ماشہ کا ہونا یہی صحیح ہے۔ترجمہ غیاث اللغات میں مثقال بالکسر نام ایک وزن کا کہ ساڑھے چار ماشہ کا ہوتا ہے۔اگرچہ اس میں بہت اختلاف ہے مگر قوی یہی ہے۔انتہی پس عمدۃ الرعایہ میں جو مثقال کو تین ماشہ ایک رتی کا لکھا ہے، یہ وزن درہم کا ہے کیونکہ شرع میں درہم کا وزن وہ معتبر ہے جو وزن سبع کے نام سے مشہور ہے۔ یعنی سات مثقال برابر دس درہم کے ہو جاویں۔ پس سات مثقال کا وزن بحساب فی مثقال ۴½ ماشہ ساڑھے اکتیس ماشہ ہوا، اس کو دس پر تقسیم کیا تو فی درہم تین ماشہ اور ⅕ رتی ہوا اسی وجہ سے غیاث میں درہم کو ساڑھے تین ماشہ کا لکھا ہے۔ تقریباً ایسا لکھا ہے۔الغرض صحیح اور احوط یہی ہے جو غایۃ الاوطار ترجمہ درمختار میں لکھا ہے اور نصاب زکوٰۃ ساڑھے باون تولہ چاندی اور ساڑھے سات تولہ سونا ہے۔شامی کی تحقیق سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے اور حساب مذکور سے نصف صاع تقریباً پونے دو سیر بوزن انگریزی ہوتا ہے۔پس فطرہ ایک شخص کا گیہوں سے پونے دو سیر ہوتا ہے، دو سیر دے دیا جاوے تو کچھ حرج نہیں ہے، زیادہ ثواب ہے مگر پونے دو سیر سے کم کرنا نہ چاہئے۔

شامی جلد ثانی باب صدقۃ الفطر میں ہے قوله وهو اى الصاع الخ اعلم ان الصاع اربعة امداد و المد رطلان والرطل نصف من والمن بالدر اهم مائتان وستون درهما وبالاستار اربعون والاستار بكسر الهمزه بالدراهم ستة ونصف وبالمثاقيل اربعة ونصف كذا فى شرح درر البحار فالمد والمن سواء الخ۔(۱) اس تحقیق کا حاصل یہی ہے جو بندہ نے لکھا ہے۔ایک من یعنی ایک مد کا وزن چالیس استار اور ایک استار ۴½ مثقال، پس کل ایک سو اسی مثقال ہوئے، اس کے ماشہ ۸۱۰ ہوئے اور وہ مساوی ۶۷ ½ تولہ کے ہے، یہ ایک مد کا وزن ہے پس دو مد یعنی نصف صاع ۱۳۵ تولہ کے برابر ہوئے اور یہ بوزن انگریزی ۱سیر ہوتا ہے یعنی چھٹانک کم پونے دو سیر۔اور دوسرے حساب سے جو شامی کی عبارت میں من کا وزن دراہم سے لکھا ہے یعنی ایک من ۲۶۰ درہم کا اس حساب سے نصف ۳ تولہ زیادہ ہوتا ہے۔اسی بنا پر پونے دو سیر کا حکم کر دیا جاتا ہے۔فقط۔

## اسی تولہ کے وزن سے نصف صاع کے وزن میں اختلاف کا حل

(سوال ۵۸۱) اسی کے سیر سے صاع اور نصف صاع کا کیا وزن ہے، مفتاح الجنۃ میں نصف صاع ایک سیر بارہ چھٹانک کا لکھا ہے۔اور لغات کشوری میں ایک سیر ساڑھے نو چھٹانک کا لکھا ہے، اب کس قول پر عمل کرنا چاہئے۔

(جواب) اسی تولہ کے سیر سے حساب صاع اور نصف صاع کا کتابوں کے موافق ہم نے کیا ہے، اس کے موافق صاع قریب ساڑھے تین سیر کے اور نصف قریب پونے دو سیر کے ہوتا ہے۔شامی اور درمختار وغیرہ میں ایسا ہی ہے، اس میں احتیاط ہے۔(۲) فقط

## بستی میں گندم نہ ملے تو شہر کے نرخ سے فطرہ ادا کرنا کیسا ہے

(سوال ۵۸۲) اگر کسی شخص کی بستی میں گندم نہ ملے اور آٹا زیادہ قیمت کو ملتا ہو اور شہر میں گندم کا نرخ ارزاں ہو تو

---

(۱) رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۴، ط.س. ج۲ص ۳۶۵۔

(۲) وهو الصاع المعتبر مايسع الفا وار بعين درهما من ماش او عدس انما قد ربهما لنسا ويهما كيلا ووزنا (در مختار) اعلم ان الصاع اربعة امداد والمد رطلان والرطل نصف من والمن بالدر اهم مائتان وستون درهما (رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۴، ط.س. ج۲ص ۳۶۵)ظفير

شہر کی قیمت سے صدقہ فطر ادا کرنا چاہئے یا کیا۔
(جواب) اپنی بستی کی قیمت کے حساب سے صدقہ فطر ادا کرنا چاہئے۔ اگر وہاں گندم نہ ملیں تو آٹے کی قیمت کا حساب کرنا چاہئے یا جو اور چھوہارے کے صاع کی قیمت کا حساب کرنا چاہئے۔ غرض جو جنس منصوص وہاں ملتی ہو اس کی قیمت کا حساب کیا جاوے۔(۱)

## فطرے میں گیہوں کے بدلے نصف صاع چاول دینا کیسا ہے

(سوال ۵۸۳) فطرہ میں اگر بجائے گندم کے نصف صاع چاول دیا جائے تو جائز ہے یا نہیں۔
(جواب) جائز ہے، اگر قیمت نصف صاع چاول کی نصف صاع گندم کے برابر ہو، یا زیادہ ہو۔(۲) فقط۔

## ایک شخص کا فطرہ کئی شخصوں کو دینا کیسا ہے

(سوال ۵۸۴) فطرہ یک شخص بچند کس وبالعکس دادن جائز ست یا نہ۔
(جواب) قال فی الدر المختار وجاز دفع کل شخص فطرته الیٰ مسکین او مسا کین علی ما علیه الاکثر به جزم فی الوالو الجیة والخانیة والبدایع والمحیط و تبعهم الزیلعی فی الظهار من غیر ذکر خلاف وصححه فی البرهان فکان هو المذهب الخ کما جار دفع صدقة جما عة الی مسکین واحد بلا خلاف یعتد به الخ (۳) پس معلوم شد کہ فطرہ یک کس بچند کس وبالعکس دادن جائز است۔

## زمیندار پر فطرہ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۵۸۵) ہر قسم کے زمیندار خواہ اسکے پاس ملک کی زمین تھوڑی ہو یا زیادہ صدقۃ الفطر واجب ہے یا نہیں۔
(جواب) یہ نہیں کہ زمین تھوڑی ہو یا زیادہ اس پر صدقۃ الفطر واجب ہو جاوے بلکہ یہ ضروری ہے کہ حاجات اصلیہ سے زیادہ ہو، اس قدر زمین ہو کہ قیمت اس کی دوسو درہم یعنی ۵۲½ تولہ ہو جو قریب للعہ روپے کے ہوتے ہیں۔ درمختار در نصاب فاضل من حاجتہ الاصلیۃ الخ (اب ۵۲ ½ تولے چاندی کی قیمت چار روپے کے حساب سے ما ؏ ۲۱۰ ہوگی۔

## فطرہ میں گیہوں کی قیمت کے برابر چاول یا چنا دینا درست ہے

(سوال ۵۸۶) صدقہ فطر میں گیہوں کی جو قیمت ہوتی ہے اس کے چاول یا چنا دینا جائز ہے یا نہیں۔
(جواب) جائز ہے۔

## جہاں جو غلہ رائج ہو اس کا نصف صاع فطرہ میں کافی ہے یا نہیں

(سوال ۵۸۷) صدقہ فطر کا نصاب گیہوں کا نصف صاع اور جو کا ایک صاع مقرر ہے، بعض علماء بنگال کہتے ہیں گیہوں پر منحصر نہیں، جو غلہ جہاں زیادہ تر رائج ہو اس میں سے نصف صاع ہی کافی ہے۔ چنانچہ بنگال میں چاول زیادہ رائج ہیں لہذا چاول کا نصف صاع کافی ہے۔

---

(۱) نصف صاع من بر او دقیقه او سویقه او زبیب الخ اوصاع تمر او شعیر الخ وما لم ینص علیه کذرة و خبز یعتبر فیه القیمة (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۳ ط.س. ج۲ ص ۳۶۴) ظفیر
(۲) وما لم ینص علیه کذرة وخبز یعتبر فیه القیمة (الدر المختار باب صدقة الفطر ج ۱ ص ۱۴۵ ط.س. ج۲ ص ۳۶۴) ظفیر
(۳) الدر المختار مجتبائی باب صدقة الفطر ج ۱ ص ۱۴۵ ط.س. ج۲ ص ۳۶۴ ۱۲۳. ظفیر۔

(جواب) یہ کلیہ ان صاحبوں کا غلط ہے۔ گندم منصوص فی الحدیث ہے اور اگر چاول منصوص نہیں، پس اتنی قیمت کا چاول ادا کرنا ہوگا جو نصف صاع گندم کی قیمت کے برابر ہو جاوے اور معین چاول دینا جائز نہیں۔

### جواب مفتی صاحب

جواب صحیح ہے، غیر منصوص میں قیمت کا لحاظ ضروری ہے، مثلاً اگر چاول دیوے تو اس قدر دیوے کہ اس کی قیمت نصف صاع گندم کی قیمت کے برابر ہو اور یہ جو جواب میں لکھا ہے کہ معین چاول دینا جائز نہیں، اس کا یہ مطلب ہوگا کہ چاول بلا اعتبار قیمت گندم دینا جائز نہیں۔ لعدم ورد النص بہ فکان کالذکوۃ الخ اس سے واضح ہے کہ غیر منصوص کا دینا باعتبار قیمت منصوص کے درست ہے۔

### غریبوں پر فطرہ واجب نہیں

(سوال ۵۸۸) گاؤں کے غریب لوگوں پر عید کا فطرہ جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) غریب لوگوں پر جو مالک نصاب نہیں ہیں، صدقۂ فطر واجب نہیں ہے، البتہ جن لوگوں کے پاس بقدر بچاس باون روپے کی قیمت کی زمین یا مکان رہنے کے مکان سے جدا ہو یا زیور وغیرہ اس قدر ہے، ان کے ذمہ صدقۂ فطر واجب ہے۔ فقط۔

(قال فی الدر المختار فی باب صدقة الفطر علی کل حر مسلم ذی نصاب فاضل عن حاجته الاصلیة کدینه وحوائج عیاله وان لم ینم ج ۲ ص ۹۸ . علی هامش رد المحتار)

### عورت کا فطرہ کس پر واجب ہے

(سوال ۵۸۹) عورت کا فطرہ کس پر واجب ہے مرد کیا باپ پر؟ یا شوہر پر مہر میں سے دیوے؟ عورت کے پاس مال ہو یا نہ ہو

(جواب) عورت جب صاحب نصاب ہو تو فطرہ اسی پر واجب ہے، اگر شوہر ادا کردے گا تو ادا ہو جاوے گا، باپ پر واجب نہیں۔

(ولا یودی عن زوجة ولا عن اولاد الکبار وان کانوا فی عیاله ولوادی عنهم اوعن زوجته اجزا هم استحسا نا کذا فی الهدایة عالمگیریه ج ۱ ص ۱۹۱)

### صاع کا وزن

(سوال ۵۹۰) نصف صاع کا وزن اصلی کیا ہے اس کی پوری تحقیق کیا ہے۔ اپنے حضرات کا کیا عمل ہے،

الجواب صاع

کی تحقیق شامی نے اس طرح کی ہے اعلم ان الصاع اربعة امداد والمدرطلان والرطل نصف من والمن بالدراهم مائتان وستون درهما وبالاستار اربعون والا ستار بکسر الهمزة بالدراهم ستة ونصف وبالمثاقیل اربعة ونصف کذا فی شرح درر البحار فالمد والمن سوا الخ۔(۱) اس تحقیق سے ظاہر ہے، ایک استار ساڑھے چار مثقال کا ہے اور مثقال کا وزن ساڑھے چار ماشہ ہے تو چالیس استار جو ایک مد کا وزن ہے ۸۱۰ ماشہ ہوا اس طرح ۴۰ + ۴½ = ۱۸۰ مثقال + ۴½ = ۸۱۰ ماشہ ÷ ۱۲ = ۶۷ ½ تولہ پس جب کہ ۶۷ ½ تولہ ایک کا

(۱) رد المحتار باب صدقه الفطر ج ۲ ص ۱۰۴ . ط.س. ج ۲ ص ۳۵۹-۳۶۰. ۱۲ ظفیر

وزن ہوتو صاع چار مد کا ہوتا ہے۔صاع کا وزن ۲۷۰ تولہ ہوا، جو بوزن اسی تین سیر اور ڈیڑھ پاؤ...... ہوا، پس نصف صاع ایک چھٹانک کم پونے دوسیر ہوتا ہے، اسی بناء پر پونے دوسیر گندم بوزن اسی صدقہ فطر دینے کا حکم کیا جاتا ہے، مولوی عاشق الٰہی صاحب نے معلوم ہوتا ہے کہ ایک چھٹانک کی کمی کردی ہے جیسا کہ پونے دوسیر کا حکم کرنے والوں نے ایک چھٹانک زیادہ کردیا ہے، اور یہ ظاہر ہے کہ زیادہ کرنا اچھا ہے کم کرنا درست نہیں اور جس نے وزن نصف صاع ایک سیر تین چھٹانک کہا ہے، وہ تحقیق شامی کے موافق صحیح نہیں ہے۔فقط۔

## فطرہ کسی ایک شخص کو دینا افضل ہے یا کئی کو

(سوال ۵۹۱) فطرہ گیہوں کا ایک شخص کو دینا افضل ہے یا کئی کو؟

(جواب) کئی شخصوں کو دینا بھی درست ہے مگر افضل یہ ہے کہ ایک کا صدقہ ایک مسکین کو دیا جاوے (وجاز دفع کل شخص فطرته الی مسکین او مسا کین الیٰ قوله کتفریق الزکوۃ والا مر فی حدیث اغنو هم للندب فیفید الا ولوية الخ)(۱)

## منصوص اشیاء کے علاوہ دوسری چیزیں فطرہ میں

(سوال ۵۹۲) چہ می فرمایند علماء دین اندریں کہ در صدقہ فطر بجائے حطہ وشعیر دانہ ارزدادن جائیکہ طعام شاں چاول ست جائز ست یانہ؟ شخصے میگوید کہ حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ بر جواز فتویٰ دادہ دعویش صحیح یا باطل، تحقیق وتفتیش فرمایند۔

(جواب) کتب فقہ میں یہ منصوص ہے کہ سوائے حطہ وشعیر وغیرہ منصوص کے جو اشیاء غیر منصوص ہیں جیسے چاول نخود باجرا جوار وغیرہ اس میں قیمت کا لحاظ ہے یعنی چاول نخود وغیرہ مثلاً اس قدر دیوے کہ قیمت اس کی نصف صاع گندم یا ایک صاع شعیر وغیرہ کو پہنچ جاوے۔وما لم ینص علیه کذرة خبز یعتبر فیه القیمة الخ (در مختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۰۴ وغیرہ) پس جس جگہ چاول کھائے جاتے ہیں ان کو چاہئے کہ اس قدر چاول فطرہ میں دیوے کہ قیمت ان کی نصف صاع گندم یا ایک صاع شعیر کو مثلاً پہنچ جاوے حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہ کی بندہ کو کچھ تحقیق نہیں۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

## وجوب فطرہ اور قربانی

(سوال ۵۹۳) صدقہ فطر اور قربانی کن لوگوں پر واجب ہے اور صدقہ فطر کے مستحق کون لوگ ہیں؟ روزہ دار یا عوام الناس؟ اور جو شخص مقروض ہو اس پر صدقہ فطر واجب ہے یا نہیں؟

(جواب) صدقہ عید الفطر ادا کرنا اس شخص کے ذمہ واجب ہے جو صاحب نصاب غنی ہو یعنی مالک بچاس ساٹھ کی

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۱۰۶ ط.س. ج۲ص۳۶۷، ۱۲ ظفیر

(۲) تجب (ای صدقة الفطر الی قوله) علی کل حرمسلم ولو صغیرا مجنونا حتی لولم یخر جها ولیهما وجب الا داء بعد البلوغ ذی نصاب فاضل عن حاجته الا صلية کدینه وحوائج عیاله وان لم ینم کم مروبه ای بهذ النصاب تحرم الصدقة کما مروتجب الا ضحیة ونفقة المحارم علی الراجح (درمختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۹۹ ط.س. ج۲ص۳۵۹-۳۶۰) ظفیر۔

( ) نصاب ۵۲ ½ تولہ چاندی یا اس کی قیمت ہے۔اب اس زمانہ میں ... تولے چاندی کی قیمت دوسو دس روپے ہوں گے ...

زمین یا نقد وغیرہ کا ہو، اور جو شخص ایسا نہیں اس پر صدقہ فطر واجب نہیں۔(۱) اور صدقہ فطر محتاج شخص کو دیا جاوے، بہتر ہے کہ نیک لوگوں کو جو نمازی روزہ دار ہوں ان کو دیوے، لیکن اگر غیر روزہ داروں کو جو محتاج ہیں دیا جاوے تب بھی صدقہ فطر ادا ہو جاتا ہے اور قربانی بھی انہی لوگوں پر واجب ہے جو غنی مالک نصاب ہوں، اور جن پر قرض زیادہ ہے کہ قرض اگر ادا کردیں تو بقدر نصاب ان کے پاس نہ بچے گا تو ان پر صدقہ فطر اور قربانی واجب نہیں ہے۔ فقط۔

## صاع کی تحقیق

(سوال ۵۹۴) فطرہ عید کا وزن کیا ہے؟ اور قاضی ثناء اللہ صاحب نے آٹھ رطل کا ایک صاع مقرر کیا ہے اور ایک مولوی صاحب نے دو سیر چھ چھٹانک وزن صاع کا بیان فرمایا ہے۔ صحیح کیا ہے؟

(جواب) وزن صاع وہی صحیح ہے جو قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بیان فرمایا ہے، اسی پر فتویٰ اور عملدرآمد ہے(۱) وزن انگریزی سے وزن صاع کا قریب آدھ پاؤ اور ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے اور نصف صاع پونے دو سیر ایک چھٹانک ہوتا ہے اس کے موافق یہاں صدقہ فطر ادا کیا جاتا ہے اور اسی میں احتیاط ہے۔ ان مولوی صاحب نے جو دو سیر چھ چھٹانک وزن صاع کا بیان کیا ہے صحیح نہیں، جن لوگوں نے اس کے موافق صدقہ فطر ادا کیا ان کو چاہئے کہ جو کچھ باقی رہا اس کو بھی ادا کریں۔ فقط۔

## نصف صاع کا وزن

(سوال ۵۹۵) نصف صاع کا وزن اصلی کیا ہے اور اس کی پوری تحقیق کیا ہے؟ اپنے حضرات کا اس پر عمل نہیں دیکھا۔

(جواب) صاع کی تحقیق شامی میں اس طرح کی ہے اعلم ان الصاع اربعة امداد و المدر طلان والرطل نصف من اوالمن بالدراهم مائتان وستون درهما وبا لا ستار اربعون والا ستار بكسر الهمزة بالدراهم ستة ونصف بالمثاقيل اربعة ونصف كذافی شرح در رالبحار فالمد والمن سواء الخ ۔(۲)

اس تحقیق سے ظاہر ہے کہ ایک استار ساڑھے چار مثقال کا ہے اور مثقال کا وزن ساڑھے چار ماشہ ہے تو چالیس استار جو ایک مد کا وزن ہے ۸۱۰ ماشہ ہوا۔ اس طرح ۴۰ × ۴½ = ۱۸۰ مثقال × ۴½ = ۸۱۰ ماشہ ÷ ۱۲ = ۶۷½ تولہ پس جب کہ ساڑھے سڑسٹھ تولہ ایک مد کا وزن ہوا تو صاع چار مد کا ہوتا ہے، صاع کا وزن ۲۷۰ تولہ ہوا جو بوزن اسی تین سیر اور ڈیڑھ پاؤ ہوا پس نصف صاع ———— ایک چھٹانک کم پونے دو سیر ہوتا ہے۔ اسی بنا پر پونے دو سیر گندم بوزن اسی صدقہ فطر دینے کا حکم کیا جاتا ہے۔ مولوی عاشق الٰہی صاحب نے معلوم ہوتا ہے کہ ایک چھٹانک کی کمی کردی ہے۔ جیسا کہ پونے دو سیر کا حکم کرنے والوں نے ایک چھٹانک زیادہ کردیا ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ زیادہ کرنا اچھا ہے کم کرنا درست نہیں اور جس نے وزن نصف صاع ایک سیر تین چھٹانک لکھا ہے وہ تحقیق شامی کے موافق صحیح نہیں ہے۔ فقط۔

## مصارف صدقہ فطر

(سوال ۵۹۶) مصرف زکوٰۃ وصدقہ فطر اور چرم قربانی ایک ہیں یا کچھ فرق ہے؟ اگر سادات کو اور ماں باپ کو زکوٰۃ یا

---

(۱) اعلم ان الصاع اربعة امداد و المدر طلان والر طل نصف من والمن بالدراهم مائتان وستون درهما وبا لا ستار اربعون والا ستار بكسر الهمزة بالدراهم ستة ونصف الخ (رد المحتار ج ۲ ص ۱۰۴ ط.س. ج۲ ص ۳۶۵) ظفیر۔

(۲) رد المحتار ج ۲ ص ۱۰۴ ط.س. ج۲ ص ۳۶۵ ۔ ۱۲ ظفیر

صدقہ فطر یا قیمت چرم قربانی دے دے تو ادا ہو جاوے گی یا نہیں؟

(جواب) مصرف زکوٰۃ وصدقۃ الفطر اور قیمت چرم قربانی ایک ہے یعنی جن لوگوں کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے ان کو صدقہ فطر اور قیمت چرم قربانی دینا بھی درست نہیں ہے۔(۱) سادات کو زکوٰۃ دینے کے بارہ میں صحیح فتویٰ یہ ہے کہ ناجائز ہے(۲) اصول وفروع کو اگر عمداً یعنی باوجود ان کو پہنچانے کے صدقہ فطر یا قیمت چرم قربانی دے دی گئی تو وہ صدقہ فطر وغیرہ ادا نہیں ہوا(۳) دوبارہ دیوے، یہی حکم زکوٰۃ کا ہے، لیکن اگر اندھیرے میں یہ سمجھ کر کہ یہ کوئی محتاج ہے، زکوٰۃ وصدقہ فطر وغیرہ دے دیا اور بعد میں معلوم ہوا کہ جس کو دیا ہے وہ غنی ہے یا باپ ہے یا دادا ہے یا بیٹا پوتا ہے تو زکوٰۃ وفطرہ وغیرہ ادا ہو گیا، دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں ہے(۴) لیکن مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے باپ وغیرہ کو دینے سے زکوٰۃ وغیرہ ادا نہ ہوگی، دوبارہ دینا چاہئے۔ فقط۔

## امام مسجد کو صدقہ فطر دینا جائز نہیں

(سوال ۵۹۷) امام کو صدقہ فطر دینا جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) امامت کی وجہ سے اس کو فطرہ دینا جائز نہیں ہے۔(۵) فقط۔

---

(۱) وصدقة الفطر كالزكوة فى المصارف فى كل حال (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۰۸. ط.س. ج۲ ص ۳۶۹)

(۲) ولا تدفع الى بنى هاشم الخ (هدايه ج ۱ ص ۱۸۸) ظفير

(۳) ولا يدفع المزكى زكوة ماله الى ابيه وجده وان علا (هدايه ج ۱ ص ۱۸۸) ظفير.

(۴) قال ابو حنيفة ومحمد اذا دفع الزكوة الى رجل يظنه فقير اثم بان انه غنى او هاشمى او كافرا او دفع فى ظلمة فبان انه ابوه او ابنه فلا اعادة عليه (هدايه ج ۱ ص ۱۸۹) ظفير.

(۵) وصدقة الفطر كالزكوة فى المصارف كل حال (الدر المختار على هامش رد المحتار. ط.س. ج۲ ص ۳۶۹) ظفير.

نواں باب

## متفرق مسائل زکوٰۃ

### کسی کو سو روپیہ قرض دیا ۴۵ سال بعد وصول ہوا تو زکوٰۃ کس طرح ادا کرے

(سوال ۵۹۸) ایک شخص نے دوسرے کو سو روپے قرض دیا، مدیون نے بعد ۴۵ سال کے روپیہ ادا کیا تو اب زکوٰۃ کس قدر دینی چاہئے۔

(جواب) مسئلہ یہ ہے کہ قرض کی زکوٰۃ بعد وصولیابی کے پچھلے سالوں کی دینی لازمی ہے، سو روپے کے ۲؍۸ ہیں۔ پھر ہر سال کم ہوتی جاوے گی، یہاں تک کہ جب نصاب پورا نہ رہے گا زکوٰۃ ساقط ہے۔(۱) فقط۔

### جس کی ادائیگی کا ظن غالب نہ ہو کیا کرے

(سوال ۵۹۹) صاحب زکوٰۃ کے ذمہ مبلغ عـــہ ۲۰ روپے واجب الادا تھے، اس نے مبلغ عـــہ ۱۵ تو یقیناً ادا کر دیئے اور مبلغ پانچ میں شک ہے کہ ادا کئے یا نہیں، تو پانچ روپے اس کے ذمہ ادا کرنے ضروری ہیں یا نہیں۔

(جواب) جب کہ غلبہ ظن ادا کرنے کا نہیں ہے اور غلبہ ظن کا ہی اعتبار ہے تو اس کو وہ پانچ روپے باقی ماندہ ادا کرنا چاہئے۔

### ایک شخص زکوٰۃ ادا کئے بغیر مر گیا تو اس کی زکوٰۃ کا کیا حکم ہے

(سوال ۶۰۰) عمر صاحب نصاب تھا اس کے ذمہ مال کی زکوٰۃ واجب الادا تھی، مگر وہ زکوٰۃ ادا کئے بغیر ایک نابالغ لڑکا چھوڑ کر فوت ہو گیا۔ کیا اب عمر کی عورت اس مال میں سے سابقہ باقی ماندہ اور حال کی زکوٰۃ ادا کر سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) بدون وصیت متوفی کے مال متروکہ مشترکہ سے زکوٰۃ ادا نہیں کر سکتی کیونکہ وارث نابالغ لڑکا بھی ہے، اس کے حصہ میں بلا وصیت کے یہ تصرف نہیں ہو سکتا (۲) فی الدر المختار واما دین الله تعالیٰ فان اوصی به وجب تنفیذہ شامی میں کہا ہے وذلک کالزکوٰۃ والکفارات الخ۔ جلد خامس۔(۳) فقط۔

### گوٹے اور جڑاؤ زیور میں زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۶۰۱) گوٹے اور جڑاؤ زیور میں زکوٰۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) گوٹہ جب کہ بقدر نصاب ہو جاوے تو اس میں زکوٰۃ واجب ہے، یا اگر نصاب چاندی وغیرہ کا موجود ہو تب بھی گوٹے کا اندازہ کر کے اس میں شامل کر کے زکوٰۃ دینی چاہئے اور جڑاؤ زیور میں بھی زکوٰۃ واجب ہے۔(۴) فقط۔

### نوٹوں پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۶۰۲) گورنمنٹی نوٹ سند مال ہے عین مال نہیں تو اگر کسی شخص کاروباری کے مثلاً ہزار روپے کے نوٹ ہوں اور اس پر سال بھی گذر جائے اور اس کی حاجات ضروریہ سے زائد رکھے رہیں تو آیا روپیوں کی زکوٰۃ کے ساتھ جو

---

(۱) ولو کان الدین الخ فوصل الی ملکه لزم زکوٰۃ مامضی (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوٰۃ ج ۲ ص ۱۲ ط.س. ج۲ ص ۲۶۶-۲۶۷ ظفیر) (۲) ولو مات فاداء ها وارثه جاز (در مختار) فی الجواهرة اذا مات من علیه زکاۃ او فطرة او کفارة او نذر لم توخذ من ترکته عندنا الخ وان اوصی تنفذ من الثلث (رد المحتار باب صدقة الفطر ج ۲ ص ۹۸ ط.س. ج۲ ص ۳۵۹) (۳)

(۴) واللازم فی مضروب کل منهما ومعموله ولو تبرا او حلیا مطلقا مباح الا ستعمال اولا ولو للتجمل والنفقة لا نهما خلقا اثما نا فیز کیهما کیف کانا (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب زکوٰۃ المال ج ۲ ص ۴۱ ط.س. ج۲ ص ۲۹۷-۲۹۸) ظفیر.

مقدار نصاب ہوں ان نوٹوں کی بھی زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں، اگر ہوگی تو نوٹ کی زکوۃ میں نوٹ دینا چاہتا ہے کیونکہ نقد کرانے میں بہت بٹہ دینا پڑتا ہے، مثلاً فی ہزار پندرہ روپے بٹہ دینا ہوتا ہے اور نوٹ دینے میں احتمال ہے کہ شاید زکوۃ ہی ادا نہ ہو جیسا کہ مولانا اشرف علی صاحب نے الامداد ماہ صفر میں تحریر فرمایا ہے۔

(جواب) ان نوٹوں پر زکوۃ واجب ہوگی اور اگر زکوۃ میں نوٹ دیا تو اس سے زکوۃ ادا ہونے کی وہی صورت ہے جو الامداد صفر میں ہے کہ جن کو وہ نوٹ زکوۃ میں دیا جس وقت وہ اس کا روپیہ وغیرہ لے کر قبضہ کرے گا زکوۃ ادا ہو جاوے گی اور کتابوں میں نوٹ کا ذکر نہیں ہے تاکہ عبارت کسی کتاب کی لکھی جاوے۔ فقط

## پراویڈنٹ فنڈ کی زکوۃ

(سوال ۶۰۳) پراویڈنٹ فنڈ کا روپیہ جو بعد اختتام ملازمت ملتا ہے اگر اس پر زکوۃ کا حکم ہے تو جس سے فی الحال ممکن نہ ہو وہ کیا کرے۔

(جواب) ملازمان کی تنخواہ میں سے جو کچھ روپیہ وضع ہوتا ہے اور پھر اس میں کچھ رقم ملا کر بوقت ختم ملازمت ملازموں کو ملتا ہے وہ ایک انعام سرکاری سمجھا جاتا ہے اس کی زکوۃ گذشتہ برسوں کی واجب نہیں ہوتی۔ آئندہ کو بعد وصول کے جب سال بھر نصاب پر گذر جاوے گا، اس وقت زکوۃ دینا لازم ہوگا۔ (۱) فقط۔

## پراویڈنٹ فنڈ کے سود کا حکم

(سوال ۶۰۴) گورنمنٹ کی طرف سے ایک قاعدہ پراویڈنٹ فنڈ کا ہے جس میں ملازمین کی تنخواہ میں سے کچھ حصہ اس کی تنخواہ کا جس قدر ملازم جمع کرنا پسند کرے وضع کر کے فنڈ میں جمع کیا جاتا ہے اور اس رقم جمع شدہ پر سرکار بخوشی سود دیتی ہے اس کا لینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) سود لینا تو کسی سے جائز نہیں ہے، البتہ سرکار جو بطور انعام وضع شدہ رقم تنخواہ کے ساتھ اسی قدر یا جس قدر ہو ملا کر دیتی ہے اس کا لینا جائز ہے اور نیز یہ بھی حکم کیا جاتا ہے کہ جن لوگوں کا روپیہ بنک وغیرہ میں جمع ہے وہ اس کے سود کو وہاں نہ چھوڑیں اور کفار کی امداد نہ کریں بلکہ وہاں سے لے کر غرباء و فقراء و مساکین کو دے دیں۔ فقط۔

## پراویڈنٹ فنڈ اور بنک کی رقموں پر زکوۃ ہے یا نہیں

(سوال ۶۰۵) فتویٰ نمبر ۲۵۲۰ پہنچا۔ آیا پراوڈنٹ فنڈ بنک یا ڈاکخانہ کی رقموں پر زکوۃ دینا واجب ہے یا نہیں۔ بنک و ڈاکخانہ کی رقمیں تو جمع کرنے والے کے قبضہ و اختیار میں رہتی ہیں یعنی جب وہ چاہے روپیہ نکال سکتا ہے مگر پراویڈنٹ فنڈ کی رقم ایسی ہے کہ جو ملازمت ترک کرنے یا وفات کے بعد مل سکتی ہے، پس اس رقم پر زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔ دیگر یہ کہ جناب نے سود کو ناجائز لکھا ہے کہ سود لینا تو کسی سے جائز نہیں ہے، اور پھر فرماتے ہیں کہ بنک وغیرہ سے سود لے کر غرباء کو دے دینا چاہئے جبکہ سود ناجائز ہے تو ایسی ناجائز رقم غرباء کو دینا کہاں تک جائز ہو سکتا ہے۔

---

(۱) وعند قبض مائتين مع حولان الحول بعده اى بعد القبض من دين صعيف وهو بدل غير مال كمهر ودية وبدل كتابة. الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۹. ط.س. ج ۲ ص ۳۰۵) ظفير.

(جواب) اس رقم پر زکوٰۃ بعد وصول ہونے کے اور وصول کے بعد سال بھر گذر جانے پر واجب ہوتی ہے،(۱) اور باوجود عدم جواز سود کے جو یہ فتویٰ دیا جاتا ہے کہ بنک وغیرہ میں وہ رقم نہ چھوڑے بلکہ وہاں سے لے کر غرباء وفقراء ومساکین کو دے دی جاوے، اس کی وجہ ایک خاص ہے، وہ یہ کہ اگر وہ رقم وہاں چھوڑی جاتی ہے تو معلوم ہوا کہ وہ رقم پادریوں کو دی جاتی ہے جس سے وہ اپنے مذہب کی اشاعت کرتے ہیں اور مسلمانوں کو مرتد بنانے میں وہ روپیہ خرچ کرتے ہیں اور حکم شریعت کا یہ ہے من ابتلی ببلیتین فلیختر اھو نھما یعنی جو شخص دو مصیبتوں میں مبتلا ہو وہ اہون اور کمتر کو اختیار کرے۔ پس سود کا لینا بھی اگرچہ گناہ ہے مگر نہ ایسا جیسا کہ مسلمانوں کے مرتد بنانے اور بے دین کرنے میں امداد دینا اس لئے اس میں اس اہون طریق کو اختیار کیا گیا ہے۔ فقط۔

## تنخواہ کا جو حصہ فنڈ کے نام پر کٹ جاتا ہے اس کی زکوٰۃ

(سوال ۶۰۶) زید ملازم ریلوے ہے اس کی تنخواہ کا ۱/۱۲ حصہ ہر ماہ میں کٹ کر فنڈ میں جمع ہوتا ہے اور ریلوے اس فنڈ کے روپے سے قرض دے کر سود لیتی ہے، اس فنڈ کے کل روپے پر زکوٰۃ فرض ہے یا نہیں۔

(جواب) اس روپے کی زکوٰۃ بعد وصول کے آئندہ لازم ہوگی۔(۲)

## زکوٰۃ ادا کی مگر شرعاً ادا نہ ہوئی تو کچھ ثواب ملے گا یا نہیں

(سوال ۶۰۷) اگر زکوٰۃ ادا کی جاوے اور کسی شرعی وجہ سے وہ ادا نہ ہو تو کچھ ثواب ملے گا یا نہیں۔

(جواب) ثواب ملے گا۔ فقط (۳)

## اجارہ کی زمین پر زکوٰۃ ہے یا نہیں

(سوال ۶۰۸) جو زمین منافع پر لی جاوے اور روپیہ چند سال کا پیشگی ادا کر دے اس پر زکوٰۃ دینی پڑے گی یا نہیں۔

(جواب) جو زمین ٹھیکہ پر یعنی اجارہ پر لی جاوے اور ہر سال کی اجرت معین کر کے چند سال کی اجرت پیشگی دے دی جائے تو یہ درست ہے اور اس روپے کی زکوٰۃ لازم نہیں ہے فقط۔

## زکوٰۃ کی نیت سے جو مختلف رقمیں خرچ کی جاتی ہیں ان سے زکوٰۃ ادا ہوتی ہے یا نہیں

(سوال ۶۰۹) میں نے زکوٰۃ کا ایک کھاتہ علیحدہ رکھ لیا۔ اب جو کچھ محتاجوں پر خرچ کرتا ہوں اس پر لکھ لیتا ہوں۔ مثلاً ایک لاوارث کے کفن میں پانچ روپے صرف کیا اس کو لکھ لیا اور جس قدر راہ خدا میں مسکینوں غریبوں کی خبر گیری کی وہ سب لکھتا رہا اور وقت دینے کے دل میں نیت زکوٰۃ کی بھی کر لی۔ اس صورت میں زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) مسکینوں اور غریبوں کو متفرق طور سے جو کچھ بہ نیت زکوٰۃ دیا جاوے جیسا کہ آپ کرتے ہیں جائز ہے اور زکوٰۃ اس میں ادا ہو جاتی ہے، لیکن لاوارث میت کے کفن میں جو کچھ صرف کیا گیا وہ زکوٰۃ میں محسوب نہ ہوگا وہ

---

(۱) وعند قبض مائتين مع حولان الحول بعده اى بعد القبض من دين ضعيف وهو بدل غير مال كمهر و دية الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۹. ط.س. ج۲ ص ۳۰۶) ظفير

(۲) ولا زكوة على مكاتب الخ ولا فى مال مفقود الخ وما اخذ مصادرة ثم وصل اليه بعد سنين لعدم النمو (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الزكوة ج ۲ ص ۱۱. ط.س. ج۲ ص ۲۶۳) واعلم الديون عندالامام ثلاثة قوى و متوسط وضعيف فتجب زكاتها اذا تم نصابا وحال الحول لكن لا فورا بل عند قبض اربعين درهما من الدين القوى كقرض وبدل مال تجارة فكلما قبض اربعين درهما يلزمه درهم الخ وعند قبض مائتين مع حولان الحول بعده اى بعد القبض من دين ضعيف وهو بدل غير مال كمهر و دية الخ (ايضا باب زكوة المال ج ۲ ص ۴۷. ط.س. ج۲ ص ۳۰۵) ظفير

(۳) ان الله لا يضيع اجر المحسنين (القرآن)

صدقہ نفلی رہے گا زکوۃ میں زندہ فقیر کو مالک بنانا شرط ہے۔فقط۔

## جواہرات وغیرہ پرزکوۃ نہیں ہے

(سوال ۶۱۰) جواہرات مثلاً ہیرا، زمرد، لعل، یاقوت وغیرہ پرزکوۃ ہے یا نہیں۔

(جواب) درمختار میں ہے کہ جواہرات میں زکوۃ نہیں ہے مگر جب کہ وہ تجارت کے لئے ہوں لاز کوٰۃ فی اللآلی والجواہر الخ الا ان تکون للتجارۃ الخ درمختار۔(۱)فقط۔

## زکوۃ کی رقم بذریعہ ڈاک بھیجنے میں فیس کہاں سے دی جائے

(سوال ۶۱۱) زکوۃ کا روپیہ اگر بذریعہ منی آرڈر روانہ کیا جاوے تو فیس منی آرڈر اس میں سے دینا جائز ہے؟

(جواب) بذریعہ منی آرڈر بھیجنا زکوۃ کے روپے کا درست ہے مگر فیس منی آرڈر علیحدہ اپنے پاس سے دینی چاہئے (۲)

## مہر کے مقروض پرزکوۃ واجب ہے

(سوال ۶۱۲) مہر کے مقروض پرزکوۃ آوے گی یا نہیں؟

(جواب) شامی میں ہے والصحیح انہ غیر مانع (۳) یعنی صحیح یہ ہے کہ دین مہر مؤجل وجوب زکوۃ سے مانع نہیں ہے یعنی زکوۃ اس پر مال موجودہ بقدر نصاب کے واجب ہوگی۔

## زکوۃ غریب کو دے کر اپنے قرض میں لے لے تو کیا حکم ہے

(سوال ۶۱۳) زید کا ایک شخص پر روپیہ قرض ہے اور وہ شخص مفلس ہے۔زید یہ حیلہ کرتا ہے کہ اپنے روپیوں کی زکوۃ نکال کر اس مقروض کو دیتا ہے اور پھر اس سے قرض وصول کر لیتا ہے یہ زکوۃ ادا ہوگی یا نہیں۔

(جواب) ادا ہو جاوے گی۔(۴) فقط۔

## بلانیت جو رقم فقیروں کو دی گئی اس سے زکوۃ ادا ہوئی یا نہیں

(سوال ۶۱۴) ایک شخص صاحب زکوۃ نے کسی وقت بہ نیت ادا ادائے زکوۃ کوئی تعین رقم کا بلحاظ مالیت نہیں کیا اور اللہ پاک کے نام خیرات کافی مقدار سے دیتا رہا لیکن کبھی نیتاً یا خیالاً زکوۃ کے نام سے نہیں دیا۔اگر پچھلے سالوں کی زکوۃ ادا نہیں ہوئی تو کیا یکمشت ادا کرنا لازم ہے اور جب کہ گذشتہ سالوں کی مالیت بھی کم وبیش ہوتی رہی تو اب کس معیار پر گذشتہ سالوں کی مقدار بہ ہیئت مجموعی مقرر کی جائے۔

(جواب) جو رقوم بلانیت زکوۃ خیرات کی گئی، وہ زکوۃ میں محسوب نہیں ہوئی، اورزکوۃ......ادا نہیں ہوئی۔(۵) گذشتہ تمام سالوں کی زکوۃ ادا کرنا لازم ہے اور اندازہ ہر سال کا تقریبی جو کچھ غالب گمان میں ہو وہ قائم کر لینا چاہئے اور بتدریج ادا کرنا بھی اس زکوۃ کا درست ہے، یکمشت دینا لازم نہیں۔فقط

---

(۱)الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۸ .ط.س. ج۲ص۲۷۳) ۱۲ ظفیر.

(۲)ولا یخرج (المزکی) عن العہدۃ بالعزل بل بالاداء للفقراء (الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوۃ.ط.س. ج۲ص۲۷۰) او ریہ مسلم ہے کہ فیس منی آرڈر فقراء کو نہیں ملتی اس لئے وہ زکوۃ میں نہیں شمار ہوگی واللہ اعلم ۱۲ ظفیر.(۳)رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۷ ۱۲ ظفیر.(۴) واداء الدین عن العین وعن دین سیقبض لا یجوز وحیلۃ الجواز ان یعطی مدیونہ الفقیر زکوتہ ثم یا خذھا عن دینہ ولو امتنع المدیون مدیدہ واخذ ھا لکونہ ظفر بجنس حقہ (الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۶ .ط.س. ج۲ص۲۷۰) ظفیر.(۵)وشرط صحۃ ادائہا نیۃ مقارنۃ لہ ای للاداء ولو کانت المقارنۃ . حکما الخ ولا یخرج عن العہدۃ بالعزل بل مالاداء للفقراء. (الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الزکوۃ ج ۲ ص ۱۴ .ط.س. ج۲ص۲۶۸) ظفیر.

گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ جو شرعاً ادا نہیں ہوئی اس کے لئے کیا صورت اختیار کی جائے

(سوال ۶۱۵) میں نے جو عرصہ بیس پچیس سال سے زکوٰۃ دی ہے تو ایسے شخصوں کو دی ہے جو میرے ذمہ سے ادا نہیں ہوئی یعنی اپنے پوتوں اور ہمشیرہ اور لڑکی وغیرہ غریب کو۔ مگر اب میں یہ چاہتا ہوں کہ کوئی بات ایسی مجھ کو بتادی جائے کہ جو سال گذر چکے ہیں ان کی زکوٰۃ میرے ذمہ سے ادا ہوجاوے مگر مجھ کو یہ یاد نہیں کہ جو سال گذر چکے ہیں فلاں سال میں اس قدر روپیہ میرے پاس تھا اور فلاں سال میں اس قدر روپیہ تھا بلکہ یہ مجھ کو خوب معلوم ہے کہ اس روپے میں سے خرچ ہوتے ہوتے بہت تھوڑا سا باقی رہا ہے۔ اور نہ میں نے اس روپے سے کسی قسم کی تجارت وغیرہ کی ہے بلکہ اس میں سے خرچ ہی کرتا رہا ہوں اس صورت میں کیا کیا جاوے جو گذشتہ زکوٰۃ میرے ذمہ سے ادا ہوجائے۔

(جواب) گذشتہ سالوں کی زکوٰۃ جو ادا نہیں ہوئی اس کی ادائیگی کی اب اس کے سوائے اور کچھ صورت نہیں ہوسکتی کہ اپنے خیال میں ان برسوں کا اندازہ کیا جاوے کہ ہر سال میں کتنا کتنا روپیہ تخمیناً موجود تھا۔ اور نیز واضح ہو کہ بہن اور بہن کی اولاد جو غریب ہوں ان کو زکوٰۃ دینا درست ہے، البتہ بیٹوں پوتوں اور پوتیوں اور نواسیوں اور نواسوں کو زکوٰۃ دینا درست نہیں ہے۔ (۱) پس یہ بھی اندازہ کیا جاوے کہ کس قدر پوتوں اور لڑکیوں کو دی گئی ہے اور کس قدر بہن کو۔ کیونکہ جو بہن کو دی گئی وہ ادا ہوگئی اور جو اولاد یا اولاد کی اولاد کو دی گئی وہ ادا نہیں ہوئی، الغرض اس اندازہ سے جس قدر روپیہ ہر سال میں موجود ہونا خیال میں آوے اس کی زکوٰۃ کا حساب کرا کر اس کو ادا کر دیا جاوے اور حتیٰ الوسع تخمینہ ایسا کیا جاوے کہ اپنے خیال کے موافق اس میں کمی نہ رہے کچھ زیادہ ہی ہوجاوے کہ احتیاط اسی میں ہے۔ فقط

## جو قرضہ حکومت کو دیا گیا ہے اس کی زکوٰۃ کب واجب ہوگی

(سوال ۶۱۶) زید نے سرکار کو سو روپے بطور قرضہ کے دیئے تھے، ابھی وصول نہیں ہوئے۔ ایک سال کے بعد امید وصول کی ہے تو اس کی زکوٰۃ زید کے ذمہ بعد وصول کے واجب الادائیگی یا قبل وصول کے ہر سال زکوٰۃ دینا چاہئے۔

(جواب) ایسے قرض کی زکوٰۃ بعد وصول کے واجب الادا ہوتی ہے، وصول سے پہلے زکوٰۃ دینا واجب نہیں ہے، لیکن اگر زکوٰۃ اس کی قبل وصولیابی کے دیدیوے تو ادا ہوجاوے گی۔ بعد وصول کے پھر دینی نہ آوے گی۔ کذا فی کتب الفقہ۔ (۲) فقط۔

## کسی مسکین کے لئے زکوٰۃ سے ماہوار مقرر کرنا کیسا ہے

(سوال ۶۱۷) کسی شخص مسکین کا زکوٰۃ سے مثلاً ایک روپیہ ماہوار مقرر کردیا تو زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے یا نہیں۔

(جواب) زکوٰۃ ادا ہوجاتی ہے۔ (۳) فقط۔

## کیا غلہ کی قیمت کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دیا جائے گا

(سوال ۶۱۸) غلہ کی قیمت کا چالیسواں حصہ زکوٰۃ میں دینا بعد فروخت کرنے غلہ کے کیسا حکم ہے۔

---

(۱) ولا الی من بینهما ولاد (درمختار) وقید بالولاد لجواز ه لبقیة الا قارب کالا خوة والا عمام والا خوال الفقراء بل هم اولی لانه صلة وصدقة (ردالمحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۶. ط.س. ج۲ص۳۴۶) ظفیر.

(۲) ولوکان الدین الخ فوصل الی ملکه لزم زکوة مامضی (الد ر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الزکوة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج۲ص۲۶۶-۲۶۷) ظفیر.

(۳) ومقارنة بعزل ماوجب کله او بعضه ولا یخرج عن العهدة بالعزل بل بالاداء للفقراء (ایضا). ط.س. ج۲ص۲۷۰

(جواب) اس صورت میں غلہ کی قیمت کا چالیسواں حصہ زکوۃ میں دینا بعد حولان حول لازم ہے۔(۱) فقط۔

## جبراً عشر و چندہ مدرسہ میں لینا کیسا ہے

(سوال ۶۱۹) جبراً عشر و چندہ وصول کر کے مدرسہ ومکتب میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جبر کرنا صدقہ نفلی میں درست نہیں ہے

## زکوۃ کا روپیہ کسی نے خرچ پر دے دیا کیا حکم ہے

(سوال ۶۲۰) ایک شخص کے پاس مہتمم مدرسہ نے کچھ روپیہ زکوۃ کا طلبہ کے واسطے رکھ دیا تھا، اس کو کچھ ضرورت پڑی اس نے دو روپے بلا اجازت مہتمم مدرسہ اپنے خرچ میں صرف کر لیا اور پھر ادا کر دیا، اس کے واسطے کیا حکم ہے۔

(جواب) اس کو صرف کرنا جائز نہ تھا، لیکن ادا کرنے کے بعد وہ بری ہو گیا۔

## مدفون روپے کی زکوۃ

(سوال ۶۲۱) جو روپیہ زمین میں مدفون ہے اور اس سے کسی قسم کا نفع نہیں ہے تو اس میں زکوۃ ہے یا نہیں؟

(جواب) اس روپے کی زکوۃ ہر سال دینی چاہئے۔(۲)

## انجمن زکوۃ

(سوال ۶۲۲) ایسی انجمن قائم کرنا جس میں مال زکوۃ مساکین پر صرف ہوتا ہو جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) درست ہے۔

## قرض روپے کی زکوۃ

(سوال ۶۲۳) قرض میں جو روپیہ پڑا ہوا ہے اور وہ بقدر نصاب ہے اور سال بھر گذر گیا ہے تو اس کی زکوۃ واجب ہے یا نہیں

(جواب) قرض میں جو روپیہ پڑا ہوا ہے اور بقدر نصاب ہے اور سال بھر گذر گیا ہے تو اس کی زکوۃ بعد وصول کے ادا کرنا واجب ہوتی ہے، جس قدر وصول ہوتا جاوے اس کی زکوۃ ادا کی جائے گی، جو روپیہ مارا جاوے گا اس کی زکوۃ بھی ساقط ہو جاوے گی۔(۳)

## قرضہ کی زکوۃ بعد وصول

(سوال ۶۲۴) قرضہ جو قابل وصول ہے اس پر زکوۃ دی جاوے یا قرضہ کے وصول پر؟ اور جو قرضہ فی الحال قابل وصول ہے لیکن شاید کچھ عرصہ کے بعد غیر قابل وصول ہو جاوے، یا بعض قرضہ اقساط کے ساتھ وصول ہو اس کے واسطے کیا ارشاد ہے۔

(جواب) بعد وصول قرضہ کے زکوۃ دینا واجب ہوتا ہے لیکن اگر قبل از وصول دے دی جاوے تو یہ بھی جائز ہے۔ جو قرضہ اب قابل وصول ہے اور بعد میں شاید قابل وصول نہ رہے اس میں بھی یہی حکم ہے جو گذرا۔

---

(۱) تجب فی کل مائتی درهم خمسة دراهم الخ (عالمگیری كتاب الزكاة باب ثالث ج ۱ ص ۱۶۷ . ط.س. ج۲ ص۱۷۸) ظفیر (۲) ولا فی مال مفقود (الی قوله) ومدفون ببرية نسی مكانه ثم تذكره ...... بخلاف المدفون فی (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ ص۲۶۶) ظفير صديقی.
(۳) ولو كان الدين على مقر ملئی (الی قوله) فوصل الی ملكه لزم زكاة مامضى (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۲ . ط.س. ج۲ ص۲۶۶-۲۶۷) ظفير.

## قرض روپے کی زکوٰۃ کب ادا کی جائے

(سوال ۶۲۵) خالد نے عابد کو روزگار کے واسطے قرض روپیہ دیا، عابد نے روزگار میں نقصان پایا، روپیہ خالد کا صرف ہوگیا اپنا مکان عابد نے خالد کو رہن لکھ دیا۔ اب خالد اس روپے کی زکوٰۃ کیوں کر ادا کرے۔

(جواب) قرض میں جو روپیہ ہے اس کی زکوٰۃ بعد وصول کے ادا کرنا واجب ہوتی ہے، پس جو روپیہ وصول نہ ہوا اس کی زکوٰۃ ادا کرنا لازم نہ ہوئی۔

## صدقہ کا ثواب مالک خانہ کو ملے گا یا سب گھر والوں کو

(سوال ۶۲۶) اگر کسی گھر میں نو دس آدمی ہیں اور ایک شخص کا اختیار تمام چیز پر ہے اور مختار سب کی خوشی سے بنا گیا ہے۔ اگر وہ صدقہ دے گا تو اس کو ہی ثواب ملے گا یا تمام گھر والوں کو۔

(جواب) جب کہ صدقہ خیرات سب کے مال مشترکہ سے ان کی اجازت سے ہے تو سب کو ثواب ملے گا۔

## پراویڈنٹ فنڈ کی زکوٰۃ اور اس کے سود کا حکم

(سوال ۶۲۷) میں گورنمنٹ انگریزی میں دس روپے ماہوار کا ملازم ہوں دس آنے میری تنخواہ اور پانچ آنے عطیہ گورنمنٹ جملہ پندرہ آنے ماہوار میرے نام سے سونگ بنک میں جمع ہوتے ہیں، کچھ سود بھی ماہوار اس مجموعہ پر لگتا ہے، میں جمع کرنا اور سود لینا نہیں چاہتا، مگر یہ قاعدہ مقررہ قبول نہیں کیا جاتا، حسب قاعدہ معینہ وہ مجموعہ بحالت ملازمت مل بھی نہیں سکتا۔ عدم ملازمت کی صورت میں وہ کل مجموعہ مع سود یکجا وصول ہوگا۔ اصل وسود کی کچھ تشریح نہ ہوگی۔ اس صورت میں مجموعہ موجودہ بنک کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے یا نہیں۔ اب شرع شریف کا اس بارہ میں میرے واسطے کیا حکم ہے؟

(جواب) جو کچھ وصول ہو اس میں سے بقدر سود صدقہ کر دیا جاوے کیونکہ روپیہ (میں تمیز[1] متعذر رہے اور زکوٰۃ بعد وصول کے لازم ہوگی۔ اس وقت سے زکوٰۃ کا حساب کیا جاوے گا جس وقت اس وضع کردہ رقم کی مقدار نصاب کو پہنچ جاوے۔ فقط واللہ اعلم کتبہ عزیز الرحمٰن عنہ مفتی مدرسہ عربیہ دیوبند۔

## پراویڈنٹ فنڈ کی زکوٰۃ اور اس کی حقیقت

(سوال ۶۲۸) بعض ملازمت ہائے انگلیشیہ میں ایک طرز پراویڈنٹ فنڈ کا جاری ہے۔ پراویڈنٹ فنڈ یہ ہے کہ تنخواہ ملازمین میں سے ایک مقدار ہر ماہ کٹتی رہتی ہے وہ روپیہ رقم جمع ہو کر بوقت علٰیحدگی خود ملازم یا درصورت فوت اس کے ورثہ کو ملتا ہے اس سوال میں خاص بریلی کالج کی بحث ہے جس کے قواعد میں ابتداءً یہ تھا کہ اگر ملازم چاہے تو پانچ فی صدی اپنی تنخواہ میں سے پراویڈنٹ فنڈ میں جمع کرتا رہے، لیکن جب کہ بعض ملازمین نے اس قاعدے پر اعتراض کر کے پوری تنخواہ لینی چاہی تو کمیٹی منتظمہ کالج نے قاعدہ مذکورہ کے بجائے اجبار کر دیا جس سے ہر ملازم کی تنخواہ میں سے ماہانہ رقم وضع ہونے لگی اور اختیار نہیں رہا کہ کبھی وہ حالت ملازمت میں بجز صورت علٰیحدگی یا فوت ہونے کے رقم مجرا کر وہ لے سکے۔ یہ رقم مجرا شدہ وقتاً فوقتاً الہ آباد بنک میں ہر ملازم کے نام کے آگے تعداد رقم مجرا شدہ ششماہی اور سالانہ لکھی جانے لگی اور اس میں منافع دومی خانہ میں لکھا جانے لگا۔ اور تیسرے خانہ میں رقم مجرا شدہ کے برابر رقم

---

(۱) رجسٹر میں اس جگہ عبارت اس طرح درج ہے" کیونکہ وہ سمندر ہے" اس عبارت کا کچھ مطلب سمجھ میں نہیں آیا، اس لئے بعد استصواب بین القوسین الفاظ زیادہ کر دیئے گئے ہیں۔

اور لکھی جانے لگی۔ کمیٹی منتظمہ ملکہ گورنمنٹ کا عطیہ خاص اپنی طرف سے یہ رقم ملازم کالج کے لئے تھی اور ہے۔ یعنی وقت علیٰحدگی ملازم کے مجموعہ تینوں رقم کے ملنے کا قاعدہ ہوا۔ لیکن رقم مجراشدہ از تنخواہ کے ملنے کا وقت علیٰحدگی ہر حال میں وعدہ تھا اور ہے۔ پر اپنی رقم عطیہ کے ملنے کو کمیٹی نے اس بات کے ساتھ مشروط کیا کہ وقت علیٰحدگی ملازم کے اول کمیٹی کی طرف سے رزیلوشن تجویز ہوگی۔ آیا اس ملازم کی رقم عطیہ ملے یا نہیں۔ حکم ہونے پر رقم مذکورہ عطیہ ملازم کو دی جاوے گی ورنہ نہیں۔ یہ طریقہ پنشن کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے جو بوقت پیری یا علیٰحدگی ملازم کو امداد دے سکے اور ساتھ میں ایک نوع دباؤ یا لالچ دلانے کی صورت میں بھی ہے، اور ترغیب پروفیسران اور معلمان کالج کے لئے وفاداری گورنمنٹ کی کہ ان کا روپیہ جز و تنخواہ جو جمع ہو کر زائد رقوم ہو کر ہزاروں تک ہو کر کمیٹی کے اختیار و قبضہ میں رہتا ہے، اگر وہ وفادار نہ بنیں تو ان رقوم سے ہاتھ اٹھاویں بالجملہ دوم اگست سن ۱۹۱۵ء کو ایک پروفیسر کو رقم مبلغ ایک ہزار سات سو چون روپے چودہ آنے ایک پائی۔ مجموعہ ہر سہ مدات مذکورہ یعنی رقم مجراشدہ از تنخواہ مبلغ چھ سو نوے روپے بامنافع مذکورہ تعدادی دو سو اٹھائیس روپے دس آنے آٹھ پائی رقم عطیہ از جانب کمیٹی مساوی رقم اول تعدادی چھ سو نوے روپے بحمدہ تعالیٰ عطاء ہوا، اور روپیہ پروفیسر کے ہاتھ میں آ گیا۔ اب سوال یہ ہے کہ آیا رقم پر بعد حولان حول زکوٰۃ اس کے ذمہ لازم و واجب ہوگی یا سردست زکوٰۃ سنین ماضیہ کی واجب ہے؟

(جواب) ہر سہ رقم کے وصول ہونے کے بعد حولان حول ہونے پر زکوٰۃ دینا واجب ہوگا، سنین ماضیہ کی زکوٰۃ کسی رقم کی بھی لازم نہ ہوگی۔ رقم منافع و رقم عطیہ پر تو عدم وجوب زکوٰۃ ظاہر ہے کہ ابھی ملک مزکی میں نہیں آئی اور رقم مجراشدہ کا بھی یہی حکم ہے کیونکہ شان مصادرہ موجود ہے اور اجبار اس کی دلیل ہے اور معروض سقوط میں ہونا اس کا متبادر نہیں۔ والاصل فیه حدیث علی لا زکوٰة فی مال الضمار .درمختار قوله حدیث علی رضی الله تعالیٰ عنه كذا عزاه فی الهداية الی علی ولیس بمعروف وانما ذكره سبط ابن الجوزی فی اثار لا نصاف عن عثمان وابن عمر كذافی شرح النقاية الملا علی قاری رحمة الله علیه . شامی .(۱) فقط۔

## ایصال ثواب کے لئے صدقہ جاریہ کی بہتر صورت کیا ہے

(سوال ۶۲۹) ایک شخص دو صد روپیہ اپنے والدین مرحوم کے مکافات گناہ کے لئے دوامی سلسلہ کی صورت میں قائم کر کے اللہ کی راہ میں دینا چاہتا ہے، احسن صورت صرف کی کون سی ہے۔

(جواب) ایصال ثواب کے لئے صدقہ جاریہ کی صورت بہتر ہے تاکہ ہمیشہ ہمیشہ کو ثواب پہنچتا رہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ روپیہ مذکورہ کتب دینیہ حدیث وفقہ وتفسیر کی خرید کر کے مدرسہ دینیہ میں داخل کر دی جاویں کہ اس کا نفع عظیم ہے یا روپیہ مذکورہ سے کوئی جائیداد خرید کر اس کو وقف کر دیا جائے اور آمدنی اس کی کسی مدرسہ دینیہ کے طلبہ مساکین اور یتامیٰ اور اقرباء غرباء پر تقسیم کر دی جائی کہ اس قدر فلاں کو اور اس قدر فلاں کو دی جاوے۔ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں اذا مات الانسان انقطع عنه عمله الا من ثلثة الا من صدقة جارية او علم ينتفع به او ولد صالح يدعوله رواه مسلم ۔(۲)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ان کی اعانت میں جو کچھ صرف کیا جاوے گا وہ بھی صدقہ جاریہ ہے اور ثواب اس کا ہمیشہ متوفی کو پہنچتا رہے گا۔ فقط۔

(۱) رد المحتار کتاب الزکوٰة ج ۲ ص ۱۲. ط.س. ج ۲ ص ۲۷۰. ۱۲ ظفیر
(۲) مشکوٰة کتاب العلم فصل اول ص ۳۲. ۱۲ ظفیر

# کتاب الصوم

پہلا باب

## روزہ کی نیت، روزہ کی قسمیں اور اس کی حیثیت

## الحمد للہ و کفیٰ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

### روزہ کی نیت

(سوال ۱) زید صبح کو سو گیا۔ قریب ۱۱-۱۲ بجے کے آنکھ کھلی تو وہ روزہ رکھ سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) رمضان شریف کے روزہ کی نیت یا نفل روزہ کی نیت دن میں نصف نہار شرعی سے پہلے صحیح ہے یعنی ۱۱ بجے تک تقریباً صحیح ہے۔(۱) فقط۔

### رمضان میں بلا عذر شرعی کھانے والے کی مثال

(سوال ۲) مولوی صاحب نے ایک شخص کو رمضان میں بلا عذر شرعی کھاتے پیتے دیکھ کر کہا کہ خنزیر خور ہے اور رمضان میں کھانا حرام ہے اور جس کو کھاتے دیکھتے ہیں، یہ کہتے ہیں کہ سور کھا رہا ہے۔ یہ کہاں تک درست ہے۔ رمضان میں بلا عذر شرعی کھانا حرام ہے یا گناہ کبیرہ۔

(جواب) بلا عذر رمضان شریف میں دن کو کھانا پینا بے شک قطعاً حرام ہے اور کھانے والا مرتکب حرام فعل کا ہے اور گناہ کبیرہ کا ہے اور تشبیہاً اس کو خنزیر خور کہنا صحیح ہو سکتا ہے یعنی جیسا کہ خنزیر خور حرام خور اور مرتکب حرام فعل اور گناہ کبیرہ کا ہے، اسی طرح رمضان شریف میں بلا عذر کھانے والا حرام خور اور مرتکب فعل حرام اور گناہ کبیرہ کا ہے اور مثل خنزیر خور کے ہے۔ (۲) فقط۔

### مسافر مریض رمضان میں نفل کی نیت سے روزہ رکھے تو فرض ہوگا یا نفل

(سوال ۳) مسافر یا مریض اگر رمضان میں بہ نیت نفل روزہ رکھے تو نفل ہوگا یا فرض۔

(جواب) شامی میں ہے وحاصله ان المريض والمسافر لو نويا واجباً اخر وقع عنه ولو نو يا نفلاً او اطلقا فعن رمضان الخ . ( (۳) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ مریض اور مسافر اگر نفل کی نیت کریں تو رمضان کا روزہ ہوگا اور اگر واجب آخر کی نیت کریں تو واجب آخر ہوگا۔) وفيه تفصيل و اختلاف۔ (۴) فقط۔

### اوقات سحری کے بعد کھانا جائز نہیں

(سوال ۱/۴) زید کہتا ہے کہ ناواقف لوگ جو اوقات سحری سے خبر نہیں رکھتے۔ جب تک اذان نہ سنیں کھا پی سکتے ہیں۔ اگر

---

(۱) فيصح اداء صوم رمضان الخ من الليل الخ الى الضحوة الكبرى لا بعدها (در مختار) قوله الى الضحوة الكبرى المراد بها نصف النهار الشرعي وهو من استطارة الضوء فى افق المشرق الى غروب الشمس والغاية غير داخلة فى المغيا (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۲ . ط.س. ج ۲ ص ۳۷۷) نیت سے مراد دل کا ارادہ ہے۔ زبان سے ادائیگی ضروری نہیں ہے۔ اس لئے اگر ارادہ رات میں کر کے سویا تھا تو پھر کوئی مزید ضرورت نہیں۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(۲) اعلم ان صوم رمضان فريضة لقوله تعالىٰ كتب عليكم الصيام وعلىٰ فرضته انعقد الا جماع ولهذا يكفر جاحده (هدايه كتاب الصوم ج ۱ ص ۱۹۳) ظفير.

(۳) رد المحتار للشامى كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۷ . ط.س. ج ۲ ص ۳۷۸ . ۱۲ ظفير

(۴) دیکھئے رد المحتار ايضا ج ۲ ص ۱۱۷ . ط.س. ج ۲ ص ۳۷۸ . ۱۲ ظفير.

مؤذن نے اذان میں دیر کی تو مؤذن کا قصور ہے۔

## صبح صادق کے بعد کھانے کی اجازت نہیں

(سوال ۵/۲) زید کہتا ہے کہ صحیح بخاری کی حدیث میں ہے کہ ایک شخص کے ہاتھ میں کچھ کھانے پینے کو موجود ہے، صبح صادق ہوگئی، وہ اس ہاتھ کی خوراک کھا پی سکتا ہے، اس کا کیا مطلب ہے۔

(جواب) (۱) صبح صادق کے بعد کھانا پینا درست نہیں، خواہ اذان ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو، اس بارے میں بہت احتیاط کرنے چاہئے۔(۱)

(۲) اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صبح صادق کا ہونا یقینی نہ ہو۔(۲) فقط۔

## عرفہ کے دن روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۶) بتاریخ ۹ ذی الحجہ بروز عرفہ روزہ رکھنا کیسا ہے۔

(جواب) مستحب ہے اور اس میں بہت ثواب ہے۔(۳) فقط۔

## نفل اور نذر روزے کی نیت کب کرے

(سوال ۷) نفلی روزہ میں یا نذر میں نیت کب سے کرے۔

(جواب) نفلی روزہ میں اور نذر معین اور رمضان شریف کے روزے کی رات سے نیت کرے، یا صبح کو، نصف النہار شرعی تک کرے، درست ہے اور باقی روزوں میں رات سے نیت کرنا ضروری ہے۔(۴) فقط۔

## نذر کے روزہ میں قضا کی نیت کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۸) ایک شخص کے ذمہ کچھ روزے قضاء کے تھے اور کچھ نذر کے۔ پہلے قضاء کے رکھنے شروع کئے، جب وہ ختم ہو گئے تو نذر کے رکھے، مگر رات کو نذر کی نیت یاد نہ رہی، قضاء کی نیت کر لی۔ دن کو یاد آیا تو نذر کا روزہ ادا ہوگا یا نہیں۔

(جواب) نذر معین میں دن کو دوپہر تک نیت ہو سکتی ہے۔(۵) اور نذر مطلق میں یعنی جس میں کوئی دن اور تاریخ مقرر نہ کی جائے، رات سے نیت اس روزہ کی ضروری ہے پس صورت مسئولہ میں اگر نذر مطلق کا روزہ ہے تو وہ بہ نیت قضاء

---

(۱) وشرعاً امساک عن المفطرات الا تیة حقیقة او حکما الخ فی وقت مخصوص وهو الیوم (در مختار) ای الیوم الشرعی من طلوع الفجر الی الغروب (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۰ .ط.س. ج۲ص ۳۷۱) ظفیر

(۲) او تسحر او افطر یظن الیوم الخ لیلا والحال ان الفجر طالع والشمس لم تغرب الخ قضی فی الصور کلها فقط (الدر المختار علی هامش باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۳ .ط.س. ج۲ص ۴۰۵) ظفیر.

(۳) صیام یوم عرفة احتسب علی الله ان یکفر السنة التی قبله والسنة التی بعده رواه مسلم (مشکوة باب صیام التطوع ص ۱۷۹) والمندوب کایام البیض عن کل شهر الخ وعرفة ولو لحاج لم یضعفه (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴ .ط.س. ج۲ص ۳۷۵) ظفیر.

(۴) فیصح اداء صوم رمضان والنذر المعین والنفل بنیة من اللیل الخ الی الضحوة الکبریٰ لا بعدها الخ والشرط للباقی من الصیام قرآن النیة للفجر ولو حکما وهو تبییت النیة الضرورقوتعیینها لعدم تعیین الوقت (الدر المختار علی هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۱۶ .ط.س. ج۲ص ۳۷۷) ظفیر.

(۵) فیصح اداء صوم رمضان والنذر المعین والنفل نیة من اللیل فلا تصح قبل الغروب ولا عنده الی الضحوة الکبریٰ لا بعدها الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۶ .ط.س. ج۲ص ۳۷۷) ظفیر.

ادا نہ ہوگا۔ نذر کا روزہ پھر رکھنا ہوگا۔ (۱) فقط۔

## جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۹) جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا درست ہے یا نہیں خاص کر جو عرفہ ذی الحجہ جمعہ کو ہو تو روزہ رکھے یا نہیں، ایک واعظ نے جمعہ کا روزہ رکھنا حرام فرمایا ہے۔ واعظ درست کہتا ہے یا غیر درست؟

(جواب) واعظ کا کہنا درست نہیں ہے۔ جمعہ کا روزہ مستحب ہے۔ بعض فقہاء نے اس خیال سے کہ روزہ کے ضعف کے باعث فرض نماز میں کچھ خلل واقع نہ ہو جائے منع فرمایا ہے، ورنہ ویسے اس کے استحباب میں کوئی شک نہیں۔ اور فقہاء احتیاطاً فرماتے ہیں کہ ایک روزہ اس سے اول یا اس کے بعد رکھ لے، اگر تنہا رکھے تو کچھ حرج نہیں۔ قال الشامی فی کتاب الصوم فکان الا حتیاط ان یضم الیہ یوما اخر (الی ان قال) لان فیہ وظائف فلعلہ اذا صام ضعف عن فعلہا۔ (۲) فقط۔

## عرفہ کا روزہ حاجی لوگ کیوں نہیں رکھتے

(سوال ۱۰) ماہ ذی الحجہ میں عرفہ کے دن یعنی نویں تاریخ کو جو روزہ رکھنے کا بہت ثواب ہے تو اس روز حاجی لوگ خاص عرفات میں روزہ کیوں نہیں رکھتے، اس کی وجہ کیا ہے۔

(جواب) سفر کی وجہ سے اور اس وجہ سے کہ روزہ رکھنے کے سبب سے کہیں افعال حج کے ادا کرنے میں ضعف کے باعث خلل واقع نہ ہونے لگے۔ (۳) واللہ اعلم (یوں اگر حاجی کو عرفات کے فرائض کی ادائیگی میں خلل نہ ہو اور وہ کمزوری محسوس نہ کرے تو وہ بھی عرفہ کا روزہ رکھ سکتا ہے۔ جیسا کہ حاشیہ کی عبارت سے ظاہر ہے۔ ظفیر)

---

(۱) والشرط للباقی من االصیام ای من انواعہ الخ وھو قضاء رمضان ولنذر المطلق الخ قرآن النیۃ للفجرو لو حکما وھوتبییت النیۃ الخ (ایضاً). ط.س. ج۲ص ۳۸۰. ظفیر.

(۲) رد المحتار للشامی کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴ ۔ پوری عبارت یہ ھے والمندوب کایام البیض عن کل شھر ویوم الجمعۃ ولو منفرداً وعرفۃ ولو لحاج لم یضعفہ (در مختار) قولہ یوم الجمعۃ ولو منفرداً ۔ صرح بہ فی النھر وکذا فی البحر فقال ان صومہ بانفرادہ مستحب عند العامۃ کالا ثنین والخمس الخ ولا باس بصوم ، یوم الجمعۃ عند ابی حنیفۃ و محمد لماروی عن ابن عباس انہ کان یصومہ ولا یفطر الخ (رد المحتار ایضاً. ط.س. ج۲ص۳۷۵) ظفیر.

(۳) والمندوب کا یام البیض الخ وعرفۃ ولو لحاج لم یضعفہ (در مختار) صفۃ لحاج ای ان کان لا یضعفہ عن الوقوف بعرفات ولا یحل بالداعوۃ محیط فلواضعفہ کرہ (رد المحتار کتاب ج ۲ ص ۱۱۴ .ط.س. ج۲ص۳۷۵) ظفیر.

دوسرا باب

## رویت ہلال، اختلاف مطالع اور قول منجمین وغیرہ

### رمضان کے چاند کی شہادا ایک مرد اور تین عورتیں دیں تو کیا حکم ہے

(سوال ۱/۱۱) ماہ رمضان ۲۹ کو شہر خیر پور میں گردوغبار کے باعث عوام نے چاند نہ دیکھا۔ بعد نماز مغرب کے حافظ اللہ بخش اور تین عورتیں شہادت دیتی ہیں کہ ہم نے یقیناً چاند دیکھا ہے اللہ بخش کہتا ہے کہ میں اوروں کو پکارتا مگر کوئی نہیں پہنچا، حتیٰ کہ چاند بادل میں آ گیا ان کا حال محلہ والوں سے دریافت کیا گیا۔ سب نے یہ کہا، ہم کو ان کو کوئی شکایت نہیں۔ دریں صورت اس شہادت کو معتبر سمجھ کر افطار کا حکم دینا جائز ہے یا نہیں۔

### عدالت کی تعریف موجودہ دور میں

(سوال ۲/۱۲) عدالت کی تفسیر جو فی زمانا معتبر و معمول بہ ہو تحریر فرمایئے۔

### عدالت کی تعریف فقہ میں

(سوال ۳/۱۳) کتب فقہ میں عدالت کی تفسیر یہ لکھی ہے:
ملکۃ تحمل علی ملازمۃ التقویٰ والمروۃ والشرط ادناھا ترک الکبائر الخ لیکن اس زمانے میں اگر ایسا کوئی نہ ملے تو جن معاملات میں یہ شرط کی گئی ہے اس کا فیصلہ کیونکر کیا جائے۔

### اختلاف زمانہ میں سے عدالت کی تفسیر میں فرق آئے گا یا نہیں

(سوال ۴/۱۴) اختلاف عصر سے عدالت کی تفسیر میں فرق آ سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) اگر وہ دو شخص چاند دیکھنے والے نمازی پرہیز گار ہیں، فسق و فجور ان کا ظاہر نہیں ہے تو ان کی گواہی پر افطار درست ہے۔(۲)

(۲،۳،۴) عدل کی وہی تفسیر اب بھی ہے جو فقہاء نے لکھی ہے وہی معتبر ہے اختلاف عصر سے عدالت کی تعریف میں کوئی فرق نہیں پڑے گا، جس جگہ عدالت فقہاء نے شرط کی ہے، وہاں ایسی ہی عدالت کی ضرورت ہے، اور جہاں مستور کی گواہی بھی کافی ہے، جیسے روزہ رکھنے میں اور اثبات رمضانیت میں وہاں ثبوت عدالت کی ضرورت نہیں، مگر فسق بھی ظاہر نہ ہو۔ کما فی الشامی۔ لان المراد بالعدل من ثبتت عدالته ولا ثبوت فی المستور اما مع تبین الفسق فلا قائل به عندنا الخ ۔(۳) فقط۔

### چار یا دو آدمی آ کر کہیں کہ ہم نے فلاں شہر میں سنا کہ چاند ہو گیا ہے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۵) تار کی خبر ہلال عید و رمضان کے بارے میں معتبر ہے یا نہیں، یا آدمی معتبر نہیں گے اگر کہیں کہ فلاں شہر میں چاند ۲۹ کو دیکھا گیا، ہم نے وہاں کے باشندوں سے سنا ہے، اور اگر دو آدمی جو پابند صوم وصلوٰۃ نہیں ہیں، چاند کی گواہی دیں تو معتبر ہوتی ہے یا نہیں۔

---

(۱) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۳ .ط.س. ج۲ص۳۸۵. ۱۲ ظفیر
(۲) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة ولفظ اشهد وعدم الحدفى قدف الخ ولو كانوا ببلدة لا حاكم فيها صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلين مع العلة لضرورة (درمختار) قوله نصاب الشهادة اى على الاموال وهو رجلان او رجل وامرأتان (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴ .ط.س. ج۲ص۳۸۶) ظفیر۔
(۳) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ .ط.س. ج۲ص۳۸۶. ۱۲ ظفیر۔

(جواب) تار کی خبر شرعاً قابل اعتبار کے نہیں ہے، اس پر روزہ رکھنا اور عید کرنا درست نہیں ہے، اور دو آدمیوں کا یہ کہنا کہ فلاں شہر میں چاند ہوا ہے۔ لیکن دیکھنے والے سے انہوں نے نہیں سنا یہ بھی معتبر نہیں ہے(۱) اور بے نمازی کی شہادت رمضان وعید کے بارہ میں معتبر نہیں ہے۔(۲) فقط۔

## چاند دیکھنے والے پر جرح کرنا کیسا ہے

(سوال ۱۶) چاند دیکھنے والے کی خبر، نیز اس کی شہادت دینے والوں کی شہادت کے لئے فجر اور مشاہدین کی صرف عقیدی اور عملی حالت کی جانچ لینا کہ وہ غیر مسلم اور فاسق نہ ہوں، کافی رہا کہ ان کو ایسی باتیں کہنی جس سے ان کو ذلت اور شکستگی دل حاصل ہو، مثلاً یہ کہنا، کیا تمہاری بینائی بڑی تیز تھی، کیا تمہاری چار آنکھیں تھیں، اور کیفیت روایت دریافت کرنی کہ چاند موٹا تھا یا باریک اور اونچا یا نیچا، اور دونوں گوشے برابر تھے یا ایک کھڑا اور ایک پڑا۔ اور کون سا گوشہ کھڑا تھا۔ یہ ضروری ہے یا نہ۔ یہ کہنا جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) چاند دیکھنے والے کی خبر اور شہادت معتبر ہونے کے لئے یہ ہی کافی ہے کہ وہ عادل وثقہ ہو یا فاسق بین الفسق نہ ہو، باقی امور کی تحقیق کی ضرورت نہیں ہے۔(۳) اور مسلمان کو ذلیل ودل شکستہ کرنا، ایسی باتیں کہہ کر درست نہیں ہے۔

## فساق وفجار کی شہادت قبول کرنا کیسا ہے

(سوال ۱۷) ۲۹ رمضان المبارک کا چاند یہاں نہیں دیکھا گیا، صرف دو چار آدمیوں فساق وفجار کہ جو نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ روزہ رکھتے ہیں، انہوں نے شہادت دی کہ ہم نے چاند دیکھا ہے، چونکہ واز روئے شرع شریف قابل شہادت دینے کے نہ تھے، اس لئے ان کی شہادت مقبول نہ ہوئی۔ لہذا روزہ تاریخ ۳۰ کا بھی رکھنا پڑا۔ بعد میں خبر مل گئی کہ چاند ۲۹ کا ہوا تھا اب وہ لوگ اور بعض لکھے پڑھے بھی یہ کہتے ہیں کہ عید کے روز شیطان روزہ رکھتا ہے۔ لہذا جس نے روزہ رکھا وہ بھی شیطان ہو گئے اور گنہگار ہوئے۔ اب دریافت طلب یہ امور ہیں کہ آیا ایسے شخصوں کی شہادت معتبر ہے، اور جنہوں نے روزہ نہیں رکھا ان کو کیا ثواب ملا، اور کیا جنہوں نے روزہ رکھا وہ واقعی شیطان کے گروہ میں ہیں۔

(جواب) بوجہ غیر معتبر ہونے شہادت کے جن لوگوں نے تیس رمضان کا روزہ رکھا، انہوں نے حق کیا اور سنت کی پیروی کی معترض جہال ضلال ہیں جب تک حجت شرعیہ پوری نہ ہو جائے قابل اعتبار نہیں، اور ایسے کھلے فساق وفجار کی شہادت کسی طرح قابل اعتبار نہیں، اور ایسے کھلے فجار وفساق کی کبھی نہ سننی چاہئے۔ روزہ رکھنے والے متبعین سنت ہیں، اور بلا حجت معتبرہ جنہوں نے روزہ نہ رکھا وہ عاصی ہوئے، اگرچہ بعد میں بوجہ ثابت ہو جائے رویت ۲۹ کے ان پر قضا وکفارہ نہ آوے گا۔(۴) فقط۔

---

(۱) فیلزم اهل المشرق برؤية اهل المغرب اذا ثبت بطريق موجب كما مر (در مختار) قوله بطريق موجب كان يتحمل اثنان الشهادة او يشهدا على حكم القاضى او يستفيض الخبر بخلاف اذا اخبران اهل بلدة كذا راء وه لانه حكاية (رد المحتار كتاب الصوم قبيل باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ص۳۹۴) ظفير.

(۲) لا فاسق اتفاقا (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص۱۲۴ ط.س. ج۲ص۳۸۵) ظفير.

(۳) خبر عدل او مستود الخ لا فاسق اتفاقا (درمختار) لان المراد بالعدل من ثبتت عدالته ولا ثبوت فى المستور اما مع تبين الفسق فلا قائل به عند نا (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ ط.س. ج۲ص۳۸۵) ظفير.

(۴) ولا يصام يوم الشک هو يوم الثلاثين من شعبان الخ والا بان ظهرت (رمضانيته) فعنه اى عن رمضان (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۹ و ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص۳۸۱) ظفير.

## لاعبرة لاختلاف المطالع کا مطلب

(سوال ۱۸) لاعبرة لاختلاف المطالع کا کیا مطلب ہے۔

(جواب) یہ مطلب ہے کہ جب طریق موجب یعنی شہادت معتبرہ سے دوسرے شہر کی رویت ثابت ہوجائے تو وہاں والوں پر بھی حکم اس کا ہوجائے گا۔

## رویت ہلال کے سلسلہ میں صرف خط کافی ہے یا نہیں

(سوال ۱۹) نقل خط حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب رائے پوری

المخدوم المکرّم جناب حضرت مولانا مولوی عزیزالرحمٰن صاحب مدفیوضہم

ازاحقر عبدالرحیم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

اس وقت باعث تصدیق یہ امر ہے کہ یہاں پر اب تک کوئی خبر رویت ہلال ماہ مبارک بجز حکیم جمیل الدین صاحب کے خط کے اور کوئی نہیں، اس وجہ سے تشویش ہے کہ کیا کیا جاوے۔ حکیم صاحب کے خط کا مضمون یہ ہے کہ یہاں ایک مسلمان پابند صوم وصلوٰۃ مستور الحال نے میرے سامنے اس مضمون کی شہادت دی کہ شنبہ ۲۹ شعبان کو میں نے خود رمضان کا چاند دیکھا ہے اور میرے یہاں ایک عورت نے بھی۔

مولانا عبدالغفار صاحب کا خط جو شاگرد حضرت مولانا گنگوہی ہیں، اور عالم باعمل ہیں گورکھپور سے آیا اور یقین ہے کہ وہ ان ہی کا خط تھا، اس میں چاند کے متعلق یہ مضمون تھا...... گورکھپور میں ایک مسلمان نمازی نے شنبہ کو رویت ہلال کی شہادت دی، بقاعدہ شرع شہادت تسلیم ہوکر اعلان ہوا۔ اکثر لوگوں نے یکشنبہ سے روزہ شروع کردیا میرے نزدیک دونوں شہادتیں معتبر ہیں۔ یہ حکیم صاحب کا مضمون ہے۔ اس کے علاوہ اور کوئی خبر نہیں۔ اب ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ جواب جلد مرحمت ہو۔

(جواب) از بندہ احقر عزیزالرحمٰن عفی عنہ۔

بعالی خدمت، فیض درجت، مخدوم محترم عالم حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب مدفیضہ، بعد ہدیہ سلام مسنون عرض ہے والا نامہ کل بروز شنبہ ۲ رمضان المبارک کو وصول ہوکر باعث عزت ہوا۔ رویت ہلال ماہ مبارک کے متعلق جو خبر جناب مولوی حکیم جمیل الدین صاحب کے ذریعہ معلوم ہوئی ہے وہ جناب کے لئے موجب عجب نہیں ہے۔ یہ تو ہمارے فقہائے کرام کو مسلم ہے کہ اہل مشرق کی رویت اہل مغرب کے لئے لازم وثابت ہوجاتی ہے لیکن بشرطیکہ اہل مشرق کی رویت اہل مغرب کو کسی طریق ملزم وموجب سے پہنچ جاوے۔ اور علامہ شامی نے اس طریق موجب عمل کو تین طرق کے ساتھ مفسر ومشرح فرمایا ہے، ان ہر سہ طرق میں سے صورت موجودہ میں کوئی طریق محقق نہیں ہے۔ عبارت درالمختار وردالمحتار یہ ہے۔

فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب در مختار، قوله بطریق موجب کا ن یتحمل اثنان الشهادة اویشهد علی حکم القاضی اویستفیض الخبر بخلاف ما اذااخبرا ان اهل کذا راوه لانه حکایة الخ۔(۱) ردالمحتار۔

(۱) رد المحتار کتاب الصوم مطلب فی اختلاف المطالع ج ۲ ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ص ۳۹۳. ۱۲ ظفیر۔

اول اور ثانی کی نفی اس صورت میں ظاہر ہے اور اسی طرح طریق ثالث کا منفی ہونا بھی اظہر ہے۔ کیونکہ بطریق استفاضہ وتواتر جناب تک اور ہم تک وہ خبر رویت نہیں پہنچی بس اب صرف اخبار اس امر کا ہے کہ فلاں شہر میں رویت کے گواہی گذری جس کو علامہ موصوف نے موجب عمل نہیں قرار دیا۔ اور جب کہ طریق موجب ثبوت رویت کا نہیں پایا گیا تو اس پر عجب کرنا درست نہیں ہے۔ الحاصل اب تک یہاں بھی کوئی خبر ایسی نہیں پہنچی جو شرعاً مفید حکم صوم ہمارے لئے ہوجائے۔ یہ خبر جو حکیم صاحب کی ہے اس سے بہتر یا اس کے مساوی بھی کوئی خبر نہیں ہے۔ آئندہ جو حکم حضرت کے نزدیک راجح قرار پاوے اس سے مطلع فرماویں۔ جناب حکیم صاحب۔ (۱) وبرادرم مولوی حبیب الرحمٰن (۲) صاحب کی رائے بھی یہی ہے۔ مورخہ ۲۱ رمضان المبارک سن ۱۳۳۴ھ راقم احقر عزیز الرحمٰن عفی عنہ۔

## خط کی اطلاع پر رویت ہلال مانا جائے یا نہیں

(سوال ۳۰) نقل خط ثانی مولانا عبدالرحیم صاحب رائے پوری۔

المخدوم المکرم جناب حضرت مولانا مولوی عزیز الرحمٰن صاحب مدفیوضہم۔

از حقر عبدالرحیم السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔

ایک عریضہ ملفوف اس سے قبل اس مضمون کے متعلق جناب کی خدمت میں ارسال کیا تھا۔ غالباً پہنچا ہوگا، مگر اس میں فقط مولوی جمیل الدین صاحب کے خط کا مضمون تھا، آج یہ دوسرا عریضہ مع خط حکیم جمیل الدین صاحب ووالا نامہ حضرت مولانا اشرف علی صاحب ارسال خدمت ہیں۔ جناب ان دونوں کو ملاحظہ فرما کر بواپسی ڈاک جواب سے مطلع فرماویں اور ان دونوں خطوں کو واپس کردیں۔ مقصود ان کے ارسال سے یہ ہے کہ یہ دونوں شہادتیں جناب کو تسلیم ہیں یا نہیں۔ بنا بر تسلیم اگر ۳۰ رمضان کو رویت ہلال نہ ہو تو اس کے حساب سے عید کو لیوے یا نہیں۔ رمضان کا ہونا تو اسی سے مسلم ہے، اس میں تو کسی کو کلام نہیں، باقی کلام عید میں ہے کہ کیا کرنا چاہئے۔ لہذا جناب اس عریضہ کو ملاحظہ فرماتے ہی جو رائے ہو اس سے فوراً مطلع فرمادیں، سخت انتظار ہے۔ جمعرات سے قبل یا جمعرات تک اس کا جواب یہاں پہنچ جاوے تاکہ جو رائے قرار پاوے اس سے جمعہ کے روز عوام لوگوں کو مطلع کردیا جاوے۔

(جواب) بحضرت مخدوم العالم مکرم ومحترم حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب مدفیوضہم۔

بہ ہدیہ سلام مسنون عرض ہے پہلے والا نامہ کا جواب ارسال خدمت بابرکت ہوچکا ہے۔ کل دوسرا والا نامہ مع خط حکیم جمیل الدین صاحب سلمہ، ووالا نامہ حضرت مولانا اشرف علی صاحب سلمہ، پہنچا، بندہ نے اور دیگر حضرات موجودین نے بغور دیکھا۔ رائے وہی قرار پائی جو پہلے ظاہر کی گئی ہے۔ ہمارے لئے یہ خطوط حجت ملزم نہیں ہیں، اور وجوہ اس کی مخفی نہیں ہیں۔ شہادت غازی پور وحکم گورکھپور باقاعدہ نہیں ہوئی، پھر اس کو سبب ثبوت رمضانیت ہمارے حق میں کیسے تسلیم کیا جاوے اور پھر عید کا حکم اس پر مرتب کرنا اور بھی محل بحث ہے، بہرحال اگر صدق قرائن وغیرہ کا خیال کیا جاوے تو غایۃ اسکی "جواز عمل" نکلتا ہے، یہ وجوب ولزوم۔ پھر ایسی حالت میں اعلان عید اس حساب پر کرنا مناسب نہیں۔ خدا تعالیٰ کرے کہ اختلاف مرتفع رہے اور ہلال فطر پر اتفاق ہوجاوے۔ آئندہ جو

---

(۱) اس کی مراد غالباً مولانا حکیم محمد حسن صاحب برادر حضرت شیخ الہند ہیں۔
(۲) مفتی علام رحمۃ اللہ کے بھائی مولانا حبیب الرحمٰن صاحب عثمانی سابق نائب مہتمم دار العلوم دیو بند۔

ارشاد عالی اور رائے مبارک سے مطلع فرماویں۔ والسلام۔ راقم عزیز الرحمن عفی عنہ،

## رویت ہلال کے بارے میں تار برقی کی خبر معتبر ہے یا نہیں

(سوال ۲۱) تار برقی کے ذریعہ رویت ہلال کی خبر معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) تار برقی کی خبر رویت ہلال کے بارے میں شرعاً معتبر نہیں ہے ایسی خبروں میں روزہ افطار کرنا درست نہیں۔(۱)

## ۲۹ کو ابر کی وجہ سے جب چاند نظر نہ آئے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۲) اگر ابر کی وجہ سے ۲۹ شعبان کو چاند نہ دیکھا جائے تو روزہ رکھنا درست ہے یا نہیں۔

(۲) اگر بحالت شکوک قصداً روزہ رکھا جاوے تو عذاب ہے یا ثواب۔

(جواب) (۱) درست نہیں کما فی الدر المختار ولا یصام یوم الشک الخ قال علیہ السلام من صام یوم الشک فقد عصا ابا القاسم صلی اللہ علیہ وسلم۔(۲)

(۲) گناہ ہے۔

## ہندو کے پانی سے روزہ کھولنا درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۳) ایک شخص روزہ دار نے ایک ہندو سے پانی لے کر روزہ افطار کیا، ایک شخص کہتا ہے کہ روزہ جاتا رہا۔ وہ پانی حرام ہے، ہندو لوگ کافر ہیں۔

(جواب) اس روزہ دار کا ہندو مذکور سے پانی لے کر وقت پر روزہ افطار کرنا جائز وحلال ہے۔ جھگڑا کرنے والے کا جھگڑا غلط ہے، اس کو جھگڑا کرنا نہ چاہئے یہ اس کی ناواقفیت ہے اور بے عملی کی بات ہے۔

## دو شخص عادل کی شہادت سے روزہ رکھا گیا تو تیس پورا کر کے افطار کرے یا نہیں

(سوال ۲۴) دو شخص عادل کی شہادت پر روزہ ماہ رمضان کا رکھا گیا، بعد تیس روز کے افطار واجب ہے یا کہ جائز اور یہ عبارت درمختار بعد صوم ثلاثین بقول عدلین حل الفطر حل الفطر کا مفاد وجوب ہے یا کہ جواز۔

(جواب) جب کہ رمضان شریف کا روزہ عادلین کی شہادت پر رکھا گیا اور تیس تاریخ کو ابر و غبار ہے تو افطار بعد تیس دن کے واجب ہے۔ اور مفاد حل الفطر کا اس صورت میں وجوب ہے قال فی الشامی والحاصل انہ اذا غم شوال افطروا اتفاقا اذا ثبت رمضان بشہادۃ عدلین فی الغیم او لصحو الخ۔(۳) اور درمختار کی اس عبارت سے کچھ پہلے ہے جاز لھذا القاضی ان یحکم بشہادتہما(۴) واقع ہے، اس پر ردالمحتار نے یہ تصریح فرمائی ہے کہ جاز وجوب کے منافی نہیں ہے کما قولہ جاز۔ الظاہر ان المراد بالجواز الصحۃ فلاینا فی الوجوب تامل۔(۵)

---

(۱) فیلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب اذا ثبت عندھم رویۃ اولٰئک بطریق موجب (الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الصوم مطلب فی اختلاف المطالع ج ۲ ص ۱۳۲. ط.س. ج۲ص ۳۹۴) ظفیر

(۲) الدر المختار کتاب الصوم مبحث فی صوم یوم الشک ج ۲ ص ۱۱۹. ط.س. ج۲ص ۳۸۱. ۱۲ ظفیر.

(۳) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۹. ط.س. ج۲ص ۳۸۱. ۱۲

(۴) الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ ط.س. ج۲ ص ۳۹۰

(۵) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸. ط.س. ج۲ص ۳۹۰. ۱۲ ظفیر.

### ثقہ لوگوں نے چاند دیکھا اور کچھ لوگوں نے روزہ رکھا اور کچھ نے نہیں تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۵) فرقہ قلیلہ لیکن ثقہ روز پنجشنبہ ہلال دیدہ، روزہ نخستین داشت پس بعد تمام سی ۳۰ روز بہ یکشنبہ عید نمود، فرقہ ثانیہ بہ شنبہ روزہ اول داشت وروز دوشنبہ عید کردہ تخطیہ فرقہ اولیٰ کہ ہر دووقت برویت ہلال کارور زیدہ است میکند کہ روزہ دو عید شابر دو برخطاست۔ پس دریں صورت صواب چیست؟ وبرخطا کیست؟ وحکم روزہ یکشنبہ پسیں چیست؟ وبر مفطر اں جمعہ اول قضاء است یانہ؟

(جواب) ہرگاہ رویت ہلال رمضان بروز پنجشنبہ برویت ثقات ثابت شد سی ۳۰ روز تمام کردہ بروز یکشنبہ عید کردہ شد تخطیہ فرقہ اولی روانیست وروزہ یکشنبہ پسین کیسانے راکہ رویت پنجشنبہ تر داوشان ثابت شد روانیست وافطار جمعہ اولی بحق اوشان جائز نیست وقضاء آں روزہ لازم است ولیکن واضح باد کہ رویت نہار رااعتبار نیست مثلاً اگر بروز جمعہ ہلال دیدہ شدان ہلال شب آئندہ است نہ شب گذشتہ۔(۱) دریں صورت روزہ جمعہ اولی درست نیست بلکہ بروز شنبہ یکم رمضان خواہد شد ہمچنیں حساب معروفہ کہ چہارم رجب یکم رمضان است مثلاً ایں حساب ہم قابل عمل وقابل اعتبار نیست۔ چوں معلوم شدہ بود کہ در بعض بلاد کشمیر ایں امر ہم محل نزاع شدہ است۔ ازیں وجہ چند کلمہ متعلق آن تحریر کردہ شد۔ والسلام علی من اتبع الہدیٰ۔

### شہادت پر افطار کا حکم

(سوال ۲۶) ایک مولوی صاحب کے روبرو چار شہادتوں سے ثابت ہوا کہ پنجشنبہ کو تیسویں رمضان ہے، بناء علیہ مولوی صاحب موصوف نے حکم دیا کہ روز جمعہ عید فطر کریں اور جن لوگوں نے پنجشنبہ سے ابتداء صوم کی ہے ایک روزہ قضاء رکھیں، زید نے اس حکم کی مخالفت کی۔ اس صورت میں کیا حکم ہے؟

(جواب) ولو كانوا ببلدة لا حاكم فيها صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلين مع العلة للضرورة الى ان قال و قبل بلا علة جمع عظيم يقع العلم الشرعي وهو غلبة الظن بخبرهم وهو مغوض الى رائي الامام من غير تقدير بعد د على المذهب وعن الا مام انه يكتفى بشا هدين واختاره فى البحر وصحح فى الا قضية الا كتفاء بواحد ان جاء من خارج البلدا وكان على مكان مر تفع و اختاره ، ظهير الدين(۲) الخ وقال فى الشامي واعتمده فى الفتاوى الصغرى ايضاً وهو قول الطحاوى الخ۔(۳) الغرض شامی نے اس قول کو ترجیح دی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ اگر قرائن سے صدق خبر مظنون ہو تو اس پر بھی عمل کر سکتے ہیں وغلبة الظن حجة موجبة للعمل كما صرحوا به شامی(۴) وقال قبله والظاهر انه يلزم اهل القرى الصوم بسماع المدافع اوروية القناديل من المصر لانه علامة ظاهرة تفيد غلبة الظن الخ۔(۵) فقط۔

---

(۱) رويته بالنهار لليلة الآتية مطلقا (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم مطلب فى روية الهلال نهاراً ج ۲ ص ۱۳۰ .ط.س. ج۲ ص ۳۹۲) ظفير

(۲) ايضاً ، كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۵ .ط.س. ج۲ ص ۳۸۶

(۳) رد المحتار ايضاً ص ۱۲۷ .ط.س. ج۲ ص۳۸۸ . ۱۲ ظفير.

(۴) رد المحتار كتاب الصوم تحت قوله ولو كانوا ببلدة لا حاكم ج ۲ ص ۱۲۵ .ط.س. ج۲ ص۳۸۶ . ۱۲ ظفير.

(۵) ايضاً ۱۲ ظفير۔

## رویت ہلال

(سوال ۴۷) رویت ہلال رمضان سن ۱۳۳۲ھ در ہندوستان وکشمیر بروز جمعہ شب شنبہ واقع است مفتیان شرع براں فتوی داده است الا فرقہ ایست کوہستانی کہ رویت ہلال مذکور بروز پنجشنبہ شب جمعہ ثابت میکند، باخبار غیر ثقہ میگویند کہ قول حضرت علی کرم اللہ وجہ چناں است کہ جمعہ فرض است بر مسائل فقہ عمل نہ کنند، چوں بفتوی صدر ۲۹ صیام مطلع صاف بود اکثر مردمان رویت ہلال نکردہ اند، البتہ ۳۰ صیام روز یکشنبہ چونکہ مطلع صاف بود عموماً رویت کردہ دوشنبہ عید نمودہ اندان فرقہ کہ جمعہ قرار دادہ اند بلحاظ آں بلا رویت ہلال عام مسلمان بروز یکشنبہ از جماعتی یکے مفتی شدہ فتوی افطار داد وعید نمودہ اند چنانچہ یک کس ملفوف ہذا ارسال است کہ می گویند قبل از زوال رویت ہلال بروز یکشنبہ کردہ ہماں وقت عید نمودیم دریں باب انہار اقضاء روز یکشنبہ است یا کفارہ مع القضاء؟ فتوی ہمچو ایں مفتی دریں باب نافذ است یا نہ؟ فقط اس شخص کا بیان یہ ہے، ہم نے بروز یکشنبہ قبل از زوال بوقت چاشت چاند دیکھا، اسی پر عید کیا اور ہم چاند دیکھنے والے تقریباً بیس آدمی تھے۔

(جواب) باخبار غیر معتبرہ یا رویت ہلال در نہار رویت ہلال شب گذشتہ ثابت نمی شود پس اعتماد کردن بریں دلائل ضعیفہ و عید کردن بروز یکشنبہ بلا رویت ہلال در شب آں حرام ومعصیت است وبر مفطراں قضاء آں روزہ لازم است۔ واما الکفارة فلا لا ختلاف الا مام ابی یوسف رحمہ اللہ فیما قبل الزوال ولیکن اگر بعد ازاں رویت ہلال شود بروز شنبہ بعد الغروب یعنی در شب یکشنبہ از جائے ثابت شود پس بسبب آنکہ اختلاف مطالع معتبر نیست قضاء روزہ یکشنبہ ساقط شود چنانچہ در ینجا ہمیں قصہ پیش آمدہ است کہ موافق رویت ایں بلاد بروز دوشنبہ عید کردہ شد یعنی بعد صیام سی ۳۰ روز بعد ازاں محقق شد کہ در بعض بلاد رویت ہلال شوال بروز شنبہ شدہ است وبروز یکشنبہ عید کردہ شدہ، وبیندگان ہلال ثقہ ومعتبر انداز بندہ نیز ملاقی شدہ اند بیان کردہ اند ودر چند جا ہمیں قصبہ پیش آمد، لہذا عید یکشنبہ ثابت شد وآنانکہ بلا حجت شرعیہ بروز یکشنبہ افطار صیام کردہ، عید کردہ بودند قضاء صوم ازایشاں ساقط شد وحساب تقویم ویا حساب ''ابجز وبوز'' ویا اول رمضان الماضی خامس رمضان الآتی ویا رابع رجب غرۂ رمضان ونحو آں ہیچک قابل اعتبار نیست وبارہا ایں حسب را در عمر خود غلط یافتیم وعلی ہذا ہر کس کہ بروز یکشنبہ بریں بناء عید کردہ سعید نمودہ الا آنکہ حسب اتفاق در بعض بلاد ہند حسب رویت عید بروز یکشنبہ ثابت شدہ فطر براں از شخص مذکور قضا ساقط است نہ بوجہ صحیح بودن خیال آنکس حسب اتفاق ہمیں عام اورویتہ بالنہار للیلة الآتیة مطلقا علی المذهب(۱) در مختار قولہ ورویة بالنہار الخ ای سواء روی قبل الزوال او بعدہ وقولہ علی المذهب ای الذی ہو قول ابی حنیفة و محمد رحمہما اللہ تعالیٰ (الی ان قال) والمختار قولہما شامی۔(۲) پس بوقت چاشت چاند دیکھنے سے اس روز عید کرنا جائز نہیں۔

---

(۱) الدر المختار علی ہامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۳۰ ط.س. ج۲ ص ۳۹۲ مطلب فی رویة الہلال نہارا۔
(۲) رد المحتار ایضا ط.س. ج۲ ص ۳۹۲. ۱۲ ظفیر۔

## رویت ہلال میں کن لوگوں کا اعتبار ہے

(سوال ۲۸) ۲۹ شعبان کو ہلال رمضان دس مسلمانوں اور گیارہ ہنود نے دیکھا منجملہ مسلمانوں کے ایک شخص متشرع پابند صوم وصلوٰۃ تھا اور باقی فاسق مقطوع اللحیہ تھے بوجہ داڑھی نہ ہونے کے زید نے شہادت قبول نہیں کی، ایسے شخصوں کی شہادت مفید ثبوت ہلال رمضان ہے یا نہیں؟ اور روزہ توڑنے والوں اور روزہ نہ رکھنے والوں پر کفارہ آوے گا یا قضاء؟

(جواب) اگر ۲۹ شعبان کو ابر تھا تو ایک عادل یا مستور الحال کی شہادت سے بھی ہلال رمضان ثابت ہوجاتا ہے۔(۱) پس اگر ایک شخص بھی ان دیکھنے والوں میں متشرع پابند صوم صلاۃ مجتنب عن المنہیات تھا تو اس کے بیان پر حکم روزہ کرنا لازم تھا۔ اگر ایک شخص بھی ایسا نہ تھا تو پھر زید نے جو اس کے قول کو قبول نہ کیا حق کیا۔ روزہ توڑنے والوں اور نہ رکھنے والوں پر کفارہ نہیں ہے، اب صرف قضاء اس روزہ کی لازم ہے جب کہ محقق ہوگیا ہے کہ ۲۹ شعبان کو چاند ہوا ہے۔ فقط۔

## فاسق کی شہادت پر روزے کا حکم

(سوال ۲۹) ولو شهد فاسق و قبلها الا مام وامر الناس بالصوم فافطر هو اوواحد من اهل بلده قال عامة المشائخ تلزمه الكفارة كذا فى الخلاصة۔ اس عبارت میں وجوب کفارہ امام پر کس وجہ سے ہے اور اس عبارت کا کیا مطلب ہے؟

(جواب) اس عبارت عالمگیری کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہلال رمضان کی گواہی ایک فاسق نے دی اور امام نے اس کو قبول کرکے لوگوں کو حکم روزہ کا کردیا تو اس کے بعد اگر وہ خود افطار کرے یا اور کوئی شخص اہل شہر میں سے روزہ توڑ دے تو کفارہ لازم ہوگا وجہ اس کفارہ لازم ہونے کی یہ ہے کہ جب کہ فاسق کی گواہی کو امام نے قبول کرلیا اور روزہ کا حکم کردیا تو رمضان ثابت ہوگیا۔ کیونکہ فاسق کی گواہی کو اگر امام دربارہ رمضان شریف قبول کرے تو معتبر ہے اور رمضان ثابت ہوجاتا ہے، اس کے بعد اگر کوئی شخص روزہ توڑے گا تو کفارہ لازم ہوگا تو وجہ کفارہ افطار روزہ رمضان ہے۔ فقط۔

## دن میں چاند کا حکم

(سوال ۳۰) اگر در نہار رویت شود روزہ افطار باید کرد یا نہ، و بر مفطران قضا ولازم آید یا کفارہ؟

(جواب) رویت ہلال در نہار معتبر نیست، آں ہلال شب آئندہ است نہ شب گذشتہ، پس افطار براں جائز نیست قضاء بر مفطر اں لازم است و کفارہ لازم نیست بسبب شبہۃ الاختلاف۔(۲) فقط۔

---

(۱) للصوم مع علة كغيم و غبار خبر عدل او مستور على ماصححه البزازى الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار ج ۲ ص ۱۲۳ كتاب الصوم. ط.س. ج۲ص ۳۸۵. ۱۲ ظفير۔

(۲) ورؤية بالنهار لليلة الا تية مطلقا على المذهب (در مختار) قوله رويته بالنهار الخ اى سواء رؤى قبل الزوال او بعده الخ (ردالمحتار ج ۲ ص ۱۳۰ مطلب فى روية الهلال نهاراً (۱). ط.س. ج۲ص ۳۹۲ ظفير.

(عه) عالمگیری مصری باب ثانی رویت ہلال ج ۱ ص ۱۹۸. ۱۲ ظفیر.

## تیس کے حساب سے روزہ شروع ہونے کے بعد بذریعہ خط شہادت آئی کہ ۲۹ کا چاند دیکھا گیا ہے اب کیا حکم ہے

(سوال ۳۱) ایک شہر اور نیز اس سے قرب وجوار میں ۲۹ شعبان یوم شنبہ کو نہایت غلیظ ابر تھا، اس روز اس شہر میں نیز اس کے قرب وجوار میں چاند نہیں دیکھا گیا اور نہ کہیں سے خبر آئی۔ مجبوراً شعبان کے ۳۰ یوم پورے کر کے اگلے روز یعنی دوشنبہ کو روزہ رکھا گیا۔ رمضان کے ختم سے دو تین یوم قبل ایک شہر سے جو کہ ایک مہینہ کے رستہ سے زیادہ دور تھا۔ یہ خبر بذریعہ خط آئی کہ یہاں ۲۹ شعبان کو ابر تھا، مگر دو شخصوں کی شہادت پر رمضان کی پہلی یکشنبہ کو قرار دی گئی، جس کے پاس خط آیا وہ بھی عالم تھے۔ چنانچہ مکتوب الیہ اس خط کو لے کر قاضی شہر کے پاس جو کہ عالم و دیندار ہیں، آئے اور کہا کہ میں اس شخص کو خوب جانتا اور پہچانتا ہوں کہ یہ خط اسی شخص کا ہے، علاوہ بریں ایک اور جگہ سے آدمی آیا، اس نے کہا کہ وہاں کے مفتی صاحب نے اپنی جگہ منگل کی عید کا اعلان کر دیا ہے، لہذا ہمارے نزدیک یکشنبہ کو پہلی رمضان قرار دینے میں کوئی شک نہیں ہے اس حساب سے آج یوم دوشنبہ کو ۲۹ رمضان ہے۔ لہذا آج یہ اعلان کر دینا چاہئے کہ آج چاند ہو یا نہ ہو کل عید کا دن ہے اور روزہ حرام ہے۔

قاضی صاحب نے قبل اس کے کہ اپنی رائے کا اظہار کریں شہر کے ایک بڑے مشہور عالم سے جو وہاں کے مفتی بھی ہیں اور شہر کے لوگ اور ان کو اپنا پیشوا جانتے ہیں مشورہ لیا انہوں نے فرمایا میرے نزدیک یہ خبر قابل اعتبار نہیں ہے۔ قاضی صاحب نے بناءً علیہ کہ اول تو علمائے حنفیہ کا اس میں بڑا اختلاف ہے چنانچہ بعض کے نزدیک اختلاف مطالع غیر معتبر ہے قطعاً اور بعض کے نزدیک معتبر ہے اور بعض کے نزدیک یہ ہے کہ جن دو مقاموں میں ایک مہینہ کی مسافت ہو ایسے مقاموں میں ایک جگہ کی رویت دوسری جگہ کے لئے ملتزم نہ ہوگی، اور اس سے کم میں حکم ایک مقام کا دوسرے مقام کے لئے لازم ہوگا چنانچہ فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے اهل بلدة اذاراؤ الهلال هل يلزم في حق كل بلدة اختلفوا فيه فبعضهم قالو الا يلزم فانما المعتبر في حق اهل بلدة رويتهم وفي الخانية لا عبرة با ختلاف المطالع قال القدوری ان كان بين البلدتين . لا يختلف به المطالع يلزم و ذكر الحلوانی انه صحيح من مذهب اصحابنا انتهیٰ۔ اور جامع الرموز میں ہے اقل ما يختلف به المطالع شهر اور طحطاوی شرح مراقی الفلاح میں ہے قوله كما ذهب اليه صاحب التجريد و هو الا شبه لان انفصال الهلال من شعاع الشمس يختلف باختلاف المطالع كما في دخول الوقت وخروجه وهذا مثبت في علم الافلاک والهئة و اقل ماتختلف فيه المطالع مسيرة شهر كما في الجواهر انتهیٰ[1] اور صاحب ہدایہ مختار النواز ل میں لکھتے ہیں اهل البلدة صاموا لتسعة و عشرين يوما بالروية واهل بلدة اخرى صاموا ثلثين بالروية فعلى الا ول قضاء يوم اذا لم يختلف المطالع بينهما اما اذا اختلف لا يجب القضاء اور جن علمائے نے مطلقا اختلاف مطالع کو معتبر سمجھا ہے انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ روی کریب ان ام الفضل بعثه الى معاوية رضى الله تعالىٰ عنه بالشام قال فقدمت الشام وقضيت حاجتها واستقبل على رمضان وانا بالشام فرايت الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في اخر الشهر

---

(۱) الطحطاوی علی مراقی الفلاح کتاب الصوم ص ۳۵۹، ۱۲ ظفیر

فسا لنی عبدالله ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنه ، متی رایتم الهلال فقلت رایناه لیلة الجمعة فقال انت رایته فقلت نعم وراه الناس وصاموا وصام معاوية فقال لکنا رایناه لیلة السبت فلا نزال نصوم حتی تکمل ثلثین اونراه فقلت او لا یکتفی روية معاوية وصیامه فقال لا هکذا امر نا رسول الله صلی الله علیه وسلم رواه الجماعة الا البخاری وابن ماجه (منتقی) اورشاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی مصفّیٰ شرح موطا مطبوعہ فاروقی کے ص ۲۲۶ پر تحریر فرماتے ہیں (مسئلہ) اگر ہلال دریک شہر دیدہ شد ودر دیگر شہر تفحص کردند ندیدند، اگر آں شہر قریب است لازم است حکم رویۃ ایشان واگر بعید است لازم نیست بحسب حدیث ابن عباس وبقیاس بر مسئلہ فطر وحج کہ در حدیث منصوص شدہ وظاہر آن است کہ بعد مسافت قصر است وایرادنہ کردہ شد کہ مسافت قصر راباامر ہلال ہیچ تعلق نیست زیرا کہ مشروعیۃ اکتفاء ہرناحیہ برویۃ خود از جہۃ حرج است در تکلیف بابلاغ اخبار نہ از جہت اختلاف مطالع وعادۃ قاضیہ است ببلوغ اخبار در مواضع قریبہ، پس اگراز آخر شہر یکہ دران رویت متحقق شد بردومرحلہ باشد حکم آں لازم است۔ پس ان عبارات سے بخوبی واضح ہوگیا کہ اول بہت سے علماء اختلاف مطالع کو معتبر سمجھتے ہیں، اور جو علماء اس کے قائل بھی ہیں کہ اہل مشرق کی رویت سے اہل مغرب کے لئے رویت ثابت ہوجاتی ہے، وہ بھی خط اور تار کا اعتبار نہیں کرتے کیونکہ الخط یشبہ الخط۔

مفتی صاحب نے ان تمام علماء کے اقوال کو پیش نظر رکھ کر نہایت غور خوض کے بعد یہ رائے دی کہ یہ چیزیں طریق موجب میں داخل نہیں ہیں۔ چنانچہ قاضی صاحب نے اعلان عید سے انکار کردیا جس پر قاضی کی مخالفت کی گئی اور بعض لوگوں نے ان کو اعلان عید کے لئے مجبور کرنا چاہا، لیکن قاضی صاحب اعلان سے متفق نہ ہوئے۔ شرعاً ان لوگوں کا قاضی صاحب کے خلاف یہ رویہ کیسا ہے۔

(۲) کیا رمضان وعید میں خط کا بالکل اعتبار نہیں ہے اور اگر ہے تو وہ کون سی صورتیں اور طریقے ہیں کہ جن سے خط کا اعتبار کیا جاسکتا ہے۔

(جواب) اقول وباللہ التوفیق۔ یہ امر ظاہر ہے اور کتب حنفیہ سے ثابت ہے کہ حالت ابر وغبار میں ایک شخص عادل یا مستور کی گواہی سے بھی رمضانیت ثابت ہوجاتی ہے، پس دو عادل یا مستور کی گواہی سے بدرجہ اولیٰ ثابت ہوگی، اور یہ بھی مسلم ہے کہ صحیح ومختار مذہب کے موافق اختلاف مطالع ہلال صوم وفطر میں معتبر نہیں۔ اہل مغرب کی رویت سے اہل مشرق پر حکم ثابت ہوجاتا ہے اور جب کہ معتبر وراجح وظاہر الروایۃ ومفتی بہ عدم اعتبار مطالع ہے تو پھر اس میں بحث کرنا ہم مقلدوں کو بے موقع ہے، کیونکہ فقہائے محققین کی ترجیح ہمارے لئے کافی حجت ہے۔ درمختار میں ہے واختلاف المطالع غیر معتبر علی ظاهر المذهب و علیه اکثر المشائخ و علیه الفتویٰ بحر عن الخلاصة وفی رد المحتار للشامی وظاهر الراوية الثانی وهو المعتمد عند نا وعند المالکية وعند الحنا بلة (ج ۲ ص ۱۳۲ و ۱۳۳ کتاب الصوم) البتہ اہل مغرب کی رویت اہل مشرق کے لئے ثابت ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اہل مشرق کو طریق موجب سے اہل مغرب کی رویت متحقق ہوجائے اور طریق موجب کی تشریح ردالمحتار میں اس طرح کی گئی ہے کہ دو شاہد یہاں آکر دوسرے شہر کی رویت بیان کریں یا وہاں کے عالم وقاضی کے حکم کو دو شاہد بیان کریں یا خبر اس شہر کی رویۃ کی عام ومستفیض ہوجاوے۔ بظاہر صورت مسئولہ میں ان ہر سہ امور میں سے کوئی امر نہیں پایا گیا اس لئے قاضی صاحب کا اس پر حکم رمضانیت نہ کرنا موافق شریعت کے ہے، اعتراض ان پر بے محل ہے اور مجبور کرنا غیر مناسب ہے باقی

جن حضرات نے اس خط کو معتبر مان کر اس پر حکم کیا وہ بھی صحیح ہے کیونکہ جن مواقع میں تزویر کا گمان نہ ہو وہاں فقہاء نے خط کو معتبر مانا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ باہمی خط وکتابت میں احتمال تزویر بہت بعید وضعیف ہے، شامی (جلد رابع کتاب القاضی الی القاضی میں ج ۴ ص ۴۹۰) میں اس کی تصریح ہے قال فی الفتح من الشهادات ان خط السمسار والصراف حجة للعرف الجاری، به قال البیری هذا الذی فی غالب الکتب حتی المجتبی فقال فی الا قرار و اما خط البیاع والصراف و السمسار فهو حجة وان لم یکن مصدراً معنو نا یعرف ظاهرا بین الناس وکذا مایکتب الناس فیما بینهم یجب ان یکون حجةً للعرف اھ اور اس سے پہلے شامی میں یہ بھی ہے کہ خط کا غیر معمول بہ یا غیر معتمد ہونا قضاء کے اعتبار سے ہے یعنی قاضی اس پر حکم نہ کرے گا بوقت منازعت، لیکن یہ نہیں کہ مطلقا خط غیر معتبر ہے وفی الا شباه لا یعمل بالخط (در مختار) قال الشامی عبارة الا شباه لا یعتمد علی الخط ولا یعمل بمکتوب الوقف الذی علیه خطوط القضاة الماضین الخ قال البیری المراد من قوله لا یعتمدای لا یقضی القاضی بذالک عند المنازعة لان الخط مما یزور ویفتعل الخ وذکر العلامة البعلی فی شرحه علی الا شباه ان للشارح العلامة الشیخ علاؤالدین رسالة حاصلها بعد نقله مافی الا شباه وان ابن شحنة وابن وهبان جز ما بالعمل بد فتر الصراف ونحوه لعلة امن التزویر کما جز م به البزازی والسرخسی وقاضی خان (شامی) تحت قول الماتن ویلحق به المبر ات باب کتاب القاضی الی القاضی) (۱) الحاصل جس جگہ تزویر سے امن ہو، وہاں فقہاء نے خط پر عمل کرنے کو لکھا ہے۔ پس جس کے نزدیک خط معروف ہو اور تزویر سے مامون ہو وہ اس پر عمل کر سکتا ہے، لہذا ان لوگوں پر بھی اعتراض نہیں ہے جنہوں نے بوقت مذکور خط پر عمل کیا۔

(۲) جب کہ یہ امر محقق ہوا کہ بصورت امن عن التزویر خط کا اعتبار اور وہ معمول بہ ہے تو اگر کوئی عالم یا قاضی یہ لکھ کر بھیجے کہ میرے سامنے شہادت معتبرہ رویۃ ہلال کے متعلق گذری اور میں نے اس کو قبول کر لیا اور اس پر حکم کر دیا، تو جو لوگ اس کو پہچانتے ہیں یا قرائن سے معلوم ہو کہ اس کو خط ہے کوئی وجہ تزویر کی اور دھوکہ دہی کی نہیں ہے تو ان لوگوں کو اس پر عمل کرنا جائز ہے، گویا اس عالم نے ان کے سامنے یہ بیان کر دیا کہ میں نے ایسا حکم کر دیا۔

## عید کے چاند کے لئے کتنے آدمیوں کی گواہی ضروری ہے

(سوال ۳۲) عید کے چاند کے ثبوت کے لئے کتنے آدمیوں کی شہادت ضروری ہے؟

(جواب) مطلع اگر صاف ہو فطر میں مجمع کثیر کی شہادت کی ضرورت ہے اور اگر غبار وابر ہو تو دو مرد ثقہ یا ایک مرد اور دو عورتوں کی شہادت کی ضرورت ہے (ان کان بالمساء علة ای فی الفطر) لا تقبل الا شهادة رجلین اور جل و امرأ تین ویشرط فیه الحریة ولفظ الشهادة الخ وان کانت مصحیة لا یقبل الا قول الجماعة کما فی هلال رمضان . جمیل الرحمن)

## حساب ہیئت کی بنیاد پر دورہ شروع کر دینا کیسا ہے

(سوال ۳۳) قصبہ نگرام میں ہفتہ کو ۲۹ رجب تھی جس کے حساب سے ہفتہ ہی کو یکم رمضان شریف ہوتی ہے۔ نیز قواعد ہیئت سے بھی یہی بات ثابت ہوتی ہے۔ ایک فریق نے بغیر چاند دیکھے روزہ رکھا اور دوسرے فریق نے یوم شک

(۱) رد المحتار مطلب لا یعمل بالخط ج ۴ ص ۴۸۹ . ط.س. ج۵ ص ۴۳۵ . ظفیر صدیقی

میں ۱۱ بجے تک انتظار چاند کی خبر کا کر کے روزہ افطار کر دیا کانپور وغیرہ سے خبر رویت با قاعدہ نہیں آئی تھی۔ فریقین میں سے کون حق پر ہے؟ دوسرے فریق نے مولی صاحب کا حکم سے افطار کیا ہے۔

(جواب) اس صورت میں روزہ افطار کرنے والا فریق حق پر ہے، قاعدہ شرعیہ کے مطابق وہی ہے جو ان عالم صاحب نے کیا کہ تیس شعبان جو یوم الشک ہے اس میں انتظار کر کے روزہ افطار کیا اور کرایا۔ فریق اول جنہوں نے مجرد قواعد علم ہیئت و تجربہ پر روزہ رکھا غلطی پر ہے۔ درمختار میں ہے ولا عبرة بقول المئوقتين ولو عدولا على المذهب فقط (ووجهه ما قلناه ان الشارع لم يعتمد الحساب ، بل الغاه بالكلية بقوله نحن امة امية لا نكتب ولا نحسب الشهر هكذا وهكذا الخ (شامی ج ۲ ص ۱۲۶ و ج ۲ ص ۱۲۵ ظفير صديقی)

## ہلال فطر میں نصاب شہادت اور شہادت میں عدل کی شرط

(سوال ۳۴) ہلال فطر کے ثبوت میں نصاب شہادت بحالت غیم وغیرہ کافی ہے یا نہیں۔ عدل شہادت میں شرط ہے یا کیا۔ بعض کتب میں جو عدل کی تفسیر ترک الکبائر الخ سے منقول ہے فی زمانہ وہ معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) اس مسئلہ میں یہ تفصیل ہے کہ ہلال فطر کے ثبوت کے لئے بحالت ابر و غبار نصاب شہادت وعدالت ضروری ہے۔ كما فی الدر المختار و شرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة الخ (۱) اور شامی میں قبول شہادت مستور در بارہ صوم کی تشریح میں ہے اما مع تبين الفسق فلا قائل به عند نا الخ (۲) وفيه من كتاب القضاء وما فی القنية والمجتبىٰ من قبول ذی المروة الصادق فقول الثانی وضعفه الكمال بانه تعليل فی مقابلة النص فلا يقبل واقره المصنف ا ه قلت قدمنا الفاً عن البحر ان ظاهر النص انه لا يحل قبول شهادة الفاسق قبل تعرف حالة فاذا ظهر للقاضی من حالة الصدق وقبله يكون موافقا للنص الخ (۳) وقال قبيله وقولهما بوجوب السوال عن الشاهد سراً وعلانيةً طعن الخصم او لا في سائر الحقوق على قولهما المفتی به يقتضى الا ثم بتركه الخ۔ (۴)

اور امام ابو یوسف رحمۃ اللہ تعالیٰ نے جو فاسق ذی جاہ ومروت کو مستثنیٰ فرمایا ہے باجود اس کی تضعیف کے وہ بھی مقید ہے، اس حالت کے ساتھ کہ ظن غالب قاضی کو اس کے صدق کا ہو۔ قال فان لم يغلب على ظن القاضی صدقه بان غلب كذبه عنده اوتساويا فلا يقبلها ای لا يصح قبولها اصلاً (۵) شامی وفی الدر المختار واستثنىٰ الثانی الفاسق ذا الجاه والمرؤة فانه يجب قبول شها دته بزازيه الی ان قال قلت سيجئ تضعيفه فراجعه الخ قوله واستثنى الثانی) ای ابو يوسف من الفاسق الذی يا ثم القاضی بقبول شهادته والظاهر ان هذا ممايغلب على ظن القاضی صدقه الخ شامی (۶) ص ۳۰۰ کتاب القضاء۔ پس باجود ان تصریحات کے عدالت شہود منصوصہ کو ساقط الاعتبار کرنا اور فساق کی شہادت کو کافی سمجھنا خلاف نص ومخالف روایت فقہیہ معتبرہ کے ہے۔ فقط۔

---

(۱) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ ط.س. ج ۲ ص ۳۸۶. ۱۲ ظفير غفر الله ذنوبه.
(۲) رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴. ط.س. ج ۲ ص ۳۸۵ ۱۲ ظفير.
(۳) رد المحتار كتاب القضاء قبيل مطلب فی قضاء العدو على عدوه ص ۴ ص ۴۱۶. ط.س. ج ۵ ص ۳۵۶ ۱۲ ظفير.
(۴) ايضا. ط.س. ج ۵ ص ۳۵۶. ۱۲ ظفير. (۵) رد المحتار كتاب القضا قبيل مطلب فی قضاء العدو على عدوه ج ۴ ص ۴۱۲. ط.س. ج ۵ ص ۳۵۶. ۱۲ ظفير (۶) ايضا ط.س. ج ۵ ص ۳۵۶. ۱۲ ظفير.

### رمضان یا عید کے چاند کی خبر

(سوال ۳۵) رمضان یا عید کے چاند کی خبر بذریعہ تار معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) تار کی خبر شرعاً معتبر نہیں ہے۔(۱) فقط۔

### جنتری یا تار پر اعتراض درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۶) ۲۹ شعبان کو ابر کے باعث کسی نے چاند نہیں دیکھا اور جنتری وغیرہ میں ۲۹ کا چاند لکھا ہے اور سب لوگوں کا یہی خیال ہے کہ چاند ۲۹ کا ہوگا۔ اس صورت میں جنتری اور تار پر اعتبار کر کے پہلی رمضان مان لینا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں تیس دن شعبان کے پورے کر کے اس کے بعد پہلی رمضان کو قائم کرنا چاہئے۔ کما ورد فی الحدیث اور جنتری اور تار پر اعتبار نہ کرنا چاہئے۔(۲) قال علیه الصلوٰة والسلام صوموا لرو یته وا فطر والرو یته . الحدیث(۳) فقط۔

### باعتبار ہیئت چاند کا اعتبار درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۷) ایک مضمون مولوی نظام الدین حسن صاحب کا اخبار میں چھپا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان اگر علم ہیئت سیکھیں تو ان کو معلوم ہو کہ الشمس والقمر بحسبان کی کس قدر تصدیق ہوتی ہے۔ پنجشنبہ ۵ جولائی سن ۱۹۱۷ء کو ۸۔۹ دقیقہ تین گھنٹہ پر قبل ظہر خسوف یعنی چاند گرہن ہوا۔ اس وقت عمر قمر کی چودہ روز سے زائد تھی اور اس روز ۱۵ رمضان سن ۱۳۳۵ھ میں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا۔ غرہ رمضان المبارک میں بوجہ عدم رویت کے فرضیت صوم نہیں ہو سکتی تھی لیکن ہلال اور بدر کے مشاہدہ سے کوئی شبہ نہیں رہتا ہے کہ جمعہ ۲۰ جولائی کو ۳۰ رمضان المبارک ہے اور اس روز اگر مطلع صاف نہ ہو تو رویت کی حاجت نہیں ہے۔ بلحاظ علم ہیئت اور مشاہدہ شنبہ ۲۱ جولائی سن ۱۹۱۷ء کو غرہ شوال سن ۱۳۳۵ھ ہونا لازم ہے اور اس روز صوم شنبہ حرام ہے۔

(جواب) قال فی الدر المختار ولا عبرة بقول الموقتین ولو عدو لاعلی المذهب قال فی الوهبا نیة وقول اولی التوقیت لیس بموجب وقیل نعم الخ وفی الشامی عن المعراج لا یعتبر قولهم بالا جماع ولا یجوز للمنجم ان یعمل بحساب نفسه وفی النهر فلا یلزم بقول الموقتین انه ای الهلال یکون فی السماء لیلة کذا الخ(۴) ج ۲ ص ۹۲ شامی۔

پس معلوم ہوا کہ عند الحنفیہ تحریر مذکور فی السوال صحیح نہیں ہے اور بدون رویت وشہادت معتبرہ کے جمعہ کو

(۱) فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب (در مختار) کان یتحمل اثنان الشهادة اویشهدا علی حکم القاضی اویستفیض الخبر بخلاف ماذا اخبر ا ان اهل بلدة کذاراوه لانه حکایة (رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم وما لا یفسده ج ۲ ص ۱۳۲ . ط.س. ج۲ ص ۳۹۲) ظفیر.

(۲) ولا عبرة بقول الموقتین ولو عد ولا علی المذهب (در مختار) ای فی وجوب الصوم علی الناس بل فی المعراج لا یعتبر قولهم بالا جماع ولا یجوز للمنجم ان یعمل علی حساب نفسه (رد المحتار کتاب الصوم مطلب لا عبرة بقول الموقتین ج ۲ ص ۱۲۵ . ط.س. ج ۲ ص ۳۸۷) ظفیر۔ (۳) مشکوٰة باب رویة الهلال فصل اول عن ابی هریرة ص ۱۷۴ اس کے بعد یہ بھی جملے آئے فان غم علیکم فاکملوا عدة شعبان ثلثین متفق علیه (ایضاً) . ط.س. ج ۲ ص ۳۸۷ ظفیر.

(۴) رد المحتار الصوم مطلب لا عبرة بقول الموقتین (ج ۲ ص ۱۲۵ و ج ۲ ص ۱۲۶) ظفیر عفی عنه

جو کہ ۲۹ رمضان ہے چاند تسلیم نہ ہوگا اور شنبہ کو عید نہ ہوگی البتہ اگر جمعہ کو حسب قاعدہ گواہی رویت کی گذر گئی تو شنبہ کو عید ہوگی ورنہ نہیں۔ (۱) غرض یہ ہے کہ جمعہ کو ۲۹ رمضان شریف ہے، جو قاعدہ ۲۹ تاریخ کا ہے وہی یہاں بھی جاری ہوگا۔ فقط۔

## بذریعہ تحریر رویت ہلال کی خبر آئے تو کیا حکم ہے

(سوال ۳۸) ایک تحریر قصبہ سکندر آباد سے جس میں رویت ہلال عید کی شہادت معتبرہ تھی بدست ایک شخص معتبر کے قصبہ جہاجر پہنچی اور شخص مذکور قصبہ ہذا کا رہنے والا ہے اور تاریخ ۲۸ و ۲۹ رمضان کو سکندر آباد موجود تھا اور تمام واقعات سماعت رویت کے اس نے اپنے کان سے سنی اور وہی شخص تحریر مذکور لے کر آیا، اپنے علم کو ظاہر کیا اور تحریر ہذا پیش کی اس صورت میں عید بروز شنبہ کی گئی اور یہ روزے افطار کئے گئے اور قصبہ والوں نے شخص مذکور کو و نیز تحریر ہذا کو معتبر سمجھ کر یقین کیا، اس صورت میں قصبہ والوں نے فعل جائز کیا یا کیا۔ منجملہ مردمان قصبہ کے دو تین شخصوں نے یقین نہیں کیا، باوجود یہ کہ شنبہ کی شام تک متواتر خبریں رویت کی دہلی وغیرہ سے پہنچی۔ اس کا جواب مرحمت فرمایئے۔

(جواب) اس صورت میں روزہ افطار کرنا اور عید کرنا صحیح و معتبر ہوا، اور تحریر مذکور معتبر ہے اس کے موافق عمل کرنا چاہئے۔ جن لوگوں نے روزہ افطار نہ کیا اور عید نہ کی وہ غلطی پر ہیں، ان کا روزہ بھی نہیں ہوا، کیونکہ وہ دن عید کا تھا، آئندہ ایسا نہ کریں (۲)

## ہلال عید میں مستور الحال کی شہادت معتبر ہے یا نہیں

(سوال ۳۹) آج یوم شنبہ برویت ہلال یہاں عید ہوئی۔ رویت ہلال رمضان اور عید میں مستور الحال کی شہادت معتبر ہے یا نہیں۔ مثلاً بے نمازی ہو، روزہ قصداً نہ رکھتا ہو، سود خوار ہو۔ جھوٹی شہادت عدالت میں دینے والا ہو۔ اگر مستور الحال ہو تو کیا اس کے احوال کی تفتیش کی جاوے۔

(جواب) رویت ہلال رمضان و عید میں مستور الحال کی گواہی معتبر ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ ہے کہ فسق گواہ کا ظاہر نہ ہو، یعنی بے نمازی نہ ہو، خلاف شرع امور کا مرتکب نہ ہو، پس جب کہ ظاہر حال گواہ کا یہ ہو کہ اس میں کوئی امر خلاف شرع نہیں ہے تو گواہی اس کی بلا تحقیق حال قبول کر لینا درست ہے۔ (۳) فقط۔

## تار کی خبر پر جن لوگوں نے روزہ توڑ دیا، اس کا کیا حکم ہے

(سوال ۴۰) تار کی خبر پر بعض لوگوں نے روزہ توڑ دیا یہ فعل ان کا کیسا ہے؟

---

(۱) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة الخ (در مختار) اى على الا موال وهو رجلان او رجل وامرأتان (رد المحتار) وقبل بلا علة جمع عظيم يقع العلم الشرعى الخ ( الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ و ج ۲ ص ۱۲۶ .ط.س. ج۲ص۳۸۶) ظفير.

(۲) واختلاف المطالع الخ غير معتبر الخ فيلزم اهل المشرق برؤية اهل المغرب اذا ثبت عندهم روية اولئك بطريق موجب (درمختار) كان يتحمل اثنان الشهادة او يشهد اعلى حكم القاضى او يستفيض الخبر (رد المحتار قبيل باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۲۳۱ و ج ۲ ص ۲۳۲ .ط.س. ج۲ص۳۹۳) ظفير.

(۳) للصوم مع علة كغيم وغبار خبر عدل او مستور على ماصححه البزازى على خلاف ظاهر الرواية لا فاسق اتفاقا (در مختار) لا قوله فى الديانات غير مقبول الخ وقول الطحاوى او غير عدل محمول على المستور كما هو رواية الحسن لا ن المراد بالعدل من ثبتت عدالته ولا ثبوت فى المستور اما مع تبين الفسق فلا قائل به عندنا (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۳ و ج ۲ ص ۱۲۴ .ط.س. ج۲ص۳۸۵) ظفير.

(جواب) بلاتحقیق و بدون شہادت شرعیہ کے محض تار کی خبر پر روزہ توڑنا اور عید کرنا جائز نہ تھا،(۱) لیکن چونکہ جمعہ کی رویت اور شنبہ کی عید محقق ہوگئی ہے اور بہت جگہ سے رویت کی خبریں آئیں۔ دیو بند میں بھی رویت ہوئی، اس لئے اب ان لوگوں پر جنہوں نے شنبہ کو روزہ نہ رکھا اور عید کی کچھ مواخذہ نہیں ہے۔ تار کی خبر تنہا معتبر نہیں ہے۔ لیکن اگر قرائن سے صدق اس کا محقق ہو تو عمل کرنا اس پر درست ہے۔ ایک جگہ کی رویت سب جگہ معتبر ہے اگر ثابت ہو جاوے جیسا کہ کتب فقہ میں تصریح ہے کہ اہل مشرق کی رویت اہل مغرب کے لئے لازم ہو جاتی ہے، اگر ان کو ثبوت اس کا پہنچ جائے۔(۲) فقط۔

## کیا جماعت کے لئے رویت ہلال میں عدالت شرط ہے

(سوال ۴۱) فقہاء نے تحریر فرمایا ہے کہ واسطے ثبوت ہلال عید فطر و عید الضحیٰ کے بحالت تکدر مطلع نصاب شہادت کے ساتھ عدالت شرط ہے۔ اگر نصاب پر دو یا تین مرد زاید ہو جاوے تو شرط عدالت ساقط ہو جاوے گی یا نہیں۔

(جواب) جماعت کے لئے عدالت اس وقت شرط نہیں ہے کہ جماعت عظیمہ ہو کہ جن کی خبر پر بوجہ تواتر غلبہ ظن حاصل ہو جاوے۔(۳) قال فی رد المحتار ، **الجمع العظیم جمع یقع العلم بخبر ھم ویحکم العقل بعدم توا طئھم علی الکذب**(۴) فقط۔

## شہادت بسلسلہ چاند اور فیصلہ

(سوال ۴۲) کیا فرماتے ہیں علمائے دین دریں صورت کہ ایک شہر میں ہلال عید الفطر کے متعلق مختلف شہادتیں اہل اسلام کی قاضی شہر کے پاس گذریں، لیکن قاضی صاحب نے ان سے ایک ایک کو علیحدہ بلا کر کہ دوسرا گواہ نہ سنے، دقیق جرح کی کہ چاند تم نے کس جگہ دیکھا، اس کے دونوں کنارے کس جانب تھے، اس کے پاس کوئی تارہ تھا یا نہیں، اوپر نیچے بادل تھا یا نہیں اور تھا تو کتنے فصل پر تھا اور کس رنگ کا تھا وغیرہ وغیرہ۔ ان سوالات میں جہاں بھی دو شاہدوں کے درمیان ذرا اختلاف ہوا ان کی شہادت رد کر دی۔ آخری بلخ وکاؤ چند شہادتیں ہر طرح سالم اور جرح میں بے عیب مضبوط قائم رہیں اور صبح ۷ بجے قاضی صاحب نے ان شہادتوں کو معتبر قرار دے کر افطار صیام کا فتویٰ دیا اور ساتھ ہی اس کے یہ فرمایا کہ چونکہ دیہات میں عام اطلاع کا ہونا اس وقت مشکل ہے لہذا دوگانہ عید الفطر کل کو ادا کیا جائے گا۔ ہر چند کہ بعض اہل اسلام و اہل علم نے کہا بھی کہ تاخیر بلا عذر صحیح نہیں ہے اس لئے آج دوگانہ ضرور ادا ہونا چاہئے مگر قاضی صاحب نے اس کو تسلیم نہیں کیا اور فرمایا کہ یہ تاخیر بلا عذر نہیں ہے بلکہ اطلاع عام کے عذر سے ہے لہذا کل کو دوگانہ عید بلا کراہت صحیح ہے۔ چنانچہ عام مسلمانان شہر اپنے اپنے گھروں کو واپس ہو گئے، مگر بعض لوگوں نے تاخیر کو جائز سمجھ کر عید گاہ میں دوگانہ ادا کیا اور سو سوا سو مسلمان اس میں شریک بھی ہوئے۔ عام اہل اسلام نے یوم آئندہ حسب اعلان قاضی صاحب کی اقتدا میں دوگانہ ادا کیا۔ دریافت طلب یہ امور ہیں۔

---

(۱) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة (در مختار) ای علی الا موال و هو رجلان او رجل و امرا تان (رد المحتار الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ ط.س. ج۲ص ۳۸۶)

(۲) فيلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب (الدرا لمختار علی هامش رد المحتار۔ قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۲۵ ط.س. ج۲ص ۳۹۲) ظفیر۔

(۳) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة الخ وبلا علة جمع عظیم (در مختار) ای ان شرط القبول عند عدم علة فی السماء لهلال الصوم اوا لفطر او غیرهما الخ اخبار جمع عظیم الخ قال ح ولا یشترط فیهم الا سلام والعدالة الخ وعدم اشتراط الا سلام له لا بدله من نقل صریح (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۶ ط.س. ج۲ص ۳۹۲) ظفیر۔

(۴) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۶ ط.س. ج۲ص۳۸۷-۳۸۸۔ ۱۲ ظفیر۔

## قاضی کو جرح کا حق ہے یا نہیں

(سوال ۱/۴۳) قاضی صاحب کو گواہان رویت ہلال سے اس قسم کی باریک جرح کرنے کا شرعاً کہاں تک حق حاصل ہے

## تاخیر درست ہے یا نہیں

(سوال ۲/۴۴) صورت مذکورہ میں جو تاخیر ہوئی وہ شرعاً بعذر ہوئی یا بلا عذر خصوصاً جب کہ ۵ گھنٹہ کا وقت ملا اور شہر و متعلقات شہر کی اطلاع کے لئے وہی ہدایت جو افطار صوم کے لئے عمل میں آئی، اطلاع دوگانہ عید کے لئے بھی کافی تھی یا کم ازکم بذریعہ منادی دوگھنٹہ میں پورا اعلان کیا جاسکتا تھا۔

## اہل قریہ کی رعایت میں نماز عید مئوخر کرنا کیسا ہے

(سوال ۳/۴۵) اہل دیہات کو اطلاع دینا یا ان کی رعایت میں صلوٰۃ عید کو یوم الغد پر مئوخر کرنا کہاں تک صحیح ہے۔

## قاضی کی مخالفت میں جو دوگانہ ادا کی گئی اس کا حکم

(سوال ۴/۴۶) اس تاخیر کی صورت میں جن مسلمانوں نے قاضی صاحب کے خلاف اپنا دوگانہ اسی دن عیدگاہ میں ادا کیا وہ برسرحق ہوئے یا برسر باطل اور ان کو ایسا کرنا ضروری یا جائز تھا یا اتباع کرنا قاضی صاحب کے حکم کا لازم تھا۔

## یوم الغد کی نماز کا کیا حکم ہے

(سوال ۵/۴۷) یوم الغد میں قاضی صاحب نے اور مسلمانان نے جو نماز پڑھی، وہ صحیح ہوئی یا باطل اور ادا ہوئی یا قضاء اور مکروہ ہوئی یا بے عیب۔ امید کہ بدلائل فقہیہ شرعیہ مفصل بیان فرما کر ماجور عندالناس ہوں۔

(جواب) اس قسم کی تحقیق وتدقیق شہود سے صحیح نہیں ہے۔ **قال فی الشامی ولا یکلف الشاھد الی بیان لو ن الدابة لا ن سئل عما لا یکلف الی بیانه۔** (۱) پس جب کہ حقوق عباد میں ایسی تدقیق صحیح نہیں ہے تو حقوق اللہ میں بدرجہ اولیٰ درست نہیں ہے۔ الا بوجہ وجیہ۔

(۲،۳) یہ تاخیر بلا عذر ہوئی جو صحیح نہیں ہے، کیونکہ اہل شہر کی اطلاع کے لئے وقت کافی تھا، (۲) اور اہل دیہات جن پر نماز عید واجب نہیں ہے، ان کو اطلاع نہ ہونا عذر تاخیر کا نہیں ہوسکتا کہ ان کی شرکت ضروری نہیں ہے۔ (۳)

(۴) انہوں نے حق کیا اور ان کو ایسا ہی کرنا چاہئے تھا، کیونکہ بلا عذر تاخیر میں عید الفطر کی نماز نہیں ہوتی۔ کما فی الدر **المختار فالعذر ھھنا ای فی الاضحیٰ لنفی الکراھة وفی الفطر للصحه الخ** (۴)۔

(۱)

(۲) وتئو خر بعذر کمطرا لی الزوال من الغد فقط (در مختا) قوله بعذر کمطرالخ دخل فیه ما اذا لم یخرج الامام واما اذا غم الھلال فشھدوا به بعد الزوال او قبله بحیث لا یمکن جمع الناس، قوله فقط راجع الی قوله بعذر فلا تؤخر من غیر عذر (رد المحتار باب العیدین ج ۱ ص ۷۸۳ .ط.س. ج۲ص۱۷۶)

(۳) تجب صلاتھما فی الاصح علی من تجب علیه الجمعة بشرائطھا المتقدمة (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب العیدین ج ۱ ص ۷۷۴ .ط.س. ج ۱ ص ۱۶۶) ظفیر۔

(۴) الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب العیدین ج ۱ ص ۷۸۴ .ط.س. ج۲ص۱۷۶. ۱۲ ظفیر

(۵) وہ نماز جو اگلے دن بلا عذر مئوخر کی گئی صحیح نہیں ہوئی، اگر بعذر ہوتی تو صحیح ہوتی لیکن وہ بھی قضاء ہوتی نہ اداء۔ کما فی الدر المختار، وتکون قضاءً لا اداءً۔(۱) فقط۔

## خط اور تار کی خبر پر روزہ رکھا جائے یا نہیں

(سوال ۴۸) ۲۹ اگر رمضان یا شوال کا چاند نظر نہ آوے اور دو معتبر شہادتیں بھی حسب تصریح فقہاء نہ مل سکیں تو کیا تار اور خط کی خبر پر اعتماد کر کے روزہ رکھ سکتے ہیں، یا نماز عید پڑھ سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) محض خبر تار یا خط پر اعتماد کر کے روزہ رکھنے یا افطار کرنے کا شرعاً حکم نہیں ہے۔ البتہ اگر وہ خبر تار یا خط مصدق ہو جاوے یا موید ہو جاوے، دوسرے قرائن صدق کے ساتھ تو اس پر عمل کرنا درست ہے۔(۲) فقط۔

## تیس رمضان کو چاند نظر نہ آئے تو کیا کرے

(سوال ۴۹) فیمن تم ثلثین یوماً من رمضان ولم یرھلال شوال فصام بعدہ یوماً حتیٰ رای الھلال فی الصبح قبل الزوال ایضاً اتی التلغراف من بمبئی فی یوم الجمعۃ وقت غروب الشمس فافطر بعضھم۔

(جواب) قال فی الدر المختار وبعد صوم ثلثین بقول عدلین حل الفطر الخ ولو صاموا بقول عدل حیث یجوز وغم ھلال الفطر لا یحل علی المذھب خلافاً لمحمدؒ لکن نقل ابن الکمال عن الذخیرۃ انہ ان غم ھلال الفطر حل اتفاقاً وفی الزیلعی الا شبہ ان غم حل والا لا (۳) وفیہ ایضاً ورویتہ بالنہار للیلۃ الاتیہ مطلقاً علی المذھب ذکرہ الحدادی۔(۴) والتلعراف لیس بحجۃ شرعیۃ۔(۵) فقط۔

## متواتر خط و تار سے رویت ہلال ثابت ہوگی یا نہیں

(سوال ۱/۵۰) بحالت ابر وغبار یا مطلع صاف نہ ہونے کے اگر متواتر خطوط یا تار آویں لیکن الفاظ طریق موجب کے نہ ہوں، مثلاً یہ لکھا ہو کہ یہاں فلاں دن چاند ہوا تو ان خطوط و تار کا اعتبار صوم و افطار و عیدین میں ہوگا یا نہیں۔

## کیا خطوط و تار بھیجنے والے کا عادل ہونا شرط ہے

(سوال ۲/۵۱) جیسا کہ متواتر شہادت کے لئے عادل ہونا شرط نہیں ہے، اسی طرح متواتر خطوط و تار میں بھی کاتب کا عادل ہونا شرط ہے یا نہیں۔

## کیا متواتر خطوط میں شناخت ضروری ہے

(سوال ۳/۵۲) تار میں کوئی شناخت نہیں ہوتی لیکن خطوط میں دستخط یا طرز تحریر یا قرائن مضامین سے شناخت ہو جاتی ہے۔ آیا متواتر خطوط میں بھی شناخت کی ضرورت ہے یا نہیں۔

---

(۱) الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب العیدین ج ۱ ص ۷۸۳. ط.س. ج۲ص۱۷۶. ۱۲ ظفیر۔

(۲) فیلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب اذاثبت عندھم بطریق موجب (در مختار) کان یتحمل اثنان الشھادۃ اویشھد اعلی حکم القاضی اولیستفیض الخبر بخلاف ما اذا اخبرا ان اھل بلدۃ کذا راء ہ لانہ حکایۃ (رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم وما لا یفسدہ ج ۲ ص ۱۳۲. ط.س. ج۲ص۳۹۲) ظفیر۔

(۳) الدر المختار علی ہامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۹. ط.س. ج۲ص۳۹۱. ۱۲ ظفیر

(۴) ایضاً ج ۲ ص ۱۳۰ وفی الشامی ای سواء روی قبل الزوال او بعدہ (رد المحتار باب ایضا. ط.س. ج۲ص۳۹۱)

(۵) فیلزم اھل المشرق برویۃ اھل المغرب اذا ثبت عندھم رویۃ اولئک بطریق موجب (در مختار) کان یتحمل اثنان الشھادۃ اویشھد اعلی حکم القاضی اویستفیض الخبر بخلاف ما اذا خبران اھل بلدۃ کذا راوہ لانہ حکایۃ (رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲. ط.س. ج۲ص۳۹۲) ظفیر۔

## مستور کا تار یا خط کافی ہے یا نہیں

(سوال ۵۳/۴) رمضان میں بحالت ابر جیسا کہ ایک مستور کی شہادت کافی ہے ایسا ہی ایک کاتب مستور کا خط یا تار بھی کافی ہے یا نہیں۔

## خبر متواتر کی شہرت پر خبر آئے تو کیا کرے

(سوال ۵۴/۵) اگر بحالت ابر متواتر خبر مشہور ہوئی کہ فلاں فلاں شہر میں فلاں دن عید ہے یا متواتر خطوط سے معلوم ہوا کہ فلاں دن عید ہے، یا صرف دو مقام سے ایک ایک خط آیا، لیکن یہ نہیں معلوم کہ چاند ہوا یا وہاں بھی محض شہرت کی وجہ سے عید ہے تو ہم اس خبر پر عمل کریں یا نہیں۔

(جواب) لفظ ردالمحتار جو بذیل طریق موجب لکھا ہے یہ ہے **او یستفیض الخبر** (۱) پس جب کہ خبر مستفیض و متواتر ہو جاوے گی لائق قبول ہوگی اور عمل کرنا اس پر واجب ہوگا۔

(۲) تواتر میں عدالت کا لحاظ نہیں ہے۔ (۲)

(۳) تواتر جبھی ہوگا کہ خطوط میں شناخت پائی جاوے۔

(۴) کافی نہیں۔

(۵) جب کہ خبر مستفیض ہوگی عمل اس پر واجب ہے۔ فقط۔ (۳)

## پانچ مسلمان شہادت دیں تو عید ہوگی یا نہیں

(سوال) ۲۹ رمضان کو پانچ آدمی مسلمان روزہ دار نے چاند دیکھا اور امام سے آ کر کہا تو اس صورت میں کیا حکم ہے۔

(جواب) اس صورت میں چاند ثابت ہو گیا عید کرنی چاہئے۔ (۴)

## ایک شخص کی شہادت سے رویت ہلال ثابت ہوگی یا نہیں

(سوال ۵۵) ایک شخص مسلمان نے جو شریعت کا پابند نہیں ہے، اور دو شخص چماروں نے ۲۹ شعبان کو چاند دیکھنا بیان کیا ہے، اس صورت میں رویت ہلال ثابت ہے یا نہیں۔ اور روزہ رکھنا چاہئے یا نہیں۔

(جواب) مطلع صاف ہونے کی صورت میں ایک شخص مسلمان کی گواہی سے رویت ہلال ثابت نہ ہوگی اور ہندو چماروں کی گواہی بھی اس بارہ میں معتبر نہ ہوگی۔ بہر حال صورت مذکورہ میں چاند کا دیکھنا شرعاً ثابت نہیں ہوا اور وہ روزہ لازم نہیں ہوا۔ (۵)

---

(۱) رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ص ۳۹۲. ۱۲ ظفیر.

(۲) لکن لما کانت بمنزلة الخبر المتواتر وقد ثبت بها ان اهل تلک البلدة صاموا یوم کذا لزم العمل بها الخ (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ ط.س. ج۲ص ۳۹۰) ظفیر. (۳) نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الاخری لزمهم علی الصحیح من المذهب (در مختار) قال الرحمتی معنی لا ستفاضة ان تاتی من تلک البلدة انهم صاموا عن رؤیة لا مجرد الشیوع من غیر علم بمن اشاعه الخ (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ و ج ۲ ص ۱۲۹ ط.س. ج۲ص ۳۹۰) ظفیر. (۴) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة الخ ولو کانوا ببلدة لا حاکم فیها صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ و ج ۲ ص ۱۲۵ ط.س. ج۲ص ۳۸۶) ظفیر. (۵) وقبل بلا علة جمع عظیم یقع العلم الشرعی وهو غلبة الظن بخبر هم وهو مفوض الی رای الامام من غیر تقدیر بعد د علی المذهب وعن الامام انه یکتفی بشاهدین واختاره فی البحر الخ (در مختار) ای ان شرط القبول عند عدم علة فی السماء الهلال الصوم الفطر او بغیر هما الخ فلا یقبل خبر الواحد الخ (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۶ ط.س. ج۲ص ۳۸۷-۳۸۸) ظفیر.

## رویت ہلال پر شہادت

(سوال ۵۶) کسی مولوی عادل معتبر نے یہ تحریر کیا کہ ہمارے گاؤں میں رویت ہلال عید الفطر ہوئی ہے، بہت لوگوں نے دیکھا ہے مگر سات آدمی جو میرے نزدیک معتبر تھے حلف اٹھا کر بیان کیا کہ ہم نے چاند دیکھا ہے اور یوم ابر کا تھا۔ ایک شخص کے ہاتھ یہ تحریر روانہ کی۔ مولوی مکتوب الیہ نے دو معتبر مسلمانوں کو تحقیق کے لئے روانہ کیا اور وہ تحریر بھی دے دی۔ ان دونوں نے مولوی کاتب کو تحریر دکھا کر پوچھا کہ واقعی تمہارے گاؤں میں رویت ہوئی ہے اور یہ تمہارا خط ہے۔ اس نے کہا کہ واقعی یہ خط میرا ہے اور سات معتبر گواہوں نے حلفاً گواہی دی ہے اور دوبارہ تحریر لکھی کہ دو آدمی میرے پاس آئے اور ایسا کہا۔ ان دونوں نے دوبارہ مولوی مکتوب الیہ کے پاس آ کر بیان کیا کہ مولوی کاتب نے ایسا کہا ہے۔ مگر خط اول و ثانی میں اپنا کوئی حکم تحریر نہ کیا صرف نقل شہادت کر دی۔ مولوی مکتوب الیہ نے اس خط ثانی کو دیکھ کر اور ان دونوں سے دریافت کر کے حکم عید فطر کا دے دیا۔ یہ حکم دینا صحیح ہوا یا نہیں۔

(جواب) مولوی مکتوب الیہ کا حکم افطار کر دینا اس صورت میں درست ہے۔ اور حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ کے فتوی کے تحت میں یہ صورت واقعہ کی داخل ہے۔(۱) فقط۔

## بلا علت دو کی شہادت معتبر ہے یا نہیں

(سوال ۵۷) بہ ثبوت شہادت دو مرد باوجود بلا علت ہونے مطلع کے ہلال شوال کی اگر شہادت دیں تو معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر ابر اور گرد وغبار آسمان پر کچھ نہ ہو تو جمع عظیم کی شہادت ضروری ہے جس سے غلبہ ظن حاصل ہو جاوے۔ **كما فى الدر المختار وقبل بلا علة جمع عظيم يقع العلم الشرعى وهو غلبة الظن بخبر هم وهو مفوض الى راى الامام من غير تقدير بعد د على المذهب وعن الا مام انه يكتفى بشاهدين و اختاره فى البحر الخ**۔(۲) فقط۔

## تار کی خبر پر عید درست ہے یا نہیں

(سوال ۵۸) بمبئی، کراچی، سکھر وغیرہ کی شہادت پر پانی پت کرنال اور متصل والے دیہات نے شنبہ کو عید کر لی ہے، آیا تار کی خبر پر عید کرنا شرعاً درست ہے یا نہیں۔ اگر نہیں تو روزہ کی قضاء لازم ہے یا نہیں۔

(جواب) حنفیہ کا مذہب مفتی بہ ومعتبر یہ ہے کہ اگر کسی جگہ بھی رویت ثابت ہو جاوے، اگر چہ وہ کتنی ہی دور جگہ ہو، اگر چہ ہزاروں کوس پر ہو تو یہاں والوں پر بھی حکم روزہ افطار کا اس کے موافق ہو جاوے گا، جیسا کہ فقہ کی معتبر کتاب درمختار میں ہے **واختلاف المطالع غير معتبر على ظاهر المذهب وعليه اكثر المشائخ وعليه الفتوى**

---

(۱) ولو كانوا ببلدة لا حاكم فيها صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلين مع العلة للضرورة (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۵ .ط.س. ج۲ ص۳۸۶) ظفير

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۶ .ط.س. ج۲ ص۳۸۷۔۳۸۸۔ ۱۲ ظفير.

(۳) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم قبيل باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۱ .ط.س. ج۲ ص۳۹۳ ۱۲ ظفير۔

فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب الخ۔ (۳) اور جب کہ خبر رویت مستفیض ہو جاوے۔ یعنی ہر طرف سے ایسی خبریں آویں کہ چاند ہو گیا اور ظن غالب اس کے صدق کا ہو جاوے تو اس پر عمل کرنا سب کو لازم ہے ہوتا ہے۔ کذا فی رد المحتار (۱) پس اس ماہ رمضان المبارک میں پنجشنبہ کو پہلا روزہ ہونے کی خبریں ایسی متواتر ہو گئی ہیں کہ ان پر عمل کرنا ضروری ہو گیا اور جن لوگوں نے جمعہ کو پہلا روزہ رکھا ان پر ایک روزہ کی قضاء لازم ہے اور عید کرنا شنبہ کو ضروری تھا، کیونکہ جمعہ کو تیس رمضان کی تھی، اور اس میں کچھ شبہ نہ رہا، لہذا بحکم فاذا غم علیکم فاکملوا العدة ثلثین (۲) شنبہ کو عید کرنا ضروری ہو گیا۔ فقط۔

## متعدد تار سے مفتی کو یقین ہو جاوے تو کیا کرنا چاہئے

(سوال ۵۹) اگر متعدد تار جمع ہو جائیں اور مفتی کو یقین بھی ہو جائے تو شرعاً رویت ہلال ثابت ہوگی یا نہیں۔

(جواب) ایسی حالت میں کہ مفتی کو ظن غالب چاند ہونے کا ہو جاوے اس پر حکم کرنا جائز ہے۔ (۳)

## تار خط کی بنیاد پر عید جائز ہے یا نہیں

(سوال ۶۰) تار اور خط کی خبر سے عید کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) تنہا تار یا خط کی خبر پوری معتبر نہیں ہے لیکن اگر خبریں بہت سی ہو کر مفید علم ظنی ہو جاویں تو ان پر عمل کرنا جائز ہے۔ (۴)

## ٹیلیفون کی خبر معتبر ہے یا نہیں

(سوال ۶۱) چند مسلمان ایک شہر سے جو ۴۹ میل کے فاصلہ پر ہے بذریعہ ٹیلیفون رمضان مبارک کے چاند کی خبر دیتے ہیں اور ان کی آواز بھی پہچانی جاتی ہے۔ شرعاً یہ خبر معتبر ہوگی یا نہیں۔

(جواب) محض تار اور ٹیلیفون کی خبر شرعاً حجت نہیں ہے البتہ اگر اس کے ساتھ دیگر قرائن اور خبریں بھی موجود ہوں تو اس پر عمل کرنا جائز ہے، چنانچہ اس دفعہ اگر چہ اکثر جگہ بدھ کو رمضان شریف کا چاند نہیں دیکھا گیا لیکن کثرت سے خبریں رویت کی اور پنجشنبہ کا پہلا روزہ ہونے کی آ گئی، اس لئے پنجشنبہ سے پہلا روزہ ہونا تسلیم ہو گیا او شنبہ کو عید کرنا ضروری ہو گیا۔ اور جن لوگوں نے پہلا روزہ جمعہ کو رکھا ان پر ایک روزہ کی قضا لازم ہے۔ (۵) فقط۔

## باوجود مطلع صاف ہونے کے تیس چالیس کی گواہی معتبر ہے یا نہیں

(سوال ۶۲/۱) دو ہزار آدمیوں سے صرف تیس چالیس آدمی باوجود مطلع صاف ہونے کے رویت ہلال کی شہادت دیں تو عند الشرع معتبر ہے یا نہیں۔

---

(۱) قوله بطریق موجب کان یتحمل اثنان الشهادة اویشهدا علی حکم القاضی اویستفیض الخبر (رد المحتار باب ایضاً ج ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ص ۳۹۴) نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الا خری لزمهم علی الصحیح من المذهب (در مختار) فی الذخیرة قال شمس الا ئمة الحلوانی الصحیح من مذهب اصحابنا ان الخبر اذا استفاض وتحقق فیما بین اهل البلدة الا خری یلزمهم حکم هذه البلدة الخ (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ ط.س. ج۲ص ۳۹۰) ظفیر.

(۲) مشکوة باب رویة الهلال فصل اول ص ۱۷۴ . ۱۲ ظفیر. (۳،۴) نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الا خری لزمهم علی الصحیح من المذهب مجتبی وغیره (درمختار) معنی الا ستفاضة ان تاتی من تلک البلدة جماعات متعد دون کل منهم یخبر عن اهل تلک البلدة انهم صامو ا عن رویة لا مجرد لشیوع الخ (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۹ ط.س. ج۲ص ۳۹۰) (۵) نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الا خری لزمهم فی الصحیح من المذهب مجتبی وغیره (الدر المحتار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ ط.س. ج۲ص ۳۹۰) ظفیر.

## بیس آدمیوں کی شہادت پر اعلان اور پھر انحراف

(سوال ۶۳/۲) جو شخص بیس آدمیوں کی شہادت مان کر رویت ہلال سے متفق ہو کر اعلان کرائے اور پھر اپنے قول سے منحرف ہو جائے اس کا کیا حکم ہے۔

## مطلع جب صاف ہو تو کتنے آدمی کی شہادت ضروری ہے

(سوال ۶۳/۳) مطلع صاف ہونے کی حالت میں شہادت کی انتہا کہاں تک ہے۔

(جواب) (۱،۲،۳) اس شہر کا عالم یا قاضی اگر اس کو تسلیم کرے اور ظن غالب ان لوگوں کے صدق کا ہو جاوے تو ان کی شہادت پر حکم کرنا صحیح ہے اور جب کہ بیس آدمیوں کی شہادت سے غلبہ ظن حاصل ہو گیا اور اس کا اعلان کر دیا تو پھر اس کے خلاف حکم نہ کرنا چاہئے یہ غلطی ہے کیونکہ امام اعظم رحمۃ اللہ سے دو کی شہادت بھی مطلع صاف ہونے کی صورت میں قبول ہونا مروی ہے، بلکہ اگر اونچی جگہ سے اور شہر سے باہر ایک معتبر شخص بھی گواہی دے باوجود مطلع صاف ہونے کے تو اس کی گواہی کا بھی اعتبار ہو جاتا ہے وقبل بلا علة جمع عظیم یقع العلم الشرعی وھو غلبة الظن بخبرھم وھو مفوض الی رای الا مام من غیر تقدیر بعد د علی المذھب وعن الا مام انہ یکتفی بشاھدین واختارہ فی البحر وصحح فی الا قضیة الا کتفاء بواحد ان جاء من خارج البلد او کان علی مکان مرتفع الخ در مختار۔(۱)

## متعدد آدمی کسی بستی میں رویت بیان کریں تو باہر سے آنے والے اسے مانیں یا نہیں

(سوال ۶۴) بندہ بضرورت مدرسہ یہاں آیا میرے سامنے چند آدمیوں نے رویت ہلال رمضان شریف بیان کی۔ یہاں اکثر لوگوں نے ۲۹ شعبان یوم جمعہ کو چاند دیکھا اور شنبہ کا پہلا روزہ ہوا۔ اب مجھ کو وطن پہنچ کر اس پر عمل کرنا چاہئے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں رویت ہلال جمعہ ثابت ہے اور شنبہ کا روزہ ہونا محقق ہے۔ آپ کو وطن پہنچ کر اس کے موافق لوگوں کو حکم کرنا چاہئے۔ یک شنبہ کو تیس رمضان قرار دے کر بہر حال دوشنبہ کو حکم عید کرنا چاہئے۔(۲) فقط۔

## دو کی شہادت پر جو افطار کرے اس پر قضا و کفارہ ہوگا یا نہیں

(سوال ۶۵) ۲۹ شعبان بروز یکشنبہ بعض اشخاص نے چاند دیکھا تھا، اکثر اشخاص نے روزہ رکھا اور چند اشخاص نے نہیں رکھا آج بروز منگل چند اشخاص نے عید الفطر کا چاند دیکھا جس میں دو شہادت معتبر ہیں، اس پر بہت سے اشخاص نے روزہ افطار کیا اور چند اشخاص نے افطار نہیں کیا افطار کرنے والوں پر کوئی کفارہ واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) جب کہ شہادت معتبرہ سے رویت ہلال ثابت ہو گئی تو افطار کرنا ضروری تھا۔ پس افطار کرنے والوں پر کوئی مؤاخذہ اور کفارہ نہیں ہے۔(۳) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی ھامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۶ ۔ط.س. ج۲ص۳۸۷،۳۸۸ ۱۲ ظفیر۔
(۲) واما فی السواد اذا رای احدھم ھلال رمضان یشھد فی مسجد قریة وعلی الناس ان یصوموا بقولہ بعد ان یکون عدلا اذا لم یکن ھناک حاکم یشھد عندہ الخ (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب ثانی ج ۱ ص ۱۸۵ ۔ط.س. ج۲ص۱۹۸)
(۳) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشھادة الخ (در مختار) ای علی الاموال وھو رجلان اورجل وامرأتان (رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ ۔ط.س. ج۲ص۳۸۶) ظفیر۔

## دو شخص کی شہادت اور مختلف تاروں کی اطلاع پر افطار کا حکم درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۶) دو شاہدوں کی شہادت اور خبر مستفیض یعنی بعدد عدد تار متفرق مقامات مثلاً کلکتہ، مکہ مکرمہ۔ جدہ۔ بمبئی۔ کوئٹہ۔ سکھر وغیرہ بلاد مختلفہ سے تاروں اور خبروں کی بنا پر فتویٰ دیا گیا افطار صوم کا۔ اس صورت میں افطار کرنا روزہ کا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) افطار روزہ دریں صورت واجب نیست بلکہ در جواز افطار ہم بمجر دخبر تار تردد است کہ خبر تار ظاہر است کہ حسب قواعد شرعیہ اعتبار ے ندار دالبتہ بوجہ تعارف بلاد اگر خبر تار را مئوید شمردہ شود یا بوجہ تعدد تار ظن غالب پیدا شود مفید جواز افطار می تواند شد، پس ہر کہ روزہ افطار نہ کردو روزہ قائم داشت گنہگار نمی شود۔(۱) فقط۔

## جس کا چاند دیکھنا معتبر قرار نہ دیا گیا اور اس نے روزہ رکھا، تیس روزے پورے کرنے کے بعد بھی چاند نہ ہونے کی صورت میں اکتیسواں روزہ رکھنا ہوگا

(سوال ۲۷) ایک شخص نے رمضان کا چاند دیکھا کسی وجہ سے گواہی اس کی مقبول نہ ہوئی مگر اس نے قاعدہ شرعیہ کے موافق روزہ رکھ لیا اور سب لوگوں کا رمضان ایک روزہ بعد شروع ہوا۔ جب اس کے تیس روزے ہو گئے اور سب کے انتیس ہوئے اور چاند نظر نہ آیا تو اب اس کو اگلے روز روزہ رکھنا یعنی اکتیسواں روزہ رکھنا واجب ہے یا نہیں، اگر نہ رکھے گا تو گنہگار ہوگا یا نہیں اور اگر توڑ ے گا تو قضا واجب ہوگی یا کفارہ۔

(جواب) اس پر اکتیسواں روزہ رکھنا واجب ہے، لیکن توڑ دے گا تو صرف قضا واجب ہوگی۔(۲) فقط۔

## ۲۹ رمضان کو بعد زوال چاند نظر آئے تو کیا کرے

(سوال ۲۸) رمضان کی ۲۹ تاریخ کو بعد زوال چاند شوال دیکھا گیا۔ اب باقی ماندہ دن روزہ رکھے یا دیکھتے ہی توڑ دے۔

(جواب) روزہ رکھے۔ کذا فی الدر المختار۔(۳) فقط۔

## چاند کے سلسلہ میں دور دراز شہر کا اعتبار ہوگا یا نہیں

(سوال ۲۹) امرت سر وغیرہ میں بابت رویت ہلال رمضان وعید الفطر وغیرہ کے اختلاف رہا ہے تو ہم ساکنان منڈلہ سی پی کو دوسرے شہر والوں کی جن کا حد فاصل دور دراز ہے متابعت کر کے عمل کرنا چاہئے یا نہیں۔

(جواب) عند الحنفیہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں ہے، اہل مشرق کی رویت اہل مغرب کے لئے لازم ہوجاتی ہے و بر عکس۔ اگر بطریق معتبر ثابت ہوجاوے کذافی الشامی وفی الدر المختار واختلاف المطالع الخ غیرہ معتبر علی ظاهر المذهب فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت

---

(۱) فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا اثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب (در مختار) کان یتحمل اثنان الشهادة اویشهد اعلی حکم القاضی او یستفیض الخبر بخلاف، ماذا اخبران اهل بلدة کذا را وه لانه حکایة (رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۴) ظفیر.

(۲) راء ی مکلف هلال رمضان اوالفطر و رد قوله بدلیل شرعی صام مطلقا وجوبا وقیل ند بافان افطر قضی فقط فیهما لشبهة الرد (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۲۱۲) ج ۲ ص ۱۲۳ .ط.س. ج۲ص ۳۸۴)

(۳) ورویته بالنهار للیلة مطلقا علی المذهب (در مختار ای سواء روی قبل الزوال او بعده (رد المحتار کتاب الصوم مطلب فی رویة الهلال نهارا ج ۲ ص ۱۳۰ .ط.س. ج۲ص ۳۹۲) ظفیر.

(۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم قبیل باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۱ و ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۴. ۱۲ ظفیر.

(۵) بطریق موجب ، کان کان یتحمل الشهادة اثنان اویشهدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر (رد المحتار ایضا ) ط.س. ج۲ص ۳۹۴. (۶) مشکوة باب رویة الهلال ص ۱۷۴. ۱۲ ظفیر صدیقی.

عندهم روية اولئک بطريق موجب (۴) وفصل الشامی ذلک الطريق الموجب فلينظر فيه (۵) اور حديث صحيح صوموا لرويته وافطروا لرويته (۶) کا مقتضیٰ بھی یہی ہے کیونکہ خطاب صوموا، اور افطروا کا عام ہے سب کیلئے۔ حاصل یہ ہے کہ جس وقت رویت ہلال ہو جاوے اگرچہ کہیں ہو، سب کو روزہ وافطار اس کے موافق کرنا چاہئے، یعنی جب کہ رویت ثابت ہو جاوے کما ہو ظاہر۔ فقط۔

## ایک چاند آج صبح کو مشرق میں نظر آئے تو کل شام کو دوسرے ماہ کا چاند دیکھا جانا ممکن ہے یا نہیں

(سوال ۷۰) ایک چاند آج صبح کو جانب مشرق نظر آوے تو کل شام کو دوسرے مہینہ کا دیکھا جانا ممکن ہے یا نہیں۔

(جواب) درمختار میں ہے ولا عبرة بقول الموقتين (در مختار) ای فی وجوب الصوم علی الناس بل فی المعراج لا يعتبر قولهم بالا جماع ولا يجوز للمنجم ان يعمل بحساب نفسه الخ۔ (۱) پس جب کہ اہل توقیت واہل نجوم واہل حساب کا بھی شرح میں اعتبار نہیں تو عوام کا طعن کرنا بر بناء مذکور کس طرح ...... صحیح ہو سکتا ہے اور بقاعدہ حساب بھی اگر آج صبح کو چاند مشرق میں نظر آوے تو اگلے دن شام کو رویت ہلال ہو سکتی ہے۔ کما ہو مشاہد۔ فقط۔

## غیر معتبر کی شہادت قابل قبول نہیں

(سوال ۷۱) اگر کسی شہر میں مطلع صاف نہ ہو اور دو شخص ضعیف البصر غیر عادل جن کو عوام الناس غیر معتبر سمجھیں شہادت دیں اور امام جامع مسجد ان کی شہادت پر فتویٰ دے کر پنجشنبہ کو عید الاضحیٰ کی نماز ہوگی۔ عوام الناس دونوں شاہدوں کا غیر عادل اور غیر معتبر ہونا بیان کریں اور امام صاحب کہیں کہ شہادت میں عدالت کی شرط نہیں محض دو کلمہ گو کلمہ پڑھ کر حلف سے شہادت دیں گے تو ہم مان لیں گے۔ شہادت دو فاسقوں کی بھی مقبول ہوتی ہے اور دوسرا عالم جمعہ کی عید کا فتویٰ دے، اس صورت میں پنجشنبہ کی نماز عید الضحیٰ اور قربانیاں جائز ہوئیں یا نہیں۔

(جواب) عدالت گواہان کی، ثبوت رویت ہلال کے لئے ضروری ہے غیر معتبر اور غیر عادل گواہوں کی گواہی سے عید الضحیٰ ثابت نہیں ہوتی۔ (۲) اس صورت میں جو پنجشنبہ کو عید ہوئی وہ صحیح نہیں ہوئی اور قربانی بھی درست نہیں ہوئی۔ جمعہ کو عید کرنے والے اور قربانی کرنے والے حق پر ہیں۔ فقط۔

## شہادت علی القضا

(سوال ۷۲) فی رد المحتار . بخلاف الشهادة علی الشهادة فی سائر الا حکام حيث لا تقبل مالم يشهد علی شهادة کل رجل رجلان او رجل و امراتان الخ وفی الدر المختار احکام هلال الفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة ولفظ ا شهد وعدم الحد فی قذف لتعلق نفع العبدل لکن لا تشترط الدعوی (۳) وان سقط لفظ الشهادة للضرورة لکن يبقی بقية الا حکام کما مرمن رد المحتار بخلاف الشهادة علی الشهادة فی سائر الا حکام ای فی غير احکام هلال رمضان۔

ان روایات پر نظر کر کے حسب ذیل مسئلہ کا کیا جواب ہوگا۔ زید نے رویت شوال کی باقاعدہ شہادت لے کر

---

(۱) رد المحتار کتاب الصوم ص ۱۲۵ مطلب لا عبرة بقول الموقتين . ط.س. ج۲ ص۳۸۷ ۱ ظفير.

(۲) للصوم مع علة کغيم و غبار خبر عدل او مستور الخ لا فاسق اتفاقا (در مختار) اما مع تبين الفسق فلا قائل به عند نا (رد المحتار کتاب الصوم ج ۳ ص ۱۲۳ و ج ص ۱۲۴ . ط.س. ج۲ ص۳۸۵) ظفير وهلال الا ضحیٰ وبقية الا شهرا التسعة کا لفطر علی المذهب الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ص ۱۳۰ . ط.س. ج۲ ص ۳۹۱ ظفير.

(۳) ايضا ج ۲ ص ۱۲۴ . ط.س. ج۲ ص۳۸۶ ۱ ظفير.

اپنے شہر الہ آباد میں افطار کا حکم دیا۔ اب بکر جو اس وقت الہ آباد میں مقیم تھا، شہر کانپور میں جا کر اس بات کی خبر دی کہ زید نے الہ آباد میں باقاعدہ شہادت لے کر افطار کا حکم دیا ہے، اب تم لوگ بھی افطار کرلو۔ یہ تو ظاہر ہے کہ کانپور کے لوگ صرف بکر کی شہادت پر افطار نہیں کر سکتے، کیونکہ فطر میں عدد بھی شرط ہے مگر شبہ یہ ہے کہ بکر کی شہادت چونکہ شہادت علی القضاء ہے جو حکم میں شہادت علی الشہادۃ کے ہے، اس لئے اب صرف ایک اور شخص کی شہادت کی ضرورت افطار صوم کے لئے ہوگی یا تین اور شخصوں کی۔ کیونکہ حسب روایت اول چونکہ فطر کے لئے دو شخصوں کی شہادت کی ضرورت ہے اور شہادت علی الشہادۃ کی صورت میں ہر شخص کے لئے دو دو ہونا چاہئے۔ اس لئے بکر کے علاوہ تین شخصوں کی شہادت علی الشہادت کی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ نیز جو دو شخص شہادت علی الشہادت ایک شخص کی دیں وہی دو شخص دوسرے شخص کی شہادت علی الشہادت دیں تو کافی ہے یا نہیں۔ کیا دوسری و تیسری روایت سے یہ معلوم ہوا کہ ہلال رمضان کے اثبات کے لئے لفظ اشہد شرط ہے اور ہلال فطر کے لئے نہیں حالانکہ ہلال رمضان کے اثبات کے لئے بھی دیکھا جاتا ہے کہ گواہ سے یہ نہیں کہلایا جاتا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے چاند دیکھا ہے گو معنی ضرور سمجھے جاتے ہیں۔ پس قاضی کو ہلال رمضان کی رائے سے شہادت کے وقت کیا لفظ اشہد کا ترجمہ لفظاً کہلانا ضروری ہے۔ و نیز کیا تیسری روایت سے یہ ثابت ہوا کہ شہادت علی الشہادت کی صورت میں بھی ثبوت ہلال رمضان کے لئے صرف ایک شاہد کی ضرورت ہے۔ بخلاف ثبوت ہلال فطر کے کہ چار شخصوں کی ضرورت ہے۔ کمامر۔

(جواب) شہادت علی الشہادت میں دو گواہ دونوں شاہدوں کے گواہ ہو سکتے ہیں جیسا کہ عبارت ہدایہ مشمولہ سے واضح ہے اور شہادت علی حکم القاضی میں بھی دو گواہ کافی ہیں جیسا کہ عبارت شامی منقولہ میں تصریح ہے۔

اثبات ہلال رمضان میں لفظ اشہد کی ضرورت نہیں ہے اور فطر میں ضرورت ہے۔ کما صرح بہ فی الدر المختار وحققہ الشامی۔ عبارات متعلقہ جواب ہذا۔

وقبل بلا دعوی وبلا لفظ الخ للصوم مع علةالخ خبر عدل الخ(۱) ویجوز شهادة شاهدین علی شهادة شاهدین. وقال الشافعی لا یجوز الا الا ربع علی کل اصل اثنان الی ان قال ولنا قول علی لا یجوز علی شهادة رجل الا شهادة رجلین ولان نقل شهادة الا صل من الحقوق فهما شهدا بحق ثم شهدا بحق اخر۔(۲)وقال فی الدر المختار فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذاثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب الخ وفی رد المحتار قوله بطریق موجب کان یتحمل اثنان الشهادة او یشهدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر الخ۔(۳) ج ۲ ص ۹۲ وفی الدر المختار وقبل بلا لفظ اشهد وبلا حکم و مجلس قضاء الخ للصوم مع علة کغیم و غبار خبر عدل الخ(۴)وفیه وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة ولفظ اشهد الخ۔(۵)فقط۔

(۱)الدر المختار علی هامش رد المحتار، کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۳ . ط.س. ج۲ص۳۸۵ . ۱۲ ظفیر.
(۲) هدایه باب الشهادة علی الشهادة ج ۳ ص ۱۵۴ . ۱۲ ظفیر.(۳) رد المحتار قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ . ط.س. ج۲ص۳۹۴ . ۱۲ ظفیر غفر الله ذنوبه الجلی والخفی.(۴)الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۳ . ط.س. ج۲ص۳۸۶ . ۱۲ ظفیر .(۵) الدر المختارعلی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴ . ط.س. ج۲ص۳۸۶ . ۱۲ ظفیر

## دو معتمد کی شہادت پر افطار درست ہے یا نہیں

(سوال ۷۳) یہاں سے بروز منگل چند اشخاص نے یہ شہادت دی کہ ہم نے چاند دیکھا ہے اوران میں دو شخص ایسے ہیں جو کہ صوم وصلوٰۃ کے پابند ہیں، ان کی شہادت پر روزہ افطار کرلیا اور عید کی یہ جائز ہوا یا نہ، اوراس روزہ کی قضا کی جائے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں گواہی دو گواہوں کی جنہوں نے چاند دیکھنا بیان کیا اور وہ نمازی ہیں معتبر ہے، بحالت ابران کی گواہی سے افطار کرنا اور عید کرنا درست ہوا اس روزہ کی قضا لازم نہیں ہے۔ ہکذا فی کتب الفقہ۔(۱) فقط۔

## ثبوت ہلال کی اطلاع بذریعہ ڈاک

(سوال ۷۴) ایک شہر کے اندر ثبوت رویت ہلال کا بہم پہنچ گیا اور اس بستی کے علماء نے رویت ہلال کو شائع کردیا اور اس حکم کو بذریعہ ڈاک دوسرے شہر کے مفتی کے پاس بھیج دیا وہ اس فتوے کی بناء پر اس حکم کو جاری کرسکتا ہے جو ڈاک کے ذریعہ سے پہنچا ہے۔ یا موافق قانون کتاب القاضی الی القاضی خاص شاہد لے کر آویں۔

(جواب) ایسے امور میں خط کا اعتبار ہوتا ہے جب کہ قرائن اس کے صدق کے موجود ہوں اور بناوٹ کا شبہ نہ ہو۔(۲) فقط۔

## تیس شعبان سے تیس روزے پورے کرکے افطار کرنا کیسا ہے

(سوال ۷۵) تیسویں شعبان کو زید نے فرض نیت سے روزہ رکھا اور پھر تیس روزے پورے رکھنے کے بعد یعنی تیسویں رمضان کو بدون رویت وشہادت شرعی کے محض جنتری کے حساب سے یا اپنی رائے سے اس نے فرض روزہ توڑ ڈالا اور سب کو برملا فتویٰ دیا کہ آج عید کرنا جائز ہے۔ کیونکہ تیس روزے کامل ہوگئے ہیں اور جنتری میں بھی لکھا ہے۔ چاند تو ہوا ہے صرف ابر کی وجہ سے رویت کا ثبوت نہیں پایا گیا۔ یہ بات سن کر اکثر لوگوں نے بے دھڑک روزہ توڑ کر عید کرلی۔ اور عمر نے رویت رمضان کے بعد فرض روزہ رکھا اور کامل تیس روزے رکھنے کے بعد شوال کا چاند دیکھ کر عید کی۔ اس صورت میں کون مخطی ہے اور کون مصیب ہے، اور جو مخطی ہے اس پر روزہ کی قضاء واجب ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں زید خطا پر ہے اور مصیب عمر ہے اور روزہ کی قضا کے بارے میں یہ تفصیل ہے کہ اگر بعد میں دوسری جگہ کی رویت زید کے گمان کے مطابق ہوگئی اور اس کا ثبوت باقاعدہ ہوگیا تو قضاء لازم نہیں ورنہ لازم ہے۔(۳)

..........

(۱) وشرط للفطر مع العلة والعدالة نصاب الشهادة (در مختار) ای علی الا موال وهو رجلان او رجل و امر اتان (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۴. ط.س. ج۲ ص ۳۸۶) ظفیر

(۲) فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب (در مختار كان كان يتحمل اثنان الشهادة او يشهد اعلى حكم القاضی او يستفيض الخبر بخلاف اذا اخبران اهل بلدة كذا راوه لانه حكاية (رد المحتار كتاب الصوم قبيل باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲. ط.س. ج۲ ص ۳۹۴)

نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الا خری لزمهم علی الصحيح من المذهب (الدرالمختار علی هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸. ط.س. ج۲ ص ۳۹۰) ظفیر.

(۳) و بعد صوم ثلاثین بقول عدلین حل الفطر الخ ولو صاموا بقول عدل حيث يجوز و غم هلال الفطر لا يحل علی المذهب (در مختار) والحاصل انه اذا غم شوال افطر واتفاقا اذا ثبت رمضان بشهادة عدلين فی الغيم او الصحوا ، وان لم يغم فقيل يفطرون مطلقا وقيل لا ، وقيل يفطرون ان غم رمضان ايضا والا لا (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۹. ط.س. ج۲ ص ۳۹۰) اورصورت مسئولہ میں تو اس نے اٹکل پچو رکھا تھا اس لئے قضا واجب ہے ۱۲ ظفیر۔

تیس روزے پورے کئے

(سوال ۷۶) یہاں رائے پور میں نماز عید الفطر بوجہ ابر ۲۹ رمضان المبارک کو چاند نہ ہونے کی وجہ سے باتفاق رائے مسلمانوں نے تیس روزے پورے کر کے پنجشنبہ کو پڑھی گئی اس کے بعد ۲۹ شوال بروز پنجشنبہ ذیقعدہ کا چاند بھی بوجہ ابر نظر نہیں آیا علی ہذا القیاس ذی الحجہ کا چاند بھی ۲۹ ذیقعدہ کو ابر کی وجہ سے نظر نہیں آیا۔ اس وجہ سے عید الضحیٰ میں اختلاف ہوا، یعنی ایک گروہ نے ایک مہینہ ۲۹ اور ایک مہینہ ۳۰ کا شمار کر کے بغیر شہادت رویت ہلال یہ رائے قرار دی کہ سہ شنبہ کو عید الضحیٰ ہونی چاہئے۔ غرض سہ شنبہ کو نماز عید الضحیٰ پڑھی گئی، دوسرے گروہ نے ابر کی وجہ سے چاند نظر نہ آنے اور شہادت رویت نہ ملنے کے باعث دونوں مہینے شوال و ذیقعدہ تیس تیس دن کے شمار کر کے چہار شنبہ کو عید الاضحیٰ پڑھی، دونوں گروہ میں کس کا فعل شریعت کے موافق ہے۔

(جواب) قاعدہ شرعیہ یہ ہے کہ اگر ۲۹ کو چاند نظر نہ آوے اور کسی دوسرے جگہ سے بھی معتبر ذریعہ سے خبر رویت کی نہ آوے تو تیس دن پورے کر کے دوسرا مہینہ شروع کیا جائے، لہذا شریعت کے موافق ان لوگوں کا ہے جنہوں نے بصورت مذکورہ تیس تیس دن پورے کئے۔ جنہوں نے بلا کسی ثبوت کے ایک چاند ۲۹ کا اور ایک تیس کا فرض کر کے بقرعید کی وہ خطا پر ہیں، اگر چہ سہ شنبہ کو بقرعید ہونا رویت کے موافق محقق ہوگیا ہے۔ چنانچہ دیو بند اور اس کے اطراف میں بھی شنبہ کو رویت ہلال ذی الحجہ کی ہوئی اور یکشنبہ کو یکم ذی الحجہ قرار پائی اور سہ شنبہ کو بقرعید ہوئی، اور نص اس بارہ میں حدیث معروف صوموا الرویته وافطروا الرویته الحدیث(۱) ہے فقط۔

تار کی خبر پر عید کرنا کیسا ہے

(سوال ۷۷) اگر کوئی رئیس مسلم اپنے حکام مسلم کو یہ تار دے کہ چاند ہوگیا، اس تار پر روزہ افطار کرنا اور عید کرنا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) یہ خبر شرعاً معتبر نہیں ہے اور محض ایسے تار پر افطار کرنا درست نہیں ہے اور تحقق اس کی کتب فقہ میں ہے۔ شامی میں طریق موجب جس سے دوسروں پر رویت لازم ہو جاوے۔ یہ تحریر فرمایا ہے کہ دو معتبر مرد شہادت کے متحمل ہوں یا حکم قاضی کی گواہی دیں یا خبر متواتر ہو جاوے، سو ظاہر ہے کہ تار میں ان وجوہ میں سے کوئی بھی نہیں ہے۔ (۲) فقط۔

خط پر افطار درست ہے یا نہیں

(سوال ۷۸) کسی عالم سے خط کے ذریعہ سے معلوم ہوا کہ رویت ۲۹ کو ہوئی تو یہ حجت ہے یا نہیں۔

(جواب) خط حجت نہیں ہے، لیکن اگر قرائن سے صدق اس کا معلوم ہو تو عمل اس پر درست ہے۔ (۳) فقط۔

بعد میں ۲۹ کا چاند ثابت ہو جائے تو کیا کرے

(سوال ۷۹) ۲۹ شعبان کو جادرہ سے رویت ہلال کا یہاں تار آیا تھا مگر ہم نے اس پر عمل درآمد نہیں کیا، بعدہ اخباری

---

(۱) مشکوۃ باب رویت ہلال ص ۱۷۴۔ ۱۲ ظفیر
(۲) اذا ثبت عندھم رویة اولئک بطریق موجب (در مختار) کان یتحمل اثنان الشھادة او یشھدا علی حکم القاضی اولیستفیض الخبر (رد المحتار کتاب الصوم قبیل باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ ص ۳۹۴) ظفیر۔
(۳) اذا ثبت عندھم رویة اولئک بطریق موجب (در مختار) کا ن یتحمل اثنان الشھادة او یشھد ا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر (رد المحتار کتاب الصوم قبیل باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ ط.س. ج۲ ص ۳۹۴) ۱۲ ظفیر۔

خبروں سے بعض جگہ ۲۹ شعبان کی رویت کا حال معلوم ہوا۔ سوال یہ ہے کہ اب ۳۰ جون کو یکم شوال ہمارے واسطے بھی ضرور ہوگی یا نہیں۔

(جواب) ۲۹ شعبان یوم جمعہ کی رویت ہلال رمضان المبارک عام شہادات اور اخبار متواترہ سے ثابت اور محقق ہوگئی ہے اور شنبہ کو پہلا روزہ ہونا مسلم ہوگیا ہے۔ پس جن لوگوں نے شنبہ کو روزہ نہیں رکھا ان پر قضاء اس روزہ کی لازم ہے۔ اور عید کا چاند اگر شنبہ کو نظر نہ آیا تو یکشنبہ کو تیس رمضان ہو کر روزہ دوشنبہ ۳۰ جون کو عید کرنا ضروری ہے۔(۱) فقط۔

## اختلاف مطالع عند الاحناف

(سوال ۸۰) احناف کے نزدیک اختلاف مطالع معتبر ہے یا نہیں۔ اگر نہیں ہے تو کتنی دور تک کی خبر رویت ہلال کی اگر موجب طریقہ سے ثابت ہو تو قبول کی جائے گی۔ اور اگر اختلاف معتبر ہے تو ایک مطلع کی حد شرعاً کیا ہے۔ پھر وہ صورت یعنی اعتبار اختلاف یا عدم اعتبار حکم رویت کا تمام ملک کے واسطے یکساں ہے یا جدا۔ ایک شہر کے مفتی یا دیندار عالم کے نزدیک رویت ہلال کا ثبوت بموجب شرع شریف ہو۔ اور وہ اس رویت کے ثبوت کی خبر دوسرے شہر کے مفتی یا دیندار عالم کو بذریعہ آلہ

ٹیلیفون کے کرے جس میں خبر دہندہ اور مخبر الیہ ایک دوسرے کی آواز کو اچھی طرح سنتے اور پہچانتے ہیں اور تکلم کے وقت غیر کا واسطہ بھی نہیں ہوتا اور مخبر الیہ کو اس خبر کی تصدیق میں کسی طرح کا شک نہیں رہتا تو اس خبر پر عمل کرنا درست ہے یا نہیں

(جواب) حنفیہ کے نزدیک اختلاف مطالع مطلقاً معتبر نہیں ہے، یہاں تک کہ اگر اہل مغرب کو چاند نظر آوے تو وہ اہل مشرق کو لازم ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ بطریق موجب ان کو رویت اہل مغرب کی معلوم اور ثابت ہو جائے۔ قال فی الدر المختار واختلاف المطالع الخ غیر معتبر علی ظاهر المذهب الخ فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب الخ (۲) اور در المختار میں طریق موجب کی تشریح اس طرح کی گئی ہے کان یتحمل اثنان الشهادة او یشهدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر بخلاف ماذا اخبر ا ان اهل بلدة کذا راوه لانه حکایة الخ (۳) پس اس سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ تار اور ٹیلیفون کے ذریعہ سے جو خبر رویت دوسرے شہر کی معلوم ہوگی وہ معتبر نہیں ہے کیونکہ طریق موجب کی تینوں صورتوں میں سے یہ کسی میں داخل نہیں ہے۔ فقط۔

## اختلاف مطالع اور غلط خبر پر اعتماد

(سوال ۸۱) شہر کٹک میں زید نے کلکتہ سے آکر کہا کہ کلکتہ ذکریا مسجد کے امام نے بمبئی کی خبر رویت ہلال ۲۹ ذی قعدہ پر جمعہ کے دن بقر عید مقرر کی ہے، لہذا آپ لوگ بھی جمعہ کی نماز مقرر کیجئے۔ زید کے کہنے پر جامع مسجد کے چند مصلی بیوپاری نے جمعہ کی نماز کا اعلان کیا، اس کے بعد عمر آیا اور مذکور مصلیوں کو جمع کر کے کہا کہ آپ لوگوں نے

---

(۱) نعم لو استفاض الخبر فی البلدة الا خری لزمهم علی الصحیح الخ وبعد صوم ثلاثین بقول عدل لین حل الفطر (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۸ و ج ۲ ص ۱۲۹ .ط.س. ج۲ص ۳۹۰) ظفیر.

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم . مطلب فی اختلاف الطالع ج ۲ ص ۱۳۱ و ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۳) ۱۲ ظفیر.

(۳) رد المحتار کتاب الصوم مطلب فی اختلاف المطالع ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۳ .۱۲ ظفیر.

بغیر کسی عالم کی شہادت کے کس طرح اعلان عیدالاضحیٰ کا کر دیا۔ اس کے بعد خالد آیا اور موجودہ لوگوں کو سختی کے ساتھ کہا کہ پہلے فیصلہ کے خلاف کرنے میں سخت خرابی ہوگی، اگر ۹ تاریخ میں مسلمان اتفاق کر کے نماز عیدالاضحیٰ پڑھ لیں تو جائز ہوگا غرض کے خالد کے دباؤں میں اکثر آدمیوں نے نماز عیدالاضحیٰ جمعہ کو پڑھی۔ اب بمبئی سے یہ تحقیق ہوئی کہ وہاں نماز عید شنبہ کو ہوئی، اس صورت میں شرعی مجرم زید ہے یا مصلی اور خالد کی نسبت کیا حکم ہے، اور اختلاف مطالع معتبر ہے یا نہیں جب کہ کتب فقہ سے ثابت ہے کہ ارض بلغار میں ۲۳ گھنٹہ دن اور ایک گھنٹہ رات ہے تو اختلاف مطالع معتبر ہونا چاہئے۔ تار کی خبر معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) حنفیہ کا مذہب یہ ہے کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں ہے یعنی اختلاف مطالع تو درحقیقت واقع ہے لیکن شرعاً اس کا اعتبار نہیں کیا گیا۔ پس اگر اہل مغرب چاند دیکھ لیں اور ان کی رویت کی خبر اہل مشرق کو بطریق موجب پہنچ جاوے تو اہل مشرق بھی اس پر عمل کریں گے **کما قال فی الدر المختار اختلاف المطالع الخ غیر معتبر علیٰ ظاهر المذهب الخ فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق موجب الخ** شامی نے ردالمختار میں فرمایا **قوله بطریق موجب کان یتحمل اثنان الشهادة او یشهد اعلی حکم القاضی او یستفیض الخبر بخلاف ماذا اخبر ان اهل بلدة کذارا وه لانه حکایة الخ ص ۹۶ و ص ۹۷ جلد ثانی شامی** ۔(۱)

اس عبارت سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ صورت سوال میں خالد خطاء پر تھا اور زید کے کہنے پر جن لوگوں نے جمعہ کی بقرعید کا اعلان کیا وہ بھی خطاء پر تھے کیونکہ اس صورت میں کوئی شہادت معتبرہ بمبئی کی رویت کی نہ تھی محض اتنی خبر پر کہ زید نے آ کر یہ کہہ دیا کہ کلکتہ میں بمبئی کی خبر پر بقرعید کا اعلان بروز جمعہ ہوا ہے، اہل کٹک کو جمعہ کو بقرعید کرنا جائز نہ تھا بلکہ بوجہ جہالت کے لوگوں نے زید کے کہنے پر ایسا کیا اور خالد نے پھر اس کی تائید اپنی جہالت سے کی ولیکن جو کچھ ہوگیا، خالد وغیرہ کو اپنی غلطی کا اقرار اور اس پر ندامت اور توبہ کرنا لازم ہے اور آئندہ کو ایسی خبر پر عمل نہ کرنا چاہئے بلکہ جب تک بطریق معتبر شرعاً رویت کی دوسری جگہ سے نہ آوے اس وقت تک اس پر عمل نہ کریں اور بعد اس کے کہ معتبر طریق سے دوسری جگہ کی خبر رویت ہلال کی آجاوے تو اس پر عمل کرنا چاہئے۔ **کما مر عن الدر المختار ان اهل المشرق یلزمهم برویة اهل المغرب**۔(۲) اور خبر تار شرعی قواعد سے معتبر اور واجب العمل نہیں ہے۔ لیکن اگر دیگر قرائن سے یا تعداد اخبار سے ظن غالب اس کے صدق کا ہو جاوے تو اس پر عمل کرنا درست ہے کیونکہ ظن غالب کا ہی اس بارہ میں اعتبار ہوتا ہے اسی لئے اگر خط سے ظن غالب حاصل ہو جاوے تو اس پر بھی عمل کرنا درست ہے اور خط کا اس بارہ میں اعتبار کیا گیا ہے، جب کہ معلوم ہو کہ یہ خط اسی شخص کا ہے جس کے نام سے آیا ہے اور الخط یشبہ الخط اس موقعہ پر ملحوظ نہ ہوگا **کما صرح به الفقهاء من اعتبار الخط فی المعاملات**. (۳) فقط.

---

(۱) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۳. ۱۲ ظفیر.

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۴. ۱۲ ظفیر

(۳) وفی الا شباه لا یعمل بالخط الا فی مسئله کتاب الا مان ویلحق به البرا آت و دفتر بیاع وصراف وسمسار وجوزه محمد لراو وقاض وشاهدان تیقن به قیل و به یفتی (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب کتاب القاضی الی القاضی ج ۴ ص ۴۸۹ .ط.س. ج۵ص ۴۳۵ ظفیر صدیقی.

## تیسرا باب

## یوم الشک یعنی چاند نظر نہ آنے کی صورت میں تیسویں شعبان کا روزہ

### ۲۹ شعبان کو چاند نظر نہ آیا مگر اس امید پر کہ شاید چاند کی خبر آ جائے کوئی روزہ رکھ لے تو کیا حکم ہے

(سوال ۸۲) انتیسویں شعبان کو اگر بوجہ ابر چاند نظر نہ آیا تو تیس شعبان کو اس نیت سے روزہ رکھنا کہ اگر چاند کی خبر آ گئی تو یہ روزہ رمضان ہو جاوے گا ورنہ نفل ہوگا۔ جائز ہوگا یا نہیں۔ اور اگر چاند کی خبر آ گئی تو یہ روزہ رمضان کا ہو جاوے گا یا نہیں۔

(جواب) اس تردد کے ساتھ روزہ رکھنا فقہاء نے مکروہ لکھا ہے اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس شخص پر عاصی کا اطلاق فرمایا ہے کما ورد من صام یوم الشک فقد عصیٰ اباالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم (۱) اور یہ محمول اس شخص پر ہے جو بہ نیت فرض اس دن روزہ رکھے یا اس طرح جو سوال میں درج ہے اور اگر شخص بہ نیت نفل رکھے تو درست ہے۔ بہر حال اگر چاند کی خبر آ گئی تو وہ روزہ رمضان شریف کا ہو جاوے گا، الا بان ظهرت فعنه ای عن رمضان۔ درمختار۔ (۲)

### ۲۹، ۳۰ چاند میں اختلاف کی وجہ کسی کے روزے تیس ہوئے اور کسی کے ۲۹ کس کا اعتبار کیا جائے

(سوال ۸۳) رویت ہلال رمضان میں اختلاف ہوا، بعض جگہ انتیسویں کے حساب سے روزہ رکھا گیا بعض جگہ تیس کے حساب سے۔ جن لوگوں نے ۲۹ کے حساب سے روزہ رکھا ان کے نزدیک تو تیس روزے رمضان شریف کے ہو گئے، صبح کو عید ہے، کیونکہ ان کے تیس روزے پورے ہو گئے اور جنہوں نے ۳۰ دن شعبان کے پورے کر کے روزہ رکھا ہے ان کے نزدیک انتیس تاریخ رمضان کی ہے اور ان تاریخوں میں ابر ہے اس صورت میں کیا کرنا چاہئے اختلاف مطالع معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) اختلاف مطالع کا عندالحنفیہ اعتبار نہیں۔ اگر ایک جگہ انتیس کا چاند ہوا اور وہ شرعاً ثابت ہو گیا تو دوسری جگہ بھی اسی حساب سے روزہ لازم ہوگا۔ جن لوگوں کو بعد میں اطلاع ہوئی اور انہوں نے تیس کے حساب سے روزہ رکھا تھا تو وہ بھی انتیس والوں کے موافق عید کریں اور ایک روزہ پہلے قضاء کریں۔ اور اگر انتیس والوں نے بلا ثبوت شرعی روزہ رکھ لیا تو ان کا پہلا روزہ معتبر نہیں ہوا، ان کو چاہئے کہ تیس والوں کا اتباع کریں اور ان کے موافق عید کریں۔

الغرض جیسا کہ ایک جگہ ثابت ہوگا اور شرعاً معتبر مانا جاوے گا، دوسری جگہ لازم ہو جاوے گا۔ مثلاً اگر ثابت ہو گیا کہ بدھ کو یکم رمضان ہوئی تو جمعرات سے روزہ رکھنے والوں کو ایک روزہ کی قضاء لازم ہوگی۔ اور جمعہ کو سب کو عید کرنا ضروری ہے اور یہ خیال کرنا کہ جمعہ کو جو چاند نظر آیا وہ اس شب کا ہے شرعاً معتبر نہیں ہے اور یہ خیال غلط ہے، قال فی الدر المختار واختلاف المطالع الخ غیر معتبر علی ظاهر المذهب وعلیه اکثر المشائخ وعلیه الفتوی الخ فیلزم اهل المشرق برویة اهل المغرب اذا ثبت عندهم رویة اولئک بطریق

---

(۱) دیکھئے رد المحتار کتاب الصوم مبحث فی یوم الشک ج ۲ ص ۱۲۱۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۸۱۔ ۱۲ ظفیر۔

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم مبحث فی یوم الشک ج ۲ ص ۱۲۰۔ ط۔س۔ ج ۲ ص ۳۸۱۔ پوری عبارت یہ ہے ولا یصام یوم الشک هو یوم الثلاثین من شعبان الخ الانفلا ویکره غیره ولو صامه لو اجب اخر کره تنزیها ولو جزم ان یکون عن رمضان کره تحریما ویقع عنه فی الاصح ان لم تظهر رمضانیته والا بان ظهرت فعنه (ایضاً) ظفیر۔

موجب . الخ(۱)فقط۔

## ۲۹ شعبان کے چاند میں اختلاف ہوا، کسی نے ۲۹ کے حساب سے روزہ رکھا تو عید کب کرے

(سوال ۸۴) ایک عورت پابند صوم وصلوٰۃ نے میرے روبرو شہادت دی کہ اس نے شعبان کا چاند مع اپنی بہو کے دوشنبہ کو دیکھا اس حساب سے بدھ کو ۳۰ شعبان ہوئی، چونکہ بہت جانچ کے بعد مجھے اس کے بیان پر یقین ہوا اس لئے میں پنجشنبہ سے بعد تکمیل ثلاثین ماہ شعبان کے روزہ رکھا۔ بھوپال میں قاضی صاحب اور مفتی صاحب میں اختلاف ہے۔ مفتی صاحب رویت ماہ رمضان کا اعتبار کرتے ہیں اور قاضی صاحب تکمیل ثلاثین شعبان پر فتویٰ دیتے ہیں۔اب مجھ غریب کو کیا کرنا چاہئے، صوم وافطار کے بارے میں

(جواب) قال فی الشامی لو صام رائی هلال رمضان واکمل العدة لم یفطرا لا مع الا مام لقوله علیه الصلوٰة والسلام صومکم یوم تصومون وفطر کم یوم تفطرون . رواه الترمذی وغیره. والناس لم یفطر وانی مثل هذا الیوم فوجب ان لا یفطر نهر۔(۲) اس عبارت سے اور نیز دیگر عبارات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ شخص مذکور سب کے ساتھ صوم وفطر میں شریک رہے، جیسا سب کریں ویسا وہ بھی کرے۔فقط۔

## شک کی وجہ سے تیس شعبان کا روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۸۵) شعبان کی ۳۰ تاریخ کو احتیاطاً اس نیت سے روزہ رکھنا کہ اگر کہیں باہر سے رمضان کا چاند ہونے کی خبر آجاوے گی تو روزہ فرضی ادا ہو جاوے گا ورنہ نفل، آیا یہ صورت جائز ہے بلا بحث مکروہ ونا مکروہ کے۔ایک واعظ صحاح ستہ کی حدیث کے حوالہ سے کہتے ہیں کہ ایسا روزہ قطعی ناجائز ہے اور ایسا روزہ رکھنے والا گناہ گار رہے، کیا کوئی حدیث امتناع کی صحاح ستہ میں ہے، اگر ہے تو علماء کو اس کے جواز وعدم جواز میں اختلاف کیوں ہے اور بعض فقہاء نے حدیث صحیح کے ہوتے ہوئے اس کو کیونکر جائز قرار دیا۔

(جواب) وہ حدیث ممانعت کی یہ ہے من صام الیوم الذی یشک فیه فقد عصی ابا القاسم صلی الله علیه وسلم ، رواه ابو داؤد و الترمذی و النسائی و ابن ماجه والدارمی۔(۳) اس لئے حنفیہ یہ لکھتے ہیں کہ یوم الشک میں یعنی ۳۰ شعبان کو روزہ رکھنا عوام کے لئے مکروہ ہے اور خواص کو درست ہے، اور جو شخص نیت روزہ یوم الشک میں تردد نہ کرے بلکہ قطعی طور سے نفل کی نیت کرے، وہ خواص میں سے ہے اور حدیث من صام الخ کا جواب درمختار میں یہ دیا ہے کہ فلا اصل له یعنی مرفوع ہونا اس کا بے اصل ہے لیکن موقوفاً ثابت ہے۔فقط۔

## ۲۹ شعبان چاند کسی وجہ سے نظر نہ آئے تو کیا کرنا چاہئے

(سوال ۸۶) ۲۹ شعبان کو چاند نہ دیکھا گیا بوجہ ابر کے اور کسی جگہ سے خبر بھی نہ ملی اکثر آدمیوں نے اندازاً وعقلاً روزہ رکھ لیا ،یعنی شنبہ کو اس صورت میں روزہ رکھنا جائز ہے یا کیا؟

(جواب) اس صورت میں بھی مسئلہ یہ ہے کہ ۲۹ کو بسبب ابر وغیرہ کے چاند نظر نہ آوے اور کوئی خبر پختہ باقاعدہ چاند دیکھنے کی بھی نہ آوے تو اگلے دن روزہ رکھنا نہ چاہئے کیونکہ وہ یوم الشک ہے اور یوم الشک کے روزہ کی ممانعت آئی ہے،

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار قبیل ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۱ و ج ۲ ص ۱۳۲ .ط.س. ج۲ص ۳۹۲، ۳۹۳ ۱۲ ظفیر. (۲) رد المحتار کتاب الصوم بعد مبحث یوم الشک ج ۲ ص ۱۲۳ .ط.س. ج۲ص ۳۸۱ . ۱۲ ظفیر
(۳) مشکوٰۃ باب رویت الهلال ص ۱۷۴ . ۱۲ ظفیر صدیقی.

اس روز روزہ مکروہ ہے۔(۱) البتہ دس گیارہ بجے دن تک انتظار کرنا چاہئے کیونکہ اگر خبر آ گئی تو روزہ رکھیں، ورنہ افطار کردیں ،اگر کسی نے روزہ رکھا بدون کسی گواہی وخبر کے تو اس نے برا کیا لیکن اگر بعد میں ثابت ہوا کہ وہ دن رمضان کا ہے تو روزہ رمضان کا ادا ہو گیا۔ اس پر قضا لازم نہ آوے گی اور جس نے روزہ نہیں رکھا وہ قضا کرے گا۔(۲)

## یوم شک کا دن اگر رمضان کی پہلی تاریخ ثابت ہوگئی تو کیا فرض ادا ہوگا

(سوال ۸۷) یوم شک کا کسی نے روزہ رکھا بعد میں معلوم ہوا کہ پہلی رمضان تھی تو یہ روزہ رمضان میں شمار ہوگا یا نہیں۔

(جواب) رمضان کے فرض روزے میں محسوب ہوگا۔ قضا کی ضرورت نہیں۔(۳) فقط۔

## یوم الشک کے روزہ کا کیا حکم ہے

(سوال ۸۸) روزہ داشتن بروز شک بہ نیت رمضان چہ حکم دارد؟ واگر شخصے بہ نیت مذکورہ روزہ داشت افطارش جائز است یا ناجائز وتیز بر مفطر قضاء وکفارہ لازم است یا نہ؟

(جواب) روزہ داشتن درروز شک بہ نیت رمضان ناجائز ومنہی عنہ ومکروہ تحریمی است، فی الحدیث۔

عن ابی هريرة رضی الله عنه عن النبی صلی الله عليه وسلم انه قال لا تقدموا رمضان بصوم يوم او يومين الا رجل كان يصوم صوماً فليصم وقال فی الدر المختارلو جزم ان يكون عن رمضان كره تحريماً وفی رد المحتار كره تحريماً للتشبه باهل الكتاب لا نهم زادوا فی صومهم وعليه حمل حديث النهی عن التقديم بصوم يوم اويومين بحر انتهیٰ (۴) وفی الجوهرة فان صام يوم الشک بنية رمضان فلا خلاف بين العلماء انه لا يجوز انتهیٰ(۵) وقال فی البحر واختلفوا فی الصوم قال بعضهم يكره ويا ثم كذافی الفتاوی الظهيرية انتهیٰ (۶) وقال فی المستخلص شرح الكنز ولا يصام يوم الشک الا تطوعا لقوله عليه السلام لا يصام اليوم الذی شک فيه انه من رمضان او من شعبان الا تطوعا ثم قال اعلم ان هذه المسئلة علی وجوه احدها ان تصوم بنية رمضان وهو مكروه لما روينا ولا نه تشبيه باهل الكتاب لا نهم زادوا فی مدة صومهم ثم ان ظهر اليوم من رمضان يجزيه لا نه شهد الشهر وصامه وان ظهرانه من شعبان كان تطوعا لكن اساء بارتكاب المنهی عنه وان افطر لم يقضه لا نه المظنون انتهیٰ۔(۷)۔

شک نیست کہ ازیں عبارت مذکورہ روشن ومبرہن آنست کہ دریں روز روزہ داشتن بہ نیت رمضان ناجائز است وروزہ دارندہ آثم وگنہگار، پس بنا براں در جواز افطار آں شکے نیست كما هو ظاهر علی من له عقل سليم ورای مستقيم ولا قضاء علی المفطر لما قدمناه عن المستخلص وهو المذكور فی جميع الكتب ولا كفارة عليه لما فی المتون لا كفارة با فساد الصوم غير رمضان الخ۔

---

(۱) ولا يصام يوم الشک وهو يوم الثلاثين من شعبان الخ الا نفلا ويكره غيره الدر المختار علی هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۹ و ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص ۳۸۱ ۱۲ ظفير. (۲) ولا يصام يوم الشک الخ الا نفلا الخ بان ظهرت فعنه ای عن رمضان (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص ۳۸۱) ظفير. (۳) ولا يصام يوم الشک الخ الا نفلا الخ والا بان ظهرت فعنه ای عن رمضان (رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص ۳۸۱) ظفير.
(۴) والا بان ظهرت فعنه ای عن رمضان (رد المحتار كتاب الصوم مطلب فی صوم يوم الشک ج ۲ ص ۱۱۹ ط.س. ج۲ص ۳۸۰ ط.س. ج۲ص ۳۸۱ ۱۲ (۵) رد المحتار كتاب الصوم ج۲ ص ۱۲۰ ۳۸۱ ۱۲ ظفير.
(۶) البحر الرائق كتاب الصوم ج ۲ ص ۲۸۵ ۱۲ ظفير
(۷) مستخلص الحقائق شرح كنز الدقائق كتاب الصوم ج ۱ ص. ط.س. ج۲ص ۲۶۵ ۱۲ ظفير.

## چوتھا باب

# وہ چیزیں جن سے روزہ نہیں ٹوٹتا

### روزہ کی حالت میں مسواک کرنا درست ہے یا نہیں

(سوال ۱/۷۹) آیا بحالت روزہ مسواک کرنا جائز ہے یا نہیں۔

### روزہ میں منجن کا استعمال کیسا ہے

(سوال ۲/۸۰) جب کہ مسوڑھوں سے خون اور مواد نکلتا ہو تو کسی ایسے منجن کا جو حابس خون اور دافع مواد ہو استعمال جائز ہے یا نہیں۔

### منجن کے استعمال سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۳/۸۱) منجن کے استعمال سے روزہ تو نہیں ٹوٹے گا؟

(جواب) (۱) جائز ہے۔(۱) (۲) جائز ہے۔(۲) (مگر منجن مل کر فوراً منہ دھولے اور کلی کرلے تاکہ اس کا اثر پیٹ میں نہ جائے اور منجن ایسا ہو کہ عادتاً پیٹ میں نہ پہنچتا ہو، مگر بچنا اچھا ہے، اس لئے کراہت تنزیہی تو بہرحال ہے۔ظفیر)
(۳) نہیں۔(۳) فقط۔

### روزہ کی حالت میں سر میں تیل جذب کرنا کیسا ہے

(سوال ۸۲) روزہ میں سر میں تیل جذب کرنے کا کیا حکم ہے۔

(جواب) درست ہے بلا کراہت۔ کما فی الشامی وسیاتی ان کلا من الکحل والدھن غیر مکروہ الخ (۴)

### سحری کے وقت پان منہ میں رکھ کر سو گیا اور اسی حالت میں صبح کی تو کیا حکم ہے

(سوال ۸۳) ایک شخص نے سحری کے وقت پان کھایا اور کلی نہیں کی، پان کی سرخی منہ میں تھی کہ شخص مذکور سو گیا، صبح کو نیند سے ہوشیار ہوا تو اسی وقت سرخی فوراً تھوک دی اور کلی کرلی تو روزہ درست ہوا یا نہیں۔

(جواب) درست ہوگیا مگر احتیاط یہ ہے کہ اس روزے کی قضا کرلیوے۔(۵)

### کیا روزہ کی حالت میں منجن مکروہ ہے

(سوال ۸۴) روزہ میں منجن سے دانت صاف کرنا اگر مکروہ ہے تو کیوں؟

(جواب) احتیاط کے ساتھ اگر منجن ملے اور دانتوں کو صاف کرے کہ حلق کے اندر کچھ نہ جاوے تو مکروہ نہیں ہے یعنی مکروہ تحریمی نہیں ہے خلاف اولیٰ ضرور ہے جس کا مفاد کراہت تنزیہی ہے جیسا کہ شامی میں ہے قولہ و کرہ لہ

---

(۱) و لا باس بالسواک الرطب بالغداۃ والعشی للصائم لقولہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر خلال الصائم السواک من غیر فصل (ہدایہ باب مایوجب القضاء والکفارۃ ج ۲ ص ۲۰۳) ظفیر. (۲) ومضغ العلک لا یفطر الصائم لانہ لا یصل الی جو نہ (ایضاً) ظفیر. (۳) ایضاً ۱۲ ظفیر. (۴) رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴. ۱۲ او ادھن او اکتحل او احتجم وان وجد طعمہ فی حلقہ الخ لم یفطر (در مختار) قولہ ان وجد طعمہ فی حلقہ ای طعم الکحل او الدھن کما فی السراج الخ قال فی النہر لان الموجود فی حلقہ اثر داخل من المسام الذی ھو خلل البدن والمفطر انما ھو الداخل من المنافذ للاتفاق علی ان من اغتسل فی ماء فوجد بردہ فی باطنہ انہ لا یفطر (ایضاً ج ۲ ص ۱۳۳ و ج ۲ ص ۱۳۴. ط.س. ج۲ ص ۳۹۵. ۳۹۶) ظفیر.

(۵) و کرہ لہ ذوق شئی و کذا مضغۃ بلاعذر (درمختار) الظاہران الکراھۃ فی ھذہ الاشیاء تنزیھیہ (ردالمحتار مطلب فیما یکرہ للصائم ج ۲ ص ۱۵۳. ط.س. ج۲ ص ۴۱۶) ظفیر

ذوق شئی الخ الظاهر ان الکراهة فی هذه الاشیاء تنزیهیة۔(۱) فقط

## روزہ میں رومال بھگو کر سر پر ڈالنا کیسا ہے

(سوال ۸۵) ایک شخص قصداً روزہ میں بڑا رومال بھگو کر اس لئے اوڑھتا اور ہر روز سر پر باندھتا ہے کہ روزہ میں تخفیف ہو، آیا اس کا روزہ مکروہ ہوتا ہے یا نہیں۔ مالابد منہ مکروہ لکھتے ہیں اور بخاری شریف میں یہ ہے، فی باغتسال الصائم وبل ابن عمر ثوباً فالقی علیه وهو صائم.

(جواب) درمختار میں ہے و کذالاتکره حجامة وتلفف بثوب مبتل ومضمضة اواستنشاق اواغتسال للتبرو عندالثانی وبه یفتی (۲) الخ اور شامی میں ہے۔ قوله وبه یفتی لان النبی صلی الله علیه وسلم صب علی راسه الماء وهو صائم من العطش اومن الحر رواه ابوداؤد وکان ابن عمر یبل الثوب ویلفه علیه وهو صائم (۳) الخ اس سے معلوم ہوا کہ صحیح و مفتی بہ یہی ہے کہ یہ مکروہ نہیں ہے۔ فقط

## کیا روزہ دار کا پانی میں گوز کرنا مکروہ ہے

(سوال ۸۶) صائم کا پانی کے اندر رہ کر گوز کرنا مکروہ ہے۔ عالمگیریہ۔ کیا یہی معتبر ہے

(جواب) عالمگیریہ میں معراج الدرایہ سے اس کی کراہت نقل کی ہے اور عدم فساد صوم پر اتفاق ہے۔ پس ضرورت میں معذور ہوگا اور بلاضرورت شدید بالاختیار اس سے بچنا بہتر ہے۔ (۴) فقط

## بھیگے ہوئے نسوار کا منہ میں ڈالنا کیسا ہے؟

(سوال ۸۷) نسوار در آب تر در دہان دادن مردم روزہ دار را جائز است یا نہ

(جواب) قال فی الدرالمختار اوذاق شیئا بفمه وان کره لم یفطر الخ قوله وان کره الا لعذر کمایاتی (۵)، شامی وایضاً فی الدرالمختار، کره له ذوق شئی کذا مضغه بلاعذر (۶) الخ پس معلوم شد کہ نسوار در دہان دادن بدون آنکہ در حلق داخل شود مکروہ است وبعذر جائز است وفی الشامی وذکرالزند ویسی اذا فتل السلکة وبلّها بریقه ثم امرها ثانیاً فی فمه ثم ابتلع ذلک البزاق فسدصومه (۷) الخ الغرض احتیاط دریں بارہ خوب است ونشاید نسوار در دہان انداختن کہ خوف فساد صوم است۔ فقط

## تمبا کو کا پتہ جلا کر اس کی راکھ سے رمضان میں دانت صاف کرنا کیسا ہے

(سوال) بعض عورتیں تمبا کو کا پتہ جلا کر اس کی راکھ اور مسی منہ میں رمضان شریف میں دن کو استعمال کرتی ہیں، یہ کیسا ہے؟ روزہ میں خلل ہے یا نہ۔

(جواب) اگر دانتوں کو مل کر دھویا جاوے اور کلی کر لی جائے کہ پیٹ میں اس کا اثر نہ جاوے تو روزہ میں کچھ خلل نہیں آتا۔

---

(۱) ردالمختار باب مایفسد الصوم ومالا یفسده ج ۲ ص ۱۵۳. ط.س. ج۲ص ۴۱۶. ظفیر
(۲) الدرالمختار علی هامش ردالمختار باب مایفسد السوم ومالایفسده مطلب فیما یکره للصائم ج ۲ ص ۱۵۶. ط.س. ج۲ص ۴۱۹. (۳) ردالمختار باب ایضاً ج ۲ ص ۱۵۶. ط.س. ج۲ص ۴۱۹. ۱۲ ظفیر
(۴) ولوفسا الصائم اوضرط فی الماء لایفسدا لصوم ویکره له ذالک هکذافی معراج الدرایة (عالمگیری کشوری الباب الثالث فیما یکره للصائم ج ۱ ص ۱۹۷. ط.س. ج۲ص ۱۹۹) ظفیر
(۵) ردالمختار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۸. ط.س. ج۲ص ۴۰۰، ۱۲ ظفیر
(۶) الدرالمختار علی هامش ردالمختار باب ایضاً ج ۲ ص ۱۵۳. ط.س. ج۲ص ۴۱۶، ۱۲ ظفیر
(۷) ردالمختار باب مایفسد اصلوم ج ۲ ص ۱۳۸. ط.س. ج۲ص ۴۰۰.

## نکسیر پھوٹنے سے روزہ میں تو کوئی نقص نہیں واقع ہوتا

(سوال ۸۹) روزہ میں نکسیر پھوٹ گئی۔ حتیٰ کہ اس کا اثر تھوک میں بھی پایا گیا، روزہ میں تو کچھ نقص واقع نہیں ہوا؟

(جواب) اس سے روزہ میں کچھ خلل نہیں آیا۔ فقط

## رمضان میں آٹھ دس دفعہ غسل کرنا کیسا ہے

(سوال ۹۰) روزہ میں آٹھ دس دفعہ غسل کرنا کیسا ہے؟

(جواب) جائز ہے۔ (۱) فقط

## ختانین کے ملنے سے روزہ جاتا ہے یا نہیں

(سوال ۹۱) زید نے روزہ میں دن کو بیوی کا بوسہ لیا یا بغل گیر ہوا، یا ایک نے دوسرے کی ختانین کو مس کیا جس سے شہوت پیدا ہوگئی پھر دونوں علیحدہ ہوگئے۔

(جواب) اس صورت میں روزہ ہوگیا، مگر جوان آدمی کو ایسا کرنا اچھا نہیں ہے۔ (۲) فقط۔

## روزہ میں تر کپڑا پہننا اور بار بار غسل کرنا درست ہے یا نہیں

(سوال ۹۲) روزہ میں تر کپڑے پہننا اور تین چار مرتبہ غسل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ روزہ میں کچھ فرق تو نہیں آتا۔

(جواب) اس سے روزہ میں کچھ فرق نہیں آتا۔ (۳) فقط

## ٹیکہ لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

(سوال ۹۳) اگر حالت روزہ میں ٹیکہ لگایا جاوے جو کہ اکثر ملازمین سرکار کے بازو میں یا کسی اور جگہ بدن پر لگایا جاتا ہے اور چونکہ نشتر ٹیکہ لگانے والے میں زہر لگا ہوا ہوتا ہے، بدن میں زہر کا اثر ہو کر تپ ہوتا اور تمام بدن بے کار ہو جاتا ہے، آیا روزہ فاسد ہوگا یا نہیں؟

(جواب) اس کا روزہ ہو جاتا ہے، فاسد نہیں ہوتا۔ (۴) فقط

## آنکھ میں دوا ڈالنے سے روزہ میں کچھ نقصان تو نہیں آتا

(سوال ۹۴) اگر روزہ کی حالت میں کوئی دوا ڈالی جاوے تو روزہ میں نقصان آتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) عن ابی حنیفة انه یکره للصائم المضمضة ولاستنشاق بغیر وضوء وکره اغتسال وصب الماء علی الراس والاستقاع فی الماء والتلفف بالشوب المبلول وقال ابویوسف لایکره وهوالاظهر کذافی محیط السرخی (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب ثالث ج ۱ ص ۱۸۶ ط.س. ج۲ص۱۹۹. ظفیر)

(۲) ولاباس بالقبلة اذا من علی نفسه الخ ویکره اذا لم یامن الخ والمباشرة الفاحشة مثل التقبیل فی ظاهر الروایة (هدایه باب مایوجب القضا ج ۱ ص ۱۹۹) والمباشره الفاحشة ان یتعانقا وهما متجردان ویمس فرجه فرجها وهو مکروه بلاخلاف هکذافی المحیط (عالمگیری مصری، کتاب الصوم باب ثالث ج ۱ ص ۱۸۷ ط.س.ج۱ص۲۰۰) ظفیر

(۳) ولواکتحل لم یفطر لانه لیس بین العین والدماغ منفذوالدمع یترشح کالعرق والداخل من المسام لاینافی کما لواغتسل بالماء البارد (هدایه باب مایوجب القضا والکفارة ج ۱ ص ۱۹۹ عن ابی حنیفة الا کره الاغتسال وصب الماء علی الراس والاستقاع فی الماء والتلفف بالشرب المبلول وقال ابو یوسف لایکره وهوالاظهر کذا فی محیط السرخسی (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب ثالث ج ۱ ص ۱۸۶ ط.س.ج۲ص۱۹۹) ظفیر، (۴) واقطرنی احلیله ماء اودهنا الخ لم یفطر (درمختار) لان العلتین الجانبین الوصول الی الجوف وعلمه بناء علی وجود المنفذ وعدمه الخ (ردالمختار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۷ ط.س.ج۲ص۳۹۹) وما وصل الی الجوف اوالی الدماغ من المخارق الاصلیة کالانف والاذن والدبر فوصل الی الجوف اوالدماغ فسد صومه الخ واما ماوصل الی الجوف اوالی الدماغ من غیرالمخارق الاصلیة لایفسد (البدائع الصنائع ج ۲ ص ۹۳) ظفیر

(جواب) اس صورت میں روزہ میں کوئی نقصان نہیں آتا۔ روزہ صحیح (۱) ہے۔ فقط

## دودھ پلانے سے عورت کا روزہ یا اس کا وضو نہیں ٹوٹتا ہے

(سوال ۹۵) اگر زنے فرزند خود را دررروزہ یا بوضو شیر داد وضو یا روزہ شکستہ شود یا نہ۔

(جواب) وضو و روزہ اش باطل نمی شود (۲)۔ فقط

## انجکشن سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں

(سوال ۹۶) زید روزہ دار کے بدن کے اندر بذریعہ پچکاری ایک دورتی دوا چڑھائی تو روزہ رہا یا نہ۔

(جواب) اس صورت میں روزہ اس کا فاسد نہیں ہوا جیسا کہ تصریحات فقہاء سے واضح ہوتا ہے۔ (۳) فقط

## ریت منہ میں گیا اسے تھوک دیا تو اب شبہ سے روزہ نہیں ٹوٹے گا

(سوال ۱ / ۹۷) منہ میں ریت پہنچا اور تھوک دیا بعد میں تھوک نگل گیا اور پھر دانتوں میں ریت معلوم ہوا جس سے معلوم ہوا کہ ریت اندر بھی گیا ہے تو اس سے روزہ ٹوٹا یا نہیں۔

## دانت کے خون سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں

(سوال ۹۸/۲) رمضان میں دانتوں سے خون نکلتا ہے، تھوک نگلنے کے بعد ذائقہ معلوم ہوا بعد کو جو تھوکا تو خون غالب تھا اس صورت میں روزہ ٹوٹا یا نہیں۔

(جواب) (۱) اس صورت میں روزہ نہیں ٹوٹا۔ (۴)

(۲) اوخرج الدم من بين اسنانه ودخل حلقه يعنى ولم يصل الى جوفه اما اذا وصل فان غلب الدم اوتساويا وافسد والا لا (۵) الخ درمختار۔ اس پر علامہ شامی نے لکھا ہے ظاهر اطلاق المتون انه لايفطروان كان الدم غالباً على الريق وصححه فى الوجيز (۶) الخ الحاصل بعض فقہاء نے اس میں عدم فساد روزہ کو صحیح کہا ہے اور اکثر نے فساد روزہ کا حکم کیا ہے۔ لہذا اس میں احتیاط رکھے۔ فقط۔

## عورت اپنی شرم گاہ میں خشک دوا رکھے تو روزہ ٹوٹے گا یا نہیں

(سوال ۹۹) اگر عورت بوجہ بیماری بطور فرزجہ دوائے خشک فرج میں رکھے تو مفسد صوم ہے یا نہیں۔

---

(۱) ولواقطر شيئا من الدواء فى عينه لايفسد صومه عندنا الخ (عالمگیری مصری كتاب الصوم باب رابع ج ۱ ص ۱۹۰ ط ماجدیہ ج۲ ص ۲۰۳) ظفیر

(۲) روزہ تو اس لئے نہیں باطل ہوگا کہ دودھ باہر نکل رہا ہے اور روزہ نام ہے مفطرات کے روکنے کا۔
وشرعاً امساک من المفطرات الا تية حقيقة او حكما الخ فى وقت مخصوص الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۰ ط.س. ج۲ ص ۳۷۱) ظفير.

(۳) وما وصل الى الجوف اوالى الدماغ من المخار ق الا صلية كالانف ولا ذن والدبر الخ فسدصومه الخ اما ماوصل الى الجوف اوالى الدماغ عن غير المخارق الا صلية بان دواى الجائفة والآمة فان داواها بدواء يابس لا يفسد لانه لم يصل الى الجوف ولا الى الدماغ (بدائع الصنائع كتاب الصوم ج ۲ ص ۹۳) ظفير.

(۴) او بقى بلل فى فيه بعد المضمضة وابتلعه مع الريق كطعم ادوية الخ او بتلع ما بين اسنانه وهو دون الحمصة لا نه تبع لريقه الخ لم يفطر (الدر المختار على هامش رد المحتار. باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴. ط.س. ج۲ ص ۳۹۶.

(۵) الدر المختار على هامش رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴. ط.س. ج۲ ص ۳۹۶) ظفير.

(۶) رد المحتار باب ايضاً ج ۲ ص ۱۳۴. ط.س. ج۲ ص ۳۹۶ ۱۲ ظفير.

(جواب) روزہ میں اس سے احتیاط کی جائے۔(۱) فقط۔

## ہونٹ پر جو تھوک آئے اس کے نگلنے کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۱۰۰) خارج ہونٹ پر جو بزاق آتا ہے اس کو نگلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا کما لو ترطب شفتاه بالبزاق عند الكلام ونحوه فابتلعه او سال ريقه الى ذقنه الخ فاستنشفه الخ لم يفطر۔(۲) فقط۔

## تالاب میں کسی کو اخراج ریح ہو جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۱۰۱) اگر کوئی روزہ دار غسل کرنے کے لئے نہر یا تالاب میں اترے اور اثنائے غسل میں اس کے پیچھے کی راہ سے ہوا نکلے تو اس کے روزہ میں کچھ خلل آوے گا یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں مطلقاً روزہ نہ ٹوٹے گا، کما ہو ظاہر (مگر یہ مکروہ ہے۔ ظفیر) لان الصوم يفسد من داخل لا من خارج (۳) فقط۔

## روزہ دار ناک میں نسوار ڈال سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۰۲) صائم کو منہ میں یا ناک میں نسوار ڈالنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) نہیں چاہئے۔ فقط۔

## روزہ کی حالت میں مقعد کے اندر زخم پر یا بواسیر کے مسوں پر مرہم یا تیل لگانے سے روزہ ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۱۰۳) اگر روزہ دار روزہ کی حالت میں مقعد و مبرز کے اندر زخم میں اور بواسیر کے مسوں کے زخم میں مرہم یا تیل انگلی سے اندر لگا دے یا اندر سے خوب دھووے تو روزہ صحیح ہوگا یا نہیں۔

(جواب) روزہ اس کا صحیح ہے۔ مگر احتیاط بہتر ہے۔(۴) فقط۔

## غوطہ لگانے سے روزہ نہیں جاتا اور تمبا کو سونگھنے سے ٹوٹ جاتا ہے

(سوال ۱۱۰۴) تالاب میں غوطہ لگانے سے روزہ جاتا رہتا ہے یا نہیں؟ اور تمبا کو سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) لو ادخل اصبعه فی استه او المرأة فی فرجها لا يفسد وهو المختار الا اذا كانت مبتلة بالماء والدهن فحينئذ يفسد لو صول الماء او الدهن الخ وهذ تنبيه حسن يجب ان يحفظ لان الصوم انما يفسد فی جميع الفصول اذا كان ذاكر اللصوم والا فلا (عالمگیری مصری كتاب الصوم باب رابع ج ۱ ص ۱۹۱. ط. ماجديه ج۲ ص۲۰۴) والوا دخلت قطنة ان غابت فسدو ان بقى طرفها فی فرجها الخارج لا ، (الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم. ج ۲ ص ۱۳۵. ط.س. ج۲ ص۳۹۷) ظفير.

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم وما لا يفسده ج ۲ ص ۱۳۸. ط.س. ج۲ ص۴۰۰. ۱۲ ظفير.

(۳) عالمگیری میں اسے مکروہ لکھا ہے ولو فساد الصائم او ضرط فی الماء لا يفسد الصوم ويكره له ذالك هكذا فی معراج الدراية (عالمگيری كشوری كتاب الصوم باب ثالث ج ۱ ص ۱۹۷. ط. ماجديه ج ۱ ص ۱۹۹) ظفير.

(۴) او ادخل اصبعه اليابسة فيه ای فی دبره او فرجها ولو مبتلة فسد الخ ولو بالغ فی الا ستنجاء حتى بلغ موضع الحقنة فسد (در مختار) قوله ولو مبتلة فسد لبقاء شئى من البلة فی الد اخل وهذا. لو ادخل الا صبع الى موضع الحقنة (رد المحتار باب مايفسد الصوم وما لا يفسده ج ۲ ص ۱۳۵. ط.س. ج۲ ص۳۹۷)

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ صورت مسئولہ میں اگر اندر اس حد تک دوا پہنچ جائے یا پانی جہاں سے معدہ اسے جذب کر لیتا ہے یا وہ خود معدہ میں پہنچ جاتا ہے تو روزہ فاسد ہو جائے گا اور اسی وجہ سے حضرت مفتی علامؒ نے احتیاط کو بہتر کہا ہے، اس لئے کہ اس کا لحاظ و خیال ہر شخص کے لئے ممکن نہیں۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

(جواب) تالاب میں غسل کرنے سے اور غوطہ لگانے سے روزہ نہیں جاتا اور تمبا کو سونگھنے سے روزہ جاتا رہتا ہے، کیونکہ اجزاء تمباکو کے دماغ وحلق میں جاتے ہیں۔

## عورت کا روزہ دودھ پلانے سے نہیں ٹوٹتا

(سوال ۱۰۵) ماں بحالت صوم اپنے بچے کو دودھ پلاوے۔ تو مفسد صوم ہے یا نہیں۔

(جواب) مفسد صوم نہیں ہے۔(۱) فقط۔

## سرمہ اور تیل لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

(سوال ۱۰۶) روزہ کی حالت میں سر میں تیل اور آنکھوں میں سرمہ لگانا جس کو عادت ہو یا بلا عادت، جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) روزہ کی حالت میں آنکھوں میں سرمہ لگانا اور سر میں تیل لگانا جائز اور درست ہے خواہ عادت ہو یا نہ ہو۔(۲) فقط۔

## روزہ کی حالت میں بوس وکنار کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۰۷) کیا روزہ کی حالت میں زوجہ سے بوس وکنار کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) یہ امور جائز ہیں مگر جوان آدمی کوئی ایسا فعل روزہ کی حالت میں نہ کرے جس میں خوف ہو کہ وہ فعل مفضی الی الجماع ہو جاوے گا کما لمباشرۃ الفاحشۃ۔(۳) فقط۔

## رمضان میں سونے والے نے دانت میں خون دیکھا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۰۸) رمضان میں دوپہر کو ایک شخص سوتا تھا، جب اٹھا تو اس کے دانت میں خون تھا یہ یقین نہیں کہ سوتے وقت خون پیٹ میں گیا یا نہیں۔اب روزہ کا کیا حکم ہے؟

(جواب) اس صورت میں روزہ نہیں جاتا۔(۴) فقط۔

---

(۱) هو ای الصوم الخ امساک عن المفطرات الا تیۃ حقیقۃ او حکما الخ فی وقت مخصوص الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۰۹ ۔ط.س. ج ۲ ص ۳۷۱) اس سے معلوم ہوا کہ روزہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک کھانے پینے اور جماع سے رکنے کا نام ہے، جس میں نیت بھی پائی جائے۔لہذا دودھ پلانے میں ان میں سے کوئی بات پائی نہیں جاتی ۱۲ظفیر۔

(۲) اوا دهن او اكتحل الخ لم يفطر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۳ ۔ط.س. ج ۲ ص ۳۹۵) ظفیر۔

(۳) ولا باس بالقبلة اذا امن على نفسه اى الجماع اوالا نزال ويكره اذا لم يامن. (هدايه باب مايوجب القضا الخ ج ۱ ص ۱۹۹) ظفیر۔

(۴) واخرج الدم من بين اسنانه و دخل حلقه يعنى ولم يصل الى جوفه الخ (در مختار) ظاهر اطلاق المتن انه لا يفطر (ردالمحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴ ۔ط.س. ج ۲ ص ۳۹۶) ظفیر۔

## پانچواں باب

## وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور صرف قضا واجب ہوتی ہے

### رمضان میں جنابت کا غسل صبح میں کیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۰۹) رمضان میں جنابت کا غسل صبح کو کرنے سے روزہ میں تو کچھ نقص نہیں آتا، اور ہاتھ سے منی نکالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

(جواب) اس سے روزہ میں کچھ خلل اور خرابی لازم نہیں آتی ۔ فی الدر المختار او اصبح جنباً الخ لم یفطر الخ ۔(۱)

### مسوڑوں کا خون اندر جانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۰) مسوڑوں کے خون اور مواد کے اندر چلے جانے سے روزہ قائم رہے گا یا نہیں ۔

(جواب) صحیح یہ ہے کہ اس روزہ کی قضا لازم ہوگی اما اذا وصل ای الی جوفه فان غلب الدم او تساویا فسد الخ در مختار ۔(۲) فقط ۔

### پان کی سرخی نگلنے سے روزہ رہا یا ختم ہو گیا ۔

(سوال ۱۱۱) زید نے بعد سحر پان کھایا، دن نکلنے پر پان کی سرخی تھوک میں موجود ہے، ایسے تھوک کو نگلنا مفسد صوم ہے یا نہیں اگر ہے تو ہر صورت میں چاہے کلی غرارہ کیا ہو یا نہ کیا ہو، سرخی کم ہو یا زیادہ ہو ۔ اور اگر نہیں تو ہر صورت میں یا خاص اس صورت میں کہ کلی غرارہ خوب کر لیا ہو اور سرخی خفیف مغلوب باقی رہی ہو جس کا ازالہ ناممکن یا دشوار ہو، پھر یہ بات بھی قابل سوال ہے کہ پان کی سرخی ایسی ہے بھی کہ جس کا ازالہ دشوار یا ناممکن ہو یا نہیں ۔

(جواب) باہر سے اگر رنگ کا اثر تھوک میں ہو جاوے اور اس تھوک کو نگل جاوے تو وہ مفسد صوم ہے کما یظهر من قوله الا ان یکون مصبوغاً وظهر لونه فی ریقه وابتلعه ذاکراً الخ در مختار ۔(۳) لیکن پان جو صبح صادق سے پہلے کھایا اور اس کے اجزاء منہ میں نہ رہے اور کلی وغیرہ کر کے منہ کو صاف کر لیا تو پھر اگر صبح کو تھوک میں سرخی کا اثر باقی ہوا اور اس کو نگل جاوے تو اس میں فساد صوم کا حکم نہ ہوگا جیسا کہ آگے عبارت سابقہ سے جس جگہ درمختار میں والقطر تین من دموعه او عرقه (۴) ہے، وہاں شامی نے یہ تحقیق کی ہے اما الواصل الی الحلق من المسام فالظاهر انه مثل الریق فلا یفطر وان وجد طعمه فی جمیع فمه تامل ۔(۵) پس جیسا کہ تھوک مخلوط بملوحۃ الدموع میں فساد صوم کا حکم نہیں ہے، مخلوط باہون المذکور میں بھی نہ ہوگا، لیکن احتیاط ضروری ہے اور حتی الوسع کچھ اثر باقی نہ چھوڑنا چاہئے، خوب منہ کو صاف کر لینا چاہئے اور موقع اشتباہ میں قضاء کرنا اس روزہ مشتبہ کی احوط ہے ۔ فقط ۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم و ما لا یفسده ج ۲ ص ۱۳۸ ط.س. ج۲ص ۴۰۰ ۱۲ محمد ظفیر الدین غفرله.

(۲) پوری عبارت یہ ہے او خرج الدم من بین اسنانه ودخل حلقه یعنی ولم یصل الی جوفه اما اذا وصل فان غلب الدم او تساویا فسد والا لا، الا اذا وجد طعمه (در مختار) قلت ومن هذا یعلم حکم من قلع ضرسه فی رمضان ودخل الدم الی جوفه فی النهار ولو نائما فیجب علیه القضاء الخ ( رد المحتار باب مایفسد الصوم وما لا یفسده ج ۲ ص ۱۳۴ ط.س. ج۲ص ۳۹۶) ظفیر.

(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۸ ط.س. ج۲ص ۴۰۰ ۱۲ ظفیر.

(۴) ایضا ج ۲ ص ۱۴۱ ط.س. ج۲ص ۴۰۳ ۱۲ ظفیر.

(۵) رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۲ ط.س. ج۲ص ۴۰۴ ۱۲ ظفیر.

حقہ پینے سے روزہ ٹوٹتا ہے، کیا ثبوت ہے

(سوال ۱۱۲) حقہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے لیکن اس کا ثبوت قرآن وحدیث وفقہ سے کس طرح ہوسکتا ہے۔

(جواب) حقہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ کما فی الشامی وبه علم حکم شرب الدخان و نظمه شر نبلا لی فی شرحه علی الوهبا نية . ويمنع من بيع الدخان وشربه وشاربه فی الصوم لا شک يفطر ويلزمه التكفير لو ظن نا فعاً كذا دافعا شهوات بطن فقو روا ۔(۱) فقط۔

ناک میں دواڈالنے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۳) انداختن دواء در بینی مبطل صوم است یا نہ۔ ونیز نسوار انداختن بدنداں بدون آنکہ اثرش در جوف وحلق برسد مفطر صوم است یا نہ۔

(جواب) از استعاط انداختن دواوغیرہ در بینی بطلان صوم ووجوب قضاء مصرح است کما فی الدر المختار او استعط فی انفه شيئاً الخ قضیٰ الخ (۲) اما انداختن نسوار بدندن بدون آنکه اثرش در جوف و حلق رسد مفطر صوم نیست کما فی الذوق، ولیکن احتیاط درترک آں است کما ہوظاہر۔ فقط۔

شرم گاہ کے دخول سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

(سوال ۱۱۴/۱) دخول سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۱۱۵/۲) اگر دخول کیا اور منی نہیں آئی تو کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱) ٹوٹ جاتا ہے اور کفارہ لازم آتا ہے دخول فرج سے۔(۳)

(۲) دخول فی احد السبیلین میں منی آوے یا نہ آوے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضاوکفارہ لازم ہے۔(۴) فقط۔

ہاتھ سے منی نکالنا مفسد صوم ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۶) اگر کوئی شخص روزہ میں ہاتھ سے منی زائل کرے تو روزہ ہوتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اذا ستمنی کفه الخ قضیٰ-(۵) فقط۔ (ہاتھ سے منی نکالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا لازم ہوتی ہے۔ پھر یہ بھی واضح رہے کہ نفس یہ فعل بہت برا ہے اس پر لعنت بھیجی گئی ہے۔ ظفیر)

بوس وکنار کی وجہ سے انزال ہوگیا کیا حکم ہے

(سوال ۱۱۷) ایک شخص نے ماہ رمضان میں دن کو اپنی زوجہ سے بوس وکنار کیا جس سے انزال ہوگیا، اس صورت میں اس پر قضا واجب ہے یا کفارہ بھی۔

(جواب) اس صورت میں صرف قضاء اس روزے کی لازم ہوتی ہے کفارہ واجب نہیں ہے۔(۶) فقط۔

---

(۱) رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴ ط.س. ج۲ص ۳۹۵. ۱۲ ظفير.(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۰ ط.س. ج۲ص ۴۰۲. ۱۲ ظفير.(۳) او ذاق شيئا بفمه وان كره لم يفطر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۸ ط.س. ج۲ص ۴۰۰)ظفير.(۴)وان جامع المكلف ادميا مشتهى فى رمضان اداء او جومع و توارت المشفة فى احد السبيلين انزل اولا الخ قضى الخ وكفر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۱ ص ۱۴۷ ط.س. ج۲ص ۴۰۹) ظفير.(۵)الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۱ ص ۱۴۲ ط.س. ج۲ص ۳۹۹. ۱۲ ظفير .(۶) اوقبل ولو قبلة فاحشة الخ او لمس ولو بحائل لايمنع الحرارة او استمنى بكفه او بمباشرة فاحشة ولو بين المرائتين فانزل الخ قضى فى الصوم كلها فقط (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۲ ط.س. ج۲ص ۳۹۹) مگر اس کے ساتھ رمضان کا احترام ضروری ہے، وہ اس کے بعد دن میں کچھ کھائے پئے نہیں ظفیر۔

## کان میں تیل ڈالنے سے روزہ کیوں ٹوٹتا ہے

(سوال ۱۱۸) صائم کان میں تیل کیوں نہیں ڈال سکتا جب کہ پانی جانے میں روزہ نہیں ٹوٹتا۔
(جواب) ہدایہ میں وجہ فرق یہ بیان فرمائی ہے کہ پانی میں وصول مافیہ صلاح البدن الی الجوف نہیں ہے، بخلاف دہن کے، اس کو دیکھ لیا جاوے۔ (۱)۔ اور یہ بھی وجہ فرق کی ہو سکتی ہے کہ پانی سے احتراز دشوار ہے اور اس میں ضرورت ہے۔ فقط

## نسوار سونگھنے اور حقہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

(سوال ۱۱۹) حقہ نوشیدن ونسوار شمیدن در انف مفسد صوم است یا نہ۔
(جواب) حقہ نوشی مفسد صوم است ونسوار شمیدن در انف نیز مفسد صوم است قال فی الشامی وبه علم حكم شرب الدخان و نظمه فی شرح الوهبانیة:۔

ویمنع من بیع الدخان وشربه وشاربه فی الصوم لا شک یفطر۔(۲) فقط۔

## دوا سونگھنے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۱۲۰) ''اٹلوس'' ایک دوا ہے کہ نوسادر اور چونا ملا کر شیشی بھر کر ناک سے لگا کر سونگھا جاتا ہے، اس کی تیزی دماغ تک پہنچتی ہے، اس کے سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں۔
(جواب) اس صورت میں روزہ اس کا ٹوٹ گیا قضاء لازم ہے۔ کما فی الدر المختار ومفاده انه لو ادخل حلقه الدخان افطرای دخان کان ولو عوداً او عنبراً لو ذاکراً لا مکان التحرز عنه الخ (۳) وتحقیقه فی الشامی (۴) فقط۔

## روزہ دار دن میں کنکری نگلے یا کھانا کھائے یا جماع کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۱) زید نے روزہ رکھا، پھر دن کو ایک کنکری نگلی یا بیوی سے جماع کیا، یا کھانا کھایا تو کیا حکم ہے۔
(جواب) اس صورت میں زید کے ذمہ صرف قضاء لازم ہے، کفارہ نہیں ہے۔ (۵) (تفصیل حاشیہ میں دیکھئے۔ ظفیر)

---

(۱) ومن حتقن الخ او اقطرنی اذا نه فطر لقوله صلی الله علیه وسلم الفطر مما دخل ولو جود معنی الفطر وهو وصول ما فیه صلاح البدن الی الجوف والا کفارة علیه الخ ولو افطر فی اذنیه الماء او دخلهما لا یفسد صومه لا نعدام المعنی (ای اصلاح البدن) والصورة بخلاف ما ذا ادخله الدهن (هدایه باب مایوجب القضاء والکفارة ج ۱ ص ۲۰۲)
(۲) رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۴) تحت قول الماتن لوادخل حلقه الد خان افطر ط.س. ج۲ص ۳۹۵. ۱۲ ظفیر.
(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار. باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۳. ط.س. ج۲ ص ۳۹۵. ۱۲ ظفیر.
(۴) "قوله لو ادخل حلقه الدخان ای بای صورة کان الا دخال حتی لو بنجور بنجوره فاواه الی نفسه واشتمه ذاکر الصومه افطر لامکان التحرزه عنه وهذا مما یغفل عنه کثیر من الناس ولا یتوهم انه کشم الور دو مائه والمسک لو ضوح الفرق بین هواء تطیب بریح المسک وشبهه و بین جو هر دخان وصل الی جونه بفعله امداد (رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۳ و ج ۲ ص ۱۳۴. ط.س. ج۲ ص ۳۹۵) ظفیر.
(۵) کنکر نگلنے کی صورت میں تو یہی جواب ہے، اوا بتلع حصاة ونحوها مما یا کله الا نسان او یعافه او یستقذره الخ قضی فی الصور کلها فقط (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۰ و ج ۲ ص ۱۴۴. ط.س. ج۲ ص ۴۰۳) اور اگر عمداً جماع کیا یا کھایا پیا تو کفارہ بھی واجب ہے بشرطیکہ رمضان میں ایسا کیا، ورنہ نہیں و ان جامع المکلف ادمیا مشتهی فی رمضان اداء او جو مع و توارت الحشفة فی احد السبیلین انزل اولا، اواکل او شرب غذاء الخ عمداً الخ قضی فی الصور کلها وکفر (ایضا ج ۲ ص ۱۴۷. ط.س. ج۲ ص ۴۰۹) البتہ غیر رمضان تھا تو صرف قضا ہے کفارہ نہیں، یا یہ صورت ہوئی کہ رمضان میں پہلے کنکر نگل لی پھر اس کے بعد جماع کیا اور کھایا تو بھی صرف قضا واجب ہے ۱۲ ظفیر۔

## روزہ میں حقہ پینے سے کفارہ واجب ہوتا ہے یا صرف قضا

(سوال ۱۲۲) روزہ میں حقہ پینے سے قضا لازم ہوتی ہے یا کفارہ بھی۔

(جواب) حقہ سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضا لازم ہوتی ہے، اور بعض صورتوں میں کفارہ بھی لازم ہوتا ہے۔(۱) فقط (یعنی اگر اسے نفع بخش سمجھا تب تو کفارہ وقضا دونوں لازم ہوں گے ورنہ صرف قضا۔ ظفیر)

## بیوی کا کوئی بوسہ لے اور اس کو انزال ہو جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۳) ایک شخص نے روزہ کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لیا اور اپنے عضو تناسل کو اس کے پیٹ پر رکھ کر رگڑا دیا اس وجہ سے انزال ہو گیا، بلا ارادہ ایسا ہو گیا تو اس صورت میں قضاء مع کفارہ ہے، یا بلا کفارہ۔

(جواب) اس صورت میں صرف قضاء اس روزہ کی لازم آوے گی کفارہ لازم نہ ہوگا۔ کذا فی الدر المختار الشامی (۲) فقط۔

## صبح کے وقت منہ سے پان وغیرہ نکلے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۴) ماہ صیام میں صبح کے وقت منہ میں پان یا تمبا کو یا اور کوئی شے سحری کے وقت کی ڈلی ہوئی نکلی تو روزہ ہو جائے گا یا قضا لازم ہے۔

(جواب) احتیاط قضا کرنے میں ہے، گو حکم قطعی قضا کا نہ ہو۔ (۳) فقط۔

## بیوی کے ساتھ لیٹنے سے انزال ہو گیا تو کیا کرے

(سوال ۱۲۵) ایک شخص نے ماہ رمضان میں روزہ کی حالت میں اپنی بیوی سے لپٹنا شروع کیا اور کچھ دیر تک لپٹا رہا چند منٹ بعد اس کو انزال ہو گیا۔ آیا اس پر اس روزہ کا کفارہ لازم ہے یا محض قضا۔

(جواب) اس صورت میں محض قضا اس روزہ کی لازم ہے کفارہ واجب نہیں کذا فی الدر المختار۔ (۴) فقط۔

## ۲۹ کا چاند نہ دیکھا گیا بعد میں تحقیق ہوئی تو قضا ضروری ہے

(سوال ۱۲۶) ۲۹ شعبان یوم جمعہ کو ضلع بھاگلپور کے قرب وجوار میں چاند نہیں ہوا اور انہوں نے روزہ نہیں رکھا تو ان پر شنبہ کے روزہ کی قضا لازم ہے یا نہیں۔

(جواب) شنبہ کا روزہ ہونا محقق ہو گیا ہے پس جن لوگوں نے شنبہ کا روزہ نہیں رکھا ان کو اس روزہ کی قضاء کرنی پڑے گی۔ (۵) فقط۔

---

(۱) انه لو ادخل حلقه الدخان افطر (در مختار) ويمنع من بيع الدخان وشربه وشعار به فى الصوم لا شك يفطر ويلزمه التكفير لو ظن نا فعا كذا دا فعا شهوات بطن فقر روا (رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۳ و ج ۲ ص ۱۳۴ ط.س. ج۲ص ۳۹۵) ظفير. (۲) او وطئى امراء ة ميتة الخ او فخذا وبطنا او قبل ولو قبلة فاحشة بان يد غدغ او يمص شفتيها الخ فانزل الخ قضى فى الصور كلها فقط (اى بدون كفارة) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم باب مايفسد الصوم الخ ج۲ ص ۱۴۲ و ج ۲ ص ۱۴۴ ط.س. ج۲ص ۴۰۴) ظفير. (۳) او ذاق شيئا بفمه وان كره لم يفطر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم وما لا يفسد ج ۲ ص ۱۳۸ ط.س. ج۲ص ۴۰۰) ظفير. (۴) اوقيل ولو قبلة فاحشة بان يد غدغ او يمص شفتيها او لمس ولو بحائل لا يمنع الحرارة او استمنى بكفه او بمبا شرة فاحشة ولو بين المرائتين فانزل قيد للكل حتى لو لم ينزل لم يفطر الخ قضى فى الصور كلها فقط (در مختار) اى بدون كفارة (رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۲ و ج ۲ ص ۱۴۴ ط.س. ج۲ص ۳۹۹) ظفير. (۵) جب رمضان ہونا ثابت ہو گیا اور اس نے روزہ نہیں رکھا تو اس کی قضا بہر حال فرض ہے، چنانچہ یوم شک کے روزے کے سلسلہ میں صراحت ہے والا بان ظهرت فعنه اى عن رمضان (رد المختار کتاب الصوم ج۲ص۱۲۰ ط.س. ج۲ص ۳۹۱)

## روزہ کی حالت میں احتلام کے بعد افطار کرلیا، کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۷) ایک شخص کو روزہ میں احتلام ہوگیا۔ پھر اس نے بغیر دریافت کئے خود ہی افطار کرڈالا اس صورت میں کفارہ آتا ہے یا نہیں۔

(جواب) احتلام سے اگرچہ روزہ نہیں جاتا لیکن اگر کسی نے غلطی سے یہ سمجھ کر کہ روزہ جاتا رہا، افطار کرلیا تو کفارہ نہیں صرف قضا لازم ہے کما فی الشامی واحترز به عما لو فعل ما یظن الفطر به کما لو اکل او جامع نا سیا او احتلم او انزل بنظر او ذرعه القئ فظن انه افطر فاکل عمداً فلا کفارة للشبهة الخ شامی(۱) فقط

## ایک نوکر نے کام کی شدت کی وجہ سے افطار کرلیا، کیا حکم ہے

(سوال ۱۲۸) زید فورس میں نوکر ہے، حالت روزہ میں اس کے افسر نے ایک ایسا حکم دیا کہ جس کی رو سے اس کو سخت دھوپ میں کہ جس سے اس کی تندرستی کا اندیشہ تھا، دیہات میں دوادوش کے لئے جانا پڑا۔ زید مسئلہ سے ناواقف تھا لہذا اس نے روزہ افطار کرلیا، آیا وہ کفارہ سے بچ سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر شدت پیاس وغیرہ سے اندیشہ ہلاکت یا مرض تھا تو کفارہ اس سے ساقط ہے۔(۲) فقط۔

## مجبوری میں افطار سے کفارہ نہیں آتا

(سوال ۱۲۹) ایک شخص ایماندار حافظ قرآن شریف نے رمضان المبارک میں دودن بخار کے ساتھ روزہ رکھا، تیسرے دن بھی اس نے نیت روزہ کر کے روزہ شروع کیا، لیکن بوجہ شدت بخار کے اسے تیسرا روزہ افطار کرنا پڑا۔ اس کے بعد وہ دس دن برابر بیمار رہا اور دس دن روزہ نہ رکھ سکا۔ شرعاً ایسے شخص پر کفارہ آتا ہے یا قضاء اور ایماندار شخص کی رائے روزہ افطار کرنے میں معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) اس شخص پر صرف قضاء اس روزہ کی اور نیز ان روزوں کی جو اس کے بعد افطار کئے لازم ہے، کفارہ لازم نہیں ہے، کیونکہ اس بارہ میں خود روزہ دار مریض کا غلبہ ظن بھی معتبر ہے۔ درمختار میں ہے او مریض خاف الزیادة لمرضه الخ بغلبة الظن بامارة او تجربة او باخبار طبیب حاذق مسلم مستور ۔(۳) فقط۔

## قضا خود ادا کرنا ضروری ہے

(سوال ۱۳۰) کسی عورت سے ماہ صیام کے روزے قضا ہو جاویں، اس کا شوہر رکھ دے تو درست ہے یا نہیں؟

(جواب) عورت کو ہی روزے رکھنے چاہئیں، شوہر کے رکھنے سے عورت کے روزے ادا نہ ہوں گے۔(۴) فقط۔

## ایک عبارت کا مفہوم

(سوال ۱۳۱) وکذا الا ستمناء بالکف وان کره تحریماً الخ ۔ دوسری عبارت اسی باب میں ہے او لمس ولو بحائل لا یمنع الحرارة او استمنی بکفه الخ فانزل قید للکل حتی لولم ینزل لم یفطر الخ اول عبارت سے

---

(۱) رد المحتار للشامی باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۹ تحت قوله فعل ما لا یظن الفطر به. ط.س. ج۲ص ۴۱۱، ۱۲. ظفیر. (۲) قد ذکر المصنف منها خمسة وبقی الا کراه زخوف هلاک اونقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید ( رد المحتار فصل العوارض ج ۲ ص ۱۵۸. ط.س. ج۲ص ۴۲۱) ظفیر. (۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹. ط.س. ج۲ص ۴۲۲، ۱۲ ظفیر. (۴) العبادة المالیة کزکاة و کفارة تقبل النیابة عن المکلف مطلقا الخ والبدنیة کصلاة وصوم لاتقبلها مطلقا. (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۶. ط.س. ج۲ص ۵۹۷) ظفیر.

شبہ ہوتا ہے کہ استمناء بالکف سے افطار نہیں ہوتا اور دوسری عبارت سے تفصیل سمجھ میں آ رہی ہے کہ بصورت انزال افطار ہوتا ہے ورنہ نہیں، ان میں تطبیق کی کیا صورت ہے۔

(جواب) پہلی عبارت کا تعلق ماقبل کے ساتھ ہے، وہ یہ ہے او جامع فیما دون الفرج ولم ینزل یعنی فی غیر السبیلین کسرة وفخذ وکذا الا ستمناء بالکف وان کرہ تحریما۔(۱) اوپر کی قید ولم ینزل سے معلوم ہوا کہ وکذا لاستمناء بالکف میں بھی عدم انزال کی قید ہے۔ چنانچہ علامہ شامی نے اس موقعہ پر لکھا ہے قوله وكذا الاستمناء بالكف، ای فی کونه لا یفسد لکن هذا اذا لم ینزل اما اذا انزل فعلیه القضاء کما سیصرح به وهو المختار کما یاتی۔(۲) اس سے تطبیق بھی ہوگئی اور مسئلہ مفتی بہ بھی معلوم ہوگیا کہ استمناء میں انزال سے روزہ افطار ہوتا ہے اور صرف قضاء لازم آتی ہے،

## غیر رمضان کا روزہ قصداً توڑ دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۳۲) ان رجلا کان صائما لا جل الحنث فی الیمین فتحقق ناقض الصوم بالقصد والاختیار ایجب علیه القضاء والکفارة معاً ام القضاء۔ فقط۔

(جواب) یجب علیه قضاء الصوم الذی افسده لانه افسد الصوم الواجب وقد قال فی الدر المختار، او افسد غیر صوم رمضان الخ قضی الخ (۳) وکفارة الیمین ایضاً واجبةٌ علیه کذا فی الدر المختار (۴) فقط۔

## بیوی کے پاس صرف بیٹھنے سے انزال ہو جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۳۳) ایک شخص رمضان المبارک میں دن کے وقت اپنی زوجہ کے پاس بیٹھا اور کمزوری کی وجہ سے اس کو انزال ہوگیا تو اس پر قضاء ہے یا کفارہ آئے گا۔

(جواب) اگر کوئی شخص رمضان المبارک میں دن کے وقت اپنی زوجہ کے پاس بیٹھے اور کمزوری کی وجہ سے اس کو انزال ہو جائے تو اس صورت میں قضاء اس روزے کی لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے۔(۵) فقط۔

## روزے دار کے سامنے اگربتی جلانا کیسا ہے

(سوال ۱۳۴) رمضان شریف میں یوم جمعہ روزہ داروں کے سامنے اگربتی جلانا کیسا ہے۔

(جواب) درمختار شامی، مفسدات صوم میں یہ لکھا ہے کہ اگر روزہ دار نے اپنے حلق میں قصداً دھواں داخل کیا اور اس کو روزہ یاد ہے تو روزہ اس کا ٹوٹ جاوے گا۔ درمختار میں ہے انه لو دخل حلقه الدخان انظر ای دخان کان ولو عوداً او عنبراً لو ذاکرا لا مکان التحرز عنه اور شامی میں ہے قوله انه لوا دخل حلقه الدخان) ای بای صورة کان الا د خال حتیٰ لو تبخر بنجوره فاواه الیٰ نفسه واشتمة ذاکراً لصومه افطر لا مکان التحرز عنه الخ ولا یتوهم انه کشم الو ر دو مائه والمسک لو ضوح الفرق بین هواء تطیب بریح المسک وشبهه

(۱) دیکھئے الدر المختار علی ہامش رد المختار، باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۶ ط س ج ۲ ص ۳۹۸۔

(۲) رد المحتار باب ما یفسد الصوم، وما لا یفسده ج ۲ ص ۱۳۶ و ج ۲ ص ۱۳۷ ط س ج ۲ ص ۳۹۹۔ ۱۲ ظفیر۔

(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار، باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۱ ۱۲ ظفیر. (۴) والمنعقدة ما یحلف علی امرتی المستقبل ان یفعله فی المستقبل اولا یفعله واذا حنث فی ذالک لزمته الکفارة لقوله تعالیٰ لا یوا خذ کم الله باللغو فی ایمانکم لکن یو اخذ کم بما عقد تم الا یمان (هدایه کتاب الا یمان ج ۲ ص ۴۵۵) ظفیر. (۵) او قبل ولو قبلة فاحشة بان ید غدغ او یمص شفتیها او لمس الخ فانزل الخ قضی فی الصور کلها. الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۲. ط س. ج ۲ ص ۳۹۹) ظفیر

و بین جوهر دخان و صل الی جو فه بفعله الخ(۱)فقط۔

## چھپ کر مسلمان ہونے والا اگر روزہ توڑ دے تو قضا و کفارہ واجب ہے یا نہیں

(سوال ۱۳۵) ایک ہندو باطن میں اسلام لے آیا چنانچہ روزہ رمضان شریف بھی رکھا، بعدہ افشائے راز کی وجہ سے روزہ توڑ دیا، پھر کھلم کھلا مسلم ہوگیا تو کیا اس پر کفارہ لازم آئے گا۔

(جواب) جب کہ وہ شخص مسلمان ہوگیا اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان لے آیا اور تمام احکام اسلام کو قبول کرلیا تو وہ عند اللہ مسلمان ہوگیا۔ اگرچہ لوگوں پر اس کا اسلام ظاہر نہ ہوا، پس اگر روزہ رمضان شریف رکھ کر اس نے توڑ ڈالا تو کفارہ اس پر لازم آئے گا۔(۲)فقط۔

## مریض نیت کے باوجود افطار کردے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۳۶) ایک شخص رمضان شریف میں مریض تھا، بعض دن روزہ رکھتا تھا اور بعض دن افطار کرتا تھا۔ اتفاقاً ایک روز روزہ کی نیت کی پھر بعد نماز صبح افطار کرلیا تو اس صورت میں قضاء واجب ہے یا کفارہ۔

(جواب) اس صورت میں اس روزہ کی قضا واجب ہوگی کفارہ واجب نہ ہوگا، کیونکہ وہ پہلے سے مریض ہے، لہذا اس کو افطار کرنا جائز تھا ثم انما یکفران نوی لیلاً ولم یکن مکرها ولم یطرأ مسقط کمرض وحیض الخ(۳) در مختار اور کفارہ شبہ سے بھی ساقط ہوجاتا ہے قوله کمرض ای مبیح الا فطار الخ شامی(۴) پس جب کہ اس کو مرض موجود تھا جو کہ افطار کو مباح کرتا تھا تو اس صورت میں بھی کفارہ اس پر لازم نہ ہوگا۔ فقط۔

## صرف جمعہ کا روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۱۳۷) تنہا جمعہ کا روزہ نفلی رکھنا مکروہ ہے یا نہیں نزدیک امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے۔

(جواب) حنفیہ کا مذہب یہ ہے کہ جمعہ کا روزہ رکھنا تنہا مکروہ نہیں ہے۔

ولا باس بصوم یوم الجمعة عند ابی حنیفة ومحمد لما روی عن بن عباس انه کان یصومه ولا یفطر الخ(۵) اور حدیث نہی محمول ہے اس پر کہ اقامت جمعہ وغسل وغیرہ سے ضعف نہ ہوجاوے۔ پس جس کو یہ خوف نہ ہو اس کے لئے مکروہ نہیں ہے اور معتبر یہ ہے کہ اس کے ساتھ ایک روزہ پہلے یا پیچھے ملا لیوے جیسا کہ حدیث بخاری و مسلم میں ہے لا یصوم احدکم یوم الجمعة الا ان یصوم قبله او یصوم بعده متفق علیه۔(۶) مشکوٰۃ۔ فقط۔

## پیاس کی شدت کے خوف سے روزہ چھوڑ دینے سے صرف قضا واجب ہوگی یا کفارہ بھی

(سوال ۱۳۸) رمضان شریف ۳۷ھ میں اور میرے متعلقین اپنے لڑکے متوفی کی بیماری سے بے آرام اور

---

(۱) رد المحتار باب مایفسد الوصم ج ۲ ص ۱۳۳ و ج ۲ ص ۱۳۴ ط.س. ج۲ص۳۹۵. ۱۲ ظفیر.
(۲) اذا اکل متعمدا ما یتغذی به او یتداوی به یلزمه للکفارة الخ (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب رابع فصل ثانی ج ۱ ص ۱۵۲. ط. ماجدیه ج ۱ ص ۲۰۵) ظفیر.
(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۵۰ و ج ۲ ص ۱۵۱. ط.س. ج۲ص ۴۱۲) ظفیر.
(۴) رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۵۱. ط.س. ج۲ص۴۱۳. ۱۲ ظفیر.
(۵) رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴ تحت قوله الماتن والمندوب الا یام البیض من کل شهرو یوم الجمعة ولو منفردا. ط.س. ج۲ص۳۷۵. ۱۲ ظفیر.
(۶) مشکوة باب صیام التطوع فصل اول ص ۱۷۹. ۱۲ ظفیر.

اس کے غم سے پریشان وغمگین تھے، تراویح پڑھ کر نیت روزہ کی پختہ کرلی اور سوگئے حتی کہ سحر کا پتہ نہ رہا۔ بوقت صبح صادر بیدار ہوئے وقت بیداری کے سبب پیاس کے زبان میری خشک تھی جس سے معلوم ہوا کہ آج مجھ سے روزہ تمام نہیں ہوسکتا ،اس وجہ سے میں نے ایک مولوی صاحب سے دریافت کیا، انہوں نے کہا کہ اگر تم سے روزہ تمام نہیں ہوسکتا تو روزہ چھوڑ دو۔ ایک روزہ قضاء رکھ لینا، میں نے اور گھر والوں نے روزہ چھوڑ دیا۔ بوقت پوچھنے مسئلہ کے مجھے اس قدر پیاس نہ تھی کہ اگر فی الحال روزہ چھوڑوں تو مریض یا قریب المرگ ہوجاؤں بلکہ بوجہ سخت گرم موسم کے یہ معلوم ہوتا تھا کہ بوقت زوال یا بعد زوال مریض ہوجاؤں۔ اس صورت میں قضا واجب ہے یا کفارہ بھی۔ اگر کفارہ واجب ہے تو مولوی صاحب پر کچھ تعزیر شرعی ہے یا نہیں؟

(جواب) درمختار میں ہے وبقی الا کرا ہ و خوف ھلاک او نقصان عقل ولو بعطش او جو ع شدید ولسعة حية الخ (۱)اور نیز اس کے کچھ بعد ہے۔ او مريض خاف الزيادة لمرضه وصحيح خا ف المرض (در مختار) ای بغلبة الظن کما یاتی الخ(۲) شامی۔ ان عبارات سے معلوم ہوا کہ اگر زید کو اور نیز اس کے گھر والوں کو یہ خوف بظن غالب تھا کہ وہ روزہ پورا نہ کرسکیں گے اور مرض یا ہلاکت کا خوف تھا تو اس صورت میں ان پر صرف قضا اس روزہ کی لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے، اور جن مولوی صاحب نے افطار روزہ کا حکم دیا ہے، وہ بھی غالباً اسی بناء پر ہوگا ،لہذا ان پر بھی کچھ مواخذہ نہیں ہے۔ اور جب یہ سب قیود اس وقت ہیں کہ روزہ کی نیت کرلی ہو۔ اور اگر روزہ کی اس دن نیت نہ کی ہو اور پھر بوجہ خوف مذکور نیت روزہ کی نہ کی تو اس صورت میں کفارہ کا واجب نہ ہونا ظاہر تر ہے اور مصرح فی کتب الفقہ (۳) ہے فقط۔

## تمبا کو منہ میں رکھنا کیسا ہے

(سوال ۱۳۹)ماقولکم رحمکم الله فی رجل امسک النتن المعروف فی فمه ولم يبتلع عينه ولا لعابه ولم يصلا الى جوف هل يفسد صو مه ام لا وهل يكون من قبل ذكره۔

(جواب) امساک النتن فی الفم لا يجوز فی الصوم لا نه لا يخلو عن وصوله الى الحق والجوف عادة والعادة مكمة فا لحذر من ان يا کل التنبا ک بهذه الو سو ستفی نها ر رمضان کیف وقد قالوا فی مضغ العلک کما فی الشامی وانما قید ہ بذلک ای با بیض لان الا سود وغیرہ الممضو غ وغيرا الملتئم يصل منه شئی الی الجوف (۴)ولهذا يمنع عن شرب دخانه ويحكم انه مفطر و فی النباک خاصية فی الا نجذاب الى الجوف الا ترى ان امساكه فی الفم لغير المعتادين يوثر تا ثيرا عظيما من دور ان الراس وانكسار الا عضاء فما هو الا وصول اثره الى الدماغ والجوف

(۱)الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۸ .ط.س. ج۲ص ۴۲۱ ۱۲
(۲)دیکھئے رد المحتار فصل العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ .ط.س. ج۲ص ۴۲۲ .۱۲ ظفير.
(۳) وجو بها ای الكفارة مقيد بما يأتی من كونه عمدا الخ وبما اذا نوى ليلا ( رد المحتار باب يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ .ط.س. ج۲ص ۴۰۹. ظفير. ولم ينوفی رمضان كله صوما ولا فطر الخ او اصبح غير نا و للصوم فاكل عمدا الخ قضى فی الصور كلها فقط (در مختار واما عندنا فلا بد من النية لان الواجب الا مساک بجهة العبادة ولا عبادة بدون نية فلو امسک بدونها لا يكون صائما ويلزمه القضاء دون الكفارة الخ لان الكفارة انما تجب على من افسد صومه والصوم هنا معدوم. ( رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۱ .ط.س. ج۲ص ۴۰۳) ظفير صديقی.

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم کتبہ عزیز الرحمن عفی عنہ۔
الجواب صواب محمد انور[1] عفا اللہ عنہ

## قصداً روزہ توڑے پھر بیمار ہو جائے یا عورت کو حیض آ جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۴۰) جو شخص قصداً روزہ توڑے، پھر بیمار ہو جائے یا عورت حائضہ ہو جاوے تو ان کا کفارہ لازم ہوگا یا نہیں؟

(جواب) کفارہ ساقط ہو جاتا ہے (انما یکفران نوی لیلاً ولم یکن مکرھا ولم یطرء مسقط کمرض وحیض۔ (در مختار ج ۲ ص ۱۵۱ علی ہامش رد المحتار ظفیر۔)

(۱) یعنی بحر العلوم حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہ المتوفی سن ۱۳۵۲ھ سابق صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند۔

چھٹا باب

## وہ چیزیں جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور قضاء و کفارہ دونوں لازم ہوتے ہیں

### قصداً روزہ توڑ دینے سے قضاء و کفارہ دونوں لازم ہوتے ہیں

(سوال ۱۴۱) یہ جو فقہ کی کتابوں میں لکھتے ہیں کہ رمضان شریف میں بلا عذر شرعی قصداً روزہ توڑنے سے قضاء اور کفارہ واجب ہے، آیا قضاء و کفارہ، مجموعاً اکسٹھ روزے رکھے یا کفارہ و قضاء ایک ساتھ صرف ساٹھ روزے رکھنے سے دونوں ادا ہوجاویں گے۔

(جواب) رمضان شریف کا روزہ قصداً توڑنے سے کفارہ اور قضاء دونوں لازم ہوتے ہیں، یعنی ایک روزہ قضاء کا اور ساٹھ روزے کفارہ کے واجب ہیں جیسا کہ درمختار میں ہے وان جامع فی رمضان الخ او اکل و شرب غذاءً او دواءً عمداً الخ قضی و کفر الخ (۱) اور شامی میں ہے وانما قدم القضاء اشعاراً بانه ینبغی ان یقدمه علی الکفارة الخ (۲) فقط۔

### کفارہ یاد ہو مگر قضا روزوں کی تعداد یاد نہ ہو تو کیا کرے

(سوال ۱۴۲) کسی شخص کے ذمہ چند رمضان کے روزوں کا کفارہ ہو کہ تعداد بھی یاد نہ ہو، ایسے ہی نماز کی قضاء یاد نہ ہو کہ کے سال کی ذمہ ہیں تو کیسے ادا کرے قسموں کے کفارے اگر بہت ذمہ ہوں اور تعداد یاد نہ ہو تو کیا کرنا چاہئے، آیا سب کی طرف سے ایک کفارہ کافی ہوگا یا نہیں۔

(جواب) نماز اور روزوں کا اندازہ کر کے قضاء کرے اور کفارہ میں تداخل ہوسکتا ہے، (۳) یعنی ایک کفارہ سے سب کے مواخذہ سے بری ہوجائے گا شامی میں ہے وفی البغیة کفارات الا یمان اذا کثرت تدا خلت ویخرج بالکفارة الواحدة عن عهدة الجمیع الخ۔ (۴)

### جماع میں انزال نہ ہو تو بھی کفارہ ہے

(سوال ۱۴۳) ان رجلاً جامع مع امراته فی نهار رمضان وکان الثوب الغلیظ مطویاً علی ذکره فانخرق الثوب وکان الذکر فی فرج امراته فخرج الذکر من الثوب وصار فی فرجها بلا ثوب وعلم ذلک لهما بعد ساعة فلم یر الا بعد علمهما به فی المجا معة حتی افترقا علیهما الکفارة ام لا۔

(جواب) تجب الکفارة ایضاً فی هذه الصورة کما فی الدرا لمختار وان جامع المکلف ادمیاً مشتهیً فی رمضان اداءً لما مراوجومع و تورات الحشفة فی احد السبیلین انزل او لا قضی و کفر الخ۔ (۴) فقط

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹ ط.س. ج۲ص ۴۰۹، ۱۲ ظفیر. (۲) رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۹ ط.س. ج۲ص ۴۱۱، ۱۲ ظفیر. (۳) رمضان کے روزوں کے کفارہ میں ظاہر الروایۃ کے مطابق صرف جماع کی وجہ سے اور وہ بھی رمضان میں ہو تو تداخل نہیں ہے بقیہ میں تداخل ہے ولو تکرر فطره ولم یکفر للاول یکفیه واحدة ولو فی رمضانین عند محمد وعلیه الا عتماد بزازیة ومجتبی واختار بعضهم للفتویٰ ان الفطر بغیرا الجماع تدا خل والا لا (در مختار) قوله ولم یکفر للاول اما لو کفر فعلیه اخری قوله وعلیه الا عتماد نقله فی البحر عن الا سرار ونقل قبله عن الجوهرة لو جا مع فی رمضانین فعلیه کفار تان وان لم یکفر للاولیٰ فی ظاهر الروایة وهوا لصحیح (رد المحتار باب مایفسد الصوم مطلب فی الکفارة ج ۲ ص ۱۵۱ ط.س. ج۲ص ۴۱۳) ظفیر. (۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ وج ۲ ص ۱۴۹ ط.س. ج۲ص ۴۰۹، ۱۲ ظفیر.

## شدت پیاس میں پانی پی لیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۴۴) ہندہ کو رمضان میں پیچس ہو رہی تھی، سویاں توڑتی تھی، اس کو روزہ میں پیاس شدت کی لگی تو پانی پی لیا۔ ہندہ کو یہ معلوم نہ تھا کہ رمضان کا روزہ توڑنے سے کفارہ ساٹھ روزہ لگاتار رکھنے پڑتے ہیں اب ہندہ ایک روزہ رکھے یا کفارہ واجب ہے اور کفارہ کے روزوں میں ایام حیض ونفاس اور ایام بیماری مستثنیٰ ہیں یا ازسرنو روزہ رکھنا شروع کرے۔فقط۔

(جواب) اگر ہندہ روزہ رکھ سکتی تھی اور مرض ایسا نہ تھا جس میں روزہ نہ رکھ سکے اور اس نے عمداً روزہ یاد ہوتے ہوئے پانی پی لیا اس کے ذمہ قضاء اور کفارہ لازم ہے۔(۱) اور کفارہ افطار کے روزوں میں حیض کا آنا مانع تتابع سے نہیں ہے۔ بعد انقطاع حیض کے فوراً پھر روزہ رکھنا شروع کرے۔ حیض سے پہلے روز بھی شمار میں آجائیں گے اور نفاس مانع تتابع سے ہے، یعنی نفاس کے بعد ازسرنو دو ماہ کے روزے رکھنا ضروری ہے۔ کذا فی الدر المختار۔ (۲) فقط۔

## رمضان کے قضا روزے توڑنے سے کفارہ لازم آتا ہے

(سوال ۱۴۵) زید کے ذمہ رمضان شریف کا روزہ تھا، اس نے شوال میں وہ روزہ رکھ کر توڑ دیا تو قضاء آوے گی یا کفارہ ساٹھ روزوں کا آوے گا۔

(جواب) قضائے رمضان کے روزے کے توڑنے سے کفارہ نہیں آتا (۳)

## مسافر سفر میں انتقال کر گیا تو اس کے روزہ کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۴۶) ایک شخص رمضان شریف میں مسافر ہوا اور روزہ نہیں تھا، وہ انتقال کر گیا، اس کے روزہ کا کیا حکم ہے۔

(جواب) اس کے ذمہ قضاء روزہ کی لازم نہیں ہوئی اور فدیہ یا وصیت بالفدیہ بھی لازم نہیں ہوتی۔ (۴) فقط۔

## لواطت سے کفارہ وقضا دونوں لازم آتے ہیں

(سوال ۱۴۷) زید نے ماہ رمضان المبارک میں کسی لڑکے سے لواطت کی، انزال بھی ہو گیا۔ اب زید پر قضاء رمضان شریف کے روزہ کی آوے گی یا کفارہ بھی آوے گا۔

(جواب) اس صورت میں قضاء وکفارہ دونوں لازم ہیں۔ (۵) فقط۔

---

(۱) وان جامع الخ اواکل او شرب غداء الخ اودواء الخ عمداً الخ قضی فی الصور کلها وکفر (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹ .ط.س. ج۲ص۴۰۹) ظفیر.

(۲) صام شهرین الخ متتابعین قبل المسیس الخ وکذا کل صوم شرط فیه التتابع فان افطر بعذر کسفر و نفاس بخلاف الحیض الخ او بغیره او وطئها الخ ، استانف الصوم (در مختار) قوله بخلاف الحیض فانه لا یقطع کفارة قتلها وافطار ها لا نها لا تجد شهرین خالیین عنه الخ ( رد المحتار باب الکفارة ج ۲ ص ۷۹۹ و ج ۲ ص ۸۰۰ .ط.س. ج۲ص۴۷۶) ظفیر.

(۳) وان جامع الخ فی رمضان اداء لما مر (در مختار) ای من ان الکفارة انما وجبت لهتک حرمة شهر رمضان فلا یجب بافسادقضائه ولا بافساد صوم غیره ( رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ .ط.س. ج۲ص۴۰۹) ظفیر.

(۴) فان ما توا فیه ای فی ذالک العذر فلا تجب علیهم الوصیةبالفدیة لعدم ادراکهم عدة من ایام اخر (در مختار) ای فلم یلزمهم القضاء و وجوب الوصیة فرع الزوم القضاء ( رد المحتارفصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۲۰ .ط.س. ج۲ص۴۲۳) ظفیر

(۵) وان جا مع المکلف ادمیا مشتهی فی رمضان اداء او جو مع وتوارت الخشفةفی احد السبیلین ای القبل اوالد برو هوالصحیح فی الدبرو المختار انه بالا تفاق الخ ( رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ .ط.س. ج۲ص۴۰۹) ظفیر.

### روزہ کی حالت میں کسی بزرگ کا تھوک تبرکاً چاٹ لینے سے قضاء وکفارہ دونوں لازم ہوں گے یا ایک

(سوال ۱۴۸) اگر کوئی شخص روزہ میں کسی بزرگ کا تھوک تبرکاً چاٹ لے تو روزہ ٹوٹ جاوے گا یا نہیں۔ اور اس پر قضا لازم آوے گی یا نہیں۔

(جواب) روزہ ٹوٹ جاوے گا اور قضاء وکفارہ اس پر لازم ہوگا۔ کما فی الشامی ولو بزاق حبیبه او صدیقه وجبت کما ذکرہ الحلوانی لانه لا یعافه الخ رد المحتار جلد ثانی کتاب الصوم (۱) فقط۔

### ایک شخص نے چاند دیکھ کر روزہ رکھا مگر دوسروں نے نہیں مانا اس نے بھی روزہ توڑ دیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۴۹) اگر کسی شخص نے ۲۹ شعبان کو رمضان شریف کا چاند دیکھا اور قول اس کا مانا نہیں گیا لیکن اس نے روزہ رکھ لیا اور پھر توڑ دیا تو اس پر صرف قضاء لازم ہوگی یا کفارہ بھی۔

(جواب) اس صورت میں صرف قضاء اس روزہ کی اس کے ذمہ لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے۔ کما فی الدر المختار ای هلال رمضان او ا لفطر ورد قوله الخ صام فان افطر قضی فقط الخ در مختار۔ (۲)

### سحری نہ کھانے کی وجہ سے متردد رہا کہ روزہ رکھوں یا نہیں، پھر توڑ دیا، کیا حکم ہے

(سوال ۱/۱۵۰) رمضان میں بوجہ آنکھ نہ کھلنے کے سحر نہ کھایا ظہر کے وقت تک ارادہ مشکوک رہا کہ آج روزہ رکھوں یا نہ رکھوں بظہر کے وقت افطار کر دیا تو قضاء لازم ہے یا کفارہ بھی۔

### دوپہر میں نیت کر کے روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲/۱۵۱) اگر بوقت دوپہر نیت کر لی اور پھر افطار کر دیا تو کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱) اس صورت میں صرف قضاء لازم ہے کیونکہ نیت روزہ کی پختہ طور سے اس نے نہیں کی تھی۔ کذا فی الدر المختار۔ (۳)

(۲) اس صورت میں بھی صرف قضاء لازم ہوگی کفارہ لازم نہیں ہے کما صرح فی الدر المختار او اصبح غیر ناو للصوم فاکل عمداً ولو بعد النیة قبل الزوال لشبهة خلاف الشافعی الخ۔ (۴) اور شامی میں ہے کہ یہ مذہب امام ابوحنیفہؒ کا ہے اور مذہب صاحبین کا یہ ہے کہ قبل زوال یعنی قبل نصف نہار شرعی (شامی) اگر نیت روزہ کی کر لی تھی اور پھر افطار کیا تو قضاء اور کفارہ دونوں لازم ہوں گے لیکن صحیح عدم لزوم کفارہ ہے۔ (۵) فقط۔

### تیسویں کو ظہر کے بعد چاند دیکھا گیا تو وہ کیا کرے اور بصورت افطار اس پر قضا ہے یا کفارہ بھی

(سوال ۱۵۲) تیسویں رمضان کو ظہر کے بعد چاند دیکھے تو روزہ توڑنا جائز ہے یا نہیں اگر کوئی شخص روزہ توڑ دے تو اس پر قضا یا کفارہ واجب ہے یا نہیں اور اگر قبل الزوال چاند دیکھے تو کیا حکم ہے۔

---

(۱) رد المحتار کتاب الصوم باب مایفسد الصوم وما لا یفسد ج ۲ ص ۱۴۸ .ط.س. ج۲ص ۴۱۰، ۱۲ ظفیر. (۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۲ و ج ۲ ص ۱۲۳ .ط.س. ج۲ص ۳۸۴، ۱۲ ظفیر. (۳) او اصبح غیر نا و للصوم. فاکل عمداً ولو بعد النیة قبل الزوال شبهة خلاف الشافعی الخ قضی فی الصور کلها فقط (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج۲ ص ۱۴۱ .ط.س. ج۲ص ۴۰۳، ۴۰۶) ظفیر. (۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۱ ص ۱۴۱ .ط.س. ج۲ص ۴۹۳، ۱۲ ظفیر. (۵) قوله لشبهة خلاف الشافعی فان الصوم لا یصح عنده بنیة النهار قوله قبل الزوال هذا عند ابی حنیفة وعندهما کذالک ان کل بعد الزوال وان کان قبل الزوال تجب الکفارة لانه فوت امکان التحصیل فصار کغاصب الغاصب ای لانه قبل الزوال کان یمکنه انشاء النیة وقد فوته بالا کل بخلاف ما بعد الزوال والا ول ظاهر الروایة کما فی البدائع. رد المحتار باب مایفسد الصوم ج۲ ص ۱۴۱ .ط.س. ج۲ص ۴۰۳)

(جواب) وہ چاند اگلی رات کا ہے لہذا روزہ توڑنا درست نہیں ہے اور قضاء ور کفارہ اس پر واجب ہے، بعد الزوال تو باتفاق رائے ائمہ ثلاثہ قضا و کفارہ واجب ہے، اور قبل الزوال چاند دیکھنے میں امام اعظمؒ اور امام محمدؒ قضا و کفارہ واجب فرماتے ہیں اور یہی مختار ہے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک وہ چاند جو...... قبل الزوال دیکھا جاوے گذشتہ شب کا ہے اور افطار کرنا روزہ کا لازم ہے لیکن اوپر معلوم ہوا کہ مختار و مفتی بہ قول امام اعظم اور محمدؒ کا ہے۔ شامی میں بعد نقل اختلاف فرمایا و المختار قولھما(۱) فقط۔

## اخیر دن میں کوئی چاند دیکھے اور روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۵۳) اگر رمضان شریف کی تیسویں تاریخ کو زوال کے بعد کچھ دن رہے کسی نے چاند دیکھا اور یہ خیال کر کے کہ جب چاند ہوگیا تو رمضان نہیں ہے، روزہ توڑ ڈالا تو اس نے صحیح و درست کیا یا اس پر قضاء و کفارہ بھی لازم ہے۔

(جواب، جائے دیگر) صورت مسئولہ میں ایک مجیب نے جواب لکھا تھا جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ چاند لیل مستقبلہ کا ہے، اور روزہ افطار کرنے کو موجب قضا قرار دیا ہے نہ موجب کفارہ، اور صورت مسئولہ کو اس پر قیاس کیا ہے اذا تسحر علی یقین ان الفجر لم یطلع او افطر علی یقین ان الشمس قد غربت الخ پس اس پر حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی فرماتے ہیں:۔

(جواب) (حضرت مفتی صاحب) قول و باللہ التوفیق. ورویۃ بالنہار للیلۃ الا تیۃ مطلقاً الخ ای سواء روی قبل الزوال او بعدہ وقولہ علی المذھب ای الذی ھو قول ابی حنیفۃؒ و محمدؒ الخ وقال ابو یوسف ان کان بعد الزوال فکذالک وان کان قبلہ فھو للیلۃ الماضیۃ الی ان قال والمختار قولھما الخ شامی (۲) ج ۲ ص۔

اس عبارت سے واضح ہوا کہ بعد الزوال اگر تیس تاریخ کے دن کو چاند نظر آیا تو باتفاق ائمہ ثلاثہ وہ شب آئندہ کا ہے شب گذشتہ کا نہیں ہے، پس وہ دن باتفاق رمضان شریف کا دن ہے لہذا دن کو افطار کرنے سے قضاء و کفارہ دونوں باتفاق لازم ہوں گے، کیوں بعد الزوال میں شبہ اختلاف کا بھی نہیں ہے اور یہ جہل اس مضطر کا مسئلہ سے سبب سقوط کفارہ کا نہ ہوگا اور قیاس اس کا مسئلہ اذا تسحر علی یقین ان الفجر لم یطلع او افطر علی یقین ان الشمس قد غربت الخ (۳) پر صحیح نہیں ہے کیونکہ اس مسئلہ میں غروب کا یقین ہے اور یہاں عدم غروب کا یقین ہے فاین ھذا من ذالک۔ فقط

## غروب آفتاب سمجھ کر افطار کر لیا مگر افطار کے بعد سورج نظر آیا تو کیا کرے

(سوال ۱۵۴) ایک روز رمضان شریف میں بہت زور گھٹا تھی، یہ سمجھ کر کہ افطار کا وقت ہوگیا اور سورج غروب ہوگیا، روزہ افطار کر لیا، بعد افطار کے سورج نکل آیا تو کیا حکم ہے۔

---

(۱) رویۃ بالنہار للیلۃ الا تیۃ مطلقا علی المذھب ذکرہ الحدادی (در مختار) ای سواء روی قبل الزوال اور بعدہ وقولہ علی المذھب ای الذی ھو قول ابی حنیفۃ و محمد قال فی البدائع فلا یکون ذالک الیوم من رمضان عند ھما وقال ابو یوسف ان کان بعد الزوال فکذالک وان کان قبلہ فھو للیلۃ الماضیۃ ویکون الیوم من رمضان الخ و المختار قولھما ( رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۳۰ ۔ط.س. ج۲ ص ۳۹۲) ظفیر۔

(۲) دیکھئے رد المحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۳۰ ط.س. ج۲ ص ۳۹۲. ۱۲ ظفیر۔

(۳) دیکھئے. رد المحتار کتاب الصوم باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۳ و ج ۲ ص ۱۴۴ ط.س. ج۲ ص ۴۰۵ اور الجوھرۃ النیرہ کتاب الصوم ج ۱ ص ۱۴۸. ۱۲ ظفیر صدیقی۔

(جواب) اس روزہ کی قضا لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے۔ اور کچھ گناہ بھی نہیں ہوا، مگر اس روزہ کی قضاء ضرور کرنی چاہئے۔(۱) فقط۔

## مباشرت سے جب انزال نہ ہو تو صرف قضا واجب ہے یا کفارہ بھی

(سوال ۱۵۵) ایک شخص نے روزہ کی حالت میں دن کو اپنی بیوی سے مباشرت کی مگر انزال نہیں ہوا۔ اس حالت میں کفارہ واجب ہوا یا کیا۔

(جواب) اگر دخول ہوا قضا و کفارہ لازم ہے، انزال ہو یا نہ ہو۔ کما فی الدر المختار وان جامع الخ او جومع و توارت الحشفة فی احدالسبیلین انزل اولا الخ قضی و کفر الخ (۲) فقط۔

## غیر روزہ دار شوہر نے روزہ دار بیوی سے جماع کیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۵۶) ایک مرد بے روزہ ماہ رمضان میں اپنی بیوی روزہ دار سے اس گمان پر کہ شاید روزہ سے نہیں ہے، صحبت کرتا ہے، بیوی نے سمجھا کہ میرا روزہ مرد کو معلوم ہے اور شاید روزہ میں مباشرت جائز ہوگی۔ تاہم مرد سے دریافت کیا، مرد فوراً علیحدہ ہوگیا۔ اب کفارہ کس کے ذمہ ہے۔

(جواب) اس صورت میں اگر دخول ہوگیا تو کفارہ عورت پر لازم ہے وان جامع الخ او جومع وتوارت الحشفة فی احد السبیلین الخ قضی و کفر الخ (۳) اور اگر ایک دفعہ ساٹھ مسکینوں کو دووقت کھانا نہیں کھلا سکتا تو یہ درست ہے کہ ایک مسکین کو ساٹھ دن تک دونوں وقت کھلاتا رہے یا روزانہ اس کو قیمت نصف صاع گندم کی دیتا رہے یا ساٹھ مسکینوں کو اس طرح قیمت تقسیم کرے کہ ہر ایک مسکین کو ایک فطرہ کی قیمت یعنی نصف صاع گندم پونے دوسیر کی قیمت دیوے۔(۴) فقط۔

## مباشرت فاحشہ سے جس کو انزال ہوجائے اس کا کیا حکم ہے

(سوال ۱۵۷) روزہ رمضان کی حالت میں کسی نے مباشرت فاحشہ کی جس سے انزال ہوگیا۔ بعد ازاں گھنٹہ دو گھنٹہ جماع کیا یا کھانا وغیرہ کھایا، ایسی حالت میں کفارہ اس کے ذمہ ہوگا یا نہیں۔

(جواب) مباشرت فاحشہ کے ساتھ اگر انزال ہوجاوے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے، اس کے بعد کھانا کھانے اور جماع کرنے سے کفارہ لازم نہ آوے گا۔ قال فی الدر المختار او لمس ولو بحائل لایمنع الحرارة واستمنی بکفه او بمباشرة فاحشة فانزل الخ قضیٰ الخ (۵)

## لواطت میں حشفہ اگر غائب ہوجائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۵۸) اگر کسی شخص نے روزہ کی حالت میں لواطت کی اور سر ذکر غائب ہوجائے لیکن انزال نہ ہو تو رمضان

---

(۱) اذا تسحر وهو یظن ان الفجر لم یطلع فاذا هو قد طلع او افطر و هو یری ان الشمس قد غربت فاذا هی لم تغرب الخ علیه القضاء ولا کفارة علیه (هدایه باب ما یوجب القضاء والکفارة ج ۱ ص ۲۰۷. ط.س. ج ۲ ص) ظفیر۔

(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹ ط.س. ج ۲ ص ۴۰۹. ۱۲ ظفیر

(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷. ط.س. ج ۲ ص ۴۰۹. ۱۲ ظفیر۔

(۴) حوالہ گذر چکا ہے ۱۲ ظفیر۔ (۵) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۲. ط.س. ج ۲ ص ۴۰۴. ۱۲۔ اگر صرف مرد کو مباشرت فاحشہ میں انزال ہوا تو صرف اسی کا روزہ فاسد ہوگا، عورت کا نہیں، اور اگر اسے بھی انزال ہوا تو اس کا بھی روزہ فاسد ہوگا۔ اور مرد نے اس طرح فاسد ہونے کے بعد اگر بیوی سے جماع کیا تو اس پر تو کفارہ نہیں ہے۔ لیکن اس کی بیوی بخوشی جماع پر آمادہ ہوئی ہے تو اس پر کفارہ بھی ہوگا بشرطیکہ پہلے اس کا روزہ فاسد نہ ہوا تھا۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر۔

شریف کے روزہ کا کفارہ دینا واجب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) لواطت کرنے میں جب کہ حشفہ غائب ہوگیا اگرچہ منی نہ نکلی یعنی انزال نہ ہوا، قضا اور کفارہ لازم ہے کما فی الدر المختار وان جامع المکلف ادمیاً مشتھیً فی رمضان اداءً لما مر او جومع و توارث الحشفہ فی احد السبیلین انزل او لا الخ قضی فی الصور کلھا و کفر الخ (۱) درمختار۔ فقط۔

## صبح صادق کے وقت دودھ پی لیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۵۹) اگر کوئی شخص صبح صادق کے وقت دودھ پی کر روزہ رکھے اس پر اسی روزہ کی قضا واجب ہے یا اس کے عوض ساٹھ روزہ رکھنا اس پر واجب ہوگا۔

(جواب) اگر رمضان شریف کا روزہ ہے اور صبح صادق کا ہوجانا اس کو معلوم ہے اور پھر دودھ پیا ہے تب تو قضا اور کفارہ دونوں لازم ہے۔ (۲) اور اگر اس کو صبح صادق کا ہونا معلوم نہ تھا اس نے یہ سمجھ کر دودھ پیا اور سحری کھائی کہ ابھی صبح نہیں ہوئی تو صرف قضاء اس پر لازم ہے، کفارہ واجب نہیں ہے (۳) فقط۔

## رمضان کے روزہ میں بخار کی وجہ سے افطار کرنا پڑا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۶۰) اگر کسی کو رمضان شریف کے روزہ میں بخار ہوا اور بوجہ شدت پیاس کے روزہ افطار کرلیا تو قضا واجب ہے یا کفارہ۔

(جواب) قضا لازم ہوگی، کفارہ لازم نہ ہوگا۔ (۴) فقط

## نہ جاننے کی وجہ سے کوئی رمضان کے دن میں بیوی سے جماع کرے یا ہاتھ سے منی نکال لے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۶۱) جو شخص رمضان المبارک میں روزہ سے ہو اور اس کو یہ معلوم نہیں کہ اپنی بیوی سے صحبت کرنے سے کفارہ لازم ہوتا ہے، اس نے صحبت کرلی یا ہاتھ سے منی نکال دی دونوں صورتوں میں کفارہ لازم ہوا یا نہیں، اور بہتر روزہ رکھنا ہے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔

(جواب) پہلی صورت میں کفارہ لازم ہے، (۵) اور دوسری صورت میں یعنی استمناء بالکف میں کفارہ نہیں ہے صرف قضاء اس روزہ کی لازم ہے۔ (۶) اور کفارہ میں اگر غلام آزاد کرنے کی قدرت نہ ہو، کما فی ھذہ البلاد تو دو ماہ کے روزے پے در پے رکھنا چاہئے۔ اطعام ستین مسکیناً سے دو ماہ کے روزے مقدم ہیں اور جب روزوں کی طاقت نہ ہو

(۱) الدر المختار علی ھامش رد المحتار۔ باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹۔ ط.س. ج۲ص۴۰۹۔ ۱۲ ظفیر۔ (۲) اواکل او شرب غذا او دواء الخ عمداً الخ قضی الخ وکفر (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب مایفسد الصوم الخ ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۸ و ج ۲ ص ۱۴۹۔ ط.س. ج۲ص۴۰۹) ظفیر۔ (۳) او شرب نا ئما او تسحر او جامع علی ظن عدم الفجر الخ قضی فی الصور کلھا فقط۔ (در مختار) ای بدون کفارۃ (رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۵ و ج ۲ ص ۱۴۴۔ ط.س. ج۲ص۴۰۹) ظفیر۔ (۴) وبقی الا کراہ و خوف ھلاک او نقصان عقل و لو بعطش او جوع شدید الخ القطر یو م العذر الخ و قضوا لزوما ما قدر وابلا فدیۃ الخ (الدر المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحۃ ج ۱ ص ۱۵۸۔ ط.س. ج۲ص۴۲۱) ظفیر۔ (۵) وان جامع المکلف ادمیا مشتھی فی رمضان اداء او جو مع وتوارث الحشفۃ فی احد السبیلین انزل او لا الخ قضی فی الصور کلھا و کفر (الدر المختار علی ھامش رد المحتار با ب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹۔ ط.س. ج۲ص۴۸۹ ظفیر۔ (۶) وکذا الا ستمناء بالکف (در مختار) ای فی کونہ لا یفسد لکن ھذا اذا لم ینزل اما اذا نزل فعلیہ القضاء (رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۶۔ ط.س. ج۲ص۳۹۹) او استمنی بکفہ الخ فانزل قضی فی الصور کلھا فقط ایضاً ج ۲ ص ۱۴۲) ظفیر۔

تو اس وقت ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانے کی یا ہر ایک کو بقدر فطرہ کے غلہ یا اس کی قیمت دینے کی اجازت ہے۔ (١) فقط۔

## پیاس کی شدت یا سفر کی وجہ سے روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے

(سوال ١٦٢) روزہ دار تشنگی شدید سے روزہ توڑ دیوے یا سفر میں روزہ توڑ دیوے اس کے لئے کیا تعزیر ہے۔

(جواب) پیاس اگر ایسی شدید ہے کہ اس میں مر جانے کا اندیشہ ہے یا عقل جاتے رہنے کا خوف ہے تو اس حالت میں افطار کرنا جائز ہے اور بعد میں اس روزہ کی قضاء لازم ہے اور اسی طرح سفر میں بروز سفر روزہ توڑنا نہ چاہئے لیکن اگر توڑ دیا قضاء لازم ہے کفارہ نہیں (٢) کذا فی الدر المختار فقط۔

## ہلاک ہونے کا اندیشہ تھا افطار کر لیا تو اب کیا کرے

(سوال ١٦٣) زید کو ہلاک ہونے کا اندیشہ تھا اس لئے اس نے روزہ افطار کر لیا تو اب کفارہ واجب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں کفارہ واجب نہ ہوگا۔ (٣) فقط۔

## سفر میں روزہ توڑنا پڑا تو اس پر کیا واجب ہے

(سوال ١٦٤) زید و بکر گیارہ بجے شب کو سفر کو روانہ ہوئے جس کی مسافت اسی میل سے زائد تھی اور نیت روزہ کی کر لی تھی منزل پر پہنچ کر بوجہ تشنگی و شدت گرمی بدحواس ہو گئے اس لئے مجبوراً تین بجے دن کو روزہ افطار کر لیا۔ ایسی صورت میں قضا لازم آئے گی یا کفارہ۔

(جواب) اس صورت میں صرف قضا لازم آوے گی نہ کفارہ۔ در مختار میں ہے وبقی الا کراہ و خوف ھلاک اونقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید او لسعة حیة الخ۔ (٤) فقط

## روزہ کی حالت میں جان بوجھ کر کسی نے کچا گوشت یا چاول کھا لیا تو کیا حکم ہے

(سوال ١٦٥) ایک شخص نے روزہ کی حالت عمداً لحم خام یا چاول کھائے اس شخص پر قضاء واجب ہے یا کفارہ۔

(جواب) عمداً کچا گوشت یا چاول کھانے سے قضاء و کفارہ لازم ہے، ولکن یشکل علی ذلک وجوب الکفارة باکل اللحم النیی ولو من میتة الا اذا امتن ودوّد فانی لم ارمن ذکر فیہ خلافاً مع انہ اشدعیافة من اللقمة المخرجہ۔ (٥) الخ رد المحتار ثم اجاب عن الاشکال۔

## رمضان کے دن میں بیوی سے صحبت کرنا کیسا ہے، اور رات میں کب تک اجازت ہے

(سوال ١٦٦) رمضان میں خاوند اپنی بیوی کے پاس دن میں اگر جاوے تو کس قدر گناہ اور کیا کفارہ ہے۔ اور رات کے وقت وہ کب سے کب تک اپنی بیوی کے پاس جا سکتا ہے اور کس وقت اس کو پاک صاف ہو جانا چاہئے۔

(جواب) دن میں اپنی بیوی سے صحبت کرنا گناہ کبیرہ ہے اور اس میں کفارہ مع قضاء کے واجب ہے اور کفارہ یہ ہے

---

(١) وکفر الخ ککفارة المظاھر (در مختار) ای مثلھا فی الترتیب فیعتق او لافان لم یجد صام شھرین متتا بعین فان لم یستطع اطعم ستین مسکینا الخ (رد المحتار باب ما یفسد الصوم مطلب فی الکفارة ج ٢ ص ١٥٠. ط.س. ج٢ ص ٤١٢) ظفیر۔
(٢) وبقی الا کراہ وخوف ھلاک او نقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید او لسعة حیة الخ الفطر الخ وقضوا لزوما ما قدر وابلا فدیة (الد المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ٢ ص ١٥٨. ط.س. ج٢ ص ٤٢١) ظفیر۔ (٣) وبقی الا کراہ وخوف ھلاک الخ الفطر الخ (ایضاً). ط.س. ج٢ ص ٤٢١. (٤) الدر المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبحیة لعدم الصوم ج ٢ ص ١٥٨. ط.س. ج٢ ص ٤٢١) ظفیر۔ (٥) رد المحتار کتاب الصوم باب ما یفسد الصوم وما لا یفسد۔ ج ٢ ص ١٤٨. ط.س. ج٢ ص ٤١٠. ظفیر۔

کہ غلام آزاد کرے، وہ نہ ہو سکے تو ساٹھ روزے متواتر رکھے، وہ نہ ہو سکے تو ساٹھ مساکین کو دونوں وقت کھانا کھلاوے۔(۱) اور رات میں بعد غروب آفتاب کے صبح صادق سے پہلے پہلے صحبت کرنا درست ہے (۲) اور غسل بعد صبح کے بھی کر سکتا ہے۔(۳) فقط۔

## سویرے آنکھ کھلی سحری نہیں کھائی اور نہ روزہ کی نیت کی تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۶۷) آج صبح ۴ بج کر ۱۳ منٹ پر سحری کھانے کے لئے آنکھ کھلی، پلی بالکل پھٹ گئی تھی، چاندنا خوب ظاہر ہو رہا تھا، ایک شخص نے بدانست روزہ نہیں رکھا اور نیت روزہ نہیں کی آیا اس کو روزہ رکھنا واجب تھا یا نہیں۔ اس روزے کی بجائے اس کو ایک ہی روزہ رکھنا پڑے گا یا زیادہ۔ ایک عورت جس نے وقت مذکورہ میں سحری کھائی اس کا روزہ ہوا یا نہیں اس کو ایک روزہ رکھنا ہوگا یا نہیں ایک شخص جس کی نیت روزہ شام سے کافی نہ تھی اس بناء پر روزہ نہیں رکھا کہ اس کو پندرہ میل کا سفر پیدل چلنا ہے روزہ نہیں رکھا جاوے گا اس صورت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(جواب) اس صورت میں جب کہ اول ہی نیت روزہ کی نہیں کی گئی تھی اور روزہ بھی اس دن نہ رکھا صرف قضا یعنی ایک روزہ اس کے عوض اس کے ذمہ لازم ہے کفارہ لازم نہیں ہے، البتہ روزہ اس کو رکھنا ضروری اور فرض تھا لیکن جب کہ نہیں رکھا اور نیت نہیں کی تو قضاءً صرف ایک روزہ اس کے ذمہ لازم ہوا۔ اور وہ عورت جس نے وقت مذکورہ پر سحری کھائی چونکہ اس وقت صبح صادق خوب ہوگئی تھی اس لئے وہ روزہ اس کا نہیں ہوا قضاء اس روزہ کی اس کے ذمہ لازم ہے اور کفارہ ساقط ہے اور پندرہ میل کا سفر اگرچہ افطار روزہ کو مباح نہیں کرتا لیکن جب کہ نیت روزہ کی نہ کی گئی تھی، تو صرف قضا اس کی لازم ہے کفارہ واجب نہیں۔(۴) فقط

## کفارہ صوم گندم کتنا دیا جائے

(سوال ۱/۱۶۸) کفارہ صوم میں پکے ہوئے گندم دیئے جائیں تو کس قدر۔

## روٹیاں دی جاسکتی ہیں یا نہیں

(سوال ۲ ۱۶۹) روٹیاں بغیر سالن دی جا سکتی ہیں یا نہیں۔

(جواب) (۱) پکا ہوا کھانا کھلانا بھی جائز ہے۔ دو وقت پیٹ بھر کر کھلایا جاوے۔(۵)

(۲) اگر بے سالن کے وہ لوگ پیٹ بھر لیں تو یہ بھی درست ہے۔(۶) فقط۔

..........

(۱) وان جامع المكلف ادميا مشتهى فى رمضان اى نهار او جو مع و توارت الحشفة فى احدا السبيلين الخ قضى الخ وكفر الخ ككفارة المظاهر (در مختار) اى مثلها فى الترتيب ويعتق اولا فان لم . يجد صام شهرين متتابعين فان لم يستطع اطعم ستين مسكينا الخ (رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷ و ج ۲ ص ۱۴۹ .ط.س.ج۲ص۴۰۹) ظفير.
(۲) واحل لكم ليلة الصيام الرفث الى نسائكم هن لباس لكم وانتم لباس لهن (الى قوله تعالى) حتى يتبين لكم الخطى الا بيض من الخيط الا سود من الفجر (بقره ۲۳۰) ظفير. (۳) او صبح جنبا الخ لم يفطر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۱ ص ۱۳۸ .ط.س.ج۲ص۴۰۰) ظفير. (۴) او ا صبح غير ناو للصوم فاكل عمدا الخ او تسحرا وا فطر يظن اليوم الخ ليلا والحال ان الفجر طالع الخ قضى فى الصور كلها فقط (در مختار) اى بدون كفارة (رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۱ و ج ۲ ص ۴۴ .ط.س.ج۲ص۴۰۳، ۴۰۵) ظفير. (۵) فان عجز عن الصوم لمرض الخ اطعم ستين مسكينا ولو حكما الخ كالفطرة قدر او مصرفا او قيمة ذالک من غير المنصوص الخ وان ارادو الا باحة فغداهم وعشاهم الخ او اطعم غدائين او عشا ئين الخ واشبعهم جاز بشرط ادام فى خبز شعير وذرة لا بر (الدر المختار على هامش رد المحتار باب الكفارة ج ۲ ص ۸۰۱ و ج ۲ ص ۸۰۳ .ط.س.ج۲ص۴۷۶) (۶) وفى التتار خانية والمستحب ان يغديهم ويعشيهم بخبز معه ادام (رد المحتار باب الكفارة ج ۲ ص ۸۰۳ .ط.س.ج۲ص۴۷۶) ظفير.

## سفر میں شدت لو کی وجہ سے روزہ توڑ دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۷۰) اگر کسی شخص کو ماہ رمضان میں ایسا سفر پیش آوے جس سے وہ شرعاً مسافر نہیں ہو سکتا، اس وجہ سے وہ روزہ کی حالت میں سفر کرے اور دوپہر میں سخت دھوپ اور لو کی وجہ سے بے برداشت ہو کر روزہ توڑ دے تو اس کو قضاء کرنا چاہئے یا کفارہ لازم ہوگا۔

(جواب) اس صورت میں اس شخص پر کفارہ لازم نہ ہوگا صرف قضاء لازم ہوگی۔(۱) فقط۔

## سحری بعد بیوی سے ہم بستر ہوا پھر معلوم ہوا کہ صبح صادق ہو چکی تھی تو کیا کرے

(سوال ۱۷۱) ایک شخص نے رمضان میں بعد فارغ ہونے کھانے سحری کے ایسے وقت اپنی بیوی سے صحبت کی کہ جو اس کو علم ہو گیا تھا کہ صبح صادق ہو گئی تھی اور پھر اس نے روزہ بھی رکھ لیا ہے اور وہ اس کو بہتر سمجھتا ہے اس صورت میں قضا آوے گی یا کفارہ ہے۔

(جواب) اس صورت میں اگر بعد میں ظاہر ہوا کہ واقعی صبح صادق ہو گئی تھی تو قضاء اس روزہ کی اس شخص کے ذمہ لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہوا، قال فی الدر المختار او تسحر وافطر یظن الیوم الخ لیلاً الخ قال فی الشامی وقوله لیلاً لیس بقید لانه لو ظن الطلوع واکل مع ذلک ثم تبین صحة ظنه فعلیه القضاء و لا کفارة الخ (۲) لیکن یہ فعل اس کا جائز نہ تھا کہ باوجود علم صبح صادق ہو جانے کے ایسا کیا، اور اس کو اچھا سمجھنا خطاء اور جہل کی بات ہے اور معصیت ہے، اس سے توبہ کرے اور آئندہ ایسا نہ کرے ولیس له ان یاکل لان غلبة الظن کالیقین۔(۳) شامی۔ فقط۔

## جس پر کفارہ لازم ہے اس کی قیمت ادا کرنا کیسا ہے

(سوال ۱۷۲) زید کے ذمہ روزہ رمضان کا کفارہ ہے لیکن نہ وہ ساٹھ روزے پے در پے رکھ سکتا ہے اور نہ ساٹھ مساکین کو دو وقت کھانا کھلا سکتا ہے، آیا اس صورت میں قیمت ادا کر سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر ساٹھ مسکینوں کو نقد دے دیوے اس طرح کہ ہر ایک مسکین کو قیمت نصف صاع گندم یا ایک صاع جو کی دیوے تو کفارہ ادا ہو جاوے گا۔ کما فی الدر المختار فان عجز عن الصوم الخ اطعم ستین مسکینا کالفطرة قدراً او مصرفاً او قیمة ذلک الخ (۴) فقط۔

## آتش زدگی کی وجہ سے روزہ توڑنا پڑا اس کے لئے کیا حکم ہے

(سوال ۱۷۳) گاؤں میں رمضان المبارک میں سخت آگ لگی بعض مرد اور عورتوں نے روزے توڑ دیئے ان پر صرف قضاء لازم ہے یا کفارہ بھی۔

(جواب) اگر اس آتش زدگی میں شدت بھوک و پیاس یا خوف جان کی وجہ سے روزہ توڑا تو ان پر صرف قضاء لازم ہوگی

---

(۱) ویبقی الا کراه وخوف هلاک او نقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید الخ الفطر (الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۸. ط.س. ج ۲ ص ۴۲۱) ظفیر.

(۲) دیکھئے رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۳. ط.س. ج ۲ ص ۴۰۵، ۴۱۲ ظفیر.

(۳) رد المحتار باب ایضاً ج ۱ ص ۱۴۳. ط.س. ج ۲ ص ۴۰۵، ۴۱۲ ظفیر.

(۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸. ط.س. ج ۲ ص ۴۲۰) ظفیر.

کفارہ واجب نہ ہوگا۔ کذا فی المختار۔(۱) فقط۔

## بے خبری میں فجر کی اذان کے بعد سحری کھائی تو اب کیا کرے

**(سوال ۱۷۴۴)** ہندہ نے رمضان شریف میں فجر کی اذان ہونے کے بعد سحری کھالی اور ہندہ کو مطلق خبر نہ تھی کیا حکم ہے۔

**(جواب)** اس روزہ کی قضاء کرلینی چاہیے کیونکہ وہ روزہ نہیں ہوا صرف قضاء اس روزہ کی واجب ہے کفارہ لازم نہیں ہے۔(۲) فقط۔

(۱) وبقی الاکراہ و خوف وھلاک او نقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید او لسعة حیة الخ الفطر وقضوا الزوما (الدر المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸ ط.س. ج۲ ص ۴۲۱) ظفیر.

(۲) اذا تسحر وھو یظن ان الفجر لم یطلع فاذا ھو قد طلع الخ علیه القضاء الخ ولا کفارة علیه لان الجنایة قاصرة لعدم القصد (ھدایه باب ما یوجب القضاء ج ۱ ص ۲۰۷ ط.س. ج۲ ص) ظفیر.

## ساتواں باب

# روزے کا کفارہ

### روزے کے کفارہ میں کیا بہتر ہے

(سوال ۱۷۵) درکفارہ صوم عتق رقبہ یا اطعام شصت مساکین یا دو ماہ پیاپے روزہ داشتن است ازیں ہر سہ حکم برتر ومحکم تر دو ماہ پیاپے روزہ داشتن امر افضل است، اگر چہ توانائی عتق رقبہ داشتہ باشد یا قوت اطعام شصت مساکین داشتہ باشد۔

(جواب) ایں ہر سہ امور در کفارہ ترتیب دارد واجب اند۔ اول تحریر رقبہ اگر آن ممکن نباشد روزہ دو ماہ متواتر واجب است اگر آن ہم متعسر باشد اطعام ستین مسکین لازم است، پس حاصلش آنکہ باوجود قدرت اعتاق صیام جائز نیست وباوجود طاقت صیام اطعام جائز نیست، کما ہو منصوص فی النص (۱) فقط۔

### کفارہ میں اگر کسی طالب علم کو دو ماہ کا کھانا کھلا دے تو ادا ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۷۶) کسی طالب علم کا کھانا دو ماہ کے لئے روزے کے کفارہ میں مقرر کرنا یعنی ساٹھ وقت کا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) روزے کے کفارہ میں ساٹھ دن ایک طالب علم کو دونوں وقت بٹھا کر پیٹ بھر کر کھانا کھلا دینا درست ہے اور اس سے کفارہ ادا ہو جاتا ہے مگر بیٹھا کر کھلانا چاہئے کیونکہ دینے میں ہر روز پوری مقدار نصف صاع گندم یا اس کی قیمت دینے کی ضرورت ہے۔(۲) فقط۔

### کفارہ صوم کی رقم مدرسہ کے ٹاٹ یا تعمیر مسجد میں لگانا کیسا ہے

(سوال ۱۷۷) اگر دو روزے رمضان شریف کے قصداً قضا ہو جاویں تو ان کا کفارہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ اگر اس کھانے کی قیمت سے مدرسہ میں ٹاٹ خرید کر دیدیوے یعنی فرش طلباء کے لئے انتظام کردے تو جائز ہے یا نہیں۔ اور تعمیر مسجد میں صرف کرنے کا کیا حکم ہے۔

(جواب) ایک روزہ رمضان کا قصداً توڑنے میں ساٹھ روزے پے درپے رکھنے کا حکم ہے، علاوہ ایک روزہ قضاء کے۔ پس دو روزوں کا کفارہ ۱۲۰ دن کے روزے ہیں۔ اور اگر اس قدر روزوں کی طاقت نہ ہو تو پھر ایک روزہ کے عوض ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا یا ہر ایک مسکین کو نصف صاع گندم یعنی پونے دو سیر گندم یا اس کی قیمت دینا

---

(۱) وکفر الخ ککفارة المظاهر الثابتة با لکتاب واما هذه فبالسنة ومن ثم شبهوها (در مختار) قوله کفارة المظاهر مر تبط بقوله وکفرای مثلها فی الترتیب فیعتق اولا ، فان لم یجد صام شهرین متتا بعین فان لم یستطع اطعم ستین مسکینا لحدیث الا عرابی المعروف فی الکتب الستة الخ ولا فرق فی وجوب الکفارة بین الذکر والا نثی والحر والعبدو السلطان وغیره الخ فی التشبیه اشارة الی انه لا یلزم کو نها مثلها من کل وجه فان المسیس فی اثنا ئها یقطع فی کفارة الظهار مطلقا عمدا او نسیا نالیلا او نهارا للآ یة بخلاف کفارة الصوم والقتل فانه لا یقطعه فیهما الا الفطر بعذر او بغیر عذر الخ والحاصل انه لا یقطع التتابع هنا الوطی لیلا عمداً او نهارا نا سیا بخلاف کفارة الظهار ( رد المحتار کتاب الصوم باب ما یفسد الصوم الخ مطلب فی الکفارة ج ۲ ص ۱۵۰ .ط.س. ج۲ص ۴۱۲) ظفیر.

(۲) فان عجز عن الصوم الخ اطعم ای ملک ستین مسکینا الخ وان غداهم وعشا ه الخ جاز الخ کفا جاز لوا طعم واحد استین یوما (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب الکفارة ج ۲ ص ۸۰۱ و ج ۲ ص ۸۰۳.ط.س. ج۲ص۴۷۶) ظفیر.

ضروری ہے۔ مدرسہ کا ثاث وغیرہ خریدنا یا مرمت وتعمیر مدرسہ یا مسجد کرنا اس سے درست نہیں ہے۔ (۱) فقط۔

## ایک روزے کے کفارہ میں ساٹھ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاوے

(سوال ۱۷۸) زید نے ماہ رمضان روزہ کی حالت میں ایک عورت سے زنا کیا۔ اب وہ توبہ کرتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ متواتر ایک سال کے روزہ کفارہ کے مجھ میں رکھنے کی طاقت نہیں، ہر مہینہ میں دو چار روزے رکھ لیا کروں یہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) رمضان شریف کے ایک روزے کے توڑنے کے کفارہ میں دو مہینہ کے روزے متواتر رکھنے کا حکم ہے، پس اس کو چاہئے کہ ساٹھ روزے پے در پے رکھے درمیان میں روزہ توڑنے سے کفارہ ادا نہیں ہوسکتا اور جس میں روزوں کی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا چاہئے۔ (۲) فقط۔

## روزہ کا کفارہ توبہ سے معاف ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۷۹) زید نے کہ جس کو کفارہ کا علم نہ تھا اپنی عورت سے روزہ کی حالت میں ہم بستری کی تو ان پر جو کفارہ واجب ہوا ہے وہ اس کو کسی طرح ادا نہیں کرسکتے، اس صورت میں ان کی توبہ قبول ہوگی یا نہیں۔

(جواب) ادائے قضاء وکفارہ اس صورت میں ضروری ہے، توبہ بھی جبھی قبول ہوگی۔ اگر دو مہینے کے روزوں کی پے در پے طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلادیویں فان لم یستطع فاطعام ستین مسکینا. الآیة۔ (۳) فقط

## فدیہ صوم میں ایک ماہ ایک فقیر کو کھانا دیا جائے اور بقیہ ایام کا ایک دفعہ دے دیا جائے تو یہ جائز ہے یا نہیں

(سوال ۱۸۰) فدیہ صوم میں اگر ایک ماہ یا کم وبیش، ایک مسکین کو کھانا دیا جائے اور بقایا ایک ماہ یا کم وبیش کی قیمت اسی کو ایک دفعہ ایک دن دے دی جائے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) کفارہ میں تو ایک محتاج کو ایک دن میں زیادہ دینے سے ایک دن کا فدیہ ادا ہوتا ہے، مثلاً قسم کے کفارہ میں دس مسکینوں، یا روزہ کے کفارہ میں ساٹھ مسکینوں کو کھانا دینے کا حکم ہے، تو ان میں اگر ایک فقیر کو ایک دن میں زیادہ مقدار دے گا تو ایک دن کا ادا ہوگا زیادہ محسوب نہ ہوگا۔ اور شیخ فانی جس کو رمضان کے روزوں کا فدیہ دینا درست ہے، اس میں اگر ایک محتاج کو کئی روزوں کا فدیہ دیدیوے تو ادا ہوجاتا ہے جیسا کہ درمختار میں ہے وبلا تعدد فقیر۔ شامی میں ہے۔

**قوله وبلا تعدد فقیر الخ ای بخلاف کفارة الیمین للنص فیها علی التعدد الخ۔**

---

(۱) وان جامع المکلف الخ او اکل او شرب غذاء او دواء الخ عمداً الخ قضی الخ وکفر الخ کفارة الظاهر (در مختار) ای کفر مثلها فی الترتیب ویعتق اولا فان لم یجد صام شهرین متتابعین فان لم یستطع اطعم ستین مسکینا (رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۹ و ج ۲ ص ۱۵۰ ط.س. ج۲ ص۴۰۹) مصرف الزکوة الخ وهو ایضا لصدقة الفطر والکفارة و النذر وغیر ذالک من الصدقات الواجبة الخ ویشترط ان یکون الصرف تملیکا (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹ و ج ۲ ص ۸۵ ط.س. ج۲ ص۳۳۹) ظفیر۔

(۲) وان جامع المکلف او میا مشتهی فی رمضان اداء او جومع وتوارت الحشفة فی احد السبیلین انزل اولا الخ عمدا الخ قضی الخ وکفر اللکفارة المظاهر (در مختار) مرتبط بقوله وکفرای مثلها فی الترتیب فیعتق اولا، فان لم یجد صام شهرین متتابعین فان لم یستطع اطعم ستین مسکینا (رد المحتار باب مایفسد ج ۲ ص ۱۴۹ و ج ۲ ص ۱۵۰ ط.س. ج۲ ص۴۰۹) ظفیر

(۳) سورة المجادله رکوع ۱ ... وان جامع المکلف ادمیا مشتهی فی رمضان اداء اوجومع و توارت الحشفة الخ عمدا الخ قضی الخ او کفر الخ الکفارة المظاهر الثابتة بالکتاب (در مختار) فیعتق اولاً فان لم یجد صام شهرین متتابعین فان لم یستطع اطعم ستین مسکینا (رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۹ و ج ۲ ص ۱۵۰ ط.س ج۲ ص۴۰۹) ظفیر۔

چونکہ آپ نے تصریح نہیں فرمائی کہ آپ کی مراد کفارہ صوم کا ہے جو کہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا دیا جاتا ہے، یا جو شخص عاجز روزے رمضان کے رکھنے سے ہے وہ جو فدیہ ادا کرتا ہے وہ مراد ہے، اول اور ثانی کے حکم میں فرق ہے، کفارہ میں ساٹھ مسکینوں کو کھانا یا اناج، یا نقد دیوے یا ایک مسکین کو ساٹھ دن دیوے، یہ ضروری ہے۔ ایک مسکین کو ایک دن میں زیادہ دے گا تو ایک دن کا ہی ادا ہوگا۔ الحاصل کفارہ میں تعدد فقراء کا یا تعدد ایام کا ضروری ہے اور فدیہ میں تعداد فقراء ایام کی ضرورت نہیں ہے۔

## افطار کی خبر میں کتاب القاضی الی القاضی کے شرائط کیا ہیں

(سوال ۱۸۱) خبر افطار ماہ رمضان میں آیا کتاب القاضی الی القاضی کے شرائط ملحوظ ہیں یا نہیں۔ اگر ملحوظ ہیں تو کون سی جزئی ہے اور خبر تار کی معتبر ہے یا نہیں۔

(جواب) قال فی الدر المختار واختلاف المطالع الخ غير معتبر الخ فيلزم اهل المشرق بروية اهل المغرب اذا ثبت عندهم روية اولئک بطريق موجب الخ وقال صاحب رد المحتار فی شرح قوله بطريق موجب كان يتحمل اثنان الشهادة اويشهد اعلى حكم القاضی او يستفيض الخبر (۲) الخ فظهر انه لا حاجة الى كتاب القاضی الى القاضی فی اخبار الصوم والا فطار لا نه ليس بطريق متعين للايجاب۔

خبر تار صوم وافطار میں شرعاً معتبر نہیں ہے۔ لیکن اگر قرائن دیگر بھی موجود ہوں تو مفید عمل ہو سکتے ہیں۔

## کفارہ صوم میں بچے شریک ہو جائیں تو کیا حکم ہے۔

(سوال ۱۸۲/۱) کفارہ صوم میں اگر آٹھ دس برس کے بچے بھی کھانا کھانے میں شریک ہو جائیں تو کفارہ ادا ہوگا یا نہیں۔

## دو دن کر کے کھلائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۸۳/۲) اگر پندرہ کو ایک روز اور باقی کو دوسرے روز کھلایا جاوے تو جائز ہے یا نہیں۔

## مہتمم مدرسہ کی وکالت

(سوال ۱۸۴/۳) مدرسہ کا مہتمم کفارہ کا کھانا کھلانے کا وکیل ہو کر طلباء کو خوراک میں روپیہ کو صرف کرتا ہے جو کفارہ ادا کرنے کی نیت سے رکھے ہیں۔ وہ کپڑا خرید کر دے سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) (۱) آٹھ دس برس کے بچوں کو جو کہ قریب البلوغ نہ ہوں کھانا کھلانے سے کفارہ ادا نہیں ہوتا البتہ اگر ان کو مقدار کفارہ تملیکاً دے دے، مثلاً نصف صاع گندم یا اس کی قیمت ہر ایک بچہ کی ملک کر دی جاوے تو درست ہے کذا فی الدر المختار اور در شامی قال فی الدر المختار ، ولا يجزی غير المراهق بدايع . (۳)

(۱) رد المحتار ج ۲ ص ۱۶۳ کتاب الصوم فصل فی العوارض. ط.س. ج۲ص ۳۹۳. ۱۲ ظفیر.
(۲) رد المحتار مطلب فی اختلاف المطالع ج ۲ ص ۱۳۱ و ج ۲ ص ۱۳۲ کتاب الصوم. ط.س. ج۲ص ۳۹۳. ۱۲
(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب الكفارة ج ۲ ص ۸۰۲ فالشرط فی طعام الا باحة كلتان مشبعتان لكل مسكين ولو كان فيهم شبعان قبل الا كل او صبی غير مراهق لم يجز ۱۲ رد المحتار ج ۲ ص ۸۰۳ ط.س. ج۲ص ۴۷۶. ۱۲ ظفير.

(۲) درست ہے۔(۱)

(۳) اس طرح کرسکتا ہے کہ کفارہ کے پورے روپے کا کپڑا خرید کرمحتاج طلبہ کی ملک کردے یہ درست ہے ہے۔(۲) فقط۔

## روزہ کا کفارہ ادا کررہا تھا ایک روزہ نہ ہوا تو کیا کرے

(سوال ۱۸۵) ایک شخص کفارہ کے روزے ادا کرتا ہے اگر اتفاق سے فجر کی اذان کے وقت سحری کھالیوے تو روزہ درست ہوگا یا نہیں، دس روزے رکھ چکا ہے اگر روزہ نہیں ہوا تو از سر نو روزے رکھے یا نہیں۔

(جواب) اعتبار صبح صادق کا ہے اذان کا نہیں ہے، پس اگر صبح صادق ہوجانے کے بعد اس نے سحری کھائی ہے تو وہ روزہ نہ ہوگا اور جب کہ وہ روزہ نہ ہوا تو تتابع جو کہ شہرین متتابعین سے ثابت ہے فوت ہوگیا لہذا اس کو از سر نو روزہ رکھنا چاہئے۔

(۲) اور اس صورت میں جب کہ روزہ سے عاجز نہیں ہے اطعام درست نہیں ہے فان عجز من الصوم لمرض لا یرجی جبرء ہ او کبیر اطعم ستین مسکینا ً در مختار (۳) فقط۔

## کفارہ صوم میں تداخل درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۸۶) کفارہ صوم میں تداخل جائز ہے یا نہیں، یعنی اگر زید کے اٹھارہ روزے رمضان بلا عذر عمداً قضا ہوئے تو آیا ہر ایک روزہ کا جدا جدا کفارہ دینا ہوگا یا ایک کفارہ سب کے لئے کافی ہوگا۔

(جواب) ظاہر الروایۃ یہ ہے کہ ہر ایک روزہ کا کفارہ علیحدہ علیحدہ لازم ہے اور امام محمد رحمۃ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ ایک کفارہ کافی ہے اور اس کی بھی تصحیح کی گئی ہے، لیکن ظاہر الروایۃ کو ترجیح ہے، درمختار میں ہے ولو تکرر فطرہ ولم یکفر للاول یکفیہ واحدۃ ولو فی رمضانین عند محمد رحمۃ اللہ وعلیہ الا عتماد (۴) الخ اور شامی میں ہے قولہ وعلیہ الا عتماد ونقلہ فی البحر عن الا سرار ونقل قبلہ عن الجوھرہ لو جامع فی رمضا نین فعلیہ کفارتان وان لم یکفر للاولی فی ظاھر الروایۃ وھو الصحیح اہ قلت فقد اختلف الترجیح کما تری ویتقوی الثانی بانہ ظاھر الروایۃ ۔(۱)

## روزہ کا کفارہ مسجد مدرسہ کو دے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۸۷) ایک شخص کے ذمہ روزہ کا کفارہ ہے اگر وہ ساٹھ مسکینوں کے کھانے کا خرچ کسی مسجد یا مدرسہ میں دیدیوے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) مسجد اور مدرسہ میں دینا درست نہیں ہے، اس سے کفارہ ادا نہ ہوگا۔(۷) البتہ مدرسہ میں اگر طلبہ کے

---

(۱) ولو اطعم مسکینا واحد استین یوم کل یوم اکلتین مشبعتین جاز (عالمگیری کشوری ج ۲ص ۵۳۲ ط. ماجدیہ ج ۱ ص ۵۱۴) ظفیر.

(۲) کالفطرۃ قدر او مصرفا او قیمۃ ذالک من غیر المنصوص (در مختار والحاصل ان دفع القیمۃ انما یجوز لو دفع غیر المنصوص (رد المحتار ج ۲ ص ۸۰۲ ط.س. ج۲ص۴۷۸) ظفیر.

(۳) صام شهرین الخ متتابعین قبل المسیس الخ وکذا کل صوم شرط فیہ التتابع فان افطر بعذر الخ او بغیرہ الخ استانف الصوم (الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب الکفارۃ ج ۲ ص ۷۹۹ و ج ۲ ص ۸۰۰ ط.س. ج۲ص۴۷۶.

(۴) الدر المختار علی ھامش رد المحتار ، باب الکفارۃ ج ۲ ص ۸۰۱ ط.س. ج۲ص۴۷۶. ۱۲ ظفیر.

(۵) الدر المختار علی ھامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم مطلب فی الکفارۃ ج ۲ ص ۱۵۱ ط.س. ج۲ص۴۱۳. ۱۲ ظفیر.(۲) رد المحتار باب مایفسد الصوم مطلب فی الکفارۃ ج ۲ ص ۱۵۱ ط.س. ج۲ص۴۱۳. ۱۲ ظفیر.

(۷) مصرف الزکوۃ والعشر (در مختار) وھو مصرف ایضا ً لصدقۃ الفطر والکفارۃ والنذر وغیر ذالک من الصدقات الواجبۃ (رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۷۹. ط.س. ج۲ص۳۳۹) ظفیر.

کھلانے میں لگادیوے تو درست ہے بشرطیکہ ساٹھ طلبہ کو دونوں وقت کھلا دے، یا بقدر فطرہ ہر ایک کو نصف صاع گندم یا اس کی قیمت دیوے۔ فقط۔

## کفارہ کی معافی کی کوئی صورت بتائی جائے

(سوال ۱۸۸) ایک شخص نے رمضان شریف کے دو روزے ضائع کر دیئے، اس نے بحکم مولوی محمد حسن صاحب روزے رکھنے شروع کر دیئے اور تیس روزے رکھ لئے، مگر وہ بڑھئی کا کام کرتا ہے، اگر کوئی صورت سہولت کی ہو تو تحریر فرمائیے۔

(جواب) جب کہ کفارہ بوجہ افساد صوم رمضان کے بلا عذر واجب ہو گیا تو پھر کوئی صورت اس میں سقوط کفارہ کی اور سہولت کی بحالت موجودہ نہیں ہے، کفارہ ادا کرنا ضروری ہے۔ فقط۔

## کئی روزوں میں موجب کفارہ کام کیا، تو سب کے لئے ایک کفارہ کافی ہے یا نہیں

(سوال) زید نے چند روزے اپنے کسی فعل موجب کفارہ سے قضا کئے تو اس کو ایک کفارہ کافی ہوگا یا نہیں۔

(جواب) ایک کفارہ کافی ہوگا۔ (۱)

## کفارہ کے درمیان بقر عید آ گئی تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۸۹) اگر کوئی شخص ماہ رمضان کے روزے کا کفارہ ادا کر رہا ہے، درمیان میں عید الاضحیٰ کا دن واقع ہو تو چونکہ عید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے تو مکفر کو کیا حکم شرعاً ہے۔ شروع سے پھر روزہ رکھے یا کیا کرے۔

(جواب) شروع سے پھر روزے دو ماہ کے متواتر رکھے قال فی الدر المختار صام شهرين الخ متتابعين ليس فيها رمضان وايام نهى عن صومها وكذا كل صوم شرط فيه التتابع الخ قوله وكذا كل صوم الخ ككفارة قتل وافطار الخ (۲) شامی ج ۲ ص ۵۸۱۔ فقط۔ الخ۔

## کفارہ میں روزے کے بجائے فدیہ دے دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۹۰) زید کے ذمہ ایک کفارہ رمضان کا ہے اور وہ دو ماہ کے روزے نہیں رکھ سکتا، تو اگر زید دارالعلوم میں ایک طالب علم کے لئے ادنیٰ درجہ کی دو ماہ کی خوراک کی جو فیس ہے وہ بھیج دے تو کفارہ ادا ہو جائے گا یا نہیں۔ یا اگر زید کسی غریب کو تین پاؤ آٹا روزانہ دو ماہ تک دیدیوے اور لکڑی ترکاری کے لئے کچھ پیسے دیدیوے تو کفارہ ادا ہو جاوے گا یا نہیں

(جواب) روزہ میں تکلیف ہونے کی وجہ سے یہ درست نہیں ہے کہ روزہ کو چھوڑ کر اطعام مساکین کی طرف رجوع کرے کیونکہ اس میں ومن لم يستطع کی قید ہے۔ (۳) جس کا حاصل یہ ہے کہ اس میں طاقت ہی روزے کی نہ ہو یعنی بوجہ مرض لاعلاج کے یا بوجہ شیخ فانی ہونے کے۔ اس وقت اطعام درست ہے فان عجز عن الصوم لمرض

---

(۱) ولو تكرر فطره ولم يكفر للاول يكفيه واحدة ولو فى رمضانين عند محمد و عليه الا عتماد بزازيه مجتبى وغيرهما واختار بعضهم للفتوىٰ ان الفطر بغير الجماع تداخل و الا لا (الدر المختار على هامش رد المحتار باب مايفسد الصوم ج ۲ ص ۱۵۱ .ط.س. ج۲ ص ۴۱۳) ظفير.

(۲) دیکھئے رد المحتار، باب الكفارة ج ۲ ص ۷۹۹ و ج ۲ ص ۸۰۰ .ط.س. ج۲ ص ۴۷۶۔۴۷۷ ظفير.

(۳) ككفارة المظاهر (در مختار) فيعتق اولافان لم يجد صام شهرين متتا بعين فان لم يستطع اطعم ستين مسكينا لحديث الاعرابى المعروف فى الكتب السته ( رد المحتار باب مايفسد الصوم مطلب فى الكفارة ج ۲ ص ۱۵۰ .ط.س. ج۲ ص ۴۱۲) ظفير.

لا یرجی برء ہ او کبر یطعم ستین مسکینا الخ (۱) پھر جب دو ماہ کے روزہ سے عاجز ہو بوجہ بڑھاپے یا مرض شدید لا علاج کے تو ساٹھ مسکینوں کو طعام ضروری ہے اس کی دو صورتیں ہیں کہ یا ہر ایک مسکین کو آدھا صاع گندم یعنی اسی ۸۰ کے تول سے پونے دو سیر گندم یا اس کی قیمت ہر ایک مسکین کو دیوے، یا ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلاوے۔ پس تین پاؤ آٹا روزانہ کسی غریب کو دو ماہ تک دینے سے کفارہ ادا نہ ہوگا بلکہ پونے دو سیر آٹا یا گندم یا اس کی قیمت دینے سے ادا ہوگا۔ اسی طرح کسی طالب علم کو مجملاً روپیہ بھیج دینے سے کفارہ ادا نہ ہوگا، بلکہ یہ لکھا جاوے کہ ساٹھ آدمیوں کو ایک دن دونوں وقت یا ایک آدمی کو دو ماہ تک دونوں وقت پیٹ بھر کر بہ نیت کفارہ کھانا کھلایا جاوے اور اس میں جو کچھ صرف ہو وہ مجھ سے لے لیا جاوے۔ (۲) فقط۔

## کفارہ کے روزوں کے درمیان عید بقر عید کا دن آ جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۹۱) جواب استفتاء نے معزز فرمایا آج تینتالیسواں روزہ ہے، ایام عید الاضحیٰ آ گئے ہیں، آیا متواتر روزہ رکھتا رہوں یا عید کے روز نہ رکھوں، دیگر اس کہ دو روزہ ساقط ہوئے تھے ان کا کفارہ ساٹھ روزے ہوں گے یا فی روزہ ساٹھ کے حساب سے ۱۲۰ ہوں گے۔

(جواب) عید الاضحیٰ کے دن اور تین دن اس کے بعد تیرہ تاریخ تک روزہ نہ رکھنا چاہئے اور اس فاصلہ کی وجہ سے متواتر روزوں میں فرق آوے گا، لہذا کفارہ میں جو پہلے روزے رکھے گئے ہیں وہ شمار نہ ہوں گے۔ ۱۳ تاریخ ذی الحجہ کے بعد ۱۴ تاریخ سے پھر روزے رکھنے چاہئے اس وقت سے ساٹھ روزے متواتر رکھنے سے ایک روزہ کا کفارہ ادا ہوگا۔ آپ کو کفارہ کے لئے ایسے وقت میں روزے رکھنے شروع کرنے چاہئیں تھے کہ درمیان میں عید نہ آتی۔ اب جو روزہ آپ کے عید سے پہلے ہوں گے وہ کفارہ میں شمار نہ ہوں گے کیونکہ کفارہ میں ساٹھ روزے متصل ہونا ضروری ہیں۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ ایک روزہ کا کفارہ ساٹھ روزے برابر ایک دفعہ رکھ لئے جائیں اور اس کے بعد کچھ توقف کیا جائے اور کچھ دنوں روزہ شروع نہ کیا جائے۔ پھر دوسرے روزہ کا کفارہ شروع کیا جائے اور ساٹھ روزے متواتر رکھ لئے جاویں۔ (۳) اور ایک دفعہ ہی ایک سو بیس روزے برابر رکھے جائیں تو یہ بھی درست ہے الغرض یہ ضروری ہے کہ ساٹھ روزوں کے درمیان میں کسی دن افطار نہ ہو اور کوئی روزہ درمیان میں قضا نہ ہو۔ (۴) فقط۔

## کفارہ صوم کی اگر طاقت نہ ہو تو کیا کرے

(سوال ۱۹۲) کفارہ صوم میں اگر طاقت دو ماہ کے روزوں کی نہ رکھتا ہو کیا حکم ہے؟

(جواب) کفارہ صوم میں اگر دو ماہ کے روزوں کی پے در پے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو ساٹھ مساکین کو دو وقت کھانا کھلاوے یا ہر ایک مسکین کو ساٹھ میں سے بقدر فطرہ گندم وغیرہ یا اس کی قیمت دے دے یہ بھی جائز ہے کہ ایک مسکین کو

---

(۱) الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب الکفارات (ج ۲ ص ۱۰۸). ط.س. ج۲ص۴۷۶. ۱۲ ظفیر.

(۲) ولو حکما الخ کالفطرة قدر او مصرفا الخ وان ارا دالا باحة فغداهم وعشاهم الخ و اشبعهم الخ کما جاز لو اطعم واحد استین یوما الخ (در مختار) قوله کالفطرة قدرا ای نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعیر الخ (رد المحتار باب الکفارات ج ۲ ص ۸۰۲). ط.س. ج۲ص۴۷۶ظفیر. (۳) ولو تکرر فطره ولم یکفر للاول یکفیه واحدة ولو فی رمضانین عند محمد وعلیه الا عتماد (الدر المختار علی ہامش رد المحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۵۱. ط.س. ج۲ص۴۱۳) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ دونوں کے لئے ایک کفارہ کافی ہے۔ واللہ اعلم ۱۲ ظفیر. (۴) صام شهرین الخ متتابعین قبل المسیس لیس فیهما رمضان وایام نهی عن صومها وکذا کل صوم شرط فیه التتابع فان افطر بعذر کسفرو نفاس بخلاف الحیض الخ استانف الصوم الخ (الدر المختار علی ہامش رد المحتارباب الکفارة ج ۲ ص ۷۹۹). ط.س. ج۲ص۴۷۶ ظفیر.

ساٹھ دن تک دونوں وقت کھلاتا رہے۔(۱) فقط۔

## کفارہ واجب ہے مگر روزے کی طاقت نہیں تو کیا فدیہ دے سکتا ہے

(سوال ۱۹۳۳) ایک شخص کے ذمہ چند رمضان کے کفارے ہیں جو باغوائے شیطانی اس کے ذمہ ہوئے۔ ہر ایک کے لئے پیہم دو ماہ روزے رکھنے کی بوجہ کمزوری جسم اس میں طاقت نہیں، البتہ مسکینوں کو فدیہ کفاروں کا دینے پر آمادہ ہے اور وہ بھی طالبان مدرسہ دیوبند کو، پس ایک کفارہ کے لئے کس قدر روپیہ بھیجے۔

(جواب) ایک روزے کا کفارہ ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت کھانا کھلانا یا ہر ایک مسکین کو نصف صاع گندم یعنی پونے دو سیر گندم بوزن انگریزی یا اس کی قیمت دینا۔ پس اگر قیمت سے کفارہ ادا کرے تو ایک روزے کا کفارہ قریب انیس روپے کے ہوتا ہے لیکن یہ روزہ رمضان کا رکھ کر توڑا جاوے اس کا کفارہ اس قدر ہے۔ اور اگر رمضان شریف کے روزے رکھے ہی نہیں ہیں تو تمیں روزہ کی قضا تمیں روزے ہی لازم ہیں اور فدیہ دینا درست نہیں ہے۔(۲) فدیہ کا حکم اس وقت ہے کہ شیخ فانی ہو یا ایسا بیمار ہو کہ اچھے ہونے کی امید نہ ہو، وہ فدیہ ادا کر سکتا ہے اور جس کے ذمہ روزے ہیں اور اس نے زندگی میں ادا نہیں کئے، تو بوقت مرض الموت اگر وہ وصیت کرے کہ میرے مال میں سے فدیہ روزوں کا ادا کیا جائے تو فدیہ اس کے مال میں سے ادا کیا جاوے گا۔ زندگی میں فدیہ دینا سوائے شیخ فانی کے و مرض لاعلاج کے اوروں کو دینا درست نہیں ہے۔ (۳) فقط۔

---

(۱) کفارة الفطر و کفارة الظهار واحدة وهي عتق رقبة مومنة او کافرة فان لم يقدر على العتق فعليه صيام شهرين متتابعين وان لم يستطع فعليه اطعام ستين مسكينا ، کـ مسكين صاعا من تمراو شعير او نصف صاع من حنطة الخ (عالمگیری مصری ج ۱ ص ۲۰۱ ط.س. ج۲ص۲۱۵) ظفیر۔

(۲) وان جامع المكلف ادميا مشتهى فى رمضان اداء او جومع وتوارث الخشفة فى احد السبيلين انزل اولا ، اواكل او شرب غذاء الخ او دواء الخ عمدا الخ قضىٰ ، فى الصور .كلها و كفر الخ ككفارة المظاهر (در مختار) قوله وان جامع الخ شروع فى القسم الثالث وهو مايوجب القضاء و الكفارة ووجوبها مقيد بما يا تى من كونه عمدا لا مكرها ولم يطرا مبيح كحيض ومرض بغير صنعه وبما اذا نوى ليلا قوله ككفارة المظاهر اى مثلها فى الترتيب فيعتق اولا فان لم يجد صام شهرين متتابعين فان لم يستطع اطعم ستين مسكينا ( رد المحتار باب ما يفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۷او ج ۲ ص ۱۵۰ .ط.س. ج۲ص۴۰۹، ۴۱۳) اطعم ستين مسكين الخ كا لفطرة قدر او مصرفا او قيمة ذالک من غير المنصوص (در مختار) كالفطرة قدرا اى نصف صاع من براو صاع من تمراد شعير الخ ( رد المحتار باب الكفارة ج ۲ ص ۸۰۱ و ج ۲ ص ۸۳ .ط.س. ج ۲ ص ۴۷۶) فی مسکین پونے دو سیر گندم کے حساب سے ساٹھ مسکینوں کے دو من پچیس سیر ہوتے ہیں۔ اس وقت بازار نرخ ۶۰ فی من کے حساب سے اس کی قیمت ۱۵۷ صحیح ہوتی ہے۔ حضرت مفتی صاحب نے رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے زمانے کے حساب سے قیمت لکھی ہے، بہر حال قیمتیں بدلتی رہتی ہیں ۱۲ ظفیر۔

(۳) فان ما توافيه اى فى ذالک العذر فلا تجب عليهم الو صية بالغد لعدم ادراكهم عدة من ايام اخرو لو ماتوابعد زوال العذر وجبت الوصية الخ وفدى لزوما عنه اى عن الميتوليه الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۶۰ .ط.س. ج۲ص ۴۲۴) ظفير۔

آٹھواں باب

## وہ صورتیں جن کی وجہ سے روزہ توڑنا یا نہ رکھنا درست ہے اور جن صورتوں میں فدیہ واجب ہوتا ہے

### شیخ فانی اور بوڑھے ضعیف کی رعایت

(سوال ۱۹۴) شیخ فانی یا بیمار بوڑھے ضعیف مایوس الحیات کو رمضان شریف کے روزوں کا فدیہ دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جو شخص بوڑھا ضعیف شیخ فانی نہ ہو اس کو فدیہ دینا درست نہیں ہے اور اگر وہ فدیہ دے گا تو پھر بھی روزوں کی قضا اس کے ذمہ لازم ہے۔ البتہ جو شخص شیخ فانی ہو وہ فدیہ ہر ایک روزے کا نصف صاع گندم یا اس کی قیمت دیوے۔ (۱) فقط

### حاملہ عورت کی رضاعت کی مدت پوری نہ ہوئی تھی کہ پھر حمل ہوگیا یہ کیا کرے

(سوال ۱۹۵) ایک حاملہ عورت بوجہ اندیشہ نقصان حمل روزہ رکھنے سے محروم رہی اور بعد وضع حمل بوجہ رضاعت کے معذور رہی اور رضاعت کی مدت پوری بھی نہ ہوئی تھی کہ حمل پھر قرار پا گیا، اسی طرح پر تواتر قائم ہوگیا تو اب حاملہ روزہ کس طرح رکھے، جب اس کا تواتر حمل قائم نہ رہے، اس وقت گذشتہ سالوں کے روزے رکھے یا کفارہ ادا کرے۔

(جواب) اگر حالت حمل میں اس کو روزہ رکھنے کی طاقت نہیں ہے یا بچہ کی طرف سے اندیشہ ہے تو جس وقت اس کا تواتر حمل منقطع ہو اسی وقت قضاء کرے۔ (۲) فقط۔

### دمہ کی وجہ سے روزہ نہ رکھ سکا اور اب بھی مرض ہے تو کیا کرے

(سوال ۱۹۶) زید رمضان شریف میں بعارضہ کھانسی و دمہ مبتلا تھا، ایک روزہ رکھ کر پھر نہیں رکھ سکا، چنانچہ وہی مرض اب بھی ہے، اگر زید مذکور ساٹھ مساکین کو کھانا کھلا دے تو معافی رمضان شریف کے روزوں کی ہو سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) زید مریض بمرض مذکور کے ذمہ قضاء روزوں کی لازم ہے فدیہ دینا کافی نہیں ہے، یعنی قضاء اس سے ساقط نہ ہوگی بلکہ جس زمانہ میں وہ مرض نہ ہو اس وقت قضاء کرے اور فدیہ ایک روزہ کا ایک مسکین کو دونوں وقت کھانا کھلانا ہے یا بقدر صدقۃ فطر کے غلہ یا قیمت دینا۔ مگر یہ فدیہ شیخ فانی کے حق میں درست ہے، دیگر بیماروں کو قضاء روزہ کی کرنا لازم ہے۔ درمختار میں ہے وقضوا لزوماً ما قدروا بلا فدیة۔ (۳) فقط۔

### شدت مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھ سکا اور اسی میں فوت ہوگیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۹۷) زید بوجہ شدت مرض کے روزہ رمضان رکھنے سے معذور رہا اور اسی حالت بیماری میں انتقال ہوگیا۔

---

(۱) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا الخ کا لفطرة (الدرالمختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ و ج ۲ ص ۱۶۴ ط.س. ج۲ص۴۲۷) ظفیر.

(۲) لمسافر سفرا شرعیا او حامل او مرضع اما کانت او ظئرا علی الظاهر خافت بغلبة الظن علی نفسها او ولدها الخ وقضوا لزوما ما قدروا بلا فدیة (در مختار) ای من تقدم حتی الحامل والمرضع وغلب الذکور فاتی بضمیر هم (رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ ط.س. ج۲ص ۴۲۱. ۴۲۲) ظفیر.

(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم، باب فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ص۴۲۳. ۱۲ ظفیر.

بوقت انتقال وصیت کی کہ اس رمضان کا فدیہ دے دینا۔ پس اس صورت میں آیا فدیہ دیا جاوے یا نہیں۔

(جواب) ان روزوں کا فدیہ دینا واجب نہیں ہے۔ کذا فی الدر المختار۔(۱) فقط

## کن عذروں کی وجہ سے روزہ توڑا جاسکتا ہے

(سوال ۱۹۸) انسان کن کن عذرات سے بلا کفارہ روزہ توڑ سکتا ہے۔

(جواب) مرض اور سفر وغیرہ اور خوف زیادتی مرض وغیرہ اعذار کی وجہ سے روزہ توڑ سکتا ہے اور کفارہ نہیں آتا، اور بلا عذر رمضان کا روزہ رکھ کر توڑنا موجب کفارہ ہے۔ لیکن وجوب کفارہ میں وہی شرط ہے جو عبارت مذکورہ بالا انما یکفر الخ میں مذکور ہے۔(۲)

## مسافر روزے کے بدلہ فدیہ دے دے اور قضا نہ رکھے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۹۹) مسافر نے سفر میں چند روزے نہیں رکھے اور فدیہ دے دیا، اگر ان روزوں کی قضا کرے تو اس پر کچھ گناہ تو نہیں ہے۔

(جواب) ان روزوں کی بعد میں قضا کرنا ضروری ہے۔ فدیہ کافی نہیں ہے جیسا کہ آیت فمن کان منکم مریضاً او علیٰ سفر فعدة من ایام اخر (۳) سے ثابت ہے۔

## دردزہ کی وجہ سے افطار کرلیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۰۰) حالت صوم رمضان میں عورت حاملہ کو دردزہ ہوا تشنگی غالب ہونے پر روزہ افطار کردیا اور قریب عصر کے وضع حمل بھی ہوگیا، اس صورت میں عورت پر کفارہ واجب ہوگا یا صرف قضاء

(جواب) اس صورت میں صرف قضاء اس روزہ کی لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے ثم انما یکفر ان نوی لیلاً ولم یکن مکرھا ولم یطر امسقط کمر ض وحیض الخ در مختار۔(۴) اور ظاہر ہے کہ نفاس مثل حیض کے ہے مسقط صوم ہونے میں۔ فقط۔

## دودھ پلانے والی عورت روزہ رکھے یا نہیں

(سوال ۲۰۱) جو عورت بچے کو دودھ پلاتی ہو اس کو روزہ رکھنا چاہئے یا نہیں جب کہ عورت کمزور ہے۔

(جواب) اگر بچہ کی طرف سے یا اس عورت کی طرف سے اندیشہ ہو کہ عورت کے روزہ رکھنے کی وجہ سے بچہ ہلاک ہوجاوے گا یا عورت بوجہ ضعف کے ہلاک ہوجاوے گی یا اس کے دودھ نہ رہے اور بچہ ہلاک ہوجائے گا تو اس صورت میں عورت رمضان شریف میں روزہ افطار کرے اور بعد میں قضاء کرے کما فی الدر المختار او حامل و مرضع

---

(۱) فان ما توافیه ای فی ذالک العذر فلا تجب علیهم الو صیة بالفدیة لعدم ادراکهم عدة من ایام اخر (الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۰ . ط.س. ج۲ص ۴۲۳ ۔ ۴۲۷) ظفیر۔

(۲) ومنها السفر الذی یبیح الفطر الخ ومنها المرض المریض اذا خاف علی نفسه التلف او ذهاب عضو یفطر بالا جماع وان خاف زیادة العلة و امتداده فکذا لک عندنا الخ ومنها حبل المراء ة وارضا عها الخ ومنها الحیض والنفاس الخ ومنها العطش والجوع کذا لک اذا خیف منها الهلاک او نقصان العقل الخ ومنها کبر السن فالشیخ الفانی الذی لا یقدر علی الصیام یفطر ویطعم لکل یوما مسکینا (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب خامس ج ۱ ص ۱۹۳ و ج ۱ ص ۱۹۴ ط. ماجدیه ج ۱ ص ۲۰۶ ۔ ۲۰۷) ظفیر۔

(۳) سورة البقرة . رکوع ۲۳.

(۴) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۱ ص ۱۵۰ . ط.س. ج۲ص ۴۱۲ . ۴۱۳ ظفیر.

خافت بغلبة الظن علی نفسها او ولدها الخ الفطر الخ۔(۱) فقط۔

## روزے قضا ہوگئے مگر صحت کلی نہ ہوئی تو کیا کیا جائے

(سوال ۲۰۲) ایک شخص فوت ہوگیا اس پر سات روز کی نمازیں بوجہ مرض کے فوت ہوگئی ہیں اور دو ماہ کے روزے قضا ہوگئے ہیں، مرض سے کافی صحت نہ ہونے کی وجہ سے معالج روزہ رکھنے سے روکتا رہا، اگر اس کے وارث اس کی طرف سے کفارہ ادا کردیویں تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر اس مرض سے صحت نہ ہوئی تھی جس میں روزے فوت ہوئے اور اسی مرض میں انتقال ہوگیا تو ان روزوں کی قضا لازم نہیں ہوئی لہذا ان کا فدیہ ادا کرنا بھی لازم نہیں ہے۔(۲) البتہ نمازوں کا فدیہ وارثوں کو ادا کردینا چاہئے۔اگرچہ میت نے وصیت نہ کی ہو، امید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ کفارہ نمازوں کا ہوجاوے گا سات دن کی نمازیں ۴۲ ہوئیں مع وتر کے اور ہر ایک نماز کا فدیہ مثل صدقہ فطر کے پونے دو سیر گندم بوزن انگریزی یا ان کی قیمت دینی چاہئے،(۳) اور روزوں کا فدیہ اگرچہ واجب نہیں ہے لیکن اگر دے دیا جاوے تو کچھ حرج نہیں ہے، میت کو ثواب پہنچ جاوے گا اور فدیہ ایک روزہ کا مثل ایک نماز کے ہے۔فقط۔

## مرض شدید میں مبتلا جس کو صحت کی امید نہیں ہے، وہ کیا کرے

(سوال ۲۰۳) ایک شخص کئی سال سے مرض شدید میں مبتلا ہے جس کی وجہ سے تین سال سے متواتر رمضان المبارک کے روزے نہیں رکھ سکا اور اس سال بھی روزے کی طاقت نہیں اور آئندہ بھی صحت کی امید نہیں، حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے، اب اس کی خواہش ہے کہ اپنی زندگی میں اگلے پچھلے تمام روزوں کا فدیہ ادا کرے۔تو فرمائیے کہ وہ فدیہ فی روزہ کتنا ہونا چاہئے اور اس کی ادا کی کیفیت کیا ہونی چاہئے۔اگر تین سالی فدیہ اس طرح ادا کردے کہ نوے ۹۰ محتاجوں کو کھانا پکوا کردے دے تو درست ہے یا نہیں۔کسی ایک محتاج کو دو یا دو سے زیادہ روزوں کا فدیہ ادا کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) ہر ایک روزہ کے بدلہ نصف صاع گندم یعنی بوزن انگریزی پونے دو سیر گندم یا اس کی قیمت محتاج کو دے، اور اگر کھانا کھلاوے تو دو وقت کھلادے حسب حیثیت جس قدر وہ کھلاوے۔غرض یہ کہ پیٹ بھر کر کھلادے۔تین سال کا فدیہ اگر ایک دن نوے ۹۰ مساکین کو دونوں وقت بٹھا کر پیٹ بھر کر کھانا کھلادیوے تو فدیہ ادا ہوجاوے گا۔اور ایک محتاج کو ایک دن میں ایک روزہ سے زیادہ کا فدیہ نہ دے۔(۴) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۹)۔ط۔س۔ج۲ص۴۲۲۔۱۲ ظفیر

(۲) فان ماتوا فیه ای فی ذالک العذر فلا تجب علیهم الوصیة بالفدیة لعدم ادارکهم عدة من ایام اخر (الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ۱۶۰۔ط۔س۔ج۲ص۴۲۳، ۴۲۴۔ ۱۲ ظفیر۔

(۳) اذا مات الرجل وعلیه صلوات فائتة فاوصی بان تعطی کفارة صلواته یعطی لکل صلاة نصف صاع من بر وللوتر نصف صاع ........ من ثلث ماله الخ وفی فتاوی الحجة وان لم یوص لو رثته وتبرع بعض الو رثة یجوز الخ (عالمگیری مصری باب قضاء الفوائت ج ۱ ص ۱۱۷)ط۔ماجدیه ج ۱ ص ۱۲۵ ظفیر۔

(۴) فان عجز عن الصوم لمرض لا یرجی برؤه او کبر اطعم ای ملک ستین مسکینا ولو حکما ولا یجزی غیر المراهق کا لفطرة قدر او مصر فا ای نصف صاع من بر او صاع من تمر او شعیرا ودقیق او قیمة ذالک من غیر المنصوص وان اراد الا باحة فغداهم وعشا هم او غداهم واعطاهم قیمة العشاء او عکسه الخ واشبعهم جاز الخ کما جاز لو اطعم واحد استین یوما لتجدد الحاجة ولو اباحة کل الطعام فی یوم واحدُفعة اجزاه عن یوم ذالک فقط الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب الکفاره ج ۲ ص ۸۰۱ و ج ۲ ص ۸۰۲ و ج ۲ ص ۸۰۳۔ط۔س۔ج۳ص۴۷۶) ظفیر۔

## معاش کے لئے جو محنت کرنا پڑتی ہے کیا اس کی وجہ سے روزہ رمضان چھوڑا جا سکتا ہے

(سوال ۴۰۴) روزہ رمضان کہ فرضیت او مئوکد بالقرآن والحدیث و اجماع امت است بعذر کارہائے معاش ہمچو کشتکاری وخبازی ودیگر افعال شدید کہ در موسم گرما انسان را چنداں تشنگی می دہند اکثر مردم کار نیز می کنند وروزہ نیز می دارند و بعض مردم کاہل روزہ نمی دارند وقضا بعد آں نمی شوند آیا گذاشتن روزہ بدیں عذر چہ حکم دارد۔

(جواب) ازیں عذر ہا روزہ رمضان شریف قضاء کردن درست نیست بلکہ لازم است کہ در رمضان المبارک ایں چنیں اعمال شاقہ نکند کہ نوبت قضاء کردن روزہ برسد قال۔ فی الدر المختار لا یجوز ان یعمل عملاً یصل به الی الضعف فیخبز نصف النهار ویستریح الباقی ، فان قال لا یکفینی کذب باقصر ایام الشتاء فان اجهد الحر نفسه بالعمل حتی مرض فافطر ففی کفارته قولان الخ۔(۱) فقط۔

## اسّی سالہ بوڑھا جس میں روزہ کی طاقت نہ ہو وہ کیا کرے

(سوال ۴۰۵) ایک شخص کی عمر تقریباً اسی سال سے زائد ہے اور پابند صوم وصلوٰۃ ہے۔ اس وقت اس میں صوم کی طاقت نہیں تو وہ رمضان میں افطار کر کے فدیہ دے سکتا ہے تو کس قدر دے۔ اگر شیخ فانی افطار کرے اور اس کے پاس سامان فدیہ نہیں ہے تو کیا کرے۔

(جواب) شخص مذکور جو کہ عاجز ہے روزہ رکھنے سے فدیہ روزوں کا ادا کر سکتا ہے۔ ایک روزہ کا فدیہ مثل فطرہ کے ہے اور اگر فدیہ دینے کی طاقت نہ ہو تو یہ قرض اللہ کا اس کے ذمہ ہے جس وقت طاقت ہو اس وقت فدیہ ادا کرے یا بوقت مرنے کے وصیت کرے، یعنی اگر زندگی میں فدیہ ادا نہ کر سکے تو مرتے وقت وصیت کرے کہ میرے ترکہ میں سے فدیہ روزوں کا ادا کیا جاوے۔(۲) فقط۔

## ایسا تندرست جس میں روزہ کی طاقت نہیں ہے وہ کیا کرے

(سوال ۴۰۶) ایک شخص دیکھنے میں جوان اور تندرست ہے اور کسی قسم کی علالت ظاہرہ اس کو نہیں ہے مگر کمزور بہت ہے اور رمضان شریف کا روزہ اس سے نہیں رکھا جاتا، روزہ رکھنے سے اس کو بہت کمزوری ہوتی ہے، اگر وہ روزہ ترک کر دے گا تو گنہگار ہوگا یا نہیں۔

(جواب) مسئلہ یہ ہے کہ شیخ فانی کو روزہ نہ رکھنا اور فدیہ دے دینا درست ہے، اور شیخ فانی کے یہ معنی ہیں کہ اس کی قوت فنا ہوگئی ہو اور روزہ کی طاقت نہ ہو پس اگر وہ شخص خلقتاً ایسا ضعیف وکمزور ہے کہ کسی طرح روزہ نہیں رکھ سکتا تو اس کو

---

(۱) الدر المختار علی هامش رد المحتار باب ما یفسد الصوم وما لا یفسده ج ۲ ص ۱۵۷ ۱۲ والذی ینبغی فی مسئلة المحترف حیث کان الظاهر ان مامرمن تفقهات المشائخ لا من منقول المذهب ان یقال اذا کان عنده ما یکفیه وعیا له لا یحل له الفطر لانه یحرم علیه السوال من الناس فالفطر اولی والا فله العمل بقدر ما یکفیه ولو اداه الی الفطر یحل له اذا لم یمکنه العمل فی غیر ذالک مم الایئو ویه الی الفطر ( رد المحتار باب ایضا) قوله قولان قال الشر نبلا لی صورته صائم اتعب نفسه فی عمل حتی اجهد العطش فافطر لزمته الکفارة وقیل لاوبه افتی البقالی ، وظاهر ه وهوالذی فی الشر نبلا لیة عن المنتقی ترجیح وجوب الکفارة ( رد المحتار باب ایضا ج ص ۱۵۸ .ط.س. ج۲ص ۴۲۰) ظفیر۔
(۲) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا ولوفی اول الشهر وبلا تعدد فقیر کالفطرة لو موسرا والا فیستغفر الله هذا اذا کان الصوم اصلاً بنفسه الخ ومتی قدر قضی (در مختار) وقوله ویفدی وجو بالان عذره لیس بعر ضی للزوال حتیٰ یصیر الی القضاء فوجبت الفدیة نهر ثم عبارةالکنز وهو یفدی اشارة الی انه لیس علی غیره الفداء لان نحوالمرض والمسفرفی عرضة الزوال فیجب القضاء وعند العجز بالموت تجب الوصیة بالفدیة ( رد المحتار فصل العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ .ط.س. ج۲ص۴۲۷) ظفیر۔

درست ہے کہ روزہ نہ رکھے اور فدیہ دے دیوے۔ درمختار میں ہے وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا الخ اور شامی میں ہے قولہ وللشیخ الفانی الخ ای الذی فنیت قوتہ او اشرف علی الفناء الخ۔(۱) فقط۔

## ایک بوڑھا جو کمزور ہے مگر روزہ رکھ سکتا ہے، اس کے لئے کیا حکم ہے

(سوال ۲۰۷) زید ایک ایسا بوڑھا شخص ہے کہ اس کے ہوش وحواس وقوائے جسمانی سب درست ہیں، زید مذکور نے رمضان شریف کے ۲۶ روزے رکھے، ستائیسویں روزے کی نیت کی دوتین گھنٹہ گذرنے کے بعد اتفاقاً بکر آ گیا۔ زید نے بکر سے اپنے ضعف کی شکایت کی ایسی صورت میں کہ کسی قسم کی دقت درپیش نہ تھی، بکر نے اس بات پر زور دیا کہ تم کو روزہ رکھنا جائز نہیں ہے۔ بکر کے کہنے سے زید نے افطار کر دیا تو زید پر کفارہ واجب ہے۔

(جواب) سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ زید شیخ فانی نہیں ہے جس کو روزہ نہ رکھنا اور فدیہ روزوں کا دینا درست ہو، لہذا جس شخص نے اس کو روزہ نہ رکھنے کا حکم کیا اس نے سخت غلطی اور خطا کی اور یہ کہنا اس کا کہ تم کو روزہ رکھنا جائز نہیں ہے یہ اس کے جہل کی دلیل ہے۔ کیونکہ اگر شیخ فانی بھی رکھ لیوے تو ناجائز نہیں ہے غایت یہ ہے کہ اس کو افطار کرنا درست ہے۔ مگر زید شیخ فانی ہی نہیں ہے کہ اس کے لئے افطار کرنا درست ہو...... درمختار میں ہے وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی الخ اور شامی میں لکھا ہے قولہ وللشیخ الفانی الذی فنیت قوتہ او اشرف علی الفناء ولذا عرفوہ بانہ الذی کل یوم فی نقص الی ان یموت الخ۔(۲) اس سے معلوم ہوا کہ زید پر شیخ فانی کی تعریف صادق نہیں آتی۔ پس زید پر اس صورت میں کفارہ واجب ہے اور بکر گنہگار ہوا۔ جس نے اس کا روزہ افطار کرایا، وہ توبہ کرے اور آئندہ ایسا حکم کسی کو بلا علم کے نہ بتلا دے فقط۔

## جان کنی کی حالت میں روزہ

(سوال) اگر کوئی روزہ دار جانکنی کے عالم میں ہو تو اس کو روزہ افطار کرا کر شربت دینا چاہئے یا نہیں۔

(جواب) ایسی حالت میں روزہ افطار کرا دینا چاہئے اور شربت وغیرہ دینا چاہئے۔

## شیخ فانی کی تعریف

(سوال ۲۰۸/۱) شیخ فانی کس عمر میں ہو جاتا ہے؟

### بوجہ کمزوری روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو کیا کرے

(سوال ۲۰۹/۲) بوجہ کمزوری کے روزہ رمضان شریف تو بہ تکلف ادا کئے لیکن گذشتہ چند سالوں کے ادا کرنے کی طاقت نہ ہونے سے فدیہ دے سکتا ہے یا نہیں؟ اگر رکھنا چاہے تو بتدریج ادا کرے یا متواتر ادا کرنے ہوں گے؟

(جواب)(۱) شیخ فانی اس قدر بوڑھا ہو کہ اس میں بالکل قوت نہیں رہی اور قریب موت کے پہنچ گیا ہے۔ عمر کی کوئی

(۱) دیکھئے رد المحتار فصل فی العوارض المبیحۃ لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص ۴۲۲. ۱۲۔ لیکن اگر وہ ایسا نہیں ہے بلکہ عارضی طور پر مرض کی وجہ سے ایسا ہے تو افطار کی اجازت ہے اور بعد صحت قضا واجب ہے۔ او مریض خاف الزیادۃ لمرضہ وصحیح خاف المرض الخ الفطر یوم العذر الخ وقضوا لزوما، ما قدروا بلا فدیۃ وبلا ولاء (الدر المختار علی ہامش رد المحتار وفصل فی العوارض المبیحۃ بلکہ شیخ کے لئے بھی حکم ہے کہ بعد میں وہ اگر روزہ رکھنے پر قادر ہو جائے گا قضاء کرے گا، شیخ فانی کے حکم کے بعد مذکور ہے ومتی قدر قضی لان استمرار العجز شرط الخلفیۃ (در مختار) قولہ متی قدر ای الفانی الذی افطر وفدی. (رد المحتار فصل العوارض المبیحۃ ج ۲ ص ۱۶۴) ظفیر. (۲) رد المحتار فصل فی العوارض المبیحۃ لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص ۴۲۲. ۱۲ ظفیر.

تحدید نہیں ہے، قوت وعدم قوت پر دارومدار ہے۔(۱)

(۲) جب تک روزہ رکھ سکے اگر چہ بتکلف ہو، روزہ رکھے، قضاء کے روزے متواتر رکھنے کی ضرورت نہیں ہے، متفرق رکھے۔ فدیہ دینا اس وقت تک کافی نہیں ہے جب تک بالکل طاقت روزہ رکھنے کی نہ رہے اور کسی طرح روزہ نہ رکھ سکے(۲) فقط۔

## ماہ رمضان المبارک کے روزہ کا فدیہ

(سوال ۲۱۰) ماہ رمضان المبارک کا فدیہ ایک آدمی کا کس قدر ہوتا ہے؟ اور میزان وفارسی پڑھنے والوں کو اگر فدیہ دیا جاوے تو اس میں ثواب ہوتا ہے یا نہیں؟

(جواب) ایک ماہ رمضان کا فدیہ اسی کے وزن ۵۲ ½ سیر گندم ہوتے ہیں۔ ایک روزہ کا فدیہ پونے دو سیر ہے، اسی کے وزن سے، اور اس وقت قیمت ۲۵ سیر گندم کی تقریباً صہ ر ہوتے ہیں۔ میزان اور فارسی پڑھنے والوں کو فدیہ دینے میں ثواب ضرور ہے، مگر حدیث پڑھنے والوں کو دینے میں زیادہ ثواب ہے(۳) فقط۔

## حالت روزہ میں شدت پیاس سے فوت ہوگیا مگر روزہ افطار نہ کیا اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے یا نہیں۔

(سوال ۲۱۱) ایک شخص حالت صوم میں شدت پیاس اور بھوک سے فوت ہوگیا ہے اس کو یہ کہا گیا کہ ایسی حالت میں شرع نے اجازت افطار کی دی ہے لیکن اس نے نہ مانا اور فوت ہوگیا، اس کے جنازہ کے جواز وعدم جواز کا جواب معہ حوالہ کتب تحریر فرمایئے۔

(جواب) اس صورت میں اگر حالت صوم میں وہ شخص فوت ہوگیا تو ماجور ہے (یعنی اجر وثواب پائے گا) عاصی نہیں ہوا۔ پس اس کے جنازہ کی نماز کے جواز ...... میں کچھ شبہ نہیں ہوسکتا ہے(۴) فقط۔

## سفر میں روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۲۱۲) جس طرح نماز میں قصر ہے اسی طرح روزہ میں بھی ہے یا نہیں۔ یعنی اگر سفر میں پوری نماز پڑھے تو گنہگار ہے۔ کیونکہ کفران نعمت ہے اگر روزہ رکھے تو اس وقت تو گنہگار نہ ہوگا کیونکہ یہ کفران نعمت ہے یا نہیں۔ روزہ کے متعلق کیا حکم ہے، اگر سفر میں روزہ رکھے تو ثواب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) روزہ کے لئے سفر میں یہ حکم ہے کہ بعد میں قضاء ان روزوں کی کرلو جو سفر میں نہ رکھے ہوں **فمن کان منکم مریضاً او علیٰ سفر فعدة من ایام اخر**۔(۵) نماز کے لئے حدیث شریف میں یہ حکم آ گیا ہے کہ اس تخفیف کو قبول کرو لہذا امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ امر کو وجوب کے لئے لیتے ہیں کہ قصر کرنا نماز میں ضروری فرماتے ہیں،

---

(۱) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجو با الخ (در مختار) قوله العاجز عن الصوم ای عجز امستمر اکما یاتی، اما لو لم یقدر علیه لشدة الحر کان له ان یفطر ویقضیه فی الشتاء فتح ( رد المحتار ج ۲ ص ۱۶۳ کتاب الصوم)

(۲) ایضاً. ط.س. ج۲ ص ۴۲۷ ظفیر.

(۳) وفی سبیل الله وهو منقطع الغزاة وقیل الحاج وقیل طلبة العلم وفسره فی البدائع بجمیع القرب الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب المصرف ج ۲ ص ۸۳. ط.س. ج۲ ص ۳۴۳) ظفیر.

(۴) رد المحتار فصل فی العوارض ص ۱۵۸. ط.س. ج۲ ص ۴۲۱ میں ہے ویوجر لو صبرو مثله سایر حقوق الله تعالیٰ کا فساد صوم و صلوٰة الخ فقط.

(۵) سورة البقر، رکوع ۲۳.

اور روزے کے لئے نص سے اختیار ثابت ہوتا ہے کہ چاہو رکھو، چاہو پھر قضا کرلو۔ اگر سفر سہولت کا ہے اور روزہ میں کچھ دشواری نہیں ہے تو بہتر روزے رکھنا ہے جیسا کہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے وان تصوموا خیر لکم (۱) درمختار میں ہے ویندب لمسافر الصوم لایة وان تصوموا خیر لکم والخیر بمعنی البر لا افعل تفضیل ان لم یضرہ فان شق علیه او علی رفیقه فالفطر افضل لموافقة الجماعة الخ (۲) پس معلوم ہوا کہ سفر میں بحالت عدم مشقت روزہ نہ رکھنے کی فضیلت اور خیریت خود خدا تعالیٰ نے فرمادی اور نماز میں قصر نہ کرنے میں کفران نعمت آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ بھی حکم خدا تعالیٰ کا ہے۔ فقط۔

## ایک دن کا سفر ہو تو روزہ افطار کرنا درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۱۳) ایک روز کے سفر میں بھی روزہ قضا کرسکتا ہے یا تین ہی روز کے سفر میں قضا کرسکتا ہے اور کم میں نہیں کر سکتا؟

(جواب) تین دن کا سفر ہو جب ہی روزہ افطار کرنا مسافر کو درست ہے اس سے کم کے سفر میں روزہ افطار کرنا جائز نہیں ہے جیسا کہ نماز قصر کرنا تین دن سے کم سفر میں درست نہیں ہے، درمختار میں ہے لمسافر سفراً شرعیاً ولو بمعصیة الخ (۳)

## روزہ کی وجہ سے موت واقع ہوئی اور افطار نہیں کیا، کیا حکم ہے

(سوال ۲۱۴) ایک شخص صائم صوم رمضان میں مضطر ہوگیا، لیکن روزہ افطار نہ کیا اور اور روزہ کی حالت میں فوت ہوگیا، اس صورت میں اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(جواب) شامی میں ہے کہ صائم اگر مضطر ہوا اور روزہ افطار نہ کیا تو ماجور ہے ویو جر لو صبر و مثله سائر حقوقه تعالیٰ کا فساد صوم الخ ص ۱۱۵ . کتاب الصوم (۴) جلد ثانی .فقط.

## بوڑھا دائم المرض رمضان میں کیا کرے

(سوال ۲۱۵) جو شخص پچاس پچپن برس کی عمر میں ہو اور دائم المریض ہو اور روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو تو اس میں شرع شریف کا کیا حکم ہے۔

(جواب) ایسے مریض کے لئے حکم یہ ہے کہ اگر رمضان شریف میں روزہ نہ رکھ سکے تو اس وقت نہ رکھے بعد میں جب صحت ہو اور طاقت روزہ کی ہو روزوں کی قضا کرے ہمت روزوں کی نہ ہونا افطار کرنے کا جائز نہیں کرتا بلکہ درحقیقت اس میں طاقت روزہ کی نہ ہو اور کسی طرح روزہ نہ رکھ سکتا ہو یا ازدیاد مرض کا خوف ہو اس وقت افطار کرنا درست ہوتا ہے اور پھر قضا لازم ہوتی ہے (۵) اور فدیہ کا حکم خاص شیخ فانی کے لئے ہے اس میں شخص مذکور داخل

---

(۱) سورة البقرة رکوع ۲۳.
(۲) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۲۰ .ط.س. ج۲ص۴۲۳. ۱۲ ظفیر.
(۳) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۸ . ط.س. ج۲ص ۴۲۱. ۱۲ ظفیر
(۴) رد المحتار کتاب الصوم . فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸ .ط.س. ج۲ص ۴۲۱. ۱۲ ظفیر.
(۵) او مریض خاف الزیادة لمرضه وصحیح خاف المرض الخ الفطر یوم العذر الخ قضوا لزو وما قدروا بلا فدیة (الدر المختار علی هامش رد المحتار کتاب الصوم، فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۲۰ .ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفیر.

نہیں (۱) فقط۔

## بوڑھا ذیابیطس میں گرفتار رمضان میں کیا کرے

(سوال ۲۱۶) جب کہ زید کی عمر ۵۸ برس کی ہے اور وہ کئی سال سے مرض ذیابیطس میں مبتلا ہے جس کی وجہ سے کمزوری و نقاہت روز افزوں ہے اور بوجہ غلیان تشنگی جو اس مرض میں بہ شدت ہوا کرتی ہے روزہ رکھنا دشوار ہے، خصوصاً سخت گرمی کے موسم میں۔

(جواب) ایسے مریض پر کہ وہ روزہ نہ رکھ سکے بوجہ ضعف و مرض کے افطار کرنا یعنی روزہ نہ رکھنا رمضان شریف میں درست ہے لیکن جب تک توقع صحت کی ہو فدیہ دینا کافی نہیں ہے بلکہ بعد صحت کے قضاء لازم ہے، پھر اگر صحت کی امید نہ رہے اور مرض کا ازالہ نہ ہو تو ان روزوں کا فدیہ دیوے۔ ہر ایک روزے کا فدیہ مثل صدقہ فطر کے ادا کرے۔ درمختار میں ہے او مریض خاف الزيادة لمرضه الخ الفطر الخ وقضو الزوماً ما قدر و ابلا فدية الخ وللشيخ الفاني العاجز عن الصوم الفطر و يفدى و جوباً (۲) الخ وفى الشامى عن القهستانى عن الكرمانى المريض اذا تحقق الياس من الصحة فعليه الفدية لكل يوم ۔(۳) فقط۔

## مرض ضیق میں مبتلا رمضان میں کیا کرے

(سوال ۲۱۷) زید کو مرض ضیق شدید ہے تمبا کو نوشی کی طرح ایک دوا کا دخان سینہ میں بار بار کشید کرنے سے بلغم خارج ہو کر دم درست آتا ہے ورنہ سخت مصیبت ہوتی ہے، اور کوئی دوا مفید نہیں، یہ مجرب ہے۔ دن میں کئی دفعہ بار بار کشید دخان مفسد صوم کی نوبت آتی ہے۔ غرض روزہ نہیں رکھ سکتا، زید جوان ہے دوا پیتا رہتا ہے تو تندرست رہتا ہے سب کام کرتا ہے کیا فدیہ صوم کافی ہے۔

(جواب) فدیہ دینا اس کو کافی نہیں ہے، جس وقت دورہ ضیق نہ ہو، قضاء کرے، کذا فی الدر المختار (۴) وغیرہ فقط۔

## حالت تردد میں جب نماز قصر کرتا ہے تو روزے میں کیا کرے

(سوال ۲۱۸) جو لوگ حالت تردد میں قصر نماز پڑھتے ہیں ان کو رمضان شریف میں روزہ قضا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) مسافر کو جب تک وہ کسی جگہ پندرہ دن قیام کی نیت نہ کرے اور تردد میں ہو، نماز قصر کرنا چاہئے اور روزہ کو بھی وہ افطار کر سکتا ہے بعد میں قضا کرے۔ غرض جس حالت میں نماز قصر جائز ہے۔ روزہ کا افطار کرنا بھی درست ہے (۵)۔

## بخار شدید میں افطار کی اجازت ہے یا نہیں

(سوال ۲۱۹) روزہ کی حالت میں اگر بخار شدید ہو اور تشنگی کی وجہ سے صائم مضطر اور بے قرار ہو تو ایسی حالت میں

---

(۱) وللشيخ الفاني العاجز عن الصوم الفطر ويفدى وجوبا ( در مختار) للشيخ الفاني اى الذى فنيت قوته او اشرف على الفناء ولذا عرفوه بانه الذى كل يوم فى نقص الى ان يموت الخ ( رد المحتار ايضا ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص۴۲۷)

(۲) الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الصوم فصل فى لعوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص۴۲۲. ۱۲ ظفير. (۳) رد المحتار كتاب و فصل ايضا ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص۴۲۷. ۱۲

(۴) او مريض خاف الزيادة لمرضه وصحيح خاف الضعف بغلبة الظن بامارة او تجربة الخ الفطر الخ وقضو الزوما ما قدر وابلا فدية (الدر المختار على هامش رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۹ و ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص۴۲۲) ظفير. (۵) لمسافر سفر اشرعياو بو بمعصية الخ الفطر الخ و قضوا لزوما (در مختار) قوله سفر اشرعيا اى مقدر افى الشرع لقصر الصلوة ونحوه ( رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۵۸ و ج ۲ ص ۱۲۰ ط.س. ج۲ص۴۲۱) ظفير.

روزہ افطار کر دینا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر خوف ہلاکت یا زوال عقل ہو تو ایسی حالت میں افطار کرنا درست لکھا ہے۔ اور نیز اگر کسی طرح وہ روزہ نہیں پورا کر سکتا اور عاجز ہے تو بھی افطار کر سکتا ہے۔(۱) فقط۔

## شدید پیاس ہو تو روزہ افطار کر سکتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۲۲۰) اگر پیاس شدید ہو تو روزہ چھوڑنا درست ہے یا نہیں۔

(جواب) رمضان شریف کے روزے میں اگر پیاس اس درجہ شدید ہو کہ خوف ہلاکت یا نقصان عقل ہو تو افطار جائز ہے اور اس صورت میں فتویٰ مفتی کا (در بارہ افطار) جائز ہے اور جو شخص یہ کہے کہ بلا کفارہ مفتی کے پیچھے نماز جائز نہیں، وہ خطا پر ہے اور قول اس کا غلط ہے(۲) فقط۔

## بیمار افطار کر سکتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۲۲۱) نیاز مند بعارضہ گرمی و بخار شدید بیمار ہے لیکن کسل و گرانی اعضاء حتیٰ کہ نماز میں اٹھنا بیٹھنا متعذر ہو جاتا ہے۔ کیا اس حالت میں افطار جائز ہے۔

(جواب) آپ کے جو مرض کی حالت ہے اس میں طبیب حاذق مسلم کی رائے کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔ اگر طبیب روزہ کو مضر بتلا دے تو ترک کر دیا جاوے ورنہ نہیں(۳) فقط۔

## عمر رسیدہ فدیہ کی طاقت نہ رکھتا ہو تو کیا حکم ہے۔

(سوال ۲۲۲) ایک شخص جس کی عمر ستر ۷۰ برس کی ہے، وہ بوجہ امراض کے بہت کمزور ہو گیا ہے۔ اب ایک برس سے اس کو کوئی مرض نہیں لیکن طاقت روزے کی نہیں ہے اور بوجہ مسکنت فدیہ دینے سے مجبور ہے، اب اس شخص کو کیا کرنا چاہئے۔

(جواب) شیخ فانی جو کہ روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھے اس کو فدیہ دینا لازم ہے اور فدیہ اس کے ذمہ دین ہے۔ جس وقت ہو ادا کرے ورنہ مرتے وقت وصیت کرے کہ اس کے ورثاء اس کے ترکہ میں سے فدیہ دیویں۔(۴) فقط۔

## بیمار جو اسی بیماری میں مر گیا تو اس پر فدیہ ہے یا نہیں

(سوال ۲۲۳) ایک شخص رمضان میں بیماری کی وجہ سے روزہ رکھنے سے معذور رہا اور بعد رمضان بھی چھ سات ماہ تک بیمار رہ کر فوت ہو گیا۔ اس کے ذمہ ان روزوں کا فدیہ دینا واجب ہے یا نہیں۔

---

(۱) لمسافر الخ او مریض خاف الزیادۃ لمرضه وصحیح خاف المرض الخ الفطر (در مختار) خاف الزیادۃ اوابطاء البرء او فساد عضو او وجع العین الخ (رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۹ ط.س. ج۲ ص ۴۲۱) ظفیر۔

(۲) قد ذکر المصنف منها خمسة وبقی الاکراہ وخوف ھلاک اونقصان عقل ولو بعطش او جوع شدید و لسعة حیة (الدر المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸ ط.س. ج۲ ص ۴۲۰) ظفیر۔

(۳) او مریض خاف الزیادۃ لمرضه و صحیح خاف المرض الخ بغلبة الظن بامارۃ او تجربة وبا خبار طبیب حاذق مسلم الخ الفطر الخ وقضوا الزوما (الدر المختار علی ھامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ ط.س. ج۲ ص ۴۲۲) ظفیر۔

(۴) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجوبا (در مختار) وعند العجز بالموت تجب الوصیة بالفدیة (رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ ص ۴۲۷) ظفیر۔

(جواب) اس کے ذمہ ان روزں کا فدیہ لازم نہیں ہوا، کذا فی الدر المختار(۱) وغیرہ فقط۔

## روزے رکھنے سے جو بیمار ہو جاتا ہے وہ کیا کرے

(سوال ۴۲۴) ایک شخص صوم وصلوٰۃ کا پابند ہے، لیکن رمضان شریف شروع ہونے پر تین چار روزے رکھنے سے فوراً بیمار ہو جاتا ہے غریب آدمی عیالدار ہے، دواوغیرہ کرنے کی یا مساکین کو کھانا کھلانے کی طاقت نہیں رکھتا اور اگر جاڑوں میں بھی روزہ کی قضا کرتا ہے تب ویسا ہی بیمار قریب المرگ ہو جاتا ہے، اس صورت میں اس کے لئے کیا حکم ہے۔

(جواب) ایسے مریض کے لئے جو روزہ رکھنے پر قادر نہ ہو اور ہمیشہ رمضان شریف کے روزے رکھنے سے یا قضاء کرنے سے اس کا مرض بڑھتا ہو اور کسی طرح روزہ نہ رکھ سکتا ہو، فدیہ دینا فقہاء نے جائز لکھا ہے۔ کذا فی الدر المختار والشامی(۲) فقط۔

## زچہ یا کمزور عورت روزے کے بدلے فدیہ دے دے تو کیا حکم ہے

(سوال ۴۲۵) زچہ یا کمزور عورت جو روزہ نہ رکھ سکے فدیہ دے دے تو جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) اس صورت میں فدیہ دینا کافی نہیں ہے۔ اگر فدیہ دے دیا اور پھر صحت ہوگئی اور قوت آ گئی تو اس روزہ کی قضاء کرنا لازم ہے۔(۳) فقط۔

## بیماری کی وجہ سے جو روزہ قضاء ہوا، اس کا کفارہ

(سوال ۴۲۶) زید سال رمضان المبارک میں سخت علیل ہو گیا، مسلمان معالج نے روزہ رکھنے سے زید کو منع کر دیا۔ چنانچہ اس نے پورے ماہ کے روزے نہیں رکھے، بعد اختتام ماہ مبارک بھی زید کی صحت قابل اطمینان نہیں رہی، اب پھر ماہ مبارک قریب ہے اور امسال بھی روزہ رکھنے کی ممانعت ہے گذشتہ روزوں کا کفارہ کس طور پر ادا کیا جاوے اور اب کے رمضان میں کیا شکل اختیار کی جاوے جس سے روزہ کا کفارہ ادا ہوتا رہے۔

(جواب) زید کو فدیہ روزوں کا دینا اس صورت میں درست نہیں ہے بلکہ انتظار صحت کرے اور بوقت صحت روزوں کی قضا کرے اور اگر فدیہ روزوں کا دے دے گا تو وہ تبرع ہوگا اور صدقہ نفلی ہوگا، بعد تندرست ہونے کے قضا روزوں کی اس کے ذمہ لازم ہوگی۔ البتہ آخر حیات تک اگر وہ روزوں کی قضاء نہ کر سکے تو اس کو وصیت ادائے فدیہ کی کرنی چاہئے تاکہ بعد وفات اس کے مال میں سے فدیہ ادا کیا جاوے درمختار میں ہے لمسافر الخ او مریض الخ الفطر یوم العذر لا السفر و قضوا لزوماً ما قدر وبلا فدیة فان ماتوا فیه ای فی ذالک العذر فلا تجب علیهم الوصیة بالفدیة ولو ما توا بعد ز وال العذر وجبت الوصیة ای بالفدیة بقدر ادر اکهم عدة من ایام اخر

---

(۱) او مریض خاف الزیادة لمرضه الخ الفطر الخ فان ما توا فیه ای فی ذالک العذر فلا تجب علیهم الوصیة با لفدیة لعدم ادراکهم عدة من ایام اخر (الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۰ . ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفیر غفر الله ذنوبه.

(۲) مثله ما فی القهستانی عن الکرمانی ، المریض اذا تحقق الیاس من الصحة فعلیه الفدیة لکل یوم عن المرض ( رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ . ط.س. ج۲ص۴۲۷) ظفیر.

(۳) والحامل والمرض اذا خافتا علی انفسها او ولدیهما افطرتا وقضتا دفعا للحرج ولا کفارة علیها لانه افطار بعذر ولا فدیة علیهما (هدایه ، باب ما یوجب القضاء والکفاره فصل ج ۲ ص ۲۰۴ . ط.س. ج۲ص　) ظفیر.

(۱)فقط۔

## بیمار جس کے لئے طبیب کا حکم ہو کہ دوا ضرور پیئے وہ افطار کرسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۲۷) اگر بیمار نے روزہ رکھ لیا ہو اور صحت وتندرستی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو اور طبیب کی رائے ہو کہ وہ ضرور پیئے تو وہ روزہ افطار کرسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) ایسے مریض کو افطار صوم کی شرعاً اجازت ہے، مریض کا غلبہ ظن یا طبیب مسلم کا خبر دینا اس شرعی رخصت کے لئے کافی ہے۔ فتاویٰ عالمگیریہ میں ہے ومنها المرض المريض اذا خاف على نفسه التلف او ذهاب عضو يفطر بالا جماع وان خاف زيادة العلة وامتداوه فكذلك عندنا وعليه القضاء اذاافطر كذا في المحيط ثم معرفة ذالك باجتهاد المريض والا جتها د غير مجردا لو هم بل هو غلبة ظن عن امارة او تجربة اوبا خبار طبيب مسلم الخ. غير ظاهر الفسق كذافي فتح القدير (۲) وفي البحر طلق المرض فشمل ما اذا مرض قبل طلوع الفجرا و بعده بعد ما شرع الخ بحر الرائق ۔(۳)(مطبوعہ مصر) افطار اپنے معنی کے لحاظ سے شروع نہ کرنے اور شروع کرکے توڑ دینے دونوں پر صادق ہے۔ مسئولہ صورت میں افطار کے یہی دوسرے معنی ہیں۔ مریض کو اگر مرض کی زیادتی کا خوف ہے تو وہ افطار کرسکتا ہے۔ یعنی شروع کرنے کے بعد اس کو فسخ کردینے کا اختیار ہے فقہ کی کتابوں میں لکھتے ہیں کہ مسافر کو روزہ افطار کرنے کی اجازت ہے یعنی اس کے لئے جائز ہے کہ بحالت سفر روزہ نہ رکھے۔ یہ معنی نہیں کہ رکھنے کے بعد توڑ سکتا ہے، یہاں افطار کا لفظ اپنے پہلے معنی یعنی شروع نہ کرنے پر بولا گیا ہے، حاصل یہ کہ افطار کا لفظ عام ہے۔ شروع نہ کرنے اور شروع کرنے کے بعد افطار کرنے پر بولا جاتا ہے فقط۔

## دودھ پلانے والی عورت کے لئے افطار درست ہے

(سوال ۲۲۸) ایک عورت جس کی گود میں تین مہینہ کی بچی ہے اور دودھ بہت کم ہے اور سحری کا کھانا ہضم نہیں ہوتا وہ روزے رمضان کے افطار کرسکتی ہے یا نہیں۔ اور پھر قضاء متواتر رکھنا ضروری ہے یا نہیں۔

(جواب) اس عورت کے لئے روزوں کا افطار کرنا درست ہے، مگر بعد میں قضاء کرنا ضروری ہے، جس وقت بچی بڑی ہوجاوے اور اس کا دودھ چھوٹ جاوے اس وقت قضاء کرے۔ بہر حال غرض یہ ہے کہ جس وقت اتنی طاقت آجاوے کہ روزہ رکھ سکے اس وقت قضاء کرے فدیہ کافی نہ ہوگا۔ (۴) اور روزوں کی قضاء کا متواتر رکھنا ضروری نہیں ہے۔ متفرق رکھے جاسکتے ہیں۔ (۵) فقط۔

## نذر کا روزہ بوجہ خوف بیماری نہ رکھ سکے تو کیا کرے

(سوال ۲۲۹) ایک عورت نے نذر کی کہ اگر میرے اولاد ہو، خداوند کریم مجھ کو اولاد بخشے تو نو ماہ کے روزے رکھوں

---

(۱)الدر المختار على هامش رد المحتار فصل في العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ ص ۴۲۱، ۴۲۲) ظفير.

(۲)عالمگیری مصری کتاب الصوم باب خامس ج ۱ ص ۱۹۳ ط. ماجدیه ج ۱ ص۲۰۷، ۱۲ ظفیر۔

(۳)البحر الرائق ج ص ۳۰۳، ط.س. ج۲ ص ۲۸۱.

(۴)ومنها حبل المراء ة وارضاعها الحامل والمرضع اذا خافتا على انفسها او ولدها افطرتا وقضتا ولا كفارة عليهما كذا في الخلاصة (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب خامس ج ۱ ص ۱۹۳. ط.س. ج۲ ص۲۰۷) ظفیر.

(۵)او مرضع الخ خافت على نفسها او ولدها الفطر الخ وقضوا لزوماالخ بلا ولاء (در مختار) اى موالاة بمعنى المتابعة الخ (رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ ص۴۲۲) ظفير.

گی اب اس کے اولاد ہونے لگی اور نذر کے روزے رکھ نہیں سکتی، جب روزہ رکھتی ہے بیمار ہو جاتی ہے، لہذا وہ عورت فدیہ دے سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں ان روزوں کا رکھنا لازم ہے جس وقت ممکن ہو رکھے اور جب کہ رکھنے سے بالکل ناامید ہو جاوے اس وقت فدیہ کی وصیت کرے (۱) فقط۔

## کسی نے اپنے نذر کے روزے پورے نہیں کئے اور انتقال ہو گیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۳۰) زید نے ایک ماہ کے روزے کی نذر کی۔ بیس روزے پورے ہوئے تھے کہ انتقال ہو گیا، اب اس کے ذمہ دس روزے جو باقی ہیں اس کی ادائیگی کی کیا صورت ہے۔

(جواب) اگر زید نے کچھ مال چھوڑا ہو اور وصیت ادائے فدیہ کی کر گیا ہو تو دس روزوں کا فدیہ زید کے ترکہ میں سے دیا جاوے اور اگر زید نے وصیت نہیں کی تو اگر تبرعاً اس کے ورثاء اس کے روزوں کا فدیہ ادا کر دیں تو یہ اچھا ہے اور امید ہے کہ متوفی کے روزوں کا کفارہ انشاء اللہ تعالیٰ ہو جاوے۔ (۲) فقط۔

## رمضان شریف میں ایام حیض شروع ہونے کے بعد روزہ افطار کر دے یا نہیں

(سوال ۲۳۱) رمضان میں بوجہ ایام جس وقت روزہ کی قضاء معلوم ہوا اسی وقت افطار کرے یا شام تک روزہ کو پورا کرے پورا کرنے سے یہ مطلب نہیں کہ روزہ قضا نہیں ہوا۔ اور اسی طرح جب غسل طہر ہو تو بقیہ دن میں کچھ کھاوے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں کھانے پینے سے شام تک رکنے کی ضرورت نہیں ہے، اور اگر دن میں حیض منقطع ہو گیا تو شام تک رکنا کھانے پینے سے اس کو ضروری ہے۔ درمختار میں ہے کمسا فرا قام وحائض ونفساء طهر تا قال فی رد المحتار ، والا صل فی هذه المسائل ان کل من صار فی اخر النهار بصفة لو کان فی اول النهار علیها للزمه الصوم فعلیه الا مساک الخ۔ (۳) فقط۔

## فدیہ شیخ فانی کے لئے ہے

(سوال ۲۳۲) میری والدہ بعارضہ زکام ہر سال مبتلا رہتی ہیں روزہ رکھ نہیں سکتیں، تو اگر بعوض روزہ اناج دے دیا کریں تو روزہ رمضان ادا ہو جاویں گے یا نہیں۔

(جواب) جب تک شیخ فانی کے درجہ کو نہ پہنچے فدیہ دینا اناج وغیرہ سے درست نہیں ہے۔ قضا روزوں کی لازم ہے۔ یعنی اگر ماہ رمضان میں بوجہ مرض روزہ نہ رکھ سکے تو بعد میں قضا کرنا چاہئے۔ (۴)

---

(۱) ولو اخر القضاء حتی صار شیخا فانیا او کان النذر بصیام الا بد فعجز الخ فله ان یفطرو یطعم لکل یوم مسکینا علی ماتقدم (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب سادس ج ۱ ص ۱۹۶ .ط.س. ج۲ص ۲۰۹) ظفیر۔

(۲) ولو قال مریض لله علی ان صوم شهر افمات قبل ان یصح لا شئی علیه وان صح ولو یوما ولم یصم لزمه الو صیة بجمیعه علی الصحیح کا لصحیح اذا نذر ذالک ومات قبل تمام الشهر لزمه الو صیة با لجمیع بالا جما ع (الدر المختار علی هامش ردالمختار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۷۳ و ج ۲ ص ۱۷۴ .ط.س. ج۲ص۴۳۷) ظفیر۔

(۳) رد المحتار باب ما یفسد الصوم ج ۲ ص ۱۴۵ و ج ۲ ص ۱۴۶ .ط.س. ج۲ص۴۰۸. ۱۲ ظفیر۔

(۴) او مریض خاف الزیادة لمرضه وصحیح خاف المرض الخ الفطر یوم العذر الخ وقضو الزو ما قدر وایلا فدیة الخ (الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض ج ۲ص ۱۵۹ .ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفیر۔

## بیمار پر قضا ضروری ہے فدیہ کافی نہیں ہوتا

(سوال ۲۳۳) ہم میں کا ایک بیمار اس دفعہ رمضان شریف کے روزے رکھنے سے معذور ہے لہذا طعام مسکین والا فدیہ کس صورت میں ادا کیا جاوے۔ کیونکہ یہاں اول تو کوئی مسکین نظر نہیں آتا اور بصد جد وجہد اگر تلاش کرنے پر کوئی نکل بھی آئے تو وہ غیر روزہ دار ہوتا ہے۔ لہذا فرض کس طرح ادا کیا جاوے۔

(جواب) بیمار سے جو روزے فوت ہوں ان کی قضا بعد میں رکھنا ضروری ہے۔ فدیہ سے کام نہیں چلتا۔ اگر فدیہ دے دیا تب بھی قضا لازم ہے۔ چونکہ فدیہ اس صورت میں کافی نہیں ہے، اس لئے فدیہ کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔ (۱) باقی جہاں فدیہ درست ہے۔ مثلاً شیخ فانی کو تو وہاں بے نمازی اگر محتاج ہو اس کو فدیہ دیا جا سکتا ہے۔ (۲) فقط۔

## اختلاج کی وجہ سے جو روزہ پر قادر نہیں، وہ کیا کرے

(سوال ۲۳۴) عمر کو اختلاج یا اور کوئی مرض ہے جس سے اس کو روزے کی مطلق برداشت نہیں ہوتی، اس کو کیا کرنا چاہئے۔

(جواب) روزہ معاف نہیں ہو سکتا، اگر کسی قوی شرعی عذر کی وجہ سے رمضان میں روزہ نہ رکھ سکے تو بعد میں قضاء کرنا واجب ہے۔ (۳) فقط۔

## روزہ رکھنے سے جس کی بیماری بڑھ جاتی ہے وہ کیا کرے

(سوال ۲۳۵) ایک شخص خونی بواسیر میں دو ماہ سے مبتلا ہے، اور وہ نفل روزہ بھی رکھا کرتے ہیں۔ جب روزہ رکھتے ہیں خون آنے لگتا ہے اور مسّے بھی پھول جاتے ہیں اور بڑی تکلیف ہوتی ہے لہذا روزہ نہ رکھے تو ہو نہیں سکتا اور رکھے تو یہ تکلیف پھر اس کو رمضان شریف میں کیا کرنا چاہئے۔

(جواب) ایسے مریض کو رمضان شریف میں روزہ افطار کرنے کی اجازت ہے پھر جب تندرست ہو جائے اور قابل روزہ رکھنے کے ہو جائے تو اس وقت قضاء کرے فدیہ دینا اس کو کافی نہیں ہے، البتہ ایسے مریض کو جس کا مرض دائمی ہو جائے اور صحت سے ناامید ہو فدیہ دینا جائز ہے۔ شامی میں ہے المریض اذا تحقق الیاس من الصحة فعلیه الفدية لكل یوم من المرض (۴) اور درمختار میں ہے اور مریض خاف الزیادة لمر ضه الخ وقضوا لزوماً ما قدر وا بلا فدية الخ۔ (۵) فقط۔

## اسّی سالہ بوڑھا فوت شدہ نماز اور روزہ کا فدیہ دے سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۳۶) زید کی عمر ہشتاد سال کی ہو چکی اور نقاہت جسمانی وضعف پیرانہ سالی اس پر اس قدر طاری ہے کہ وہ

---

(۱) او مریض خاف الزیادة لمرضه وصحیح خاف المرض الخ الفطر الخ وقضو الزوما ما قدر وا بلا فدية وبلا ولاء (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفیر۔

(۲) وللشيخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ويفدی وجو با الخ كالفطرة الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص۴۲۷)

(۳) او مریض خاف الزیادة لمرضه الخ الفطر الخ وقضو الزوماً ما قدر وا بلا فدية (الدر المختار رعلی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۰ و ج ۲ ص ۱۶۱ ط.س. ج۲ص ۴۲۲.۴۲۷) ظفیر

(۴) رد المحتار فصل فی العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۳ ط.س. ج۲ص۴۲۷. ظفیر۔

(۵) الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العوارض المبحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ص ۴۲۲.۴۲۷) ظفیر.

روزہ رکھنے پر یا فوت شدہ نمازوں کی قضاء پڑھنے پر قادر نہیں وہ چاہتا ہے کہ اس کے بدلہ میں فدیہ ادا کرے، کیا وہ اپنی حیات میں فدیہ ادا کر سکتا ہے۔

(جواب) شیخ فانی جس میں بالکل طاقت روزہ کی نہ ہو وہ روزوں کا فدیہ اپنی حیات میں دے سکتا ہے (۱) اور نمازوں کا فدیہ زندگی میں دینا درست نہیں ہے، نماز کی قضاء ہی کرنی چاہئے۔ اگر مرتے دم تک ادا نہ ہوں تو بوقت مرگ وصیت کرنی چاہئے کہ میرے مال میں سے میرے ورثہ فدیہ ادا کریں۔ ھکذا فی کتب (۲) الفقہ۔ فقط۔

## حالت سفر میں روزہ نہیں رکھا اور نہ بعد میں قضا کی گنہ گار ہوا یا نہیں اور جو ہمیشہ سفر میں رہے وہ قضا کیسے کرے گا۔

(سوال ۲۳۷) ایک شخص جہاز میں نوکر تھا، اس نے اپنے کو مسافر سمجھ کر دو تین رمضان روزے نہیں رکھے اور نہ بعد میں قضا کئے، اسی حالت میں مر گیا وہ گنہگار ہے یا نہیں۔ جو ریل یا جہاز میں ملازم ہوتا ہے وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے روزہ قضا کرنے کی کیا صورت ہے۔

(جواب) وہ مسافر جب تک کسی ایک مقام پر پندرہ دن قیام کی نیت نہ کرے گا مسافر ہی رہے گا اور مسافر کو روزہ افطار کرنا بحالت سفر درست ہے مگر بعد سفر ختم ہونے کے قضاء ان روزوں کی لازم ہے، اگر قضاء نہ کرے گا اور بدون وصیت فدیہ کے مر گیا تو اس پر مواخذہ رہے گا۔ (۳) فقط

## بلا عذر اگر فدیہ دے اور روزہ نہ رکھے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۳۸) ایک شخص بلا عذر شرعی کے رمضان شریف کے روزے نہیں رکھتا۔ ایک مسکین کو روزمرہ کھانا کھلا دیتا ہے روزہ ساقط ہوتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اس طریق سے روزہ اس کے ذمہ سے ساقط نہیں ہوتے اور آیۃ وعلی الذین یطیقو نہ فدیۃ طعام مسکین منسوخ ہے یا ماؤل ہے (۴) فقط۔

## حالت غشی میں روزہ دار کیا کرے

(سوال ۲۳۹) حالت غشی میں توڑا جاوے یا نہیں اگر کوئی پانی وغیرہ ڈالدے تو اس پر کچھ گناہ ہے۔ اگر ہے تو کیا کفارہ ہے۔ پانی ڈالنا بہتر ہے، اور مرض والا اس کے عوض بعد میں ایک روزہ ادا کرے یا کیا۔

(جواب) کتب فقہ میں ہے کہ یوم حدوث غشی کے روزہ کی قضا نہیں ہے کیونکہ ظاہر یہ ہے کہ اس نے اس دن نیت

---

(۱) وللشیخ الفانی العاجز عن الصوم الفطر ویفدی وجو باالخ کالفطرۃ (الدر المختار علی هاش رد المحتار فصل فی العوارض المبیحة لعدم الصوم ج ۱ ص ۱۶۳ .ط.س. ج۲ص۴۲۷) ظفیر.

(۲) من تعذر علیه القیام الخ صلی قاعدا و لو مستندا الی وسادة او انسان فانه یلزمه ذالک علی المختار کیف شاء الخ وان تعذر ا الخ وا ماء قاعدا الخ وان تعذر القعود و لو حکما او ما مستلقیا الخ ان تعذر الا یمآء براسه و کثرت الفرائت الخ سقط القضاء (الدر المختار علی هامش رد المحتار باب صلوٰة المریض.ط.س. ج۲ص۹۵) ولو مات وعلیه صلوات فائتة واوصی بالکفارة یعطی لکل صلوة نصف صاع من بر کالفطرة وکذا حکم الوتر (در مختار) بان کان یقدر علی ادائها ولوبا لا یماء فیلزمه الا یصاء بها والا فلا یلزمه . رد المحتار باب قضاء الفوائت ج ۱ ص ۶۸۵ .ط.س، ج۲ص۷۲) ظفیر.

(۳) لمسافر سفر اشر عیا الخ الفطر یوم العذر الا السفر و قضو الزوما ما قدروا الخ ولو ما تو ابعد زوال العذر وجبت الوصیة الدر المختار علی هامش رد المحتار فصل فی العورض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸ و ج ۲ ص ۱۲۰ .ط.س. ج۲ص ۴۲۱)

(۴) البقره رکوع ۲۳ فذهب اکثرهم الی ان الایة منسوخة ...... وذالک انهم کانوا فی ابتداء الا سلام مخیرین الخ ثم نسخ المتخیر ونزلت العزیمة الخ (تفسیر مظهری ج ۲ ص ۱۷۸) ظفیر.

روزہ کی کی ہوگی۔ اس سے معلوم ہوا کہ غشی والے کا روزہ توڑوانا ضروری نہیں ہے، جائز ہے(۱) البتہ اگر طبیب دوا دینے کی ضرورت سمجھے تو اس کا روزہ تڑوانا اور اس کے منہ میں پانی دوا وغیرہ ڈالنا ضروری ہے اور اگر کسی نے غشی والے کے منہ میں پانی یا دواء ڈالی تو وہ گنہگار نہیں ہے، اور اس روزہ کی قضاء مریض پر لازم ہے کفارہ واجب نہیں ہے۔(۲) فقط

## زمیندار کو سخت گرمی میں افطار کی اجازت ہے یا نہیں

(سوال ۲۴۰) کیا زمیندار فصل ربیع کے وقت سخت گرمی کے اندر روزہ نہ رکھیں اور بعد میں قضا کریں تو جائز ہے یا نہیں

(جواب) شامی میں ہے وعلی هذا الحصادا ذا لم يقدر عليه مع الصوم ويهلک الزرع بالتاخير لا شک فی جواز الفطر والقضاء الخ ۔(۳) پس جب کہ کاشتکار وزمیندار کو ایسی مجبوری ہو تو افطار کرنا اور پھر قضا کرنا درست ہے۔ فقط۔

## ضعف دماغ کا مریض افطار کرسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۴۱) زید بعارضہ ضعف دماغ مبتلا ہے جس کی وجہ سے رعشہ میں مبتلا ہو رہا ہے اور وقتاً فوقتاً ہو جایا کرتا ہے جس کی وجہ سے وہ نہایت دقت سے اپنی ملازمت کا کام انجام دیتا ہے۔ روزہ رکھنے سے مجبور ہے۔ بحالت صوم کوئی کام نہیں کرسکتا، اور بحالت انجام دہی کام ملازمت روزہ نہیں رکھ سکتا، ایسی حالت میں روزہ رکھے یا کفارہ دے یا قضاء کرے۔

(جواب) مریض کو روزہ افطار کرنا اس وقت جائز ہوتا ہے کہ زیادتی مرض کا اندیشہ ہو اور تکلیف بڑھنے کا خوف ہو، ایسی حالت میں اس کو افطار کرنا درست ہے اور بعد میں قضا لازم ہے۔ فدیہ دینا اس کو جائز نہیں ہے۔ کما فی الدر المختار او مريض خاف الزيادة لمرضه الخ وقضوا لزوما ما قدروا بلا فدية الخ۔(۴) فقط۔

## شدت مرض کی وجہ سے روزہ نہیں رکھا اور مر گیا، تو اب کیا کیا جائے

(سوال ۲۴۲) مریض اگر شدت مرض سے روزہ رمضان نہ رکھ سکے اور انتقال کر جائے تو اس کے ورثاء کفارہ کس طرح ادا کریں۔

(جواب) مریض کو اگر اس قدر مہلت نہیں ملی اور صحت نہیں ہوئی کہ وہ ان دنوں میں روزوں کی قضا کر سکے تو اس کے ذمہ قضاء ان روزوں کی لازم نہیں ہوئی۔ اور وارثوں کے ذمہ کفارہ بھی لازم نہیں ہوا۔(۵) فقط۔

---

(۱) وقضى ايام اغمائه ولو كان الا غماء مستغرقا للشهر لندرة امتداده سوى يوم حدث الا غماء فيه فى ليلته فلا يقضيه الا اذا علم انه لم ينوه (الدر المختار على هامش رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة لعدم الصوم ج ۲ ص ۱۶۸ ط.س. ج۲ص ۴۳۲ ظفير.

(۲) او مريض خاف الزيادة لمرضه وصحيح خاف المرض وخادمة خافت الضعف بغلبة الظن بامارة وتجربة او باخبار طبيب حاذق مسلم مستور. (الدرا لمختار على هامش رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۵۹ ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفير.

(۳) رد المحتار باب مايفسد الصوم تحت فروعه ج ۲ ص ۱۵۷ ط.س. ج۲ص ۴۲۰، ۴۲۱ ظفير.

(۴) الدر المختار على هامش رد المحتار فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۵۹ و ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ص ۴۲۲) ظفير.

(۵) فان ما توافيه اى فى ذالک العذر فلا تجب عليهم الو صية بالفدية لعدم ادراكهم عدة من ايام اخر (الدر المختار على هامش رد المحتار. باب مايفسد الصوم. فصل فى العوارض المبيحة ج ۲ ص ۱۶۰ ط.س. ج۲ص ۴۲۳، ۴۲۴) ظفير.

نواں باب

## متفرقات یعنی روزے کے مختلف مسائل

### شوال کے چھ روزے مسلسل رکھے جائیں یا متفرق

(سوال ۲۴۳) در شوال شش روزہ متصل داشتن مکروہ است یا نہ یا شش روزہ متفرق دارد۔

(جواب) قال فی الدر المختار وندب تفریق صوم الستّ من شوال ولا یکرہ التتا بع علی المختار۔ (۱) یعنی مستحب است متفرق کردن شش روزہ شوال را و تتابع ہم مکروہ نیست علی القول المختار۔ فقط۔

### نفل روزہ کتنی تعداد میں مسلسل رکھنا ضروری ہے

(سوال ۲۴۴) علمائے میرٹھ مایند کہ ہر روزہ نفل یک و دو نباید داشت کہ مشابہت بصوم یہودی شود بالخصوص صوم عاشورا محرم از نہم تا یاز دہم باید داشت و علی ہذا، ہر صوم کم از سہ یوم نباید داشت تا مشابہت نہ آید۔

(جواب) عاشوراء کے روزہ کے بارے میں یہ حکم ہے کہ تنہا روزہ رکھنا عاشوراء کا مکروہ تنزیہی ہے یعنی غیر اولی ہے، اس کے ساتھ ایک روزہ اور رکھے نویں کا یا گیارہویں کا اور شنبہ کے روزہ میں بھی فقہاء نے یہ لکھا ہے کہ اس کے ساتھ ایک روزہ اور رکھے۔ شنبہ کا روزہ تنہا نہ رکھے بوجہ مشابہت یہود کے وہ شنبہ کا روزہ تعظیماً رکھتے تھے۔ (۲) باقی یہ نہیں ہے کہ کوئی روزہ نفلی تنہا نہ رکھے بلکہ پیر اور جمعرات کا تنہا تنہا روزہ رکھنا حدیث شریف میں وارد ہوا ہے۔ اور یہ بھی قول غلط ہے کہ تین روزہ سے کم نہ رکھے بلکہ جو روزہ تنہا مکروہ ہے جیسا کہ عاشوراء کا روزہ اس کے ساتھ ایک روزہ اور رکھنے سے کراہت مرتفع ہو جاتی ہے دو روزے ہو جانا کافی ہے، چنانچہ وہ روایت جو صوم عاشوراء کے متعلق ان مولوی صاحب نے نقل فرمائی ہے اس میں بھی یہ لفظ ہے ویصوم التاسع من الحرم ویوم عاشوراء اوالحادی عشر الخ۔ (۳) اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صوم عاشوراء کے ساتھ نویں محرم کا روزہ رکھے یا گیارہویں کا۔ پس معلوم نہیں کہ یہ وہ کہاں سے کہتے ہیں کہ تین دن سے کم نفلی روزہ نہ ہوں، یہ بالکل غلط ہے۔ عموماً ایک روزہ نفل کا درست ہے جیسا کہ پیر اور جمعرات کا روزہ منفرداً حدیث شریف میں وارد ہے اور جمعہ کا روزہ بھی منفرداً علی الاصح مستحب ہے، درمختار میں ہے والمندوب کا یام البیض من کل شهر ویوم الجمعة ولو منفرداً وعرفة ولو لحاج الخ قوله منفرداً صرح به فی النهر و کذا فی البحر فقال ان صومه بانفراد مستحب عند العامة کالا ثنین والخمیس۔ (۴) فقط۔

### نابالغ کا روزہ رکھنا بہتر ہے یا پڑھنے میں محنت کرنا

(سوال ۲۴۵) نابالغ طلباء کو رمضان کے روزے رکھنا بہتر ہیں یا درس میں سعی کرنا جب کہ روزہ رکھنے سے ان کو ضعف ہوتا ہے اور وہ تعلیم میں مصروف رہتے ہوں۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار مطلب فی صوم الست من شوال ج ۲ ص ۱۷۱۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۴۳۵۔ ۱۲ ظفیر۔
(۲) ونفل کغیر هما یعم السنة کصوم عاشوراء مع التاسع (در مختا) ویستحب ان یصوم یوم عاشوراء بصوم یوم قبله او یوم بعده لیکون محالفا لا هل الکتاب الخ وقوله وعا شوراء وحده ای مفرداعن التاسع اوعن الحادی عشر لانه تشبه بالیهود قوله وسبت وحدة للتشبه بالیهود (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۳ و ج ۲ ص ۱۱۴۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۳۷۵) ظفیر
(۳) ط۔س۔ ج۲ ص ۳۷۵
(۴) ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۳۷۵۔ ۱۲ ظفیر

(جواب) درمختار میں ہے وان وجب ضرب ابن عشر علیها بیدلا بخشبة لحدیث مروا اولا دکم بالصلوٰة وهم ابناء سبع واضربوهم علیها وهم ابناء عشر قلت والصوم کا لصلوٰة علی الصحیح کما فی صوم القهستانی معزیا للزاهدی وفی حظرا لاختیار انه یومر با لصوم والصلوٰة وینهی عن شرب الخمر لیالف الخیر ویترک الشر الخ (۱)

اس سے معلوم ہوا کہ نابالغ لڑکوں کا حکم روزہ کے بارے میں مانند نماز کے ہے کہ سات برس کی عمر سے نماز روزہ کا حکم کیا جاوے اور دس برس کی عمر میں مار کر نماز روزہ رکھوایا جاوے، پس چاہئے کہ رمضان شریف میں بچوں سے تحصیل علم کی محنت کم لی جاوے۔ (۲) اس وجہ سے مدارس اسلامیہ میں عموماً رمضان شریف کی تعطیل کردی جاتی ہے۔

## شوال کے چھ روزے کب شروع کرے

(سوال ۲۴۶) ماہ شوال میں جو چھ روزے نفلی رکھے جاتے ہیں ان روزوں کو عید کے اگلے ہی روز سے شروع کردے یا کیا اگر عید سے اگلے روز شروع نہ کیا تو باقی مہینہ میں رکھے یا نہیں۔

(جواب) شوال کے چھ روزے شش عید کے نام سے مشہور ہیں درمختار میں لکھا ہے کہ متفرق رکھنا ان کا بہتر اور مستحب ہے اور پے در پے رکھنا بھی مکروہ نہیں۔ وندب تفریق صوم الست من شوال ولا یکره التتابع الخ۔ (۳) فقط

## رجب کا روزہ ثابت ہے یا نہیں

(سوال ۲۴۷) ۲۷ رجب کو جو روزہ رکھتے ہیں یہ حدیث سے ثابت ہے یا نہیں، اس کو بعض لوگ ہزارہ روزہ کہتے ہیں۔

(جواب) ستائیسویں رجب کے روزے کو جو عوام ہزارہ روزہ کہتے ہیں اور ہزار روزوں کی برابر اس کا ثواب سمجھتے ہیں اس کی کچھ اصل نہیں ہے۔ فقط۔

## شطرنج کھیلنا روزے کے ثواب کو گھٹا دیتا ہے

(سوال ۲۴۸) ایک واعظ نے بیان کیا کہ جو شخص روزہ میں شطرنج کھیلے گا، اس کو روزہ کا ثواب کامل نہ ملے گا اور حالانکہ شطرنج کھیلنا امام شافعی کے نزدیک جائز اور حضرت ابوہریرہؓ کا کھیلنا ثابت ہے یہ قول اس کا صحیح ہے یا نہیں۔

(جواب) واعظ مذکور کا قول صحیح ہے۔ جس روزہ میں شطرنج اور لہو ولعب میں مشغول رہا اور معصیت کا ارتکاب کیا اور روزہ کا ثواب نہ ملے گا جیسا کہ حدیث شریف میں ہے من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله حاجة فی ان یدع طعامه وشرابه . رواه البخاری (۴) وفی حدیث اخر . کم من صائم لیس له من صیامه الا الظماء وکم من قائم لیس له من قیامه الا السهر رواه الدارمی (۵) قال الطیبی فان الصائم اذا لم یکن محتسبا

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الصلوٰة ج ۱ ص ۳۲۶. ط.س. ج۲ص ۳۵۲. ۱۲.

(۲) ویو مر الصبی با لصوم اذا اطاقه ویضرب علیه ابن عشر کا لصلوٰة فی الا صح (در مختار) قوله یضرب ای بید لا بخشبة ولا یجا وز الثلاث کما قیل فی الصلوٰة (ردالمحتار کتاب الصوم باب مایفسد الصوم ولا یفسد ج ۲ ص ۱۴۷. ط.س. ج۲ص ۴۰۹) ظفیر.

(۳) الدر المختار علی هامش ردالمحتار . مطلب فی صوم الست من شوال ج ۲ ص ۱۷۱. ط.س. ج۲ص۴۳۵ ۱۲ ظفیر

(۴) مشکوٰة باب تنزیه الصوم ص ۱۷۶ ظفیر.

(۵) دیکھئے مشکوٰة مع حاشیہ باب تنزیہ الصوم ص ۱۷۷ ظفیر

او لم یکن مجتنبا من الفواحش من الزور والبھتان والغیبة ونحوھا من المناھی فلا حاصل له الا الجوع والعطش الخ(۱) وفی الدر المختار و کرہ تحریما اللعب بالنردو کذا الشطرنج(۲)الخ وفی الشامی فھو حرام کبیرة عندنا الخ (۳)پس جب کہ کتب فقہ میں تصریح ہے شطرنج..... کھیلنے کی کراہت اور حرمت کی، تو حنفیہ کے لئے کوئی عذر باقی نہیں ہے۔ امام شافعیؒ(۴) کے قول سے حنفیہ کو حجت لانا صحیح نہیں ہے اور حضرت ابو ہریرۃؓ کا شطرنج کھیلنا ثابت نہیں ہے۔ فقط۔

## غیر کی افطاری سے افطار کرنے کا ثواب

(سوال ۲۴۹) ایں کردن کہ افطار صوم برافطاری غیر نباید کرد کہ ثواب صوم صاحب طعام را می رسد، صحیح است یانہ۔

(جواب) ایں عقیدہ فاسد است کہ افطار برافطاری غیر نباید کرد کہ ثواب صوم صاحب طعام را میرسد(۵) فقط۔

## رویت ہلال کی خبر ۱۲ بجے ملے تو کیا کرے

(سوال ۲۵۰) اگر رویت ہلال کی خبر بارہ بجے کے بعد ملے تو روزہ کو افطار کردیوے یا تمام کرے۔

(جواب) رویت ہلال کی خبر جس وقت بھی پختہ طور سے پہنچ جاوے خواہ غروب آفتاب سے تھوڑا ہی پہلے ہو بشرطیکہ شہادت معتبرہ ہو محض تار وغیرہ کی خبر نہ ہو تو روزہ فوراً افطار کردینا چاہئے۔ بصورت روزہ نہ افطار کرنے کے گنہگار ہوگا۔(۶) فقط۔

## شہادت شرعی پر افطار کا حکم دے دیا اور کسی نے افطار نہ کیا تو یہ کیسا ہے

(سوال ۲۵۱) اگر مولوی صاحب نے شہادت شرعی رویت ہلال کی گذرنے پر حکم عید کا دے دیا اور محض ایک شخص نے روزہ افطار نہ کیا تو کیا حکم ہے۔

(جواب) وہ شخص گنہگار ہوا توبہ کرے(۷) فقط۔

## روزہ کس چیز سے افطار کرنا بہتر ہے

(سوال ۲۵۲) روزہ افطار کرنا چھوہارے یعنی کھجور سے بہتر ہے یا دودھ پیڑے سے۔

.....................................

(۱) دیکھئے مشکوۃ معه حاشیه باب تنزیه الصوم ص ۱۷۷ ظفیر۔
(۲) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الخطر والاباحة ج ۵ ص ۳۴۷ فصل فی البیع
(۳) ردالمحتار باب ایضاً ج ۵ ص ۳۴۷ فصل فی البیع
(۴) یہ قول بھی درست نہیں ہے کہ امام شافعیؒ شطرنج کھیلنا جائز فرماتے ہیں۔ حافظ ابن القیمؒ نے جواز کے قول کی تردید کی ہے۔ دیکھئے اعلام الموقعین ج ۱ ص ۱۵ الفاظ یہ ہیں قال الشافعی فی اللعب بالشطرنج انه لھو سبه الباطل اکرھه ولا یتبین لی تحریمه فقد نص علی کراھة وتو قف فی تحریمه فلا یجوز ان ینسب الیه والی مذھبه ان العب بھا جائز انه مباح فانه لم یقل ھذا و لا ما یدل علیه ۲ ظفیر۔
(۵) حدیث نبوی ہے من فطر فیه صائما کان له مغفرة لذنوبه وعتق رقبة من النار و کان له مثل اجره من غیران ینتقص من اجره شئ (مشکوۃ ص ۱۷۴)
(۶) ولو کانوا ببلدة لا حاکم فیھا صاموا بقول ثقة وافطر واباخبار عدلین مع العلة للضرورة (درمختار) قوله وافطروا الخ عبارة غیره لا باس بان یفطروا والظاھران المراد به الوجوب (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۱ ص ۱۲۵ ط.س. ج ۲ ص ۳۸۶) ظفیر۔
(۷) وافطر واباخبار عدلین مع العلة (در مختار) والظاھر المراد به الوجوب (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۲۵ ط.س. ج ۲ ص ۳۸۶) ظفیر۔

(جواب) کھجور اور چھوہارے سے افطار کرنا افضل ہے۔(۱) فقط۔

## ہندو کی چیز سے افطار کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۵۳) ایک ہندو مشرک ہر ماہ رمضان میں دودھ اور کھانڈ اور برف خرید کر مسلمانوں کے حوالہ کر دیتا ہے، اس سے روزہ افطار کرنے میں کچھ حرج تو نہیں ہے۔

(جواب) اس میں کچھ حرج نہیں ہے۔ فقط

## رنڈی اور ہندو کی افطاری سے افطار کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۵۴) کسی کی بھیجی ہوئی افطاری سے روزہ افطار کرنے کا کیا حکم ہے (۲) کسی ہندو کی بھیجی ہوئی افطاری سے روزہ افطار کرنے کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱) خلاف تقویٰ ہے گو از راہ فتویٰ بصورت عدم علم حرمت درست ہے۔(۲)

(۲) درست ہے۔(۳) فقط۔

## نفل روزہ کے ایام میں رمضان کی قضا کرنے سے کیا قضا اور نفل دونوں کا ثواب ہوگا

(سوال ۲۵۵) اگر کسی شخص نے رمضان کی قضاء ایسے ایام میں کی کہ ان میں نفلی روزہ بھی مستحب اور سنت ہے تو ثواب نفلی روزہ کا بھی ہوگا یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں وہ روزے قضاء کے ہوئے، نفلی روزے کا ثواب اس میں نہ ہوگا۔ فقط۔

## افطار کا ثواب

(سوال ۲۵۶) چار شخص افطاری کے لئے چار روٹی لائے اور ایک جگہ رکھ دی، پانچ سات آدمیوں نے اوپر کی روٹی سے روزہ افطار کیا تو باقی تینوں کو بھی افطاری کا ثواب ملے گا یا نہیں۔

(جواب) ان تینوں کو بھی ثواب ملے گا۔ فقط۔

## عید کے دن روزہ حرام ہے

(سوال ۲۵۷) عید کے روز روزہ حرام ہے یا نہیں اور جس کو عید ہونا معلوم نہ ہوا اور اس نے روزہ رکھا تو صحیح ہے یا نہیں اور اگر شخص مذکور بلا عذر شرعی روزہ افطار کرلے تو قضاء یا کفارہ واجب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) جس کو عید ہونا معلوم نہ ہوا اور ثبوت عید اس کے نزدیک نہ ہوا ہو اور حکم عید بطریق موجب اس کے نزدیک ثابت نہ ہوا ہو تو اس کو روزہ رکھنے میں گناہ نہ ہوگا اور اس کے حق میں حرمت نہ ہوگی اگرچہ درحقیقت وہ روزہ نہیں ہوا کیونکہ عید الفطر کا دن روزہ کا محل نہیں ہے، اور جس نے باوجود عدم علم اس دن رزہ نہ رکھا اور افطار کیا اور بعد میں عید ہونا اس دن کا محقق ہو گیا تو قضاء اس روزہ کی اور کفارہ اس پر لازم نہ ہوگا۔ فقط۔

---

(۱) عن انس قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم تکن رطبات فتمیرات فان لم تکن تمیرات حسا حسوات من ماء رواہ الترمذی و ابو داؤد (مشکوۃ کتاب الصوم باب بعد باب رویۃ الهلال ص ۱۷۵) ظفیر

(۲) سئل الفقیہ ابو جعفر عمن اکتسب ما لہ من امراء السلطان وجمع المال من اخذ الغرامات لمحرمات وغیرہ ذالک ھل یحل لمن عرف ذالک ان یاکل من طعامہ، قال احب الی ان لا یاکل منہ ویسعہ حکما ان یاکلہ ان کان ذالک الطعام لم یکن فی ید المطعم غصبا اور شوۃ اہ ای ان لم یکن عین الغصب اوالر شوۃ لانہ لم یملکہ فھو نفس الحرام فلا یحل لہ و لا غیرہ (ردالمحتار کتاب الزکوۃ باب زکوۃ الغنم مطلب فی التصدیق من المال الحرام ج ۲ ص ۳۵، ط س ج ۲ ص ۲۹۲)

(۳) پاک و حلال غذا ہے اس لئے کوئی مضائقہ نہیں ۱۲ ظفیر۔

## مریض کے لئے دواء سے روزہ کا افطار کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۵۸) جو شخص مریض ہو وہ دواء سے رمضان شریف میں روزہ افطار کرسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) وہ شخص دواء سے روزہ افطار کرے اس میں کچھ حرج نہیں ہے

## قضا کے لئے حیلہ اختیار کرنا مذموم ہے۔

(سوال ۲۵۹) اگر قصداً روزہ سے بچ کر حیلہ سفر یا مرض وغیرہ کر کے روزہ قضاء کرے تو جائز ہے یا نہیں

(جواب) مسافر شرعی اور مریض کو افطار کرنا درست ہے۔(۱) اور حیلہ کرنا مذموم اور قبیح ہے۔فقط۔

## بغیر سحری روزہ درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۶۰) بغیر سحری کھائے روزہ درست ہے یا نہیں

(جواب) سحری کھانا روزہ کے لئے مستحب ہے۔ پس بلا سحری کے بھی روزہ ہو جاتا ہے۔(۲) فقط۔

## رمضان شریف سے پہلے ایک دو روزہ رکھنا کیسا ہے

(سوال ۲۶۱) رمضان شریف کا چاند دیکھنے سے قبل ایک یا دو روزہ رکھنا کیسا ہے۔

(جواب) ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔ حدیث شریف میں اس کی ممانعت ہے کہ رمضان کے شروع ہونے سے پہلے کوئی روزہ نہ رکھا جائے، حدیث شریف میں ہے **صوموا لرویته وافطروا لرویته** (۳) فقط۔

## سحری کے بعد بیوی سے ہم بستری جائز ہے

(سوال ۲۶۲) رمضان المبارک میں سحری کھانے کے بعد اپنی بیوی سے ہم بستر ہوسکتا ہوں یا نہیں، بعد کو غسل کا وقت کب تک رہتا ہے۔

(جواب) رمضان شریف میں سحری کھانے کے بعد اگر صبح صادق ہونے میں دیر ہو تو اپنی زوجہ سے جماع کرنا درست ہے۔ غرض یہ ہے کہ صبح صادق سے پہلے پہلے جماع سے فراغت ہو جانی چاہئے۔ غسل چاہے صبح ہونے کے بعد ہو۔ روزہ میں کچھ نقصان نہ آوے گا۔(۴) آج کل صبح صادق ۴ بج کر ۴۳ منٹ پر ہے ریلوے ٹائم سے اور آخر اپریل تک سوا چار بجے صبح صادق ہوگی اور آخر رمضان شریف تک صبح صادق چار بجے سے دو چار منٹ کم پر ہوگی۔ فقط (صبح صادق کا وقت ہر جگہ ایک نہیں ہوتا۔ظفیر)

## سال بھر روزے رکھنا کیسا ہے

(سوال ۲۶۳) عید الضحیٰ و عید الفطر کا روزہ افطار کر کے باقی تمام سال یعنی بارہ ماہ روزہ رکھنا، ایک قضاء نہ کرنا درست ہے یا نہیں۔

---

(۱) لمسافر سفرا شرعیا ولو بمعصیة الخ او مریض خاف الزیادة لمرضه الخ الفطر الخ وقضوا الزوما ما قدروا (الدر المختار علی هامش ردالمحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۵۸ و ج ۲ ص ۱۵۹ ط.س. ج۲ص ۴۲۲) واشار باللام الی مخیر ولکن الصوم افضل ان لم یضره (ردالمحتار ایضاً) ظفیر. (۲) ویستحب السحور وتاخیره (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۵۶ ط.س. ج۲ص ۴۱۹) ظفیر. (۳) مشکوٰة المصابیح، باب رویت الهلال ص ۱۷۴ ظفیر. (۴) احل لکم لیلة الصیام الرفث الی نسائکم (بقره) والرفث المذکور هو الجماع ولا خلاف بین اهل العلم فیه (احکام القرآن للجصاص ج ۱ ص ۲۲۷) وکذا لا یفطر لو جامع عامدا قبل الفجر و نزع فی الحال عند طلوعه (ردالمحتار باب مایفسد الصوم ج ۲ ص ۱۳۵ ط.س. ج۲ص۳۹۷) ظفیر.

(جواب) سال بھر میں پانچ روزے رکھنا ممنوع ہے۔ (۱) عید الفطر، عید الضحیٰ اور تین دن ایام تشریق کے باقی تمام برس روزے رکھنا درست ہے، لیکن یہ اچھا نہیں ہے کہ ہمیشہ روزے رکھے۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ روزے بھی رکھتے تھے اور افطار بھی کرتے تھے، پس ایسا ہی کرنا موافق سنت کے ہے۔ فقط۔

## افطار ونماز مغرب کا حکم دینا کیسا ہے اور اس کا صحیح وقت کیا ہے

(سوال ۲۶۴) نماز مغرب وافطار روزہ کا حکم ایسے وقت دینا جب کہ چند حصار مسلمانوں کو غروب آفتاب میں کلام ہو، کیسا ہے، اور ان دونوں کا صحیح وقت کیا ہے، اور اس کی شناخت مقرر کردہ علماء کیا ہے۔

(جواب) یہ امر تجربہ اور مشاہدہ پر موقوف ہے اور جاننے والے اس کے ہر وقت میں موجود رہتے ہیں اور صحیح گھڑی ہے اور جنتری طلوع وغروب سے بھی اس میں مدد ملتی ہے۔ پس جو جنتری طلوع وغروب کی صحیح ہو اور اس کا تجربہ ہو چکا ہو، صحیح گھڑی سے اس کے مطابق افطار ونماز مغرب کا حکم کیا جاوے گا اور اکثر زمانوں میں مشاہدہ اور علامات سے بھی معلوم ہو جاتا ہے فقط۔

## روزہ دار نے حقہ سے افطار کیا تو روزہ ہوا یا نہیں

(سوال ۲۶۵) جس شخص نے تمام دن روزہ رکھا اور بوقت اذان حقہ پی کر بے ہوش ہو گیا، اس کا روزہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اس کا روزہ ہو گیا۔ (۳) فقط۔

## فرض روزہ کی قضا باقی رہنے کی صورت میں نفل روزہ درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۶۶) فرض روزہ جو قضا ہو گیا تھا اس کو ادا کرنے کے قبل نفل روزہ رکھا تو جائز ہے یا نہیں

(جواب) جائز ہے، وہ روزہ نفل ہو جاوے گا۔ (۴) فقط۔

## ایام سرما میں قضاء رکھنے سے ثواب میں کمی نہیں ہوتی

(سوال ۲۶۷) جن لوگوں کے روزے ماہ رمضان میں بسبب عذر کے قضا ہو جاتے ہیں، ان کو موسم سرما میں ادا کرنے سے ثواب میں کمی تو نہ ہوگی۔

(جواب) ایام سرما میں قضا روزوں کی کرنے سے ثواب میں کچھ کمی نہیں ہوتی۔ (۵) فقط۔

## بے نمازی کا روزہ ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۶۸) جو شخص رمضان شریف میں روزے رکھتا ہو اور نماز نہ پڑھتا ہو اس کا روزہ ہوتا ہے یا نہیں۔

---

(۱) والمکروہ تحریما کالعیدین وتنزیها کما شوراء وحدة الخ وصوم دهره (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۴. ط.س. ج۲ص۳۷۵) ظفیر.

(۲) فقال عمر یا رسول الله کیف من یصوم الدهر کله قال لا صام ولا افطر اوقال لم یصم ولم یفطر الخ (مشکوة باب صیام التطوع ج ص ۱۷۹) ظفیر.

(۳) اس لئے کہ روزہ صبح صادق سے غروب آفتاب تک روزے کی نیت کے ساتھ کھانا پینا اور جماع کے چھوڑ دینے کا نام ہے اور اس پر اس نے عمل کیا وشرعا امساک عن المفطرات الاتیة حقیقة او حکما الخ فی وقت مخصوص وهو الیوم الخ مع النیة المعهودة (در مختار) قوله هو الیوم ای الیوم الشرعی من طلوع الفجر الی الغروب (ردالمحتار کتاب الصوم ج ۲ ص ۱۱۰. ط.س. ج۲ص۳۷۱) ظفیر.

(۴) ولذا جاز التطوع قبله (قبل قضاء رمضان بخلاف قضاء الصلوة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار فصل فی العوارض المبیحة ج ۲ ص ۱۶۰. ط.س. ج۲ص۴۲۳) ظفیر.

(۵) لمسافرالخ او مریض الخ الفطر یوم العذر الخ وقضوا لزوما ما قدر وابلا فدیة وبلا ولاء (ایضا ج ۲ ص ۱۶۰. ط.س. ج۲ص۴۲۲، ۴۲۳) ظفیر.

(جواب) روزہ ہوجاتا ہے اور ترک نماز کا گناہ رہتا ہے۔ نمازوں کی قضا اس کے ذمہ فرض ہے۔(١)

## رمضان کے روزوں کے بعد کون سے روزے افضل ہیں اور نمازوں میں کون سے نوافل

(سوال ٢٦٩) بعد روزہ رمضان کے زیادہ ثواب والے کون کون سے روزے ہیں، اور بعد فرائض وسنن کون سے نوافل زیادہ ثوب والے ہیں۔

(جواب) حدیث صحیح مسلم میں ہے **افضل الصیام بعد رمضان شهر الله المحرم وافضل الصلوٰة بعد الفريضة صلوٰة الليل رواه مسلم** (٢) فقط۔

(یعنی رمضان کے روزوں کے بعد محرم کے روزوں کا درجہ ہے اور فرض نمازوں کے بعد رات کی نفل نمازوں کا۔ ظفیر)

## افطار کا وقت کیا ہے

(سوال ٢٧٠) ماہ رمضان شریف کا روزہ کس وقت افطا کرنا چاہئے۔

(جواب) روزہ غروب آفتاب کے بعد افطار کرنا چاہئے، گھڑی سے اس کا وقت مختلف ہوتا رہتا ہے، اس سے کوئی مستقل وقت کی تعیین نہیں ہوسکتی۔ (٣)

## شعبان میں کون سا روزہ ضروری ہے اور کب سے ممنوع

(سوال ٢٧١) شعبان میں کس تاریخ کا روزہ فرض ہے یا مسنون ہے۔ نیز یہ روایت کہ اس ماہ میں سوائے ١٣ تاریخ کے اور روزہ رکھنا جائز یا ممنوع ہے، کہاں تک صحیح ہے۔

(جواب) ماہ شعبان میں کسی تاریخ اور دن کا روزہ فرض اور واجب نہیں ہے اور تیرہ شعبان کے روزے کی کوئی خاص فضیلت حدیث شریف سے ثابت نہیں ہے البتہ یہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ شعبان کی پندرہویں شب کو بیدار رہ کر عبادت میں مشغول رہو اور پندرہویں تاریخ کا روزہ رکھو، پس پندرہویں تاریخ شعبان کا روزہ مستحب ہے، اگر کوئی رکھے تو ثواب ہے اور نہ رکھے تو کچھ حرج نہیں ہے۔ (٤) فقط۔

---

(١) دونوں فرض الگ ہیں۔ ایک دوسرے پر موقوف نہیں واللہ اعلم ١٢ ظفیر۔

(٢) مشكوٰة باب صيام التطوع فصل اول ص ١٧٨ ١٢ ظفير

(٣) هو امساک عن المغطرات حقيقة او حكما فى وقت مخصوص وهواليوم (در مختار) وقال فى ردالمحتار اى اليوم الشرعى من طلوع الفجر الى الغروب الخ ج ٢ ص ١١٠ ط.س.ج٢ص ٣٧١) ـ عن على عن النبى صلى الله عليه وسلم قال اذا كانت ليلة نصف شعبان فقوموا ليلها وصوموا يومها (الترغيب والترهيب كتاب الصوم ج ٢ ص ٣٠) ظفير صديقى۔

دسواں باب

## اعتکاف اوراس کے مسائل

### کسی بڑے قصبہ کی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی بستی کی ذمہ داری ختم نہ ہوگی

(سوال ۲۷۲) بڑے قصبہ کی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی بستی جواس قصبہ کے متصل ہو، وہاں کے لوگوں کے ذمہ سے یہ سنت کفایہ ادا ہو جاوے گا یا نہیں؟

(جواب) بڑے قصبہ کی مسجد میں اعتکاف کرنے سے چھوٹی بستی کے لوگوں کے ذمہ سے یہ سنت کفایہ ادا نہ ہوگی۔(۱) فقط۔

### معتکف مسجد میں مریض دیکھ کر نسخہ لکھ سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۷۳) معتکف مسجد میں مریض کو دیکھ کر یا حال سن کر نسخہ لکھ سکتا ہے یا نہیں۔ ایسے اگر معتکف ضرورت طبعی سے باہر جائے تو باہر کسی مریض کے پوچھنے پر دوا بتا سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) معتکف مریض کو مسجد میں دیکھ کر اور حال سن کر نسخہ لکھ سکتا ہے۔ اور علاج کر سکتا ہے اور معتکف اگر بہ ضرورت طبعی باہر مسجد سے ہے اور کوئی مریض حال کہے اور دوا پوچھے تو بتلانا جائز ہے۔(۲) فقط۔

### معتکف کا غسل خانہ مسجد میں برائے ٹھنڈک غسل کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۷۴) معتکف کے واسطے محض تبرید اور دفع گرمی کی وجہ سے غسل خانہ مسجد میں غسل کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) معتکف اعتکاف نفل کو درست ہے۔(۳) فقط۔

### معتکف مسجد میں متعین جگہ میں رہے یا بدل سکتا ہے

(سوال ۲۷۵) معتکف اپنے لئے مسجد میں جگہ مقرر کر لیتا ہے تو اس کو اس جگہ رہنا چاہئے یا مسجد میں جہاں چاہے وہاں رہے۔

### معتکف گوشہ صحن مسجد میں غسل کر سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۷۶) معتکف غسل جمعہ کے لئے مسجد کے باہر تو جا نہیں سکتا گوشہ صحن میں جو خارج مسجد کے قریب ہو یا فصیل پر غسل جمعہ کر سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) تمام مسجد میں جہاں چاہے بیٹھے کچھ حرج نہیں ہے۔(۴)

---

(۱) وسنة موكده في العشرا لاخير من رمضان اى سنة كفاية كما في البرهان وغيره لا قتر انها بعدم الا نكار على من لم يفعله من الصحابة (در مختار) اى سنة كفاية نظير ها اقامة التراويح بالجماعة فاذا قام بها البعض سقط الطلب عن الباقين (ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۱ ص ۱۷۷ ط.س ج۲ ص ۴۴۲) ظفير.

(۲) خص المعتكف باكل وشرب ونوم وعقد احتاج اليه لنفسه او عيا له فلو لتجارة كره (در مختار) لكن قال في متن الو قاية وياكل اى المعتكف ويشرب وينام ويبيع ويشترى فيه لا غيره قال ملا على في شرحه اى لا يفعل غيرا لمعتكف شيئا من هذه الا مور في المسجد اه ومثله في القهستاني (ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۸۴ و ج ۲ ص ۱۸۵ ط.س ج۲ ص ۴۴۷) ظفير.

(۴) هذا كله في الا عتكاف الواجب اما في النفل فلا باس بان يخرج بعذر وغيره في ظاهر الرواية وفي التحفه لا باس فيه بان يعود المريض ويشهد الجنازة (عالمگيرى باب الاعتكاف ج ۱ ص ۱۹۹ ط س ج۲ ص ۲۱۳) ظفير.

(۵) وخص المعتكف باكل وشرب الخ (در مختار) اى في المسجد والباء داخلة على المقصود عليه بمعنى ان المعتكف مقصور على الا كل ونحوه في المسجد (ردالمحتار باب لا عتكاف ج ۲ ص ۱۸۴ ط س ج۲ ص ۴۴۷) ظفير.

(۲) کرسکتا ہے(۱) فقط (مگر اس طرح غسل کرے کہ مستعمل پانی مسجد میں نہ گرے۔ ظفیر۔

## معتکف تفریحی غسل کرسکتا ہے یا نہیں۔

(سوال ۲۷۷) معتکف واجب اور نفل غسل کے سوا گرمی کی وجہ سے تبرید کے لئے غسل کرسکتا ہے یا نہیں۔ شرح مشکوٰۃ میں واجب اور نفل غسل کی اجازت دی ہے۔

## کیا معتکف اپنے اعتکاف کی جگہ سے باہر سوسکتا ہے

(سوال ۲۷۸) معتکف، معتکف کے بغیر مسجد ہی میں شب کے وقت دوسری جگہ سوسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) درمختار میں ہے وغسل لو احتلم(۲) معلوم ہوا کہ اعتکاف واجب میں غسل واجب کے سوا اور کسی غسل کے لئے نکلنا درست نہیں ہے، البتہ اگر مسجد میں موقع غسل کا ہو تو پھر تبریداً بھی ہوسکتا ہے اور موافق قاعدہ واما النفل فله الخروج(۳) یعنی اعتکاف نفل میں مطلقاً خروج درست ہے لا نه منه لا مبطل ۔(۴) غسل تبرید کے لئے بھی نکلنا درست ہے

(۲) معتکف جس مسجد میں معتکف ہے اس تمام مسجد میں جس جگہ چاہے وہ رہ سکتا ہے اور سوسکتا ہے۔ کما یظهر من حده بانه لبث فی مسجد جما عة الخ وقید الخروج المحتلم للغسل بعدم امکان الغسل فی المسجد حیث قال و غسل لو احتلم ولا یمکنه الا غتسال فی المسجد . الخ (۶) فعلم ان المسجد کله معتکفه فقط۔

## نفل اعتکاف قطع کرنے سے قضاء واجب ہے یا نہیں

(سوال ۲۷۹) نفل اعتکاف سے اگر بہ ضرورت شدید قبل از یوم ولیلہ باہر آئے تو قضاء اس کی واجب ہوگی یا نہیں اور اگر یوم ولیلہ سے زائد ٹھہر کر باہر آیا لیکن ختم ماہ صیام سے قبل تو بھی یوم ولیلہ قضاء کے واسطے کافی ہوگا یا نہ، یا زائد کی ضرورت ہوگی۔

(جواب) اعتکاف نفل کو قضاء کردینے سے قضا لازم نہیں آتی خواہ ایک دن رات سے قبل قطع کیا ہو یا بعد ایک دن رات کے جس قدر ادا ہوگیا وہ ہوگیا کیونکہ بر بناء روایت اصل ادنی مدت اعتکاف کی ایک ساعت ہے اور اس کے لئے صوم بھی شرط نہیں ہے بخلاف اعتکاف واجب کے کہ اس کے قطع کردینے سے قضا لازم آتی ہے اور صوم اس کے لئے شرط ہے۔ (۷) فقط۔

---

(۱) لا یمکنه الا غتسال فی المسجد (درمختار) فلو امکنه من غیران یتلوث المسجد فلا باس به ، بدائع ای بان کان فیه برکة ماء او موضع معد للطهارة او اغتسل فی انا بحیث لا یصب المسجد الماء المستعمل (ردالمحتار باب الا عتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ . ط.س. ج۲ص۴۴۵) ظفیر

(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الا عتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ . ط.س. ج۲ص۴۴۵ ۱۲ ظفیر

(۳) ایضا ۱۲ ظفیر

(۴) ایضا ۱۲ ظفیر

(۵) ایضا ۱۲ ظفیر

(۶) ایضا ۱۲ ظفیر

(۷) فلو شرع فی نفله ثم قطعه لا یلزمه قضاءه لا نه لا یشترط له الصوم علی الظاهر من المذهب وما فی بعض المعتبرات انه یلزم بالشروع مفرع علی الضعیف قاله المصنف وغیره (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الا عتکاف ج ۲ ص ۱۷۹ . ط.س. ج۲ص۴۴۴ فلو خرج ولونا سیا ساعة الخ بلا عذر فسد فیقضیه (در مختار) ای لو واجبا بالنذر اما التطوع لو قطعه قبل تمام الیوم فلا الخ (ردالمحتار باب الا عتکاف ج ۲ ص ۱۸۲ . ط.س. ج۲ص۴۴۷) ظفیر

## گرمی کی وجہ سے مسجد سے باہر غسل کرنا معتکف کے لئے کیسا ہے۔

(سوال ۲۸۰) معتکف محض ٹھنڈا ہونے کے واسطے بوجہ شدت گرما اگر غسل کرنا چاہے تو مسجد سے باہر آنا جائز ہے یا مسجد کے کونے پر کھڑا ہو کر غسل کرے۔

(جواب) مسجد سے باہر جانا معتکف کو غسل تبرید کے لئے درست نہیں ہے اگر مسجد کے فرش کے کونہ پر غسل کرے تو کچھ حرج نہیں ہے۔(۱)

## بحالت اعتکاف مجبوری کی وجہ سے حقہ پینا کیسا ہے

(سوال ۲۸۱) بوجہ نفخ اور کثرت ریاح اگر کوئی شخص حقہ کا عادی ہو اور فرض کر لیا جاوے کہ اس کا بدل سریع الاثر دستیاب نہ ہو تو ایسا شخص بحالت اعتکاف مسجد سے باہر نکل کر حقہ پی سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) معتکف کا کھانا پینا سب مسجد میں ہوتا ہے لہذا باہر نکلنا بغرض حقہ نوشی جائز نہ ہوگا۔ باقی یہ کہ حقہ نوشی مسجد میں مکروہ ہے تو اس وجہ سے اس کو ترک اعتکاف کرنا چاہئے کیونکہ سنت کی ادا کی وجہ سے ارتکاب مکروہ درست نہیں ہے (۲) فقط۔

## غصباً جو حصہ مسجد میں لے لیا گیا ہے معتکف کا اس میں رہنا کیسا ہے

(سوال ۲۸۲) زید نے عمر، بکر و خالد کے راستہ حویلی مملوکہ سے فرش مسجد میں غصباً جو جگہ داخل کر لی ہے، اس جگہ میں جو ظاہر سب فرش مسجد معلوم ہوتا ہے، معتکف کا بلا ضرورت ٹھہرنا یا وضو کے واسطے اس جگہ بیٹھنا معتکف کو جائز ہے یا نہیں، یا اس جگہ بیٹھنے سے اعتکاف ٹوٹ جاوے گا اور قضا اس کی واجب ہوگی۔

(جواب) ظاہر ہے کہ جو جگہ غصباً مسجد میں داخل کی گئی ہے وہ مسجد نہیں ہوئی، معتکف کو بحالت اعتکاف وہاں جانا اور بیٹھنا مفسد اعتکاف ہوگا اور اعتکاف واجب کی قضاء بھی لازم ہوگی۔(۳) فقط۔

## معتکف جب مسجد سے باہر جائے گا تو اس کا اعتکاف باقی نہ رہے گا

(سوال ۲۸۳) معتکف اگر مسجد سے باہر کسی ملازمت کی ضرورت سے جاوے تو اعتکاف باقی رہے گا یا نہیں؟

(جواب) اس صورت میں اعتکاف باقی نہ رہے گا ٹوٹ جاوے گا والتفصیل فی کتب الفقہ (۴) فقط

## بیسویں کی رات کا ایک حصہ گذرنے کے بعد اعتکاف شروع کیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۸۴) اگر معتکف، اعتکاف میں بیسویں کی رات کا کچھ حصہ گذر نے جانے کے بعد داخل ہو تو کیا عشرہ اخیرہ کی سنت ادا نہ ہوگی۔

(جواب) اس صورت میں عشرہ اخیرہ کا پورا اعتکاف نہ ہوا، اور وہ سنت پوری ادا نہ ہوئی۔(۵) فقط۔

---

(۱) وحرم علیه ای علی المعتکف اعتکا فاواجبا اما النفل فله الخروج الخ الخروج الا لحاجة الانسان طبعیة کبول وغائط وغسل لو احتلم ولا یمکنه الاغتسال فی المسجد (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۰. ط.س. ج۲ص ۴۴۴) ظفیر.

(۲) فیفهم منه حکم النبات الذی شاع فی زماننا المسمی بالتتن فتنبه وقد کرهه شیخنا العمادی فی هدیته الحاقا له بالثوم والبصل بالا ولی (الدر المختار هامش ردالمحتار کتاب الاشربة ج ۵ ص ۴۰۷. ط.س. ج۲ص ۴۶۰) ظفیر

(۳) فلو خرج ولو ناسیا ساعة زمانیة بلا عذر فسد فیقضیه (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۲. ط.س. ج۲ص ۴۴۷) ظفیر. (۴) ایضا ۱۲ ظفیر. (۵) وسنة مؤکدة فی العشر الاخیرمن رمضان ای سنة کفایة (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الاعتکاف ج۲ص ۱۷۷. ط.س. ج۲ص ۴۴۲) وعند الائمة الاربعة انه ید خل قبل غروب الشمس ان اراد اعتکاف شهر اوعشر (مرقاة باب الاعتکاف ج ۲ ص ۵۰۷. ط.س. ج ۲ ص ۵۷۰) ظفیر

## عذر کی وجہ سے اعتکاف نہ کرنا کیسا ہے

(سوال ۲۸۵) ایک مولوی صاحب مسافر دو سال سے یہاں سکونت پذیر ہیں۔ اعتکاف کے بہت فضائل بیان فرماتے ہیں اور خود اعتکاف میں نہیں بیٹھتے اور یہ عذر بیان کرتے ہیں کہ میرے مکان میں ہمراہ رہنے کے لئے کوئی نہیں ہے۔ یہاں میرے خویش واقارب نہیں ہیں، میرے گھر کے متصل ایک خالی میدان ہے، عورت اور بچے بہت گھبراتے ہیں اور کبھی کبھی گھر میں پتھر آ کر گرتے ہیں، یہ عذر مولوی صاحب کے قابل قبول ہیں یا نہیں۔

(جواب) بوجہ اعذار مذکور کے اعتکاف کو ترک کرنا گناہ نہیں ہے اور موجب ملامت بھی نہیں ہے۔ درمختار باب الاعتکاف میں ہے وسنة مئو كدة فى العشر الا خير من رمضان اى سنة كفاية الخ لا قتر انها بعدم الانكار على من لم يفعله من الصحابه(۱) وهكذا فى الشامى۔ فقط۔

## عشرہ اخیرہ رمضان کا اعتکاف واجب ہے یا نفل

(سوال ۲۸۶) عشرہ اخیرہ رمضان المبارک کا اعتکاف نفل ہے یا واجب۔

(جواب) عشرہ اخیرہ رمضان المبارک کا اعتکاف سنت مئوکدہ کفایہ ہے۔ یہ قسم واجب اور نفل دونوں سے جداگانہ ہے اور ممتاز ہے۔ كما فصله فى الشامى۔(۲) فقط۔

## معتکف کے لئے مسجد کا فصیل صحن میں داخل ہے یا نہیں

(سوال ۲۸۷) اعتکاف کرنے والے کے لئے مسجد کی فصیل مسجد کے صحن میں داخل ہے یا نہیں۔

(جواب) اس میں بانی مسجد کی نیت کا اعتبار ہے اگر اس نے اس فصیل کو داخل مسجد سمجھا تو داخل ہے ورنہ خارج۔ اور اکثر ایسا سمجھا جاتا ہے کہ جو فصیل فرش مسجد سے ملی ہوئی ہے وہ داخل مسجد ہوتی ہے اور دوسری ف کی فصیل خارج ہوتی ہے۔ فقط

## اکیسویں شب میں اعتکاف میں بیٹھے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۸۸) جو شخص اکیسویں شب کو سحری کھا کر صبح صادق سے تھوڑی دیر پہلے اعتکاف کی نیت سے مسجد میں داخل ہو اس کا اعتکاف صحیح ہوگا یا نہیں۔ احاطہ مسجد کی زمین مسجد میں داخل ہے یا نہیں اور معتکف کو مسجد سے نکل کر صحن یا احاطہ میں بیٹھنا بلاضرورت جائز ہے یا نہیں؟

(جواب) سنت یہ ہے کہ بیسویں تاریخ کو غروب سے پہلے پہلے مسجد میں داخل ہو جائے لیکن اگر اس کے بعد کسی وقت میں بھی نیت کر کے مسجد میں داخل ہو جائے تب بھی صحیح ہے۔ لیکن عشرہ کامل کی فضیلت اس صورت میں حاصل نہ ہوگی نبی کریم ﷺ نے عشرہ کامل کا اعتکاف کیا ہے جو کہ بیسویں تاریخ کی شام ہی سے پورا ہو سکتا ہے۔ (۳) غرض کہ صورت مسئولہ میں یہ اعتکاف صحیح ہو گیا۔

---

(۱) الدر المختار على هامش ردا لمختار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۷۷. ط.س. ج۲ص ۴۴۲. ۱۲ ظفير.

(۲) وسنة مئو كدة فى العشر الا خير ميں رمضان اى سنة كفاية الخ لا قترانها بعدم الا نكار على من لم يفعله من الصحابة الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۷۷. ط.س. ج۲ص ۴۴۲) ظفير.

(۳) وسنة موكدة فى العشير الا خير من رمضان (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۷۷. ط.س. ج۲ص ۴۴۲ وعند الائمة الاربعة انه يد خل قبل غروب الشمس ان اراد اعتكاف شهر او عشر (مرقاة باب الا عتكاف ج ۲ ص ۵۷۰) ظفير

مسجد کا اطلاق صرف مسجد کی سہ دری اور فرش پر ہی ہوتا ہے اور یہی شرعاً مسجد ہوتی ہے۔ معتکف کے لئے جائز نہیں کہ اس سے تجاوز کرے۔ اگر ایسا کیا گیا تو اعتکاف باطل ہو جائے گا اور معتکف کے لئے مناسب نہیں کہ بدکلامی اور جھگڑا کرے۔ فقہاء نے لکھا ہے کہ معتکف کے لئے اچھی باتوں کے سواء کلام کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ کیونکہ اول تو مسجد میں بغیر اعتکاف بھی ایسے کلام کی اجازت نہیں۔ پھر خصوصاً اعتکاف کے بعد تو اور بھی زیادہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ درمختار میں ہے۔ و کره تحريماً الخ تكلم الا بخيرو هو ما لا اثم فيه الخ (۱) معتکف کو چاہئے کہ تلاوت قرآن مجید وغیرہ میں مشغول رہے کہ اعتکاف کی غرض اصل انابت الی اللہ ہی ہے قال فی البحر قالوا ويلازم قراء ة القران والحديث والعلم والتدريس وسير النبی صلی الله عليه وسلم وقصص الا نبياء وحكايات الصالحين و كتابة امور الدين الخ۔ (۲) فقط۔

## حالت اعتکاف میں معلم مسجد میں پڑھا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۸۹) معلم معتکف مسجد میں لڑکوں کو تعلیم دے سکتا ہے یا نہیں۔

## معتکف تالاب میں آ کر غسل کر سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲۹۰) معتکف مسجد سے نکل کر تالاب میں وضو کرے تو جائز ہے یا نہیں اور غسل ضروری کے سوا تالاب میں غسل کرنے کا کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱) قال فی الدر المختار عن الوهبا نية ويفسق معتادالمرور بجا مع ومن علم الا طفال فيه ويوزرالخ قوله ومن علم الا طفال الذی فی القنية انه يا ثم ولا يلزم منه الفسق ولم ينقل عن احد القول به ويمكن انه بناه علی انه بالا صرار عليه يفسق افاده الشارح ، قلت بل فی التتار خانية عن العيون جلس معلم او وراق فی المسجد فان كان يعلم او يكتب باجر يكره الا لضرورة .وفی الخلاصة تعليم الصبيان فی المسجد لا باس به لكن استدل فی القنية بقوله عليه السلام جنبوا مساجد كم صبيا نكم ومجانينكم الخ ردالمحتار ۔ (۳) الحاصل راجح یہ ہے کہ بلا ضرورت تعلیم اطفال مسجد میں مکروہ ہے اور ممکن ہے کہ بالضرورت سے معتکف کو مستثنیٰ کیا ہو۔

(۲) اور بحالت مذکورہ معتکف کو مسجد سے باہر نکل کر تالاب میں وضو کرنا جائز نہیں ہے اور غسل ضروری کے سوائے دوسرے غسل کے لئے وہاں جانا بھی درست نہ ہوگا۔ هكذا يفهم من الدر المختار والشامی كبول وغايط و غسل لواحتلم ولا يمكنه الا غتسال فی المسجد در مختار . قوله ولا يمكنه فلوامكنه من غير ان يتلوث المسجد فلا باس به الخ ردالمحتار (۴) فقط۔

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۵ ط.س ج۲ص ۴۴۹ ۱۲ ظفير.
(۲) يكره تحريما صمت الخ كقراء ة وتكلم الا بخير قرآن وحديث وعلم و تدريس فی سير الرسول عليه السلام وقصص الا نبياء عليهم السلام وحكايات الصالحين و كتابة امور الدين (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الاعتكاف ج ۲ ص ۱۸۵ ط.س ج۲ ص ۴۴۹) ظفير
(۳) ردالمحتار كتاب الحظر والا باحة فصل فی البيع ج ۵ ص ۳۷۸ ط.س ج۲ ص ۴۲۸
(۴) ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۸۰ ط.س ج۲ص ۴۴۵ ۱۲ ظفير.

معتکف کا برآمدہ مسجد میں نکلنا یا نہانا وغیرہ کیسا ہے۔

(سوال ۲۹۱) اگر معتکف بلا عذر برآمدہ مسجد میں نکل جاوے تو اس کے اعتکاف میں کچھ خلل اور حرج ہوگا یا نہ اور معتکف کے لئے برآمدہ مسجد میں وضو یا غسل کرنا کیسا ہے۔

کیا اعتکاف دس روز سے کم ہوسکتا ہے

(سوال ۲۹۲) اعتکاف دس روز سے کم میں ہوسکتا ہے یا نہیں۔

اگر ایک آبادی کا آدمی دوسری آبادی میں اعتکاف کرے تو کس آبادی سے سنت اداء ہوگی

(سوال ۲۹۳) اگر ایک گاؤں کا آدمی دوسرے گاؤں میں جا کر اعتکاف کرے تو سنت کفایہ کون سے گاؤں والوں کے سر سے ساقط ہوگی اور کچھ دے کر اعتکاف کرانا کیسا ہے۔

(جواب) (۱) اگر اعتکاف منذور ہے تو باطل ہو جاوے گا اور اگر اعتکاف نفل ہے تو باطل نہ ہوگا۔ اس لئے کہ فقہاء نے اعتکاف واجب کے ہوتے ہوئے مسجد سے باہر نکلنے کو حرام قرار دیا ہے اور اعتکاف نفل میں مباح کہا ہے کما فی الدر المختار وحرم علیہ ای علی المعتکف اعتکافاً واجباً (اما النفل فلہ الخروج لا نہ منہ لہ لا مبطل) الخروج الا لحاجۃ الا نسان وفی الشامی قولہ اما النفل ای الشامل للسنۃ المئو کدۃ۔(۱) ج ۲ ص ۱۳۵ وفیہ ایضاً لو شرع فی المسنون اعنی العشر الا واخر الخ (۲) وفی الخلاصۃ لو اعتکف الرجل من غیر ان یوجب علی نفسہ ثم یخرج من المسجد لا شئ علیہ خلاصہ ج ۱ ص ۲۷۲ ان عبارات سے ثابت ہوا کہ اعتکاف نفل میں خروج من المسجد مبطل نہیں ہے بلکہ منہی ہے، نیز یہ کہ اعتکاف مسنون وہی ہے جو رمضان کے عشر اواخر میں ہو۔ نیز یہ کہ اعتکاف مسنون یعنی اعتکاف رمضان میں بھی مسجد سے خارج ہونے کا وہی حکم ہے جو اعتکاف نفل میں ہے یعنی یہ کہ خروج من المسجد نہ حرام ہے اور نہ اعتکاف کے لئے وہ مبطل بلکہ وہ منہی ہے۔ البتہ نبی کریم ﷺ سے اگر ایسا خروج ثابت نہ ہو تو طریقہ مسنون کے خلاف ہوگا۔ اعتکاف واجب میں اگر غسل کی ضرورت پیش آ گئی اور مسجد میں غسل نہ کر سکتا ہو تو خارج مسجد میں غسل کرنا جائز ہے اور یہی حکم وضو کا بھی ہے

(۲) اعتکاف مسنون دس روز سے کم نہیں ہے۔ کما فی الشامی والحاصل ان الوجہ یقتضی لزوم کل یوم شرع فیہ عندھما بناءً علی لزوم صومہ بخلاف الباقی لان کل یوم بمنزلۃ شفع من النافلۃ الرباعیۃ وان کان المسنون ھو اعتکاف العشر بتمامہ تامل (۳) ج ۲ ص ۱۳۵ اور اعتکاف نفل علاوہ از اعتکاف مسنون رمضان کے ایک ساعت کا بھی ہوسکتا ہے کما فی الدر المختار قال وعلیہ الفتویٰ۔

(۳) تیسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ فقہاء کی عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس گاؤں کے لوگوں سے ساقط ہوگا جس میں معتکف نے اعتکاف کیا، اس لئے کہ اعتکاف علی الاشہر سنت کفایہ ہے جس کا تعلق ہر بستی کے لوگوں کے ساتھ ہے۔ پس جیسے کہ ترک سے وہی لوگ مسئی ہوں گے۔ اسی طرح اداء سے وہی لوگ بری بھی ہوں گے وفی جامع الرموز وقیل سنۃ علی الکفایۃ حتیٰ لو ترک فی بلدۃ لا ساؤا ہ ص ۱۶۴ ظاہر ہے کہ اسی عبارت میں اساءت کا تعلق اہل بلدہ کے ترک اعتکاف کے ساتھ قرار نہیں دیا گیا بلکہ متروک فی البلدہ ہو جانے سے اہل بلدہ کو مسئی قرار

(۱) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب الا عتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ . ط.س. ج ۲ ص ۴۴۳ . ۱۲ ظفیر
(۲) ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ . ط.س. ج ۲ ص ۴۴۴ . ۱۲ ظفیر
(۳) ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ . ط.س. ج ۲ ص ۴۴۴ . ۱۲ ظفیر

دیا گیا ہے جس سے ظاہر ہے کہ اگر اجنبی آدمی بھی معتکف ہوجائے تو اس صورت میں بھی اعتکاف کا متروک فی البلد ہونا صادق نہیں آتا، جس سے یہ لازم آتا ہے کہ اہل بلدہ سے سنت ادا ہوجاوے گی، اور اجرت دے کر اعتکاف کرانا جائز نہیں کیونکہ عبادات کے لئے اجرت دینا اور لینا دونوں ناجائز ہے۔ **کما هو**[1] **مبسوط فی الشامی فصل فی الجنائز والا جارات**۔ اگر بدون ٹھہرائے اجرت کے اعتکاف کرایا اور اعتکاف کرا کے اجرت دینا وہاں معروف بھی نہ ہوتو یہ جائز ہے بلکہ یہ امر بالمعروف میں داخل ہوگا۔ فقط۔

## اعتکاف کی حالت میں دوسری مسجد میں قرآن سنانے جانا درست ہے یا نہیں

(**سوال ۲۹۴**) زید ہمیشہ اخیر عشرہ رمضان المبارک میں معتکف ہوتا ہے۔ امسال تازہ حالت یہ پیش آئی کہ زید کو نواب صاحب کے مکان پر قرآن شریف تراویح میں سنانے کے لئے جانا پڑتا ہے، یہ جائز ہے یا نہیں۔

(**جواب**) اگر اعتکاف کے وقت یہ نیت کر کے کہ میں تراویح میں قرآن شریف سنانے جایا کروں گا تو یہ جائز ہے۔(۲) فقط۔

## حالت اعتکاف میں ڈاکخانہ کا کام کرنا کیسا ہے

(**سوال ۲۹۵**) بندہ کے پاس ڈاکخانہ کا کام ہے، کیا اعتکاف کی حالت میں ڈاکخانہ کا کام کرسکتا ہوں جب کہ زبانی گفتگو نہ کی جاوے۔

(**جواب**) مسجد میں رہنا معتکف کا اعتکاف کے لئے ضروری ہے۔ بدون اس کے اعتکاف نہیں ہوسکتا۔ درمختار میں ہے **فاللبث هو الركن والكون فی المسجد الخ وحرم عليه ای علی المعتكف الخ الخروج الا لحاجة الانسان طبعية كبول وغائط وغسل لو احتلم الخ او شرعية كعيد واذان لو موذناً و باب المنارة خارج المسجد والجمعة وقت الزوال الخ**۔(۳) اس روایت سے معلوم ہوا کہ معتکف کو مسجد میں رہنا ضروری ہے۔ بول و براز اور غسل جنابت اور جمعہ وغیرہ کے لئے نکلنا جائز ہے۔ بناء علیہ مسجد کے اندر ڈاکخانہ کا کام کرنا ضرورت کی وجہ سے زبانی گفتگو کرنا جائز ہے۔(۴) لیکن ڈاکخانہ کے کام کی وجہ سے مسجد سے نکلنا مفسد اعتکاف ہے۔ اور اعتکاف کی حالت میں خاموش رہنا ضروری نہیں۔ البتہ بلاضرورت اور فضول گفتگو مکروہ ہے، اور وعظ کرنا اور جماعت کرانا معتکف کے لئے بلاشبہ جائز بلکہ موجب اجر وثواب ہے۔(۵) فقط۔

## کسی نے بیماری کی وجہ سے اخیرہ عشرہ رمضان میں اعتکاف توڑ دیا اب وہ کیا کرے

(**سوال ۲۹۶**) رمضان شریف کے آخر عشرہ کا اعتکاف کیا درمیان میں بیمار ہوکر اعتکاف توڑ دیا۔ اب بعد صحت کے اس اعتکاف کی قضاء کرے یا نہیں؟ اور روزہ بھی قضا کرے یا نہیں؟ اور بیماری میں پانچ روزے قضاء ہوئے۔

---

(۱) ولا يجوز اخذ الا جرة على الطاعة كالمعصية (ردالمحتار باب صلاة الجنائز بحث غسل ج ۱ ص ۸۰۴ ط.س. ج۲ص۱۹۹) ظفير. (۲) قوله شرط وقت النذر والا لتزام ان يخرج الى عيادة المريض وصلاة الجنازة وحضور مجلس العلم يجوز له ذالک كذا فی التار خانية (عالمگیری مصری کتاب الصوم باب سابع ج ۱ ص ۱۹۹ ط. ماجديه ج ۱ ص ۲۱۲) ظفير. (۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۷۷ و ج ۲ ص ۱۸۰ ط.س. ج۲ص ۴۴۰۔ ۱۲ ظفير صديقي. (۴) وخص المعتكف باكل وشرب ونوم وعقد احتاج اليه لنفسه او عياله فلو لتجارة كره الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۸۴ ط.س. ج۲ص۴۴۸) ظفير

(۵) الا بخير وهو مالا اثم فيه الخ كقراءة قرآن وحديث وعلم و تدريس فی سير الرسول عليه السلام وقص الا نبياء عليهم السلام و حكايات الصالحين وكتابة امور الدين (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الا عتكاف ج ۲ ص ۱۸۵ ط.س. ج۲ص۴۴۹) ظفير.

اعتکاف میں وہ روزہ ادا ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

(جواب) درمختار میں ہے وشرط الصوم لصحة الاول اتفاقا فقط علی المذہب قولہ لصحة الاول ای النذر شامی ۔(۱) فلو شرع فی نفلہ ثم قطعہ لا یلزمہ قضائہ لانہ لا یشترط لہ الصوم علی الظاہر من المذہب الخ اما النفل فلہ الخروج(۲) قولہ اما النفل ای الشامل للسنة المؤکدة طحطاوی شامی الخ (۳) ان روایات سے یہ ظاہر ہے کہ اعتکاف عشرہ اخیرہ رمضان کی قضاء لازم نہیں ہوتی ۔ علامہ شامی نے محقق ابن ہمام کا اس میں خلاف بھی نقل کیا ہے ۔ لیکن اکثر متون وشروح اسی پر ہیں کہ اعتکاف عشرہ اخیرہ رمضان واجب نہیں ہے اور قضاء سوائے واجب کے لازم نہیں ہوتی اور نفل بھی شروع کرنے سے اگرچہ لازم ہوجاتی ہے مگر اعتکاف میں اسی قدر واجب ہوگا جو اقل نفل ہے ۔ بہرحال مقتضی ان روایات کا یہ ہے کہ اعتکاف کی قضا اور صرف انہیں پانچ روزوں کی قضا لازم ہے جو قضا ہوئے ہیں اور ایک روزہ پہلی تاریخ رمضان کا جو نہیں رکھا گیا اس کی قضا لازم ہے اور اگر اعتکاف کی بھی قضا کرے تو وہ روزہ رمضان کے جو قضا ہوئے ہیں اس میں وہ اعتکاف بھی ہوسکتا ہے، تو گویا اس صورت میں کل دس روزے رکھے جاویں ۔ چھ روزے قضاء رمضان کے ہوجاویں گے اور باقی چار روزے اور رکھنے چاہئیں ۔

(۱) الدر المختار باب الاعتکاف ج ۱ ص ۱۵۶ ط.س. ج ۲ ص ۴۴۲.
(۲) ردالمحتار رباب ایضا ج ۲ ص ۱۷۷ ط.س. ج ۲ ص ۴۴۲
(۳) الدر المختار باب الاعتکاف ج ۱ ص ۱۵۷ ط.س. ج ۲ ص ۴۴۴.
(۴) ردالمحتار باب الاعتکاف ج ۲ ص ۱۸۰ ۱۲ ظفیر قد تم کتاب الصوم.

باب اول

# کتاب المناسک

## حج کی فرضیت، کیفیت اوراس کی ادائیگی

### صحرائی جائداد بیچ کر حج کو جانا ضروری ہے یا نہیں

(سوال ۱) ایک شخص کے پاس روپیہ نقد نہیں ہے لیکن اس کے نام جائیداد صحرائی اس قدر ہے کہ اس میں سے کچھ جزو حصہ جائداد فروخت کر کے واسطے سفر خرچ حج بیت اللہ شریف اور نیز گھر والوں کے واسطے انتظام روپے کا ہوسکتا ہے۔ اس شخص پر حج فرض ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر جائداد صحرائی اس قدر ہے کہ اس کی آمدنی اور پیداوار اس کے اور اس کے عیال کے خرچ سالانہ سے زیادہ نہیں ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہے اور فروخت کرنا زمین کا اس کے ذمہ لازم نہیں (۱) فقط

### صاحب استطاعت ہونے پر پہلے کار خیر کرے یا حج کرے

(سوال ۲) زید کہتا ہے کہ میرا ارادہ ہے کہ خدا تعالیٰ اگر مجھے روپیہ دے تو میں اپنے بھائیوں کے ساتھ صلہ رحمی کروں (وہ تنگ دست ہیں) اور وسعت ہونے پر کنواں اور مسجد بنواؤں۔ اگر خدا تعالیٰ اس کو مال عطا فرماویں تو وہ پہلے حج ادا کرے یا اپنے بھائیوں کو روپیہ دے یا مسجد یا کنواں بناوے۔

### ناجائز روپے سے حج فرض ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ۳) ایک شخص کے پاس سود چوری وغیرہ کا اس قدر روپیہ ہے کہ اس پر حج فرض ہے، اس سے حج کرے یا نہ کرے، اگر کرے تو حج ادا ہوگا یا نہیں۔

(جواب) (۱) جب روپیہ ہوجاوے اور حج فرض ہوجاوے تو پہلے حج کرے پھر غریب بھائیوں کی امداد، پھر مسجد و چاہ بنوائے (۲) (خطبنار سول الله صلی الله علیه وسلم فقال ایها الناس قد فرض علیکم الحج فحجوا. مشکوة ص ۲۲۰. ظفیر)

(۲) حج فرض اور کرے حج ادا ہو جائے گا اور جن لوگوں کا روپیہ ناجائز طور سے لیا ہے ان کو یا ان کے ورثہ کو اس قدر روپیہ دیوے یا معاف کراوے ورنہ صدقہ کرے۔ فقط

### مکان نہ ہوتو مستطیع حج کرے یا مکان بنوائے

(سوال ۴) ہمارے پاس مکان نہیں ہے تو مکان میں روپیہ خرچ کرسکتا ہے یا حج کرنا فرض ہے۔

---

(۱) هو فرض علی مسلم حر صحیح بصیر ذی زاد فضلا عما بلا بد منه الخ وحرر فی النهر انه یشترط بقاء راس مال لحر فته (در مختار) کتاجر و دهقان ومزارع کما فی الخلاصة وراس المال یختلف باختلاف الناس (بهر) قلت والمراد ما یمکنه الا کتساب به قدر کفا یة وکفایة عیا له لا اکثر لانه لا نها یقله (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۶، ط.س. ج ۲ ص ۴۵۵-۴۵۶) ظفیر.

(۲) حج فرض ہونے کے بعد پہلے اس کی ادائیگی ضروری ہے۔ بقیہ چیزوں کا درجہ اس کے بعد ہے عن ابی هریرة قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم ای العمل افضل قال ایمان بالله و رسوله قیل ثم ماذا قال الجهاد فی سبیل الله قیل ثم ما ذا قال حج مبرور متفق علیه (مشکوة کتاب المناسک ص ۲۲۱) ظفیر.

(جواب) جب کہ روپیہ حج کے موافق موجود ہے تو حج کرنا فرض ہے، مکان بنانا ضروری نہیں (۱) فقط۔

## جائداد رہن کر کے حج کرنا کیسا ہے

(سوال ۵) میں حج کو جانا چاہتا ہوں، نقد میرے پاس نہیں ہے، البتہ جائداد ہے، کیا اس جائداد کو رہن کر کے اس روپیہ سے حج کو جاسکتا ہوں اور حج کرسکتا ہوں۔

(جواب) اگر حج فرض ہو چکا ہے تو قرض لے کر حج کر سکتے ہو (۲) اور رہن کرنا جائداد کا اس طرح کہ نفع اس کا مرتہن لیوے جائز نہیں ہے اور اگر منافع زمین کا مرتہن نہ لیوے تو درست ہے۔ (۳) فقط۔

## بھیک مانگ کر حج کرنا کیسا ہے

(سوال ۶) بھیک مانگ کر حج کرنا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) یہ جائز نہیں ہے (۵)

## ایک مالدار نے بچہ کی شادی میں روپیہ خرچ کر دیا پھر دولت جمع نہ ہوئی تو حج کا کیا حکم ہے

(سوال ۷) ایک شخص کے پاس اس قدر مال تھا کہ وہ حج کرسکتا تھا لیکن اس نے حج تو نہ کیا بلکہ وہ روپیہ اپنی اولاد کے بیاہ میں خرچ کر دیا۔ اب مفلس ہو گیا، اور وہ تمام عمر مفلس رہے اور مال جمع نہیں کیا اور مر گیا تو کیا تارک حج مرا اور گنہگار مرا۔

(جواب) اس پر حج فرض ہو چکا تھا۔ اگر بلا حج مر گیا، تارک حج فرض ہوا اور گنہگار ہوا۔ (۶)

## اگر صرف مکہ جانے بھر روپیہ ہو مدینہ کا خرچ نہ ہو تو حج فرض ہوا یا نہیں

(سوال ۸) اگر کسی شخص کے پاس اتنا روپیہ ہو کہ صرف حج کرسکتا ہے اور مدینہ منورہ نہیں جاسکتا تو اس پر حج فرض ہے یا نہیں۔ یا انتظار کرے کہ مدینہ منورہ کا بھی خرچ ہو جاوے۔

---

(۱) وقد یتصف بالحرمة کالحج بمال حرام (در مختار) فقد یقال ان الحج نفسه الذی هو زیارة مکان مخصوص الخ لیس حراما بل الحرام هو انفاق الما ل الحرام ولا تلازم بینهما کما ان الصلاة فی الارض المغصوبة تقع فرضا الخ قال فی البحر ویجتهد فی تحصیل نفقة حلال فانه لا یقبل با لنفقة الحرام کما ورد فی الحدیث مع انه یسقط الفرض عنه معها الخ (ردالمحتار کتاب الحج مطلب فیمن حج بمال حرام ج ۲ ص ۱۹۱ ط.س. ج۲ص۴۵۶) ظفیر.

(۲)هو فرض بشرط حریة وبلوغ وعقل وصحة وقدرة وز ادورا حلة وفضلت عن مسکنه وعما لا بد منه (کنز) وفی قوله وما لا بد منه اشارة الی ان المسکن لا بد ان یکون محتاجا الیه للسکنی فلا تثبت الا ستطاعة بداریسکنها الخ (البحرالرائق ج ۲ص۳۳۷.ط.س. ج۲ص ۳۱۱) وکزا لو کان عنده مالو اشتری به مسکنا وخادما لا یبقی بعده ما یکفی للحج لا یلزمه خلاصه (در مختار) والذی رأیته فی الخلاصة هکذا اوان لم یکن له مسکن ولا شئی من ذالک وعنده دراهم تبلغ به الحج وتبلغ لثمن مسکن وخادم و طعام وقوت و جب علیه الحج وان جعلها فی غیره اثم اه لکن هذا اذا کان وقت خروج اهل بلده کما صرح به فی الباب اما قبله فیشتری به ماشاء لا نه قبل الوجوب (ردالمحتار کتاب الحج ج۲ ص ۱۹۷.ط.س. ج۲ص ۴۶۲)

(۳)قوله وسعه ان یستقرض ویحج ای جاز ذالک وقیل یلزمه الا ستقراض (ردالمحتار کتاب ا لحج ج ۲ ص ۱۹۲.ط.س. ج۲ص۴۵۷)

(۴)یکره للمرتهن ان ینتفع بالرهن وان اذ ن له الراهن وعلیه یحمل ماعن محمد عن اسلم من انه لا یحل للمرتهن ذالک ولو بالا ذن (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب التصرف فی الرهن ج ۵ ص ۴۶۲.ط.س. ج۲ص ۵۲۲) ظفیر.

(۵)واما القدرة علی الزاد والراحلة فالفقهاء علی انه من شرط الو جوب فلا وجوب اصلا یتعلق بالفقیر لا شتراط الا ستطاعة فی اية الحج (البحرالرائق کتاب الحج ج ۲ ص ۳۳۵) اورحدیث ہے السوال ذل اورحضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں امرنی خلیلی بسبع امرنی بحب المساکین الخ وامرنی ان لا اسئال احداشیئا (مشکوة باب فضل الفقر ص ۴۴۹) ظفیر.

(۶)هو (ای الحج) فرضا الخ مرة الخ علی الفورعند الثانی الخ ولذا اجمعوا انه لو تراخی کان اداءً وان ثم بموته قبلة (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۸۹.ط.س. ج۲ص۴۵۵.۴۵۶) ظفیر.

(جواب) حج فرض ہوگیا انتظار نہ کرنا چاہئے (۱)

## مالدار حج کرے یا اولاد کی شادی

(سوال ۹) اگر کسی شخص کے پاس اتنا روپیہ ہے کہ وہ حج کرسکتا ہے اور عیالدار بھی ہے تو اس کو اولاد کا نکاح کرنا واجب ہے یا حج کرنا۔

## تین سو پچاس روپے جس کے پاس ہوں اس پر حج ہے یا نہیں

(سوال ۱۰) ایک شخص کے پاس مبلغ ۳۵۰ روپیہ جمع ہے آیا اس پر حج فرض ہے یا نہیں چونکہ روپیہ نا کافی معلوم ہوتا ہے اس لئے اس کا ارادہ کنواں بنوانے کا ہے، اس صورت میں کیا حکم ہے، اگر روپیہ کافی نہ ہو تو سال آئندہ کا انتظار ضروری ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر یہ محقق ہوجائے کہ ۳۵۰ روپے میں صرف مکہ معظمہ کی آمد ورفت اور وہاں تا زمانہ حج قیام کے لئے کافی ہوجاوے گا تو حج اس پر فرض ہوگیا۔ کیونکہ حج کے فرض ہونے کے لئے مدینہ شریف کی آمد ورفت کے خرچ کا لحاظ نہ کیا جاوے گا۔ اور اگر کرایہ جہاز وغیرہ کی تحقیق سے یہ معلوم ہو کہ ۳۵۰ روپیہ صرف مکہ معظمہ کی آمد ورفت کے خرچ کو بھی کافی نہیں ہے تو پھر حج فرض نہیں ہوا۔ اس صورت میں اس روپے کو دوسرے کار خیر مثل تعمیر چاہ وغیرہ میں صرف کرنا درست ہے۔ اور بہ صورت نہ فرض ہونے حج کے سال آئندہ کا انتظار لازم نہیں ہے۔ (۲) فقط

## ایک شخص کے پاس چھ سو روپے ہیں تو وہ حج کرے یا مکان بنوائے

(سوال ۱۱) ایک شخص کے پاس چھ سو روپیہ ہے اور وہ شخص تین برس سے ارادہ حج کا رکھتا ہے اور اس شخص کے یہاں شریعت کے مطابق پردہ نہیں ہے اور مکان بھی ایسا نہیں کہ پردہ کرسکے تو یہ شخص اس حالت میں کیا کرے۔ مکان بنوائے یا حج کو جاوے۔ اور مکان بنوانے میں روپیہ صرف ہوجانے کا بھی خوف ہے۔

(جواب) اگر چھ سو روپے میں حج کا خرچ اور اہل وعیال کا خرچ واپس آنے تک پورا ہوسکے تو حج اس پر فرض ہے، حج ادا کرے۔ (۳) فقط۔

## اگر مکہ تک کا ہی خرچ ہو مدینہ کا نہ ہو تو حج کرے یا نہیں

(سوال ۱۲) بندہ کی والدہ زندہ ہے اور حج کو دل چاہتا ہے، والدہ کہتی ہیں کہ یا تو مجھ کو ساتھ لے چل یا میرے مرنے کے بعد حج کو جانا۔ اگر میں ساتھ لے جاؤں تو روپیہ اتنا نہیں ہے کہ مدینہ شریف تک دونوں جاسکیں، مکہ شریف تک جاسکتے ہیں، اس صورت میں مجھ کو کیا کرنا چاہئے۔

(جواب) اگر اس قدر روپیہ موجود ہے کہ مکہ شریف تک دونوں جاسکتے ہوں تو حج فرض ہے۔ آپ اپنی والدہ کو لے کر

---

(۱) هو الخ مرة الخ على الفور للعام الاول عند الثاني الخ على مسلم الخ مكلف الخ عما لا بد منه كما مر في الزكوة الخ (ردالمختار كتاب الحج ج ۲ ص ۲۸۹ ط.س. ج۲ ص۴۵۶) ظفير۔

(۲) على مسلم الخ ذى زاد الخ وراحلة الخ فضلا عما لا بدله منه وفضلا عن نفقة عياله الخ الى حين عوده الخ (الدر المختار) قوله ذى زادا فادانه لا يجب الا بملك الزاد و ملك اجرة الراحلة (ردا لمختار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۳ و ج ۲ ص ۱۹۴ ط.س. ج ۲ ص ۴۵۸، ۴۵۹) تین ساڑھے تین سو روپے میں حج سن ۱۳۳۷ھ میں ممکن تھا اور اسی زمانہ کا فتویٰ ہے۔ اب تو حج میں کم از کم ڈھائی ہزار نقد روپے خرچ پڑتے ہیں۔ واللہ اعلم۔ ظفیر۔

(۳) على مسلم الخ ذى زاد الخ راحلة الخ و فضلا عن نفقة عيا له الخ الى حين عوده (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۳ ط.س. ج ۲ ص ۴۵۸) ظفير۔

حج کرالاویں تاکہ فرض ادا ہو جاوے۔(۱) فقط۔

## حج مقدم ہے یا تعمیر مسجد

(سوال ۱۳) زید صاحب نصاب ہے اور ان کی مسجد بھی خراب ہے تو پہلے حج کرے یا مسجد کی تعمیر کراوے اور نیت اس نے دونوں کی کرلی ہے اور روپیہ اتنا ہے کہ ایک کام کرسکتا ہے۔

(جواب) حج فرض ہے، پہلے حج کرنا چاہئے اس کے بعد اگر گنجائش ہو تو مسجد بھی تعمیر کرادی جاوے، وہ کار ثواب ہے۔(۲) فقط۔

## شوہر نے جو روپیہ دیا وہ بیوی کا ہے حج کے لئے کافی ہے تو حج کرے

(سوال ۱۴) ایک عورت کو اس کا لڑکا اور شوہر سات روپیہ ماہوار دیتے ہیں، عورت نے بہت کم خرچ کیا اور حج کے لئے روپیہ جمع کیا۔ اب اس کا شوہر مر گیا تو جو روپیہ عورت نے حج کے لئے جمع کیا تھا وہ عورت کا ہے یا لڑکے کا۔

(جواب) جو روپیہ اس عورت کے شوہر اور لڑکے نے اس کو دیا اس روپیہ کی وہ عورت مالک ہوگئی، اگر وہ روپیہ اتنا ہے کہ حج کے سفر کے لئے کافی ہے اور اس کے محرم کا خرچ بھی اس میں پورا ہو سکتا ہے تو اس عورت کے ذمہ حج فرض ہے اپنے محرم کے ساتھ حج کو جانا چاہئے۔(۳) فقط۔

## حج کب فرض ہوتا ہے اور عورت بغیر محرم جا سکتی ہے یا نہیں

(سوال ۱۵) عورت کو بغیر کسی محرم کے حج کو جانا جائز ہے یا نہیں اور عورت پر حج کس وقت فرض ہوتا ہے اور مرد پر کس وقت فرض ہوتا ہے۔

(جواب) عورت کو حج کو جانا بدون کسی محرم شوہر وغیرہ کے جائز نہیں ہے۔ اور عورت پر حج اس وقت فرض ہوتا ہے کہ اس کے پاس اس قدر روپیہ ہو کہ دونوں کا خرچ وہ اٹھا سکے(۴) یعنی اپنا خرچ اور محرم کا خرچ اٹھا سکے اور مرد کے ذمہ حج اس وقت فرض ہوتا ہے کہ علاوہ اپنے خرچ کے اپنے اہل وعیال کے لئے مدت سفر کا خرچ کافی چھوڑ جاوے اور جو کچھ قرضہ ہو وہ سب ادا کردے۔(۵) فقط۔

## عورت نے غیر محرم کے ساتھ حج ادا کرلیا تو فرض ساقط ہوا یا نہیں

(سوال ۱۶) عورت نے غیر محرم کے ساتھ جا کر حج ادا کرلیا تو جو فرض اس کے ذمہ تھا وہ ساقط ہو گیا یا نہ اور عورت پر غیر محرم کے ساتھ سفر کرنے کا گناہ ہے یا نہیں۔

---

(۱) فرض الخ علی حر الخ مکلف الخ ذی زاد الخ ور احلة الخ (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۴ ط.س. ج۲ص۴۵۵۔۴۵۷) ظفیر

(۲) فرض مقدم هے هو فرض مرة علی الفور فی العام الاول عند الثانی واصح الروایتین عن الامام و مالک و احمد فیفسق وترد شهادته بتاخیره الخ الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۰ ط.س. ج۲ص۴۵۶) ظفیر

(۳) ویعتبر فی المرأة ان یکون لها محرم تحج به الخ ونفقة المحرم علیها لانها تتوسل به الی اداء الحج (هدایه کتاب الحج ج ۱ ص ۲۱۵ ط.س. ج۲ص۲۴۴) ظفیر. (۴) ومنها المحرم للمراء ة شابة کانت او عجوز ا اذا کان بینها وبین مکة مسیرة ثلاثة ایام الخ وتجب علیها النفقة والراحلة فی مالها للمحرم لحج بها (عالمگیری مصری کتاب المناسک باب اول ج ۱ ص ۲۹۴)(۵) ومنها القدر علی الزاد والراحلة الخ وتفسیر ملک الزادو الراحلة ان یکون له مال فاضل عن حاجة وهو ماسوی مسکنه ولبسه وخدمه واثاث بیتا قدر ما یبلغه الی مکة ذاهبا وجا ئیا راکبا، لا ما شیاوسوی ما یقضی به دیونه ویمسک لنفقة عیاله ومر مه مسکنه ونحوه الی وقت انصرافه کذا فی محیط السرخسی ویعتبر فی نفقته ونفقة عیاله الوسط من غیر تبذیر ولا تقتیر کذا فی التبیین (عالمگیری مصری. کتاب المناسک باب اول ج ۱ ص ۲۰۳ ط. ماجدیه ج۲ص۲۵۷) ظفیر

(جواب) حج اس کا ادا ہو گیا اور فرض ساقط ہو گیا، اور غیر محرم کے ساتھ سفر کرنے کا گناہ اس پر ہوا تو بہ واستغفار کرے۔ در مختار میں ہے ولو صحت بلا محرم جاز مع الکراھة الخ۔(۱) فقط۔

## والدہ کی ناراضی کی حالت میں حج کو چلا جائے تو کوئی نقص تو نہیں

(سوال ۱۷) ایک شخص نے اپنی والدہ کی نافرمانی کی اور بحالت ناراضی والدہ حج کو چلا گیا۔ واپس آ کر بھی معافی نہیں چاہی۔ والدہ کا انتقال ہو گیا تو اس کے حج میں کچھ فرق آیا یا نہیں۔

(جواب) اس شخص کا حج تو ادا ہو گیا وہ ایک مستقل عبادت تھی جو ادا کرنے سے ادا ہو گئی، لیکن ماں کی ناراضگی کا جو گناہ اس کی گردن پر ہے اب اس کی مکافات اس کے علاوہ کیا ہو سکتی ہے کہ توبہ واستغفار کے بعد اس پر ایصال ثواب کرے موت کے بعد ایصال ثواب ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے میت کی روح خوش ہوتی ہے اور اس کو اس کا نفع پہنچتا ہے۔(۲) فقط

## معالج ضرر کے خیال سے حج سے روکے تو کیا کرے

(سوال ۱۸) زید اپنی استطاعت وغیرہ کے خیال سے ادائے فریضہ حج کے لئے تیار ہے لیکن اس سے وہ اطباء جو اس کے اکثر مالک رہتے ہیں، یہ رائے دیتے ہیں کہ سفر دریا کا مضر ہوگا ثانیاً یہ کہ ملک کے بہت سے حضرات ابن سعود نجدی کی حکومت کی وجہ سے حج کو نہ جانے کی رائے ظاہر کر رہے ہیں، یہ صحیح ہے یا نہیں۔

(جواب) جو لوگ ابن سعود نجدی کے تسلط حرمین شریفین پر ہونے کی وجہ سے حج کو جانے اور حج نہ کرنے کی رائے دیتے ہیں وہ راہ صواب سے دور ہیں اور سخت غلطی پر ہیں۔ اور حکم صریح وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلاً(۳) کے خلاف کرتے ہیں اور جس پر حج فرض ہو اور وہ تندرست ہو اور سفر کی طاقت اور قدرت رکھتا ہو اس کو حج کرنا چاہئے اور کسی طبیب کے اس کہنے سے کہ تمہارے لئے دریا کا سفر مضر ہوگا فرض حج کو ترک نہ کرنا چاہئے(۴) فقط۔

## جو شخص زکوٰۃ نکالے اس کا حج کے لئے جانا کیسا ہے

(سوال ۱۹) جو صاحب نصاب ہیں مگر زکوٰۃ ادا نہیں کرتے اور حج کے لئے تیار ہیں ان کا حج کو جانا کیسا ہے۔

(جواب) اگر کوئی شخص ایک فرض ادا نہ کرے اور دوسرا فرض ادا کرے تو ظاہر ہے کہ جو فرض ادا کیا جائے گا وہ ادا ہو جاوے گا اور جو فرض ادا نہ ہوگا اس کا گناہ رہے گا۔ بناءً علیہ حج اس کا ادا ہو جاوے گا۔ فقط۔

## شاہ ابن سعود کی حکومت میں حج درست ہے یا نہیں

(سوال ۲۰) سلطان ابن سعود کے تسلط کے بعد سے ارض حجاز میں کامل امن وامان ہے جس کی تصدیق امسال کے حجاج کرتے ہیں لیکن بعض حضرات

سعود کے ہدم قبات واعلان ملوکیت حجاز کی بناء پر اس وقت تک حج کے التواء کا مشورہ دے رہے ہیں جب تک حجاز سے

---

(۱) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الحج ص ۲۰۰ ط۔س۔ ج۲ص۴۶۵۔ ۱۲ ظفیر

(۲) قد یتصف بالحرمة کالحج بما ل حرام و با لکراھة کا لحج بلا اذن ممن یجب استیذانه (در مختار قوله ممن یجب استیذ انه کاحد ابویه المحتاج الی خدمته الخ (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ). ط۔س۔ ج۲ص۴۵۶ ظفیر۔

(۳) آل عمران ۱۰۔

(۴) الحج واجب علی الا حرار البا لغین والعقلا ء الا صحاء اذا قدر واعلی الزا دو الراحلة فاضلا عن المسکن وما لا بد منه وعن نفقة عیا له الی حین عوده وکان الطریق امنا وصفه بالوجوب وھو فریضة محکمة ثبت فرضیتها بالکتاب وھو قوله تعالیٰ وللہ علی الناس حج البیت الا یة (ھدایه کتاب الحج ج ۱ ص ۲۱۳) ظفیر۔

ابن سعود کی حکومت کا اخراج نہ ہو اور منہدم قبہ جات کی تعمیر نہ ہو شرعاً یہ مشورہ صحیح ہے یا نہیں، درصورت ثانی وہ مستطیع حضرات جن پر حج فرض ہو چکا ہے صرف اس مشورہ پر عامل ہو کر ادائیگی فرض میں تاخیر کر دیں اور اس توقف میں خدا نخواستہ اگر موت کے شکار ہو جائیں تو عنداللہ ماخوذ ہوں گے یا نہیں۔

(جواب) یہ مشورہ مانعین حج کا صحیح نہیں ہے اور ایسا مشورہ دینے والے عاصی ہیں، التواء فریضہ حج کسی طرح اس صورت میں جائز نہیں ہے، اور جن لوگوں پر حج فرض ہو چکا ہے اگر وہ بدون حج کے یا وصیت بالحج کے فوت ہو جاویں گے تو عنداللہ وہ ماخوذ ہوں گے اور اس وعید کے مستحق ہوں گے جو کہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جس پر حج فرض ہوا اور اس نے حج ادا نہ کیا اور وہ مر گیا تو وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے اللہ تعالیٰ کو کچھ پروا نہیں ہے۔(۱) والعیاذ باللہ تعالیٰ جل ذکرہ۔ فقط

## حالت ملازمت میں وجوب حج سے پہلے ایک شخص حج کر چکا ہے کیا اب استطاعت کے بعد پھر حج کرے گا۔

(سوال ۲۱) ایک شخص ملازم ہو کر حج کو گیا، بعد چند سال کے وہ صاحب نصاب ہو گیا تو کیا دوبارہ اس پر حج فرض ہوگا یا نہیں۔

(جواب) دوبارہ اس پر حج فرض نہ ہوگا۔ حج فرض ادا ہو چکا درمختار (۲) فقط۔

## شاہان کفار و مشرکین کے اثر میں والی حجاز ہو تو کیا حج جائز ہے یا نہیں

(سوال ۲۲) جب کہ کفار و مشرکین کا اثر خانہ کعبہ و جزیرہ عرب پر ہے اور انہیں کے حسب الاشارہ وہاں کی حکومت حرکت کرتی ہے تو کیا اس حالت میں حج جائز ہے۔

(جواب) بصورت مذکورہ حج فرض ہے پس جن لوگوں پر حج فرض ہے ان کو حج کرنا ضروری ہے قال اللہ تعالیٰ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلاً (۳) فقط۔

## مستطیع فوراً حج نہ کرے تو گنہگار ہوگا یا نہیں

(سوال ۲۳) شخصی توفیق زاد راحلہ حج میدارد در قلب ارادہ صادق میدارد مگر بسبب گردش زمانہ تاخیر واقع می شود بموجب روایت فوراً آثم میشود دو وجوہ ذیل رفع اثم اومی کنند یا نہ۔ اگر در آخر عمر ادا کرد فبہا اگر فوت شد فرض از وساقط شد یا نہ و وجہ ضعیف مقابل اصح است و یک قوی است وجہ ضعیف قول امام محمد علیہ الرحمۃ انہ علی التراخی شامی باب الحج ص ۲۲۶ ایں وجہ برائے رفع اثم است نہ سقوط فرض۔ وجہ ضعیف قول صاحب قیل واختلف فی سقوطہ اذا لم یکن بد من رکوب البحر فقیل یسقط وقال الکرمانی ان کان الغالب فیہ السلامۃ من موضع جرت العادۃ برکوبہ یجب والا فلا وھو الاصح شامی باب حج ص ۳۳۳۔ وجہ قوی در رکوب بحر بسبب چکر و سر گردانی

---

(۱) عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ملک زاداً وراحلۃ تبلغہ الی بیت اللہ ولم یحج فلا علیہ ان یموت یہودیا او نصرانیا الحدیث (مشکوۃ کتاب الحج فصل ثانی ج ۲ ص ۲۲۲) ظفیر۔

(۲) ھو الخ فرض الحج مرۃ لان سبب البیت وھو واحد والزیادۃ تطوع (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۰ ط.س. ج۲ ص ۴۵۵، ۴۵۶) ظفیر۔

(۳) عمران ۱۰۔

وقتے کہ حجاج را در سفر واقع می شود و نماز ہا قضا میشوند پس بروایت ذیل حج از و ساقط میشود یا کم از کم رافع اثم تاخیر است: صاحب اللباب ان منھا ای من الشرائط ان یتمکن من اداء المکتوبات فی اوقاتھا قال الکرمانی لا نہ لا یلیق بالحکمة ۔ اگر رائے جناب مطابق آید فبہا ورنہ بدلائل قطعی تردید فرمایند۔

(جواب) اثم تاخیر را ادائے حج قبل موت ساقط میکند لا غیر و لذا اجمعوا انہ لو تراخی کان اداءً (در مختار) ویسقط عنہ الاثم شامی (۱) و ہرگاہ رکوب بحر را اولاً وجہ ضعیف گفتہ شد و در حقیقت ضعیف است و خلاف اصح است پس آنچہ بر رکوب بحر از گردش راس وغیرہ مرتب اند و از لوازم رکوب بحر اند چگونہ وجہ قوی خواہد شد و فی الدر المختار و العبرة لو جوبھا ای العدة المانعة من سفرھا وقت خروج اھل بلدھا و کذا سائر الشروط ۔ (۲) و ازیں شروط است آنچہ از شارح لباب نقل کردہ اند ان منھا ان یتمکن من اداء المکتوبات الخ ۔ (۳) پس بوقت خروج از بلد ظاہر است کہ برائے مکتوبات متمکن است و ضرورت رکوب بحر وما یترتب علیہ مانع عن الفرضیت نیست۔ پس ایں وجہ را مسقط فرضیت گفتن و از ہمہ کسان کہ رکوب بحر اوشاں را ضروری باشد حج اسلام را ساقط گفتن کار فقیہ نیست۔ و باید دانست کہ آناں کہ رکوب بحر را مانع عن الفرضیت گفتہ اند ہمیں وجہ دوران راس و غثیان وغیرہ گفتہ اند پس ایں دوران وغیرہ را وجہ مستقل گفتن نشاید و ہرگاہ آں وجہ معتبر نیست ، ایں ہم معتبر نہ خواہد شد۔ فقط۔

## خلافت میں جھگڑے کی وجہ سے حج چھوڑا نہ جائے

(سوال ۴۴) امسال میرا عزم سفر حج کا ہے مگر خلافت کے بارہ میں جو جھگڑا پیدا ہوا ہے میرے دل میں ایسا خطرہ پیدا ہوتا ہے کہ شاید ادائے ارکان حج میں کسی قسم کا نقصان یا فتور واقع ہو اور میری صعوبت راہ و اخراجات کثیر فعل عبث ہو جاوے۔ آیا مسئلہ خلافت کو حج سے کسی قسم کا تعلق ہے یا نہیں۔ اور خلیفۃ المسلمین کے نہ ہونے سے حج درست ہوگا یا نہیں۔

(جواب) حج میں اس سے کچھ خلل اور نقصان نہیں ہے آپ شوق سے ارادہ حج بیت اللہ کریں اور زیادۃ حرمین شریفین سے مشرف ہوں۔ (۴) فقط۔

## شریف مکہ کی وجہ سے حج کی فرضیت میں فرق نہیں آتا

(سوال ۴۵) علماء پنجاب در بارہ حج بیت اللہ شریف یہ فرماتے ہیں کہ آج کل حج بوجہ اس کے کہ وہ مقام شریف کے قبضہ میں ہے ناجائز ہے۔ کیا یہ درست ہے، کیونکہ میری ہمشیرہ اور برادر کا ارادہ امسال حج کا ہے۔

(جواب) حج بیت اللہ ان لوگوں پر جن کو استطاعت ہو فرض ہے یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ اب بوجہ مذکورہ حج فرض نہیں رہا ان کو بے تامل حج کا ارادہ کرنا چاہئے۔ (۵) فقط۔

---

(۱) ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۲ ط.س. ج ۲ ص ۴۵۷ ۱۲ ظفیر۔
(۲) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۰ ط.س. ج ۲ ص ۴۶۵ ۱۲ ظفیر
(۳) ردالمحتار کتاب الحج ص ۲۰۰ ۱۲ ظفیر
(۴) ھو فرض مرة علی الفور بشرط حریة وبلوغ الخ وامن طریق (کنز) وحقیقة امن الطریق ان یکون الغالب فیہ السلامة البحر الرائق کتاب الحج ص ۳۳۸ ط.س. ج ۲ ص ۳۰۹ ظفیر۔
(۵) ھو فرض الخ مرة الخ علی مسلم الخ حر مکلف الخ زاد الخ وراحلة الخ فضلا عما لا بدمنہ (الدر المختار علی ہامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۶) ط.س. ج ۲ ص ۳۰۹، ظفیر۔

## عورت شوہر کی اجازت کے بغیر حج کرسکتی یا نہیں

(سوال ۲۶) عورت حج بغیر رضائے شوہر کرسکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) حج فرض کرسکتی ہے۔ (۱) فقط۔

## بزمانہ شریف مکہ حج ساقط نہیں

(سوال ۲۷) اعتراض کیا جاتا ہے کہ خانہ کعبہ غیر مسلم سیادت میں ہے اب وہ دارالامن نہیں رہا اگرچہ بظاہر ادائے رسوم مذہبی میں کوئی مذاحمت نہ ہو۔ اس حالت میں حج ساقط ہے یا نہیں۔

(جواب) جب کہ حج کی ممانعت نہیں ہے اور ارکان حج میں کچھ ممانعت نہیں ہے اور طریق مامون ہے تو استطاعت زاد وراحلہ کی صورت میں حج کرنا فرض ہے۔ پس بوجہ مذکورہ حج ساقط نہ ہوگا۔ (۲) فقط۔

## حج کی ادائیگی میں کیا خلیفہ کی موجودگی ضروری ہے

(سوال ۲۸) ادائے حج کے لئے خلیفہ کا موجود ہونا ضروری ہے یا نہیں۔ تقرر خلیفہ تک حج بند رہے گا یا نہیں۔

(جواب) حج کسی وقت بند نہیں ہوسکتا اور حج کی فرضیت خلیفہ کے ہونے پر موقوف نہیں ہے۔ قال اللہ تعالیٰ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلاً (۳) پس استطاعت سبیل اور استطاعت زاد وراحلہ سے حج فرض ہوجاتا ہے اور جو شروط فقہاء نے مثل امن طریق وغیرہ لکھی ہیں وہ بھی استطاعت سبیل میں داخل ہیں۔ فقط۔

## بے پردگی کے خوف سے حج کو ممنوع کہنا غلط ہے

(سوال ۲۹) ایک شخص مع اپنی اہلیہ کے جس پر حج فرض ہے حج کو جانا چاہتے ہیں۔ مگر ایک مولوی صاحب نے ان کو یہ رائے دی کہ چونکہ ریل وجہاز میں مستورات کی بے پردگی ہوتی ہے اس لئے ان کو ہمراہ نہ لے جانا چاہئے بلکہ یہ فتویٰ دینے کے لئے تیار ہیں کہ مستورات کا اپنے محرم کے ساتھ حج کو جانا بوجہ بے پردگی شرعاً ممنوع ہے۔

(جواب) جب کہ کسی عورت پر حج فرض ہو اور محرم یا خاوند ساتھ جانے والا موجود ہو اور ساتھ جاسکے تو اس عورت کو حج کو جانا فرض ہے۔ کسی صاحب کا یہ فتویٰ دینا کہ مستورات کی جہاز وریل میں بے پردگی ہوتی ہے اس لئے ان کو محرم کے ساتھ جانا بھی ممنوع ہے بالکل غلط ہے مستورات پر بصورت بالا ضرور حج فرض ہے اور محرم کا ساتھ ہونا کافی ہے اور جب کہ برقعہ ہو تو بے پردگی کچھ نہیں ہے۔ یہ خیال بے پردگی کا غلط ہے۔ زمانہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے آج تک ایسا ہی ہوتا رہا ہے۔ اگر خیال اس شخص مانع کا صحیح ہوتا تو کسی زمانہ میں بھی عورتوں پر حج فرض نہ ہوتا۔ الغرض اس شخص کے قول کا اعتبار نہ کریں اور اپنی اہلیہ کو جس پر حج فرض ہے ضرور حج کو لے جاویں۔ (۴) فقط۔

## جو باپ کے مال سے حج کرچکا ہو کیا اس پر دوبارہ حج فرض ہے

(سوال ۳۰) ایک شخص نے اپنے باپ کے مال سے باپ کی موجودگی میں حج کیا تھا۔ بعد انتقال باپ یہ شخص مالک مال اور قادر زاد وراحلہ ہوا آیا اس پر دوبارہ حج فرض ہے یا نہیں۔

---

(۱) ولا طاعة لمخلوق فی معصیة الخالق (الحدیث) ولیس لزوجها منعها عن حجة الا سلام (الدر المختار علی ها مش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۰ ط.س. ج۲ص۴۶۵) ظفیر۔

(۲) هو فرض مرة علی الفور بشرط حریة و بلوغ الخ وامن طریق (کنز) وحقیقة امن الطریق ان یکون الغالب فیه السلامة (البحر الرائق کتاب الحج ج ۲ ص ۳۳۸ ط.س. ج۲ص۳۰۹) ظفیر۔

(۳) آل عمران ۳۰۳ . (۴) ومع زوج او محرم الخ لا مراء ة حرة ولو عجوزا فی سفر (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۸ ط.س. ج۲ص۴۶۴) ظفیر۔

(جواب) اگر پہلا حج بلوغ کے بعد ہوا تو حج فرض ادا ہوگیا دوبارہ حج فرض نہیں ہے۔ درمختار میں ہے فلو جدد الصبی الا حرام قبل وقوفه بعرفة ونوی حجة الا سلام اجزاه الخ وفی ردالمحتار ولو احرم الصبی و المجنون والکا فرثم بلغ او افاق و وقت الحج باق فان جددو ا الا حرام بخرجهم عن حجة الا سلام الخ ۔(۱) فقط۔

## زکوٰۃ کے روپے سے حج درست ہے یا نہیں

(سوال ۳۱) زید استطاعت حج ندارد، بکر اور ااز مال زکوٰۃ خود امداد نمود، آیا حجش جائز خواہد شد یا نہ۔

(جواب) حجش ادا خواہد شد (۲) فقط۔

## جس کے لڑکے مراہق ہوں وہ حج کرسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۳۲) ایک شخص کے دو لڑکے مراہق ایک عـــہ ماہوار دوسرا للعـــہ ماہوار کا ملازم ہے اور ایک بھائی ہے۔ کیا یہ شخص ان لڑکوں کی پرورش کرے یا چچا کے سپرد کر کے حج کو جاسکتا ہے کیونکہ اس کو ایک معذور شخص اپنے ہمراہ حج کو لے جانا چاہتا ہے۔

(جواب) اس شخص کو حج کو جانا درست ہے کیونکہ اولاد اس کی محتاج نہیں ہے اور نگرانی ان کی ان کے چچا کے سپرد کر دی جاوے۔(۳) فقط۔

## حج فرض نہ ہونے کی صورت میں بلا اجازت والدین جاسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۳۳) اگر حج فرض نہ ہو تو بلا اجازت والدین کے جانا جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر والدین کو اس کی خدمت کی ضرورت ہے تو جائز نہیں ہے۔(۴) فقط۔

## غربت میں حج کر چکا ہے تو کیا اب مالدار ہونے کے بعد دوبارہ حج اس پر فرض ہے

(سوال ۳۴) ایک شخص غریب جس پر حج فرض نہیں ہے وہ کس طریق سے مکہ معظمہ پہنچا اور حج ادا کیا۔ واپس آنے کے بعد وہ غنی ہوگیا تو اب اس پر دوبارہ حج فرض ہے یا وہ حج نفل اس کے لئے کافی ہے۔

(جواب) اس صورت میں اس شخص کے ذمہ سے حج فرض ادا ہوگیا۔ کما فی الشامی بخلاف ما لو خرج لیحج

---

(۱) دیکھئے ردالمحتار الحج ج ۲ ص ۲۰۱) .ط.س.ج ۲ ص ۴۶۶ ۱۲ ظفیر.

(۲) و کره الا غناء وندب الا غناء عن السوال (کنز) ای کره ان یدفع الی فقیر ما یصیر به غنیا وندب الا غناء عن سوال الناس (البحر الرائق باب المصرف ج ۲ ص ۲۶۸) اور زکوٰۃ دینے والے نے جب دے دی اور اس نے حج ادا کیا تو اس کے درست ہونے میں کیا اشکال ہے۔ واللہ اعلم . کذا لو تصدق به علیه الخ ما لا یحج به لا یجب علیه القبول عند نا الخ فان قبل المال وجب (المسک المتقسط ص ۱۲) ظفیر صدیقی.

(۳) وفضلا عن نفقة عیاله ممن تلزمه نفقته لتقدم حق العبد الی حین عوده (الدر المختار علی هامش ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۹۷ .ط.س.ج ۲ ص ۴۶۲) ظفیر.

(۴) ویتصف بالحرمة کالحج بما ل حرام بالکراهة کا لحج بلا اذن ممن یجب استیذانه (در مختار) کاحدا بویه المحتاج الی خدمته والا جداد الخ فیکره خروجه بلا اذنهم کما فی الفتح وظاهره ان الکراهة تحریمیة الخ قال فی البحر وهذا کله فی حج الفرض اما حج النفل فطا عة الوالدین اولی مطلقا (ردالمحتار مطلب فیمن حج بمال حرام ج ۲ ص ۱۹۱ .ط.س.ج ۲ ص ۴۵۶) ظفیر.

عن نفسه وهو فقير فانه عند وصوله الى الميقات صار قادراً لقدرة نفسه فيجب عليه (۱) الخ وفيه ايضا الآفاقي اذا وصل الى ميقات فهو كالمكي الخ ۔(۲) فقط۔

## غیر محرم کے ساتھ حج کرنا عورت کے لئے درست نہیں ہے۔

(سوال ۳۵) ایک عورت ضعیف شوہر کی اجازت سے تنہا یا دوسرے شخص کے ساتھ حج کو جا سکتی ہے یا نہیں۔
(جواب) اجنبی لوگوں کے ساتھ سفر کرنا عورت کو درست نہیں ہے، بلکہ ضرورت ہے کہ شوہر یا کوئی دوسرا محرم اس کے ساتھ ہو۔(۳) فقط۔

## یتامیٰ وفقراء کو روپیہ دینے سے حج ادا نہیں ہوتا

(سوال ۳۶) زید ۵۵ سال کی عمر کا ضعیف القویٰ شخص ہے لیکن صاحب ثروت ہونے کی وجہ سے اس پر حج فرض ہے۔ تکالیف سفر اور اپنی کمزوری قویٰ جو بلحاظ عمر و مرض کے ہے سفر حج کرنے میں جان کا خطرہ سمجھ کر ادائے فریضہ حج کے لئے ایک معقول اور مناسب رقم یتیموں اور بیواؤں کو یا مدرسہ اسلامیہ میں صرف کر کے اس فرض کو ادا کرنا چاہتا ہے آیا اس کا یہ فعل ادائے فریضہ حج میں شمار ہوگا یا نہیں۔

دوسری شکل یہ ہے کہ اس سرمایہ سے حج بدل کرایا جاوے لیکن جو شخص حج بدل کے واسطے بھی جاوے اس کے لئے کیا شرائط ہیں۔

(جواب) یتامیٰ وفقراء کو دینے سے فریضہ حج سے سبکدوش نہیں ہو سکتا البتہ دوسری صورت یعنی حج بدل کی ہو سکتی ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ حج بدل اس سے کراوے جو پہلے حج کر چکا ہو، ورنہ مکروہ ہوگا، اگرچہ حج ادا ہو جاوے گا۔ کذا فی الشامی۔(۴) فقط۔

## غلط افواہ سے حج کی فرضیت ساقط نہیں ہوتی

(سوال ۳۷) چند لوگ جن پر حج فرض تھا، امسال حج بیت اللہ کا ارادہ رکھتے تھے کہ یہ خبر مشہور ہوئی کہ شریف مکہ حاجیوں سے بالجبر بیعت لیویں گے کہ امیر المومنین ہم ہیں، امسال حج کو جانا اور شریف مکہ سے بیعت کرنا کیسا ہے۔
(جواب) ایسی خبروں سے حج فرض ساقط نہیں ہوتا۔ لہٰذا جن لوگوں پر فرض ہے ان کو حج کرنا چاہئے اور شریف مکہ سے بیعت کرنا درست نہیں ہے۔(۵) فقط۔

---

(۱) ردالمحتار باب الحج عن الغير مطلب فى حج الصرورة ج ۲ ص ۳۳۲ ط.س. ج۲ص۶۰۳. ۱۲ ظفير
(۲) ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۵ ط.س. ج۲ص۴۶۰. ۱۲ ظفير.
(۳) ومع زوج او محرم ولو عبدا الخ بالغ الخ عاقل والمراهق كبا لغ غير مجوسى ولا فاسق لعدم حفظهما مع وجوب النفقة لمحرمها عليها لانه محبوس عليها لا مراءة حرة ولو عجن افى سفر الخ وليس عبدها بمحرم لها وليس لزوجها منعها عن حجة الا سلام ولو كان بلا محرم جاز مع الكراهة (در مختار) اى التحريمية للنهى فى حديث الصحيحين الخ (ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۹ و ج ۲ ص ۲۰۰ ط.س. ج۲ص۴۶۶) ظفير.
(۴) العبادة المالية تقبل النيابة من المكلف مطلقا الخ والبدنية كصلاة وصوم لا تقبلها والمركبة منهما كحج الفرض تقبل النيا بة عند العجز الى الموت لا نه فرض العمر حتى تلزم الا عادة بزوال العذر وبشر طية الحج عنه الخ لكنه يشترط لصحة النيا بة اهلية المامور لصحة الا فعال الخ فجاز حج وبشرط امربه ورة الخ وغيره هم اولى (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۳۱. ۳۳۲ ط.س. ج۲ص۵۹۷) ظفير.
(۵) هو فرض مرة على الفور بشرط حرية وبلوغ وعقل وصحة وقدرة زاد و راحلة فضلت عن مسكنه عن لا بدمنه نفقة ذها به وايا به وعياله وامن طريق (كنز) وحقيقة امن الطريق ان يكون الغالب فيه السلامة كما اختاره الفقيه ابو الليث وعليه الاعتماد (البحر الرائق كتاب الحج ج ۲ ص ۲۳۸ ط.س. ج۲ص۳۰۹) ظفير.

## چھوٹے بے ماں کے لڑکے کو چھوڑ کر حج میں جانا کیسا ہے

(سوال ۳۸) ایک شخص ارادہ حج کا رکھتا ہے، لیکن اس کا ایک لڑکا صغیر سن ہے جس کی ماں نہیں ہے۔ لڑکا بغیر والد کے نہیں رہ سکتا۔ البتہ لڑکے کے چچا تایا موجود ہیں، اگر لڑکے کو ان کے پاس چھوڑ کر چلا جائے تو کچھ گناہ تو نہ ہوگا۔

(جواب) حج فرض کو اس وجہ سے چھوڑ نہیں سکتا باپ کے جانے کے بعد لڑکے کے ولی تایا چچا موجود ہیں وہ پرورش کریں گے، البتہ لڑکے کا نفقہ باپ دے کر جاوے۔

## بغیر محرم عورت کا حج کرنا کیسا ہے

(سوال ۳۹) ایک عورت جو کسی طرح محل فتنہ نہیں، ثقہ بھی ہے، اس کے کوئی محرم نہیں۔ اس کا ایک شخص کو جو بظاہر دیندار ہے، اپنے ہمراہ لے جانا چاہتا ہے کہ سفر میں اس کی امداد کرے، ایسی صورت میں وہ شخص اس کے ہمراہ سفر کرسکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) روایت فقہیہ جواز کی بعض مشائخ سے بعض معتبرات میں موجود ہے۔ قال الشامی من الحظر و الا باحة فصل البیع وفیه اشارة الی ان الحرة لا تسافر ثلاثة ایام بلا محرم و اختلف فیما دون الثلا ثة وقیل انها تسافر ع الصالحین والصبی والمعتوه غیر محرمین کما فی ا لمحیط قهستانیؒ[ع] اور فصل حداد میں یہ عبارت بھی قابل لحاظ ہے۔ قال فی الدر المختار ولا بد من سترة بینهما فی البائن لئلا یختلی بالا جنبیة ویمکن ان یقال فی الا جنبیة کذلک وان لم تکن معتد ته الا ان یوجد نقل بخلافه بحر۔ (۱) اور بعض وقائع صدر اول کے مثلاً مہاجرت حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی زید بن حارثہؓ اور رجل من الانصار کے ساتھ مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ تک اور امثال اس کے بھی قابل لحاظ ہیں۔ اور واقعی یہ ہے کہ وقائع میں ایک ضرب اجتہاد سے کام لینا پڑتا ہے۔ قال فی الفتح من الخلع والحق ان علی المفتی ان ینظر فی خصوص الو قائع۔ (۲) واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ محمد انور عفا اللہ عنہ۔

## عدت کے اندر سفر حج جائز ہے یا نہیں

(سوال ۴۰) ہندہ کا شوہر فوت ہوگیا عدت پوری نہیں ہوئی، کیا ہندہ ایام عدت میں فریضہ حج ادا کرنے کے لئے سفر کرسکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) ہندہ ایام عدۃ میں فریضہ حج کے لئے سفر نہیں کرسکتی کذا فی الدر المختار (۳) فقط۔

## بیوہ غیر مرد کے ساتھ حج کو جاسکتی ہے یا نہیں

(سوال ۴۱) ایک عورت جس کی عمر ۲۴ برس کی ہے اور وہ بیوہ ہے، ارادہ حج کی کرتی ہے، ایک غیر شخص کے ساتھ جاسکتی ہے یا نہیں۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار فصل فی الحداد ج ۲ ص ۸۵۵. ۱۲ ظفیر۔
(۲) ردالمحتار فصل فی الحداد ج ۲ ص ۸۵۲. ۱۲ ظفیر۔
[ع] ردالمحتار کتاب الحظر والاباحة فصل فی البیع ج ۵ ص ۳۴۳ ظفیر صدیقی۔
(۳) ومع زوج او محرم الخ مع وجوب النفقه لمحرمها علیها لا مراء ة حرة ولو عجوز افی سفر الخ و مع عدم عدة علیها مطلقا اية عدة كانت (در مختار فلا یجب علیها الحج اذا وجدت (ای العدة) قوله ای عدة كانت ای سواء كانت عدة وفات اوطلاق بائن اورجعی (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۸ و ج ۲ ص ۱۹۹ ولا تخرج معتدة رجعی او بائن الخ عن بیتها اصلا (الدر المختار علی هامش ردالمحتار فصل فی الحداد ج ۲ ص ۸۵۲) ظفیر۔

(جواب) بدون محرم کے ساتھ لئے عورت کو سفر کرنا درست نہیں ہے اور اس حالت میں حج اس پر فرض نہیں ہے۔(۱) فقط

## پانچ سوروپیہ بتایا، قبضہ میں نہیں کرایا تو کیا حکم ہے

(سوال ۱/۴۲) زید کے باپ نے روپیہ اس قدر چھوڑا کہ حج کے قابل تھا مگر وقت مرگ والد زید موجود نہ تھا بلکہ اس کا بیٹا عمر تھا۔ اس نے ڈیڑھ ہزار روپیہ چرایا اور خرچ کر ڈالا، بعدہ مرض الموت میں پانچ سوروپیہ عمر کے دادا نے اس کو بتایا کہ فلاں جگہ سے نکال لو۔ اب فرمائے کہ یہ پانچ سوروپیہ ملک عمر کی ہے؟ اور حج اس پر فرض ہے یا نہیں۔

## مرض الموت کے وقت ہبہ کے لئے کیا شرط ہے

(سوال ۲/۴۳) بہشتی زیور حصہ پنجم میں ہے کہ مرض الموت میں ثلث کے ہبہ میں قبضہ شرط۔ تو اگر کہ والد زید کا کل دو ہزار روپیہ تھا جس میں سے پانچ سوروپے اس نے عمر کو بتلائے مگر قبضہ نہیں کرایا تو وہ مالک اس روپے کا ہوا یا نہیں؟ اور حج فرض ہوا یا نہیں؟

## پوتے نے جو روپیہ چرایا وہ تمام ورثہ کا حصہ ہے

(سوال ۳/۴۴) زید جب مرا تو اس کے وارث دو بیٹے ایک بیٹی تھی اور عمر جو اس کا بیٹا ہے وہ ان پانچ سوروپے کو جو دادا نے دیئے تھے کھا پی چکا تھا مگر ڈیڑھ ہزار روپیہ جو دادا کا اس نے چرایا تھا اس میں کا چار سوروپیہ باقی ہے تو آیا اس چار سو روپے کو ملک عمر سمجھا جاوے گا یا اس کو سب ورثہ پر حسب حصص تقسیم کیا جاوے گا؟ اور اس میں سے جو اس کے حصہ کا ہوگا وہ اگر حج کے قابل ہو تو حج فرض ہوگا؟

## مکان کا مالک ہو تو کیا حج فرض ہو جاتا ہے

(سوال ۴/۴۵) ایک شخص کے پاس نیچے کا مکان زاید از حاجت ہے مگر اوپر جو اس کے مکان ہے اس میں وہ خود رہتا ہے، پس اس پر حج فرض ہے یا نہیں؟

## جائداد کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے یا نہیں

(سوال ۵/۴۶) ایک شخص کسی پنشن سے گذر اوقات کرتا ہے اور جائداد بھی ہے کہ وہ گذارے کو کافی نہیں اور اس پر مدار بھی ہے۔ لیکن جائداد اس قیمت کی ہے کہ اگر اس کو فروخت کرے تو حج ہو سکتا ہے اس پر حج فرض ہے یا نہیں؟

## ہبہ میں روپیہ ملا تو حج فرض ہوا یا نہیں

(سوال ۶/۴۷) جس شخص نے کسی عزیز غیر وارث کو بلا اجازت ورثہ اس قدر روپیہ دیا کہ وہ حج کو کافی ہے تو اس پر حج فرض ہو جاوے گا؟

## حج کے زمانے سے پہلے روپیہ تھا بعد میں قرض دے دیا اور وصول نہ ہوا تو کیا حکم ہے

(سوال ۷/۴۸) ایک شخص کے پاس ماہ صفر میں اس قدر روپیہ ہوا کہ حج کو چلا جائے مگر ربیع الثانی میں کسی کو قرض

---

(۱) هو فرض على مرة على الفور بشرط حرية الخ و محرم او زوج لا مرة في سفر (كنز) لما في الصحيحين لا تسافر امراء ة ثلاثا الا ومعها محرم وزاد مسلم في رواية اوزوج وروى البزاز لا تحج امراء ة الا و معها محرم الخ او اشار المصنف الى ان امن الطريق و المحرم من شرائط الوجوب (البحرالرائق كتاب الحج ج ۲ ص ۳۳۸ و ج ۲ ص ۳۳۹ ط.س. ج۲ ص ۳۰۹) ظفير۔

دے دیا اور اب تک وصول نہیں ہوا تو اس شخص پر حج فرض ہوا یا نہیں؟ مولانا حسین احمد صاحب مہاجر مدنی فرماتے تھے (۱) کہ حج فرض ہوتا ہے کہ جب اس شہر سے سفر حج جانے کا زمانہ ہو اس وقت شرائط پائی جائیں۔ تجربہ سے یہاں کے لوگوں کا جانا ماہ شوال میں ہوتا ہے فقط۔

(جواب) (۱) اس پانچ سو روپے کا بھی عمر مالک نہیں ہوا۔ (۲) پس اس روپے کی وجہ سے بھی حج فرض نہیں ہوا۔

(۲) جو رائے حضرت مولانا اشرف علی صاحب کی ہے، بندہ کے نزدیک صحیح ہے۔

(۳) کل دو ہزار میں سے عمر کو حصہ پہنچے گا مگر جو چار سو روپے موجود ہیں، یہ سب دیگر ورثہ کو دیدے۔ عمر کا حصہ اس میں محسوب نہ ہوگا جو وہ صاف کر چکا بعد وضع اپنے حصہ کے باقی سب دیگر ورثہ کو دے دیوے اور جب کہ اس کے پاس کچھ باقی نہ رہے گا تو حج فرض نہ ہوگا۔ فقط۔

(۴) یہی صحیح ہے کہ عمر پر حج فرض نہیں ہوا۔ فقط ومنه المسكن ومرمنه ولو كبير ايمكنه الا ستغناء ببعضه والحج بالفاضل فانه لا يلزمه بيع الزائد (الدر المختار على هامش ردالمحتار ج ۲ ص ۱۹۲)

(۵) اگر جائداد گذر اوقات سے زیادہ نہیں تو حج اس پر نہیں ہوا اور فروخت کرنا اس کا ضروری نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ ملک غیر سے بسر اوقات کرنا شرعاً معتبر نہیں ہے۔ اپنی ہی آمدنی کا لحاظ کیا جاتا ہے اور شریعت میں لحاظ جائز آمدنی کا ہے۔ (۳)

(۶) اگر وہ روپیہ ثلث سے زیادہ نہیں تو حج فرض ہو جاوے گا۔

(۷) جو کچھ مولانا حسین احمد صاحب نے اس بارہ میں فرمایا صحیح ہے۔ فقط۔

## والدین کی رضا کے بغیر نفل حج کرنا کیسا ہے

(سوال ۴۹) رفتن برائے حج نفل بدون رضاء والدین جائز است یا نہ؟

(جواب) حج نفل بدون رضائے والدین نباید کرد (فی الدر المختار قد يتصف بالحرمة كا لحج بمال حرام وبالكراهة كا لحج بلا اذن ممن يجب استيذ انه الخ قال الشامی ج ۲ ص ۲۴۵) اما حج النفل فطاعة الوالدين اولى مطلقاً كما صرح به فى الملتقط ج ۲ ص ۱۹۱ على هامش ردالمحتار)

## فریضہ حج کی ادائیگی میں تاخیر جائز ہے یا نہیں

(سوال ۵۰) اگر بر کسے حج فرض شدہ باشد در ادائیگی تاخیر کردن جائز است یا نہ؟ واگر والدین از سفر حج مانع آیند از جہت آنہا متوخر کردن جائز است یا نہ؟

(جواب) بصورت فرض شدن حج تاخیر نباید کرد۔ اگر والدین منع کنند باز نہ آید البتہ اگر والدین محتاج خدمت ایں کس باشند و ہیچ خادم دیگر نہ باشد متوخر کن۔ (قال فى الدر المختار وقد يتصف بالحرمة كالحج بما ل حرام وبالكراهة كالحج بلا اذن ممن يجب استيذ انه . قال الشامى كاحد ابويه المحتاج الى خدمة الخ شامى ج۲ص ۱۹۱ وقال فى الدر المختار ، فرض مرة على الفور فى العام الاول عند الثانى

---

(۱) مراد حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ سابق صدر المدرسین وشیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند ہیں۔
(۲) چونکہ یہ ہبہ ہے جس کے لئے قبضہ شرط ہے۔ جمیل الرحمن۔
(۳) وان كان صاحب ضيعة ان كان له من الضياع ما لو باع يكفى الزاد والر احلة ذاهبا وجائيا ونفقة عيا له وا ولاده ويبقى له من الضيعة قدر ما يعيش بغلة الباقى يفترض عليه الحج والا فلا (عالمگیری ص ۲۰۴ .ط.س. ج۲ ص۲۱۸)

واصح الروایتین عن الا مام الخ. در مختار مختصراً ج ۲ ص ۱۹۱ علی هامش ردالمحتار)

## مہر دین مقدم ہے یا حج

(سوال ۵۱) اگر بر کسے حج فرض شدہ باشد و زوجہ اش مانع شد و گوید کہ مہر ادا کن دریں صورت کہ نزدش برائے ادائیگی مہر سوائے ایں مال دیگر نیست برآں کس فریضہ حج ادا کردن لازم است یا ادائیگی مہر زوجہ؟

(جواب) بصورت فرضیت حج اگر زوجہ مانع شود و گوید کہ مہر اداء کردن لازم است حج را مئوخر کند و مہر ادا کند۔(۱) فقط

## عورت حج کے لئے غیر محرم کے ساتھ جانا چاہے تو شوہر روک سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۵۲) ایک عورت حج کے لئے اپنے پھوپی زاد بھائی اور خالہ زاد بہن اور دیگر عورتوں کے ہمراہ جانا چاہتی ہے، شوہر روکتا ہے، آیا شرعاً شوہر اس کو روک سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اگر عورت کے ذمہ حج فرض ہو تو شوہر اس کو حج سے نہیں روک سکتا اگر شوہر ساتھ نہ جائے تو دوسرے محرم کے ساتھ حج کر سکتی ہے اور بلا محرم کے جانا مکروہ تحریمی ہے۔ کما قال فی الدر المختار لیس لزوجها منعها عن حجة الا سلام ولو حجت بلا محرم جاز مع الکراهة الخ ای التحریمیة الخ شامی۔(۲) اور پھوپی زاد بھائی محرم نہیں ہے۔ اس کے ساتھ سفر کرنا جائز نہیں ہے(۳) اسی طرح عورتوں کے ساتھ سفر کرنا درست نہیں ہے۔ یہ اصل مذہب ہے۔ (۴) اور بعض نے کہا اگر صلحاء کے ساتھ سفر کرے تو درست ہے وقیل انها تسا فر مع الصالحین والصبی والمعتوه غیر محرمین کما فی المحیط عن القهستانی۔(۵) فقط۔

## پیر غیر محرم کے ساتھ عورت حج کا سفر کر سکتی ہے یا نہیں

(سوال ۵۳) ایک عورت بیوہ جو صاحب نصاب ہے وہ اپنے غیر محرم پیر کے ساتھ حج کرنا چاہتی ہے تو جائز ہے یا نہیں۔(۶) اگر یہ عورت صرف مستورات کے ساتھ مل کر جائے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) جائز نہیں ہے، شامی میں ہے وفیه اشارة ان الحرة لا تسافر ثلاثة ایا م بلا محرم الخ(۲) جائز نہیں۔(۷) فقط۔

---

(۱) قال الشامی تحت قول الدر المختار ممن یجب استیذ انه وکذا الغریم لمدیون لا مال له یقضی به و بالا ذن فیکره خروجه بلا اذنهم کما فی الفتح وظاهره ان الکراهة تحریمیة ولذا عبر الشارح بالوجوب الخ (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۱) ظفیر ص ۱۵۲ .ط.س. ج۲ص۴۵۶.

(۲) ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۰ . ۱۲ ظفیر

(۳) والمحرم من لا یجوز له منا کحتها علی التابید بقرابة او رضاع او صهریة (ردالمحتار کتاب الحج تحت قوله مع زوج او محرم ج ۲ ص ۱۹۹ .ط.س. ج۲ص۴۶۴) ظفیر.

(۴) ویعتبر فی المراء ة ان یکون لها محرم تحج به او زوج ولا یجوز لها ان تحج بغیر هما وقال الشافعی یجوز لها الحج اذا خرجت فی رفقة ومعها نساء ثقات لحصول الا من بالمرا فقة ولنا قوله علیه الصلاة والسلام لا تحجن امراء ة الا معها محرم ولانها بدون المحرم یخا ف علیهاالفتنه وتزداد بانضمام غیر ها الیها ولهذا تحرم الخلوة بالا جنبیة وان کان معها غیرها (هدایه علی هامش فتح القدیر کتاب الحج ج ۲ ص ۱۲۸)(۵) ردالمحتار کتاب الحظر والا باحة فصل فی البیع ج ۵ ص ۳۴۳ .ط.س. ج۲ص۳۹۰ .ظفیر. صدیقی.(۶) دیکھئے ردالمختار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۹) ویعتبر فی المراء ة ان یکون لها محرم تحج به اوزوج ولا یجوز بها ان تحج بغیر هما اذا کان بینها وبین مکة مسیرة ثلاثة ایام (هدایه علی هامش فتح القدیر کتاب الحج ج ۲ ص ۱۲۸ .ط.س. ج۲ص۴۶۴) (۷) ومع زوج او محرم الخ مع و جوب النفقة لمحرمها علیها الخ لامراء ة (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۸ و ج ۲ ص ۱۹۹) وروی البزاز لاتحج مراء ة الا ومعها محرم (البحرالرائق ج ۲ ص ۳۳۸.ط.س. ج۲ص۳۱۴)

## کیا عورت ان عورتوں کے ساتھ حج کے لئے جاسکتی ہے جو اپنے محرم کے ساتھ جارہی ہیں

(سوال ۵۴) ایک بیوہ عورت جس کا کوئی محرم ساتھ نہیں ہے حج کو جانا چاہتی ہے باقی اور عورتیں اپنے اپنے خاوندوں کے ہمراہ جارہی ہیں۔ زنانہ ساتھ دیکھ کر یہ بھی تیار ہوگئی تو کیا بغیر محرم جاسکتی ہے اور اگر کوئی منع کرے تو اس کی کیا سزا ہے۔

(جواب) جب تک اس عورت بیوہ کے ساتھ اس کا کوئی محرم نہ ہو اس وقت تک اس پر حج فرض نہیں ہے اور جانا جائز نہیں ہے۔(۱) فقط

## محرم عرفات میں نہ پہنچا تو حج ہوا یا نہیں

(سوال ۵۵) محرم یوم نحر کی طلوع فجر سے پہلے عرفات میں پہنچ گیا لیکن اس قدر فاصلہ رہا کہ میدان عرفات میں پہنچتے پہنچتے فجر طلوع ہوجائے گی، البتہ اگر وہ پتھر پھینکے تو وہاں پہنچ سکتا ہے۔ ایک شخص کہتا ہے کہ محرم کے پتھر کا پہنچنا محرم ہی کا پہنچنا سمجھا جائے گا اور اس کا حج ہوجائے گا تو کیا یہ صحیح ہے۔

(جواب) یہ قول اس شخص کا غلط ہے، میدان عرفات میں سے کسی جزء میں پہنچ جانا محرم کا ضروری ہے اگرچہ ایک لحظہ کے لئے ہو، بدون عرفات میں گذرنے کے حج نہ ہوگا۔ چنانچہ شرح لباب المناسک میں ہے کہ شرط ثالث وقوف عرفہ کی مکان عرفات ہے فلو اخطاه لم يجز وقوفه بغير عرفة ولو ببطن عرنة الى ان قال الخامس كينو نته بعرفة في وقته الخ ولو لحظة. (۲) فقط

## جب خود اپنے ذمہ حج فرض ہے تو والد کو حج ...... کرانے سے اس کا فرض ادا ہوگا یا نہیں

(سوال ۵۶) ایک آدمی کے ذمہ حج فرض ہے لیکن اس کے والدین کے پاس اس قدر مال نہیں جو حج کرسکیں، اب اس آدمی کو خود حج کرنا چاہئے یا اپنے باپ کو بھیج کر حج کرادے۔ اگر باپ کو حج کرادے گا تو اس کے ذمہ سے فرض ادا ہوجائے گا۔ یا نہیں۔

(جواب) اس کو خود حج کرنا چاہئے۔ اگر باپ کو حج کراوے گا تو پھر بھی اس کو خود اپنا حج کرنا لازم ہے۔(۳) فقط۔

## حج سے پہلے یا بعد میں زنا کرنے والے کا حج ہوا یا نہیں

(سوال ۵۷) ایک شخص نے ایک شوہردار عورت کو بہکا کر اپنے گھر میں ڈال لیا اور کئی ماہ تک اس سے زنا کرتا رہا، اس کے بعد حج کو گیا، واپس آکر پھر بدستور بدکاری میں مشغول رہا۔ اب اس عورت کے شوہر نے مجبور ہو کر اس کو طلاق

---

(۱) ومع زوج او محرم الخ مع وجوب النفقة عليها لمحرمها الخ لا مراءة حرة ولو عجوز افي سفر (ايضا ج ۲ ص ۱۹۸ ط.س. ج۲ص ۴۶۴) ھدایہ میں ممانعت کی صراحت موجود ھے . دیکھئے فتح القدیر کتاب الحج ج ۲ ص ۱۲۸) ظفير. (۲) المسلک المتقسط ص ۱۰۴) والحج فرضه ثلاثة الا حرام الخ والوقف بعرفة في اوانه (در مختار) وهو من زوال يوم عرفة الى قبيل طلوع فجر النحر (الدر المختار على هامش ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۲ ط.س. ج۲ص ۴۶۴) اما زمانه فزمان الوقف من حين تنزول الشمس من يوم عرفة الى طلوع الفجر الثانى من يوم النحر حتى لو وقف بعرفة في غير هذا لوقت كان وقوفه وعدم وقوفه سواء لانه فرض موقت الخ كذا من لم يدرك عرفة بنهار ولا بليل فقد فاته الحج الخ اما القدر المفروض من الوقوف نهو كينو نته بعرفة في ساعة في هذا الوقت فمتى حصل اتيانها في ساعة من هذا الوقت تادى فرض الوقوف سواء كان عالما او جا هلا نائما او يقظان مضيقا او معمى عليه وقف بها او مر وهو يمشى او على الدابة او محمولا (بدائع الصنائع كتاب الحج فصل ركن الحج ج ۲ ص ۱۲۵ و ج ۲ ص ۱۲۷) ظفير.

(۳) والمركبة منهما كحج الفرض تقبل النيا بة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز الى الموت لانه فرض العمر حتى تلزم الاعادة بزوال العذر (الدر المختار على هامش ردالمحتار با ب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۲۶ و ج ۲ ص ۳۲۷ ط.س. ج۲ص ۵۹۸) ظفير.

دے دی ہے۔ بعد عدت کے زانی نے اس سے نکاح کر لیا ہے تو اس شخص کا حج ہوا یا نہیں۔

(جواب) حج اس کا صحیح ہو گیا اور قائم رہا اور دوبارہ حج کرنا اس پر فرض نہیں ہے۔(۱) فقط۔

(البتہ زنا کاری کا گناہ ہوگا۔ مگر اس کی وجہ سے حج کی ادائیگی پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ ظفیر۔)

## یوم جمعہ اگر عرفہ کے دن پڑے تو کیا یہ ستر حج سے افضل ہے

(سوال ۵۸) یوم عرفہ اگر جمعہ کے دن واقع ہو تو وہ ستر حج سے افضل ہے (جو غیر جمعہ میں ہو) یا نہیں۔ چنانچہ بحر الرائق میں ہے وقد قیل اذا وافق یوم عرفة یوم جمعة غفر لا ھل کل الموقف وانه افضل من سبعین حجة غیر یوم الجمعة کما ورد فی الحدیث الشریف انتھیٰ۔ لیکن صاحب ردالمحتار لکھتے ہیں ولکن نقل المناوی عن بعض الحفاظ ان ھذا حدیث باطل لا اصل له انتھیٰ آیا یہ روایت واقعی باطل ہے۔ ایک روایت ابو ہریرہؓ سے حافظ سخاوی نے کتاب فضائل اعمال میں نقل کی ہے۔ عن ابی ھریرة عن النبی صلی اللہ علیه وسلم ان اللہ عزو جل خلق الایام واختار منھا یوم الجمعة فکل عمل یعمله الا نسان یوم الجمعة یکتب له سبعین حسنةً الحدیث۔ یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں۔

(جواب) صاحب درمختار نے اسی کو اختیار فرمایا ہے کہ جمعہ کے روز اگر وقوف عرفہ ہو تو وہ حج ستر حج سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے جو کہ غیر جمعہ میں ہو اور یہ مسئلہ مسلمہ ہے کہ فضائل اعمال میں حدیث ضعیف پر بھی عمل ہو سکتا ہے کما فی الدر المختار، عن الرملی فیعمل به فی فضائل الا عمال وان انکرہ النووی (۲) بہر حال جمعہ کے وقوف کو فضیلت ضرور ہے۔ پس اگر سبعین حجۃ کی روایت میں ضعف بھی ہو تو اصل فضیلت کے منافی نہیں ہے اور ایسے امور میں قطعی حکم نہیں دیا جاتا اور نہ اس کی ضرورت ہے اور حافظ سخاویؒ نے جو حدیث فضائل اعمال میں اس مضمون کی نقل کی ہے وہ اگر صحیح ہو تو مطلب حاصل ہے اور اگر ضعیف بھی ہو تو کچھ قدح نہیں ہے کما مر عن قبوله فی فضائل الا عمال واللہ عنه علم الکتاب وھو اعلم بالصواب۔ فقط۔

## عورت خود بھی بیمار ہو اور اس کا محرم بھی تو کیا کرے

(سوال ۵۹) ایک شخص فریضہ حج ادا کر چکا ہے مگر اس کی بیوی نے نہیں کیا، اب ان کے پاس اتنا روپیہ ہے کہ میاں بیوی دونوں بخوبی حج کر سکتے ہیں، لیکن مرد کمزور اور دائم المریض ہے اور بیوی بھی کمزور ہے مگر ایسے کمزور نہیں ہیں کہ چل پھر نہ سکیں۔ دیگر اس وقت حجاز میں راستہ کی تکلیفات زیادہ ہیں۔ پس مذکورہ حالات میں دونوں کے لئے حج کو جانا ضروری ہے یا اس قدر روپیہ مدارس اسلامیہ کو بطور خیرات دے دینا بہتر ہے۔

(جواب) جب کہ اس کی زوجہ پر حج فرض ہے تو اس کو حج کرانا چاہئے اور چونکہ عورت کو محرم کے ساتھ لینے کی ضرورت ہے تو خواہ شوہر ساتھ ہو یا کوئی دوسرا محرم، یہ اختیار ہے کہ اگر سر دست بوجہ عدم اطمینان کے سفر حج میں

---

(۱) ھو ای الحج الخ فرض الخ مرة لا ن سببه البیت وھو واحد (در مختار) ولا یتکرر الواجب اذا لم یتکرر سببه ولحدیث مسلم یا ایھا الناس قد فرض علیکم الحج فحجو افقال رجل اکل عام یا رسول اللہ فسکت حتی قالھا ثلاثا فقال رسول اللہ لو قلت نعم لو جبت ولما استطعتم (ر دالمختار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۰ ,ط.س. ج۲ص ۴۵۴، ۴۵۵) ظفیر

(۲) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار عند باب وضو مطلب فی بیان ارتقاء الحدیث الضعیف الی مرتبة الحسن ج ۱ ص ۱۱۹)، ط.س. ج۲ص ۱۲۸ . ۱۲ ظفیر.

تأمل ہے تو انتظام کیا جاوے کہ جس وقت خبریں اطمینان کی آ جاویں اس وقت ارادہ کیا جاوے(۱) غرض یہ کہ فریضہ حج، حج کرنے سے ہی ادا ہوگا۔ مدارس وغیرہ میں دینے سے حج ادا نہ ہوگا۔ فقط۔

## قرض دار بغیر قرض ادا کئے حج کو جا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۶۰) اگر کوئی شخص حج کو جانا چاہے اور وہ قرض دار ہو تو اس کو حج کو جانے سے پہلے قرض ادا کرنا ضروری ہے یا نہیں اور بغیر قرض ادا کئے حج کو جا سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) درمختار میں ہے وغیرها سنن وآداب كان يتوسع في النفقة ويحافظ على الطهارة وعلى صون لسانه ويستاذن ابويه و دائنه و كفيله الخ۔ اور شامی میں ہے وكذا يكره بلا اذن دائنه و كفيله والظاهر انها تحريمية لا طلا قهم الكراهة ويدل عليه قوله فيما مرفى تمثيله للحج المكروه كالحج بلا اذن مما يجب استيذانه فلا ينبغي عده ذالک من السنن والا داب الخ(۲) ان روایات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حج میں جانے کے وقت اجازت لینا یا مستحب ہے یا واجب۔ ادائے قرض کا ضروری ہونا ثابت نہیں۔

---

(۱) مع امن الطريق بغلبة السلامة الخ (الدر المختار على هامش ردالمختار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۷ ط.س. ج۲ ص ۵۲۳) ظفیر۔
(۲) دیکھئے ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۵ ط.س. ج۲ ص ۴۷۰. ۴۷۱. ۱۲ ظفیر۔

دوسرا باب

## ارکان وواجبات حج

### جس عورت کو ایام حج میں حیض آئے، وہ حج کیسے کرے

(سوال ۶۱) مستورات زمانہ حج میں ایام ہونے کی حالت میں ارکان حج کیسے ادا کرسکتی ہیں۔

(جواب) سوائے طواف کے جملہ ارکان ادا کرے اور طواف فرض کی قضاء بعد طہارت کے کرے اور طواف سنت و واجب ساقط ہے۔(۱) فقط۔

### عرفات میں کس وقت حاضری ضروری ہے کہ حج ہوجائے

(سوال ۱/ ۶۳) عرفات پر حجاج کس وقت تک پہنچنے پر حج میں شامل ہوسکتے ہیں۔

### خطبہ حج کا وقت کیا ہے

(سوال ۲/ ۶۳) خطبہ حج کس وقت شروع اور کس وقت ختم ہوتا ہے۔

### غروب آفتاب سے پہلے عرفات سے واپس ہوجائے تو دم واجب ہوگا یا نہیں

(سوال ۳/ ۶۴) اگر غروب آفتاب سے پہلے عرفات سے آجاوے تو دم واجب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) (۱) یوم عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کے زوال کے بعد سے یوم نحر یعنی دسویں ذی الحجہ کی شب میں صبح صادق سے پہلے جس وقت بھی عرفات پر پہنچ جاوے فرض ادا ہوجاتا ہے اور حج ادا ہوجاتا ہے۔(۲)

(۲) حج میں تین خطبے ہیں، ایک ساتویں ذی الحجہ کو مکہ معظمہ میں، دوسرا نویں ذی الحجہ کو عرفات میں بعد زوال شمس قبل از نماز ظہر کے اور تیسرا خطبہ گیارہ ذی الحجہ کو منی میں اور تفصیل ان کی کتابوں میں ہے۔(۳)

(۳) غروب آفتاب تک رہنا چاہئے، اگر قبل از غروب آفتاب واپس آگیا تو دم لازم ہے۔ کذا فی الشامی (۴)

### عرفات کی حاضری کا وقت کیا ہے

(سوال ۶۵) حاجی کو عرفات پر کون سے دن اور کس وقت پہنچنا چاہئے۔ حاجی کے لئے عرفات پر پہنچنے کا انتہائی وقت کون سا ہے جس سے کہ اس کا حج ساقط نہ ہو، یعنی حج ادا ہوجاوے۔ حاجی کو عرفات سے مزدلفہ کی طرف کس وقت لوٹنا چاہئے

---

(۱) واذا حاضت المراءة عند الا حرام اغتسلت واحرمت وصنعت کما یصنعه الحاج غیرا نها لا تطوف بالبیت حتی تطهر لحدیث عائشةؓ (هدایه باب التمتع ج ۱ ص ۲۴۶) ظفیر.

(۲) الحج فرضه ثلاثة الا حرام الخ والو قوف بعرفة فی اوانه (در مختار) وهو من زوال یوم عرفة الی قبیل طلوع فجر النحر (ردالمحتار کتاب ج ۲ ص ۲۰۲. ط.س. ج۲ص۴۶۷) ظفیر.

(۳) فاذا کان قبل یوم الترویة بیوم خطب لا مام خطبة یعلم فیها الناس الخروج الی منی والصلوٰة بعرفات والوقوف والا فاضة الخ تم یتو جه الی عرفات فیقیم بها الخ واذا زالت الشمس یصلی الا مام بالناس الظهر و العصر فیبتدا بالخطبة فیخطب خطبة یعلم فیها الناس الو قوف بعرفة الخ ویخطب خطبتین یفصل بینهما بجلسة کما فی الجمعة الخ (هدایه باب الا حرام ج ۱ ص ۲۲۵) قوله و بعد الزوال ثانی النحر قال فی اللباب ثم اذا کان الیوم الحادی عشرو ثانی ایام النحر خطب الا مام خطبة واحدة بعد صلاة الظهر لایجلس فیها کخطبه الیوم السابع یعلم الناس احکام الرمی وما بقی من امور المنا سک وهذه الخطبة سنة وترکها غفلة عظمیة ا ه (ردالمحتار فصل فی ا لا حرام مطلب فی حکم صلاة العید ج ۲ ص ۲۵۲. ط.س. ج۲ص۵۲۰) ظفیر.

(۴) ط.س. ج۲ص۵۰۳ ثامن الشهر خرج الی منی الخ ومکث بها الی فجر عرفة ثم بعد طلوع الشمس راح الی عرفات الخ واذا غربت الشمس اتی مزدلفة (در مختار) قوله اذا غربت الشمس الخ بیان للواجب حتی لو دفع قبل الغروب فان جاوز حدود عرفة لزمه دم (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۳۶. ط.س. ج۲ص۵۰۸) ظفیر.

اوراس کی انتہا کہاں تک ہے۔ اگر کوئی حاجی عرفہ کے دن شام کو بعد غروب آفتاب عشاء کے وقت یا بعد دو پہر رات کے وقت یعنی عید کی رات میں عرفات پر پہنچا تو اس کا حج ادا ہوا یا نہ ہوا۔ اگر ادا ہو گیا تو پھر رات کو مزدلفہ کی طرف کب لوٹے گا

(جواب) وقت مستحب عرفات کی طرف جانے کا یہ ہے کہ یوم عرفہ میں بعد طلوع شمس منیٰ سے عرفات کی طرف روانہ ہو اور وہاں پہنچ کر حسب قاعدہ نماز ظہر وعصر سے فارغ ہو کر وقوف عرفات کرے اور وقوف عرفات کا وقت زوال یوم عرفہ سے طلوع فجر یوم نحر تک ہے یعنی دسویں تاریخ کی تمام رات بھی وقوف کا وقت ہے اور اس عرصہ میں کسی وقت بھی عرفات پر پہنچ گیا تو فرض وقوف ادا ہو گیا اور مزدلفہ کی طرف لوٹنے کا مستحب وقت تو وہی ہے جو معروف ہے کہ بعد غروب آفتاب یوم عرفہ عرفات سے چل کر مزدلفہ پہنچے اور رات کو وہاں رہے اور صبح کی نماز اندھیرے میں پڑھ کر وقوف مزدلفہ کرے اور وقت اس وقوف کا طلوع فجر یوم نحر سے طلوع آفتاب تک ہے اور یہ وقوف واجب ہے۔ اور جو حاجی عرفہ کے دن شام کو بعد غروب آفتاب یا بوقت عشاء یا اس کے بھی بعد صبح صادق سے پہلے پہلے عرفات پر پہنچ گیا، اس کا حج صحیح ہو گیا۔ وہ عرفات پر کچھ ٹھہر کر اسی وقت وہاں سے لوٹ کر مزدلفہ پہنچ کر وقوف مزدلفہ بھی اگر وقت وقوف مزدلفہ کا باقی ہو کر لیوے تا کہ واجب ساقط نہ ہو۔ اور اگر وقوف مزدلفہ نہ ہو سکا کہ (۱) اس کا وقت نہ ملا تو ترک واجب ہوا۔ دم دیوے باقی تفصیل مناسک حج کی معروف ومشہور ہے اور کتب فقہ میں مذکور ہے۔ فلیراجع فقط۔

## طواف وداع نہ کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۲۲) زید حج فرض ادا کرنے کے لئے بیت اللہ روانہ ہوا۔ چونکہ زمانہ حج کا زیادہ باقی رہا تھا، زید نے اور اس کے ہمراہوں نے یلملم کے پہاڑ سے اس وجہ سے احرام نہیں باندھا کہ اول مدینہ منورہ حاضری کا قصد کر لیا چنانچہ اول مدینہ طیبہ پہنچ کر شرف زیارت روضہ اقدس حضور ﷺ حاصل کیا، وہاں سے رخصت ہو کر بیت اللہ شریف کو آیا۔ بمقام رابغ زید نے بہ نیت ادائے حج احرام باندھا اور جب حرم شریف کے اندر داخل ہوا تو طواف داخلی اور ارکان حج ادا کئے۔ اس کے بعد پھر ایک مرتبہ طواف کیا، بعدہ سخت بیمار ہو گیا پھرے ذی الحجہ کو وقت روانگی عرفات طواف بحالت مرض چار پائی پر کیا۔ عرفات میں میدان مخصوص میں داخل ہو کر خطبہ سنا اور تمام دیگر ارکان حج صفا ومروہ اثناء راہ میں ادا کئے۔ پھر مقام منیٰ میں ۱۳ ذی الحجہ تک مثل دیگر حجاج کے قیام کیا اور اسی تاریخ ۱۳ کو احرام کھول دیا اور سر منڈ وا دیا جیسا کہ اور حجاج نے کیا۔ دوسرے روز بیت اللہ شریف کو واپس آیا مگر بوجہ علالت کے پا پیادہ خود طواف واپسی حرم شریف نہ کر سکا، گو مثل ے تاریخ کے چار پائی پر کر لینا ممکن تھا مگر طواف و دیگر اہالیان دیار نے یہ مسئلہ اس کو بتلا دیا کہ طواف واپسی کی اب ضرورت نہیں ہے اس وجہ سے طواف واپسی نہیں کرایا گیا اور اسی حالت بیماری میں زید اپنے وطن کو واپس چلا آیا اور اس کو عرصہ تخمیناً دو سال کا گذر گیا اور اپنی زوجہ سے مجامعت برابر کرتا رہا۔ علماء ہند سے جب اس طواف کی بابت مسئلہ دریافت کیا گیا تو بعض نے طواف واپسی واجب فرمایا کہ یہ بھی رکن ہے، جب تک نہ کر لیا جاوے گا

(۱) فاذا صلی الفجر یوم الترویة بمکة خرج الی منی فیقم بها حتی یصلی الفجر من یوم عرفة الخ ثم یتوجه الی عرفات فیقیم بها الخ واذا زالت الشمس یصلی الا مام بالناس الظهر و العصر الخ ویصلی بهم الظهر والعصر فی وقت الظهر باذان واقامتین الخ واذا غربت الشمس افاض الا مام والناس معه الخ فلو مکث قلیلا بعد غروب الشمس وافاضة الا مام فلا باس به الخ ثم اتی مزدلفة الخ ویصلی الا مام بالناس المغرب والعشاء باذان واقامة واحدة الخ ثم وقف الخ ثم هذا الوقوف ثلاثة الا حرام الخ والوقوف بعرفة فی اوانه (در مختار) وهو من زوال یوم عرفة الی قبیل طلوع فجر النحر (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۲. ط.س. ج۲ ص ۵۰۸) ظفیر

حج کامل نہ ہوگا۔ بعض نے فرمایا کہ جب تک طواف نہ کیا عورت کے پاس جانا حرام ہے، اور بعض نے فرمایا کہ طواف واپسی نہ کرنے سے عورت کی حرمت لازم نہیں مگر طواف واپسی واجبات سے ہے اور بوجہ مرض و غلط بیانی مسئلہ ادا نہ ہو سکا۔ لہذا دودم دے دے تاکہ جو تاخیر ہوئی ہے وہ رفع ہو جاوے مگر طواف واپسی ادا کرنا پڑے گا۔ چونکہ مسئلہ میں بہت زیادہ اختلاف ہے لہذا کون سا قول صحیح و معتبر سمجھا جاوے گا؟ جماع کی شمار نہیں ہو سکتی اور زید میں استطاعت دوبارہ جانے کی نہیں۔ ہاں دم دے سکتا ہے کہ صاحب نصاب زکوٰۃ قربانی ہے۔ بینوا توجروا۔

(جواب) سوال میں یہ ذکر نہیں کیا کہ زید نے طواف افاضہ بھی کیا ہے یا نہیں یہ طواف رکن اور فرض ہے بدون اس طواف کے احرام سے نہیں نکلتا اور جماع زوجہ حلال نہیں ہوتا۔ وقت اس طواف کا دس ذی الحجہ سے ۱۲ ذی الحجہ تک ہے قیام منی کی حالت میں مکہ معظمہ آ کر یہ طواف کر کے پھر واپس منی کو جایا کرتے ہیں۔ پس یہ معلوم ہونا چاہئے کہ زید نے یہ طواف بھی کر لیا تھا یا نہیں۔ اگر نہیں کیا تھا تو پھر مکہ معظمہ جا کر یہ طواف کرنا لازم ہے اور جماع زوجہ کی وجہ سے اور تاخیر اس احرام کی وجہ سے دم لازم ہے اور اگر یہ طواف یعنی طواف افاضہ کر لیا تھا تو فرض حج ادا ہو گیا۔ (۱) طواف وداع یعنی مکہ معظمہ سے واپسی اور رخصت ہونے کا طواف فرض نہیں واجب ہے، اس کے ترک سے صرف ایک دم لازم ہے۔ واپس جانے کی اور اس طواف کو کرنے کی ضرورت نہیں۔ (۲) پس سائل کو یہ تشریح کرنی چاہئے کہ ایام نحر میں یعنی دس ذی الحجہ تک کوئی طواف زید نے کیا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں کیا تو طواف زیارت اس کے ذمہ باقی ہے اور مکہ معظمہ جا کر جب ہو سکے وہ طواف کرنا ضروری ہے بدون اس طواف جماع زوجہ حلال نہیں ہوتا۔

حج کا جب ارادہ کیا جائے تو ضروری ہے کہ مسائل حج سے واقفیت حاصل کرلے اردو میں احکام حج کی کتابیں موجود ہیں۔ اتنا تو ضرور کر لینا چاہئے کہ حج میں کیا کیا فرض ہے، بہر حال اب صاف لکھنا چاہئے کہ طواف زیارت کیا ہے یا نہیں؟ اس کے بعد مکرر شرح جواب لکھ دیا جاوے گا۔ اور واضح ہو کہ طواف زیارت اور ہے اور طواف وداع اور ہے۔ اول فرض اور رکن حج ہے اور دوسرا واجب ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ کتبہ عزیز الرحمٰن مفتی مدرسہ عربی دیوبند۔

### طواف زیارت نہ کیا تو کیا حکم ہے

(سوال ۷۶) اگر کوئی شخص حج کے لئے گیا اور اس نے حج کے افعال وارکان ادا کئے لیکن طواف زیارت نہ کر سکا اور اپنے وطن واپس چلا آیا تو اس کا کیا حکم ہے؟

(جواب) حج کرنے والا اگر بدون طواف زیارۃ کے اس طرح کہ ایام نحر اور اس کے بعد کوئی طواف اس نے نہ کیا ہو، اپنے وطن کو واپس چلا آوے تو عورتیں اس پر حرام ہیں اور اس بارہ میں احرام اس کا باقی ہے واپس جانا مکہ معظمہ کو اور طواف زیارۃ کرنا اس پر لازم و فرض ہے، بدون اس طواف کے احرام سے باہر نہیں ہو سکتا، اور عورتیں اس کے لئے حلال نہیں ہو سکتیں۔

(۱) وفرضه ثلاثة الاحرام والوقوف بعرفة وطواف الزيارة الخ وطواف الزيارة اول وقته بعد طلوع الفجر . يوم النحر وهو فيه اى الطواف فى يوم النحر الاول افضل وحل له النساء الخ فان اخره عنها اى ايام النحر ولياليها منها كره تحريما و وجب دم لترك الواجب الخ ثم اتى منى (در مختار) قوله كره تحريما الخ اى ولو اخره الى اليوم الرابع الذى هو اخر ايام التشريق وهو الصحيح الخ وبه يفتى. (ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۱۰۲ وباب الاحرام ج ۲ ص ۱۵۲ ـ ط.س. ج ۲ ص ۴۶۷ ـ ۱۲ ظفير صديقى.

(۲) ثم اذا اراد السفر طاف للصدر اى الوداع سبعة اشواط بلا رمل وسعى وهو واجب الا على اهل مكة (در مختار) قوله وهو واجب فلو نفر ولم يطف وجب عليه الرجوع ليطوف ما لم يجاوز الميقات فيخير بين اراقة الدم، والرجوع باحرام جديد بعمرة الخ (ردالمحتار مطلب فى طواف الصدر ج ۲ ص ۲۵۵ ـ ط.س. ج ۲ ص ۵۲۳.) ظفير.

## تیسرا باب

## احرام

### محرم ربڑیا تار کی پیٹی سے تہبند باندھ سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱ /۶۸ ) ربڑیا تار کی پیٹی سے تہبند احرام باندھ سکتے ہیں یا نہیں۔

### محرم احرام کی چادر گرمی کی وجہ سے اتار سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱ /۶۹) حالت احرام میں جو چادر اوڑھی جاتی ہے بحالت پسینہ اس کو اتار سکتے ہیں یا نہیں

### حج کی دعائیں کتاب دیکھ کر پڑھنا کیسا ہے

(سوال ۳/ ۷۰) جس شخص کو ادعیہ حج کی زبانی یاد نہ ہوں، وہ کتاب میں دیکھ کر پڑھ سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب)(۱) ربڑ وغیرہ سے احرام کا تہبند باندھ سکتے ہیں۔(۱)

(۲) ہر وقت اوڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ پسینہ وغیرہ کی ضرورت سے علیحدہ کی جاسکتی ہے۔(۲)

(۳) کتابیں دیکھ کر پڑھ سکتا ہے، بعد پڑھنے کے رکھ سکتا ہے۔(۳)

---

(۱)ولو لم یطف طواف الزیارة اصلاحتی رجع اهله فعلیه ان یعو د بذالک الا حرام لا نعدام التحلل منه وهو محرم عن النساء ابدا حتی یطوف (هدایه ) و کذا اذارجع الیٰ اهله وترک منه اربعة اشواط یعود بذالک الا حرام وهو محرم ابدا فی حق النساء و کلما جامع لزمه دم اذا تعددت المجالس (فتح القدیر کتاب الحج ج ۲ ص ۲۴۶) ظفیر۔

(۲)فان زرده او خلله او عقده اساء ولا دم علیه (درمختار) و کذا لو شده بحبل ونحوه لشبهة حینئذ بالمخیط من جهة انه لا یحتا ج الی حفظه بخلاف شدا لهمیان فی وسطه (ر دالمختار باب الا حرام ج ۲ ص ۲۱۵ .ط.س. ج۲ص ۴۸۱) ظفیر۔

(۳)و کذا یستحب لمرید الا حرام الخ لبس ازار واداء علی ظهره الخ وهذا بیان السنة والا فستر العورة کاف (الدر المختار علی هامش ردالمحتار ب اب الا حرام ج ۲ ص ۲۱۵ .ط.س. ج۲ص ۴۸۱) ظفیر صدیقی۔

(۴)ردالمحتار باب الجنایات ج ۲ ص ۲۹۱، ۱۲ ظفیر۔

چوتھا باب

## جنایات

### محرم مینڈک کو مارڈالے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱۷۰)عن ابی الزبیر المکی عن جابربن عبداللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قتل ضفدعاً فعلیہ شاۃ محرماً کان او حلالاً. الحدیث آیا درقتل ضفدع شاۃ واجب است یا نہ۔

(جواب)قال فی ردالمحتار قولہ فان قتل محرم صیداً ای حیواناً بریاً متوحشاً باصل خلقتہ الخ (در مختار) واحترز بہ عن البحری وھو ما یکون توالدہ فی الماء ولو کان مثواہ فی البر لان التوالد اصل و الکینونۃ بعدہ عارض فکلب الماء والضفدع المائی کما قیدہ فی الفتح قال ومثلہ السرطان والتمساح والسلحفاۃ بحری یحل اصطیادہ للمحرم بنص الآیۃ وعمومھا متناول بغیر الماکول منہ وھو الصحیح خلافاً لما فی منا سک الکرمانی من تخصیصہ بالسمک خاصۃ اما البری فحر ام مطلقاً الخ۔(۱)شامی۔پس معلوم شد کہ صحیح عند الحنفیہ این است کہ ضفدع مائی درعموم آیۃ احل لکم صید البحر وطعامہ متاعاً لکم(۲)الآیۃ داخل است در قتل آں شاۃ واجب است ولعل الحدیث محمول علی البری فقط۔

### عورتوں کی طرف سے اگر مرد حالت مجبوری میں رمی جمار کرے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱/۱۷۰) زید نے رمی جمرات ثلاثہ ۱۲تاریخ کو عورتوں کی طرف سے وکالۃً کی، کیونکہ قافلہ چل رہا تھا، عورتوں کا رمی کرنا بہت دشوار تھا، یہ رمی صحیح ہوئی یا نہیں، بحالت عدم صحت دم واجب ہے یا نہیں؟

### محرم چشمہ لگا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۲/۱۷۰) محرم چشمہ لگا سکتا ہے یا نہیں

(جواب)(۱) رمی جمار واجب ہے اور ترک واجب اگر بسبب کسی عذر کے ہو تو اس میں کچھ نہیں آتا کما فی ردالمحتار۔ وکذا کل واجب اذا ترکہ بعذر لا شئی علیہ کما فی البحر۔(۱)شامی۔وھکذا فی باب المنا سک وغیرہ۔پس اس صورت میں بسبب عذر ازدحام کے جو عورتوں کی رمی ترک ہوئی تو اس میں دم واجب نہ ہوگا۔

(۲)لگا سکتا ہے۔(۲)فقط۔

### بوٹ پہننے سے محرم پر دم آتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۷۳) محرم نے اگر بوٹ پہنا اور کعبین چھپے رہے تو دم جنایت لازم آئے گا یا نہیں۔اگر جنایات متعدد ہوں تو ایک دم آئے گا یا متعدد دم لازم ہوں گے۔

(جواب)اس صورت میں اس کے ذمہ دم جنایت لازم ہے۔لیکن جنایات میں تداخل ہو کر صرف ایک دم آئے گا

---

(۱)المائدہ ۱۳ ظفیر۔(۲)لو ترک شیئا من الواجبات بعذر لا شئی علیہ علی ما فی البدائع (ردالمحتار باب الجنایات ج ۲ ص ۲۷۵ ط.س. ج۲ص ۵۴۴) ظفیر.(۳) فجملۃ الکلام فیہ ان محظورات الاحرام فی الا صل نو عان نوع لا یوجب فسادا لحج ونوع یوجب فساد الحج اما الذی لایوجب فساد الحج فانواع بعضھا یرجع الی اللباس وبعضھا یرجع الی الطیب وما یجری مجراہ من ازالۃ الشعث وقضاء التفث وبعضھا یرجع الی توابع الجماع وبعضھا یرجع الی الصید۔ (بدائع الصنائع بیان مایخطرہ الا حرام ج ۲ ص ۱۸۳)(۳)بدائع الصنائع کتاب الحج فصل فی بیان ما یخطرہ الا حرام ج ۲ ص ۱۸۶ و ج ص ۱۸۷) ۱۲ ظفیر۔

جس کا حرم میں ذبح ہونا ضروری ہے۔ اگر اب خود نہیں جاسکتا تو کسی حج میں جانے والے کو اپنا وکیل بنادے وہ خرید کر ذبح کردے گا۔ بدائع میں ہے اذا لبس المخیط من قمیص او جبة الخ اوخفین او جوربین من غیر عذر و ضرورة یوماً کاملاً فعلیه الدم لا یجوز غیره لان لبس احد هذه الا شیاء یوماً کاملاً ارتفاق کامل فیوجب کفارة کاملةً وھی الدم (۳)الخ بدایع الصنائع جلد دوم . وفیه ایضاً ولهذا لم یجز الدم الا بمکة الخ وانماعرف اختصاص جواز الذبح بمکة بالنص وھو قوله تعالیٰ حتیٰ یبلغ الهدیٰ محله الآیه (۱)وفی شرح لباب المناسک لملا علی قاری فی شرایط جواز الدم والثالث ذبحه فی الحرم بالاتفاق سواء وجب شکراً او جبراً الخ وفی الدر المختار والزاید علی یوم کالیوم وان نزعه لیلاً واعاده نها راً الخ مالم یعزم علی الترک الخ ۔(۲)فقط۔

## منی سے اٹھا کر کنکریاں مارے تو کیا دم لازم ہوگا یا نہیں

(سوال ۱ /۷۴ ) اگر حاجی سنگریزہ مزدلفہ سے نہیں لائے بلکہ منی سے اٹھا کر مارتے ہے تو دم لازم آتا ہے یا نہیں۔

## رمی خلاف ترتیب ہونے پر دم آتا ہے یا نہیں

(سوال ۲ /۷۵ ) اگر رمی جمار ترتیب وار نہیں کی تو دم لازم آوے گا یا نہیں۔

## تیسرے دن رمی جمار نہ کرنے پر دم آتا ہے یا نہیں

(سوال ۳/ ۷۶ ) تیسرے دن رمی جمار نہ کرنے سے دم لازم آتا ہے یا نہیں۔

(جواب )(۱) سنگریزے اگر مزدلفہ سے نہیں لایا بلکہ منیٰ سے اٹھا کر رمی کیا تو اس سے دم لازم نہیں آیا لیکن اگر جمرہ کے پاس سے اٹھائے تو یہ مکروہ تنزیہی ہے۔(۳)

(۲)اور رمی جمرہ اگر ترتیب وار نہیں کی تو اس میں ترک سنت ہوا، اور اس میں دم لازم نہیں ہے۔(۴)

(۳)اسی طرح ۱۳ذی الحجہ کی رمی کو چھوڑنے سے دم لازم نہیں آتا۔وفیہ تفصیل مذکور فی کتب الفقہ۔(۵)

---

(۱)ایضاً ج ۲ ص ۱۸۸ ۱۲ ظفیرعہ شرح المسلک التقسط باب جزاء الجنایات ص ۲۱۲ . ۱۲ ظفیرصدیقی.
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الجنایات ج ۲ ص ۲۷۸ .ط.س. ج۲ص۵۴۷ .۵۴۸ . ۱۲ ظفیر صدیقی.
(۳)ویستحب ان یا خذ حصی الجمار من المزد لفة او من الطریق ولا یرمی بحصاة اخذها من عند الجمرة فان رمی بها جاز وقدا ساء کذا فی السراج الوهاج (عالمگیری مصری کتاب الحج باب خامس ج ۱ ص ۲۱۸ .ط. ماجدیه ج ۱ ص ۲۳۳) ظفیر.
(۴)الثانی عشر انه فی الیوم الاول یرمی جمرة العقبة لا غیر . وفی بقیة الا یام یرمیها یبدا بالا ولی ثم بالوسطی بجمرة العقبة کذافی المحیط وان بداء فی الیوم الثانی بجمرة العقبة فرما هاثم بالوسطی ثم بالتی تلی المسجدو ان اعادالوسطی و العقبة فحسن کذا فی محیط السرخسی رجل رمی فی الیوم الثانی الجمرة الوسطی والثالثة ولم یرم لا ولی فان رمی الا ولی ثم اعاد علی الثانیة والثالثة فحسن مراعاة للترتیب وفرمی الاولی وحدها اجزاه عند نا الخ. (عالمگیری مصری کتاب الحج باب خامس ج ۱ ص ۲۱۹ .ط.س. ج۲ص ۲۳۴) ظفیر.

## پانچواں باب

# حج بدل

### حج کا بدل کیوں ہے

(سوال ۷۷) مستورات پر حج فرض ہوا، جمعہ کیوں نہیں۔ جمعہ فرائض کا بدل نہیں، حج کا بدل ہے۔ یہ کیا بات ہے۔

(جواب) حج ایسا ہے جیسے زکوٰۃ مال سے اس کا تعلق ہے۔ پس جیسے زکوٰۃ عورت پر لازم ہے، حج بھی ہے اور محرم کا ساتھ ہونا شرط ہے، جمعہ کا بدل ظہر ہے عورت کو چونکہ باہر نکلنا اور مسجد میں شریک جماعت ہونا ممنوع ہے اس لئے جمعہ فرض نہ ہوا اور حج میں نیابت درست ہے، اسی طرح زکوٰۃ میں درست ہے۔ یعنی جیسا کہ حج دوسرے سے کرا سکتا ہے۔ زکوٰۃ بھی دلوا سکتا ہے اور تحقیق ان امور کی کتب فقہ عربی کے پڑھنے اور دیکھنے سے معلوم ہو سکتی ہے۔

### باسٹھ سالہ حج بدل کرا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۷۸) جس شخص پر حج فرض ہے اور عمر اس کی ۶۲ برس کی ہے بوجہ ضعیفی قوی اس کے کمزور اور ناتواں ہو گئے ہیں۔ اس کو فکر یہ ہے کہ میں تکالیف سفر کا متحمل نہ ہو سکوں گا اور نیز وہ ضعف ہاضمہ میں بھی مبتلا ہے اور تین لڑکیاں اس کی نابالغ موجود ہیں۔ ایسی حالت میں اس کو حج کے لئے خود جس طرح سے ہو سکے جانا چاہئے یا حج بدل کرانے سے اس کا فرض ادا ہو جائے گا۔

(جواب) ایسے احتمالات سے نیابت حج میں یعنی حج بدل کرانا مسقط فرض نہیں ہے کیونکہ حج بدل کے لئے بالکل عاجز ہونا اصل کا شرط ہے۔ کما فی الدر المختار والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النيا بة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز الى الموت لانه فرض العمر حتىٰ تلزم الا عادة بزوال العذر الخ۔(۱)

### مرد کی طرف سے عورت حج بدل کر سکتی ہے یا نہیں

(سوال ۷۹) زید متوفی کی طرف سے کوئی عورت حج بدل کر سکتی ہے یا نہیں۔

(جواب) مرد کی طرف سے عورت حج بدل کر سکتی ہے لیکن افضل یہ ہے کہ مرد سے ہی حج بدل کرایا جائے۔ در مختار فجاز حج الضرورة الخ والمراء ة الخ وغيرهم اولى الخ .در مختار (۲) فقط۔

### ایک شخص حج کے لئے روانہ ہوا مگر راستہ میں انتقال کر گیا

(سوال ۸۰) ایک شخص حج فرض کو مکہ شریف روانہ ہوا اور راستہ میں میقات پہنچنے سے پہلے ہی انتقال ہو گیا، باقیماندہ روپے سے دوسرے آدمی نے اس کی طرف سے حج ادا کیا۔ اب اس کے ورثہ اس سے روپیہ مانگتے ہیں کیونکہ میت نے اس کو وصیت نہیں کی تھی۔ اس صورت میں میت کی طرف سے حج ادا ہو گیا یا نہیں اور ورثاء کو روپیہ طلب کرنے کا حق ہے یا نہیں بعض وارث نابالغ ہیں۔

(جواب) اس شخص کو وہ روپیہ ورثاء کو دینا ہو گا۔ کیونکہ متوفی نے کچھ وصیت نہیں کی اور روپیہ باقیماندہ میراث وارثوں کا ہو گیا، لہذا صرف کرنا اس شخص کا روپیہ مملوکہ ورثاء کو بلا اجازت ورثاء بالغین جائز نہ تھا اور جب کہ ورثاء میں نابالغ بھی ہیں تو اس باقی ماندہ روپے کی ان کی طرف سے اجازت بھی نہیں ہو سکتی۔ بہر حال روپیہ باقی ماندہ جو اس

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۲۶ و ج ۲ ص ۳۲۷ ط.س. ج۲ص۵۹۸ ۱۲

(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۳۱ ط.س. ج۲ص۶۰۳ . ۱۲ ظفير.

نے اس کے حج میں خرچ کیا وہ اس کو واپس دینا ہوگا اور حج اس میت کی طرف سے انشاء اللہ تعالیٰ ادا ہوجاوے گا۔ کما فی تبرع الوارث او الا جنبی قال فی الشامی وان لم یوص به ای بالا حجاج فتبرع عنه الوارث الخ جاز والمعنی جاز عن حجة الا سلام انشاء الله تعالیٰ ثم اعاد فی شرح اللباب المسئلة فی محل اخر وقال فلو حج عنه الوارث اواجنبی یجزیه وتسقط عنه حجة الا سلام انشاء الله تعالیٰ لا نه ایصال للثواب (۱) الخ فان فسر المال الخ فالا مر علیه الخ وفی ردالمحتار ولو کان المیت هوالذی دفع للمامور ثم مات کان للوارث استرداد مافی ید الما مور وان احرم الخ لان الباقی صار میراثاً لکون المیت لم یوص به الخ شامی جلد ثانی۔(۲) فقط

## اندھا مستطیع خود حج کرے یا حج بدل کرا سکتا ہے

(سوال ۸۱) ایک شخص نابینا ہے اس پر حج فرض ہے اور اتنی استطاعت رکھتا ہے کہ ایک دو شخصوں کو اپنے ہمراہ خدمت کے لئے لے جاوے، ایسی حالت میں وہ خود حج کرے یا حج بدل کراوے۔

(جواب) اس صورت میں وہ اپنی طرف سے حج بدل کرا سکتا ہے جیسا کہ درمختار میں ہے۔ والمر کبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط لکن بشرط و دام العجز الی الموت الخ هذا ای اشتراط دوام العجز الی الموت اذا کان العجز کالحبس والمرض یرجی زواله . فان لم یکن کذا لک کا لعمیٰ والزمانة سقط الفرض بحج الغیر عنه فلا اعادة مطلقاً سواء استمر به ذالک العذر ام لا الخ (۳) فقط۔

## زید پر حج فرض تھا، اس نے نہ ادا کیا اور نہ وصیت کی، کیا کیا جائے

(سوال ۸۲) زید مر چکا اور اس پر حج فرض تھا وہ ادا نہ کر سکا بوجہ دنیوی کاروبار کے اور حج کے متعلق وصیت بھی نہیں کی تو اب اس نے جو ترکہ چھوڑا ہے اس سے پہلے حج بدل کرادیا جائے یا ترکہ تقسیم کردیا جائے اور پھر ورثاء بطور خود زید مرحوم کی طرف سے حج بدل کرائیں، شرعاً کیا حکم ہے۔ اور زید قرض دار بھی ہے۔

(جواب) بدون وصیت کے ورثاء کے ذمہ ضروری نہیں ہے کہ وہ متوفی کی طرف سے حج بدل کراویں۔ لیکن اگر جملہ ورثاء اس پر راضی ہوں اور وہ سب بالغ ہوں تو اگر وہ سب متوفی کی طرف سے حج کراویں تو اچھا ہے اور امید ہے کہ انشاء اللہ میت کی طرف سے حج فرض ادا ہوجاوے گا۔ درمختار میں ہے ویبشترط الا مربه . ای بالحج عنه فلا یجوز حج الغیر بغیر اذنه الا اذا احج او حج الوارث عن مورثه (۵) الخ وفی الشامی وان لم یوص به ای بالاحجاج فتبرع عنه الوارث الخ جاز والمعنی جاز عن حجة الا سلام انشاء الله تعالیٰ الخ۔(۶) پس اگر جملہ ورثاء بالغ ہیں اور وہ سب مورث متوفی کی طرف سے حج کرانے پر راضی ہیں تو قبل از تقسیم ترکہ بھی حج کرا سکتے ہیں۔ اور اگر بعض ورثاء بالغ ہیں اور بعض نابالغ تو پہلے ادائے قرض کے بعد ترکہ تقسیم کرلیا جاوے، اس کے بعد بالغین

(۱) ردالمحتار باب الحج عن الغیر قبیل مطلب شروط الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸ . ط.س. ج۲ص ۶۰۰ . ۱۲ ظفیر.
(۲) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۲ و ج ۲ ص ۳۳۳ .ط.س. ج۲ص ۶۰۴ . ۶۰۵ . ۱۲ ظفیر. (۳) ردالمحتار باب ایضاً ج ۲ ص ۳۳۳، ۱۲ ظفیر.
(۴) الدر المختار علی هامش رد المختار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۷ .ط.س. ج۲ص ۵۹۹ . ۱۲ ظفیر.
(۵) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸ .ط.س. ج۲ص ۵۹۹ . ۱۲ ظفیر.
(۶) ردالمحتار باب الحج عن الغیر قبیل مطلب شروط الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸ .ط.س. ج۲ص ۵۹۹ . ۱۲ ظفیر

اپنے حصہ میں سے متوفی کی طرف سے حج کراسکتے ہیں۔ الغرض بدون وصیت کے وارثوں کے ذمہ ضروری نہیں ہوتا کہ وہ ضرور حج کراویں البتہ اگر چاہیں تو کراسکتے ہیں اور اس سے حج فرض میت کا انشاء اللہ تعالیٰ ادا ہوجاوے گا۔ فقط۔

## جس کی صحت خراب ہے وہ اپنی زندگی میں حج بدل کراسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۸۳) ایک شخص پر حج فرض ہے اور اس کی صحت اس قدر خراب ہے کہ اس کو اپنی زندگی کی بھی امید نہیں ہے۔ اور اس کا ایک لڑکا ہے جو آوارہ ہے اور اس سے امید نہیں ہے کہ وہ اپنے والد کی وفات کے بعد حسب وصیت اپنے والد کی طرف سے حج کراوے۔ ایسی حالت میں شرعاً کیا حکم ہے۔

(جواب) اس صورت میں جب کہ وہ خود حج کرنے سے بسبب مرض لاحق کے عاجز ہے، اور اس کو اپنی زندگی میں خود حج کرنے پر قادر ہونے کی امید نہیں ہے تو وہ دوسرے شخص سے اپنی زندگی میں اپنی طرف سے حج کراسکتا ہے۔ اور اگر اس نے خود حج نہ کرایا تو پھر اس کو وصیت کرنا لازم ہے، اس سے وہ سبکدوش ہوجاوے گا۔ اگر بعد میں اس کے وارث نے باوجود وصیت کے حج نہ کرایا تو گناہ اس پر رہے گا۔ درمختار میں ہے والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط لکن بشرط دوام العجز الی الموت الخ۔(۱)

## ۶۶ سال کا سن رسیدہ حج بدل کراسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۸۴) ایک شخص ۶۶ سال کا بوڑھا مجبور ہے، بعض بیماریاں ایسی لاحق ہیں کہ دور دراز کا سفر برداشت نہیں کرسکتا۔ ایسا شخص حج بدل کرالے تو درست ہے یا نہیں۔

(جواب) ایسا شخص بشرط عدم قدرت علی السفر حج بدل کراسکتا ہے۔(۲) فقط۔

## تکلیف کے ڈر سے حج بدل کرانا اور خود نہ کرنا کیسا ہے

(سوال ۸۵) ایک مالدار شخص جس کی عمر تقریباً ساٹھ برس کی ہے لیکن حج کو جانے کے قابل ہے، محض سفر کی تکلیف کے خوف سے دوسرے شخص کو روپیہ دے کر حج بدل کے لئے بھیجنا چاہتا ہے، اس صورت میں اس کا حج ادا ہوگا یا نہ اور یہ کہ اس کا مال سودی کاروبار کا ہے۔

(جواب) اس شخص کو حج کو جانا چاہئے۔ بحالت موجودہ دوسرے شخص کو حج بدل کے لئے بھیجنے سے اس کا حج فرض ادا نہ ہوگا۔(۳) اور حرام روپے سے حج نہ کرنا چاہئے وہ حج مقبول نہ ہوگا اگرچہ حج کی فرضیت ساقط ہوجاوے گی اور یہ طریقہ اختیار کیا جائے کہ وہ شخص قرض لے کے حج کرے پھر وہ قرض ادا کردیوے(۴) فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۶ ط.س. ج۲ص ۵۹۹. ۱۲ ظفیر.

(۲) وعنه قال ان امراءة من خثعم قالت یا رسول الله ان فریضة الله علی عباده فی الحج ادرکت ابی شیخا کبیر الا یثبت علی الراحلة افا حج عنه قال نعم وذالک فی حجة الوداع متفق علیه (مشکوٰة کتاب الحج ص ۲۲۱) والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط لکن بشرط دوام العجز الی الموت الخ (الدر المختار عی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۶ ط.س. ج۲ص ۵۹۹.) ظفیر.

(۳) والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط بشرط دوام العجز الی الموت الخ (الدرالمختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ص ۳۲۶ ط.س. ج۲ص ۵۹۹) ظفیر.

(۴) وقد یتصف بالحرمة کالحج بمال حرام (در مختار) لیس حرا مابل الحرام هو انفاق المال الحرام الخ مع انه یسقط الفرض عنه معها ولا تنا فی بین سقوطه وعدم قبوله فلا یثاب لعدم القبول ولا یعاقب عقاب تارک الحج (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۱۹۱ ط.س. ج۲ص ۴۵۶) اذا اراد الرجل ان یحج بمال حلال فیه شبهة یستدین للحج ویقضی دینه من ماله کذا فی فتاویٰ خان. (عالمگیری کتاب الحج باب الاوّل ج ۱ ص ۲۰۵) ظفیر.

## ستر سالہ بوڑھا جو کمزور ہے وہ حج بدل کرا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۸۶) میری عمر ستر سال کی ہے۔ میری نظر نہایت ضعیف ہے، اور دن بدن کمزوری نگاہ وغیرہ کی بڑھ رہی ہے سر چکراتا ہے تو میں حج سے معذور ہوں یا نہیں اگر میں اپنا نائب حج کے لئے بھیجوں تو حج فرض ادا ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) اس صورت میں آپ کو اپنی طرف سے دوسرے شخص سے حج کرنا جائز اور صحیح ہے کیونکہ عاجز ہونا آپ کا سفر حج سے ظاہر ہے۔ درمختار میں ہے والمرکبة منهما کحج الفرض تقبل النیابة عند العجز فقط لکن بشرط دوام العجز الی الموت لانه فرض العمر الخ(۱) الغرض آپ اپنی طرف سے حج کرا سکتے ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ ایسے شخص سے حج کرادیں جو اپنا حج فرض پہلے کر چکا ہو اور احکام حج سے واقف ہو والافضل احجاج الحر العالم بالمناسک الذی حج عن نفسه۔(۲) فقط۔

## زید شروع میں غفلت سے حج نہ کر سکا اب وہ لائق سفر نہیں ہے تو حج بدل کرا سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۸۷) اگر زید مالدار نے بوجہ غفلت کے حج نہ کیا حتی کہ شیخ فانی ہو گیا اگر زید اپنی طرف سے کسی کو ادائے حج کے لئے بھیجے تو اس کا حج ادا ہو گا یا نہیں۔

(جواب) اس حالت میں وہ اگر کسی کو اپنی طرف سے حج کو بھیجے اور اس سے حج کراوے تو صحیح ہے اس کا حج ادا ہو جائے گا۔(۳) فقط۔

## بلا تقسیم ترکہ حج بدل کرانا درست ہے یا نہیں

(سوال ۸۸) اگر بلا تقسیم زر نقد یا زیوارات متعلقہ فرایض اس مال سے زید حج بدل کرائے تو جائز ہے کہ نہیں۔ اور جو غرض اور ثواب حج بدل کا ہے وہ ہندہ کو حاصل ہے یعنی ہو سکتا ہے یا نہیں۔

(جواب) زید کو یہ جائز نہیں ہے کہ بلا تقسیم ترکہ حج بدل کرائے یا صدقہ وخیرات برائے ایصال ثواب کرے۔ البتہ اپنے حصہ میں سے یا جو بالغ وارث راضی ہوں ان کے حصہ میں سے حج بدل کرا سکتا ہے اور صدقہ وخیرات کر سکتا ہے۔ نابالغوں کے حصہ میں سے نہیں کر سکتا ان کا حصہ علیحدہ کر دینا چاہئے۔(۴) فقط

## جن پر حج فرض نہ تھا اسے حج کا ثواب بخشنا کیسا ہے۔

(سوال ۸۹) اگر کسی آدمی پر حج فرض نہیں تھا اس کا انتقال ہو گیا اور اس کا وارث حج فرض کو گیا، اور وہ مکہ معظمہ پہنچ کر کسی باشندہ مکہ شریف سے حج خرید کر اس کا ثواب مورث کو پہنچا دے تو درست ہے یا نہیں اور مورث متوفی کو ثواب حج نفلی کا پہنچے گا یا نہیں۔

---

(۱) الدر المختار علی هامش ردالمختار باب الحج عن الغیر ص ۳۲۶. ط.س. ج۲ص۵۹۸. ۱۲ ظفیر۔
(۲) ردالمحتار باب الحج عن الغیر مطلب فی حج الضرورة ج ۲ ص ۳۳۱. ط.س. ج۲ص۶۰۳ ۱۲ ظفیر۔
(۳) والحاصل ان من قدر علی الحج وهو صحیح ثم عجز لزمه الا حجاج اتفاقا (ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۷. ط.س. ج۲ص ) ظفیر۔
(۴) تتعلق بترکة المیت حقوق اربعة مرتبة الاول یبدا بتکفینه و تجهیزه من غیر تبذیر ولا تقتیر ثم تقضی دیونه من جمیع ما بقی من ماله ثم تنفذ وصایاه من ثلث ما بقی بعد الدین ثم یقسم الباقی بین ورثته بالکتاب والسنة واجماع الامة الخ (سراجی ص ۲) ظفیر۔

(جواب) یہ تو جائز ہے کہ مکہ معظمہ پہنچ کر کسی شخص کو خرچ دے کر اس سے نفلی حج کرا کر اس کا ثواب میت کو پہنچایا جاوے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ وہ شخص حج کرنے والا احرام کے باندھنے کے وقت اسی میت کی طرف سے نیت حج کی کرے اور اس کی طرف سے احرام باندھے اور یہ درست نہیں ہے کہ اس کا پہلا کیا ہوا حج خرید کر اس کا ثواب میت کو پہنچایا جاوے کیونکہ حج کی بیع وشراء نہیں ہو سکتی۔ فقط۔

## ورثاء حج بدل کرائیں تو کیا حکم ہے

(سوال ۹۰) کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں بموجب شرع شریف جواب سے معزز فرمائیں۔ ایک صاحب کا انتقال ہو گیا، اللہ تعالیٰ ان کو غریق رحمت کرے، اس کے ورثاء ان کی طرف سے حج بدل کرائیں حالانکہ انہوں نے وصیت بھی نہ کی ہو، میت کے اوپر سے حج ادا ہو سکتا ہے؟ اور داخل ثواب ہے؟

(جواب) امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ اگر میت کے ذمہ حج ہو اور اس نے وصیت حج کی نہ کی ہو اور اس کے ورثہ اس کی طرف سے حج کرائیں تو انشاء اللہ تعالیٰ یہ حج میت کی طرف سے ادا ہو جائے گا۔ پس ورثہ کو مناسب ہے کہ وہ میت کی طرف سے حج کرادیں کہ اس میں امید اس کے حج کے ادا ہونے کی ہے اور ورثہ کو ثواب حاصل ہوگا۔ (قال الشامی ففی مناسک السروجی لو مات رجل بعد وجوب الحج ولم یوص به فحج رجل عنه اوحج عن ابیه اوامه عن حجة الا سلام من غیر وصیة قال ابو حنیفہؒ یجزیه انشاء الله تعالی (وبعد الوصیة یجزیه من غیر المشیئة اھ) وفیه ایضاً عن اللباب وان لم یوص به فتبرع عن الوارث وکذا من هم من اهل التبرع فحج ای الوارث ونحو بنفسه ای عنه او حج عنه غیره جاز والمعنی جاز عن حجة الا سلام انشاء الله تعالیٰ الخ فقط والله اعلم شامی ج ۲ ص ۳۲۸.

اخرج الدار قطنی عن جابر بن عبدالله رضی الله تعالیٰ عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من حج عن ابیه وامه فقد قضی عن حجة وکان فضل عشر حجج واخرج ایضاً عن زید بن ارقم رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا حج الرجل عن والدیه تقبل عنه وعنهما واستبشرت ارواحهما فی المساء وکتب عند الله برا دار قطنی مطبوعه مطبع فاروقی ص ۲۸۲.

## حج بدل والا پہلے اس روپے سے اپنا حج کر سکتا ہے یا نہیں

(سوال ۹۱) جس شخص نے کبھی حج نہیں کیا ہے اس کو کسی شخص نے روپیہ حج بدل کے لئے دیا مگر اس نے اس سے اجازت لے لی کہ اس سال اپنا حج کروں گا اور آئندہ سال آپ کا تو یہ جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) حج بدل میں یہ ضروری ہے کہ جس کے روپے سے سفر حج کیا اور جس کا روپیہ صرف کیا اسی کی طرف سے پہلا حج کرے۔ پس صورت مسئولہ میں آمر کا حج ادا نہ ہوگا (ولجواز النیابة فی الحج شرائط (الی) ان قال ومنها نیة المحجوج عنه عند الا حرام والا فضل ان یقول بلسانه لبیک عن فلاں ومنها ان یکون الحج بمال المحجوج عنه. فتاوی عالمگیری جلد ۱ ص ۲۴۰ مصری. ط ماجدیه ج ۱ ص ۲۵۷)

## جو روپیہ ماں لے لے وہ کس کے حصہ میں شمار ہوگا

(سوال ۹۲) ہندہ نے جائیداد متروکہ زید سے مبلغ چھ سو روپے اپنے ایک بیٹے عمر کو اپنی طرف سے ادائے حج کے واسطے دیا یہ روپیہ ہندہ کے حصہ میں محسوب ہوگا یا نہیں۔

(۲) عمر نے بہت لوگوں کے سامنے ظاہر کیا کہ میں اپنا ایک مکان بیچ کر اس روپیہ سے حج کرنے جارہا ہوں، اس صورت میں عمر کو وہ روپیہ جو اپنی ماں ہندہ سے حج بدل کے لئے لیا ہے۔ واپس کرنا واجب ہوگا نہیں۔

(۳) عمر نے اس سے پہلے حج ادا نہیں کیا، حالانکہ حج اس پر فرض تھا۔ ایسی حالت میں کیا اپنی ماں کی طرف سے حج بدل کرنا جائز ہوگا۔

(۴) وجوب حج کے لئے یہ بھی شرط ہے کہ تین کوس چلنے کی اس کو طاقت ہو۔ جن لوگوں نے ہندہ کو یہ مسئلہ بتلا کر حج کو جانے سے روکا ان کے لئے کیا حکم ہے۔

(جواب) (۱) ہندہ اس روپے کو اپنے حصہ میں لگادے، عمر کے سب ورثہ اس کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

(۲) اگر واقعی عمر نے روپیہ ہندہ سے نہیں لیا تو اس پر واپسی اس کی لازم نہیں ہے اور اگر درحقیقت لیا ہے تو یا اس کو واپس کرے یا اپنے حصہ میں لگادے۔

(۳) اس صورت میں دوسرے کی طرف سے حج کرنا مکروہ ہے لیکن اگر کیا تو جس کی طرف سے کیا اس کا حج ادا ہوگیا اور اپنی طرف سے اس کو پھر حج کرنا ہوگا۔(۱)

(۴) یہ شرط نہیں ہے۔ پس جس شخص نے ایسا مسئلہ بتلایا اس نے غلطی کی۔ آئندہ ایسا مسئلہ نہ بتلاوے اور اگر عمداً دھوکہ دینے کے لئے ایسا کہا تو بے شک وہ لوگ عاصی ہوئے۔(۲) فقط۔

## والد کی طرف سے کسی غیر مستطیع کے ذریعہ حج بدل کرانا کیسا ہے

(سوال ۹۳) میرے والد مرحوم پر حج فرض تھا، بوجہ بیماری نہیں جاسکے۔ اگر میں دوسرے شخص کو جو صاحب استطاعت نہ ہو اپنے والد مرحوم کی طرف سے حج بدل کرانے کے لئے ہمراہ لے جاؤں تو والد صاحب کا فرض ادا ہو جاوے گا یا نہیں اور اس شخص کو بھی ثواب حج کا ملے گا یا نہیں۔

(جواب) اگر آپ کے والد صاحب وصیت کر جاتے اور مال چھوڑ جاتے تب تو ان کی طرف سے حج کرانا ضروری تھا اور ان کا حج فرض ادا ہو جاتا۔ لیکن جب کہ ایسا نہیں ہوا تو آپ تبرعاً ان کی طرف سے حج بدل کرالیں، یہ اچھا ہے اور امید ہے کہ ان کی طرف سے حج ادا ہو جاوے گا اور ثواب حج کا ان کو پہنچنے میں تو کچھ تردد ہی نہیں ہے اور حج بدل کرنے والے کو حج کا ثواب نہیں ہوگا۔ البتہ

---

(۱) فجاز حج الصرورة من لم يحج الخ وغيرهم اولى لعدم الخلاف (در مختار) قال في الفتح بعد ماطال في الا ستد لال والذى يقتضيه النظر ان حج الصرورة عن غيره ان كان بعد تحقق الوجوب عليه بملك الزادوا لراحلة والصحةفهومكروه كراهة تحريم الخ و مع ذالك يصح لان النهى ليس لعين الحج المفعول بل لغيره وهو الفوات (ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۳۱ ط.س. ج۲ص۶۰۳) ظفير.

(۲)

وہاں جا کر عمرہ وغیرہ کرے گا اس کا ثواب ہوگا۔(۱) فقط۔

## چندہ سے حج میں کسی سے یہ کہنا کہ اتنا روپیہ دے دیجئے، حج بدل کروں گا

(سوال ۹۴) زید لوگوں سے روپیہ حج بدل کرنے کے لئے بمد خیرات طلب کرتا ہے، چنانچہ اس نے مصارف حج تقریباً مکمل کرلیا ہے۔ بکر کو حج بدل کرانے کی ضرورت ہے۔ زید بکر سے کہتا ہے کہ آپ صرف سو ہی روپے مجھے دے دیجئے میں آپ کی طرف سے حج بدل کردوں گا۔ ایسی صورت میں بکر کی طرف سے حج بدل ہوجاوے گا یا نہیں۔ اور بکر کے ذمہ سے فرض ساقط ہوجاوے گا یا نہیں۔ نیز بکر چاہتا ہے کہ اسی قسم کے چند شخصوں کو سوسو روپے دے کے اپنی طرف سے حج بدل کرادے اس کا کیا حکم ہے۔ کسی کو حج بدل کے لئے روپیہ دیدیا گیا اور اس نے حج نہیں کیا تو اس صورت میں کیا حکم ہے اور حج میں زیارت مزار شریف فرض یا واجب تو نہیں ہے، کیا اس کا بھی بدل ہوسکتا ہے۔

(جواب) حج بدل کے لئے ضروری ہے کہ پورا خرچ سفر حج کرنے والے کو دیا جائے کہ حج کرانے والے کے مکان سے تمام خرچ مکہ معظمہ وغیرہ تک جانے کا اور واپسی کا حج کرانے والے کے مال میں سے ہو ورنہ حج بدل فرض اداء نہ ہوگا البتہ نفل کا ثواب ہوجاوے گا اور اگر حج بدل کرنے والے کو روپیہ دیا گیا اور اس نے حج آمر کی طرف سے نہ کیا تو آمر کا حج اداء نہیں ہوا۔(۲) اور گناہ مامور پر یعنی اس پر ہوا جس نے حج نہ کیا اور وہی مواخذہ دار رہا، اور حج بدل میں زیارت روضہ اطہر داخل نہیں ہے۔ اگر وہ شخص جس کو حج بدل کے لئے بھیجا گیا ہے، زیارت روضہ اطہر کرے تو اس کے لئے بہت اچھا ہے اور موجب ثواب ہے مگر اس میں نیابت اور بدلیت نہیں ہے، جو کوئی زیارت کرے گا اس کو ثواب ہوگا اور جس نے اس کام کے لئے روپیہ دیا اس کو صدقہ کا ثواب ہوگا۔ فقط۔

## ایک شخص حج کے ارادے سے نکلا مگر کسی وجہ سے واپس آ گیا کیا وہ روپیہ مسجد یا مدرسہ پر خرچ کرنا درست ہے

(سوال ۹۵) ایک شخص حج کے ارادہ سے گھر سے روانہ ہوا۔ راستہ میں سے کسی وجہ سے مکان پر واپس چلا آیا۔ اب وہ بیمار قریب المرگ ہے۔ اس روپے کو مسجد و مدرسہ میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں

(جواب) اس کو لازم ہے کہ جب کہ اس پر حج فرض ہے اور خود نہیں کرسکتا تو اپنی طرف سے دوسرے شخص سے حج کرا دے اور اس روپے کو دوسرے کسی مصرف میں مثل مسجد و مدرسہ کے خرچ کرنا جائز نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## پردہ نشین عورت کو جب محرم نہ ہو تو کیا حج بدل کرا سکتی ہے

(سوال ۹۶) عورت پردہ نشین کے پاس مال ہے مگر محرم نہیں تو وہ حج بدل کرا سکتی ہے یا نہیں۔

---

(۱) فلا یجوز حج الغیر بغیر اذ نہ الا اذا حج او احج الوارث عن مورثہ لو جود الا مر دلالۃ (درمختار) والمعنی جا ز عن حجۃ الا سلام انشاء اللہ تعالیٰ الخ وھذا مقید بالمشیۃ ففی مناسک السروجی لو مات رجل بعد وجوب الحج ولم یوص بہ فحج رجل عنہ او حج عن ابیہ او ا مہ عن حجۃ الا سلام من غیرو صیۃ قال ابو حنفیۃ یجزیہ انشاء اللہ وبعد الوصیۃ یجزیہ من غیر المسیئۃ ا ہ ثم اعاد فی شرح اللباب المسئلۃ فی محل اخر وقال فلو حج عنہ الوارث اوا جنبی . یجزیہ وتسقط عنہ حجۃ الا سلام انشاء اللہ لا نہ ایصال للثواب الخ (ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۹). ط.س. ج۲ ص ۵۹۹. ۶۰۰. ظفیر.

(۲) وبقی من الشرائط النفقۃ من مال الآمر الخ (در مختار) ای المحجوج عنہ (ردالمحتار با ب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸) وبشرط نیۃ الحج عنہ ای الا مر فیقول احرمت عن فلاں الخ (الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب ایضاً ج ۲ ص ۳۲۷). ط.س. ج۲ ص ۶۰۰. ظفیر. (۳) والمرکبۃ منھما کحج الفرض تقبل النیا بۃ عند العجز فقط لکن بشرط دوام العجز الی الموت الخ الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۷. ط.س. ج۲ ص ۵۹۸) ظفیر

(۲) بغیر محرم شرعی حج دوسرے لوگوں کے ساتھ کرنا جائز ہے یا نہیں، اگر چہ تکلیف راستہ کے سبب پردہ قائم رہنا دشوار ہے

(جواب) (۲،۱) اگر محرم نہیں ہے جو ساتھ جاسکے تو اس پر حج فرض نہیں ہے اور بغیر محرم شرعی کے جانا سفر حج کو درست نہیں اور اس پر حج فرض نہیں ہوا اور نہ حج بدل کرانا اس پر لازم ہے اور اگر محرم ہے اور ساتھ جاسکتا ہے تو جانا حج کے لئے خود فرض ہے۔ پردہ شرعی کا خود حتی الوسع خیال رکھے اور پردہ قائم نہ رہنے سے حج ساقط نہیں ہوتا۔ جس وقت حج فرض ہوگیا اور محرم موجود ہے جو کہ ساتھ جاسکتا ہے تو حج کو جانا چاہئے۔ پردہ ضروری کا خود خیال رکھے اور غیر ضروری پردہ کی پابندی نہ کرے۔ (۱) فقط۔

## حج بدل

(سوال ۷۹۷) زید بوجہ کسی عذر کے اپنی جانب سے کسی دوسرے کو متکفل مصارف امیرانہ ادائے فریضہ حج کے لئے دینا چاہتا ہے، آیا یہ حج عن الغیر جائز ہے یا نہیں، بر تقدیر جواز ایں صورت زادراہ میں کیا لحاظ واعتبار کیا جائے گا۔ امیرانہ یا توسط یا بقدر کفایت۔

(جواب) حج فرض میں کسی دوسرے کو اپنے عوض حج کے لئے بھیجنے میں یہ شرط ہے کہ خود کسی طرح حج کو نہ جاسکے بالکل معذور ہو بصورت عذر اگر کسی کو اپنی طرف سے نیابۃً حج کو بھیجے تو اس کا خرچ سفر دیوے، زادراہ میں یہ شرط نہیں ہے کہ امیرانہ دیوے یا متوسط یا بقدر کفایت جس طرح حج کرنے والا راضی ہوجاوے جس طرح خرچ کرے وہ مال آمر سے ہونا چاہئے۔ اگر آمر امیرانہ خرچ دیوے یہ بھی درست ہے اور متوسط خرچ دیوے یا بقدر کفایت دیوے اور مامور راضی ہو تو یہ بھی جائز ہے۔ غرض مامور جیسے خرچ کا عادی ہو اور جس طرح اس کو آسائش ہو وہ کام کرے۔ (۲)

## نفل حج بدل کرانا کیسا ہے

(سوال ۹۸) زید اور اس کے والدین حج فرض ادا کر چکے ہیں اب زید چاہتا ہے کہ اپنی طرف سے اور اپنے والدین مرحومین کی طرف سے حج بدل بطور نفل کرائے اور وہ تین شخص مکہ کے رہنے والے ہوں اور مکہ ہی سے احرام حج بدل نفل کا باندھیں تو آیا زید کی طرف سے جو زندہ ہے حج بدل نفل جائز ہے یا نہیں؟ اور حج بدل کا ثواب ان کو ملے گا یا نہیں؟

(جواب) قوله لم يجز اى عن الفرض وان وقع نفلا للا مرافاده فى البحر قال الحموى ومن ههنا يوخذ عدم صحة ما يفعله السلاطين والوز راء من الا حجاج عنهم لان عجز هم لم يكن مستمر ا الى الموت الخ اوبعدم عجز هم اصلا ولمراد عدم صحته عن الفرض بل يقع نفلا الخ ۔ (۳) شامی۔ پس معلوم ہوا کہ حج نفل کا ثواب اس طرح حاصل ہوجاوے گا۔ فقط۔

(۱) هو الخ فرض الخ على مسلم الخ حر مكلف الخ ومع زوج او محرم الخ بالغ الخ عاقل الخ غير مجوسى ولا فاسق الخ لا مراء ة حرة ولو عجوز ا فى سفر وهل يلزمها التزوج قولان الخ ولو حجت بلا محرم جاز مع الكراهة الخ (الدر المختا على هامش ردالمحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۰ .ط.س. ج۲ص ۴۵۴.۴۶۵) والمركبة منهما كحج الفرض تقبل النيابة عن العجز فقط لكن بشرط دوام العجز الى الموت لا نه فرض العمرالخ (باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۲۷ .ط.س. ج۲ص۵۹۸) ظفير.

(۲) ومن الشرائط النفقة من مال الآمر كلها او ا كثر ها (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الحج عن الغير .ط.س. ج۲ص ۶۰۰) ظفير.

(۳) كحج الفرض تقبل النيابة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز الى الموت لانه فرض العمر حتى تلزم الا عادة بزوال العذر (در مختار) اى العذر الذى يرجى زواله كا لحبس والمرض بخلاف نحو العمى فلا اعادة لوز ال على مايأتى (ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۲۷ .ط.س. ج۲ص۵۹۸) ظفير.

## زندگی میں حج بدل

(سوال ۹۹) حج فرض ہو، وہ بجائے خود کسی دوسرے سے کس حالت میں ادا کر سکتا ہے؟

(جواب) جب خود نہ جا سکے بسبب زیادہ بڑھاپے کے کہ سفر نہ کر سکے یا بسبب مرض کے تو دوسرے سے حج کرا سکتا ہے لیکن مرض کی صورت میں اگر پھر تندرست ہوگیا اور وہ مرض ممکن الزوال تھا تو دوبارہ خود حج کرنا ہوگا۔ کذا فی الدر المختار۔ فقط۔

## حج بدل میں خرچ کے کم ہونے کی وجہ سے احرام غیر میقات

(سوال ۱۰۰) حج بدل کرنے والا اگر بوجہ کمی زادراہ کے میقات آمر سے حج نہ کر سکے تو اپنے میقات سے یا دوسرے میقات سے احرام باندھ سکتا ہے یا نہیں؟

(جواب) حج بدل میں یہ ضروری ہے کہ وطن آمر سے حج کا سفر شروع کیا جاوے لیکن اگر بسبب کمی زادراہ دوسری جگہ سے جہاں سے خرچ کفایت کرتا ہے سفر شروع کرے، یہ درست ہے وان لم یکف فمن حیث یبلغ الخ (۱) اور احرام اس کا میقات آمر سے ہونا چاہئے اور درصورت کمی زادراہ جس راستہ سے پہنچ سکتا ہو، سفر کرے اور جس میقات سے گذرے احرام باندھے۔ اس حالت میں شرط اسی قدر معلوم ہوتی ہے کہ حج اس کا آفاقی ہو، اور کسی میقات سے احرام باندھے، حج اس کا مکی نہ ہو۔

## بلا وصیت نابالغ کے مال سے حج بدل درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۱) میرے بھائی عمر علی نے انتقال کیا اور وہ بہت مالدار تھا، مگر حج کی وصیت نہیں کی، اور وارث ان کے چار لڑکے ایک بالغ اور تین نابالغ ہیں، اور تین بیوی اور پانچ لڑکی تو اس صورت میں حج کرانے کا کیا حکم ہے، اور یتیم کی زمین کو ٹھیکہ پر دینا اور مورث کا قرض ادا کرنا کیسا ہے۔

(جواب) جو امور متعلق نفع یتیم کے ہیں، وہ کرنا درست ہے مثلاً زمین کو ٹھیکہ پر دینا، اگر موجب نفع ہو تو درست ہے اور حج کرانا حصہ یتیم نابالغ میں سے بدون وصیت متوفی درست نہیں ہے اور بالغوں کے ذمہ بھی لازم نہیں۔ البتہ اگر بالغین اپنے حصہ میں سے حج میت کی طرف سے کرادیوے تو بہتر ہے مگر فرض اور واجب نہیں ہے۔ (۲) اور جن لوگوں کا قرض بذمہ متوفی ہے وہ ادا کرنا چاہئے۔ مشترک ترکہ میں سے سب کا قرض ادا کر دیا جائے اور زکوٰۃ نابالغ کے حصہ میں واجب نہیں۔

## حج بدل کے روپے سے تجارت درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۲) ہندہ مالدار جس پر حج فرض تھا مگر بوجہ کاروبار دنیاوی کے زندگی میں ادا نہ کر سکی، وصیت کر گئی کہ میری جانب سے حج کرا دینا۔ فاطمہ اس کی لڑکی جو اس کی وارث ہوئی اس نے زید کو مبلغ تین سو روپے حج کرنے کے لئے دیا کہ میری والدہ کی جانب سے حج کیجئے۔ زید نے روپیہ لے لیا، اور چونکہ راستہ مخدوش ہے، پابند ہے اس لئے روپیہ عمر کو دیدیا کہ تجارت کرے۔ تجارت شروع ہوئی اور نفع بھی ہوا۔ چنانچہ اس منافع سے اس روپے کی زکوٰۃ بھی زید نے

---

(۱) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۳ ط.س. ج۲ص۶۰۵۔۱۲ ظفیر

(۲) لومات رجل بعد وجوب الحج ولم یوص بہ فحج رجل عنہ او حج عن ابیہ او امہ عن حجۃ الاسلام من غیر وصیۃ قال ابو حنیفۃ یجزیہ انشاء اللہ وبعد الوصیۃ یجزیہ من غیر المشیۃ ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸ ط.س. ج۲ص۶۰۰) ظفیر۔

ادا کی۔ بعد چندے فاطمہ نے زید سے کہا کہ مجھے اس وقت روپے کی ضرورت ہے، دے دیجئے، بعد میں میں روپیہ دے دوں گی۔ زید نے واپس دے دیا۔ آیا زید کا اس روپیہ سے تجارت کرانا اور اس کے منافع کے روپے سے زکوٰۃ ادا کرنا، اور فاطمہ کے مانگنے پر واپس کردینا کیسا ہے نیز باقی منافع کا کون مستحق ہے۔

(جواب) جب کہ مامور بالحج یعنی زید نے بوجہ مخدوش یا بند ہونے راستہ کے حج نہ کیا تو اس کے ذمہ واپسی اس روپے کی لازم تھی یعنی فاطمہ کو واپس کرنا لازم تھا۔ پھر اگر باجازت فاطمہ اس نے اس میں تجارت شروع کی اور زکوٰۃ ادا کی تو یہ جائز ہوا اور نفع جو اس روپے سے ہوا فاطمہ کا ہے اور فاطمہ کا اس روپے کا واپس لے لینا اس صورت میں صحیح ہوا لیکن فاطمہ کے ذمہ ہے کہ ہندہ متوفیہ کی طرف سے حج کرادے۔ تہائی مال ہندہ تک اس میں صرف ہوسکتا ہے، تہائی سے زیادہ صرف ہوتو فاطمہ کے اختیار میں ہے کہ دے یا نہ دے۔(۱) فقط۔

## والدین کی طرف سے حج بدل کرادے تو ثواب ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۰۳) زید اپنے والدین کے مرنے کے بعد ان کی جانب سے حج بدل کرانا چاہتا ہے ان کو ثواب پہنچے گا یا نہیں۔

(جواب) فقہاء نے اس بارہ میں یہ لکھا ہے کہ بدون وصیت متوفی کے اگر اس کے ورثاء اس کی طرف سے تبرعاً حج کرادیں تو امید ہے کہ انشاء اللہ اس کی طرف سے حج ادا ہوجاوے گا اور فرضیت ساقط ہوجاوے گی اگرچہ یقینی نہیں۔ اور حصول ثواب میں تو کچھ تردد ہی نہیں ہے۔ کما فی الشامی وان لم یوص به الخ فتبرع عنه الوارث الخ فحج ای الوارث ونحوہ بنفسه اوا حج عنه غیرہ جاز الخ قال ابو حنیفة یجزیه انشاء اللہ تعالیٰ الخ۔(۲)

## ہندہ پر حج فرض تھا بغیر وصیت انتقال کرگئی اب اس کا بیٹا حج بدل کرادے تو کافی ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۴) ہندہ پر حج فرض تھا اس کا انتقال ہوگیا مگر اس نے حج کی وصیت نہیں کی، اب اس کا بیٹا زید اس کی طرف سے حج کرانا چاہتا ہے۔ زید کو اپنے گھر سے آدمی بھیجنا ایسے حج بدل کا جو وصیت کا نہ ہو ضروری ہے یا نہیں۔ اور اگر مکہ معظمہ سے ہی کسی سے حج کرادے تو والدہ کی طرف سے حج ادا ہوگا یا نہیں، اور ایسے حج میں مدینہ منورہ جانا ضروری ہے یا نہیں۔

(جواب) جب کہ متوفیہ کی وصیت نہیں ہے تو وارث جو اس کی طرف سے حج کراوے گا وہ تبرع ہے مکہ معظمہ سے بھی کرا سکتا ہے اور مدینہ منورہ جانا ایسے حج میں ضروری نہیں ہے۔(۳) فقط۔

## جس نے حج فرض ادا نہ کیا ہو اس کا حج بدل میں بھیجنا کیسا ہے

(سوال ۱۰۵) جس شخص نے حج فرض نہ کیا ہو اس کو حج بدل کے لئے بھیجنا اور اس کو حج بدل کرانا کیسا ہے اور جو عالم اس کو مکروہ کہے اس پر طعن کرنا اور اس کو غیر مقلد کہنا کیسا ہے اور طعن کرنے والے پر شرعاً کیا حکم ہے۔

---

(۱) خرج المکلف الی الحج ومات فی الطریق واوصی بالحج انما تجب الوصیة به اذا اخرہ بعد وجوبه الخ فان فسر المال او المکان فلا مر علیه ای علی مافسرہ ولا فیحج عنه من بلدہ الخ ان وفی به ای بالحج من بلدہ ثلثه (در مختار) ای من ثلث مال الموصی الخ (ردالمحتار کتاب الحج باب الحجج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۲ و ج ۲ ص ۳۳۳ ط.س. ج۲ص ۶۰۴، ۶۰۵، ۱۲ ظفیر.

(۲) ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۸ ط.س. ج۲ص ۶۰۰، ۱۲ ظفیر.

(۳) وان لم یوص به ای بالا حجاج فتبرع عنه الوارث الخ فحج بنفسه اواحج عنه غیرہ جاز (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۱ ط.س. ج۲ص۶۰۶) ظفیر

(جواب) حج بدل ایسے شخص سے کرانا جس نے حج نہ کیا صحیح اور جائز ہے لیکن بہتر یہ ہے کہ ایسے شخص سے حج کرایا جائے جس نے اپنا حج فرض ادا کرلیا ہو، پس ایسے شخص سے حج کرانا جس نے اپنا حج فرض نہ کیا ہو مکروہ تنزیہی ہے جیسا کہ مفاد رت، درمختار ہے فجاز حج الصرورة بمهملة من لم يحج الخ وغيرهم اولى الخ در مختار ۔(۱) اور علامہ شامی نے محقق ابن ہمام سے نقل کیا ہے کہ جس شخص سے حج بدل کرایا جائے اگر اس نے باوجود فرض ہونے کے اپنی طرف سے حج نہیں کیا تو اس کے حق میں مکروہ تحریمی ہے۔ پس حاصل یہ ہے کہ آمر کے حق میں یہ فعل مکروہ تنزیہی ہے اور حج کرنے والے کے حق میں جب کہ اس پر حج فرض ہوگیا ہو مکروہ تحریمی ہے کیونکہ وہ بوجہ اپنے حج کے ادا نہ کرنے اور تاخیر کرنے کے گنہگار ہوا۔ لہذا مکروہ کہنے والے عالم پر طعن و تشنیع کرنا ناجائز اور ممنوع ہے اور جب کہ حنفیہ خود مامور کے حق میں مکروہ تحریمی ہونے کے قائل ہیں تو مکروہ کہنے والے کو غیر مقلد کہنا مسائل شرعیہ سے ناواقفیت اور جہل کی دلیل ہے۔

شامی میں فتح القدیر سے منقول ہے والذى يقتضيه النظر ان حج الصرورة عن غيره ان كان بعد تحقق الوجوب عليه بملك الزاد والراحلة والصحة فهو مكروه كراهة تحريم لا نه تضيق عليه فى اول سنى الا مكان فيا ثم بتركه الخ قال فى البحر والحق انها تنزيهية على الآ مر لقولهم والا فضل الخ تحريمية على الصرورة الما مور الذى اجتمعت فيه شروط الحج ولم يحج عن نفسه لا نه اثم بالتا خير الخ ۔(۲) شامی ج ۲ ص ۳۴۱۔ اور حج بدل کرنے والے کو اس روپے میں سے جو اس کو خرچ سفر حج کے لئے ملا، زاید از خرچ سفر کا رکھنا اس صورت میں درست ہے کہ روپیہ دینے والے نے اس کو وکیل بالہبہ بنادیا ہو، یعنی یہ اجازت اور اختیار دے دیا کہ زاید روپیہ تم خود رکھ لینا۔ درمختار میں ہے وعليه رد ما فضل من النفقة وان شرط له فالشرط باطل الا ان يو كله بهبة الفضل من نفسه (۳) فقط۔

## حج بدل کے لئے کیا آمر کے وطن سے روانگی ضروری ہے

(سوال ۱۰۶) حج بدل جو کسی کی طرف سے بعد انتقال کرایا جائے یا بحالت زیست جب کہ قابل سفر نہ رہا ہو۔ یعنی کسی کو رقم سو یا دو سو روپے کی دے دی جاوے تو یہ حج جائز ہو جائے گا یا جس کی طرف سے حج کیا جائے اس کی جائے سکونت سے ارکان حج کی ادائیگی تک متوسط خرچ کی رقم دینی چاہئے۔

(جواب) حج بدل کی شرائط میں سے یہ بھی ہے کہ جس کی طرف سے حج کیا جاوے وہ اس کا امر کرے یا وصیت کرے اور سفر حج کا کل خرچ یا اکثر مال آمر سے ہو، اور یہ کہ آمر کے وطن سے حج کیا جاوے۔ درمختار میں ہے وبشرط الامر به اى بالحج عنه فلا يجوز حج الغير بغير اذنه الا اذا حج اواحج الوارث عن مورثه لو جود الا مر دلا لة وبقى من الشرائط النفقة من مال الآمر كلها او اكثرها الخ ۔(۴) وفى ردالمحتار للشامى الحادى عشر ان يحج عنه من وطنه ان التسع الثلث والا فمن حيث يبلغ كما سياتى بيانه الخ ۔(۵) ص ۳۳۹۔ فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۳۱. ط.س. ج۲ص۶۰۳. ۱۲ ظفیر.
(۲) ردالمحتار باب الحج عن الغير مطلب فى حج الصرورة ج ۲ ص ۳۳۱. ط.س. ج۲ص۶۰۳. ۱۲ ظفیر.
(۳) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب الحج عن الغير فروع ج ۲ ص ۳۴۰. ط.س. ج۲ص۶۱۲. ۱۲ ظفیر.
(۴) الدر المختار علی ہامش ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۲۸. ط.س. ج۲ص۵۹۹.
(۵) ردالمحتار باب الحج عن الغير ج۲ ص ۳۲۹. ط.س. ج۲ص۵۹۹. ۱۲ ظفیر.

## عورت کی طرف سے مرد اور حنفی کی طرف سے غیر مقلد حج کرسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۷) عورت کی جانب سے مرد حج کرسکتا ہے یا نہیں، اور حنفی کی طرف سے غیر مقلد بھی حج کرسکتا ہے یا نہیں۔
(جواب) عورت کی طرف سے حج بدل مرد بھی کرسکتا ہے اور مقلد کی طرف سے غیر مقلد بھی کرسکتا ہے۔(۱) فقط۔

## کیا حج بدل کے لئے اولاد کا جانا بہتر ہے اور اس روپے سے قرض دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۰۸) قاسم نے اپنی جائداد پچاس ہزار کی چھوڑی اور حج بدل کی وصیت کی، ایک عرصہ کے بعد جب قاسم کی اولاد نے جائداد تقسیم کی تو روپیہ حج بدل کا علیحدہ رکھ کر کئی برس کے بعد کسی شخص سے ارکان حج پورے کراوئے۔ بعد کو یہ معلوم کر کے کہ جہاں کا قاسم رہنے والا ہے وہیں سے کسی کو بھیجنا چاہئے، بلکہ بہتر یہ ہے کہ قاسم کی اولاد ہی باپ کی طرف سے حج بدل کرے۔ یہ صحیح ہے یا نہیں۔ اور جو روپیہ حج بدل کا علیحدہ رکھا ہوا ہے اس میں سے کسی کو قرض حسنہ دینا یا اپنے کام میں صرف کرنا درست ہے یا نہیں۔
(جواب) قاسم کی اولاد میں سے کسی کو حج بدل کے لئے بھیجنا ضروری نہیں ہے اور بہ نسبت غیر کے اس بارہ میں ان کو کچھ زیادہ استحقاق نہیں ہے، اور یہ بیشک ضروری ہے کہ حج بدل کے لئے کسی کو قاسم کے وطن سے ہی بھیجنا چاہئے۔ اور جو روپیہ حج کے لئے علیحدہ کیا گیا اس کو حج میں ہی صرف کرنا چاہئے، جلدی کسی کے بھیجنے کا انتظام کر دینا چاہئے کسی کو قرض دینا یا اپنے کاموں میں صرف کرنا اور اس روپے کا جائز نہیں۔(۲) فقط

## جس نے پہلے حج نہ کیا ہو اور جو کر چکا ہو حج بدل میں کس کا بھیجنا بہتر ہے

(سوال ۱۰۹) جس نے پہلے حج نہ کیا ہو اس سے حج کرانا کیسا ہے۔ اور جس نے پہلے حج کرلیا ہو اور وہ خوش حال ہو اس سے حج بدل کرانا کیسا ہے
(جواب) دوسرے شخص سے جو کہ حج کئے ہوئے ہو حج بدل کرانا افضل ہے پہلے شخص سے جس نے حج نہیں کیا حج بدل کرانا مکروہ ہے۔ کذا فی الدر المختار والشامی فقط۔

## حج بدل میں جانے والا راستہ میں مر گیا تو اب کیا کیا جائے

(سوال ۱۱۰) ایک شخص نے حج بدل کے واسطے اپنی جانب سے دوسرے شخص کو بھیجا، وہ شخص راستہ میں فوت ہو گیا۔ مکہ معظمہ نہ پہنچ سکا۔ ایسی صورت میں بھیجنے والے کا حج پورا ہوا یا نہیں ہوا۔ اس کو کیا کرنا چاہئے۔

---

(۱) والا فضل الا نسان اذا اراد ان یحج رجلاً عن نفسه ان یحج رجلاً قد حج عن نفسه الخ ولو احج عنه امراءة وعبد اوامة باذن السید جاز ویکره هکذا فی محیط السرخسی (عالمگیری کشوری کتاب المناسک الباب الرابع عشر فی الحج عن الغیر ج ا ص۲۶۳ و ج ا ص ۲۶۴ ط. ماجدیه ج ا ص۲۵۷) فجاز حج الضرورة الخ والمراءة ولوامة والعبد و غیر کا لمراهق وغیر هم اولی لعدم الخلاف (الدر المختار علی هامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۱ ط.س. ج۲ ص۶۰۳) ظفیر.
(۲) اما اذا لم یخرج واوصی بان یحج عنه الخ فانه یحج عنه من ثلث ماله من بلده (ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۲ ط.س. ج۲ ص۶۰۴) ظفیر.
(۳) فجاز حج الصرورة من لم یحج الخ وغیر هم اولی لعدم الخلاف (در مختار) ای خلاف الشافعی فانه لا یجوز حجهم کما فی الزیلعی ولا یخفی ان التعلیل یفید ان الکراهة تنزیهیة لان مراعاة الخلاف مستحبة فافهم (رد المحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۳۱ ط.س. ج۲ ص۶۰۳) ظفیر

(جواب) اس کا حج نہیں ہوا، اگر اس کے ذمہ حج فرض ہے تو اس کو کسی دوسرے شخص کو بھیج کر حج بدل کرانا چاہئے، یعنی جب کہ خود نہ جاسکتا ہو اور خود حج کرنے سے عاجز ہو۔(۱) فقط۔

## حج بدل کے لئے کس کا جانا مکروہ تحریمی ہے

(سوال ۱۱۱۱) جس شخص نے حج نہ کیا ہو اس کو حج بدل کے لئے جانا مکروہ تحریمی ہے۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ اگر ذی استطاعت حج بدل کو جاوے اس کے لئے مکروہ تحریمی ہے یا جس شخص پر بلحاظ استطاعت حج فرض نہیں ہے لیکن وہ بشوق زیارت واسطے حج بدل کے جانا چاہتا ہے، تو اس میں کسی قسم کا اکراہ شرعی تو نہیں ہے۔

(جواب) جس پر پہلے سے حج فرض ہو چکا ہے اس کا حج بدل کو جانا تو باتفاق مکروہ تحریمی ہے اور جس پر حج فرض نہیں ہے اور اس کو استطاعت نہیں ہے اس پر چونکہ بعض علماء محققین کے نزدیک مکہ معظمہ پہنچ کر حج فرض ہو جاتا ہے اس لئے ان علماء کے نزدیک وہ بھی تارک فرض ہونے کی وجہ سے مرتکب کراہت تحریمہ کا ہے جیسا شامی میں بدائع سے منقول ہے یکرہ احجاج الصرورة لانه تارک فرض الحج يفيد انه يصير بد خول مكة قادراً على الحج عن نفسه الخ قلت وقد افتى بالوجو ب مفتى دارالسلطنت العلامة ابوالسعود وتبعه فى سكب الا نهر و كذا افتى به السيد احمد بادشاه و الف فيه رسالة الخ(۲) اور بہر حال جس نے اپنا حج ادا نہیں کیا اس کو حج بدل کرنا کسی صورت میں کراہت سے خالی نہیں ہے۔ غایت یہ کہ بصورت ذی استطاعت نہ ہونے کے عند البعض وہ کراہت تنزیہی ہے اور ان علماء کے نزدیک جو مکہ معظمہ پہنچ کر اس پر حج فرض کہتے ہیں کراہت تحریمی ہے اور بصورت ذی استطاعت ہونے کے باتفاق کراہت تحریمی ہے۔ فقط۔

## حج بدل کے لئے جو روپے دیئے وہ کم ہیں تو کیا کیا جائے

(سوال ۱۱۱۲) زید نے ڈھائی سو روپے عمر کو دیئے کہ میری وفات کے بعد میرا حج کرا دینا۔ چھ ماہ بعد زید کا انتقال ہو گیا۔ انتقال سے تین روز پیشتر دریافت کیا گیا کہ اس روپے کا کیا ہوگا۔ جواب دیا کہ حج کرا دینا۔ لوگوں نے کہا کہ اتنے روپے میں حج نہیں ہوسکتا۔ جواب دیا کہ عمر کو اختیار ہے جس طریقہ پر چاہے خرچ کرے اور اسی روز پچاس روپے عمر کو دیئے کہ میرے کفن وغیرہ میں صرف کر دینا۔ ایک بیٹا اور بیوی زید نے چھوڑے۔ ایک شخص تین سو روپے میں حج بدل کرنے کو تیار ہے۔ اگر عمر پچاس روپے اپنے پاس سے شامل کر کے حج کرا دے تو کچھ حرج تو نہیں۔

(جواب) اگر رقم مذکور ۲۵۰ ثلث ترکہ سے زیادہ نہیں ہے تو اس رقم کو حج میں صرف کرنا چاہئے اور ایسی صورت میں کہ روپیہ مذکورہ وطن میت سے حج کرانے کو کافی نہ ہو، یہ حکم ہے کہ جس جگہ سے اس روپے میں حج ہو سکے وہاں سے کرا دیا جاوے در مختار میں ہے والا فيحج عنه من بلده الخ ان وفى به الخ ثلثه وان لم يف فمن حيث يبلغ ـ (۳) باقی عمر اگر اپنے پاس سے پچاس روپے مثلاً دے کر حج کرا دے تو اس میں اختلاف روایات ہے،

---

(۱) والحج فرضه ثلاثة الا حرام الوقوف بعرفة الخ ومعظم طواف الزيارة وهما ركنان الخ (الدر المختار على هامش رد المحتار كتاب الحج ج ۲ ص ۲۰۲ ط.س. ج۲ص۴۶۷) ظفير.
(۲) ردالمحتار باب الحج عن الغير مطلب فى حج الضرورت ج ۲ ص ۳۳۲ ط.س. ج۲ص۶۰۲، ۱۲ ظفير.
(۳) الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الحج عن الغير ج ۲ ص ۳۳۳ ط.س. ج۲ص۶۰۵، ۱۲ ظفير۔

جواز کی بھی روایت ہے لہٰذا حج کرادینے میں کچھ حرج نہیں ہے نفع ہی ہے۔ درمختار میں ہے و کذا لواحج لا لیر جع کالدین اذا قضاہ من مال نفسہ الخ در مختار . قولہ وکذالواحج لا لیر جع ) ای انہ یجوزالخ شامی ۔(۱)فقط

## مجبوری کی وجہ سے حج بدل کراسکتا ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۱۳ ) زید پر باعتبار زادوراحلہ کے حج فرض ہے لیکن وہ بوجہ بڑھاپے اور نابینا ہونے کے چلنے سے عاجز ہے اور قائد کے خرچ پر قادر نہیں تو وہ دوسرے شخص سے حج کرا سکتے ہیں یا نہیں۔

(جواب) معذور مذکور کو غیر سے حج کرانا بشرائط جائز ہے اور معذور کا حج فرض ادا ہو جاوے گا۔ درمختار میں ہے والمرکبۃ منہما کحج الفرض تقبل النیا بۃ عند العجز (۲)فقط الخ۔

## جس پر نہ حج فرض ہے اور نہ اس نے حج کیا ہے کیا اسے حج بدل میں بھیجنا درست ہے

(سوال ۱۱۱۴ ) شخصے کہ حج نہ کردو بروے حج فرض نیست اگراز جانب کسے کہ قبل ادائے حج مفروض انتقال کردووصیت ادائے حج کرد، حج اداء کنداز ذمہ میت مذکور حج ادا خواہد شد یا نہ۔

(جواب) دریں صورت حج ازمیت ساقط خواہد شد واداء خواہد شد البتہ فقہاء حنفیہ ایں صورت رامکروہ داشتہ اند بہتر آنست از چنیں کسے حج کنانند کہ اوحج خود ادا کردہ باشد۔ (۳)فقط۔

## کیا حج بدل کے بعد آمر کے مکان پر واپسی ہونی چاہئے

(سوال ۱۱۱۵ ) کیا یہ بھی ضروری ہے کہ حج بدل کرانے والے کے مکان پر بعد واپس آنے حج بدل کے آوے۔

(جواب) واپس آنا اس کے جائے سکونت پر ضروری نہیں ہے۔ (۴)فقط۔ (البتہ اچھا یہی ہے کہ واپس آئے۔ظفیر )

## اپنا حج دوسرے کو دینا درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۱۱۶ ) مکہ شریف میں اکثر اشخاص اپنا حج دوسرے شخص کو بھی دیدیتے ہیں، کیا یہ جائز ہے۔ اگر وہاں پر کسی شخص سے بیوی مرحومہ کے لئے حج سے لیا جاوے تو جائز ہے یا نہیں۔

(جواب) حج کر لینے کے بعد تو یہ درست نہیں ہے کہ کوئی شخص اپنا حج کسی کو روپیہ لے کر دے دے، لیکن یہ درست ہے کہ وہاں کسی سے حج نفل والدین، زوجہ وغیرہ کی طرف سے کرالیا جاوے یعنی پہلے ہی سے وہ شخص احرام دوسرے کی طرف سے جس کی طرف سے حج کرانا مقصود ہے باندھے یہ درست ہے۔ (۵)فقط۔

..............................

(۱) ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۱ ص ۳۳۴ . ط.س. ج۲ص۶۰۶ . ۱۲ ظفیر.
(۲) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار باب الحج عن الغیر ج ۲ ص ۳۲۶ و ج ۲ ص ۳۴۷ . ط.س. ج۲ص۵۹۸، ۱۲ ظفیر.
(۳) فجاز حج الصرورۃ من لم یحج والمراء ۃ الخ وغیرہ ھم اولی لعدم الخلاف (در مختار) یکرہ احجاج الصرورۃ لا نہ تارک فرض الحج یفید انہ یصیربد خول مکۃ قادر اعلی الحج عن نفسہ الخ (درالمختار باب الحج ج ۲ ص ۳۳۱ و ج ۲ ص ۳۳۲ . ط.س. ج۲ص۶۰۲ ) والا فضل للانسان اذا ارادان یحج رجلا عن نفسہ ان حج رجلا قد حج عن نفسہ ومع ھذا لوحج رجلا لم یحج عن نفسہ حجۃ الا سلام یجوز عند نا وسقط الحج عن الآمر کذا فی المحیط (عالمگیری مصری کتاب الحج باب رابع عشر ج ۱ ص ۲۴۱ . ط.س. ج۲ص۲۵۷ ) ظفیر.
(۴) ولو احج رجلا یودی الحج ویقیم بمکۃ جاز والا فضل ان یحج ویرجع (ایضاً) ظفیر.
(۵)

چھٹا باب

## زیارت مدینہ منورہ

### بعد حج روضہ پاک کی حاضری سنت ہے یا مستحب

(سوال ۱۱۷) حج کرنے کے بعد رسول اللہ ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت کا کیا حکم ہے۔ واجب ہے یا مستحب ہے ایک مولوی صاحب کہتے ہیں کہ روضہ شریف کی زیارت کو عالمگیری وشامی میں مستحب لکھا ہے، کیا یہ ٹھیک ہے۔

(جواب) یہ جو کچھ ان کتابوں میں ہے صحیح ہے۔ زیارت مدینہ طیبہ کی مستحبات سے ہے اور یہی صحیح ہے، اور بعض علماء وجوب کے بھی قائل ہیں جیسا کہ درمختار میں ہے وزيارة قبره مندوبة بل قيل واجبة لم له سعة الخ وفي الشامي قوله (مندوبة) اى باجماع المسلمين كما في اللباب۔(۱) فقط۔

### حالات کے ناسازگار ہونے کی وجہ سے اگر مدینہ نہ جائے تو کیا حکم ہے

(سوال ۱/۱۱۸) ایک گروہ مسلمین بعد ادائے مناسک حج بعد اطلاع وبعض چشم وبدحالات بے انتظامی وحرکات مذمومہ شریف مکہ۔ بخوف جان بلا حصول زیارت روضہ مطہر ﷺ مکہ شریف ہی سے واپس آ گئے تو وہ جماعت خاطی اور قابل توبہ ہے یا نہیں۔

### کیا اس پر وعید عاید ہوگی

(سوال ۲/۱۱۹) کیا جماعت مذکورہ زیر حدیث فقد جفاني آ سکتی ہے یا نہیں۔

### ان کا حج ہوگا یا نہیں

(سوال ۳/۱۲۰) کیا ان کا حج پورا ہوا یا نہیں۔

### کیا ان کا انقطاع ضروری ہے

(سوال ۴/۱۲۱) کیا ان کے ساتھ اخوت اسلامی واجب الانقطاع ہے یا نہیں۔

(جواب) جماعت مذکورہ خاطی نہیں ہے، کیونہ در حقیقت بہت سی دشواریاں مکہ معظمہ سے مدینہ طیبہ جانے میں اس وقت میں ہوگئی ہیں جیسا کہ معلوم ومعروف ہیں۔ اور جب کہ وہ خاطی وعاصی نہیں ہیں تو ان پر توبہ اس وجہ سے لازم نہیں ہے۔ (۲) ویسے توبہ واستغفار ہر وقت مناسب شان مومن ہے۔

(۲) جماعت مذکورہ اس وعید میں داخل نہیں ہے۔

(۳) حج ان کا پورا ہو گیا، حج میں کوئی نقص نہیں رہا، کیونکہ زیارت روضہ مطہرہ حج کے بعد مستحب ہے جو ایک جداگانہ عمل صالح وموجب اجر وثواب ہے۔ اس عمل صالح اور شرف زیارت حاصل نہ ہونے کی وجہ سے حج فرض میں کچھ خلل نہیں ہوا۔

(۴) ہرگز نہیں۔ فقط۔

---

(۱) دیکھئے ردالمحتار للشامي باب الهدى مطلب في تفصيل قبره المكرم صلى الله عليه وسلم ج ۲ ص ۳۵۲ و ج ۲ ص ۳۵۳۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۶۲۶۔ ۱۲ ظفير مفتاحي.

(۲) وزيارت قبره مندوبة بل قيل واجبة لمن له سعة الخ (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الصدى مطلب في تفضيل قبره المكرم ج ۲ ص ۳۵۲۔ ط۔س۔ ج۲ ص ۶۲۶) ظفير.

## اگر کوئی جماعت خطرہ کی افواہ سن کر مدینہ نہ گئی تو کیا حکم ہے

(سوال ۴/۱۲۲۲) جمعی عظیم بقصد حج شدند، بعد ادائے مناسک حج جماعتی بہ زیارت مدینہ طیبہ مشرف شدند و جماعتی بغیر زیارت مکان مقدسہ واپس آمدند بوجہ سماع خطر راہ چنیں صاحبان را بے ایمان و مرتد و فاسق گفتن و ترک سلام و کلام و اکل طعام باآنہا درست است یا نہ۔

(جواب) ایں چنیں حاجیان را کہ بعذر مذکورہ از زیارت روضہ مطہرہ و حضوری مسجد مبارک و حرم محترم مدینہ طیبہ محروم ماندند بے ایمان و مرتد و فاسق گفتن حرام است و گویندگان ایں چنیں کلمات فساق و ملعون اند کہ مکفر مومن خود در معرض خطر سلب ایمان است۔ **اعاذنا الله تعالیٰ منه قال عليه الصلوٰة و السلام ايما رجل قال لا خيه كافر فقد باء به احد هما۔**(۱) و ترک سلام و کلام و طعام بایشاں ناجائز است فقط۔ **و الله تعالیٰ اعلم**

## مجبوری کی وجہ سے مدینہ نہ جائے تو حج ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۲۲۳) جو شخص حج بیت اللہ شریف کا کرے اور مجبوراً بوجہ کمی خرچ کے مدینہ منورہ نہ جا سکے تو اس شخص کا حج کامل ہوگا یا نہیں۔

(جواب) حج کامل اور پورا ہونے میں کچھ شبہ اور تردد نہیں ہے، البتہ باوجود استطاعت کے اگر مدینہ شریف نہ جاتا تو برا تھا، اور بڑی محرومی قسمت کی بات تھی، لیکن جب کہ وہ کمی خرچ کی وجہ سے مجبور رہا تو اس پر کچھ مواخذہ نہیں ہے۔(۲) فقط۔

---

(۱) مشکوٰة

(۲) وزيارة قبره (صلى الله عليه وسلم) مندوبة بل قيل واجبة لمن له سعة ويبداء بالحج لو فرضاً ويخير لو نفلا ما لم يمر به (الدر المختار على هامش ردالمحتار باب الهدى ج ۲ ص ۳۵۲ ط.س. ج۲ ص۶۲۶) ظفير.

ساتواں باب

## متفرق مسائل حج

### جمعہ کو جو حج ہوتا ہے اسے اکبری کہتے ہیں اس کی اصل کیا ہے

(سوال ۱۲۴) جمعہ کے روز جو حج ہوتا ہے اس کو حج اکبری کہتے ہیں، اس کی کچھ اصل ہے یا نہیں۔ اور جمعہ کے حج میں زیادہ فضیلت ہے یا نہیں۔

(جواب) اس کی اس قدر اصل ہے کہ آنحضرت ﷺ نے جو اخیر حج کیا تھا وہ جمعہ کے دن ہوا تھا اور اس کے بارے میں آیہ واذان من الله ورسوله الی الناس یوم الحج الاکبر الآیة۔ نازل ہوئی، باقی ویسے حج اکبر مقابلہ حج اصغر کے ہے کہ عمرہ حج اصغر ہے اور ہر ایک حج حج اکبر ہے۔ فقط

### دونوں طرف کے کرایہ جمع کرنے کا حکم درست ہے یا نہیں

(سوال ۱۲۵) چند سال سے یہ رواج ترقی کر گیا ہے کہ ہندی حجاج میں بکثرت ایسے لوگ پائے جاتے ہیں کہ جو بلا موجودگی کافی سفر خرچ کے بغرض ادائے حج ہندوستان سے روانہ ہوجاتے ہیں اور واپسی کے وقت بوجہ مفلسی جدہ کی سڑکوں پر پڑ کر طرح طرح کی بیماری اور موت کا شکار ہوتے ہیں اور جن کے بارے میں حکومت حجاز حکومت ہندوکوزور دیتی ہے کہ وہ اپنی رعایا کو جدہ سے ہندوستان لے جاوے جس پر حکومت ہند کو ہر سال ۴۰۔ ۵۰ ہزار روپے کی کثیر رقم خرچ کرنی پڑتی ہے۔ اس پر ہندو ممبر اعتراض کرتے ہیں، ایسی حالت میں اگر بذریعہ قانون عازمان حج پر یہ شرط عاید کی جائے کہ وہ روانگی سے قبل یا تو واپسی کے لئے کرایہ جہاز جمع کردیں یا دونوں طرف کا ٹکٹ جہاز خرید لیں تو ایسی شرط خلاف شرع تو نہیں ہے۔

(جواب) اس قسم کی قیود لگانا احکام شرعیہ میں شرعاً جائز نہیں ہے۔ آیتہ کریمہ واذن فی الناس بالحج یا توک رجالاً وعلی کل ضامر یا تین من کل فج عمیق لیشهد وامنا فع لهم ویذ کروا اسم الله فی ایام معلومات الآیه کے مفہوم میں غور کرنے سے اس قسم کے قیود حج کرنے والوں پر لگانا ممنوع معلوم ہوتی ہیں۔ بہت سے لوگ ہیں کہ واپسی کا ارادہ بھی نہیں رکھتے اور بہت ایسے ہیں کہ وہاں جا کر کوئی پیشہ حرفت وتجارت ومحنت مزدوری کر کے اپنا گذر اور واپسی کے لئے کرایہ جمع کر کے واپس آتے ہیں۔ لہذا یہ کسی طرح مناسب اور جائز نہیں ہے کہ ان کے ذمہ اس قسم کے قیود لگا کر ان کو روکا جاوے فقط۔

### سرمایہ جب ناجائز آمدنی میں مخلوط ہوجائے تو کیا کرے

(سوال ۱۲۶) میرے پاس جو سرمایہ حج کے لئے رکھا ہوا تھا ... میں نے تنخواہ سے جمع کی تھی، وہ رقم ناجائز آمدنی میں مخلوط ہوگئی۔ کیا صورت اس کے پاک کرنے کی کی جائے۔

(جواب) اس قدر روپیہ جو تنخواہ سے جمع کیا گیا تھا علیحدہ کرلیا جاوے علیحدہ کر لینے سے وہ رقم حلال و پاک اور صاف ہوجائے گی۔ فقط۔

## حرم مکہ و مدینہ کی عبادت کا ثواب کس قدر ہے

(سوال ۱۲۷۱) حرم مکہ و مدینہ میں جو عبادت کی جاوے خواہ بدنی ہو یا مالی اس کا ثواب کس قدر ہوتا ہے۔
(۲) حدیث شریف میں ہے کہ آدمی حج مبرور کے بعد پاک ہوجاتا ہے جیسا کہ اپنی ماں کے شکم سے پیدا ہوا، کیا اس سے ہر قسم کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

(جواب) (۱) حدیث شریف میں نماز کے بارے میں یہ ثواب وارد ہوا ہے جیسا کہ سنن ابن ماجہ میں ہے عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ الرجل فی بیتہ بصلوٰۃ وصلوٰتہ فی مسجد القبائل بخمس و عشرین صلوٰۃ وصلوٰتہ فی المسجد الذی یجمع فیہ بخمسمائۃ صلوٰۃ وصلوٰتہ فی المسجد الا قصیٰ بخمسین الف صلوٰۃ وصلوٰتہ فی مسجدی بخمسین الف صلوٰۃ و صلوٰتہ فی المسجد الحرام بمائۃ الف صلوٰۃ عہ . لیکن فقہاء محققین نے تصریح فرمائی ہے کہ باقی عبادات مالیہ و بدنیہ کا بھی یہی حکم ہے اور مضاعفۃ مذکورہ ان میں بھی ہے۔ چنانچہ درمختار میں ہے و کذا بقیۃ القرب۔(۱) اور شامی میں ہے ای کالصوم والا عتکاف والصدقۃ والذکر والقراءۃ الخ(۲)

(۲) درمختار میں ہے ہل الحج یکفر الکبائر قیل نعم الخ وقیل غیر المتعلقۃ بالا دمی الخ قال عیاض اجمع اہل السنۃ والجماعۃ ان الکبائر لا یکفرھا الا التوبۃ ولا قائل بسقوط الدین ولو حقاً للہ تعالیٰ کدین صلوٰۃ وزکوٰۃ الخ ۔(۳) حاصل اس عبارت کا یہ ہے کہ کیا حج سے کبائر بھی معاف ہوجاتے ہیں۔ بعض نے کہا ہوجاتے ہیں اور بعض نے کہا کہ حقوق عباد کے سواء جو کبائر ہیں وہ معاف ہوجاتے ہیں۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ باتفاق اہل سنت کبائر کا کفارہ سوائے توبہ کے نہیں ہے۔ اور حج سے دین ساقط نہیں ہوتا اگرچہ حق اللہ ہو جیسے نماز قضاء اور زکوٰۃ اور حدیث من حج للہ فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدتہ امہ الخ (۴) میں بعض علماء نے صغائر سے پاک ہونا مراد لیا ہے اور بعض نے کبائر سے بھی، لیکن سوائے حقوق عباد کے اور دین کے اگرچہ دین اللہ تعالیٰ کا ہو مثل نماز و زکوٰۃ کے الغرض اس مسئلہ میں اختلاف علماء ہے اور کوئی جانب قطعی نہیں ہے۔ فقط۔

## جس حاجی کا جدہ میں انتقال ہوجائے اسے حج کا ثواب ہوگا یا نہیں

(سوال ۱۲۷۲/) میرے والد مرحوم نہایت شوق سے حج کو گئے تھے، بمقام جدہ جاں بحق ہوگئے اور نہایت کسمپرسی کی حالت میں وہاں پڑے ہوئے قافلہ والے بغیر نماز اور تجہیز و تکفین کے چھوڑ کر مکہ شریف کو چلے گئے تو ان کو حج کا ثواب ہوگا یا نہیں، اور اجر ملے گا یا نہیں۔

(جواب) اجر ان کا اس غربت کی موت میں زیادہ ہوا اور حج کا ثواب بھی انشاء اللہ تعالیٰ پورا ملے گا۔ فقط۔

---

(۱) الدر المختار علی ھامش ردالمحتار قبیل کتاب النکاح مطلب فی تفضیل مکۃ ج ۲ ص ۳۵۴ ط.س. ج۲ص۶۲۶۔ ۱۲ . وجاء ت احادیث تدل علی ان تفضیل ثواب الصوم وغیرہ من القربات بمکۃ (ردالمحتار کتاب الحج ج ۲ ص ۲۵۷ ط.س. ج۲ص۶۲۷)
(۲) ردالمحتار قبیل کتاب النکاح ج ۲ ص ۳۵۴ ط.س. ج۲ص۶۲۷۔ ۱۲ ظفیر.
(۳) عہ مشکوٰۃ باب المساجد ص ۷۲ . ۱۲ ظفیر صدیقی.
(۴)

## سفر حج میں حج سے پہلے موت

(سوال ۱۲۸ ۱) (۱) ایک شخص اور اس کی زوجہ حج کو جانا چاہتے ہیں اگر ان ایام میں بقضائے الٰہی راستہ میں کوئی حادثہ پیش آوے اور راستہ ہی میں دونوں کا یا ایک کا انتقال ہو جاوے تو حج کا ثواب ملے گا یا نہیں۔ (۲) اگر یہ دونوں حج کی نیت رکھتے ہوں اور راستہ میں فوت ہو جاویں تو اس وقت بھی ثواب ملے گا یا نہیں؟ (۳) زوجہ کا والد زندہ ہے اور اس نے ابھی تک کوئی حج نہیں کیا بلکہ خاوند سے کہتی ہے کہ مجھ کو حج کرادو، یہی میرا مہر ہے اور اس وقت جانے کے واسطے آمادہ ہے۔ اس عورت کا باپ مانع ہے تو اس صورت میں کیا کرنا چاہئے۔ (۴) ابھی سے کہ ایام حج میں عرصہ ہے جانے سے اور راستہ میں مرجانے سے بھی ثواب ہوگا یا نہیں۔

(جواب) (۱) اگر راستہ میں انتقال ہو جاوے یا کوئی حادثہ پیش آ جاوے تو ثواب موافق کے پورا ملے گا اور عنداللہ ان کا اجر عظیم ہے اور بڑا درجہ ہے (۱) (۲) اس میں ثواب حاصل ہے۔ (۲) (۳) اگر عورت پر حج فرض نہیں ہے اور شوہر کا کچھ اصرار لے جانے پر نہیں ہے تو عورت کو اپنے والد کی اطاعت کرنی چاہئے یعنی اس وقت حج نفل کو نہ جانا چاہئے۔ شامی میں ہے اما حج فطاعة الوالدين اولى مطلقا الخ۔ (۳) (۴) ثواب حاصل ہوگا (۴) فقط۔

قد تم الجزء السادس من فتاوىٰ دارالعلوم ديوبند

مكمل مدلل بعون الله تعالىٰ وتوفيقه على العبد الضعيف محمد ظفير الدين المفتاحى .

---

(۱)
(۲) ومشکوٰۃ کتاب المناسک فصل اول ج ۲ ص ۲۲۳ ۱۲ ظفیر

(۳) ردالمحتار باب الهدى ج ۲ ص ۳۴۸ ط.س. ج ۲ ص ۶۲۱.
(۴) مشکوٰۃ کتاب المناسک ص ۲۲۳. ۱۲ ظفیر.

## دارالاشاعت کی مطبوعہ فقہی کتب ایک نظر میں

بہشتی زیور مدلل مکمل ـــــ حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

فتاوی رحیمیہ اردو ۱۰ حصے ـــــ مولانا مفتی عبدالرحیم لاجپوری

فتاوی رحیمیہ انگریزی ۳ حصے " " " "

فتاوی عالمگیری اردو ۱۰ جلد مع پیش لفظ مولانا محمد تقی عثمانی ـــــ اورنگ زیب عالمگیر

فتاوی دارالعلوم دیوبند ۱۲ حصے ۱۰ جلد ـــــ مولانا مفتی عزیزالرحمن صاحب

فتاوی دارالعلوم دیوبند ۲ جلد کامل ـــــ مولانا مفتی محمد شفیع رح

اسلام کا نظام اراضی ـــــ " " "

مسائل معارف القرآن (تفسیر معارف القرآن میں ذکر قرآنی احکام) " " "

انسانی اعضاء کی پیوندکاری ـــــ " " "

پراویڈنٹ فنڈ ـــــ " " "

خواتین کے لیے شرعی احکام ـــــ اہلیہ ظریف احمد تھانوی رح

بیمہ زندگی ـــــ مولانا مفتی محمد شفیع رح

رفیق سفر سفر کے آداب و احکام ـــــ " " "

اسلامی قانون نکاح، طلاق، وراثت ـــ فضیل الرحمن ہلال عثمانی

علم الفقہ ـــــ مولانا عبدالشکور صاحب لکھنوی رح

نماز کے آداب و احکام ـــــ انشاء اللہ خان مرحوم

قانون وراثت ـــــ مولانا مفتی رشید احمد صاحب

داڑھی کی شرعی حیثیت ـــــ حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب

الصبح النوری شرح قدوری اعلیٰ ـــــ مولانا محمد حنیف گنگوہی

دین کی باتیں یعنی مسائل بہشتی زیور ـــــ مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

ہمارے عائلی مسائل ـــــ مولانا محمد تقی عثمانی صاحب

تاریخ فقہ اسلامی ـــــ شیخ محمد خضری

معدن الحقائق شرح کنز الدقائق ـــــ مولانا محمد حنیف گنگوہی

احکام اسلام عقل کی نظر میں ـــــ مولانا محمد اشرف علی تھانوی رح

حیلہ ناجزہ یعنی عورتوں کا حق تنسیخ نکاح " " " "

دارالاشاعت ❁ اردو بازار ایم اے جناح روڈ کراچی ۱، پاکستان ۲۶۳۱۸۶۱-۰۲۱ مستند اسلامی و علمی کتب کا مرکز